فتوحات جہانگیری

سنن دار قطنی

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دار قطنی

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

ترجمہ
ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
دام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

الله
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

جزء اوّل

1-2

سنن دارقطنی

متن

امام ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

هو القادر

نام کتاب ——— فتوحات جہانگیری سُنن دارقطنی
مترجم ——— ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر
پروف ریڈنگ ——— ملک محمد یونس
کمپوزنگ ——— ورڈز میکر
باہتمام ——— ملک شبیر حسین
سن اشاعت ——— مئی 2011ء
سرورق ——— اے ایف ایس ایڈورٹائزر، دو
طباعت ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ ——— -/550 روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر، ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔

شرفِ انتساب

سلسلۂ چشتیہ صابریہ کے عظیم صوفی بزرگ

مخدوم احمد عبدالحق رودلوی رحمۃ اللہ علیہ

کی نذر

ریت ہی ریت ہے اس دل میں مسافر میرے
اور یہ صحرا تیرا نقشِ کفِ پا چاہتا ہے

محمد محی الدین
(اللہ تعالٰی اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم حدیث کی ترویج و اشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیئے

دُعاءِ نبوی

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش و خرم رکھے جو کوئی بات ہم سے سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

اخرجہ الترمذی، بہذ اللفظ فی ''جامعہ'' کتاب العلم، باب: ماجاء فی الحث علی تبلیغ السماع، رقم الحدیث 2657 (و فی معناہ) ابوداؤد 3660، ترمذی 2656، 2658، ابن ماجہ 230، 231، 232، مسند احمد 4157، 16784 دارمی 229، 230، معجم اوسط 5179، 5392، 7004، 9444، شعب الایمان 1736، مجمع الزوائد 582، 583، 584، 588، 589، 591، کنز العمال 29165، 29166، 29200، 29375

اس روایت کے طرق کی وضاحت کے بارے میں ایک مستقل رسالہ بھی ہے جس کا نام ''جزء فیہ قول النبی ﷺ نضر اللہ امرأ'' ہے اس کے مؤلف شیخ ابوعمرو احمد بن محمد اصبہانی مدینی ہیں۔ یہ رسالہ ''دار ابن حزم'' بیروت لبنان سے 1994ء میں شیخ بدر بن عبداللہ البدر کی تحقیق کے ہمراہ شائع ہوا تھا۔

ترتیب

جزو دوم

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جس کی عطاء کی ہوئی ہمت اور توفیق کے نتیجے میں ہم اس کے دین کی تعلیمات کی نشرواشاعت کے حوالے سے خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

حضرت محمد مصطفی ﷺ پر بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو! جو اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں' جن کا لایا ہوا دین انسانیت کی ہدایت ورہنمائی کے لیے کافی ہے۔

آپ ﷺ کے ہمراہ آپ ﷺ کے تمام اہلِ بیت' آپ ﷺ کی آل' اصحاب' آپ کی اُمت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں!

•••——•••——•••

آپ کا ادارہ شبیر برادرز ایک طویل عرصے سے اسلامی کتب کی نشرواشاعت کی خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ پہلے آپ کے ادارے کو ''کتب فتاویٰ'' کی نشرواشاعت کے حوالے سے امتیازی مقام حاصل تھا۔ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل وکرم سے آج بھی حاصل ہے۔

چند برس پیشتر جب حضرت استاذِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ نے ادارے کی علمی سرپرستی قبول کی تو انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا' اب ہمیں اپنی زیادہ توجہ علمِ حدیث کی خدمت کی طرف مبذول کرنی چاہیے۔ حضرت جہانگیر کی رہنمائی وسرپرستی میں ادارہ کے انتظامیہ نے علمِ حدیث کی خدمت کے عظیم کام کا بیڑا اُٹھایا اور صرف چند برسوں کے اندر بہت سی کتب احادیث کو شائع کرنے کا شرف حاصل کیا۔

ان کتب میں سے اکثر کے ترجمہ وتحقیق کی خدمت حضرت جہانگیر نے سرانجام دی اور عوام وخواص نے اس خدمت کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

•••——•••——•••

کتب احادیث کی خدمت کے اسی سلسلے کی ایک اور کڑی ''سنن دارقطنی'' کے ترجمہ وتشریح کی شکل میں اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے' جس میں سنن دارقطنی کی احادیث کی اسناد میں ذکر ہونے والے راویوں کا اجمالی تعارف بھی ہے اور ان کے حالات کے لیے اصل مآخذ کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

بعض مقامات پر مسئلے کی تحقیق کرتے ہوئے' متقدمین اہلِ علم کی آراء نقل کرتے ہوئے' اصل ماخذ میں سے اصل عربی

متن اور اس کا ترجمہ بھی ساتھ دیا گیا ہے' ہماری ناقص معلومات کے مطابق ابھی تک اُردو زبان میں کتب احادیث کی شرح کرتے ہوئے اصل عربی عبارات نقل کرنے کا اہتمام کسی نے نہیں کیا' یہ روایت بھی حضرت جہانگیر نے قائم کی ہے۔اس کے ساتھ انہوں نے بیروت سے شائع ہونے والے سنن دارقطنی کے ایک تحقیقی نسخے سے احادیث کی تخریج بھی نقل کردی ہے۔اور سب سے اہم بات یہ ہے' سنن دارقطنی اُردو زبان میں ترجمے کے ساتھ پہلی مرتبہ شائع ہو رہی ہے۔اور ہماری معلومات کے مطابق آج تک اس کتاب کی کوئی عربی شرح بھی شائع نہیں ہوئی۔اس اعتبار سے فاضل مصنف یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں' انہوں نے علمِ حدیث کے اس اہم ماخذ کو اُردو میں منتقل کرنے کے ساتھ اس کی شرح تحریر کر کے ایک اہم خدمت سرانجام دی ہے' جس کے لیے ادارہ' اس کی انتظامیہ' علمِ حدیث کے اساتذہ' طلباء اور عام قارئین بجا طور پر ان کے شکرگزار ہیں۔

•••——•••——•••

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی' وہ ہم نے کردی ہے۔اب یہ آپ کا کام ہے' آپ علمِ حدیث کے ان انوار سے خود بھی فیض یاب ہوں اور انہیں دوسروں تک بھی منتقل کریں۔

ہماری درخواست ہے: آپ اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے متن' مترجم و شارح' کے ساتھ ادارہ کی انتظامیہ اور اس کے متعلقین کو بھی اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے پیارے دین اور اس کی عظیم تعلیمات کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

ملک شبیر حسین

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ

(سوانحی خاکہ)

نام

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا نام علی بن عمر اور ان کی کنیت ابوالحسن ہے۔

سلسلۂ نسب

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

اسمِ منسوب

علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان بن دینار بن عبداللہ۔

آپ بغداد کے محلے "دارقطن" کے رہنے والے تھے اور اسی نسبت سے مشہور ہوئے۔

پیدائش

آپ کی پیدائش چوتھی صدی ہجری کے آغاز میں 306 ہجری میں ہوئی۔

•••——•••——•••

اساتذہ ومشائخ

آپ نے درج ذیل حضرات سے احادیث کا سماع کیا:

ابوالقاسم بغوی، یحییٰ بن محمد، ابوبکر بن ابوداؤد، محمد انماطی، ابوحامد، محمد بن ہارون، علی بن عبداللہ بن مبشر، ابوعلی محمد بن سلمان مالکی، ابوعمر محمد بن یوسف اور دیگر بہت سے افراد سے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث کا سماع کیا۔

تلامذہ ومسترشدین

آپ کے شاگردوں میں امام حاکم (جو مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)، حافظ الحدیث شیخ عبدالغنی، مشہور فقیہہ ابوحامد اسفرائنی، ابونعیم اصفہانی، ابوبکر برقانی اور دیگر بہت سے حضرات شامل ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ علوم کا سمندر تھے، آپ کو مختلف علوم وفنون میں امامت کا درجہ حاصل تھا، علمِ حدیث کے حافظ تھے، علل

الحدیث اور رجال الحدیث کی بھرپور معرفت رکھتے تھے۔ فقہاء کے نظریات اوران کے اختلاف کے ماہر تھے' تاریخ وسیرت پر دسترس رکھتے تھے' قرأت اورنحو کے امام تھے۔

•••——•••——•••

شیخ ابوذر بیان کرتے ہیں: میں نے امام حاکم سے دریافت کیا: کیا آپ نے دارقطنی جیسا (فاضل) کوئی دوسرا شخص دیکھا ہے؟ تو امام حاکم نے جواب دیا: انہوں نے خود اپنے جیسا کوئی نہیں دیکھا ہوگا' تو پھر بھلا میں کیسے دیکھ سکتا ہوں؟

علمِ حدیث کے ماہر حافظ عبدالغنی ازدی رحمۃ اللہ علیہ جب امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی بات نقل کرتے تو یہ کہا کرتے تھے:

''ہمارے استاد صاحب نے یہ فرمایا ہے''۔

قاضی ابوطیب طبری فرماتے ہیں: امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ ''امیر المؤمنین فی الحدیث'' تھے۔

یہی قاضی ابوطیب طبری بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھا' میں نے ان کے سامنے وہ احادیث پڑھیں جو انہوں نے شرمگاہ کو چھونے (پر وضو لازم ہونے یا نہ ہونے) کے بارے میں جمع کی تھیں۔ امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر اس وقت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ یہاں موجود ہوتے تو وہ بھی ان احادیث سے استفادہ کرتے۔

79 برس کی بھرپور زندگی گزارنے کے بعد جمعرات کے دن 8 ذیقعدہ 385 ہجری میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے وفات پائی۔

سنن دار قطنی

(ایک اجمالی تعارف)

جیسا کہ سابقہ صفحات میں ہم یہ بات واضح کر چکے ہیں' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے میں علمِ حدیث' علل الحدیث اور رجال الحدیث کے بڑے ماہر تھے۔ ان کی یہ مہارت اور فضیلت ان کی شہرۂ آفاق تصنیف ''سنن دارقطنی'' کے بالاستیعاب تحقیقی مطالعے کے نتیجے میں آشکار ہوتی ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس عظیم تصنیف میں مختلف موضوعات سے متعلق کم وبیش 4749 کے لگ بھگ احادیث نقل کی ہیں۔

تاہم یہ بات پیش نظر رہے' روایات کی یہ تعداد سند اور متن کے اختلاف کے ساتھ ہے' ورنہ متن کے موضوع کو سامنے رکھ کر اگر مکررات کو نکال دیا جائے' تو تعداد کافی کم رہ جاتی ہے۔

•••——•••——•••

دوسری بات یہ پیش نظر رہنی چاہیے: امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں صرف وہ روایات نقل کی ہیں' جو فقہی احکام سے متعلق ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عقائد' فضائل' تفسیر' سیرت وغیرہ سے متعلق روایات کو اس کتاب میں نقل نہیں کیا۔

•••——•••——•••

تیسری بات یہ پیش نظر رہے' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے ساتھ صحابہ کرام کے آثار اور بعد کے زمانوں کے اہلِ علم' بطورِ خاص تابعین عظام کے فقہی اقوال بھی نقل کیے ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا اسلوب یہ ہے: وہ پہلے کسی فقہی مسئلے سے متعلق باب کا عنوان قائم کرتے ہیں' پھر اس موضوع سے متعلق تمام روایات ایک ہی جگہ اسناد اور متن کے الفاظ کے اختلاف کے ہمراہ نقل کر دیتے ہیں۔

اگر کسی روایت کی سند میں کوئی ضعیف راوی ہو' تو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اس کی وضاحت کر دیتے ہیں۔

اگر کسی روایت میں کوئی خفیہ علت پائی جاتی ہو' یعنی وہ روایت ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہے' حالانکہ درحقیقت وہ روایت ''موقوف'' ہو' یا کسی ایک سند کے ساتھ وہ روایت ''متصل'' طور پر منقول ہو' حالانکہ درحقیقت وہ ''مرسل'' ہو' تو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اس کی وضاحت کر دیتے ہیں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں فقہی موضوعات سے متعلق مرفوع، موقوف، مقطوع، صحیح، حسن، ضعیف احادیث وآ ثار متعدد طرق کے ساتھ نقل کر دیئے ہیں۔

•••———•••———•••

ترجمہ کرتے ہوئے ہمارے سامنے ''سنن دارقطنی'' کے دو نسخے موجود تھے۔

ان میں سے ایک نسخہ ''دارالمعرفہ'' بیروت، لبنان سے 1422 ہجری بمطابق 2001 عیسوی میں شائع ہوا۔ اس نسخے کی تحقیق اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ عادل احمد عبدالموجود اور شیخ علی محمد معوض نے سرانجام دی ہے، ہم نے احادیث کی تخریج اور راویوں کا اجمالی تعارف، مختصر کمی وبیشی کے ہمراہ، اسی نسخے سے نقل کر دیا ہے۔

•••———•••———•••

سنن دارقطنی کا دوسرا نسخہ جو ہمارے پیشِ نظر ہے، یہ دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان سے 1424 ہجری بمطابق 2003 عیسوی میں، دو جلدوں میں شائع ہوا۔ اس نسخے کی تحقیق وتعلیق نگاری کی خدمت شیخ مجدی بن منصور بن سید الشوری نے سرانجام دی ہے۔ فاضل محقق نے کتاب کے آخر میں کچھ فہارس بھی شامل کی ہیں۔

اس نسخے کے مطابق سنن دارقطنی میں مذکور احادیث وآ ثار کی مجموعی تعداد 4790 ہے۔

حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جو اپنی شان کے لائق صفات سے متصف ہے' اور ان تمام صفات سے پاک ہے جو اس کی شان کے لائق نہ ہوں۔

حضرت محمد ﷺ پر اللہ تعالیٰ' اس کے فرشتوں' بلکہ جملہ مخلوقات کی طرف سے بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو! جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے سب سے مقرب اور اس کی مخلوق میں سب سے برگزیدہ شخصیت ہیں۔

آپ کے ہمراہ آپ کے تمام اصحاب' اہل بیت' آپ کی اُمت کے اہلِ علم اور عام افراد پر' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں' جنہوں نے آپ کی احادیث کا علم حاصل کیا' انہیں دوسروں تک پہنچایا' ان پر عمل کیا۔

•••——•••——•••

اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل وکرم کے تحت ہم نے علمِ حدیث کی خدمت کے جس کام کا آغاز کیا تھا' اپنے معزز قارئین کی دعاؤں کی بدولت اس میں ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے' ہم اس وقت علمِ حدیث کی اہم کتاب ''سنن دارقطنی'' کا ترجمہ اور تشریح آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ اس عظیم کتاب کے مؤلف چوتھی صدی ہجری کے عظیم مایۂ ناز محدث امام ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی ہیں۔ جن کے مرتبہ ومقام کا اندازہ صرف اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ''المستدرک'' کے مؤلف امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری ان کے شاگردوں کی صف میں شامل ہیں۔ ہم یہ بیان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کررہے ہیں' اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل وکرم کے تحت ''سنن دارقطنی'' کا اُردو زبان میں پہلی مرتبہ ترجمہ برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف ہمیں حاصل ہو رہا ہے' کیونکہ تادمِ تحریر اس کتاب کا کوئی ترجمہ شائع نہیں ہوا ہے۔

متن کے ترجمے کے ساتھ ہم نے احادیث کی مختصر شرح بھی تحریر کی ہے کیونکہ سنن دارقطنی میں مذکور تمام تر روایات فقہی احکام سے متعلق ہیں' اس لیے قارئین کی سہولت کے لیے یہ امر ضروری تھا کہ متن میں مذکور مسائل کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کر دی جائے۔ ویسے بھی ہماری ناقص معلومات کے مطابق سنن دارقطنی کی کوئی باقاعدہ شرح آج تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ اس اعتبار سے یہ نعمت بھی ہمارے حصے میں آئی ہے۔

احادیث کی تخریج اور رجال کا تعارف ہم نے جس نسخے میں سے نقل کیا ہے' اس کی وضاحت آئندہ صفحات میں کر دی گئی ہے۔

ائمہ محدثین کی وساطت سے نبی اکرم ﷺ تک جانے والی اپنی سند حدیث ہم نے ''صحیح بخاری'' (مترجم' مطبوعہ شبیر برادرز) اور جامع ترمذی (مترجم' مطبوعہ شبیر برادرز) کے آغاز میں ذکر کر دی ہے۔

•••——•••——•••

اس کتاب کی خدمت کی تکمیل کے لیے جن احباب کا تعاون شاملِ حال رہا' ہم ان سب کے شکرگزار ہیں' جن میں سرِفہرست برادرِ مکرم خرم زاہد ہیں جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا۔ ملک محمد یونس جنہوں نے مسودہ پڑھنے' متن کی تصحیح وغیرہ کے حوالے سے ہماری بہت مدد کی۔ ریحان علی' فیصل رشید جنہوں نے نہایت سرعت کے ساتھ مسودہ کمپوز کیا' مخدوم قاسم شاہد جنہوں نے اسے دیدہ زیب انداز میں مرتب کیا۔ محترم شبیر احمد جنہوں نے خوبصورت سرِورق ڈیزائن کیا۔ منصور صاحب جنہوں نے اپنی ذاتی نگرانی میں یہ کام کروایا۔ خلیفہ مجیب احمد اور برادرم عرفان حسین جنہوں نے خوبصورت جلد بندی کی۔ اور ملک شبیر حسین جنہوں نے اشاعت کے تمام امور کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جس کے نتیجے میں یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

شکریہ کے ان جذبات میں ایک بڑا حصہ ہمارے اساتذہ و مشائخ اور والدین کے لیے بھی ہے جن کی دعاؤں اور تربیت کے طفیل ہم اس لائق ہو سکے۔

•••——•••——•••

سب سے آخر میں قاسم پیرزادہ کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسبِ حال ہے۔

اپنی تلاش کا سفر ختم بھی کیجئے کبھی
خواب میں چل رہے ہیں آپ' آپ بہت عجیب ہیں

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

روایات میں تعارض کی بحث

﴿از ملا احمد جیون انبیٹھوی﴾

تعارض کی بحث:

بعض اوقات ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہمارے سامنے موجود شرعی دلائل میں تعارض واقع ہوگیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ دونوں متعارض دلائل میں سے کون سا حکم ناسخ ہے؟ اور کون سا منسوخ ہے؟ وگرنہ شرعی دلائل میں کسی قسم کا تعارض نہیں پایا جاسکتا اور وہ بھی اللہ کے کلام میں' کیونکہ کلام میں تعارض عیب ہے اور اللہ کی ذات اس سے پاک ہے۔

تعارض کی تعریف:

تعارض کا مطلب یہ ہے کہ دو دلیلیں (جو ایک دوسرے کی ضد ہوں) اس طرح سے ایک دوسرے کے مقابل آجائیں کہ ان میں سے کسی ایک کو دوسری پر ترجیح نہ دی جاسکے نہ ذات میں اور نہ ہی صفات میں ایسا ہوسکے۔

لہٰذا مفسر اور محکم کے درمیان تعارض نہیں پایا جائے گا اسی طرح عبارۃ النص اور اشارۃ النص کے درمیان بھی تعارض نہیں پایا جائے گا کیونکہ ان میں صرف ظاہری طور پر ایک دوسرے کی مخالفت ہوتی ہے ورنہ درحقیقت ان دونوں میں سے ایک کو دوسرے پر وصف کے اعتبار سے ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح مشہور حدیث اور خبر واحد حدیث کے درمیان تعارض نہیں ہوتا۔ اسی طرح کتاب اللہ کے خاص حکم اور ایسے عام حکم جس میں سے بعض افراد کو خاص کرلیا گیا ہو' درحقیقت تعارض ہوتا ہی نہیں ہے کیونکہ ان دونوں میں سے کسی ایک قسم کو ذاتی اعتبار سے دوسری قسم پر ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

تعارض کیلئے یہ بات شرط ہے کہ دونوں متضاد دلائل سے دو متضاد احکام ثابت ہو رہے ہوں یعنی ایک دلیل کے ذریعے کسی چیز کی حلت ثابت ہو رہی ہو اور دوسری دلیل کے ذریعے اسی چیز کی حرمت ثابت ہو رہی ہو یہ شرط نہایت ضروری ہے البتہ یہاں اسے ضمنی طور پر الگ سے ذکر کیا گیا ہے۔

تعارض کیلئے یہ بات شرط ہے کہ مسئلے کا محل اور وقت ایک ہو لیکن دونوں دلائل کے ذریعے حکم متضاد ثابت ہوتا ہو جیسے جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ نکاح کرتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ عورت اس کیلئے حلال ہو جاتی ہے اور اسی نکاح کی وجہ سے اس عورت کی ماں اس کیلئے حرام ہو جاتی ہے (اب نکاح ایک ہی ہے اور اس کے ذریعے ثابت ہونے والے حکم دو ہیں یعنی حلت اور حرمت ہے لیکن ان دونوں متضاد احکام کا محل مختلف ہے یعنی حلت کے حکم کا تعلق ایک عورت کے ساتھ ہے اور حرمت کے حکم کا تعلق

دوسری عورت کے ساتھ ہے' یہ مثال محل کی تھی وقت کی مثال یہ ہے)۔

ابتداء اسلام میں شراب پینا جائز تھا بعد میں اسے حرام قرار دے دیا گیا (اب یہاں حلت اور حرمت دو متضاد حکم ہیں اور دونوں کا محل یعنی شراب نوشی ایک ہی ہے لیکن اس کے باوجود یہاں تعارض موجود نہیں ہوگا کیونکہ دونوں کا وقت ایک نہیں ہے)

اسی طرح اگر محل اور وقت ایک ہوں اور حکم ایک نہ ہو تو اسے تعارض نہیں کیا جا سکتا اور یہ بات واضح ہے۔

بعض علماء نے یہاں اس بات کا اضافہ کیا ہے کہ حکم کے ساتھ اس کی نسبت بھی یکساں ہونی چاہئے جیسے (نکاح کی وجہ سے) بیوی شوہر کے لئے حلال ہوتی ہے اور اس کے علاوہ دیگر تمام مردوں کیلئے حرام ہوتی ہے لیکن اس اختلاف کو تعارض نہیں کہا جا سکتا۔

اگر دو آیات کے درمیان بظاہر تعارض نظر آئے تو سنت کی طرف رجوع کیا جائے گا کیونکہ تعارض کی وجہ سے دونوں آیات کا حکم ساقط ہو جائے گا اس لیے اسی دلیل کی طرف رجوع کرنا ہوگا جو آیایت کے بعد سب سے زیادہ مستند ہو اور وہ سنت ہے ایسی صورت میں کسی تیسری آیت کی طرف رجوع نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ آپ کثرت کی وجہ سے ایک دلیل کو دوسری دلیل پر ترجیح دے رہے ہیں اور یہ درست نہیں ہے۔

اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے

''(نماز میں) تم سے قرآن کا جو حصہ پڑھا جا سکے پڑھ لے لو!'' (المزمل:20)

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے

''جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو''۔ (الاعراف:204)

پہلی آیت کے عمومی حکم سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز میں مقتدی کیلئے بھی قرات کرنا فرض ہے جبکہ دوسری آیت کے خصوصی حکم سے اس کی نفی ہوتی ہے اور یہ دونوں آیات نماز ہی کے بارے میں ہیں اس لیے اس تعارض کی موجودگی میں حدیث کی طرف رجوع کیا جائے گا اور وہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے۔

''جس شخص کے آگے امام کھڑا ہو تو امام کی قرات ہی اس کیلئے کافی ہوگی۔''

سنت میں تعارض:

اگر دو حدیثوں کے درمیان تعارض آ جائے تو صحابہ کرام کے اقوال یا قیاس کی طرف رجوع کیا جائے گا۔ امام فخر الاسلام بزدوی نے یہی اصول بیان کیا ہے تاہم بعض علما اس بات کے قائل ہیں کہ صحابہ کرام کے اقوال کو قیاس پر ترجیح حاصل ہوگی۔ خواہ وہ قیاس کے مطابق ہوں یا نہ ہوں بعض علماء کے نزدیک مطلق طور پر قیاس کو ترجیح حاصل ہوگی بعض علماء نے یہ رائے پیش کی ہے کہ جن مسائل کا حل قیاس کے ذریعے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ ان میں صحابہ کرام کے اقوال کو مقدم رکھا جائے گا اور جن مسائل کو قیاس کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے ان میں قیاس کو مقدم رکھا جائے گا اس کی مثال یہ ہے کہ

بعض احادیث میں یہ بات منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے نماز کسوف میں دو رکعت ادا کی تھیں جن میں سے ہر ایک رکعت میں ایک مرتبہ رکوع کیا اور دو مرتبہ سجدہ کیا جبکہ سیدہ عائشہ صدیقہ روایت کرتی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے نماز کسوف میں چار رکعات ادا کی تھیں اور ان میں سے ہر ایک رکعت میں چار مرتبہ رکوع کیا تھا اور چار مرتبہ سجدہ کیا تھا (یہ دونوں روایات متعارض ہیں) اس لیے قیاس کی طرف رجوع کیا جائیگا اور نماز کسوف کو بھی دیگر نمازوں پر قیاس کرتے ہوئے (اس روایت کو ترجیح دی جائیگی جس میں ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدوں کا ذکر ہے)

اگر صحابہ کرام کے اقوال اور قیاس کی طرف رجوع کرنے کے بعد بھی مسئلے کا حل سامنے نہ آسکے تو ہر ایک صورت کو اس کی اصل کے مطابق لیا جائے گا اس کی مثال یہ ہے کہ گدھا اگر پانی میں منہ ڈال دے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟ اس بارے میں احادیث مختلف ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقع پر پالتو گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا تھا جبکہ غالب بن فہر روایت کرتے ہیں۔ میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کی گدھوں کے علاوہ میرا تمام مال ضائع ہو چکا ہے تو آپ نے فرمایا تمہارے مال میں سے جو بھی جانور موٹا تازہ ہو تم اس کا گوشت کھا سکتے ہو تو جب اس کے گوشت کے بارے میں تعارض واقع ہو گیا تو اس کے جوٹھے کا بھی یہی حکم ہوگا کیونکہ منہ کا لعاب گوشت سے پیدا ہوتا ہے ایک حدیث میں یہ بات موجود ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے گدھے کے جوٹھے پانی کا حکم دریافت کیا گیا کہ اس کے ذریعے وضو کیا جا سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا ہاں! یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے جبکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے پالتو گدھوں کو ناپاک قرار دیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا جوٹھا بھی ناپاک ہوگا گدھے کے جوٹھے پانی کا حکم قیاس کے ذریعے بھی واضح نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اسے پسینے پر قیاس نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح اس کو دودھ پر بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اس کو کتے کے جوٹھے پر قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ کتے کا جوٹھا ناپاک ہوتا ہے اور (سابقہ زمانوں میں) انسان کو کتے سے زیادہ گدھے کی ضرورت ہوتی تھی اس طرح گدھے کے جوٹھے کو بلی کے جوٹھے پر بھی قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ بلی کا جوٹھا پاک ہوتا ہے اور گدھے کی بہ نسبت گھر میں بلی کی آمدورفت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا جب یہ تمام دلائل باہمی طور پر متعارض ہو گئے تو اب وضو کرنے اور پانی کے استعمال کا حکم اپنی اصل پر باقی رہے گا۔

مذکورہ بالا مسئلے کا یہ حکم ہوگا کہ پانی کیونکہ اپنی اصل کے اعتبار سے پاک ہوتا ہے اس لیے گدھے کے جوٹھے پانی کو نجس قرار نہیں دیا جائے گا لہٰذا اس پانی کے ذریعے وضو کرنا واجب ہوگا۔ (جب کوئی اور پانی موجود نہ ہو) اور انسان کیونکہ اپنی اصل کے اعتبار سے بے وضو ہوتا ہے اس لیے ایسے پانی سے اس کا حدث زائل نہیں ہوگا اس لیے اسے اس وضو کے ہمراہ احتیاطاً تیمم بھی کرنا پڑے گا یہاں یہ سوال نہیں کیا جا سکتا کہ پانی اپنی اصل کے اعتبار سے انسان کو پاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس لیے تیمم کی ضرورت نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسی صورت میں آدمی کے بجائے صرف پانی کے اصل حکم کا خیال رکھا گیا ہوگا۔ یہاں یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ جب کسی مسئلے کے بارے میں حلال اور حرام دونوں حال سے نجات حاصل کی جا سکے۔ ہم اس کا جواب یہ دیں گے یہ ترجیح احتیاط کے پیش نظر دی جاتی ہے اور ہم نے یہاں احتیاط کے پیش نظر پہلے ہی یہ

فتویٰ دیا ہے کہ احتیاط کے پیش نظر اس پانی سے وضو بھی کر لیا جائے اور بعد میں تیمم بھی کر لیا جائے۔ گدھے کے جوٹھے پانی کو مشکوک اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی حلت یا حرمت کے بارے میں منقول دلائل میں تعارض پایا جاتا ہے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اس کا حکم ہی پتہ نہیں ہے کیونکہ ان کا حکم موجود ہے اور وہ یہ کہ اگر کوئی دوسرا پانی موجود نہ ہو تو اسی پانی کے ذریعے وضو کرنا واجب ہے اور اس کے ساتھ تیمم بھی کیا جائے گا۔

قیاس میں تعارض:

اگر دو طرح کے قیاس کے درمیان تعارض آ جائے تو اس تعارض کی وجہ سے وہ دونوں ساقط نہیں ہونگے کیونکہ قیاس کے بعد مزید کوئی دلیل نہیں ہوتی۔ سوائے اس کے کہ ہر چیز کو اس کی اصل پر باقی رکھا جائے جیسا کہ ضرورت کے پیش نظر گدھے کے جوٹھے کے حکم میں ایسا کیا گیا تھا لیکن یہ عمل ہمارے (فقہائے احناف کے) نزدیک حجت نہیں ہے اس لیے جب دو قیاسوں کے درمیان تعارض آ جائے تو مجتہد اپنے ذہن کے فیصلے کے مطابق ان دونوں میں سے کسی ایک پر عمل کر سکتا ہے یعنی مجتہد پہلے دونوں طرح کے قیاسوں میں غور وفکر کرے گا اور پھر اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ نور فراست کی مدد سے اس کا ذہن جس قیاس پر مطمئن ہوگا اس کے مطابق فیصلہ دیدیگا۔ امام شافعی کے نزدیک ایسی صورت میں دل کی گواہی شرط نہیں ہے یہی وجہ ہے اکثر مسائل میں ان کے مختلف فتاویٰ منقول ہیں۔ اس کے برعکس ہمارے آئمہ میں سے کسی ایک امام کے' کسی مسئلے کے بارے میں دو فتاویٰ موجود ہوں بھی تو ان کا تعلق دو الگ زمانوں سے ہوگا لیکن کیونکہ تاریخی طور پر یہ پتہ نہیں چل پاتا کہ دونوں میں پہلا فتویٰ کون سا ہے؟ تاکہ دوسرے پر عمل کیا جا سکے اسی لیے بعد میں آنیوالے فقہاء دونوں میں سے کسی ایک قول پر فتویٰ دے دیتے ہیں۔ یہ تمام بحث حقیقی تعارض کے بارے میں تھی جس کا حکم یہ ہے کہ اس کی موجودگی میں متعارض دلائل ساقط ہو جائیں گے۔ تعارض کی دوسری صورت ظاہری تعارض ہے جس کا حکم یہ ہے کہ اس میں ظاہری طور پر متعارض دلائل میں سے کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح دی جاتی ہے اس کی ممکنہ صورتیں درج ذیل ہیں۔

(i) یہ تعارض دلیل کی حیثیت کے حوالے سے ہوگا یعنی وہ دونوں متعارض دلیلیں مساوی حیثیت کی مالک نہیں ہونگی جیسے ان میں سے کوئی ایک خبر مشہور ہو اور دوسری خبر واحد ہو یا ان میں سے کوئی ایک (اصول فقہ کی اصطلاح کے مطابق) ''نص'' ہو اور دوسری ''ظاہر'' ہو تو ایسی صورت میں اعلیٰ کو ادنیٰ پر ترجیح دی جائے گی۔

(ii) ظاہری تعارض کا تعلق حکم کے اعتبار سے ہوگا یعنی ایک حکم کا تعلق دنیا سے ہوگا اور دوسرے کا تعلق آخرت سے ہوگا جیسے سورہ بقرہ اور سورہ مائدہ میں قسم اٹھانے سے متعلق آیات موجود ہیں۔

سورہ بقرہ 225 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسموں کا موخذہ نہیں کرے گا بلکہ وہ تمہارے دل میں موجود نیت کا مواخذہ کرے گا''۔

اس آیت میں موجود حکم میں غموس اور منعقد دونوں نوعیت کی اقسام شامل ہیں۔ لہٰذا اس سے ثابت یہ ہوتا ہے کہ ہمیں غموس میں بھی مواخذہ ہوگا جبکہ دوسری طرف سورہ المائدہ 89 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اللہ تعالیٰ انہی قسموں کے بارے میں تمہارا مواخذہ کرے گا جنہیں تم نے مضبوط کیا ہے (یعنی صرف یمین منعقدہ پر مواخذہ ہوگا'')

لہٰذا اس آیت کے تحت یمین غموس لغو اقسام میں داخل ہوگی جس کا مطلب یہ ہوا کہ یمین غموس پر مواخذہ نہیں ہوگا۔

جب یہ دونوں آیتیں یمین غوس کے بارے میں تعارض کا شکار ہوگئیں تو جہاں یمین غموس پر مواخذہ ہونے کا ذکر ہے اس سے مراد اخروی مواخذہ یعنی گناہ ہوگا اور جہاں یمین غموس پر مواخذہ نہ ہونے کا ذکر ہے اس سے مراد دنیاوی مواخذہ یعنی قسم توڑنے کا کفارہ نہ ہونا ہے۔ ہم اس موضوع پر پہلے ہی تفصیل سے بحث کر چکے ہیں۔

(iii) ظاہری تعارض کی ایک صورت یہ ہوسکتی ہے کہ اس کا تعلق مخصوص حالت سے ہو یعنی دونوں متعارض دلائل میں سے ایک کو ایک حالت پر محمول کیا جائے اور دوسرے کو دوسری حالت پر محمول کیا جائے جیسے ارشاد باری تعالیٰ حتی ''یطھرن'' میں ''ہ'' پر ''شد'' بھی پڑھی گئی ہے اور اس حرف کو ''شد'' کے بغیر بھی پڑھا گیا ہے۔ آیت یہ ہے۔

''(حائضہ بیویوں کے ساتھ) اس وقت تک صحبت نہ کرو جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں''۔ (البقرہ: 222)

اس آیت میں اگر حرف ''ہ'' پر ''شد'' نہ پڑھی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب ان کے خون کی آمد منقطع ہو جائے تو خواہ انہوں نے غسل کیا ہو یا نہ کیا ہو ان سے صحبت کرنا جائز ہے اگر ''ہ'' پر ''شد'' پڑھی جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جب تک وہ غسل نہ کرلیں تو ان کے ساتھ صحبت کرنا جائز نہیں ہوگا۔ قرات کے اس اختلاف کی وجہ سے آیت کے حکم میں تعارض آ گیا ہے اور یہ دو متعارض آیات کی مانند ہوگئی ہے اس لیے ان دونوں قراتوں کے درمیان مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی یعنی جس قرات میں ''شد'' نہیں پڑھی گئی اس سے مراد وہ صورت ہوگی جب خون کی آمد دس دن گزر جانے کے بعد منقطع ہوئی ہو کیونکہ مزید حیض کی آمد کا امکان باقی نہیں ہے لہٰذا ایسی صورت میں محض خون کی آمد منقطع ہو جانے سے ہی صحبت کرنا درست ہوگا جبکہ ''شد'' والی قرات کو ایسی صورتحال پر محمول کیا جائیگا۔ جب دس دن پورے ہونے سے پہلے خون کی آمد منقطع ہو جائے تو ایسی صورت میں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ شاید یہ دوبارہ خون آ جائے اس لیے خون کے انقطاع کو یقینی سمجھنے کیلئے ضروری ہوگا کہ عورت غسل کرے یا پھر خون کے انقطاع کے بعد ایک نماز کا وقت گزر جائے تا کہ معنوی طور پر عورت کی طہارت کا حکم جاری ہو جائے۔

لیکن اس جواب پر یہ اعتراض وارد ہوگا کہ اس آیت کے اگلے حصے میں لفظ تطھرن ''شد'' کے ساتھ منقول ہے جس کا لازمی مطلب یہ ہوگا کہ دونوں صورتوں میں غسل ہی کی تاکید ہوگی اس لیے اب اس تعارض کو ختم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ''شد'' والی قرات غسل کے وجوب کے بجائے اس کے استحباب پر دلالت کرتی ہے۔

(iv) ظاہری تعارض کو ختم کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ دونوں دلائل میں سے ہر ایک کو صریح طور پر مختلف زمانوں پر محمول کیا جائے۔ یہ اس وقت ہوگا جب یہ پتہ نہ ہو کہ دونوں دلائل میں سے کون سا حکم پہلے موجود تھا؟ کیونکہ اگر یہ پتہ چل جائے تو پھر پہلے حکم کو منسوخ اور دوسرے کو ناسخ ماننا ضروری ہوگا جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بعد میں نازل ہوا۔

''حاملہ عورتوں کی عدت (کا اختتامی وقت) وضع حمل ہے''۔(طلاق:4)

جب کہ یہ فرمان پہلے نازل ہوا تھا۔

''جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے وہ چار ماہ دس دن تک عدت بسر کرے''۔(البقرہ:234)

اس آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی خواہ وہ عورت حاملہ ہو یا نہ ہولیکن پہلی آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حاملہ عورت کی عدت کا اختتامی وقت بچے کی پیدائش ہوگا خواہ وہ عورت طلاق یافتہ ہو یا بیوہ ہولہٰذا ان دونوں کے درمیان عموم' خصوص من وجہ کی نسبت پائی جاتی ہے لہٰذا اجتماعی صورت میں دونوں آیات کے درمیان تعارض آ جائے گا یعنی حاملہ بیوہ کی عدت کیا ہوگی؟ ایسی صورت کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتویٰ یہ ہے کہ احتیاط کے پیش نظر عورت وہ عدت بسر کرے گی جو دونوں میں سے زیادہ طویل ہو یعنی اگر بچے کی پیدائش نزدیک ہو تو عورت کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی اور اگر بچے کی پیدائش دور ہو تو اس کی پیدائش تک عدت بسر کرے گی۔ یہ اس وقت ہوگا جب یہ پتہ نہ چل سکے کہ دونوں میں سے کون سی آیت پہلے نازل ہوئی تھی لیکن اسی صورتحال کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود کا فتویٰ یہ ہے کہ ایسی عورت کی عدت بچے کی پیدائش کے ساتھ ختم ہوگی وہ یہ کہا کرتے تھے کہ میں اس بارے میں مباہلہ کرنے کیلئے تیار ہوں کہ سورہ طلاق کی آیت (جس میں حاملہ کی عدت بچے کی پیدائش ہونے کا ذکر ہے) سورہ بقرہ کی آیت (جس میں بیوہ کی عدت چار ماہ دس دن ہونے کا ذکر ہے) کے بعد نازل ہوئی تھی۔

لہٰذا جب یہ واضح ہو گیا کہ کون سی آیت بعد میں نازل ہوئی تھی تو اس سے یہ ثابت ہو جائے گا کہ بعد میں نازل ہونے والی آیت نے پہلے نازل ہونے والی آیت کے حکم کو منسوخ کر دیا ہے۔ اسی لیے ایسی صورت کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا تھا کہ اگر مرحوم شوہر کی میت غسل کے تختے پر پڑی ہوئی ہو اور اسی دوران اس کی حاملہ بیوہ کے ہاں بچے کی پیدائش ہو جائے تو اسی وقت اس بیوہ کی عدت ختم ہو جائے گی اور اب اگر وہ چاہے تو دوسرے شخص سے نکاح کر سکے گی۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

(v) ظاہری تعارض کو ختم کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ دونوں دلائل کو دلالت کے اعتبار سے مختلف زمانوں پر محمول کیا جائے جیسے ایک ہی چیز کے بارے میں دو مختلف دلائل سامنے آ جائیں جن میں سے ایک کے ذریعے اس کا مباح ہونا ثابت ہوتا ہو اور دوسری دلیل کے ذریعے مباح نہ ہونا ثابت ہوتا ہو تو مباح نہ ہونے والی دلیل کو دلالت کے اعتبار سے موخر قرار دیا جائے گا۔

اس دلالت کی صورت یہ ہوگی کہ ہر شے اپنی اصل کے اعتبار سے مباح ہوتی ہے اس لیے جب ہم حرام قرار دینے والی دلیل کو اختیار کریں گے تو اباحت ثابت کرنے والی دلیل اس اصول سے مل جائے گی کہ ہر شے اصل میں مباح ہوتی ہے لہٰذا حرمت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے ان دونوں طریقوں سے ثابت ہونے والی اباحت کو منسوخ قرار دیا جائے گا۔ اس کے برعکس اگر ہم اباحت ثابت کرنے والی دلیل کو موخر قرار دیں تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ حرمت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے پہلے شے

کی اصل اباحت کو منسوخ قرار دیا جائے گا اور پھر اباحت ثابت کرنے والی دلیل کے ذریعے حرمت ثابت کرنے والی دلیل کو منسوخ قرار دیا جائے گا یوں ایک ہی مسئلے میں نسخ میں تکرار آ جائے گی جو عقل کے خلاف ہے۔

یہ بہت بڑا بنیادی اصول ہے جس کے ذریعے بہت سی جزئیات کا حل پیش کیا جا سکتا ہے لیکن یہ ان حضرات کے موقف کے مطابق ہوگا جو اس بات کے قائل ہیں کہ ہر شے میں اصل اباحت ہوتی ہے البتہ بعض علماء کے نزدیک ہر شے میں اصل حرمت ہوتی ہے بعض علماء اس نظریے کے قائل ہیں کہ شے کے اصل حکم کے بارے میں خاموشی اختیار کی جائے گی۔ یہاں تک اس کے حرام اور حلال ہونے کی دلیل سامنے آ جائے ہم نے اپنی کتاب ''تفسیرات احمدیہ'' میں اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

كِتَابُ الطَّهَارَةِ

طہارت کا بیان

قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمُّنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِالْقَادِرِ[1]، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ بِشْرَانَ[2]، قَالَ: قَالَ:

(کتاب کے راوی کہتے ہیں:) ہمارے چچا شیخ عبدالرحمٰن بن احمد نے یہ بات بیان کی ہے: شیخ محمد بن عبدالملک بن بشران نے ہمیں یہ بتایا ہے: (یعنی سنن دارقطنی کو روایت کیا ہے جو آئندہ سطور میں شروع ہو رہی ہے)

1- باب حُكْمِ الْمَآءِ اِذَا لَاقَتْهُ النَّجَاسَةُ

باب: جب پانی میں نجاست مل جائے، تو اس کا حکم

1- حَدَّثَنَا الْإِمَامُ الْحَافِظُ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَهْدِيٍّ الدَّارَقُطْنِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا

۱- اخرجه ابوداود (۱۷/۱) كتاب الطهارة، باب ما ينجس الماء، الحديث (۶۳) والطيالسي رقم (۱۹۵٤)- وابن ابي شيبة في المصنف (۱٤٤/۱) وعبد بن حميد في المنتخب رقم (۸۱۷) ومن طريقه ابن الجوزي في التحقيق (۹/۱) رقم (۷)-.....

و ابن حبان في صحيحه (٥۷/٤) رقم (۱۲٤۹) والطحاوي في مشكل الآثار (۲٦٦/۳) والحاكم في المستدرك (۱/ ۱۳۲- ۱۳۳) والبيهقي في السنن (۱/ ۲٦۰، ۲٦۱) وابن الجارود في المنتقى رقم (٤٥) من طرق عن ابي اسامة، عن الوليد بن كثير، عن محمد بن جعفر، عن عبد الله- المكبر- عن ابن عمر، به- قال الحاكم: (هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، فقد احتجا جميعًا بجميع رواته ولم يخرجاه واظنهما- والله اعلم- لم يخرجاه لخلاف فيه على ابي اسامة وعلى الوليد بن كثير)- اه- وقال ابن حزم في المحلى (۱۵۱/۱): (صحيح ثابت لا مغمز فيه)- اه-

و قد اعل هذا الحديث بعلل يمكن اجمالها في: الاضطراب في الاسناد- والاضطراب في المتن- واعلاله بالوقف-

و قد دافع عن الحديث ورد هذا العلل الحافظ ابن حجر في التلخيص (۱/ ۱۸- ۲٤) رقم (٤) وابن الملقن في البدر المنير (۲/ ۸۷- ۱۱٤) رقم (٤) والزيلعي في نصب الراية (۱/ ۱۰٤ وما بعدها)- والحديث طرقه كثيرة، سيوردها المصنف جميعًا ويبين الخلاف فيها-

[1] ابوطاہر عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالقادر بن محمد بن یوسف بغدادی البزار۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق''، ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 511ء میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۹/ ۲۹۷-۲۹۸)، والمنتظم (۹/ ۱۹۴)۔

[2] ابوبکر محمد بن الواعظ الامام ابی القاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران الاموری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 373ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۸/ ۶۰)، والمنتظم (۸/ ۱۷۶)۔

الْقَاضِي اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِي السَّفَرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُعَدَّلُ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَادَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ السِّبَاعِ وَالدَّوَابِّ فَقَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ. وَقَالَ ابْنُ اَبِي السَّفَرِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ. وَقَالَ ابْنُ عَبَادَةَ مِثْلَهُ.

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی ویرانے میں ہوتا ہے اور جس میں سے درندے اور جانور آ کر پیتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب پانی دو قلے ہو تو اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

ایک روایت میں اسی کی مانند الفاظ ہیں۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

آپ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی بہن سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھیں۔ آپ کا تعلق قریش کے خاندان بنوعدی سے ہے۔

آپ نے بچپن میں اسلام قبول کرلیا تھا۔ آپ نے اپنے والد کے ہمراہ اسلام قبول کیا تھا۔

اس بات پر تمام مؤرخین کا اتفاق ہے کہ آپ کی کمسنی کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کی اجازت نہیں دی تھی۔ البتہ غزوۂ اُحد کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو غزوۂ اُحد میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: غزوۂ اُحد میں بھی آپ کو کم سنی کی وجہ سے شریک نہیں کیا گیا تھا۔

طبقات ابن سعد (142/4) طبقات خلیفۃ (190/22) التاریخ الکبیر (2/5) الجرح والتعدیل (107/5) معجم الصحابۃ للبغوی (ق 171 / ب) الثقات لابن حبان (209/3) المستدرک للحاکم (556/3) المعجم الکبیر للطبرانی (199/12) الاستیعاب (950/3) اسد الغابۃ (236/3) سیر اعلام النبلاء (303/3) تجرید اسماء الصحابۃ (325/1) الکاشف (100/2) الاصابۃ (107/4) التہذیب (328/5) التقریب (ص 315) الریاض المستطابۃ (ص 194) بقی بن مخلد و مقدمۃ مسندہ (ص 79)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فتویٰ دینے میں نہایت احتیاط سے کام لیتے تھے۔

ذاتی طور پر نہایت متقی اور پرہیزگار شخصیت کے مالک تھے۔

اہل شام آپ کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے مسلمانوں کو کسی بھی قسم کے اختلاف سے بچانے کے لئے اس کو قبول نہیں کیا۔

آپ نے کبھی بھی کسی بھی فتنے سے متعلق معاملے میں شرکت نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کسی جنگ میں شرکت نہیں کی لیکن بعد میں آپ کو اپنے اس عمل پر افسوس ہوا۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ بن حبیب بیان کرتے ہیں: میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے دنیا میں کسی بھی بات کے معاملے میں کسی بھی چیز کی آرزو نہیں ہے۔ البتہ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر باغیوں کے ساتھ لڑائی کیوں نہیں کی۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کی طرف دنیا نہ جھکی ہو اور وہ دنیا کی طرف نہ جھکا ہو۔ صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے صاحبزادے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایسے ہیں (کہ نہ دنیا ان کی طرف جھکی اور نہ وہ دنیا کی طرف جھکے)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بکثرت حج اور عمرہ کیا کرتے تھے۔ یہ بکثرت صدقہ و خیرات کیا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے احادیث روایت کرنے والوں میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور تابعین کی ایک بڑی جماعت شامل ہے جن میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے سالم' عبداللہ' حمزہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام نافع اور اسلم بھی شامل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا انتقال' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی شہادت کے تین ماہ بعد سن ۷۲ ہجری میں ہوا۔

نوٹ: ان سے منقول روایات جلد ہشتم میں ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں جگہ کی کمی کی وجہ سے ہم اس کی تفصیل نقل نہیں کر سکے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعبداللہ حسین بن اسماعیل بن محمد ابن اسماعیل بن سعید بن ابان، ضبی بغدادی محاملی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے، یہ ''سنن'' کے مؤلف ہیں' ان کی پیدائش 235 ہجری میں ہوئی۔ ان کا انتقال 330ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/ ۲۵۸-۲۶۱) المنتظم (۶/ ۳۲۷-۳۲۹)۔

○ یعقوب بن ابراہیم بن کثیر بن زید بن افلح عبدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابو یوسف الدورقی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 252ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ۱۰۸۷ (۷۸۶۶)۔

○ حماد بان اسامة قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) الکوفی ابو اسامة' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق''، ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 252ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۹۵)۔

○ ابو عبد اللہ احمد بن علی بن العلاء جوزجانی ثم بغدادی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۴۸)، العبر (۲/۲۱۱)۔

○ احمد بن عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن ابوالسفر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۳) رقم (۶۰)۔

○ محمد بن عبادة ابن بختری اسدی العجلی باہلی، ابو عبد اللہ واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: الخلاصة (۲/۴۱۹) (۶۳۴۴)۔

○ شیخ الاسلام ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن زیاد بن واصل بن میمون نیشاپوری، ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۶۵، ۶۶)، المنتظم (۶/۲۸۶-۲۸۷)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی رحمہ اللہ نے جس باب کے تحت اس حدیث کو ذکر کیا ہے' اس کا عنوان انہوں نے یہ تجویز کیا ہے' جب کسی پانی میں نجاست مل جائے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

شریعتِ اسلامیہ کے مطابق شرعی طور پر طہارت کے حصول کا بنیادی ذریعہ پانی ہے' اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اور اسی نے آسمان سے تم پر پانی نازل کیا تاکہ وہ اس کے ذریعے تمہیں پاک کردے''۔

اس آیت میں اس آیات کی صراحت موجود ہے' اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اس لیے نازل کیا ہے تاکہ وہ اس پانی کے ذریعے اہلِ ایمان کو پاک وصاف کردے۔ یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے' پانی طہارت اور پاکیزگی کے حصول کا ذریعہ ہے۔

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور اگر تمہیں پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمم کر لو''۔

اس آیت کے ذریعے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ طہارت کے حصول کا اصل ذریعہ پانی ہے' اگر کوئی شخص پانی نہیں پاتا تو اب اسے شریعت نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ وہ پاک مٹی سے بھی شرعی طور پر طہارت کر سکتا ہے۔

تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں: ہر قسم کا پانی اپنی اصل کے اعتبار سے خود بھی پاک ہوتا ہے اور دوسرے کو بھی پاک کر دیتا ہے۔

صرف ابتدائی زمانے کے فقہاء میں سے بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: سمندر کا پانی مطلق طور پر پاک نہیں ہوتا۔

لیکن اس کے برخلاف نبی اکرم ﷺ کی حدیث موجود ہے' جس کے مطابق نبی اکرم ﷺ سے جب سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''اس کا پانی پاک ہوتا ہے اور اس کا مردار حلال ہوتا ہے''۔

اس بات پر بھی تمام اہل علم کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے' کوئی چیز اگر پانی میں مل جائے اور وہ اس پانی کے ذائقے' رنگ یا بو کو تبدیل کر دے' تو ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا بھی جائز نہیں ہے اور غسل کرنا بھی جائز نہیں ہے۔

اس بارے میں بھی تمام فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے: اگر پانی زیادہ مقدار میں موجود ہو اور پھر اس میں کوئی ایسی نجاست گر جائے جو اس پانی کی کسی صفت کو تبدیل نہ کرے لیکن وہ نجاست نظر آ رہی ہو' تو یہ نجاست اس پانی کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی' یعنی اس پانی کے صاف والے حصے کے ساتھ آدمی وضو یا غسل کر سکتا ہے۔

یہاں فقہاء کے درمیان کچھ اختلاف پایا جاتا ہے' اگر پانی میں نجاست مل گئی ہو اور اس نے پانی کی کسی صفت کو تبدیل نہ کیا ہو' تو اس بارے میں حکم کیا ہو گا؟

بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ایسا پانی پاک شمار ہو گا خواہ اس پانی کی مقدار کم ہو یا زیادہ ہو۔

ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں'

جبکہ بعض اصحاب ظواہر نے بھی اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

بعض دیگر فقہاء نے پانی کی کم مقدار اور زیادہ مقدار کے درمیان حکم کے فرق کی وضاحت کی ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: اگر پانی کی مقدار کم ہو گی تو ایسا پانی ناپاک ہو جائے گا اور اگر اس کی مقدار زیادہ ہو گی تو وہ پانی ناپاک نہیں ہو گا۔

یہاں فقہاء کے درمیان پھر یہ اختلاف سامنے آتا ہے' آپ کتنی مقدار کے پانی کو کم قرار دیں گے اور کتنی مقدار سے زیادہ پانی کو زیادہ قرار دیا جائے گا؟

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی مقدار یہ مقرر کی ہے: اگر پانی کے ایک طرف والے حصے میں پانی کو حرکت دی جائے تو

اس حرکت کا اثر دوسری طرف ظاہر نہیں ہونا چاہیے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب پکی مٹی کے بنے ہوئے دو مٹکوں میں آنے والے پانی جتنی مقدار ہو تو نجاست اسے ناپاک نہیں کرے گی۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں جو روایات نقل کی ہیں ان کے ذریعے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا مقصود یہ ہے: وہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی تائید میں دلائل نقل کریں۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں کم وبیش چالیس روایات نقل کی ہیں جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جب پانی دو قلے ہو اور اس میں نجاست شامل ہو جائے تو وہ پانی کو ناپاک نہیں کرتی ہے۔

احناف اس روایت کو تسلیم نہیں کرتے ہیں احناف نے یہ بات بیان کی ہے: سند اور متن دونوں حوالوں سے اس روایت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف نے دوسرا نکتہ یہ اٹھایا ہے: حدیث میں لفظ دو قلے یعنی پکی مٹی کے بنے ہوئے دو گھڑے استعمال ہوا ہے اس گھڑے کی مقدار کیا ہوگی؟ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے تو جب اس کی مقدار مجہول ہو جائے گی تو ہم اس کی بنیاد پر کوئی حکم جاری نہیں کر سکیں گے۔

اس کے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند طور پر یہ بات ثابت ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کیونکہ اس نے پھر اسی پانی سے غسل کرنا ہوگا''۔

اس بارے میں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے باقاعدہ ایک باب کے تحت تین روایات نقل کی ہیں ان میں ایک حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور بقیہ دو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہیں ان کے الفاظ میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن ان سب کا نفس مضمون یہی ہے ''ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہیں کیا جاتا''۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایات نقل کی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے اگر پانی کی مقدار دو قلے ہو تو اس میں نجاست شامل ہونے سے وہ پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

اگر اس روایت کو درست تسلیم کر لیا جائے تو اس سے یہ ثابت ہوگا اگر کسی جگہ پر دو قلے کی مقدار میں پانی موجود ہو اور کوئی شخص اس پانی میں پیشاب کر دے تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا لیکن اس بات کو کوئی بھی تسلیم نہیں کرے گا اور احناف بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

•••———•••———•••

2- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا دَعْلَجُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ اَنْبَاَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا

اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِیُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَكِيْعِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّجِسْتَانِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَغَيْرُهُمَا قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ . قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ .

هٰذَا لَفْظُ اَبِیْ دَاوُدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ مِنْ بَيْنِهِمْ فِیْ حَدِيْثِهٖ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ .

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی کریم ﷺ سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا' جس میں سے جانور اور درندے آ کر پیتے ہیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب پانی دو قلے ہو' تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابومحمد، عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن بن شیرویہ بن اسد قرشی مطلبی نیشاپوری علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق''، ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 305ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۶۸-۱۶۶/۱۴)، العبر (۱۲۹/۲)۔

○ اسحاق بن ابراہیم بن مخلد حنظلی ابومحمد بن راھویہ مروزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 238ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تقریب التہذیب از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۴/۱) رقم (۳۷۴)۔

○ احمد بن محمد بن زیاد بن بشر بن درھم، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 340ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۴۱۰-۴۰۷/۱۵)، المنتظم (۳۷۱/۶)۔

۲- اخرجه ابو داؤد (۱۷/۱) كتاب الطهارة: باب ما ينجس الماء: الحديث (۶۳) وابن الجارود رقم (۴۴) وابن ابي حاتم في العلل (۱/ ۴۴) رقم (۹۶) وابن حبان في صحيحه (۶۳/۴) رقم (۱۲۵۳) وهو في الموارد رقم (۱۱۷) والحاكم (۱/ ۱۴۴) والبيهقي (۱/ ۲۶۰، ۲۶۱)۔

وقد سال ابن ابي حاتم عنه اباه! وقال ابو حاتم: (محمد بن عباد بن جعفر ثقة، ومحمد بن جعفر بن الزبير ثقة- والحديث لمحمد بن جعفر بن الزبير اشبه)- اه-

○ ابواسحاق ابراہیم بن اسحاق بن ابراہیم بن بشیر بغدادی الحربی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳/۳۵۶-۳۶۴)، المنتظم (۶/۳-۷)۔

○ ابوعبدالرحمٰن احمد بن جعفر کوفی وکیعی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 2ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۰/۵۷۴-۵۷۵)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۵۸-۵۹)۔

○ جعفر بن محمد بن احمد بن الحاکم واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 353ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۶/۳۰)، العبر (۲/۲۹۷)۔

○ عبد اللہ بن محمد بن ابوشیبۃ ابراہیم بن عثمان واسطی الاصل، ابوبکر بن ابوشیبۃ کوفی، یہ ثقہ ہیں۔ حافظ، صاحب تصانیف یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۵) رقم (۵۸۹)۔

○ قاضی ابوحسن محمد بن عبداللہ بن زکریا بن حیویہ نیشاپوری ثم مصری شافعی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 366ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۶/۱۶۰،۱۶۱)، العبر (۲/۳۴۲)۔

○ احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار، ابوعبدالرحمٰن نسائی، یہ ''سنن نسائی'' کے مؤلف ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 303ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۶) رقم (۵۷)، ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۴/۱۲۵-۱۳۳)، المنتظم (۶/۱۳۱-۱۳۲)۔

○ ہناد بن السری بن مصعب بن ابوبکر بن شبر تمیمی الدارمی ابوالسری کوفی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 243ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تہذیب الکمال (۳۰/۳۱۱، ۳۱۲، ۳۱۳) (۶۶۰۳)، ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۳۲۱) رقم (۱۱۳)، ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۱/۴۶۶)۔

○ حسین بن حریث بن حسن بن ثابت بن قطبۃ خزاعی ابوعمار مروزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 244ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۷۵) (۳۵۲)، والتہذیب (۶/۳۵۸) رقم (۱۳۰۳)، ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی

(۴۰۰/۱۱)۔

○ محمد بن مخلد بن حفص ابوعبداللہ الدوری ثم بغدادی عطار، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 275ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۵۶، ۲۵۷) (۱۰۸)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۳۱۰-۳۱۱)۔

○ سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد ازدی سجستانی ابوداود، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ''، ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۲۱)(۴۱۰)۔

○ محمد بن العلاء بن کریب ابوکریب ہمدانی کوفی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۱/۳۹۴-۳۹۶)، العبر (۱/۴۵۳)۔

•••———•••———•••

3- وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ سُفْيَانَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ السِّبَاعِ وَالدَّوَابِّ .فَقَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِيُّ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ وَتَابَعَهُ الشَّافِعِيُّ عَنِ الثِّقَةِ عِنْدَهُ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ .وَتَابَعَهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ وَيَعِيْشُ بْنُ الْجَهْمِ وَابْنُ كَرَامَةَ وَاَبُوْ مَسْعُوْدٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ الْبَلْخِيُّ فَرَوَوْهُ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ . حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى ح وَاَخْبَرَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ صَالِحِ الشِّيْرَازِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا نَحْوَهُ .

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا: جس میں سے درندے اور جانور پیتے ہوں' ہوتو آپ نے ارشاد فرمایا: جب پانی دو قلے ہو' تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔ یہی روایت بعض دیگر اسناد سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحسن علی بن عبداللہ بن مبشر واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 324ھ

میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۵-۲۶) (۱۳)، العبر (۲/۲۰۳)۔

○ محمد بن کثیر بن ابوعطاء ثقفی صنعانی، ابویوسف،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ لیکن یہ غلطیاں بہت کرتے ہیں۔ ان کا راویوں کے نویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 210ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۳) رقم (۶۵۳)۔

○ لیث بن ابوسلیم بن زنیم،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ البتہ آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ جس کی وجہ سے انہیں ''متروک'' قرار دیا گیا۔ ان کا راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 148ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۳۸) ○ ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۸/۱۳۶) (۱۲)۔

○ مجاہد بن جبر، ابوحجاج مخزومی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی،: یہ مشہور تابعی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگردِ خاص ہیں۔ علمِ تفسیر کے امام سمجھے جاتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 104ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۲۹) (۹۲۲)۔

•••——•••——•••

26 حَدَّثَنَا بِهِ الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو

۲۶- اخرجه البيهقي في السنن (۱/۲۶۲) من طريق الدارقطني به موقوفاً۔

حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ مَوْقُوفًا.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ مجاہد کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے **"موقوف"** حدیث کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن شاکر صائغ ابومحمد بغدادی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ علم حدیث کے بہت بڑے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ ان کا راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 279ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۲/۱)(۹۶)۔

○ معاویہ بن عمرو بن مہلب بن عمرو ازدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے طبقے نویں سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 214ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۶۰/۲)(۱۲۳۸)۔

•••——•••——•••

27 حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رِزْمَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ قَالَ الْقِلَالُ الْخَوَابِي الْعِظَامُ.

★★ عاصم کہتے ہیں: روایات کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ ''القلال'' سے مراد ''بڑے مٹکے'' ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن ابورزمہ، یشکری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابومحمد مروزی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے نویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۹/۱)(۱۲۱۹)۔

•••——•••——•••

28- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو حُمَيْدٍ الْمِصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى اَنَّ يَحْيَى بْنَ عُقَيْلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ يَحْيَى بْنَ يَعْمُرَ اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا

۲۷- اخرجه البيهقي في السنن (۱/ ۲٦٤)-

۲۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۲٦۲) كتاب الطهارة باب قدر القلتين من طريق الدارقطني به' ولم يذكر فيه قول ابن عباس' وقد ساقه في سننه ايضا (۲٦۲/۱) كتاب الطهارة باب الفرق بين القليل الذي ينجس والكثير الذي لا ينجس ما لم يتغير-

كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ نَجَسًا وَّلَا بَأْسًا . فَقُلْتُ لِيَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ قِلَالُ هَجَرَ قَالَ قِلَالُ هَجَرَ . فَاَظُنُّ اَنَّ كُلَّ قُلَّةٍ تَأْخُذُ فَرَقَيْنِ .

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّاَخْبَرَنِىْ لُوطٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ فَصَاعِدًا لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ.

★★ یحییٰ بن عقیل بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ نجس نہیں ہوتا اور (اسے استعمال کرنے میں) کوئی حرج نہیں ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد یحییٰ بن عقیل سے دریافت کیا' اس سے مراد ''ہجر'' کے مٹکے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس سے مراد ہجر کے مٹکے ہیں' تو میں نے یہ اندازہ لگایا: ایک قلہ دو ''فرق'' کے برابر ہوتا ہے۔

مجاہد' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''جب پانی دو قلے یا اس سے زیادہ ہو' تو کوئی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن تمیم ابوحمید مصیصی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۶)۔

○ حجاج بن محمد مصیصی اعور ابومحمد ترمذی الاصل: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ لیکن آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ ان کا راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۵۴)(۱۶۱)۔

○ عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ بعض اوقات تدلیس بھی کر دیتے ہیں اور ارسال بھی کر دیتے ہیں۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۶۲۴) رقم (۴۲۲۱)۔

○ یحییٰ بن عقیل خزاعی بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ امام بخاری نے ان کے حوالے سے ''الادب المفرد'' میں احادیث نقل کی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۳۱/۴۷۳) (۶۸۸۷)۔

○ یحیٰی بن یعمر بصری ابوسلیمان، قاضی مرو: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۵۳/۳۲) (۲۹۵۲)۔

○ عمرو بن عبداللہ ہمدانی ابواسحاق السبیعی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 192ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۳/۲) (۶۲۳)۔

•••——•••——•••

29- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَمَّا رُفِعْتُ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى فِي السَّمَآءِ السَّابِعَةِ نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ وَوَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيَلَةِ يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ قُلْتُ يَا جِبْرِيلُ مَا هٰذَا قَالَ اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِي الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ .

★★ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جب مجھے ساتویں آسمان سے سدرۃ المنتہٰی کی طرف بلند کیا گیا' تو اس کے پھل ''ہجر'' کے مٹکوں کی طرح بڑے بڑے تھے اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح تھے' اس کی جڑ میں سے دونہریں نکل رہی تھیں' جو ظاہری تھیں اور دونہریں تھیں جو باطنی تھیں' میں نے دریافت کیا: اے جبرائیل! یہ کیا ہے؟ تو اُنہوں نے بتایا: باطنی نہریں جنت میں ہیں اور ظاہری نہریں نیل اور فرات ہیں۔

۲۹- اخرجه البخاري (٦/ ٤٤٥-٤٤٧) كتاب بدء الخلق، حديث (٣٢٠٧)، واطرافه في (٣٣٩٣، ٣٤٣٠، ٣٨٨٧)- مسلم (١/ ٤٨٦-٤٨٨) كتاب الايمان، باب: الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم، حديث (٢٥٩/ ١٦٢)، فذكر القلال دون ان يذكر هجر، واحمد (٤/ ٢٠٧-٢٠٨)، والبيهقي (١/ ٢٦٥) كتاب الطهارة باب: (قدر القلتين)-

واخرجه الطبراني (٢/ ١٣١) دون ذكر القلال، والحاكم (١/ ٨١)-

قال الحاكم: هذا حديث صحيح الاسناد، ولم يخرجاه بهذه السياقة، ووافقه الذهبي، ثم قال الحاكم: وله شاهد غريب من حديث شعبة، عن قتادة، عن انس صحيح الاسناد ولم يخرجاه ثم اخرجه، فذكر طرفا من حديث المعراج، ثم قال: قلت لشيخنا: ابي عبد الله: لم لم يخرجا هذا الحديث!

قال: لان انس بن مالك لم يسمعه من النبي صلى الله عليه وسلم انما سمعه من مالك بن صعصعة- قال الحاكم: ثم نظرت فاذا الاحرف التي سمعها من مالك بن صعصعة غير هذه- وليعلم طالب هذا العلم ان حديث المعراج قد سمع انس بعضه من النبي صلى الله عليه وسلم، وبعضه من ابي ذر الغفاري، وبعضه من مالك بن صعصعة غير هذه، وبعضه من ابي هريرة)- اه-

قلت: قد بينا ان الشيخين اخرجه الحديث من رواية انس عن مالك بن ابي صعصعة-

ولتمام الفائدة اقول: ان السبب الذي جعل الدارقطني - رحمه الله- اورد هذا الحديث هنا؛ كانه اراد ان يقول: ان القلة هي كقلال هجر، والدليل على ذلك ان النبي صلى الله عليه وسلم لما وصف لهم نبق سدرة المنتهى، وصفها لهم بقلال هجر، لعلمهم بها ولانها هي المشهورة لديهم، فعلم انه ان اطلقها فانما اراد بها قلال هجر، وقد ذكر هذا الدليل، بناء على ان ما ورد من وصفها في احاديث المياه بقلال هجر احاديث لا تثبت عند التحقيق- اه-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معمر بن راشد ازدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوعروۃ بصری نزیل الیمن، :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۶۶)(۱۳۸۴)۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

انس بن مالک بن نضر بن ضمضم بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن نجار۔

آپ کا تعلق خزرج قبیلے کی شاخ "بنوعدی بن نجار" سے ہے۔

آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص ہیں اور اس نسبت پر بہت فخر کیا کرتے تھے۔

آپ کی کنیت "ابوحمزہ" تھی۔ یہ کنیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز کی تھی۔ اس کی وجہ تسمیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے' "حمزہ" ایک سبزی کا نام تھا جسے یہ کھاتے نہیں تھے۔

ان کی والدہ سیّدہ اُمّ سلیم بنت ملحان رضی اللہ عنہا ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ زرد رنگ کا خضاب استعمال کیا کرتے تھے۔

بعض حضرات نے یہ بات نقل کی ہے: آپ مہندی لگایا کرتے تھے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ ورس لگایا کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لمبے بال رکھے ہوئے تھے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دس برس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ دعا دی تھی

(اللہ تعالیٰ ان کے مال اور اولاد میں برکت پیدا کرے) تو ان کا ایک باغ تھا جہاں سال میں دو مرتبہ پھل لگا کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بہت سی احادیث منقول ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والوں میں ابن سیرین' حمید طویل' ثابت بنانی' قتادہ' حسن بصری' زہری

طبقات ابن سعد (22/6) طبقات خلیفۃ (ص 133/71) التاریخ الکبیر (434/1) الجرح والتعدیل (278/2) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (300/2) الاستیعاب (133/1) اسد الغابۃ (118/1) تہذیب الکمال (286/3) تجرید اسماء الصحابۃ (23/1) الاصابۃ (60/1) التہذیب (359/1) التقریب ص 113)

اور دیگر بہت سے افراد شامل ہیں۔

ان کے پاس نبی اکرم ﷺ کا ایک عصاء مبارک بھی تھا۔ جب ان کا انتقال ہونے لگا تو انہوں نے یہ وصیت کی' وہ عصاء بھی میرے ساتھ دفن کیا جائے۔ چنانچہ وہ عصاء ان کے پہلو میں رکھ دیا گیا۔

بعض حضرات کے بیان کے مطابق حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا انتقال ۹۱ ہجری میں ہوا جبکہ بعض روایات میں ۹۲ ہجری اور ۹۰ ہجری کا ذکر بھی ملتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انتقال کے وقت ان کی عمر ۱۶۳ برس تھی۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: ۱۱۰ برس تھی۔ بعض نے ۱۰۷ برس کا تذکرہ کیا ہے۔ بعض نے ۹۰ برس کا تذکرہ کیا ہے اور بعض نے کچھ اس سے کم اور زیادہ کا تذکرہ کیا ہے لیکن زیادہ قرین قیاس یہی ہے کہ ان کی عمر ۱۰۰ کے لگ بھگ تھی۔

بصرہ میں انتقال کرنے والے یہ سب سے آخری صحابی ہیں۔

•••——•••——•••

30- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ هَارُوْنَ الْبَلَدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُلْوَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَسَارَ لَيْلاً فَمَرُّوا عَلٰى رَجُلٍ جَالِسٍ عِنْدَ مَقْرَاةٍ لَهٗ فَقَالَ عُمَرُ يَا صَاحِبَ الْمَقْرَاةِ اَوَلَغَتِ السِّبَاعُ اللَّيْلَةَ فِيْ مَقْرَاتِكَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا صَاحِبَ الْمَقْرَاةِ لاَ تُخْبِرْهُ هٰذَا مُكَلِّفٌ لَهَا مَا حَمَلَتْ فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَنَا مَا بَقِيَ شَرَابٌ وَّطَهُوْرٌ .

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ سفر پر تشریف لے گئے' آپ رات بھر چلتے رہے' آپ کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا' جو تالاب کے کنارے بیٹھا ہوا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے تالاب والے شخص! کیا تمہارے اس تالاب میں گزشتہ رات درندوں نے پانی پیا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے فرمایا: اے تالاب کے مالک! تم اسے اس بارے میں نہ بتاؤ' یہ شخص احتیاط پسند ہے' ان درندوں نے جو پی لیا وہ ان کا ہوا اور جو باقی بچ گیا' وہ ہمیں مشروب کے طور پر مل گیا۔

———

۳۰- في اسناده ايوب بن خالد الجهني' ابو عثمان الحراني: ضعيف- وقد اخرج ابن ماجه (۱/۱۷۳) كتاب الطهارة' باب: الحياض' حديث (۵۱۹) والبيهقي (۱/۲۵۸) كتاب الطهارة' باب: الماء الكثير لا ينجس بنجاسة تحدث فيه مالم يتغير- كلاهما من طريق عبد الرحمن بن اسلم' عن ابيه' عن عطاء بن يسار' عن ابي سعيد الخدري- رضي الله عنه- ان النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن الحياض التي بين مكة والمدينة تردها السباع والكلاب والحمر' وعن الطهارة منها؛ فقال: لها ما حملت في بطونها' ولنا ما غبر طهور) وهذا لفظ ابن ماجه ولفظ البيهقي بنحوه-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن احمد بن صالح ابومحمد سبیعی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 371ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۷۲/۷)(۳۷۶۰)۔

○ علی بن حسن بن ہارون بن عبدالجبار بن زید بلدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 400ھ کے بعد ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الانساب (۳۸۹/۱) (بلدی)۔

○ ایوب بن خالد جہنی ابوعثمان حرانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۹/۱)(۶۹۵)۔

○ محمد بن علوان، امام ابوحاتم نے الجرح والتعدیل (۴۹/۸) میں انہیں (مجہول) قرار دیا ہے۔:ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۶۲/۶)(۷۹۶۵)۔

○ نافع ابوعبداللہ مدنی مولی ابن عمر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۶/۲)(۳۰)۔

31- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

☆☆ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خطاب بن قاسم حرانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔یہ آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہوگئے تھے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۴/۱)(۱۳۲)۔

○ عبدالکریم بن مالک جزری ابوسعید مولی بنی امیۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۶/۱)(۱۲۸۳)۔

32- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ السَّلُوْلِيُّ اَبُوْ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ اَهْلُ الْعِلْمِ يَكْتُبُوْنَ مَا لَهُمْ وَمَا عَلَيْهِمْ وَاَهْلُ الْاَهْوَاءِ لَا يَكْتُبُوْنَ اِلَّا مَا لَهُمْ.

★★ وکیع کہتے ہیں: اہلِ علم ہر چیز کو نوٹ کرتے ہیں' خواہ وہ ان کے حق میں ہوتی ہے' یا حق میں نہیں ہوتی ہے۔ اور بدعتی لوگ صرف اسی چیز کو نوٹ کرتے ہیں' جو ان کے حق میں ہوتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وکیع بن جراح بن ملیح الرواسی، ابوسفیان کوفی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 297ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۳۱/۲)(۴۰)۔

•••——•••——•••

33- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ اَبِىْ زَائِدَةَ يَقُوْلُ كِتَابَةُ الْحَدِيْثِ خَيْرٌ مِّنْ مَّوْضِعِهٖ.

یحییٰ بن ابوزائدہ فرماتے ہیں: حدیث نوٹ نہ کرنے سے' نوٹ کر لینا زیادہ بہتر ہے۔

34- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ وَبُرْهَانٌ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الدِّيْنَوَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً فَاِنَّهٗ لَا يَحْمِلُ الْخَبَثَ . كَذَا رَوَاهُ الْقَاسِمُ الْعُمَرِيُّ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ وَّوَهِمَ فِىْ اِسْنَادِهٖ وَكَانَ ضَعِيْفًا كَثِيْرَ الْخَطَاِ وَخَالَفَهٗ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ رَوَوْهُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو مَوْقُوْفًا وَرَوَاهُ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ مِنْ قَوْلِهٖ لَمْ يُجَاوِزْهُ .

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب پانی چالیس قلے کی حد تک پہنچ جاتا ہے' تو وہ ناپاک نہیں ہوتا ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔ تاہم اس کی سند میں وہم پایا جاتا ہے۔

ایک اور راوی نے اس روایت کو دوسری سند کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

۳۴- اخرجه البيهقي (۲۶۲/۱) كتاب الطهارة' باب: الفرق بين القليل الذي ينجس والكثير الذي لا ينجس ما لم يتغير-

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ ابن منکدر سے ان کے اپنے قول کے طور پر منقول ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:
''اس سے زیادہ نہ ہو''۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بن کعب بن غنم بن مالک بن سلمہ۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو غزوۂ بدر میں شرکت کرنے کا شرف حاصل ہے جبکہ بعض نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو اس میں شرکت کرنے کا شرف حاصل نہیں ہے۔ اسی طرح غزوۂ اُحد میں ان کی شرکت کے بارے میں بھی اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

بعض محدثین نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۷ غزوات میں شرکت کی ہے۔

جنگ صفین کے دوران حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے تھے۔

آخری عمر میں یہ نابینا ہو گئے تھے۔

یہ زرد رنگ کا خضاب استعمال کیا کرتے تھے۔

بیعت عقبہ میں شرکت کرنے والوں میں سے' سب سے آخر میں مدینہ منورہ میں انہی کا انتقال ہوا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بکثرت احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔

آپ سے امام باقر رضی اللہ عنہ' ابو عمرو بن دینار' ابو زبیر مکی' عطاء' مجاہد وغیرہ نے احادیث روایت کی ہیں۔

طبقات خلیفة (ص 78 99) معرفة الصحابة لابی نعیم (228/3) الجمهرة لابن حزم (ص 354) الاستيعاب (205/1) اسد الغابة (271/1) تجريد اسماء الصحابة (63/1) الاصابة (201/1) التهذيب (9/2) التقريب (ص 132)

طبقات خليفة (ص 94) التاريخ الكبير (167/2) الجرح والتعديل (356/2) معجم الصحابة للبغوی (ق 30/ب) الثقات لابن حبان (43/3) معرفة الصحابة لابی نعيم (219/3) الاستيعاب (200/1) اسد الغابة (275/1) تهذيب الكمال (366/4) تجريد اسماء الصحابة (64/1) الاصابة (203/1) التهذيب (12/2) التقريب (ص 133) المغنى لمحمد طاهر (ص 144) الرياض المستطابة (ص 42) بقى ابن مخلد ومقدمة مسنده (ص 136)

طبقات ابن سعد (88/7) طبقات خليفة (ص 102) التاريخ الكبير (207/2) الجرح والتعديل (492/2) معجم الصحابة للبغوی (ق 34/ب) الثقات لابن حبان (51/3) المستدرك للحاكم (564/3) معرفة الصحابة لابی نعيم (ج 1 ق 121/ا) الاستيعاب (219/1) اسد الغابة (307/1) سير اعلام النبلاء (189/3) تجريد اسماء الصحابة (73/1) الكاشف (122/1) الاصابة (222/1) التهذيب (42/2) التقريب (ص 136) الرياض المستطابة ص 44)

مشہور قول کے مطابق حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا انتقال ۷۴ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۹۴ برس تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدۃ ہمدانی، ابوسعید کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 184ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۷/۲)(۶۳)۔

○ ابوحسین عبدالصمد بن علی بن محمد بن مکرم بغدادی الطستی الوکیل: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 346ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۵۵۵/۱۵-۵۵۶)۔

○ محمد بن بکیر، ابن واصل بغدادی ابوحسن نزدیل اصبھان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ لیکن یہ غلطی کر جاتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۴۸/۲)(۸۳)۔

○ قاسم بن عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب، العمری مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں کذاب قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۸/۲)(۲۶)۔

○ محمد بن منکدر بن عبداللہ بن الھدیر، تیمی مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرا طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 130ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۱۰/۲)(۷۳۶)۔

•••———•••———•••

35- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً لَمْ يَنْجُسْ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

۳۵-اخرجه ابن جرير الطبري في تهذيب الآثار رقم (۱۰۸۹) من طريق روح بن القاسم' به- واخرجه ابن ابي شيبة (۱/ ۱٤٤)' وابو عبيد في الطهور رقم (۱۷۰)' والعقيلي في الضعفاء (۲/ ٤٧۲)' والبيهقي (۱/ ۲٦۲)' وابن المنذر في الاوسط (۱/ ۲٦٤)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبید اللہ عمر بن میسرۃ قواریری ابوسعید بصری، نزیل بغداد: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۷)(۱۴۸۹)۔

○ روح بن قاسم تمیمی عنبری ابوغیاث: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 141ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: (۱/۲۴۵)(۱۲۲)۔

•••———•••———•••

36- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَأَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ أَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو' تو کوئی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن بختری، حسانی، ابوعبد اللہ واسطی نزیل بغداد: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۴۴)(۴۵)۔

○ فضل بن دکین، کوفی تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) الاحول ابونعیم الملائی، یہ امام بخاری کے استاد ہیں: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 218ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۰)(۳۴)۔

37- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ وَمَعْمَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو مِثْلَهُ سَوَاءً.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

۳۷- رواه البيهقي (۱/۲۶۲)- وانظر الحديث رقم (۳۵)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن صالح بن عبدالرحمٰن ابوعلی صفار النحری صاحب مبرد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 341ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۲/۶)(۳۳۴۴)۔

○ احمد بن منصور بن سیار البغدادی الرمادی ابوبکر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۲/۱)(۳۲۵)۔

38- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اِذَا كَانَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً لَمْ يُنَجِّسْهُ شَىْءٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو کوئی بھی چیز اسے ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن یحییٰ بن جعد عبدی ابوعلی بن ابوربیع جرجانی نزیل بغداد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۲/۱)(۳۲۵)۔

39- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِىُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً لَمْ يَنْجُسْ .اَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا.

☆☆ محمد بن منکدر بیان کرتے ہیں: جب پانی چالیس قلے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا' یا شاید اسی کی مانند کوئی لفظ انہوں نے بیان کیا ہے۔

40- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِىُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ

۳۹- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱۴۴/۱)' وابن جرير في تهذيب الآثار رقم (۱۰۹۰)' والعقيلي في الضعفاء الكبير (۴۷۲/۳)' والبيهقي في السنن (۲۶۲/۱)-

۴۰- اخرجه ابو عبيد في الطهور رقم (۱۷۱)-

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ قَدْرَ أَرْبَعِينَ قُلَّةً لَمْ يَحْمِلْ خَبَثًا . كَذَا قَالَ وَخَالَفَهُ غَيْرُ وَاحِدٍ رَوَوْهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالُوا أَرْبَعِينَ غَرْبًا وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ أَرْبَعِينَ دَلْوًا .سُلَيْمَانُ بْنُ سِنَانٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا هُرَيْرَةَ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابوہریرہ اپنے والد (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) کا یہ قول نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں:

''جب پانی چالیس قلے کی مقدار تک پہنچ جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا''۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' بعض روایات میں ''چالیس بڑے ڈول'' کا لفظ استعمال ہوا ہے' بعض روایات میں ''چالیس چھوٹے ڈول'' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

(یعنی یہ لفظ ''قلے'' کی جگہ استعمال ہوا ہے۔)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہارون بن معروف مروزی ابوعلی خزاز ضریر نزیل بغداد،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 231ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۳/۲)(۲۵)۔

○ عبداللہ بن لھیعۃ، ابن عقبۃ حضرمی ابوعبدالرحمٰن مصری قاضی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 174ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۴۴/۱)(۵۷۴)

○ یزید بن ابوحبیب مصری ابورجاء،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 128ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۳/۲)(۲۳۷)۔

○ سلیمان بن سنان مزنی مدنی نزیل مصر،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۶/۱)(۴۴۹)۔

○ عبدالرحمٰن بن ابوہریرۃ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے والد حضرت ابوہریرہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔ شیخ ابن حبان نے کتاب ''الثقات'' میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الثقات (۸۲/۵)۔

2- باب الْمَآءِ الْمُتَغَيِّرِ

باب: وہ پانی جو تبدیل ہو چکا ہو

41- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ السَّرَّاجِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شُرَحْبِيلَ عِيسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ اِلَّا مَا غَلَبَ عَلٰى رِيْحِهٖ اَوْ عَلٰى طَعْمِهٖ.

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''پانی پاک کرنے والی چیز ہے' ماسوائے اس پانی کے' جس کی بو یا ذائقے پر (ناپاک چیز) غالب آ جائے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن سراج بن عبداللہ ابوحسن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 308ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۱/۴۳۱-۴۳۳) (۶۳۲۳)۔

○ عیسیٰ بن خالد خراسانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۶/۲۷۵) (۱۵۲۵)۔

○ مروان بن محمد بن حسان اسدی دمشقی طاطری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳۹) (۱۰۲۴)۔

○ رشدین، ابن سعد بن مفلح مھری، ابوحجاج مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 188ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵۱) (۹۲)۔

○ معاویہ بن صالح بن حدیر، حضرمی ابوعمرو او ابوعمرو او ابوعبدالرحمٰن حمصی قاضی الاندلس، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 198ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۹) (۱۳۳۲)۔

○ راشد بن سعد مقرائی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرا طبقے

۴۱- اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۱/۲۵۹-۲۶۰)، نحوه وقد ضعف الحديث ابن الملقن في البدر المنير (۲/۷۶)، والحافظ في التلخيص (۱/۱۶)، وكذا الزيلعي في نصب الراية (۱/۹۵)-

سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 108ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۴۰)(۳)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس باب کے تحت مختلف روایات نقل کی ہیں' جس میں سے بعض احادیث ہیں' بعض تابعین کے اقوال ہیں اور بعض آثار ہیں۔ ان روایات میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: اگر پانی میں کوئی چیز مل جاتی ہے اور وہ پانی کے رنگ' بو یا ذائقے کو تبدیل کر دیتی ہے تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

اگر پانی میں کوئی نجاست گر جاتی ہے تو اب سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیا جائے گا' وہ پانی ٹھہرا ہوا ہے یا بہہ رہا ہے؟ یا پھر بعض حصہ ٹھہرا ہوا ہے اور بعض حصہ بہہ رہا ہے؟

اگر وہ پانی ٹھہرا ہوا ہو' تو پھر آپ نجاست کا جائزہ لیں گے۔ اگر وہ کوئی ایسی نجاست ہو جو پانی میں حل ہو سکتی ہو' جیسے پیشاب ہو یا کوئی ایسا مردار ہو جس کا خون یا غلاظت بہہ سکتی ہو' تو پھر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا' اگر وہ نجاست پانی کی کسی ایک صفت کو تبدیل کر دیتی ہے' یعنی وہ صفت ذائقہ بھی ہو سکتی ہے' رنگ بھی ہو سکتا ہے اور بو بھی ہو سکتی ہے' تو ایسی صورت میں وہ پانی ناپاک شمار ہوگا۔

اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی ہے ماسوائے اس چیز کے جو پانی کے ذائقے یا بو کو تبدیل کر دے''۔

اس حدیث میں اگرچہ صرف ذائقے اور بو کا لفظ استعمال ہوتا ہے لیکن فقہاء نے رنگ کو بھی اس پر قیاس کیا ہے' کیونکہ یہ بھی پانی کے بنیادی اوصاف میں سے ایک ہے۔ جس طرح ذائقہ اور بو پانی کے اوصاف میں سے ایک ہے' ہم اس سے پہلے بھی یہ بات بیان کر چکے ہیں' اور اس پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے: جب نجاست پانی کے ذائقے' رنگ یا بو کو تبدیل کر دے' تو ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا یا طہارت حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔

•••———•••———•••

42- حَدَّثَنَا ابْنُ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَحْوَصِ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَنْجُسُ الْمَاءَ اِلَّا مَا غَيَّرَ طَعْمَهُ اَوْ رِيْحَهُ . لَمْ يُجَاوِزْ بِهٖ رَاشِدٌ وَّاَسْنَدَهُ الْغُضَيْضِيُّ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ.

☆☆ حضرت راشد بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

۴۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۲٦٠) كتاب الطهارة' باب نجاسة الماء الكثير اذا غيرته النجاسة' والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/ ۱٦)' وابن ابي حاتم في العلل (۱/ ٤٤)' وقد رواه عبد الرزاق في المصنف (۱/ ۸٠) رقم (۲٦٤)۔

''پانی کو کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے جو چیز اس کے ذائقے یا بو کو تبدیل کر دیں''۔
مذکورہ روایت راشد بن سعد تک منقول ہے' تاہم غضیضی نے اس حدیث کو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن حسن بن اسحاق بن ابراہیم بن عبداللہ ابوعلی المعروف بابن صواف، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 359ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۸۹/۱)(۱۴۰)۔

○ حامد بن محمد بن شعیب بن زہیر ابوالعباس بلخی مودب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 309ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۶۹/۸-۱۷۰) رقم (۴۲۸۰)۔

○ سریج بن نعمان بن مروان جوہری ابوحسن بغدادی،علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 210ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۵/۱)(۶۲)۔

43- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْاَبَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو الْحَجَّاجِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لاَ يُنَجِّسُ الْمَاءَ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَيَّرَ رِيحَهُ اَوْ طَعْمَهُ . لَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُ رِشْدِيْنَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ وَلَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَالصَّوَابُ فِيْ قَوْلِ رَاشِدٍ .

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے اس چیز کے جو اس پانی کی بو اور ذائقے کو تبدیل کر دے۔

اس روایت کو ''مرفوع'' کے طور پر صرف رشدین بن سعد نے نقل کیا ہے اور یہ راوی مستند نہیں ہے' صحیح یہ ہے' یہ راشد بن سعد کے قول پر منقول ہے۔

۴۳- اخرجه ابن ماجه (۱/ ۱۷٤) كتاب الطهارة وسننها' باب الحياض الحديث (۵۲۱)' والبيهقي في الكبرٰى (۱/ ۲۵۹)' (۱/ ۲۵۹-۲٦۰) كتاب الطهارة' باب نجاسة الماء الكثير اذا غيرته نجاسة- والطبراني في الكبير (۷/ ۱۲۳) رقم (۷۵۰۳)-

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت صدی بن عجلان رضی اللہ عنہ (ابوامامہ باہلی)

ان کا سلسلہ نسب یہ ہے:
صدی بن عجلان بن حارث۔ بعض حضرات نے صدی بن عجلان بن وہب بیان کیا ہے۔ ان کی کنیت ''ابوامامہ بن باہلی'' ہے۔ ان کا تعلق قبیلہ باہلہ کی شاخ سہم سے ہے۔ تاہم یہ ان کنیت ''ابوامامہ باہلی'' سے زیادہ مشہور ہیں۔ انہوں نے شام کے شہر حمص میں رہائش اختیار کی تھی۔

سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: شام میں صحابہ کرام میں سب سے آخر میں انہی کا انتقال ہوا۔

تاہم دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: شام میں انتقال کرنے والے آخری صحابی حضرت عبداللہ بن بشیر رضی اللہ عنہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوالعباس احمد بن علی بن مسلم الابار، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 290ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳، ۴۴۳، ۴۴۴) (۲۱۸)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۶/۴-۳۰۷)، العبر (۸۵/۲-۸۶)۔

○ محمد بن یوسف بن صباح الغضیضی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۲/۳) (۱۵۱۳)۔

•••———•••———•••

44- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَرَّانِيُّ اَبُوْ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْحَرَشِيُّ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ الْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی''۔

۴۴-وقع في اسناده (محمد بن موسى الحرشي)' وهو تحريف' فانه (محمد بن موسى الحرشي)' فانه هو الذي يروي عن فضيل بن سليمان النميري كما في تهذيب الكمال (۲۲/ ۴۷۴)' وكذا ايضا ذكره ابن الملقن في البدر المنير (۷۵/۲)- والحديث عزاه ابن الملقن الى (قاسم بن اصبغ وحسن اسناده' وللحديث شواهد من حديث جابر وابن عباس وعائشة- ينظر تخريجها في تلخيص الحبير والبدر المنير-

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:
سہل بن سعد بن مالک بن خالد بن ثعلبہ بن حارثہ بن عمرو
آپ انصار کے خاندان بنو ساعدہ سے تعلق رکھتے ہیں۔
آپ کی کنیت "ابوالعباس" بعض لوگوں نے ابویحییٰ بیان کی ہے۔
حضرت سہل رضی اللہ عنہ کا انتقال 88 ہجری میں 96 برس کی عمر میں ہوا۔
بعض حضرات کے بیان کے مطابق آپ کا انتقال 91 ہجری میں 100 برس کی عمر میں ہوا۔
مدینہ منورہ میں انتقال کرنے والے یہ سب سے آخری صحابی ہیں۔
ابوحاجر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا' وہ فرماتے ہیں: جب میں فوت ہو جاؤں گا تو تم کسی کو یہ کہتے ہوئے نہیں سنو گے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: (یعنی پھر کوئی صحابی باقی نہیں رہے گا)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ الامام ابوحسن علی بن احمد بن عبدالعزیز جرجانی محتسب: انہوں نے امام فربری سے "صحیح بخاری" روایت کی ہے۔ جبکہ امام حاکم نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔ان کا انتقال 366ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "سیر اعلام النبلاء" از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۶/ ۲۴۷) (۱۷۳)۔

○ محمد بن موسیٰ بن نفیع الحرشی، :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "لین" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۱) (۷۴۸)۔

○ فضیل بن سلیمان النمیری، ابوسلیمان بصری علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۲) (۶۳)۔

○ سلمۃ بن دینار ابوحازم اعرج الاثور التمار مدنی قاضی، :علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۱۶) (۳۶۰)۔

•••———•••———•••

45- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَلَبَ عَلَيْهِ رِيْحُهُ اَوْ طَعْمُهُ . مُرْسَلٌ .وَوَقَفَهُ اَبُوْ اُسَامَةَ عَلٰى رَاشِدٍ.

☆☆ راشد بن سعد بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

پانی کو کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی ماسوائے اس چیز کے جس کی بو یا ذائقہ اس پانی پر غالب آ جائے۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے اور ابواسامہ نامی راوی نے اسے راشد بن سعد تک ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

46- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ وَّرَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَا اَلْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ اِلَّا مَا غَيَّرَ رِيْحَهُ اَوْ طَعْمَهُ.

☆☆ ابوعون راشد بن سعد بیان کرتے ہیں: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی' ماسوائے اس چیز کے' جو پانی کی بو یا اس کے ذائقے کو تبدیل کر دے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوبختری عبداللہ بن محمد بن شاکر عنبری بغدادی مقری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 270ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۳/۳۳،۳۴) (۱۹)، ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰/۸۲-۸۳)۔ المنتظم (۵/۷۷)۔

○ محمد بن عبید اللہ بن ابوسعید ابوعون ثقفی کوفی اعور، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۸۷)(۴۹۲)۔

•••———•••———•••

47- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ اِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ كُلُّهُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ.

☆☆ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

۴۵- رواہ البیہقی فی الکبری (۱/۲۶۰) کتاب الطہارۃ' باب الماء الکثیر اذا غیرتہ النجاسۃ-

۴۷- اخرجہ البیہقی فی الکبری (۱/۲۵۹) کتاب الطہارۃ باب الماء الکثیر لا ینجس بنجاسۃ-

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں سعید بن میتب رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ نقل کیا ہے۔ جن کا اجمالی تعارف درج ذیل ہے:

حضرت سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ

سعید بن میتب ابن حزن بن ابووہب بن عمرو بن عائذ بن عمران ابومحمد القرشی المخزومی، عالم اہل المدینۃ،

انہوں نے حضرت عمر کی زیارت کی ہے۔ اور حضرت عثمان' حضرت علی' حضرت زید بن ثابت' حضرت ابوموسیٰ اشعری' حضرت سعد بن ابی وقاص' سیّدہ عائشہ صدیقہ' سیّدہ اُم سلمہ' حضرت ابو ہریرہ' حضرت عبداللہ بن عباس اور دیگر صحابہ کرام سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

ادریس بن صبیح-اسامۃ بن زید اللیثی-اسماعیل بن امیۃ-بشیر-عبد الرحمٰن بن حرملۃ-عبد الرحمٰن بن حمید بن عبدالرحمٰن-عبد الکریم الجزری-عبد المجید بن سہیل-عبیداللہ بن سلیمان العبدی-عثمان بن حکیم-عطاء الخراسانی-عقبۃ - ابن حریث-علی بن جدعان-علی بن نفیل الحرانی-عمارۃ بن عبداللہ ابن طعمۃ-عمرو بن شعیب-عمرو بن دینار-عمرو بن مرۃ-عمرو بن مسلم اللیثی-غیلان بن جریر-القاسم بن عاصم-ابنہ محمد بن سعید-قتادۃ-محمد بن صفوان-محمد بن عبدالرحمٰن بن ابولبیبۃ-ابوجعفر بن علی-محمد بن عمرو بن عطاء-الزہری-ابن المنکدر-معبد ابن ہرمز-معمر بن ابوحبیبۃ-موسیٰ بن وردان-میسرۃ الاشجعی-... بن مہران-ابوسہیل نافع بن مالک- الزہری-قتادۃ-عمرو بن دینار-یحییٰ بن سعید الانصاری-بکیر بن الاشج-داود بن ابوہند-سعد بن ابراہیم-علی بن زید بن جدعان-شریک بن ابونمر-عبدالرحمٰن بن حرملۃ

آپ کی کنیت ابومحمد ہے۔ آپ قریش سے تعلق رکھتے ہیں۔

آپ اپنے وقت کے مدینہ منورہ کے جلیل القدر عالم تھے۔

آپ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مرسل احادیث نقل کی ہیں۔

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ ' حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور ان کے والد حضرت میتب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کردہ ان کی احادیث بخاری و مسلم میں موجود ہیں۔

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ' حضرت معمر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے منقول ان کی روایات صحیح مسلم میں منقول ہیں۔

*طبقات ابن سعد 119/5 ، طبقات خلیفۃ ت 2096، تاریخ البخاری 510/3 ، المعارف 437، المعرفۃ والتاریخ 468/1 ، الجرح والتعدیل القسم الاول المجلد الثانی 59، الحلیۃ 161/2 ، طبقات الفقہاء للشیرازی 57، تہذیب الاسماء واللغات القسم الاول من الجزء الاول 219-فیات الاعیان 375/2 ، تہذیب الکمال ص 505، تاریخ الاسلام 4/ 4 و 188، تذکرۃ الحفاظ 51/1 ، العبر 110/1 ، تذہیب التہذیب 2/ 28 آ، البدایۃ والنہایۃ 99/9 ، غایۃ النہایۃ ت 1354، تہذیب التہذیب 84/4 ، النجوم الزاہرۃ 228/1 ، طبقات الحفاظ للسیوطی 17، خلاصۃ تذہیب التہذیب 143، شذرات الذہب 102./1

انہوں نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو احادیث نقل کی ہیں۔ وہ صحیح بخاری میں موجود ہیں۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو احادیث نقل کی ہیں وہ چاروں سند میں موجود ہیں۔

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مرسل روایات نقل کی ہیں۔

ان سے بکثرت لوگوں نے احادیث نقل کی ہیں۔

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں پیدا ہوئے تھے۔

قتادہ فرماتے ہیں: میں نے سعید بن میتب سے بڑا عالم اور کوئی نہیں دیکھا۔

علی بن مدینی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے علم کے مطابق تابعین میں سعید بن میتب سے بڑا عالم اور کوئی نہیں ہے۔ وہ میرے نزدیک سب سے جلیل القدر تابعی ہیں۔ ابن موسیٰ بیان کرتے ہیں: جب سعید بن میتب فتویٰ دیتے تھے۔ اس وقت بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حیات تھے۔

محمد بن یحییٰ بن حبان بیان کرتے ہیں: اپنے زمانے میں سعید بن میتب فتویٰ دینے میں مقدم تھے۔

سعید بن میتب کا انتقال ۹۴ ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یعقوب بن ابراہیم بن احمد بن عیسیٰ بن بختری ابوبکر بزاز یعرف بالجراب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴/۲۹۳-۲۹۴)(۷۵۹۷)۔

○ ہشیم، ابن قاسم بن دینار السلمی ابومعاویۃ بن ابوخازم، واسطی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۲۰)(۱۰۳)۔

○ داؤد بن ابوھند قشیری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوبکر او ابومحمد بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳۵)(۴۵)۔

○ سعید بن میتب بن حزن بن ابووہب بن عمرو بن عابد بن عمران بن مخزوم قرشی مخزومی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۰۵،۳۰۶)(۲۶۰)۔

•••———•••———•••

48- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ - يَعْنِىْ ابْنَ

اَبِیْ شَیْبَةَ - حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَیَّةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ سَاَلْنَاهُ عَنِ الْغُدْرَانِ وَالْحِیَاضِ تَلِغُ فِیْهَا الْکِلَابُ فَقَالَ اُنْزِلَ الْمَاءُ طَهُوْرًا لَا یُنَجِّسُهُ شَیْءٌ.

☆☆ داؤد بن ابوہند بیان کرتے ہیں: ہم نے سعید بن مسیب سے کنویں اور ایسے حوض کے بارے میں دریافت کیا جس میں سے کتے بھی پی لیتے ہیں' تو انہوں نے فرمایا: پانی تو پاک چیز کے طور پر نازل کیا گیا ہے' اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وقع فی (ط): (محمد) والصواب ما اثبتناہ وقد تقدمت الترجمۃ۔ ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۱/۳۰۲،۳۰۳) (۲۰۹۲)۔

○ یحییٰ بن ابوطالب جعفر بن الزبرقان، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۷/۱۹۱) (۹۵۵۵)۔

49- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْفَارِسِیُّ وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ اَنْبَاَنَا دَاوُدُ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ قَالَ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی الْمَاءَ طَهُوْرًا فَلَا یُنَجِّسُهُ شَیْءٌ.

☆☆ داؤد سعید بن مسیب کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے پانی کو پاک چیز کے طور پر نازل کیا ہے اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی''۔

50- حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّیَّاتُ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْقَاضِی الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ کَرَامَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ کَثِیْرٍ ح وَحَدَّثَنَا الْقَاضِی الْحُسَیْنُ حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ کَثِیْرٍ الْمَخْزُوْمِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ کَعْبٍ الْقُرَظِیِّ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَتَوَضَّاُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِیَ یُلْقٰی فِیْهَا الْمَحِیْضُ وَالنَّتْنُ

۴۸- اخرجه ابن ابي شيبة (۱/۱۳۲) رقم (۱۵۱۸) قال: حدثنا ابن علية به كما ذكره المصنف' ومن طريق المصنف اخرجه البيهقي (۱/۲۵۹)-

۵۰- اخرجه ابو داؤد (۱/۵۵) كتاب الطهارة' باب ما جاء في بئر بضاعة' الحديث (۶۷)' والشافعي في المسند (۱/۲۱) كتاب الطهارة' باب في المياه' الحديث (۳۵)' وابو داؤد الطيالسي (۲۹۲)' واحمد (۳/۳۱) في مسند ابي سعيد الخدري رضي الله عنه' والترمذي (۱/۹۵): كتاب الطهارة' باب ماجاء ان الماء لا ينجسه شيء' الحديث (۶۶)' والنسائي (۱/۱۷۴): كتاب المياه' باب ذكر بئر بضاعة' وابن الجارود ص (۲۷) باب في طهارة الماء' الحديث (۴۷)' والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/۱۱) كتاب الطهارة' والبيهقي (۱/۲۵۷) كتاب الطهارة' باب الماء الكثير لا ينجس بنجاسة-

وَقَالَ يُوسُفُ وَالْجِيَفُ وَقَالُوا وَلُحُومُ الْكِلَابِ فَقَالَ إِنَّ الْمَاءَ طَهُورٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ .

وَالْحَدِيثُ عَلَى لَفْظِ ابْنِ أَبِي عَوْنٍ .وَقَالَ يُوسُفُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم لوگ ''بضاعہ'' کنویں سے وضو کر لیتے ہیں' حالانکہ اس میں حائضہ عورتوں کے کپڑے اور دیگر گندی چیزیں ڈالی جاتی ہیں۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''مردار'' ڈالا جاتا ہے۔

بعض راویوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: کتے کا گوشت ڈال دیا جاتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی پاک ہوتا ہے' اُسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

حدیث کے یہ الفاظ ابن ابوعون نامی راوی کے نقل کردہ الفاظ کے مطابق ہیں۔

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ (ابوسعید خدری)

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے: حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بن حنان بن عبید بن ثعلبہ بن امجد (یہ امجد نامی صاحب کا نام خدرہ ہے) بن اوس بن حارث بن خزرج۔

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کا تعلق انصار کے قبیلے خزرج سے ہے۔

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی کنیت کے حوالے سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپ کی کنیت ''ابوسعید خدری'' ہے۔

یہ مشہور اور فاضل صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔

آپ سے بہت سی احادیث منقول ہیں۔

انہوں نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی۔

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۲ غزوات میں شرکت کی تھی۔

صحابہ کرام میں سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ان سے احادیث نقل کی ہیں۔

تابعین میں سے ابوسلمہ' عبیداللہ بن عبداللہ' عطاء بن عبداللہ' عطاء بن یسار' ابوامامہ بن سہل اور دیگر حضرات نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا انتقال ۷۴ ہجری میں ہوا اور انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

''بضاعہ'' کے کنوئیں کے بارے میں دریافت کیا گیا۔ علامہ جزری فرماتے ہیں: ''بضاعہ'' مدینہ منورہ میں موجود ایک معروف کنویں کا نام ہے' عام طور پر اس لفظ میں حرف ''ب'' پر پیش پڑھی جاتی ہے' البتہ بعض حضرات نے اس پر ''زبر'' بھی پڑھی ہے۔ اس طرح بعض حضرات نے ''ض'' کی جگہ ''ص'' نقل کیا ہے۔[1]

صاحب ہدایہ بیان کرتے ہیں:

''بضاعہ'' ایک ایسا کنواں تھا جس کا پانی بہتا ہوا باغات میں جایا کرتا تھا' اور بہتے ہوئے پانی کا حکم یہ ہے: اگر اس میں نجاست گر بھی گئی ہو' تو اس پانی کے ساتھ وضو کرنا جائز ہوتا ہے' بشرطیکہ اس نجاست کا اثر پانی میں موجود نہ ہو' کیونکہ پانی کے بہاؤ کے ساتھ وہ نجاست ایک جگہ پر ٹھہر نہیں سکتی' اور یہاں نجاست کے اثر سے مراد اس کی بو' ذائقہ یا رنگ ہے۔

بہتے ہوئے پانی سے مراد یہ ہے: جسے تکرار کے ساتھ استعمال نہ کیا جا سکے' کیونکہ جسے پہلے استعمال کیا گیا ہوگا' وہ تو بہہ کے آگے جا چکا ہوگا' اور دوبارہ استعمال ہونے والا پانی مختلف ہوگا۔[2]

•••———•••———•••

51- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ مَالِجٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سَلِيطِ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ يُقَالُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ يُسْتَقَى الْمَاءُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِيَ يُلْقَى فِيهَا لُحُومُ الْكِلَابِ وَالْمَحَائِضُ وَعَذِرُ النَّاسِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْمَاءُ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ .

خَالَفَهُ اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ رَوَاهُ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سَلِيطٍ فَقَالَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ قَالَهُ يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' جب آپ سے یہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم لوگ ''بضاعہ'' کے کنویں سے پانی پیتے ہیں' حالانکہ اس میں کتوں کا گوشت' حیض والی عورتوں کے کپڑے اور لوگوں کی گندگی ڈال دی جاتی ہے (تو اس کا کیا حکم ہے)؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی بھی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس کی سند میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔

---

[1] النہایہ فی غریب الاثر از ابن اثیر جزری صفحہ 469/1

[2] الہدایہ شرح بدایۃ المبتدی از ابوالحسن علی بن ابوبکر الفرغانی' کتاب الطہارۃ

۵۱- اخرجه ابو داؤد (۱۸/۱) کتاب الطهارة باب ما جاء في بئر بضاعة الحديث (٦٧)' واحمد في مسنده (٨٦/٣)' والطحاوي في شرح معاني الآثار (١١/١)' والطيالسي رقم (٢١٩٩)' والبيهقي في سننه (٢٥٦/١) كتاب الطهارة' باب الماء القليل ينجس بنجاسة-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن معاویۃ بن مالج، ابوجعفر بغدادی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸)(۷۱۶)۔

○ محمد بن سلمۃ بن عبد اللہ باہلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) حرانی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 291ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۶)(۲۶۵)۔

○ سلیط ابن ایوب بن حکم انصاری' مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۱۹)(۳۹۵)۔

•••——•••——•••

52- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَيَّارٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُسْتَوْرِدِ حَدَّثَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْحِيَاضِ الَّتِىْ تَكُوْنُ فِيْمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَقِيْلَ لَهٗ اِنَّ الْكِلَابَ وَالسِّبَاعَ تَرِدُ عَلَيْهَا فَقَالَ لَهَا مَا اَخَذَتْ فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَنَا مَا بَقِىَ شَرَابٌ وَّطَهُوْرٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان حوضوں کے بارے میں دریافت کیا گیا' جو مکہ مکرمہ اور مدینہ کے راستے میں مختلف جگہ پر آتے ہیں' آپ کو بتایا گیا: کتے اور درندے ان حوضوں سے پانی پیتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے پیٹ میں جو کچھ وہ ڈال لیتے ہیں وہ ان کا ہوا اور جو بچ جائے وہ ہمارے پینے کے قابل ہے اور صاف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبد اللہ بن المستورد' یہ ابوسیار کے نام سے معروف ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۴۲۷)(۲۹۳۹)۔

اخرجه البيهقي (۱/۲۵۸) كتاب الطهارة باب الماء الكثير لا ينجس بجاسة تحدث فيه ما لم يتغير' وعزاه الزيلعي في نصب الراية (۱/۱۳۶) الى ابن ماجه-

○ احمد بن عمرو بن عبداللہ بن عمرو بن السرح، ابوالطاہر مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 62ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳)(۹۷)۔

○ عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم، العدوی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۸۰)(۹۴۱)۔

○ زید بن اسلم العدوی، مولی عمر، ابوعبداللہ، او ابواسامۃ، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 182ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۷۲)(۱۵۷)۔

○ عطاء بن یسار ہلالی، ابومحمد مدنی، مولی میمونۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 94ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۳)(۲۰۴)۔

•••——•••——•••

53- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْعَوْفِيُّ اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي سَلِيطُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ الْحَكَمِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قِيلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ اِنَّهُ يُسْتَقَى لَكَ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ بِئْرِ بَنِي سَاعِدَةَ وَهِيَ بِئْرٌ يُطْرَحُ فِيهَا مَحَائِضُ النِّسَاءِ وَلُحُومُ الْكِلَابِ وَعَذِرُ النَّاسِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: آپ کے لیے ''بضاعہ'' نامی کنویں سے پانی لایا جاتا ہے' جو ''بنوساعدہ'' کا کنواں ہے' اس کنویں میں حیض والی عورتوں کے کپڑے' کتوں کا گوشت اور لوگوں کی گندگی ڈالی جاتی ہے۔تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن صالح بن علی بن سیار علی بن ابوطالب بن ابولیلیٰ ابوبکر ازدی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 324ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد' از شیخ ابوبکر

احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۸/۱) رقم (۱۸۵)

○ محمد بن شوکر بن رافع بن شداد، ابوجعفر طوسی الاصل، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۵۲/۵) (۲۸۷۰)۔

○ یعقوب بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبد الرحمٰن بن عوف زہری ابویوسف، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 208ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۷۴/۲) (۳۶۹)۔

○ محمد بن سعد بن محمد بن حسن بن عطیۃ العوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 276ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۶۲/۶) (۷۵۸۹)۔

•••——•••——•••

54- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ سَلِيطِ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اَبِى سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

55- حَدَّثَنَا اَبُو ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى بَكْرٍ الْوَاسِطِيُّ وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِى عَمِّى حَدَّثَنَا اَبِى عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى سَلَمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ

اَنَّهُ قِيلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَتَوَضَّاُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِىَ بِئْرٌ يُطْرَحُ فِيهَا الْمَحِيضُ وَلَحْمُ الْكِلَابِ وَالنَّتْنُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَىْءٌ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم لوگ بضاعہ نامی کنویں سے وضوء کرلیا کریں؟ جس میں حیض والی عورتوں کے کپڑے' کتوں کا گوشت اور گندگی ڈال دی جاتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی پاک ہوتا ہے اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن محمد بن سلیمان بن حارث بن عبدالرحمٰن، ابوذر الزدی المعروف باابن الباغندی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۸۶/۵) (۲۴۷۹)۔

○ العباس بن العباس بن محمد بن عبداللہ بن مغیرۃ، ابوحسین جوہری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۱۵۷)(۶۶۳۴)۔

○ عبیداللہ بن سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، ابوفضل بغدادی، قاضی اصبھان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 260ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۳)(۱۳۴۹)۔

○ عبداللہ بن ابوسلمۃ الماجشون، تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 106ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۲۰)(۳۵۴)۔

•••——•••——•••

56- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

57- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِىُّ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ يَحْيَى الْاَسْلَمِىِّ عَنْ اُمِّهِ قَالَتْ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِىَّ يَقُوْلُ شَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''بضاعہ'' کنویں کا پانی پیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ہارون بن عبداللہ بن حمید بن سلیمان بن مباح۔ ابوحامد حضرمی المعروف بالبعرانی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 321ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۳۵۸)(۱۴۶۶)۔

○ محمد بن زیاد بن عبیداللہ الزیادی، ابوعبداللہ بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا

۵۷- اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/۱۲)۔

ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۱)(۲۲۳)۔

○ محمد بن ابویحییٰ الاسلمی، مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۴۳۵)۔

•••———•••———•••

58- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ وَيَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ اَنَّ عُمَرَ وَعَمْرَو بْنَ الْعَاصِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَرَّا بِحَوْضٍ فَقَالَ عَمْرٌو يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ اَتَرِدُ عَلٰى حَوْضِكَ هٰذَا السِّبَاعُ فَقَالَ عُمَرُ يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ لَا تُخْبِرْنَا فَاِنَّا نَرِدُ عَلَى السِّبَاعِ وَتَرِدُ عَلَيْنَا.

☆☆ ابوسعید اور یحییٰ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ایک حوض کے پاس سے گزرے تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے حوض کے مالک! کیا تمہارے اس حوض پر درندے بھی آ کر پانی پیتے ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے حوض کے مالک! تم ہمیں اس بارے میں نہ بتاؤ (کیونکہ اس طرح کے حوض سے پانی پینے کے لیے) کبھی ہم درندوں کے بعد آ جاتے ہیں اور کبھی وہ ہمارے بعد آ جاتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن سعید بن فروخ، تیمی، ابوسعید قطان بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 198ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۴۸)(۷۲)۔

○ محمد بن ابراہیم بن حارث بن خالد تیمی، ابوعبداللہ، مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 120ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۴۰) ت (ر)۔

○ ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 94ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب

۵۸- اخرجه مالك في الموطا (۱/ ۲۳-۲۴) كتاب الطهارة' باب الطهور للوضوء' الحديث (۱۴) ومن طريقه عبد الرزاق في المصنف (۱/ ۷۶) (۲۵۰)' والبيهقي (۱/ ۲۵۰) كتاب الطهارة' باب: سور سائر الحيوانات سوى الكلب والخنزير-

التہذیب''از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۳۰/۲)(۶۳)۔

○ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن حاطب بن ابوبلتعۃ، ابومحمد او ابوبکر مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 104ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۲/۲)(۱۱۷)۔

•••——•••——•••

3- باب الْوُضُوْءِ بِمَآءِ اَهْلِ الْكِتَابِ

باب: اہل کتاب کے پانی سے وضو کرنا

59- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبُوشَنْجِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثُونَا عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ لَمَّا كُنَّا بِالشَّامِ اَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ جِئْتَ بِهٰذَا الْمَآءِ مَا رَاَيْتُ مَاءً عَذْبًا وَلَامَاءَ سَمَاءٍ اَطْيَبَ مِنْهُ .قَالَ قُلْتُ جِئْتُ بِهِ مِنْ بَيْتِ هٰذِهِ الْعَجُوْزِ النَّصْرَانِيَّةِ فَلَمَّا تَوَضَّاَ اَتَاهَا فَقَالَ اَيَّتُهَا الْعَجُوْزُ اَسْلِمِي تَسْلَمِي بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِالْحَقِّ .قَالَ فَكَشَفَتْ عَنْ رَاْسِهَا فَاِذَا مِثْلُ الثَّغَامَةِ فَقَالَتْ عَجُوْزٌ كَبِيْرَةٌ وَّاَنَا اَمُوتُ الْاٰنَ .فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ.

☆☆ زید بن اسلم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب ہم لوگ شام میں تھے تو میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پانی لے کر آیا' انہوں نے اس پانی سے وضو کرلیا اور پھر دریافت کیا: تم یہ پانی کہاں سے لے کر آئے ہو؟ میں نے اس سے زیادہ میٹھا اور اس سے زیادہ صاف کوئی آسمانی پانی بھی نہیں دیکھا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: میں اسے ایک بوڑھی عیسائی عورت کے گھر سے لے کر آیا ہوں' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وضو کرلیا تو آپ اس خاتون کے پاس تشریف لائے' آپ نے ارشاد فرمایا: اے بوڑھی خاتون! تم اسلام قبول کرلو' سلامت رہو گی' اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس خاتون نے اپنے سر سے چادر ہٹائی تو اس کے بال ثغامہ (پھولوں کی طرح سفید) تھے' وہ بوڑھی عورت بولی: اب تو میں مرنے والی ہوں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ! تو گواہ رہنا!

۵۹- اخرجه الشافعي في الام (۵٦/۱) كتاب الطهارة: باب ماء النصراني والوضوء منه' ومن طريقه البيهقي في الكبرى (۳۲/۱) كتاب الطهارة: باب التطهر في اواني المشركين اذا لم يعلم نجاسة' وفي المعرفة (۱۴۸/۱) كتاب الطهارة: باب الآنية' الحديث (۱۴۰)۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بن نفیل کا تعلق قریش کی شاخ ''بنو عدی'' سے ہے۔

آپ کی کنیت ''ابوحفص'' ہے۔

ایک روایت کے مطابق وہ ہشام بن مغیرہ کی صاحبزادی تھیں۔ اس روایت کی بنیاد پر ابوجہل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حقیقی ماموں تھا۔ جبکہ پہلی روایت کی بنیاد پر آپ کی والدہ ابوجہل کی چچازاد بہن تھیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں حرب حجار کے چار برس بعد پیدا ہوا۔

اسلام قبول کرنے سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا شمار قریش کے معزز سرداروں میں ہوتا تھا۔ زمانۂ جاہلیت میں سفارت کا عہدہ انہی کے ساتھ مخصوص تھا۔ قریش کا یہ دستور تھا کہ جب ان کی آپس میں لڑائی ہوتی تھی یا کسی دوسری قوم کے ساتھ جنگ درپیش ہوتی تھی تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر بھیجا کرتے تھے مؤرخین نے یہ بات نقل کی ہے جس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' اس وقت ان سے پہلے ۳۹ مردوں اور خواتین نے اسلام قبول کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے پر ان کی تعداد ۴۰ ہوگئی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان لے کر نازل ہوئے۔

''اے نبی! تمہارے لئے اللہ کافی ہے اور جو مومن تمہارے پیروکار ہیں وہ کافی ہیں''۔

مؤرخین نے یہ بات بھی نقل کی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دارارقم میں پوشیدگی کی زندگی بسر کر رہے تھے وہاں آپ نے یہ دعا کی تھی۔

''اے اللہ! عمر بن خطاب یا عمرو بن ہشام (یعنی ابوجہل) میں سے جو تجھے پسندیدہ ہو' اسے اسلام کی دولت سے نواز کر اسلام کو غلبہ عطا کر''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا قبول ہوئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ مؤرخین نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ان کی بہن اور ان کے بہنوئی اسلام قبول کر چکے تھے اور انہی کی قرأت سن کر اور متاثر ہو کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میرے علم کے مطابق تمام مہاجرین نے چھپ چھپا کر ہجرت کی تھی لیکن عمر بن خطاب وہ فرد ہیں کہ جب انہوں نے ہجرت کا ارادہ کیا تو اپنی تلوار گردن میں لٹکائی' کمان کندھے پر رکھی' تیر ہاتھ میں لیے' لمبا نیزہ ہاتھ میں پکڑ کر خانہ کعبہ کے پاس آئے۔ قریش کے عمائدین خانہ کعبہ کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہایت شان کے ساتھ سات مرتبہ خانہ کعبہ کا طواف کیا۔ پھر مقام ابراہیم کے پاس آ کر اطمینان سے نماز پڑھی۔ پھر ہر ایک کی چوپال کے پاس گئے اور انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی ماں اسے روئے' اس کا بیٹا اس پر ماتم کرے' اس

کی بیوی بیوہ ہو جائے' اسے چاہئے کہ شہر سے باہر آ کر مجھے روک لے۔

دیگر روایات کے مطابق حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پہلے ہجرت کی تھی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل اور مناقب بے شمار ہیں جن میں سے بعض روایات امام بخاری نے باقاعدہ عنوان کے تحت نقل کی ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دنیا سے رخصت ہوتے وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنا جانشین مقرر کیا تھا۔

بعض روایات کے مطابق حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ دس سال چھ ماہ اور پانچ دن تک مسلمانوں کے خلیفہ رہے۔

ذوالحج کی ۲۶ تاریخ کو سن ۲۳ ہجری میں صبح کی نماز میں آپ کو زخمی کیا گیا اور اگلے برس محرم کی یکم تاریخ سن ۲۴ ہجری میں آپ کو دفن کیا گیا۔ آپ کو ایک ایرانی غلام ابولؤلؤ فیروز نے زخمی کیا تھا۔

آپ کی شہادت کے بعد حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

شعراء نے آپ کے انتقال پر مرثیے کہے جن میں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے مرثیے کے اشعار یہ ہیں:

''وہ تین لوگ جن کے فضائل ظاہر ہوئے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ)۔ وہ تروتازہ رہے۔ ان کو ان کے پروردگار نے جب ظاہر کیا تو کوئی مومن صاحب بصیرت ایسا نہیں ہے جو ان تینوں حضرات کے فضائل کا انکار کرے۔ یہ تینوں اپنی زندگی میں بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوئے تھے اور مرنے کے بعد بھی ان کی قبریں ایک دوسرے کے ساتھ مل گئیں''۔

واقدی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ چمکتے ہوئے سفید رنگ کے مالک تھے۔ جن میں سرخی غالب تھی۔ آپ اپنی داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگایا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن ابراہیم بن مہران بوشنجی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۱۰/۱) (۲۷۷)۔

○ سفیان بن عیینہ بن ابوعمران میمون ہلالی، ابومحمد، کوفی، ثم مکی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 198 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۲/۱) (۳۱۸)۔

•••——•••——•••

60- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَوَضَّاَ مِنْ بَيْتِ نَصْرَانِيَّةٍ اَتَاهَا فَقَالَ اَيَّتُهَا الْعَجُوزُ اَسْلِمِي تَسْلَمِي بَعَثَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ مُحَمَّدًا

(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَكَشَفَتْ عَنْ رَاْسِهَا فَاِذَا هِيَ مِثْلُ الثَّغَامَةِ فَقَالَتْ عَجُوْزٌ كَبِيْرَةٌ وَّاَنَا اَمُوْتُ الْاٰنَ ـ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ ـ

☆☆ زید بن اسلم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عیسائی عورت کے گھر سے وضو کیا' پھر آپ اس خاتون کے پاس گئے' آپ نے ارشاد فرمایا: اے بڑی بی! اسلام قبول کر لو' تم سلامت رہو گی' اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ اس عورت نے اپنے سر سے چادر ہٹائی تو (اس کے بال ثغامہ پھول کی طرح سفید) تھے' اس بوڑھی عورت نے کہا: اب تو میں مرنے والی ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ! تو گواہ رہنا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلاد بن اسلم صفار، ابوبکر بغدادی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 249ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۲۹)(۱۷۲)۔

4- باب الْبِئْرِ اِذَا وَقَعَ فِيْهَا حَيَوَانٌ

باب: جب کنویں میں کوئی جانور گر جائے

61- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّ زِنْجِيًّا وَقَعَ فِيْ زَمْزَمَ يَعْنِيْ فَمَاتَ فَاَمَرَ بِهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَاُخْرِجَ وَاَمَرَ بِهَا اَنْ تُنْزَحَ - قَالَ - فَغَلَبَتْهُمْ عَيْنٌ جَاءَ تْهُمْ مِنَ الرُّكْنِ فَاَمَرَ بِهَا فَدُسِمَتْ بِالْقَبَاطِيِّ وَالْمَطَارِفِ حَتّٰى نَزَحُوْهَا فَلَمَّا نَزَحُوْهَا انْفَجَرَتْ عَلَيْهِمْ.

☆☆ محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک حبشی زم زم کے کنویں میں گر گیا' یعنی گر کے مر گیا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حکم کے تحت اس کی لاش کو باہر نکالا گیا اور کنویں کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ ہدایت دی کہ اُسے صاف کر دیا جائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: لیکن چشمے کا پانی لوگوں کے قابو میں نہیں آیا' وہ رکن (حجر اسود) کی طرف سے آ گیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کے بارے میں ہدایت کی: وہ پوری طرح سے کپڑوں کے ذریعے بند کیا جائے' یہاں تک کہ وہ مکمل بند ہو جائے' جب لوگوں نے اُسے بند کیا تو پھر اس میں سے پانی باہر نکل آیا۔

٦١- اخرجه البيهقي في الكبرى (١/٢٦٦) كتاب الطهارة' باب ما جاء في نزح زمزم' وفي المعرفة (١/٣٢٢) كتاب الطهارة' باب نزح زمزم وغيرها من الآبار رقم (٤٠٥)-

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

آپ کا سلسلہ نسب ہے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

آپ کی کنیت ''ابوالعباس'' ہے۔آپ قبیلہ قریش کی شاخ ''بنو ہاشم'' سے تعلق رکھتے ہیں۔آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں۔

آپ کی والدہ سیّدہ لبابہ کبریٰ بنت حارث رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں۔

ان کی عظمت علم کی وجہ سے انہیں ''حبر الامۃ'' (امت کا بڑا عالم) کا خطاب دیا گیا۔

جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خاندان کے افراد سمیت شعب ابی طالب میں محصور تھے۔

انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن ان کے منہ میں ڈالا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کی زیارت کی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ میرے لیے دعا کی ہے۔

ایک اور روایت میں حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ساتھ لپٹا لیا اور دعا کی:

''اے اللہ! اسے حکمت کا علم عطا کر''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی عمر ۱۳ برس تھی اور بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر ۱۵ برس تھی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ حکومت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو بصرہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے کچھ عرصہ پہلے یہ بصرہ کو چھوڑ کر واپس حجاز چلے گئے تھے۔جنگِ جمل میں انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

طبقات ابن سعد 365/2 طبقات خلیفة (ص 3/126/189) التاریخ الکبیر (3/5) الجرح والتعدیل (116/5) معجم الصحابة للبغوی (ق173/ب) الثقات لابن حبان (207/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 2ق17/ا) الاستیعاب (933/3) اسد الغابة (186/3) سیر اعلام النبلاء (331/3) تجرید اسماء الصحابة (320/1) الکاشف (90/2) الاصابة (90/4) التهذیب (276/5) التقریب (ص309) الریاض المستطابة (ص198) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص80)

جبکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت کرنے والوں میں صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بھائی کثیر بن عباس شامل ہیں۔

تابعین میں سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے علی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام عکرمہ اور کریب' ان کے علاوہ عطاء بن ابی رباح' مجاہد' ابن ابی ملیکہ' عمرو بن دینار' عبید بن عمیر' سعید بن مسیب' محمد عبیداللہ بن عبداللہ' سلیمان بن یسار' عروہ بن زبیر' ابوزبیر' محمد بن کعب' طاؤس' وہب بن منبہ اور دیگر بہت سے افراد نے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ''طائف'' میں ہوا۔

آپ کی نمازِ جنازہ (حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے) محمد بن حنفیہ نے پڑھائی۔

جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر کی مٹی کو برابر کر دیا گیا تو محمد بن حنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اللہ کی قسم! آج اس امت کا ایک بڑا عالم فوت ہو گیا ہے''۔

مشہور قول کے مطابق حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ۷۸ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۷۰ سال تھی۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: وصال کے وقت ان کی عمر ۸۱ سال تھی اور ان کا انتقال ۷۰ ہجری میں ہوا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن مثنی بن عبداللہ بن انس بن مالک انصاری بصری، قاضی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۸۰)(۴۱۰)۔

○ ہشام بن حسان ازدی القردوسی، ابوعبداللہ بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۱۸)(۷۶)۔

○ محمد بن سیرین انصاری، ابوبکر بن ابوعمرۃ، بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۹)(۲۹۵)۔

•••——•••——•••

62- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِى

الطُّفَيْلِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ غُلامًا وَقَعَ فِيْ بِئْرِ زَمْزَمَ فَنُزِحَتْ.

☆☆ حضرت ابوطفیل بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک لڑکا زم زم کے کنویں میں گر گیا تو اس کا سارا پانی نکالا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباس بن محمد بن حاتم الدوری، ابوفضل بغدادی، خوارزمی الاصل، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 271ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۹۹)(۱۶۱)۔

○ قبیصۃ بن عقبۃ بن محمد بن سفیان السوائی، ابوعمار کوفی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۲۲)(۷۵)۔

○ جابر بن یزید بن حارث الجعفی ابوعبداللہ کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۲۳)(۱۷)۔

•••——•••——•••

63- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ

اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ كُلُّ نَفْسٍ سَائِلَةٍ لاَ يُتَوَضَّأُ مِنْهَا وَلٰكِنْ رُخِّصَ فِي الْخُنْفَسَاءِ وَالْعَقْرَبِ وَالْجَرَادِ وَالْجُدْجُدِ اِذَا وَقَعْنَ فِي الرِّكَاءِ فَلاَ بَأْسَ بِهِ .

قَالَ شُعْبَةُ وَاَظُنُّهُ قَدْ ذَكَرَ الْوَزَغَةَ .

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: ہر وہ جاندار جس کا خون بہتا ہو (اگر وہ کنویں میں گر جائے) تو اس کنویں کے پانی سے وضو نہیں کیا جائے گا' البتہ خنفساء' بچھو' ٹڈی' جھینگر' اگر کنویں میں گر جاتے ہیں' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے (یعنی ایسے کنویں کے پانی سے وضو کیا جا سکتا ہے)

شعبہ کہتے ہیں: میرا خیال ہے' انہوں نے گرگٹ کا بھی ذکر کیا تھا۔

۶۲- اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار (۱۷/۱)' حدثنا حسين بن نصر' ثنا الفريابي' ثنا سفيان' اخبرنا جابر' عن ابي الطفيل' فذكره' وذكره البيهقي في الكبرٰى (۲۶۶/۱)' وفي المعرفته (۳۲۴/۱)۔

۶۳- و الطحاوي في شرح المعاني (۱۷/۱)' وذكره ابن المنذر في الاوسط (۲۷۵/۱)۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ ذکر کیا ہے جن کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ

ابوعمران، ابراہیم بن یزید بن قیس ابن الاسود بن عمرو بن ربیعۃ بن ذہل بن سعد بن مالک بن النخع، نخعی، الیمانی ثم الکوفی،

انہوں نے ان حضرات سے احادیث روایت کی ہیں:

مسروق-علقمۃ بن قیس-عبیدۃ سلمانی-ابو زرعۃ بجلی-خیثمۃ بن عبدالرحمٰن-ربیع بن خثیم-ابو شعثاء محاربی-سم بن منجاب-سوید بن غفلۃ-قاضی شریح-شریح ابن ارطاۃ-ابومعمر عبد اللہ بن سخبرۃ-عبید بن نضیلۃ-عمارۃ بن عمیر-ابوعبیدۃ بن عبد اللہ-ابوعبدالرحمٰن سلمی-ان کے ماموں عبد الرحمٰن بن یزید-ہمام بن الحارث-اور ان کے علاوہ دیگر اکابر تابعین سے احادیث روایت کی ہیں۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

حکم بن عتیبۃ-عمرو بن مرۃ-حماد بن ابوسلیمان-سماک بن حرب-مغیرۃ بن مقسم-ابومعشر بن زیاد بن کلیب-ابوحصین عثمان بن عاصم-منصور بن معتمر-عبیدۃ بن معتب-ابراہیم بن مہاجر-حارث عکلی-سلیمان الاعمش-ابن عون-شباک الضبی-شعیب بن حبحاب-عبیدۃ بن معتب-عطاء ابن سائب-عبد الرحمٰن بن ابوشعثاء محاربی-عبد اللہ بن شبرمۃ-علی بن مدرک-فضیل بن عمرو فقیمی-ہشام بن عائذ اسدی-واصل بن حیان احدب-زبید یامی-محمد بن خالد ضبی-محمد ابن سوقۃ-یزید بن ابوزیاد-ابوحمزۃ الاعور میمون-اور ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگ ہیں۔

آپ اپنے وقت کے جلیل القدر امام اور حافظ ہیں۔ آپ کوفہ کے رہنے والے تھے۔

ہمارے علم کے مطابق آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کسی بھی ایک حدیث کا سماع نہیں کیا۔ حالانکہ ان کے زمانے میں کوفہ میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ جب یہ کم سن تھے اس وقت یہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے لیکن ان کا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حدیث کا سماع ثابت نہیں ہے۔

امام ابوداؤد، امام نسائی اور امام ابن ماجہ کی کتابوں میں ان کی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے احادیث روایت کرنا موجود ہیں لیکن علم الحدیث کے ماہرین نے انہیں متصل تسلیم نہیں کیا۔ اگرچہ علم الحدیث کے ماہرین ان کا شمار تابعین میں کرتے ہیں

*طبقات ابن سعد 6/270، طبقات خلیفۃ ت 1140، تاریخ البخاری 1/333، المعارف 463، المعرفۃ والتاریخ 2/100 و 604، الجرح والتعدل القسم الاول من المجلد الاول 144، الحلیۃ 4/219، طبقات الفقہاء للشیرازی 82، تہذیب الاسماء واللغات القسم الاول من الجزء الاول 104، فیات الاعیان 1/25، تہذیب الکمال ص 68، تذکرۃ الحفاظ 1/69، تاریخ الاسلام 3/335، العبر 1/113، تذہیب التہذیب 1/45 آ، البدایۃ والنہایۃ 9/140، غایۃ النہایۃ ت 125، تہذیب التہذیب 1/177، طبقات الحفاظ للسیوطی ص 29، خلاصۃ تذہیب التہذیب 23 شذرات الذہب 1/111

لیکن یہ اکابر تابعین میں سے نہیں ہیں۔

آپ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے علم کی سب سے زیادہ ماہر تھے۔ بہت بلند شان کے مالک تھے اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ بکثرت روایات کرنے والے تھے۔ فقیہ النفس تھے۔

اپنے زمانے میں یہ اور امام شعبی اہل کوفہ کے مفتی تھے۔

یحییٰ بن معین فرماتے ہیں: ابراہیم نخعی کی نقل کردہ ''مراسیل'' میرے نزدیک شعبی کی نقل کردہ ''مراسیل'' سے زیادہ محبوب ہیں۔

سعید بن جبیر فرماتے ہیں: کیا تم لوگ مجھ سے فتویٰ طلب کرتے ہو جبکہ تمہارے درمیان ابراہیم نخعی موجود ہیں۔

ان کے بارے میں منقول ہے: یہ ایک دن چھوڑ کر ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے۔

محمد بن سعد بیان کرتے ہیں: ابراہیم نخعی ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ انہوں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

یحییٰ بن سعید القطان فرماتے ہیں: ابراہیم نخعی کا انتقال حجاج کے مرنے کے چار یا شاید پانچ ماہ بعد ہوا۔ اس وقت ان کی عمر ۵۰ برس کے لگ بھگ تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ولید بن عبدالمجید قرشی بسری بصری، یلقب حمدان،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۶)(۹۷۲)۔

○ محمد بن جعفر مدنی بصری المعروف بغندر،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۵۱)(۱۰۸)۔

○ شعبۃ بن حجاج بن الورد عتکی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوبسطام واسطی ثم بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۱)(۶۷)۔

○ مغیرۃ بن مقسم -بکسر المیم- (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوہشام کوفی، الاعمی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 136ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۶۶)(۶۸۹۹)۔

○ ابراہیم بن یزید بن قیس بن اسود النخعی، ابوعمران کوفی فقیہ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا

ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 176ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:
''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۸)(۲۷۲)۔

•••——•••——•••

5- باب فِيْ مَآءِ الْبَحْرِ

باب: سمندر کا پانی

64- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُبَابِ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْخَيَّاطُ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ تَمَّامٍ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِنَّ الْبَحْرَ حَلَالٌ مَيْتَتُهُ طَهُوْرٌ مَاؤُهُ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سمندر کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک کرنے والا ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:
جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بن کعب بن غنم بن مالک بن سلمہ۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو غزوۂ بدر میں شرکت کرنے کا شرف حاصل ہے جبکہ بعض نے یہ بات بیان کی ہے: آپ کو اس میں شرکت کرنے کا شرف حاصل نہیں ہے۔ اسی طرح غزوۂ اُحد میں ان کی شرکت کے بارے میں بھی اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

بعض محدثین نے یہ بات نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۷ غزوات

٦٤- في اسناد (مبارك بن فضالة)، قال الحافظ في التقريب (٢/ ٢٢٧): (صدوق يدلس ويسوى)، والحديث من هذه الطريق ذكره ابن الملقن في البدر (٢/ ٢٣) وقال: (مبارك هذا كان يدلس ايضا وضعفه احمد والنسائي)- اه- وسياتي حديث جابر هذا من طريق عنه، كما في (٦٥)، (٦٦)-

طبقات ابن سعد (88/7) طبقات خليفة (ص102) التاريخ الكبير (207/2) الجرح والتعديل (492/2) معجم الصحابة للبغوي (ق 34/ب) الثقات لابن حبان (51/3) المستدرك للحاكم (584/3) معرفة الصحابة لابي نعيم (ج1 ق121/أ) الاستيعاب (219/1) اسد الغابة (307/1) سير اعلام النبلاء (189/3) تجريد اسماء الصحابة (78/1) الكاشف (122/1) الاصابة (222/1) التهذيب (42/2) التقريب (ص136) الرياض المستطابة (ص44)

میں شرکت کی ہے۔

جنگ صفین کے دوران حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے تھے۔

آخری عمر میں یہ نابینا ہو گئے تھے۔

یہ زرد رنگ کا خضاب استعمال کیا کرتے تھے۔

بیعت عقبہ میں شرکت کرنے والوں میں سے' سب سے آخر میں مدینہ منورہ میں انہی کا انتقال ہوا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بکثرت احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔

آپ سے امام باقر رضی اللہ عنہ' ابوعمرو بن دینار' ابوزبیر مکی' عطاء' مجاہد وغیرہ نے احادیث روایت کی ہیں۔

مشہور قول کے مطابق حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا انتقال ۷۴ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۹۴ برس تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن فضل بن احمد بن الحباب، ابوالقاسم بزاز: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۴۸)(۶۴۲۲)۔

○ احمد بن ابوعمران، ابوالعباس بغدادی الخیاط۔ : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 282ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۱۴۲)(۲۵۷۵)۔

○ سہل بن تمام بن بزیع، السعدی بصری، ابوعمرو، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۳۵)(۵۴۹)۔

○ مبارک بن فضالۃ، ابوفضالۃ بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 166ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۲۷)(۹۰۴)۔

○ محمد بن مسلم بن تدرس، اسدی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوزبیر مکی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 126ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۷)(۶۹۷)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے مختلف احادیث و آثار نقل کیے ہیں' جن سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے: سمندر کے پانی کے

ذریعے وضواور غسل کیا جا سکتا ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے ''موطأ امام محمد'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''(سمندر کا) پانی پاک ہوتا ہے اور اس کا مردار حلال ہوتا ہے''۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو نقل کرنے کے بعد یہ فرماتے ہیں: ہم اسے اختیار کرتے ہیں' سمندر کا پانی پاک ہوتا ہے' جس طرح دیگر پانی پاک ہوتے ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور عام فقہاء اسی بات کے قائل ہیں۔

علامہ عبدالحیٔ لکھنوی اس کی شرح میں یہ بات تحریر کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: ان حضرات نے سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی حدیث نقل کی ہے' اس کے بعد وہ تحریر کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں' جن میں سے حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک سمندر کے پانی کے ذریعے (وضو یا غسل کرنے) میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے' ان میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آگ ہے۔ (جامع ترمذی 100/1)

•••——•••——•••

65- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِيْ بْنُ قَانِعٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْبَحْرِ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سمندر کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالباقی بن قانع بن مرزوق بن واثق، ابوحسین اموی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)۔

٦٥ اخرجه الحاكم (١/ ١٤٢) والطبراني في الكبير (٢/ ١٨٦-١٨٧) برقم (١٧٥٩)-

○ محمد بن علی بن شعیب بن عدی بن ھمام، ابوبکر سمسار، ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶۶/۳) رقم (۱۰۳۳)۔

○ حسن بن بشر بن سلم، ہمدانی او بجلی، ابوعلی کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۶۳/۱)(۲۴۸)۔

○ معافی بن عمران ازدی، فہمی، ابومسعود موصلی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۸/۲)(۱۲۱۵)۔

••• —— ••• —— •••

66- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاَدَمِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ وَالْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ الْقَطَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ اَبِى الزِّنَادِ حَدَّثَنِىْ اِسْحَاقُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ ابْنِ مِقْسَمٍ - وَهُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ - عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ .

لَفْظُ الْفَضْلِ بْنِ زِيَادٍ وَّخَالَفَهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عِمْرَانَ - وَهُوَ ابْنُ اَبِىْ ثَابِتٍ - وَلَيْسَ بِالْقَوِىِّ فَاَسْنَدَهُ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَعَلَهُ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرٍ.

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

روایت کے یہ الفاظ فضل بن زیاد نامی راوی سے منقول ہیں' ایک اور سند میں یہ روایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن اسماعیل، ابوبکر مقری ادمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 327ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۸۹/۴)(۲۲۷۵)۔

۶۶- اخرجه احمد (۳۷۳/۳) ومن طريقه ابن ماجه (۱۳۷/۱) كتاب الطهارة وسننها' باب الوضوء بماء البحر' حديث (۳۸۸)' وابن خزيمة ۵۹/۱ حديث (۱۱۲)' وابن حبان (۵۱/۴) كتاب الطهارة' باب: المياه' حديث (۱۲۴۴)۔

○ فضل بن سہل بن ابراہیم اعرج، بغدادی، اصلہ من خراسان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۰)(۳۷)۔

○ فضل بن زیاد قطان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۳۶۳)(۶۷۹۷)۔

○ احمد بن محمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بن ہلال بن ادشیبانی مروزی، نزیل بغداد، ابوعبداللہ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 241ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۴)(۱۱۰)۔

○ ابوالقاسم بن ابوالزناد مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۶۳)(۲)۔

○ اسحاق بن حازم، وقیل: ابن ابوحازم، بزاز مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۷)(۳۹۱)۔

○ فی (۱): عبداللہ۔

○ عبیداللہ بن مقسم، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۹)(۱۵۱۱)۔

○ عمر بن شبۃ، ابن عبید بن زید النمیر ی، ابوزید ابن ابومعاذ، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۵۷)(۴۵۲)۔

•••——•••——•••

67- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ اَبُوْ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

٦٧- وعزاه في البدر المنير للدارقطني من طريق عبد العزيز بهذا الاسناد' ثم قال: وعبد العزيز هذا احد المتروكين' وقال يحيى: ليس بثقة' وقال البخاري: لا يكتب حديثه- وقال النسائي: متروك الحديث- وقال الترمذي والدارقطني: ضعيف- وقال ابن حبان: يروي المناكير عن المشاهير- ثم رواه الدارقطني موقوفًا على ابي بكر الصديق-

عَوْفٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ حَازِمٍ الزَّيَّاتِ مَوْلٰى اٰلِ نَوْفَلٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُم اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهٗ .

★★ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات ذکر کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عثمان (ابوبکر صدیق) رضی اللہ عنہ

آپ کا نام عبداللہ بن عثمان ہے آپ کے والد عثمان بن عامر ابوقحافہ کی کنیت سے مشہور ہیں۔ جبکہ آپ کہ خود ابوبکر کی کنیت سے مشہور ہوئے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے والے سب سے پہلے فرد ہیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتہائی قریبی ساتھی تھے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دعوت وتبلیغ کے نتیجے میں بہت سے افراد نے اسلام قبول کیا۔ جن میں حضرت عثمان غنی کا نام نمایاں ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے ذاتی مال میں سے ان غلام مسلمانوں کو رہائی دلائی جنہیں اسلام قبول کرنے کی وجہ سے ان کے آقا تکالیف دیا کرتے تھے۔ ان میں نمایاں نام حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص نے ہمارے ساتھ بھلائی کی ہم نے اس کا بدلہ اسے دے دیا' سوائے ابوبکر کے' اس کی کی ہوئی بھلائیوں کا بدلہ اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں دے گا''۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب میں بہت سی احادیث منقول ہیں۔

طبقات ابن سعد (169/3) طبقات خلیفة (ص 17) التاریخ الصغیر للبخاری (57/1) الثقات للعجلی (ص 491) الجرح والتعدیل (111/5) معجم الصحابة للبغوی (ق 168/ب) المستدرك (61/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (159/1) اسد الغابة (205/3) تجرید اسماء الصحابة (323/1) تذکرة الحفاظ (2/1) الکاشف (97/2) الاصابة (101/4) التهذیب (315/5) التقریب (ص/313) الریاض المستطابة (ص140)

آپ کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہوتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کی ظاہری زندگی کے آخری ایام میں' نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت' آپ ہی مسلمانوں کی امامت کرتے رہے۔

نبی اکرم ﷺ کے وصالِ ظاہری کے بعد آپ کو مسلمانوں کا خلیفہ منتخب کیا گیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا انتقال 13 ہجری میں ہوا اور آپ کو نبی اکرم ﷺ کے پہلو میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف

○ محمد بن یحییٰ بن علی بن عبد الحمید الکنانی، ابوغسان مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۸)(۸۱۳)۔

○ عبد العزیز بن عمران بن عبد العزیز بن عمر بن عبد الرحمٰن بن عوف زہری، مدنی، الاعوج، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 197ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۱۱)(۱۲۴۲)۔

○ اسحاق بن حازم الزیات، مدینی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجامع فی الجرح والتعدیل (۱/۶۲)(۲۹۳)۔

○ وہب بن کیسان، قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابونعیم مدنی، المعلم، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۳۹)(۱۲۴)۔

•••——•••——•••

68- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيعًا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهٗ.

☆☆ ابوطفیل بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

۶۸- اخرجہ ابو عبید فی الطہور رقم (۲۳۸)' وابن حبان فی المجروحین (۲/۱۳۹)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حفص بن عمرو بن ربال، ابن ابراہیم الربالی، الرقاشی بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۸۸)۔

○ عبیداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب، العمری، مدنی، ابوعثمان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 142ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۷)۔

•••——•••——•••

69- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ.

★★ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے والد (امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سگے چچا زاد بھائی ہیں۔ آپ کی پرورش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کی۔ آپ

تہذیب التہذیب (4/211-213) والتقریب (ص402)وتذھیب تہذیب الکمال (2/250) والاصابۃ (4/269-271) وطبقات ابن سعد (2/5'54' 4/296)والتاریخ الکبیر (6/359) والاستیعاب (3/197-225) والاستبصار (ص 390) والریاض المستطابۃ (ص163) وتاریخ بغداد (1/133) وازمنۃ التاریخ الاسلامی (1/773) والبدایۃ والنہایہ (7/223-224) وتذکرۃ (1/10) والتاریخ لابن معین (2/49) ومروج الذھب (2/358) والتبصرۃ والتذکرۃ (1/26) والشذرات (1/49) والزھد لوکیع (1014) وطبقات الشیرازی (ص41) والتحفۃ اللطیفۃ (3/226) والعبر (ص524) والریاض النضرۃ (1/201) وتاریخ الخلفاء (6/191)وتجرید اسماء الصحابۃ (1/392) والتاریخ الصغیر (5/435) والجرح والتعدیل (6/191) وتاریخ الاسلام (3/8) وبقی بن مخلد (105) وتنقیح فہوم الاثر (ص110'367) وصفۃ الصفوۃ (1/308) وغایۃ النہایۃ (1/546) ومعرفۃ القراء الکبار (1/30) والاعلام (4/295) وحلیۃ الاولیاء (2/971) وطبقات الحفاظ (ص4)

٦٩- اخرجه الحاكم (١/١٤٢-١٤٣)-

کا تعلق قریش کی شاخ بنو ہاشم سے ہے۔ آپ کی کنیت ''ابوحسن'' اور ''ابوتراب'' ہے۔ آپ نے دس برس کی عمر میں اسلام قبول کیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ آپ سے بہت محبت کرتے تھے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ نے حضرت علی سے یہ فرمایا تھا:

''تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو''۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل و مناقب بے شمار ہیں۔ مفسرین کے بیان کے مطابق قرآن کی بعض آیات کا شانِ نزول حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ اسی طرح نبی اکرم ﷺ کی بعض احادیث بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت پر دلالت کرتی ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت' ذہانت عربوں میں ضرب المثل کی حیثیت رکھتی ہے۔

حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مسلمانوں کا چوتھا خلیفہ منتخب کیا گیا۔

آپ نے 21 رمضان المبارک سن 40 ہجری میں جامِ شہادت نوش کیا۔

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

مشہور مؤرخ حافظ ابونعیم اصفہانی' مدینہ منورہ کے رہنے والے' عبادت و ریاضت کے حوالے سے مشہور تابعین کا تعارف کرواتے ہوئے تحریر کرتے ہیں۔

''زین العابدین (عبادت گزاروں کی زینت) علی بن حسین اس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں' وہ عبادت گزاروں کی زینت تھے' حقیقی عبادت گزار اور نہایت سخی تھے''۔

اصفہانی ان کے بارے میں تحریر کرتے ہیں:

''امام زین العابدین رضی اللہ عنہ جب نماز کے لیے وضو کر کے فارغ ہوتے تھے تو وضو اور نماز کے دوران ان پر کپکپی طاری ہو جاتی تھی' ان سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو انہوں نے فرمایا: کیا تم یہ نہیں جانتے کہ میں کس (عظیم پروردگار) کی بارگاہ میں کھڑا ہونے اور مناجات کرنے لگا ہوں؟''

امام ابن شہاب زہری کے بارے میں منقول ہے: وہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہوئے رو پڑتے تھے اور یہ فرماتے تھے: وہ ''عبادت گزاروں کی زینت'' ہیں۔

ابوحمزہ ثمالی بیان کرتے ہیں: امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' رات کے وقت روٹیوں کی بوری اپنی پشت پر لاد کے صدقہ کرنے لے جاتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے:

''خفیہ طور پر دیا جانے والا صدقہ پروردگار کی ناراضگی کو ختم کر دیتا ہے''۔

شیبہ بن نعامہ بیان کرتے ہیں' جب امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو یہ پتہ چلا کہ وہ مدینہ منورہ کے ایک سو

گھرانوں کو (صدقہ کے طور پر) خوراک فراہم کرتے تھے۔

جریر نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے: جب امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا اور انہیں غسل دیا جانے لگا تو لوگوں کو ان کی پشت پر سیاہ رنگ کے نشان نظر آئے انہوں نے اس کی تحقیق کی تو پتہ چلا کہ یہ آٹے کی ان بوریوں کو اٹھانے کی وجہ سے ہیں جنہیں امام زین العابدین رضی اللہ عنہ رات کے وقت اپنی پشت پر لاد کر مدینہ منورہ کے غریبوں تک پہنچاتے تھے

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ عراق سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ میرے پاس آئے انہوں نے حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان (رضی اللہ عنہم) کے بارے میں کچھ کلام کیا۔ جب وہ لوگ اپنی بات کر کے فارغ ہو گئے تو میں نے دریافت کیا:[1]

کیا' آپ مجھے بتائیں گے؟ کیا آپ ہی وہ لوگ ہیں (جن کے بارے میں آیت ہے؟)

''پہلے ہجرت کرنے والے وہ لوگ جنہیں ان کے علاقے اور اموال (زمینوں) سے نکال دیا گیا۔ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا فضل اور رضا (حاصل کرنا) چاہتے ہیں' انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مدد کی' یہی لوگ سچے ہیں''۔

(ان عراقیوں نے) جواب دیا: جی نہیں! (اس سے مراد ہم لوگ نہیں ہیں)

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا اس سے مراد تم لوگ ہو (جن کا ذکر اس آیت میں ہے؟)

''جنہوں نے' ان سے پہلے' اس جگہ (مدینہ منورہ) اور ایمان کو اپنا ٹھکانا بنا لیا۔ یہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کی طرف آتے ہیں' اور یہ اپنے سینوں میں اس کی حاجت نہیں پاتے' جو انہیں دیا گیا۔ اور یہ دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں' اگر چہ انہیں خود اس چیز کی ضرورت ہو' اور جسے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا' وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں''۔

(ان عراقیوں نے) جواب دیا: جی نہیں! اس سے مراد ہم نہیں ہیں۔

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگوں نے یہ اعتراف کر لیا ہے کہ تمہارا ان دونوں گروہوں میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی تعلق نہیں ہے اور اب میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں' تم لوگ ان افراد میں بھی شامل نہیں ہو جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''اور جو لوگ ان کے بعد آئیں گے وہ یہ کہیں گے' اے ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت کر دے اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی' جو ہم سے پہلے اسلام لا چکے ہیں' اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لیے کوئی کینہ نہ رکھنا جو ایمان لا چکے ہیں' اے ہمارے پروردگار! بے شک تو مہربان اور رحم کرنے والا ہے''۔

[1] ہجویری' علی بن عثمان' ''کشف المحجوب'' (مترجم) صفحہ ۱۱۴' مطبوعہ شبیر برادرز' لاہور

(پھر امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اب تم یہاں سے نکل جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں (برباد) کرے۔

خلف بن حوشب بیان کرتے ہیں' امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اے اہل کوفہ کے گروہ! ہمارے ساتھ وہ محبت رکھو جو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہو اور ہمیں ہمارے حق سے بلند نہ کرو۔''

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے ان کی بکثرت گریہ وزاری کا سبب دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ مجھے ملامت نہ کرو۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے تو صرف ایک صاحبزادے لاپتہ ہوئے تھے۔ اور وہ اتنا روتے رہے کہ ان کی بینائی رخصت ہوگئی حالانکہ انہیں یہ پتہ نہیں چلا تھا کہ وہ صاحبزادے فوت ہو چکے ہیں (یا نہیں؟) جبکہ میں نے اپنے خاندان کے چودہ افراد کو ایک ہی موقعہ پر شہید ہوتے ہوئے دیکھا ہے کیا تم لوگ یہ سمجھتے ہو' کہ ان کا دکھ میرے دل سے ختم ہو جائے گا؟

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حسین بن عبد الملک، ابوجعفر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 299ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' -۴/۹۷)۔

•••——•••——•••

70- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا هِقْلٌ عَنِ الْمُثَنّٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَيْتَةُ الْبَحْرِ حَلَالٌ وَّمَاؤُهُ طَهُوْرٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سمندر کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسحاق بن جعفر، وقیل: محمد بن اسحاق بن محمد ابوبکر الصاغانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثبت'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 270ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۲۴۰)۔

○ حکم بن موسیٰ بن ابوزہیر بغدادی، ابوصالح، قنطری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا

۷۰- اخرجه الحاکم (۱/۱۴۳)-

ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 232ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۹۳)۔

○ ہقل، ابن زیاد سکسکی، دمشقی، ایک قول کے مطابق یہ ان کا لقب ہے اور ان کا نام محمد' یا شاید عبداللہ ہے۔ یہ امام وزاعی کے سیکرٹری تھے۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 279ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۲۱)۔

○ مثنی بن صباح، الیمنی، الابناوی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے () ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 149ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۲۸)۔

○ عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 118ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۲)۔

○ شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۳)۔

•••——•••——•••

71- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي مَآءِ الْبَحْرِ قَالَ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ . اَبَانُ بْنُ اَبِي عَيَّاشٍ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سمندر کے پانی کے بارے میں یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

اس روایت کا راوی ابان بن ابوعیاش ''متروک الحدیث'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحسن علی بن عبداللہ بن مبشر واسطی: ان کا انتقال 324ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

۷۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۹٤) رقم (۳۲۰)۔

''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۵)۔

○ محمد بن حرب واسطی النشائی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۹)۔

○ ابان بن ابوعیاش، فیروز بصری، ابواسماعیل عبدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 140ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التقریب (۱/۳۱)۔

72- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

73- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاهِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ مَاءُ الْبَحْرِ طَهُوْرٌ . كَذَا قَالَ وَالصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: سمندر کا پانی پاک ہے۔

راویوں نے اسی طرح نقل کیا ہے' تاہم درست یہ ہے: یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

آپ کا سلسلہ نسب ہے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

آپ کی کنیت ''ابوالعباس'' ہے۔ آپ قبیلہ قریش کی شاخ ''بنو ہاشم'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہیں۔

آپ کی والدہ سیّدہ لبابہ کبریٰ بنت حارث رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں۔

۷۳- اخرجه الحاكم (۱/۱۴۰)۔

ان کی عظمت علم کی وجہ سے انہیں ''حبر الامۃ'' (امت کا بڑا عالم) کا خطاب دیا گیا۔

جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خاندان کے افراد سمیت شعب ابی طالب میں محصور تھے۔

انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن ان کے منہ میں ڈالا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کی زیارت کی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دومرتبہ میرے لیے دعا کی ہے۔

ایک اور روایت میں حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ساتھ لپٹالیا اور دعا کی:

''اے اللہ! اسے حکمت کا علم عطا کر''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی عمر ۱۳ برس تھی اور بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر ۱۵ برس تھی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دور حکومت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو بصرہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے کچھ عرصہ پہلے یہ بصرہ کو چھوڑ کر واپس حجاز چلے گئے تھے۔ جنگِ جمل میں انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں

جبکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت کرنے والوں میں صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بھائی کثیر بن عباس شامل ہیں۔

تابعین میں سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے علی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام عکرمہ اور کریب' ان کے علاوہ عطاء بن ابی رباح' مجاہد' ابن ابی ملیکہ' عمرو بن دینار' عبید بن عمیر' سعید بن مسیب' محمد عبیداللہ بن عبداللہ' سلیمان بن یسار' عروہ بن زبیر' ابوزبیر' محمد بن کعب' طاؤس' وہب بن منبہ اور دیگر بہت سے افراد نے احادیث روایت کی ہیں۔

طبقات ابن سعد(365/2)طبقات خلیفۃ (ص 189/126/3) التاریخ الکبیر (3/5) الجرح والتعدیل (116/5) معجم الصحابۃ للبغوی (ق173/ب) الثقات لابن حبان (207/3) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (ج 2ق 17 /ا) الاستیعاب (933/3) اسد الغابۃ (186/3) سیر اعلام النبلاء (331/3) تجرید اسماء الصحابۃ (320/1)الکاشف (90/2) الاصابۃ (90/4) التہذیب (276/5) التقریب (ص309)الریاض المستطابۃ (ص198) بقی بن مخلد و مقدمۃ مسندہ (ص80)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ''طائف'' میں ہوا۔
آپ کی نمازِ جنازہ (حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے) محمد بن حنفیہ نے پڑھائی۔
جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر کی مٹی کو برابر کر دیا گیا تو محمد بن حنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
''اللہ کی قسم! آج اس امت کا ایک بڑا عالم فوت ہو گیا ہے''۔
مشہور قول کے مطابق حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا انتقال ۷۸ ہجری میں ہوا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ۷۰ سال تھی۔
بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: وصال کے وقت ان کی عمر ۸۱ سال تھی اور ان کا انتقال ۷۰ ہجری میں ہوا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن موسیٰ بن العباس بن مجاهد ابوبکر مقری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 324ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴۴/۵)(۲۵۸۰)۔

○ ابراہیم بن راشد بن سلیمان، ابواسحاق الادمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۷۴/۶)۔

○ یزید بن حمید الضبعی، ابوالتیاح، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 128ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۳/۲)۔

○ موسیٰ بن سلمۃ بن محبق - ہذلی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۳/۲)۔

•••———•••———•••

74- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ لَمْ يُطَهِّرْهُ مَاءُ الْبَحْرِ فَلَا طَهَّرَهُ اللّٰهُ .
اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جسے سمندر کا پانی پاک نہیں کر سکتا' اللہ تعالیٰ

۷۴- اخرجه البیهقي (۱/٤) کتاب الطهارة' باب: التطهیر بماء البحر-

بھی اُسے پاک نہ کرے۔

اس حدیث کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوالقاسم عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز بن المرزبان بن سابور بن ساھنشاہ البغوی الاصل بغدادی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 317ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰/۱۱۱)۔

○ محمد بن حمید بن حیان رازی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۵۶)۔

○ ابراہیم بن مختار تمیمی، ابواسماعیل رازی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 182ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۳)۔

○ عبد العزیز بن عمر بن عبد العزیز بن مروان اموی، ابومحمد، مدنی، نزیل الکوفۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۱۱)۔

75- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْقَاضِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ لَقَدْ ذُكِرَ لِي اَنَّ رِجَالاً يَغْتَسِلُونَ مِنَ الْبَحْرِ الْاَخْضَرِ ثُمَّ يَقُوْلُونَ عَلَيْنَا الْغُسْلُ مِنْ مَّاءٍ غَيْرِهِ وَمَنْ لَمْ يُطَهِّرْهُ مَاءُ الْبَحْرِ فَلاَ طَهَّرَهُ اللّٰهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میرے سامنے یہ بات ذکر کی گئی' کچھ لوگ بحرِ اخضر میں نہانے کے بعد یہ کہتے ہیں: ہم پر یہ لازم ہے' ہم دوسرے پانی سے بھی نہالیں (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:) جس شخص کو سمندر کا پانی پاک نہیں کرتا' اللہ تعالیٰ اُسے پاک نہ کرے۔

۷۵-تقدم في (۷٤) من حديث ابي هريرة مرفوعاً-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الملک بن عمرو القیسی، ابوعامر، العقدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 205ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۱/۱)۔

○ سلیمان بن بلال تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابومحمد وابوایوب مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 177ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۲/۱)۔

○ عمرو بن ابوعمرو، میسرۃ، مولی المطلب، مدنی، ابوعثمان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 150ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۵/۲)۔

○ عکرمۃ بن عبد اللہ، مولی ابن عباس، اصلہ بربری، یہ ثقہ ہیں۔ ثبت، عالم بالتفسیر، لم یثبت تکذیبہ عن ابن عمر: یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 107ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰/۲)۔

•••———•••———•••

76- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَدَنِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ الْمَحَامِلِيُّ وَأَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَلَمَةَ مِنْ آلِ ابْنِ الْأَزْرَقِ أَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ أَبِي بُرْدَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيلَ مِنَ الْمَاءِ فَإِنْ تَوَضَّأْنَا بِهِ عَطِشْنَا أَفَنَتَوَضَّأُ بِمَاءِ

۷۶- اخرجه مالك (۲۲/۱) كتاب الطهارة' باب الطهور للوضوء الحديث (۱۲)' والشافعي في (۱۶/۱) كتاب الطهارة' ومحمد بن الحسن في الموطأ (۴۲): كتاب الطهارة: باب الوضوء بماء البحر' الحديث (۴۶)' وابن ابي شيبة (۱۳۱/۱) كتاب الطهارات' باب من رخص في الوضوء وبماء البحر' واحمد (۳۶۱/۲)' والدارمي (۱۸۶/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء من ماء البحر' والبخاري في التاريخ الكبير (۴۷۸/۳)' وابو داؤد (۶۴/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء بماء البحر' الحديث (۸۳)' والترمذي (۱۰۰/۱-۱۰۱) كتاب الطهارة باب ما جاء في ماء البحر انه طهور' الحديث (۶۹)' والنسائي (۱۷۶/۱) كتاب الطهارة باب الوضوء بماء البحر' وابن ماجه (۱۳۶/۱) كتاب الطهارة باب الوضوء بماء البحر' الحديث (۳۸۶)' وابن خزيمة (۵۹/۱) كتاب الطهارة باب الرخصة في الغسل والوضوء من ماء البحر' الحديث (۱۱۱)' وابن حبان في (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الماء' الحديث (۱۱۹)' وابن الجارود ص (۲۵) باب في طهارة الماء' والقدر الذي ينجس الماء والذي لا ينجس' والحاكم (۱۴۰/۱-۱۴۱) كتاب الطهارة' والبيهقي في (۳/۱) كتاب الطهارة' باب التطهير بماء البحر- وفي (معرفة السنن والآثار) (۱۵۰/۱-۱۵۱)۔

الْبَحْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَالْحَدِيْثُ عَلٰى لَفْظِ الْقَعْنَبِيِّ وَاخْتَصَرَهُ ابْنُ مَهْدِيٍّ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ! ہم لوگ سمندر میں سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے کر جاتے ہیں اگر ہم اس سے وضو کرلیں تو خود پیاسے رہ جائیں گے کیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کرلیا کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسماعیل بن محمد سہمی ابوحذافۃ : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱/۱)۔

○ عبدالرحمٰن بن مہدی بن حسان عنبری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوسعید بصری : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 298ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۹۹/۱)۔

○ عبداللہ بن مسلمۃ بن قعنب، قعنبی حارثی، ابوعبدالرحمٰن بصری : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۵۱/۱)۔

○ صفوان بن سلیم مدنی، ابوعبداللہ زہری : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۸/۱)۔

○ سعید بن سلمۃ بن ابوالحسام، العدوی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمرو مدنی : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۷/۱)۔

○ مغیرۃ بن ابوبردۃ : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 105ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۶۸/۳)۔

77- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُورٍ الْفَقِيهُ اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ الْبِطِّيخِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْوُضُوْءِ بِمَاءِ الْبَحْرِ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی سے وضو کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبد اللہ بن منصور، ابواسماعیل شیبانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 283ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۳۱/۵)۔

○ سلیمان بن عبد الرحمٰن بن عیسیٰ تیمی دمشقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 233ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۷/۱)۔

○ محمد بن غزوان، قال ابوزرعۃ: منکر الحدیث، وقال ابن حبان: یقلب الاخبار، ویرفع الموقوف، لایحل الاحتجاج بہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲۹۲/۶)۔

○ عبد الرحمٰن بن عمرو بن ابوعمرو الاوزاعی، ابوعمرو، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۹۳/۱)۔

○ یحییٰ بن ابوکثیر طائی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابونصر الیمامی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۶/۲)۔

78- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَهْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُدَامِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ مَاءِ الْبَحْرِ اَيُتَوَضَّأُ مِنْهُ فَقَالَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا: کیا اس سے وضو کرلیا جائے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن ربیعہ بن القدامی مصیصی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۴/۱۸۰) (۴۵۴۹)۔

79- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ الْقَلَانِسِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَيْتَةُ الْبَحْرِ حَلَالٌ وَّمَاؤُهُ طَهُوْرٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سمندر کا مردار حلال ہے اور اس کا پانی پاک ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن حماد، ابوفضل رملی القلانسی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۴/۱۰۸)۔

6- باب كُلِّ طَعَامٍ وَّقَعَتْ فِيْهِ دَابَّةٌ لَيْسَ لَهَا دَمٌ

باب: جس کھانے میں ایسا جانور (یعنی کیڑا مکوڑا) گر جائے جس میں خون نہیں ہوتا

80- حَدَّثَنَا اَبُوْ هَاشِمٍ عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ الْحِمْصِيُّ قَالَ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِيْ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ الْحِمْصِيِّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الزُّبَيْدِيِّ عَنْ بِشْرِ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ سُهَيْلٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْاَخْيَلِ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِيْ

۷۹- نقله ابن الملقن في البدر (۲/۳۱-۳۲) عن المصنف، وقال: (ابن عياش هذا: هو اسماعيل ابو عتبة الحمصي ليس بالقوي، وحديثه عن الحجازيين ضعيف بخلاف الشاميين، والمثنى بن الصباح مكي، فتكون هذه الطريقة ضعيفة)- اهـ- ثم قال: والاعتماد انما هو على الطريق الاول، وهذه متابعة له)- اهـ- والطريق الاول هو الذي تقدم رقم (۷۰)-

۸۰- اخرجه ابن عدي في الكامل (۲/۱۲۴۲) والبيهقي في الكبرٰى (۱/۲۵۳) كتاب الطهارة، باب (ما لا نفس له سائلة اذا مات في الماء القليل)-

سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا سَلْمَانُ كُلُّ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ وَّقَعَتْ فِيْهِ دَابَّةٌ لَيْسَ لَهَا دَمٌ فَمَاتَتْ فِيْهِ فَهُوَ حَلَالٌ اَكْلُهُ وَشُرْبُهُ وَوُضُوْءُهُ . لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ بَقِيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الزُّبَيْدِيِّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ۔

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اے سلمان! ہر وہ کھانا یا مشروب جس میں کوئی ایسا جانور (یعنی کیڑا مکوڑا) گر جائے، جس کا خون نہیں ہوتا' اور وہ کھانے کی چیز میں مر جائے تو اسے کھانا اور پینا کپڑا اور اس پانی سے وضو کرنا حلال ہوگا۔

اس روایت کو سعید بن ابوسعید زبیدی کے حوالے سے صرف بقیہ نے نقل کیا ہے اور یہ ''ضعیف'' ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے اور یہ ''خیر'' کے لقب سے مشہور ہیں۔

ایک مرتبہ لوگوں نے ان سے ان کا نسب دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا۔ میں ابن اسلام ہوں۔ یہ اصل میں ایران کے شہر رام ہرمز کے رہنے والے تھے۔ بعض لوگوں نے یہ بات بیان کی ہے: یہ اصفہان کے شہر کے رہنے والے تھے۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے ان کا نام کچھ اور تھا۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ خود بیان کرتے ہیں: میرے والد ایک زمیندار تھے۔ ہم آگ کی پوجا کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ میرے والد نے کسی کام کے سلسلے میں زمینوں پر بھیجا۔ راستے میں میرا گزر ایک گرجے کے پاس سے ہوا۔ وہاں لوگ عبادت کر رہے تھے۔ مجھے ان کا طریقہ عبادت پسند آیا۔ میں نے یہ سوچا کہ ان کا دین ہمارے دین کے مقابلے میں بہتر ہے۔ میں اس دن ان کے ساتھ رہا۔ شام کو جب واپس آیا تو والد صاحب نے دریافت کیا۔ تم کہاں رہ گئے تھے۔ زمینوں پر کیوں نہیں گئے تو میں نے انہیں بتایا کہ میں ایک گرجے میں چلا گیا تھا۔ مجھے ان لوگوں کا دین پسند آیا۔ میرا یہ خیال ہے کہ ان کا دین ہمارے دین کے مقابلے میں بہتر ہے تو میرے والد نے مجھے بیڑیاں ڈال کر قید کر دیا۔ پھر میں کسی طرح وہاں سے جان چھڑوا کر گرجے والوں کے پاس آیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے مذہب کی اصل شام میں ہے تم وہاں پر چلے جاؤ! وہاں تمہیں ہمارے مذہب کا بڑا عالم مل جائے گا۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں وہاں سے شام چلا گیا۔ میں نے سب سے بڑے عالم کے بارے میں دریافت کیا۔ مجھے ایک بڑے پادری کے بارے میں بتایا گیا۔ میں اس کے ساتھ رہنے لگ پڑا۔ وہ شخص ایک بددیانت شخص تھا۔ وہ شخص لوگوں کو صدقہ کرنے کے لئے کہتا تھا اور لوگ جو صدقے کے طور پر دیتے تھے وہ اسے اپنے پاس رکھتا تھا۔ یہاں تک کہ

اس نے سونے اور چاندی کے سات مٹکے بھر لئے تھے۔ جب وہ مرگیا تو میں نے لوگوں کو اس کی حقیقت کے بارے میں بتایا۔ لوگ مجھے لے کر اسی جگہ پر آئے جہاں اس نے مال دفن کیا ہوا تھا۔ جب واقعی وہاں سے مال نکلا تو لوگوں نے اس پادری کو دفن نہیں کیا بلکہ سنگسار کیا اور اس کی جگہ ایک دین دار شخص کو اپنا پیشوا مقرر کر دیا۔ وہ دین دار شخص مجھ سے محبت کرنے لگا۔ جب وہ مرنے لگا تو اس نے مجھے بتایا تم یہاں سے فلاں جگہ چلے جاؤ۔ وہاں تمہیں عیسائیت کا ایک بڑا عالم مل جائے گا۔ تم اس کے ساتھ رہنا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں وہاں سے اس جگہ آ گیا۔ وہاں اس بڑے پادری کے پاس گیا۔ اس کے ساتھ رہا۔ جب اس کے مرنے کا وقت قریب آیا تو اس نے مجھے بتایا کہ تم یہاں سے عموریہ چلے جاؤ۔ وہاں تمہیں ایک بڑا پادری مل جائے گا۔ میں وہاں سے عموریہ چلا گیا۔

وہاں کے پادری کے پاس کافی عرصہ رہا۔ اس کے مرنے کا وقت قریب آیا تو میں نے اس سے کہا کہ تم مجھے ایک بڑے اور نیک پادری کے بارے میں بتاؤ۔ اس شخص نے جواب دیا۔ میرے علم کے مطابق اب ایسا کوئی شخص نہیں ہے جو ہمارے جیسی حالت پر ہو۔ البتہ نبی آخر الزماں کی بعثت کا زمانہ قریب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین کی پیروی کریں گے۔ کھجوروں کی سرزمین کی طرف ہجرت کر کے آئیں گے۔ ان کی واضح نشانیاں ہوں گی۔ ان کے دونوں کندھوں کے درمیان مہرِ نبوت ہوگی۔ صدقہ قبول نہیں کریں گے۔ تحفہ قبول کر لیا کریں گے۔ ہو سکے تو تم ان کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ۔ اس پادری کا انتقال ہو گیا۔

میرے پاس کچھ بکریاں اور بھیڑیں تھیں۔ بنو کلب قبیلے کا ایک قافلہ وہاں سے گزرا تو میں نے ان سے کہا: تم لوگ مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ۔ میں معاوضے کے طور پر اپنی بکریاں اور گائے تمہیں دیتا ہوں۔ وہ لوگ مجھے اپنے ساتھ لے کر وادی قرہ کے اندر آ گئے اور مجھے ایک یہودی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ کھجوروں کے درخت دیکھ کر مجھے اندازہ ہو گیا کہ میں اپنی منزل کے قریب پہنچ چکا ہوں۔ پھر اس یہودی نے مجھے ایک شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ وہ شخص مجھے لے کر مدینہ آ گیا اور مدینہ منورہ کو دیکھ کر مجھے اندازہ ہو گیا کہ یہی میری منزل ہے۔ میں اس شخص کے پاس کھجوروں کے باغ میں کام کرتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو مبعوث کر دیا لیکن مجھے اس کا پتہ نہیں چلا۔

جب نبی اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے اور آپ نے ایک محلے میں قیام کیا تو اس وقت میں ایک کھجور کے درخت پر چڑھا کھجوریں اتار رہا تھا۔ اسی دوران میرے مالک کا بھتیجا وہاں آیا اور بولا: چچا جان! فلاں قبیلے کے لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں۔ میں ان کے پاس سے ہو کر آ رہا ہوں۔ انہوں نے مکہ سے آنے والے ایک شخص کے گرد ہجوم کیا ہوا ہے' وہ مکہ والا شخص خود کو نبی کہتا ہے۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں یہ سن کر خوش ہو گیا اور کانپنے لگا۔ یہاں تک کہ یہ قریب تھا کہ میں درخت سے نیچے گر جاتا۔ میں جلدی سے درخت سے نیچے اترا اور اس سے پوچھا: تم نے یہ کیا بات بتائی ہے۔ میرے مالک نے مجھے ایک مکا مارا اور بولا: تمہیں اس سے کیا مطلب ہے۔ تم اپنا کام جاری رکھو۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنا کام کرتا رہا۔ یہاں تک کہ شام ہو گئی اور میں کچھ کھجوریں لے کر نبی

اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کے ساتھ آپ کے کچھ اصحاب بھی موجود تھے۔ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: میرے پاس کچھ کھجوریں ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میں انہیں صدقہ کردوں۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ ایک نیک آدمی ہیں اور آپ کے ساتھیوں کو بھی کھجوروں کی ضرورت ہے تو میں یہ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا اور اپنے اصحاب کو ہدایت کی کہ وہ ان کھجوروں کو کھالیں (کیونکہ یہ صدقے کی کھجوریں تھیں) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے دل میں سوچا کہ ایک نشانی تو ظاہر ہوگئی (یعنی یہ نبی صدقہ استعمال نہیں کرتے)۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں وہاں سے واپس آ گیا۔ اگلے دن میں پھر کچھ کھجوریں لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی: میں آپ کو ایک نیک بزرگ سمجھتا ہوں اور آپ کے لئے تحفہ لایا ہوں۔ یہ صدقہ نہیں ہے تو نبی اکرم ﷺ نے خود بھی ان کھجوروں کو کھایا اور اپنے ساتھیوں کو بھی کھلایا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ میں نے کہا دوسری نشانی بھی ظاہر ہوگئی۔ (نبی اکرم ﷺ تحفہ قبول کر لیتے ہیں)۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' میں وہاں سے واپس آ گیا۔ پھر ایک دن مجھے ایک جنازے میں شرکت کرنے کا موقع ملا۔ نبی اکرم ﷺ بھی اس میں شامل تھے۔ آپ کے گرد آپ کے اصحاب تھے۔ میں آپ کے قریب آیا اور آپ کی پشت کی طرف آنے لگا تاکہ آپ کی مہر نبوت کی زیارت کرسکوں۔ آپ کو میرے ارادے کا اندازہ ہوگیا۔ آپ نے اپنی چادر سرکائی تو میں نے آپ کے دو کندھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھ لی۔ میں نے اسے بوسہ دیا اور رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے سامنے بٹھایا۔ میں نے آپ کو پورا واقعہ سنایا۔

(حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) اے ابن عباس! جس طرح میں تمہیں یہ واقعہ سنا رہا ہوں۔

نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے سلمان! تم اپنے آقا کے ساتھ کتابت کرلو۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے آقا سے کتابت کرنے کے لئے کہا۔ یہاں تک کہ اس نے یہ شرط پیش کی کہ میں انہیں تین سو درخت لگا کر دوں گا اور چالیس اوقیہ سونا ادا کروں گا۔ جب یہ طے پایا تو میں نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کو بتایا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے اصحاب کو فرمایا: تم اپنے بھائی کی درخت لگانے میں مدد کرو۔ اس طرح تین سو درخت لگا دیے گئے۔ جب سونے کی ادائیگی کی باری آئی تو ایک شخص سونے کا ایک انڈہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جو اسے کسی کان میں سے ملا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے ہدایت کی کہ یہ سلمان کو دے دو۔ میں نے اس کے ذریعے اپنا کتابت کا معاوضہ ادا کیا اور آزاد ہوگیا۔

ابوطفیل نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے سونے کا انڈہ مجھے عنایت کر کے میری مدد کی تھی۔ اگر میں اس انڈے کو احد پہاڑ کے برابر وزن کرتا تو وہ اس سے بھی زیادہ وزنی ہوتا۔

غلام ہونے کی وجہ سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد میں شریک نہیں ہو سکے تھے۔ آپ نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی اور غزوۂ خندق کے موقع پر خندق کھودنے کا مشورہ آپ ہی نے دیا تھا۔ جو ایرانیوں کا جنگ کرنے کا مخصوص انداز ہے۔ اس کے بعد حضرت سلمان فارسی تمام غزوات میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک رہے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں اور حضرت ابودرداء کو بھائی بھائی بنا دیا تھا۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بھی منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جنت تین لوگوں کی مشتاق ہے (علی، عمار اور سلمان)۔

غزوۂ خندق کے موقع پر جب خندق کھودنے کا موقع آیا تو کیونکہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ تکنیکی طور پر اس کام سے واقف تھے۔ اس لیے وہ زیادہ بہتر طریقے سے خندق کھودرہے تھے۔ اس پر مہاجرین اور انصار کے درمیان (ہنسی مذاق کے طور پر) اختلاف ہوگیا۔ مہاجرین نے کہا: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا تعلق ہمارے ساتھ ہے اور انصار نے کہا: ان کا تعلق ہمارے ساتھ ہے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا علم ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا: سلمان ہم میں سے ہے۔ یعنی اہل بیت میں سے ہے۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ شامل ہیں۔

اس کے علاوہ تابعین کی ایک بڑی جماعت نے آپ سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا انتقال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کے آخر میں ہوا۔ یہ سن ۳۵ ہجری کی بات ہے۔ بعض کے بیان کے مطابق آپ کا سن وفات ۳۱ ہجری بیان کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

- عبدالغافر بن سلامۃ بن احمد بن عبدالغافر بن سلامۃ بن ازہر، ابوہاشم الحضومی: یہ ثقہ ہیں، ان کا انتقال 265ھ میں ہوا۔

- یحییٰ بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشپ، حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا، ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی، (۲/۳۵۳) (۱۳۰)۔

- بقیۃ بن ولید بن صائد بن کعب الکلاعی، ابوتحمد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 197ھ میں ہوا، ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی، (۱/۱۰۵) (۱۰۸)۔

- سعید بن عبدالجبار، زبیدی، ابوعثمان حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی، (۱/۲۹۹) (۲۰۳)۔

- بشر بن منصور السلیمی، ابومحمد ازدی بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ

راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 131ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۰۱)(۷۶)۔

○ علی بن زید بن عبداللہ بن زہیر بن عبداللہ بن جدعان، تیمی ، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 131ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۷)(۳۴۲)۔

○ محمد بن حمید بن سہیل بن اسماعیل بن شداد، ابوبکر مخرمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 361ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۲۶۴)(۷۳۴)۔

○ احمد بن ابوالاخیل سلفی حمصی: ان کی کنیت ابواحمد تھی۔ بغداد آ کر انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے غری روایات نقل کی تھی۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' (۴/۱۲۸)(۱۸۰۵)

توضیح مسئلہ:

''تحفۃ الفقہاء'' کے مصنف تحریر کرتے ہیں:

مردار نجاستوں کی دو بنیادی اقسام ہیں۔

ان میں سے بعض وہ مردار ہوتے ہیں' جن میں بہنے والا خون نہیں ہوتا' ہمارے نزدیک یہ نجس نہیں ہوتے۔اس بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے' جیسا کہ ہم آگے چل کر اس کا تذکرہ کریں گے۔

دوسری قسم یہ ہے: جس مردار میں بہنے والا خون موجود ہو' اس بارے میں ہم یہ کہتے ہیں' اس بارے میں کوئی اختلاف موجود نہیں ہے' ہر وہ جزو جس میں بہنے والا خون موجود ہو' جیسے گوشت' چربی اور کھال وغیرہ تو یہ نجس ہوتے ہیں۔اس لیے اگر یہ پانی میں مل جائیں گے تو پانی ناپاک ہو جائے گا' کیونکہ ان میں خون ملا ہوا ہوتا ہے۔

یہاں اس باب میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ عنوان تجویز کیا ہے: جب کسی کھانے کی چیز میں کوئی ایسا جانور یا پرندہ گر جائے جس کا خون نہ بہتا ہو' تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

اس باب کے تحت امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے' جس میں واضح طور پر یہ حکم دیا گیا ہے' جب بھی کسی کھانے یا پینے کی چیز میں کوئی ایسا جانور یا پرندہ گر جائے جس کا خون نہ بہتا ہو اور وہ اس چیز میں گر کر مر جائے تو اس چیز کو کھانا حلال ہوتا ہے' پینا حلال ہوتا ہے' اس کے ذریعے وضو کیا جا سکتا ہے۔

تاہم اس حدیث میں باقاعدہ وضاحت نہیں کی گئی۔اس کی تائید میں دوسری روایت وہ شامل کر سکتے ہیں' جسے امام بخاری نے اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کسی شخص کے برتن میں مکھی گر جائے تو وہ اسے مکمل طور پر اس میں ڈبو دے' پھر اسے پھینکے کیونکہ اس مکھی

کے ایک پَر میں شفاء ہوتی ہے اور دوسرے میں بیماری ہوتی ہے''۔ (حدیث: 5544، صحیح بخاری)

شمس الائمہ سرخسی کا بیان:

شمس الائمہ سرخسی فرماتے ہیں: اگر برتن میں مکھی وغیرہ کوئی ایسا پرندہ گر جائے جس کا بہتا ہوا خون نہ ہو تو ہمارے نزدیک وہ اس برتن (موجود) کو فاسد نہیں کرے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: وہ اسے فاسد کردے گا ماسوائے اس جانور یا حشرات الارض کے جو پیدا ہی اس چیز میں ہو جیسے سرکے کا کیڑا ہوتا ہے وہ اگر اس میں مرجاتا ہے تو سرکہ خراب نہیں ہوگا۔ اسی طرح پھلوں کے کیڑے اگر پھل کے اندر مرجاتے ہیں تو وہ پھل خراب نہیں ہوگا انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تمہارے لیے مردار کو حرام قرار دیا گیا ہے''۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: یہ اس بات پر نص ہے ہر مردار نجس ہوتا ہے تو جب وہ مرنے کی وجہ سے خود نجس ہوگا تو جس چیز میں وہ مرجائے گا وہ بھی نجس ہو جائے گی۔ البتہ ضرورت کے پیش نظر اس چیز کو جائز قرار دیا جائے گا جس میں وہ مردار پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس سے بچنا ممکن نہیں ہے لہٰذا یہ معاف شمار ہوگا۔

اس کے مقابلے میں احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث پیش کی ہے جسے ہم سابقہ سطور میں نقل کر چکے ہیں[1]

شیخ ابن قدامہ کی وضاحت

مشہور حنبلی فقیہہ امام موفق الدین ابن قدامہ تحریر کرتے ہیں: عام فقہاء اسی بات کے قائل ہیں: ایسا پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ شیخ ابن منذر فرماتے ہیں:

''میرے علم کے مطابق اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے''۔ البتہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اس بارے میں دو اقوال منقول ہیں ان کا ایک قول یہ ہے: اگر وہ پانی تھوڑی مقدار میں ہو تو اس (مچھر مکھی وغیرہ کے مرنے کی وجہ سے) ناپاک ہو جائے گا۔

ان کے بعض اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے (یہی حکم ہوگا) یہ حکم قیاس کے مطابق ہے۔

جبکہ دوسرا قول یہ ہے: ایسا پانی ناپاک نہیں ہوگا اور لوگوں کے لیے اسی میں بہتری ہے۔

اس کے بعد امام ابن قدامہ نے اپنے مؤقف کی تائید میں وہی حدیث پیش کی ہے جسے ہم سابقہ سطور میں امام بخاری کے حوالے سے نقل کر چکے ہیں جس کے بعد امام ابن قدامہ نے امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

پھر حضرت سلمان فارسی سے منقول روایت نقل کی ہے اور امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے کے ساتھ یہ وضاحت بھی کی ہے

[1] مبسوط سرخسی، صفحہ 49، جلد نمبر 1

امام ترمذی نے بھی اسے نقل کیا ہے۔

7- باب الْمَآءِ الْمُسَخَّنِ

باب: گرم کیا گیا پانی

81- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَسْلَمَ مَوْلٰى عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ يُسَخَّنُ لَهُ مَاءٌ فِي قُمْقُمَةٍ وَيَغْتَسِلُ بِهِ .
هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ .

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام اسلم بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کیلئے ایک مٹکے میں پانی گرم کیا جاتا تھا' وہ اس پانی کے ذریعے غسل کرتے تھے۔

اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن غراب، ابوحسن المحاربی، کوفی، : امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۴۵)(۶۴۱۸)۔

○ ہشام بن سعد مدنی، ابوعباد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۱۸)(۸۱)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے سب سے پہلے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں اثر نقل کیا ہے' انہوں نے گرم پانی کے ساتھ غسل کیا تھا۔

شیخ ابن قدامہ کی توضیح:

امام موفق الدین ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں: گرم کیے گئے پانی سے غسل کرنا مکروہ نہیں ہے' البتہ اگر وہ اتنا زیادہ گرم ہو کہ اس کی گرمی کی وجہ سے آدمی اچھی طرح وضو نہ کر سکے تو حکم مختلف ہوگا۔ گرم کیے گئے پانی کے ساتھ وضو (یا غسل) کے جواز کے قائلین میں حضرت عمر' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت انس رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

اہلِ حجاز اور اہلِ عراق بھی اسی بات کے قائل ہیں' صرف مجاہد کا اس بارے میں مؤقف مختلف ہے۔

۸۱- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/۶) كتاب الطهارة' باب التطهير بالماء المسخن من طريق المصنف به-

امام ابن قدامہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت بھی نقل کی ہے: ایک مرتبہ وہ ''جحفہ'' کے مقام پر حمام میں تشریف لے گئے تھے (اور حمام میں عام طور پر گرم پانی ہوا کرتا ہے)۔

اس کے بعد امام ابن قدامہ نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے: نبی اکرم ﷺ کی سواری تیار کرنے والے صحابی حضرت شریق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ (سفر میں شریک تھا) مجھے جنابت لاحق ہوگئی میں نے لکڑیاں اکٹھی کیں اور ان کے ذریعے پانی گرم کیا' پھر میں نے اس پانی کے ساتھ غسل کیا' جب میں نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کو بتایا تو آپ نے میرے اس عمل کو غلط قرار نہیں دیا''۔

ہمیں اس حدیث کے کسی دوسرے حوالے کا پتا نہیں چلا' لیکن اس روایت سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' نبی اکرم ﷺ کے سامنے گرم کیے گئے پانی سے غسل کیا گیا اور آپ ﷺ نے اس بات کا انکار نہیں کیا۔ (المغنی 45/1)

•••——•••——•••

82- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَقَدْ سَخَّنْتُ مَاءً فِي الشَّمْسِ فَقَالَ لَا تَفْعَلِي يَا حُمَيْرَاءُ فَاِنَّهُ يُورِثُ الْبَرَصَ .

غَرِيبٌ جِدًّا .خَالِدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے' اس دوران میں نے دھوپ میں کچھ پانی گرم کیا تھا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے گوری! ایسا نہ کیا کرو' کیونکہ اس کے نتیجے میں برص ہو سکتا ہے۔

یہ روایت انتہائی ''غریب'' ہے' اس کا راوی خالد بن اسماعیل ''متروک'' ہے۔

حدیث کی راوی صحابی خاتون کا تعارف:

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

آپ کا نام عائشہ ہے۔ آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی محبوب ترین زوجہ محترمہ ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے آپ کے علاوہ اور کسی کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی۔

۸۲- اخرجہ البیہقی (۶/۱) کتاب الطہارۃ: باب کراھیۃ التطہیر بالماء المشمس- وابن عدی فی الکامل (۳/۹۱۲)؛ وعزاہ ابن الملقن فی البدر المنیر (۶/۲) الی ابی نعیم فی کتاب (الطب)۔

نبی اکرم ﷺ بعض اوقات آپ کو 'حمیرا'' (گوری) کہا کرتے تھے۔
سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ تھے کیونکہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں منہ بولا بیٹا بنایا ہوا تھا اس لیے ان کی نسبت سے وہ ''اُمّ عبداللہ'' کی کنیت اختیار کرتی تھیں۔
سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام زینب تھا اوران کی کنیت ''ام رومان رضی اللہ عنہا'' تھی۔
سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بعثت کے ۴ برس بعد شوال المکرّم کے مہینے میں پیدا ہوئی تھیں۔
اعلانِ نبوت کے دسویں برس نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کیا۔ تاہم ان کی رخصتی ہجرت مدینہ کے بعد ہوئی۔
سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا علم وفضل کے اعتبار سے نمایاں حیثیت کی مالک ہیں۔
آپ سے بہت سی احادیث منقول ہیں۔
اس کے علاوہ آپ نے بہت سے معاملات میں دیگر صحابہ کرام سے اختلاف کر کے اپنی رائے پیش کی ہے اور بعد میں آنے والے حضرات نے ان کی رائے کا احترام بھی کیا ہے۔ اس کے علاوہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا علم الانساب' تاریخ اور علم طب کی بھی بڑی ماہر تھیں۔
نبی اکرم ﷺ جب اس دنیا سے رخصت ہوئے تو وہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی مخصوص باری کا دن تھا اور آپ ﷺ کو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں دفن کیا گیا۔
سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ آپ کی برأت میں قرآن پاک کی دس آیات نازل ہوئی تھیں۔
سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ۵۸ ہجری میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت میں انتقال کیا۔ انتقال کے وقت ان کی عمر کم وبیش ۶۷ برس تھی۔
ان کی وصیت کے مطابق انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جو اس وقت مدینہ منورہ کے قائم مقام گورنر تھے انہوں نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعدان بن نصر بن منصور، ابوعثمان ثقفی البزار: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۰۵/۹) (۴۷۸۳)۔

○ خالد بن اسماعیل بن ولید مخزومی، ابوولید: امام دارقطنی نے ان کا تذکرہ ضعفاء ومتروکین میں کیا ہے۔

○ ہشام بن عروۃ بن زبیر بن عوام اسدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 146ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۹/۲)(۹۲)۔

○ عروۃ بن زبیر بن عوام بن خویلد اسدی، ابوعبداللہ مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 94ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۹/۲)(۱۵۷)۔

توضیح مسئلہ:

اس روایت میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ مسئلہ بیان کیا ہے' جس پانی کو دھوپ میں رکھ کے گرم کیا گیا ہو' اس کے ذریعے وضو یا غسل کرنے کا حکم کیا ہوگا؟

حدیث کے الفاظ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے: ایسا کرنا درست نہیں ہے' کیونکہ اس کے نتیجے میں بیماری پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

شیخ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں:

''جس پانی کو دھوپ میں رکھ کر گرم کیا گیا ہو' اس کے ساتھ طہارت حاصل کرنا مکروہ نہیں ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: ایسے پانی کے ساتھ طہارت حاصل کرنا مکروہ ہوگا جسے برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیا گیا ہو۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں: میں صرف اسے طبی حوالے سے مکروہ قرار دیتا ہوں کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''ایسے پانی کے نتیجے میں برص پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے''۔[1]

•••———•••———•••

83- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَتْحِ الْقَلَانِسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَعْسَمُ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يُتَوَضَّا بِالْمَآءِ الْمُشَمَّسِ اَوْ يُغْتَسَلَ بِهٖ وَقَالَ اِنَّهُ يُورِثُ الْبَرَصَ . عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَعْسَمُ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ . وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ فُلَيْحٍ غَيْرُهُ وَلَا يَصِحُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' ایسے پانی کے ذریعے وضو کیا جائے جسے دھوپ میں رکھا گیا ہو' یا اس کے ذریعے غسل کیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اس کے نتیجہ میں برص ہوسکتا ہے۔

[1] المغنی از موفق الدین ابن قدامہ حنبلی 46/1

۸۳- اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/۱) كتاب الطهارة باب كراهية التطهير بالماء المشمس-

اس روایت کا راوی عمر بن محمد اعسم منکرالحدیث ہے۔
اس روایت کو اس کے علاوہ اور کسی نے بھی فلیح سے نقل نہیں کیا ہے۔ اور زہری سے منقول ہونے کے حوالے سے یہ حدیث مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن الفتح، ابوابکر القلانسی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 333ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۶۷/۳) (۱۲۱۲)۔

○ عمرو بن محمد بن حسن، الرحمن المعروف بالاعسم، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکرالحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۰۴/۱۲) (۶۶۶۳)۔

○ فلیح بن سلیمان بن ابومغیرۃ خزاعی، الاسلمی، ابویحییٰ مدنی، یہ ''صدوق'' ہیں لیکن بکثرت غلطیاں کرتے ہیں۔ ان کا انتقال 168ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' (۱۱۴/۴)

84- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنِىْ صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ حَسَّانَ بْنِ اَزْهَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لا تَغْتَسِلُوْا بِالْمَآءِ الْمُشَمَّسِ فَاِنَّهٗ يُوْرِثُ الْبَرَصَ .

☆☆ حسان بن ازہر بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دھوپ میں گرم کیے گئے پانی سے غسل نہ کرو' کیونکہ اس کے نتیجہ میں برص پیدا ہوسکتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داؤد بن رشید، ہاشمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، الخوارزمی نزیل بغداد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۱/۱) (۱۰)۔

○ صفوان بن عمرو بن ہرم سکسکی ابوعمرو حمصی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

۸۴- رواہ ایضا البیہقی (۶/۱) کتاب الطہارۃ باب کراہیۃ التطہیر بالماء المشمس-

راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 155ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۶۸/۱)(۱۰۹)۔

•••——•••——•••

8- باب الْمَآءِ يُبَلُّ فِيهِ الْخُبْزُ

باب: وہ پانی جس میں روٹی بھگوئی گئی ہو

85- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ رَجُلٍ قَدْ سَمَّاهُ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ اَنَّهَا كَرِهَتْ اَنْ يُتَوَضَّاَ بِالْمَآءِ الَّذِی يُبَلُّ فِيهِ الْخُبْزُ.

☆☆ سیّدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ منقول ہے: انہوں نے اس بات کو مکروہ قرار دیا ہے' ایسے پانی سے وضو کیا جائے جس میں روٹی بھگوئی گئی ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن ربیع، ابوعلی بجلی البورانی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 220ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۷/۷)(۳۸۲۴)۔

○ ابراہیم بن محمد بن حارث بن اسماء بن خارجۃ بن حصن بن حذیفۃ الفزاری الامام، ابواسحاق، یہ ''ثقہ'' ہیں۔ آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 185ھ میں ہوا۔

•••——•••——•••

9- باب تَاْوِيلِ (اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ)

باب: (ارشادِ باری تعالیٰ:) ''جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو'' کی تفسیر

86- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ

۸۵-اخرجه البيهقي (۸/۱) كتاب الطهارة: باب التطهير بالماء الذي خالطه طاهر لم يغلب عليه-

۸۶-اخرجه مالك في الموطا (۲۱/۱) كتاب الطهارة باب وضوء النائم اذا قام الى الصلوة: حديث (۱۰)، ومن طريقه الطبري في تفسيره (۴۵۲/۴) رقم (۱۱۳۳۲) (۱۱۳۳۳)، والبيهقي في سننه (۱۱۷/۱) كتاب الطهارة: باب الوضوء من النوم- وقد ذكره السيوطي في الدر (۴۶۳/۲)-

(اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلاۃِ فَاغْسِلُوْا وُجُوھَکُمْ) قَالَ یَعْنِیْ اِذَا قُمْتُمْ مِنَ النَّوْمِ

☆☆ زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اپنے چہروں کو دھولو''۔

زید بن اسلم فرماتے ہیں: اس سے مراد ہے جب تم نیند سے بیدار ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن حماد بن اسحاق بن اسماعیل بن حماد بن زید بن درھم ابواسحاق ازدی، مولی آل جریر بن حازم۔ یہ ثقہ ہیں۔ ان کا انتقال 323ھ میں ہوا۔

○ عباس بن یزید بن حبیب البحرانی، بصری، یلقب عباسویہ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۰۰)(۱۶۶)۔

○ بشر بن عمر بن حکم زہرانی، ازدی، ابومحمد بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 209ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۰۰)(۶۸)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے سابقہ روایت کے متن میں قرآن مجید کی جس آیت کی تفسیر میں شیخ زید بن اسلم کا بیان نقل کیا ہے' اسی آیت کے بارے میں مشہور مفسر حافظ ابوالفداء عماد الدین ابن کثیر دمشقی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

ابن کثیر کی وضاحت:

قال کثیرون من السلف فی قولہ: ﴿اذا قمتم الی الصلاۃ﴾ : یعنی وانتم محدثون وقال آخرون: اذا قمتم من النوم الی الصلاۃ و کلاھما قریب وقال آخرون: بل المعنی اعم من ذلک فالآیۃ آمرۃ بالوضوء عند القیام الی الصلاۃ ولکن ھو فی حق المحدث واجب وفی حق المتطھر ندب وقد قیل: ان الامر بالوضوء لکل صلاۃ کان واجبا فی ابتداء الاسلام ثم نسخ وقال الامام احمد بن حنبل: حدثنا عبد الرحمن حدثنا سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمان بن بریدۃ عن ابیہ قال: کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا عند کل صلاۃ فلما کان یوم الفتح توضا ومسح علی خفیہ وصلی الصلوات بوضوء واحد فقال لہ عمر: یارسول اللہ انک فعلت شیئا لم تکن تفعلہ قال ﴿انی عمدا فعلتہ یا عمر﴾ وھکذا رواہ مسلم واھل السنن

من حدیث سفیان الثوری عن علقمة بن مرثد ووقع فی سنن ابن ماجه عن سفیان عن محارب بن دثار بدل علقمة بن مرثد کلاهما عن سلیمان بن بریدة به وقال ترمذی: حسن صحیح[1]

بہت سے اسلاف نے یہ بات بیان کی ہے' اس سے مراد یہ ہے: جب تم بے وضو حالت میں ہو اور نماز کے لیے اُٹھنے لگو' جب کہ بعض دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے' جب تم نیند سے بیدار ہونے لگو اور نماز پڑھنے لگو (اس وقت وضو کرو) اور یہ دونوں مفہوم ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

بعض دیگر حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: اس کا مفہوم اس سے عام ہے کیونکہ آیت میں نماز کے لیے کھڑے ہونے کے وقت وضو کرنے کا حکم دیا گیا ہے' جبکہ بے وضو شخص کے حق میں وضو کرنا واجب ہے' اور جو شخص پہلے سے باوضو ہو' اس کے حق میں وضو کرنا مستحب ہے۔

ایک روایت یہ بھی ہے: ابتدائے اسلام میں ہر نماز کے لیے وضو کرنا واجب ہوا کرتا تھا' پھر بعد میں اس حکم کو منسوخ کر دیا گیا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے حوالے سے سلیمان بن بریدہ کا بیان نقل کیا ہے' وہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کیا کرتے تھے' فتح مکہ کے موقع پر آپ نے وضو کیا اور وضو کے دوران دونوں موزوں پر مسح کر لیا' پھر اس کے بعد آپ نے ایک ہی وضو کے ذریعے کئی نمازیں ادا کیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسا عمل کیا ہے جو آپ نے اس سے پہلے کبھی نہیں کیا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے''۔

ابن کثیر لکھتے ہیں: امام مسلم اور اصحابِ سنن نے اس روایت کو اسی طرح سفیان ثوری کے حوالے سے علقمہ سے نقل کیا ہے' جبکہ سنن ابن ماجہ میں یہ روایت سفیان کے حوالے سے محارب سے منقول ہے' وہاں علقمہ کی جگہ محارب کا ذکر ہوا ہے۔ ان دونوں حضرات نے اس روایت کو سلمان بن بریدہ کے حوالے سے نقل کیا ہے' امام ترمذی اس روایت کو نقل کرنے کے بعد یہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ''حسن صحیح'' ہے۔

علامہ آلوسی کی وضاحت:

آیت کے اسی حصے کے بارے میں علامہ شہاب الدین محمود بن عبداللہ حسینی آلوسی نے یہ بات بیان کی ہے:

﴿اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصلاۃ﴾ ای اذا اردتم القیام الیها والاشتغال بها ، فعبر عن ارادة الفعل بالفعل المسبب عنها مجازاً ، وفائدته الایجاز والتنبیه علی ان من اراد العبادة ینبغی ان یبادر الیها بحیث لا ینفك الفعل عن الارادة ، وقیل: یجوز ان یکون المراد اذا قصدتم الصلاة ، فعبر عن احد لازمی الشیء بلازمه

[1] تفسیر القرآن العظیم از حافظ ابن کثیر (زیر آیت سورۃ المائدہ:٦

الآخر .وظاهر الآية يوجب الوضوء على كل قائم الى الصلاة وان لم يكن محدثاً نظراً الى عموم[1]

''اس سے مراد یہ ہے: جب تم نماز کے لیے اُٹھنے کا ارادہ کرو اور جب تم نماز میں مشغول ہونے کا ارادہ کرو (اس وقت وضو کرو)۔ تو یہاں فعل کے ارادے کو فعل سے تعبیر کیا گیا ہے' کیونکہ وہ ارادہ اس فعل کے ارتکاب کا سبب بنتا ہے اور ایسا مجازی طور پر ہوا ہے''۔

اس کا فائدہ یہ ہے: اس میں ایجاز پایا جاتا ہے' اور اس بات پر تنبیہ ہے' جو شخص عبادت کرنے کا ارادہ رکھتا ہو' اسے چاہیے کہ وہ تیزی سے اس کی طرف جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے' کوئی بھی فعل ارادے سے عاری نہیں ہوتا۔

ایک قول یہ بھی ہے: یہاں یہ بھی ہوسکتا ہے' اس سے مراد یہ ہو' جب تم نماز کا قصد کرو (اس وقت وضو کرو) تو یہاں شے کے دو لوازمات میں سے ایک لازم کے ذریعے' دوسرے لازم کو مراد لیا گیا ہے۔

آیت سے بظاہر یہ ثابت ہوتا ہے' نماز کے لیے اُٹھنے والے ہر شخص پر وضو کرنا لازم ہے خواہ وہ پہلے سے باوضو ہو' کیونکہ عموم کا تقاضا یہی ہے''۔

•••———•••———•••

87- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ) قَالَ اِذَا قُمْتُمْ مِنَ النَّوْمِ.

☆☆ امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ نے زید بن اسلم کا اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں یہ قول نقل کیا ہے:

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''اے ایمان والو! جب تم نماز کیلئے کھڑے ہو''۔

زید بن اسلم بیان کرتے ہیں:

اس سے مراد یہ ہے: جب تم نیند سے بیدار ہو (تو وضو کرو)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن نصیر بن قاسم، ابومحمد الخواص المعروف بالخلدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ صوفیاء کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۲۶/۷) (۳۷۱۵)، سیر اعلام النبلاء (۵۵۸/۱۵) (۳۴۳)۔

○ حسن بن علی بن شبیب، ابوعلی المعمری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 295ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب

[1] تفسیر روح المعانی از شہاب الدین آلوسی (زیر آیت سورۃ المائدہ: ۶)

بغدادی'' (۳۶۹/۷)(۳۸۹۲)۔

○ ولید بن مسلم، قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوالعباس دمشقی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۳۶/۲)(۸۹)۔

•••———•••———•••

10- باب الْوُضُوْءِ بِفَضْلِ السِّوَاكِ

باب: جس پانی میں مسواک رکھی گئی ہو اس سے وضو کرنا

88- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ اَنَّهُ كَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهُ اَنْ يَتَوَضَّئُوا بِفَضْلِ السِّوَاكِ .

☆☆ قیس' حضرت جریر (بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ) کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ اپنے اہلِ خانہ کو یہ ہدایت کرتے تھے' وہ اس پانی سے وضو کرلیں جس میں مسواک رکھی گئی ہو۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

جریر بن عبداللہ بن جابر بن مالک بن نصر بن ثعلبہ بن جشم بن عوف بن خزیمہ۔

آپ کی کنیت ''ابوعمرو'' ہے اور بعض حضرات کے بیان کے مطابق ''ابوعبداللہ'' ہے۔

آپ کو قبیلہ بجیلہ کی نسبت کی وجہ سے ''بَجَلِیّ'' کہا جاتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: ان کا تعلق یمن سے ہے۔ بعض نے کہا ہے۔ یہ قبیلہ نزار کی ایک شاخ ہے۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے چالیس دن پہلے مسلمان ہوئے تھے۔

یہ بہت وجیہہ وشکیل آدمی تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے بارے میں یہ فرمایا کرتے تھے: یہ اس امت کے حضرت یوسف

۸۸- اخرجه البيهقي (۲۵۵/۱) كتاب الطهارة' باب: بصاق الانسان ومخاطه- وعلقه البخاري (۲۹٤/۱) كتاب الوضوء' باب: استعمال فضل وضوء الناس-

طبقات ابن سعد (**22/6**)طبقات خليفة (ص **116 138**) التاريخ الكبير (**211/2**) الجرح والتعديل (**502/2**) معجم الصحابة(ق **44/1**) الثقات لابن حبان (**54/3**) المستدرك للحاكم(**464/3**)معرفة الصحابة لابي نعيم (ج **1** ق **132**/ب) اسد الغابة(**333/1**) سير اعلام النبلاء (**530/2**) تجريد اسماء الصحابة (**82/1**) الكاشف(**126/1**) الاصابة(**242/1**) التهذيب(**73/2**)التقريب (ص **139**) الرياض المستطابة (ص **46**) بقي بن مخلد ومقدمة مسنده (ص **83**)

علیہ السلام ہیں۔

یہ اپنی قوم کے سردار تھے جب یہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کی عزت افزائی فرمائی اور ارشاد فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا سردار آئے تو اس کی عزت افزائی کیا کرو۔

انہوں نے عراق کی مختلف لڑائیوں میں' جیسے قادسیہ وغیرہ میں' بہت سی نمایاں کارنامے انجام دیئے۔

بعد میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں سکونت اختیار کی تو جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لے آئے تو حضرت جریر رضی اللہ عنہ وہاں سے قرقیسیا چلے گئے اور وہیں ان کا انتقال ہوا۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے سنِ وفات کے بارے میں دو آراء پائی جاتی ہیں۔ ایک بیان کے مطابق آپ کا انتقال ۵۱ ہجری میں ہوا اور دوسری روایت کے مطابق آپ کا انتقال ۵۴ ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن محشر بن معدان، ابواسحاق الکاتب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 254ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۸۴/۶)(۳۲۳۹)۔

○ اسماعیل بن ابوخالد الاحمسی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) بجلی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 146ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۸/۱)(۵۰۳)۔

○ قیس بن ابوحازم بجلی، ابوعبداللہ کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: یہ صحابی ہیں۔ ان کا انتقال 90ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۷/۲)(۱۳۲)۔

توضیح مسئلہ:

امام بخاری نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اثر کو صحیح بخاری میں ترجمۃ الباب میں نقل کیا ہے انہوں نے اسے تعلیق کے طور پر نقل کیا ہے' یعنی اس کی سند نقل نہیں کی ہے۔

وامر جریر بن عبد اللہ اھلہ ان یتوضؤوا بفضل سواکہ

''حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اہلِ خانہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ ان کی مسواک سے بچے ہوئے پانی کے ذریعے وضو کرلیں''۔[1]

[1] صحیح بخاری' از امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری' کتاب الوضو' باب استعمال فضل وضوء الناس' ۸۰/۱

ابن حجر کی وضاحت:

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی نقل کردہ مذکورہ بالا اثر کی شرح کرتے ہوئے حافظ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہیں:

هذا الاثر وصله بن ابی شیبة والدارقطنی وغیرهما من طریق قیس بن ابی حازم عنه وفی بعض طرقه کان جریر یستاك ویغمس راس سواكه فی الماء ثم یقول لاهله توضؤوا بفضله لا یری به باسا وهذه الروایة مبنیة للمراد وظن بن التین وغیره ان المراد بفضل سواكه الماء الذی ینتقع فیه العود من الاراك وغیره لیلین فقالوا یحمل علی انه لم یغیر الماء وانما اراد البخاری ان صنیعه ذلك لا یغیر الماء وكذا مجرد الاستعمال لا یغیر الماء فلا یمتنع التطهر به وقد صححه الدارقطنی بلفظ كان یقول لاهله توضؤوا من هذا الذی ادخل فیه سواكی وقد روی مرفوعا اخرجه الدارقطنی من حدیث انس ان النبی صلی الله علیه وسلم كان یتوضا بفضل سواكه وسنده ضعیف وذكر ابو طالب فی مسائله عن احمد انه ساله عن معنی هذا الحدیث فقال كان یدخل السواك فی الاناء ویستاك فاذا فرغ توضا من ذلك الماء وقد استشكل ایراد البخاری له فی هذا الباب المعقود لطهارة الماء المستعمل واجیب بانه ثبت ان السواك مطهر للفم فاذا خالط الماء ثم حصل الوضوء بذلك الماء كان فیه استعمال للمستعمل فی الطهارة[1]

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابن شیبہ نے اس ''اثر'' کو ''موصول'' روایت کے طور پر قیس بن ابوحازم سے نقل کیا ہے۔

بعض روایات میں یہ منقول ہے: حضرت جریر رضی اللہ عنہ مسواک کرنے کے بعد مسواک کا کنارا پانی میں ڈبو دیتے تھے اور پھر اپنی اہلیہ سے کہتے تھے: (یا اپنے گھر والوں سے یہ کہتے تھے:) تم لوگ اس پانی سے وضو کرلو۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

اس کے بعد علامہ حجر عسقلانی نے یہ بات بھی تحریر کی ہے' امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ''صحیح'' قرار دیا ہے' جس کے الفاظ یہ ہیں:

''حضرت جریر رضی اللہ عنہ اپنی اہلیہ (یا اہل خانہ) کو یہ کہتے تھے: تم لوگ اس پانی سے وضو کرلو جس میں میں نے پانی مسواک ڈال دی تھی''۔

جبکہ یہی بات مرفوع روایت کے طور پر بھی منقول ہے۔ اور امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے بھی نقل کیا ہے۔

''حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مسواک سے بچے ہوئے پانی کے ساتھ وضو کرلیا کرتے تھے''۔

(ابن حجر کہتے ہیں:) اس کی سند ضعیف ہے۔

شیخ ابوطالب نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے جو مسائل ذکر کیے ہیں' ان میں انہوں نے یہ بات بھی ذکر کی ہے: انہوں نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے اس حدیث کے مفہوم کے بارے میں دریافت کیا تو امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرمایا:

---

[1] فتح الباری' از حافظ شہاب الدین ابن حجر عسقلانی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' رقم الحدیث: ۱۳۷۹

''آپ ﷺ اپنی مسواک کو برتن میں ڈال دیتے تھے' پھر بعد میں آپ اس مسواک کے ذریعے مسواک کر لیتے تھے' اس سے فارغ ہونے کے بعد اسی برتن کے پانی کے ذریعے وضو بھی کر لیتے تھے''۔

علامہ عینی کی وضاحت:

اسی روایت کے بارے میں حافظ بدرالدین محمود عینی یہ فرماتے ہیں:

والمراد من فضل الوضوء يحتمل ان يكون ما يبقى في الظرف بعد الفراغ من الوضوء ويحتمل ان يراد به الماء الذي يتقاطر عن اعضاء المتوضيء وهو الماء الذي يقول له الفقهاء الماء المستعمل واختلف الفقهاء فيه فعن ابي حنيفة ثلاث روايات فروى عنه ابويوسف انه نجس مخفف وروى الحسن بن زياد انه نجس مغلظ وروى محمد بن الحسن وزفر وعافية قاضي انه طاهر غير طهور وهو اختيار المحققين من مشايخ ما وراء النهر وفي ﴿المحيط﴾ وهو الاشهر الاقيس وقال في ﴿المفيد﴾ وهو الصحيح وقال الاسبيجابي وعليه الفتوى وقال قاضيخان ورواية التغليظ رواية شاذة غير ماخوذ بها وبه يرد على ابن حزم قوله الصحيح عن ابي حنيفة نجاسته وقال عبد الحميد قاضي ارجو ان لا تثبت رواية النجاسة فيه عن ابي حنيفة وعند مالك طاهر وطهور وهو قول النخعي والحسن البصري والزهري والثوري وابي ثور وعند الشافعي طاهر غير طهور وهو قوله الجديد وعند زفر ان كان مستعمله طاهرا فهو طاهر وطهور وان محدثا فهو طاهر غير طهور[1]

''یہاں وضو کے بچے ہوئے پانی سے مراد یہ بھی ہو سکتا ہے' وضو سے فارغ ہونے کے بعد برتن میں جو پانی رہ گیا ہے اور یہاں یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے' اس سے مراد وہ پانی ہو جو وضو کرنے والے شخص کے اعضاء سے گرتا ہے اور یہ وہی پانی ہے جسے فقہاء ''آبِ مستعمل'' کہتے ہیں۔

اس بارے میں فقہاء نے اختلاف کیا ہے' اس بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے تین طرح کی روایات منقول ہیں۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے یہ روایت نقل کی ہے' ایسا پانی خفیف طور پر نجس ہوگا۔

امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت نقل کی ہے' ایسا پانی غلیظ طور پر نجس ہوگا۔

اور امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ' امام زفر رحمۃ اللہ علیہ اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت نقل کی ہے۔

''ایسا پانی پاک ہوگا' البتہ اسے وضو کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا''۔

''ماوراء النہر'' کے مشائخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

''المحیط'' نامی کتاب میں یہ تحریر ہے: یہ روایت مشہور بھی ہے اور قیاس کے مطابق بھی ہے۔

''المفید'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: یہ روایت درست ہے۔

---

1. عمدۃ القاری از حافظ بدرالدین محمود عینی' صفحہ ۳/۷۳

''شیخ اسبیجابی'' نے یہ بات بیان کی ہے: فتویٰ اسی قول پر دیا جاتا ہے۔
علامہ قاضی خان یہ فرماتے ہیں: غلیظ طور پر نجس ہونے کی روایت شاذ ہے اور اسے اختیار نہیں کیا گیا۔
علامہ ابن حزم نے جو یہ بات کہی ہے: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے صحیح طور پر یہ بات منقول ہے' یہ پانی نجس ہوتا ہے۔
ابن حزم کا یہ بیان درست شمار نہیں ہوگا۔
شیخ عبدالحمید قاضی نے یہ بات بیان کی ہے: میں یہ سمجھتا ہوں' اس بارے میں اس پانی کے نجس ہونے کی روایت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ثابت نہیں ہے۔
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسا پانی ہوتا ہے اور اس کے ذریعے وضو بھی کیا جاسکتا ہے۔
امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ' حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ' ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ' سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ' ابوثور رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہی حکم ہے۔
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: ایسا پانی پاک ہوتا ہے' البتہ اس کے ذریعے وضو نہیں کیا جاسکتا اور یہ رائے انہوں نے بعد میں اختیار کی تھی۔
امام زفر رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: اگر اس شخص نے باوضو حالت میں اسے استعمال کیا تھا تو یہ پانی پاک ہوگا اور اس کے ذریعے کوئی دوسرا بھی وضو کرسکتا ہے' لیکن اگر اس نے بے وضو حالت میں اسے استعمال کیا تھا تو یہ پانی پاک شمار ہوگا' البتہ اس کے ذریعے وضو نہیں کیا جاسکتا۔

•••——•••——•••

89- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا قَيْسٌ قَالَ كَانَ جَرِيْرٌ يَقُوْلُ لاَهْلِهٖ تَوَضَّئُوا مِنْ هٰذَا الَّذِىْ اُدْخِلُ فِيْهِ سِوَاكِى .
هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ قیس بیان کرتے ہیں: حضرت جریر (بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ) اپنے اہل خانہ کو یہ ہدایت کرتے تھے: تم اس پانی سے وضو کرلو جس میں' میں نے مسواک رکھی تھی۔
اس کی سند ''صحیح'' ہے۔

90- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَسَّانَ الضَّبِّىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ شَاذَانُ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَسْتَاكُ بِفَضْلِ وَضُوْئِهٖ .

٩٠-اخرجه الخطيب في تاريخ بغداد (١١/١٦) من طريق الدارقطني لهذا' وهو اسناد ضعيف' لضعف مسلم بن كيسان الاعور' وضعفه ابن الملقن في البدر (٢٠٧/٢) وانظر الحديث التالي-

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وضو کے بچے ہوئے پانی سے مسواک کرلیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن صلت بن عبد اللہ بن مخرمۃ بن المطلب بن عبد مناف قرشی المطلبی ابویعقوب مصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تعجیل المنفعۃ (۵۸۵/۱)(۳۷۸)۔

○ سلیمان بن مہران اسدی الکاھلی، ابومحمد کوفی الاعمش، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۳۱/۱)(۵۰۰)۔

○ مسلم بن کیسان-ضبی ابوعبد اللہ کوفی اعور۔ یہ منکر الحدیث ہے۔ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲۶/۳)۔

•••——•••——•••

91- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ حَيَّةَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِیْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَسْتَاكُ بِفَضْلِ وَضُوْئِهِ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وضو کے بچے ہوئے پانی سے مسواک کرلیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالوہاب بن عیسیٰ بن عبدالوہاب بن ابوحیۃ، ابوالقاسم وراق الجاحظ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 319ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۸/۱۱)(۵۶۹۵)۔

○ اسحاق بن ابواسرائیل ابراہیم بن کامجرا ابویعقوب مروزی، نزیل بغداد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۵/۱)(۳۸۰)۔

۹۱-اخرجہ ابو یعلی (۸۶/۷) برقم (۱۲۶۵) من طریق یوسف بن خالد بہذا الاسناد' وخالد ترکوہ' وکذبہ ابن معین' وکان من فقہاء الحنفیۃ' والتقریب (۲۸۰/۲)' والحدیث اخرجہ البزار (۱۴۴/۱) کتاب الطہارۃ' باب: الوضوء بفضل السواک' حدیث (۲۷۴) بنحوہ من طریق خالد بن یوسف قال: ثنا ابی' ثنا الاعمش' عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یتوضا بفضل سواکہ- قال البزار: رواہ محمد بن الصلت' عن الاعمش' عن مسلم' قال الہیثمی فی مجمع الزوائد (۲۲۱/۱): رواہ البزار' والاعمش لم یسمع من انس-

○ یوسف بن خالد بن عمیر السمتی ابوخالد بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 189ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲/۳۸۰)(۴۳۱)۔

•••——•••——•••

11- باب اَوَانِی الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

باب: سونے اور چاندی کے برتن

92- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْفَاكِهِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ مَسَرَّةَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَارِيُّ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ شَرِبَ فِيْ اِنَاءِ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ اَوْ اِنَاءٍ فِيْهِ شَيْءٌ مِّنْ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهٖ نَارَ جَهَنَّمَ ۔اِسْنَادُهٗ حَسَنٌ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جوشخص سونے یا چاندی کے

۹۲-اخرجه الطبراني في (الصغير) (۱/۲۰۴) من طريق العلاء بن برد بن سنان' عن ابيه' عن نافع' عن ابن عمر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (من شرب في اناء من ذهب او اناء من فضة فانما يجرجر في بطنه نار جهنم) قال الطبراني: لم يروه عن برد الا ابنه العلاء- قال الهيثمي في المجمع (۵/۷۰): رواه الطبراني في الصغير والاوسط' وفيه العلاء بن برد بن سنان ضعفه احمد- والحديث اخرجه البيهقي (۱/۲۸-۲۹) من طرق اخرى عن ابن عمر' وللحديث شواهد من حديث ام سلمة وعائشة وابن عباس رضي الله عنهم جميعا-

فاما حديث ام سلمة: فاخرجه مالك (۲/۹۲٤) كتاب صفة النبي صلى الله عليه وسلم باب النهي عن الشراب في آنية الفضة حديث (۱۱)' والبخاري (۱۰/۹۸)' كتاب الاشربة: باب آنية الفضة' حديث (۵٦۳٤)' ومسلم (۳/۱٦۳۵)' كتاب اللباس والزينة' باب تحريم استعمال اواني الذهب والفضة' حديث (۱)' وابن ماجه (۲/۱۱۳۰) كتاب الاشربة' باب الشرب في آنية الفضة' حديث (۳٤۱۳)' والدارمي (۲/۱۲۱) كتاب الاشربة' باب الشراب في المفضض' واحمد (٦/ ۳۰۱' ۳۰۲' ۳۰٤' ۳۰٦)' والطيالسي (۱٦۰۱)' كلهم من طريق نافع' عن زيد بن عبد الله بن عمر' عن عبد الله بن عبد الرحمن بن ابي بكر' عن ام سلمة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (الذي يشرب في آنية الفضة انما يجرجر في بطنه نار جهنم)-

واما حديث عائشة فاخرجه ابن ماجه (۲/۱۱۳۰) كتاب الاشربة' باب الشرب في آنية الفضة' حديث (۳٤۱۵)' واحمد (۹۸٦) من طريق نافع' عن امراة ابن عمر' عن عائشة' عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (من شرب في اناء فضة فكانما يجرجر في بطنه نار جهنم)- قال البوصيري في (الزوائد) (۳/۱۱۰): هذا اسناد صحيح رجاله ثقات-

واما حديث ابن عباس فاخرجه ابو يعلى (۵/۱۰۱-۱۰۲) رقم (۲۷۱۱) من طريق محمد بن يحيى ثنا سليم بن مسلم المكي' ثنا نصر بن عربي' عن عكرمة' عن ابن عباس' قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ان الذي يشرب في آنية الذهب والفضة انما يجرجر في بطنه نارا- وقال الهيثمي في (المجمع) (۵-۸۰): رواه ابو يعلى والطبراني في الثلاثة' وفيه محمد بن يحيى بن ابي سمينة وثقه ابو حاتم وابن حبان وغيرهما' وفيه كلام لايضر' وبقية رجاله ثقات- قلت: ومحمد ابن يحي ليس في اسناد الطبراني' فقد اخرجه في (الصغير) (۱/۱۱۵) من طريق محمد بن بحر' ثنا سليم بن مسلم' به وقال: تفرد به محمد بن بحر- قلت: وفيه نظر فقد رواه محمد بن يحيى ايضاً' كما تقدم-

برتن میں یا کسی ایسے برتن میں جس میں سونا یا چاندی لگا ہوا ہو کچھ پیئگا تو وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرے گا۔اس کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن اسحاق بن یزید بن نصر بن مہران ابوالقاسم، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴۴/۱۰)۔

○ یحیٰ بن محمد بن عبداللہ بن مہران مدنی، مولی بنی نوفل، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۷/۲) (۱۶۷)۔

توضیح مسئلہ:

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جو مذکورہ بالا روایت نقل کی ہے اس کا بنیادی حکم سونے اور چاندی کے برتنوں کے استعمال کی حرمت کو ثابت کرنا ہے اس بارے میں فقہاء کے جزوی اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن عبدالبر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

علامہ ابن عبدالبر کی وضاحت:

واختلف العلماء فی جواز اتخاذ اوانی الفضة بعد اجماعهم علی انه لا یجوز استعمالها لشرب ولا غیره

فقالت طائفة یجوز اتخاذها کما یجوز اتخاذ الحریر والدیباج ولکنها لا یستعمل شیء منها وتزکی ان اتخذت

وقال الجمهور من العلماء انه لا یجوز اتخاذها ولا استعمالها ومن اتخذها کان عاصیا باتخاذها

قال ابوعمرو معلوم ان من اتخذها لا یسلم من بیعها او استعمالها لانها لیست ماکولة ولا مشروبة فلا فائدة فیها غیر استعماله فکذلك لا یجوز اتخاذها عند جماعة الفقهاء وجمهور العلماء

وکلهم مجمعون علی ایجاب الزکاة فیها علی متخذها اذا بلغت النصاب من الذهب او الفضة

اس بات پر تمام اہل علم کا اتفاق ہے: سونے اور چاندی کے برتن کھانے پینے کے لیے استعمال نہیں کیے جا سکتے' تاہم اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' کوئی شخص ویسے ہی اپنے پاس یہ برتن رکھ سکتا ہے یا نہیں رکھ سکتا؟

اہلِ علم کے ایک گروہ نے یہ بات بیان کی ہے: آدمی ویسے اپنے پاس یہ برتن رکھ سکتا ہے جس طرح مرد کے لیے ریشم اور دیباج پہننا حرام ہے' لیکن وہ اپنے پاس اس کپڑے کو رکھ سکتا ہے' وہ انہیں استعمال نہیں کر سکتا۔

جمہور اہلِ علم نے یہ رائے بیان کی ہے: سونے اور چاندی کے برتنوں کو اپنے پاس رکھنا اور استعمال کرنا دونوں ہی جائز نہیں ہیں' اور جو شخص انہیں اپنے پاس رکھے گا' وہ انہیں اپنے پاس رکھنے کی وجہ سے گناہ گار شمار ہوگا۔

شیخ ابن عبدالبراندلسی فرماتے ہیں: یہ بات تو طے ہے' جو شخص انہیں اپنے پاس رکھے گا وہ یا تو انہیں فروخت کرے گا یا استعمال کرے گا' کیونکہ اگر ان میں کچھ کھایا بھی نہیں جائے گا اور پیا بھی نہیں جائے گا تو پھر انہیں اپنے پاس رکھنے کا فائدہ کوئی نہیں ہے' فائدہ صرف انہیں استعمال کرنے میں ہی ہے' اس لیے فقہاء کے نزدیک ان برتنوں کو اپنے پاس رکھنا بھی جائز نہیں ہے۔

البتہ اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے' اگر کوئی شخص اپنے پاس سونے چاندی کے برتن رکھ لیتا ہے اور ان کی مقدار زکوٰۃ کے شرعی نصاب تک پہنچ جاتی ہے تو ان برتنوں پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔[1]

علامہ عینی کی وضاحت:

اس حکم سے متعلق حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ بدرالدین محمود عینی نے بھی یہ بات بیان کی ہے:

واما السبعة التی نهانا عنها فاولها آنية الفضة والنهی فيه تحريم وكذلك الآنية الذهب بل هی اشد قال اصحابنا لا يجوز استعماله آنية الذهب والفضة للرجال والنساء لما فی حديث حذيفة عند الجماعة ولا تشربوا فی آنية الذهب والفضة ولا تاكلوا فی صحافها الحديث قالوا وعلی هذا المجمرة والملعقة والمدهن والميل والمكحلة والمرآة ونحو ذلك فيستوی فی ذلك الرجال والنساء لعموم النهی وعليه الاجماع ويجوز الشرب فی الاناء المفضض والجلوس علی السرير المفضض اذا كان يتقی موضع الفضة ای يتقی فمه ذلك وقيل يتقی اخذه باليد وقال ابويوسف يكره وقول محمد مضطرب ويجوز التجمل بالاوانی من الذهب والفضة بشرط ان لا يريد به التفاخر والتكاثر لان فيه اظهار نعم الله تعالی[2]

''وہ ساتویں چیز جس سے ہمیں منع کیا گیا ہے وہ چاندی کے برتن ہیں اور یہ ممانعت ''تحریم'' کے طور پر ہے اور سونے سے بنے ہوئے برتن کا بھی یہی حکم ہے' بلکہ اس کی ممانعت زیادہ شدید ہے۔

ہمارے مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے' سونے اور چاندی کے بنے ہوئے برتنوں کو استعمال کرنا مردوں اور خواتین کسی کے لیے بھی جائز نہیں ہے' کیونکہ محدثین نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

---

[1] الاستذکار فی معرفۃ مذاہب علماء الامصار' از حافظ ابوعمرو یوسف بن عبداللہ بن عبدالبراندلسی مالکی' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ

[2] عمدۃ القاری' از حافظ بدرالدین محمود عینی' ۸/۱۱

''سونے اور چاندی کے برتنوں میں پیو نہیں اور ان سے بنے ہوئے پیالوں میں کھاؤ نہیں''۔

علماء نے یہ بات بیان کی ہے' انگیٹھی' تیل کی شیشی' سرمہ دانی' شیشے وغیرہ کسی بھی چیز میں سونے کا استعمال جائز نہیں ہے اور اس بارے میں مردوں اور خواتین کا حکم برابر ہے' کیونکہ یہ ممانعت عمومی اعتبار سے ہے' اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے۔

جہاں تک ایسے برتن کا تعلق ہے جس پر چاندی سے کام ہوا ہو یا ایسے پلنگ کا تعلق ہے جس پر چاندی سے نقش و نگار بنائے گئے ہوں تو اس بارے میں یہ کہا گیا ہے: جس جگہ چاندی لگی ہوئی ہو' اگر اس جگہ کو استعمال کرنے سے بچا جا سکتا ہے (یعنی پینے کے برتن میں وہاں منہ نہیں لگایا جاتا اور بیٹھتے ہوئے اس چاندی پر نہیں بیٹھا جاتا) تو پھر اس کی اجازت ہے۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے اسے بھی مکروہ (یعنی حرام) قرار دیا ہے اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی رائے اس بارے میں مضطرب طور پر منقول ہے۔

سونے اور چاندی کے برتنوں کو آرائش کے طور پر گھر میں رکھنا جائز ہے' لیکن اس کے لیے شرط ہے' یہ فخر (یعنی تکبر) کے اظہار کے طور پر نہ ہو' اس کی وجہ یہ ہے: اس طرح انسان اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اظہار کرتا ہے۔

•••——•••——•••

93- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ الْاَنْصَارِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ اَنَا وَاَبِيْ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ لَنَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهٰى عَنْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ اَنْ يُشْرَبَ فِيْهَا وَاَنْ يُؤْكَلَ فِيْهَا وَنَهٰى عَنِ الْقَسِّيِّ وَالْمِيثَرَةِ وَعَنْ ثِيَابِ الْحَرِيْرِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ.

☆☆ ابو بردہ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ میں اور میرے والد (حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہم سے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' سونے یا چاندی کے برتن میں کچھ پیا جائے یا اس میں کچھ کھایا جائے' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قسی' میثرہ' ریشمی کپڑے (ریشم کی مختلف اقسام ہیں) کو استعمال کرنے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن محمد بن صاعد بن کاتب، ابو محمد ہاشمی بغدادی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۴/۵۰) (۲۸۳)۔

۹۳- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۱/۲۸) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد' وفي اسناده مسلم بن حاتم الانصاري صدوق ربما وهم' كما في التقريب (۲/۲٤٤)-

○ مسلم بن حاتم انصاری، ابوحاتم بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۴/۲)(۱۰۷۵)۔

○ عبدالکبیر بن عبدالمجید بن عبید اللہ بصری، ابوبکر الحنفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 204ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۵/۱)(۱۲۷۶)۔

○ یونس بن ابواسحاق سبیعی، ابواسرائیل کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 152ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۴/۲)(۱۷۱)۔

○ ابوبردۃ بن ابوموسیٰ اشعری، : ایک قول کے مطابق ان کا نام ''عامر'' ہے۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 104ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۴/۲)(۷)۔

•••———•••———•••

12- باب تَطْهِيرِ الدِّبَاغِ

باب: چمڑے کو پاک کرنا

94 - حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيْعِ بْنِ طَارِقٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ يُوْنُسَ وَعُقَيْلٍ جَمِيْعًا عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِشَاةٍ مَيْتَةٍ فَقَالَ هَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا ۔ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ ۔ قَالَ اِنَّمَا حَرُمَ اَكْلُهَا ۔ زَادَ عُقَيْلٌ اَوَلَيْسَ

۹۴- اخرجه مالك (۲/۴۹۸) كتاب الصيد' باب ما جاء في جلود الميتة' الحديث (۱۶)' والشافعي (۱/۲۷) كتاب الطهارة' الباب الثالث في الآنية والدباغ' الحديث (۵۹)' واحمد (۱/۳۲۹)' والدارمي (۲/۸۶): كتاب الاضاحي: باب الاستمتاع بجلود الميتة' والبخاري (۲/۳۵۵) كتاب الزكاة' باب الصدقة على موالي ازواج النبي صلى الله عليه وسلم الحديث (۱۴۹۲)' ومسلم (۱/۲۷۶) كتاب الحيض' باب طهارة جلود الميتة بالدباغ' الحديث (۱۰۱/ ۳۶۳)' وابو داؤد (۴/۳۶۶) كتاب اللباس' باب في اهب الميتة' الحديث (۴۱۲۱)' والنسائي (۷/۱۷۲) كتاب الفرع العتيرة' باب جلود الميتة' وابن ماجه (۲/۱۱۹۳) كتاب اللباس باب لبس جلود الميتة اذا دبغت' الحديث (۳۶۱۰)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار)(۱/۴۶۹) كتاب الصلوة' باب دباغ الميتة' وفي (مشكل الآثار)(۱/۴۹۷)' والبيهقي (۱/۱۵) كتاب الطهارة' باب طهارة جلد الميتة بالدبغ' وابو عوانة (۱/۲۱۱)' وابن عبد البر في (التمهيد)(۴/۱۵۴)' من حديث الزهري' عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة' عن ابن عباس-

فِی الْمَآءِ وَالدِّبَاغِ مَا يُطَهِّرُهَا . وَقَالَ ابْنُ هَانِئٍ اَوَلَيْسَ فِی الْمَآءِ وَالْقَرَظِ مَا يُطَهِّرُهَا .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: تم اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے؟' لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانا حرام ہے۔

عقیل نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں۔

''کیا پانی اور دباغت کے ذریعے اسے پاک نہیں کیا جاسکتا''۔

ابن ہانی کی روایت کے یہ الفاظ ہیں:

''کیا پانی اور کیکر کی چھال کے ذریعہ اسے پاک نہیں کیا جاسکتا''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحامد بن ہارون بن عبداللہ بن حمید حضرمی بغدادی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 321ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۵/۲۵)(۱۲)۔

○ محمد بن سہل بن عسکر، تمیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوبکر البخاری، نزیل بغداد، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 251ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۷)(۲۸۴)۔

○ عمرو بن ربیع بن طارق کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 219ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۰)(۵۸۱)۔

○ یحییٰ بن ایوب الغافقی ابوالعباس مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۴۳)(۲۲)۔

○ یونس بن زید بن ابوالنجاد ایلی ابوزید مولی آل ابی سفیان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 159ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۸۶)(۴۹۶)۔

○ عقیل ابن خالد بن عقیل ایلی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 144ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۹) (۲۶۹)۔

○ عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبۃ بن مسعود ہذلی، ابوعبداللہ مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 94ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۳۵) (۱۴۶۹)۔

○ ابراہیم بن ہانی، ابواسحاق نیشاپوری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۰۴) (۳۲۶۱)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موضوع سے متعلق روایات نقل کی ہیں' جب کسی جانور کی کھال کی دباغت کر لی جائے تو وہ کھال استعمال کے لیے پاک ہو جاتی ہے۔

ابن رشد کا بیان:

مشہور مالکی فقیہہ علامہ ابن رشد بیان کرتے ہیں:

مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنے کے بارے میں اہلِ علم نے اختلاف کیا ہے۔

ایک گروہ اس بات کا قائل ہے: مردار کی کھال کو استعمال کیا جا سکتا ہے خواہ اس کی دباغت ہوئی ہو یا دباغت نہ ہوئی ہو۔

دوسرے گروہ کی رائے اس سے مختلف ہے' وہ اس بات کے قائل ہیں: مردار کی کھال کو استعمال کیا نہیں جا سکتا' خواہ دباغت ہوئی ہو یا دباغت نہ ہوئی ہو۔

تیسرا فریق اس بات کا قائل ہے: دباغت شدہ اور دباغت کے بغیر کھال کے استعمال کے حکم کے بارے میں فرق ہوگا۔

یہ حضرات اس بات کے قائل ہیں: دباغت کے نتیجے میں کھال پاک ہو جاتی ہے (یعنی اسے استعمال کیا جا سکتا ہے)۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے اس حوالے سے دو طرح کی روایات منقول ہیں' ایک روایت کے مطابق ان کا بھی وہی مؤقف ہے جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے' جبکہ دوسرے قول کے مطابق ان کے نزدیک دباغت کے ذریعے بھی کھال پاک نہیں ہوتی ہے' البتہ اس سے خشک چیزیں بنائی جا سکتی ہیں۔

جن حضرات نے دباغت کو کھال کے پاک ہونے کا ذریعہ قرار دیا ہے' ان کے نزدیک یہ حکم ان جانوروں کے ساتھ

مخصوص ہوگا جنہیں شرعی طور پر ذبح کیا جاتا ہے یعنی جن جانوروں کا گوشت کھانا جائز ہے۔

جن جانوروں کو ذبح نہیں کیا جاتا (یعنی جن کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے) دباغت کے ذریعے اُن کی کھال پاک ہوتی ہے یا نہیں ہوتی۔ اس بارے میں اہلِ علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: دباغت کے ذریعے وہی کھال پاک ہوتی ہے جو اس جانور کی ہو جس کا گوشت کھانا جائز ہوتا ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: خنزیر کے علاوہ تمام جانوروں کی کھال دباغت کے نتیجے میں پاک ہو جاتی ہے۔

اہلِ علم کے اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: اس بارے میں مختلف طرح کی روایات منقول ہیں۔

سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث منقول ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جب جانور کی کھال کی دباغت کر دی جائے تو اس سے مطلقاً نفع حاصل کیا جا سکتا ہے اور یہ عمل مباح ہے۔ اس حدیث میں یہ بات مذکور ہے:

''ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردہ جانور کے پاس سے گزرے تو آپ نے دریافت کیا: تم لوگ اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے''۔

اس کے برعکس حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم لوگ مردار سے نفع حاصل نہ کرو نہ اس کی کھال سے اور نہ ہی اس کی ہڈیوں سے''۔

انہوں نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان آپ کے وصالِ ظاہری سے ایک سال پہلے کا ہے۔

جبکہ بعض احادیث میں یہ بات مذکور ہے: دباغت کے بعد کھال کو استعمال کیا جا سکتا ہے البتہ دباغت سے پہلے اس کا استعمال ممنوع قرار دیا جائے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کھال کی دباغت کر لی جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہے''۔

ان اہلِ علم کے درمیان اختلاف کی بنیادی وجہ ان تینوں روایات کا آپس میں اختلاف ہے۔

بعض حضرات نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ روایت کے مطابق جمع اور تطبیق کا طریقہ اختیار کیا ہے انہوں نے یہ بات بیان کی ہے جس کھال کی دباغت کر لی گئی ہو اور جس کی نہ کی گئی ہو ان دونوں کا حکم مختلف ہوگا۔

دوسرے فریق نے نسخ کے پہلو کو ترجیح دی ہے انہوں نے حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایات کو ناسخ قرار دیا ہے کیونکہ اس میں اس بات کی تصریح موجود ہے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصالِ ظاہری سے ایک سال پہلے کا واقعہ ہے۔

تیسرے فریق نے ترجیح کے پہلو کو اختیار کیا ہے انہوں نے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے منقول حدیث کو ترجیح دی ہے۔

وہ یہ سمجھتے ہیں: اس روایت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث پر اضافہ ہے اور حضرت عبداللہ بن

عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث کے ذریعے دباغت سے پہلے نفع حاصل کرنے کی حرمت ثابت نہیں ہوتی' کیونکہ نفع حاصل کرنا اور چیز ہے جبکہ طہارت دوسری چیز ہے۔

•••——•••——•••

95- حَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ زَادَ عُقَيْلٌ فِي حَدِيثِهِ

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَيْسَ فِي الْمَاءِ وَالْقَرَظِ مَا يُطَهِّرُهَا وَالدِّبَاغ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم عقیل نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں۔

''نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا پانی اور کیکر کی چھال کے ذریعے دباغت کر کے اسے پاک نہیں کیا جا سکتا''۔

96- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ فَقَالَ مَا هٰذِهِ. قَالُوا اُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُونَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ قَالَ اَفَلَا اَخَذُوا اِهَابَهَا فَدَبَغُوهُ فَانْتَفَعُوا بِهِ. قَالُوا اِنَّهَا مَيِّتَةٌ فَقَالَ اِنَّمَا حَرُمَ مِنَ الْمَيِّتَةِ اَكْلُهَا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے' آپ نے دریافت کیا: یہ کس کی ہے؟ لوگوں نے بتایا ہے: یہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کو صدقے کے طور پر دی گئی تھی' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان لوگوں نے اس کی کھال اتار کر اس کو دباغت کر کے اس سے فائدہ کیوں نہیں اُٹھایا' لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مردار کو کھانا حرام ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالجبار بن علاء بن عبدالجبار عطار بصری، ابوبکر، نزیل مکۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 248ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۶۶) (۷۹۴)۔

○ محمد بن عبداللہ بن یزید مقری، ابویحیٰی، مکی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 256ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۸۱) (۴۲۱)۔

•••——•••——•••

97- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ اِمْلَاءً وَّالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَقُرِءَ عَلٰى ابْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِشَاةٍ دَاجِنٍ لِبَعْضِ اَهْلِهٖ قَدْ نَفَقَتْ فَقَالَ اَلَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِجِلْدِهَا . قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ اِنَّ دِبَاغَهَا ذَكَاتُهَا .

وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اِنَّ دِبَاغَهٗ ذَكَاتُهٗ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اپنی ایک اہلیہ محترمہ کی پالتو بکری کے پاس سے گزرے جو مر چکی تھی' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ دباغت کے ذریعے پاک ہو جاتی ہے۔

ابن صاعد کی نقل کردہ روایت میں کچھ لفظی اختلاف ہے (یعنی ضمیر مجرور متصل واحد مؤنث غائب کی بجائے واحد مذکر غائب منقول ہے)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابراہیم بن نیروز، ابوبکر الانماطی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۴۰۸)(۳۸۹)۔

○ ابوعتبہ احمد بن الفرج بن سلیمان کندی حمصی، الملقب بالحجازی المؤذن: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 321ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۲/۵۸۴)(۲۲۱)۔

○ محمد بن ولید بن عامر زبیدی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 149ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۵)(۷۹۱)۔

98- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ وَاَبُوْ سَلَمَةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا وَقَالَ اِنَّمَا حَرُمَ لَحْمُهَا وَدِبَاغُ اِهَابِهَا طَهُوْرُهَا .

★★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس کا گوشت حرام ہے' اس کی کھال کو دباغت کے ذریعے پاک کیا جاسکتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن ابوبکر بن علی بن عطاء بن مقدم، ابوعثمان المقدمی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۸/۴)(۲۲۹۴)۔

○ محمد بن کثیر عبدی بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 223ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۰۳/۲)(۶۵۴)۔

○ سلیمان بن کثیر عبدی، بصری، ابوداود، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 133ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۹/۱)(۴۸۳)۔

99- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا هِلاَلُ بْنُ الْعَلاَءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا وَقَالَ اِنَّمَا حَرُمَ عَلَيْكُمْ لَحْمُهَا وَرُخِّصَ لَكُمْ فِي مَسْكِهَا .

هٰذِهِ اَسَانِيدُ صِحَاحٌ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ زہری سے منقول ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم پر اس کا گوشت حرام قرار دیا گیا ہے اور اس کی کھال (کو استعمال کرنے) کی اجازت دی گئی ہے''۔

اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہلال بن العلاء بن ہلال بن عمر، باہلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمر الرقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 208ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۴/۲)(۶۴۱)۔

○ عبداللہ بن جعفر بن غیلان ابوعبدالرحمٰن قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، یہ ثقہ ہیں۔ یہ دسویں طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کا انتقال 220ھ میں ہوا۔ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۶/۱) (۲۳۰)۔

○ عبید اللہ بن عمرو بن ابوولید اسدی، ابووہب الرقی مولی بنی اسد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 180ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۱۳۶/۱۹) (۳۶۷۱)۔

○ اسحاق بن راشد جزری، ابوسلیمان، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۰/۱) (۵۷)۔

•••——•••——•••

100- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لاَهْلِ شَاةٍ مَاتَتْ اَلَّا نَزَعْتُمْ اِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ وَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مردہ بکری کے مالک سے ارشاد فرمایا: تم لوگوں نے اس کی کھال کو کیوں نہیں اتارا؟ تم اس کی دباغت کرتے اور اس سے فائدہ حاصل کرتے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یونس بن عبدالاعلی بن میسرۃ صدفی، ابوموسیٰ مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۵/۲) (۴۸۱)۔

○ اسامۃ بن زید لیثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوزید مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 153ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات

۱۰۰-اخرجه الحميدي (۱/ ۲۲۹-۲۳۰) برقم (۴۹۱)' واحمد (۱/ ۲۲۷' ۲۷۷' ۳۷۲)- ومسلم (۲/ ۲۸۸) كتاب الحيض' باب: طهارة جلود الميتة بالدباغ' حديث (۱۰۲/ ۳۶۳' ۱۰۴/ ۳۶۵)' والترمذي (۴/ ۲۲۰-۲۲۱) كتاب اللباس' باب من جاء في جلود الميتة اذا دبغت' والنسائي (۷/ ۱۷۲) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' حديث (۴۲۳۸)- والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۴۶۹)- والبيهقي (۱/ ۱۶) كتاب الطهارة' باب طهارة جلد الميتة بالدبغ' وعبد الرزاق (۱/ ۶۲-۶۳) كتاب الطهارة' باب جلود الميتة اذا بلغت' حديث (۱۸۷) كلهم من طريق عطاء عن ابن عباس' رضي الله عنه-

کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳/۱)(۳۵۸)۔

○ عطاء بن ابورباح قرشی و(یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) مکی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 114ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲/۲)(۱۹۰)۔

•••——•••——•••

101- حَدَّثَنَا بِهِ اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ دَاجِنَةً لِمَيْمُوْنَةَ مَاتَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا اَلَّا دَبَغْتُمُوْهُ فَاِنَّهُ ذَكَاةٌ لَهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی پالتو بکری مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے' اس کی دباغت کرو' کیونکہ اس طرح وہ پاک ہو جاتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن بشر بن حکم، عبدی، ابومحمد نیشاپوری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 260ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۷۳/۱)(۸۷۶)۔

○ یحییٰ بن سعد بن ابان بن سعید بن العاص، اموی، ابوایوب کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۸/۲)(۶۹)۔

○ مسدد بن مسرھد بن مسربل بن مستورد اسدی، بصری، ابوحسن، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 228ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۲/۲)(۱۰۵۲)۔

•••——•••——•••

۱۰۱- تقدم برقم (۱۰۰) وقد ورد الحديث من طريق عطاء' عن ابن عباس' عن ميمونة: اخرجه واحمد (۳۲۹/۶)- ومسلم (۲۸۸/۲) كتاب الحيض' باب: طهارة جلود الميتة بالدباغ' حديث (۱۰۳/ ۳۶٤)' والنسائي (۱۷۲/۷) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' حديث (٤۲۳۷)' وعبد الرزاق في (مصنفه) (۶۳/۱) كتاب الطهارة' باب جلود الميتة اذا ذبحت' حديث (۱۸۸)' وابن حبان في صحيحه (۲۹/٤) كتاب الطهارة' باب: جلود الميتة' حديث (۱۲۸۳)' والبيهقي (۲۲/۱)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۶۹/۱)-

102- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُونُسَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ ذَكَاةُ الْمَيْتَةِ دِبَاغُهَا . قَالَ اِبْرَاهِيمُ وَكَانَ اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُونَ ذَكَاةُ الصُّوفِ غَسْلُهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: مردار کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے: اس کی دباغت کی جائے۔

ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد حضرات فرمایا کرتے تھے:

''اون کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے: اُسے دھولیا جائے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن محمد بن احمد بن سعید، ابوعثمان الحنّاط ، یہ ثقہ ہیں' ان کا انتقال 311ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۶/۹)(۴۷۰۲)۔

○ عبدالرحمٰن بن یونس بن محمد الرقی، ابومحمد السراج، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 246ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۳/۱)(۱۱۶۳)۔

○ شریک بن عبداللہ النخعی کوفی، قاضی بواسط ثم الکوفۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 178ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۱/۱)(۶۴)۔

○ الاسود بن یزید بن قیس النخعی ، ابوعمرو او ابوعبدالرحمٰن، مخضرم، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 75ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۷/۱)(۵۷۹)۔

۱۰۲- اخرجه النسائي (۷/ ۱۷٤) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' من طرق عن شريك' عن الاعمش' عن ابراهيم' عن الاسود' عن عائشة' به- واخرجه احمد (٦/ ۱٥٤' ۱٥٥)' والنسائي (۷/ ۱۷٤) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' والطحاوي في شرح المعاني (٤۷۰/۱)' وابن حبان (۱۰٥/٤)(۱۲۹۰) من طريق الحسين بن محمد المروذي' عن شريك' عن الاعمش' عن عمارة' عن الاسود' عن عائشة' وياتي عند المصنف رقم (۱۰۳)' ورواه النسائي (۷/ ۱۷٤)' والطحاوي (٤۷۰/۱) من طريق اسرائيل' عن الاعمش' عن ابراهيم' عن الاسود' به- واخرجه الطحاوي (٤۷۰/۱) من طريق عمر بن حفص بن غياث' عن ابيه' عن الاعمش قال حدثنا اصحابنا' عن عائشة- ورواه الدارقطني رقم (۱۲۰)' والبيهقي (۲۱/۱) كتاب الطهارة' باب اشتراط الدباغ في طهارة جلد ما لا يوكل لحمه وان ذكي- ورواه الطحاوي (٤۷۰/۱) من طريق جرير بن عبد الحميد' عن منصور' عن ابراهيم' عن الاسود' به- ورواه الطبراني في (الصغير)(۱۸۹/۱-۱۹۰)' من طريق محمد بن مسلم الطائفي' عن عبد الرحمن ابن القاسم' عن ابيه' عن عائشة-

103- خَالَفَهُ حُسَيْنٌ الْمَرْوَرُوذِيُّ عَنْ شَرِيكٍ فَقَالَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دِبَاغُهَا طَهُورُهَا .

حَدَّثَنَاهُ ابْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَيْثَمَةَ عَنْهُ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: اس کی دباغت کرنا ہی اسے پاک کرنا ہے۔
یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمارۃ بن عمیر تیمی، کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۵۰)(۴۷۷)۔

○ احمد بن ابوخیثمۃ زہیر بن حرب بن شداد، یہ ''ثقہ'' ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۱۱/۴۹۲)، وتذکرۃ الحفاظ (۲/۵۹۶)۔

104- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُذَافَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أُمِّهِ الْعَالِيَةِ بِنْتِ سُبَيْعٍ أَنَّ مَيْمُونَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَدَّثَتْهَا أَنَّهُ مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَفَرٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَجُرُّونَ شَاةً لَهُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَوْ أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا . قَالُوا إِنَّهَا مَيْتَةٌ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ .

☆☆ عالیہ بنت سبیع بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے' وہ لوگ اپنی بھیڑ بکری کو اس طرح کھینچ رہے تھے جیسے (مردار) گدھے کو کھینچا جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اگر تم اس کی کھال حاصل کر لو (تو یہ مناسب ہوگا) ان لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی اور کیکر کے پتے اسے پاک کر دیں گے۔

۱۰۴- اخرجه احمد (۶/۳۳۲-۳۳۴) وابو داؤد (۴/۶۶-۶۷) كتاب اللباس: باب في اهب الميتة: حديث (۴۱۲۶) والنسائي (۷/۱۷۴ ۱۷۵) كتاب الفرع والعتيرة: باب ما يدبغ به جلود الميتة: حديث (۴۲۴۸)- والمزي في تهذيب الكمال (۱۵/۵۰۷) في ترجمة عبد الله بن مالك بن حذافة: وابن حبان (۴/۱۰۶) كتاب الطهارة: باب جلود الميتة: حديث (۱۲۹۱) والبيهقي (۱/۱۹) كتاب الطهارة: باب وقوع الدباغ بالقراظ او ما يقوم مقامه: والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/۴۷۰-۴۷۱) كلهم من طريق كثير بن فرقد بهذا الاسناد وقد تحرف عبد الله بن حذافة الى عبيد الله هنا عند الدارقطني وفي بعض المصادر: وصوابه: (عبد الله بن مالك بن حذافة) كذا في تهذيب الكمال (۱۵/۵۰۷)-

حدیث کی راوی صحابی خاتون کا تعارف:

اُمّ المؤمنین سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا تعلق خانوادہ قریش سے ہے۔ آپ کی پہلی شادی مذکور بن عمرو ثقفی سے ہوئی۔ ان سے علیحدگی ہو گئی۔ اس کے بعد دوسری شادی ابورہم بن عبدالعزیٰ سے ہوئی۔ ۷ ہجری میں ان کا انتقال ہوگیا تو اس کے بعد ذی قعدہ کے مہینے میں ۷ ہجری میں عمرہ کے سفر کے دوران مکہ مکرمہ کے راستے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کی۔

یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری شادی تھی اور سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری زوجہ محترمہ ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام "سرف" میں ان کے ساتھ شادی کی تھی اور اتفاق یہ ہے کہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال بھی مقام سرف میں ہوا۔ مشہور روایات کے مطابق آپ کا انتقال ۵۱ ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن حارث بن یعقوب انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، ابوایوب،: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 175ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۶۷)(۵۵۵)۔

○ لیث بن سعد بن عبدالرحمٰن فہمی، ابوحارث، مصری،: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۳۸)۔

○ کثیر بن فرقد، مدنی،: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۳۳)(۲۱)۔

○ عبداللہ بن مالک بن حذافہ،: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "مقبول" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۴)(۵۷۷)۔

•••———•••———•••

105- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دَعَا فِىْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِمَاءٍ مِنْ عِنْدِ امْرَاَةٍ فَقَالَتْ مَا عِنْدِىْ مَاءٌ اِلَّا فِىْ قِرْبَةٍ لِىْ مَيْتَةٍ .فَقَالَ اَلَيْسَ قَدْ دَبَغْتِهَا . قَالَتْ بَلَى .قَالَ

فَإِنَّ ذَكَاتَهَا دِبَاغُهَا .

☆☆ حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم ﷺ نے ایک خاتون سے پانی طلب کیا تو اس نے عرض کی: میرے پاس جو پانی ہے وہ ایک ایسے مشکیزے میں ہے جو ایک مردہ (جانور) کا ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اس (کی کھال) کی دباغت نہیں کر لی تھی؟ اس خاتون نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دباغت کے نتیجے میں یہ پاک ہو جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن ہیثم بن عثمان، (اور ایک قول کے مطابق:) ابن محمد بن ہیثم، عبدی، ابومحمد، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 261ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۵۸)(۷۱۵)۔

○ معاذ بن ہشام بن ابوعبداللہ الدستوائی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۷)(۱۲۱۱)۔

○ ہشام ابی عبداللہ سنبر ابوبکر بصری الدستوائی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 154ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۳۴۹)۔

○ حسن بن ابوحسن بصری انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ترجمۃ (۱۲۲۷)۔

○ جون ابن قتادۃ بن اعور بن ساعدۃ تمیمی ثم السعدی، بصری :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ترجمۃ (۹۹۳)۔

۱۰۵- اخرجه احمد (۳/۴۷٦)، (۵/۷۰٦)، وابو داؤد (٦٦/٤)، كتاب (اللباس)، باب في اهب الميتة، حديث (٤١٢٥)، والنسائي (۷/۱۷۳، ۱۷٤)، كتاب الفرع والعتيرة، باب: جلود الميتة، حديث (٤٢٤٣)، والحاكم (٤/١٤١)، وابن حبان (٣٨١/١٠) كتاب السير، باب الخلافة والامارة، حديث (٤٥٢٢)، والبيهقي (١٧/١) كتاب الطهارة، باب طهارة جلد الميتة بالدبغ، والطبراني في (الكبير) (٧/٥٣) برقم (٦٣٤٠-٦٣٤٣)، والطحاوي (٤٧١/١)- كلهم من طرقه عن سلمة بن المحبق- قال الحاكم: هذا حديث صحيح الاسناد، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي-

106- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا وَقَالَ دِبَاغُ الْاَدِيمِ ذَكَاتُهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''چمڑے کو دباغت کرنے سے وہ پاک ہو جاتا ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیمان بن داؤد بن الجارود، ابوداود الطیالسی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 204ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۳/۱) رقم (۴۲۸)۔

•••——•••——•••

107- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الدَّقِيقِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا وَقَالَ دِبَاغُهَا طَهُوْرُهَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''اس کی دباغت ہی اسے پاک کر دیتی ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبدالملک بن مروان واسطی، ابوجعفر الدقیقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 266ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص۸۷۳ (۶۱۴۱)۔

○ بکر بن بکار القیسی، ابوعمرو بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۷۵) (۷۴۴)۔

•••——•••——•••

108- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ وَالْحَوْضِيُّ وَمُوْسٰى قَالُوْا حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا

وَقَالَ دِبَاغُهَا ذَكَاتُهَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''اس کی دباغت اسے پاک کر دیتی ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حفص بن عمر بن حارث بن سخبرۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 255ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۵۸) (۱۴۲۱)۔

○ ہمام بن یحییٰ بن دینار العوذی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) ابوعبداللہ او ابوبکر بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 165ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۲۴) (۷۳۱۹)۔

109- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ الْمِصْرِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دِبَاغُ كُلِّ اِهَابٍ طَهُوْرُهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر کھال دباغت کے ذریعے پاک ہو جاتی ہے''۔

۱۰۹- اخرجه مالك (۲/ ٤۹۸) كتاب الصيد' باب ما جاء في جلود الميتة' الحديث (۱۷)' والشافعي في (المسند) (۱/ ۲٦)' كتاب الطهارة الباب الثالث في الآنية والدباغة' الحديث (٥۸)' واحمد (۱/ ۲۱۹)' والدارمي (۲/ ۸٦)؛ كتاب الاضاحي باب الاستمتاع بجلود الميتة' ومسلم (۱/ ۲۷۷) كتاب الحيض' باب طهارة جلود الميتة بالدباغ' الحديث (۱۰٥/ ۳٦٦)' وابو داؤد (٤/ ۳٦۷) كتاب اللباس' باب في اهب الميتة' الحديث (٤۱۲۳)' والترمذي (٤/ ۲۲۱) كتاب اللباس باب ما جاء في جلود الميتة اذا دبغت' الحديث (۱۷۲۸)' والنسائي (۷/ ۱۷۳) كتاب الفرع والعتيرة' باب جلود الميتة' وابن ماجه (۲/ ۱۱۹۳) كتاب اللباس' باب لبس جلود الميتة اذا دبغت' الحديث (۳٦۰۹)' وابن الجارود ص (۲۹٥)' باب ما جاء في الاطعمة' الحديث (۸۷٤)' والطحاوي (۱/ ٤٦۹) كتاب الصلوة' باب دباغ الميتة عند لفظان: (ايما اهاب دبغ فقد طهر)' والطبراني في (الصغير) (۱/ ۲۳۹)' والبيهقي (۱/ ۲۰) كتاب الطهارة' باب اشتراط الدباغ في طهارة جلد ما لا يوكل لحمه وان ذكي' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص۱۱۷)' والبغوي في شرح السنة (۱/ ۲۹۲) من طرق عن ابن وعلة' عن ابن عباس' به' وله الفاظ مختلفة- وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن بکار بن الریان ہاشمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبداللہ بغدادی، الرصافی۔ یہ ثقہ ہیں۔ دسویں طبقے سے تعلق ہے۔ان کا انتقال 230ھ میں ہوا۔ التقریب (۱۱۴۰)۔

○ عبدالرحمٰن بن وعلۃ مصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۴)(۴۰۶۶)۔

•••——•••——•••

110- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَذْعُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ حَدَّثَنِیْ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنِ ابْنِ وَعْلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

قَالَ اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب چمڑے کی دباغت کر لی جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔

———

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن محمد بن عبید الدراوردی، ابومحمد جہنی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مدنی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 187ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۱۵)(۴۱۲۷)۔

•••——•••——•••

111- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِیُّ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَزْرَقُ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا جَدِّی حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا زَافِرٌ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الْهُذَلِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (قُلْ لَا اَجِدُ فِيْمَا اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗ)

قَالَ الطَّاعِمُ الْاٰكِلُ فَاَمَّا السِّنُّ وَالْقَرْنُ وَالْعَظْمُ وَالصُّوْفُ وَالشَّعْرُ وَالْوَبَرُ وَالْعَصَبُ فَلَا بَاْسَ بِهٖ لِاَنَّهٗ يُغْسَلُ .

۱۱۱- اخرجه البيهقي (۱/۲۳) كتاب الطهارة' باب: المنع من الانتفاع بشعر الميتة' وذكره السيوطي في الدر (۳/۱۴۵) نحوه' وعزاه الى ابن ابي حاتم وابن المنذر-

وَقَالَ شَبَابَةُ اِنَّمَا حَرُمَ مِنَ الْمَيْتَةِ مَا يُؤْكَلُ مِنْهَا وَهُوَ اللَّحْمُ فَاَمَّا الْجِلْدُ وَالسِّنُّ وَالْعَظْمُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوْفُ فَهُوَ حَلَالٌ ۔

اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ ضَعِيْفٌ.

☆☆ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم یہ فرما دو! میری طرف جو چیز وحی کی گئی ہے' اس میں' میں ایسی کسی چیز کو نہیں پاتا جو کھانے والے پر حرام قرار دی گئی ہو''۔

اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: یہاں طاعم (کھانے والے) سے مراد کھانے والا شخص ہے' جہاں تک دانت' سینگ' ہڈی' اُون' بال' وبر' کا تعلق ہے' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے' کیونکہ انہیں دھولیا جاتا ہے۔

شبابہ نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے:

''مردار کی وہ چیز حرام ہوتی ہے' جسے کھایا جاتا ہے اور وہ چیز گوشت ہے جہاں تک کھال' ہڈی' دانت' بال' اُون کا تعلق ہے' تو انہیں (دوسرے کاموں کے لیے) استعمال کرنا جائز ہے''۔

اس روایت کا راوی ابوبکر ہذلی ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شبابۃ بن سوار مدائنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۹)۔

○ ابوبکر ہذلی، امام بخاری نے انہیں ''متروک الحدیث'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۲۰)(۱۰۵۹)۔

○ یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان، ابوبکر الازرق تنوخی الکاتب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 329ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۲۱/۱۴)(۷۶۴۴): علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ایضاً ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۲۸۹/۱۵)، والمنتظم (۳۲۵/۶)۔

○ اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان ابویعقوب تنوخی۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۲/۲۱۴) وترجمۃ فی ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۳۶۶)، وسیر اعلام النبلاء (۱۲/۴۸۹)۔

○ زافر بن سلیمان ابوسلیمان الایادی القوھستانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۹۹۰)۔

•••——•••——•••

112- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بِبَيْرُوتَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ السَّفَرِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ

لَا بَاْسَ بِمَسْكِ الْمَيْتَةِ اِذَا دُبِغَ وَلَا بَاْسَ بِصُوفِهَا وَشَعْرِهَا وَقُرُوْنِهَا اِذَا غُسِلَ بِالْمَآءِ .

يُوْسُفُ بْنُ السَّفَرِ مَتْرُوْكٌ وَّلَمْ يَاْتِ بِهٖ غَيْرُهٗ.

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ فرماتی ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب مردار کی کھال کی دباغت کر لی جائے تو پھر اسے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' اس کی اُون' اس کے بال' اس کے سینگ استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' جب انہیں پانی کے ذریعہ دھولیا جائے۔

اس روایت کا راوی یوسف بن سفر' متروک ہے اور اس سے اس روایت کے علاوہ اور کوئی روایت منقول نہیں ہے۔ (یا اس روایت کو صرف اسی نے نقل کیا ہے)۔

حدیث کی راوی صحابی خاتون کا تعارف:

اُم المؤمنین سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا

سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام ''ہند'' ہے۔ آپ کا تعلق قریش کے خاندان ''بنومخزوم'' سے ہے۔
آپ کے والد ابوامیہ' مکہ کے مشہور صاحب حیثیت شخص تھے۔

۱۱۲- اخرجه البيهقي (۱/۲۴) كتاب الطهارة؛ باب: المنع من الانتفاع بشعر الميتة-

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی پہلی شادی حضرت عبداللہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ سے ہوئی تھی جو''ابوسلمہ'' کی کنیت سے مشہور ہیں۔

ایک روایت کے مطابق یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی ہیں۔

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے ہمراہ آغاز اسلام میں ہی اسلام قبول کرلیا تھا۔

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے ہمراہ حبشہ کی طرف ہجرت بھی کی تھی۔انہوں نے کچھ عرصہ وہاں قیام کیا اور پھر مکہ مکرمہ آ گئیں۔اس کے بعد انہوں نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تھی۔

بعض سیرت نگاروں کے بیان کے مطابق یہ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کر کے جانے والی پہلی خاتون ہیں۔

آپ کے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں زخمی ہوئے اور کچھ عرصے بعد ان زخموں کی وجہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔

اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سن ۴ ہجری میں شوال کے مہینے میں سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی۔

مؤرخین اور سیرت نگاروں نے سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی ذہانت اور سمجھداری کے مختلف واقعات نقل کیے ہیں۔

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ۶۳ ہجری میں ہوا۔انتقال کے وقت آپ کی عمر کم وبیش ۸۴ برس تھی۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن عبد الکریم بن یزید بن سعید، ابوطلحۃ الفزاری بصری المعروف بالوساوسی: علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 320ھ میں ہوا'ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ''خطیب بغدادی'' (۵/۵۷)(۲۴۲۳)۔

○ یوسف بن السفر، ابوالفیض، کاتب لاوزاعی، الشامی امام بخاری نے انہیں متروک الحدیث قرار دیا ہے۔علل الحدیث (۸۵۴)(التاریخ الکبیر ۸/ ۳۸۷)علل الحدیث (۸۵۴)۔

•••———•••———•••

113- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ السَّفَرِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ یوسف بن سفر کے حوالے سے منقول ہے۔

○ اسماعیل بن فضل بن موسیٰ بن مسمار بن ہانی، ابوبکر البلخی، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 286ھ میں ہوا'ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۹۰)(۳۳۱۹)۔

•••———•••———•••

114- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبُسْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ

حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَخِيْهِ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنَ الْمَيْتَةِ لَحْمَهَا وَاَمَّا الْجِلْدُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوْفُ فَلَا بَاْسَ بِهِ .

عَبْدُ الْجَبَّارِ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردار کا گوشت (کھانے) کو حرام قرار دیا ہے جہاں تک اس کی کھال اس کے بال اور اُون کا تعلق ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی ''عبدالجبار'' ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن اسماعیل بن فضل، ابوعبداللہ ایلی حافظ۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 250ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۷۷)(۱۰۵۴)۔

○ محمد بن آدم بن سلیمان جہنی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۸۲۴)(۵۷۵۶)۔

○ عبدالجبار بن مسلم، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۴/۲۴۰)(۴۷۵۰)۔

115- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْعَابِدُ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ الْاَوْدِيِّ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَوْ زَيْنَبَ اَوْ غَيْرِهِمَا مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ مَيْمُوْنَةَ مَاتَتْ شَاةٌ لَهَا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِاِهَابِهَا . فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ نَسْتَمْتِعُ بِهَا وَهِيَ مَيْتَةٌ فَقَالَ طَهُوْرُ الْاَدِيْمِ دِبَاغُهُ .

وَقَالَ غَيْرُهُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ بَعْضِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَتْ لَنَا شَاةٌ فَمَاتَتْ.

۱۱۴- تقدم تخریجه برقم (۱۱۱) من طریق ابي بکر الهذلي' عن الزهري' بنحوه-

۱۱۵- عزاه ابن الملقن في البدر المنیر (۲/۴۳۲) الی البیهقي' ولم اجده في السنن الکبرٰی' ثم قال: (ورواه الطبراني من هذا الطریق وفیه: (لتستمتعي باهابها)' ثم قال: (لم یرو هذا الحدیث عن شعبة الا عباد بن تفرد به یحیی بن ایوب)- قلت: (ولا یضر تفرده بذلك' لانه ثقة ثبت' مخرج حدیثه في الصحیح) اه- وانظر: تخریج حدیث میمونة المتقدم في الحدیث (۱۰۱)-

☆☆ ہزیل بن شرحبیل ٗ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا یا سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا ٗ یا ان دونوں کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی اور زوجہ محترمہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی بکری مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال کو استعمال کیوں نہیں کرتے؟ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسے کیسے استعمال کر سکتے ہیں ٗ یہ تو مردار ہے ٗ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دباغت کے ذریعے چمڑہ پاک ہو جاتا ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ محترمہ سے منقول ہے ٗ جس کے یہ الفاظ ہیں: ہماری ایک بکری تھی جو مرگئی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن ایوب المقابری بغدادی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا ٗ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ٗ (۱۰۵۰)(۷۵۶۲)۔

○ عباد بن عباد بن حبیب بن مہلب بن ابوصفرۃ ازدی مہلبی ، ابومعاویہ بصری ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 179ھ میں ہوا ٗ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ٗ (۴۸۱)(۳۱۴۹)۔

○ عبدالرحمٰن بن ثروان ابوقیس الاوردی کوفی ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 120ھ میں ہوا ٗ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی ٗ (۵۷۳)(۳۸۴۷)۔

116- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي هَوْذَةَ حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ اَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ

(قُلْ لَا اَجِدُ فِيْمَا اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗ)

اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِّنَ الْمَيْتَةِ حَلَالٌ اِلَّا مَا اُكِلَ مِنْهَا فَاَمَّا الْجِلْدُ وَالْقَرْنُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوْفُ وَالسِّنُّ وَالْعَظْمُ فَكُلُّ هٰذَا حَلَالٌ لِاَنَّهٗ لَا يُذَكّٰى .

اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

(اللہ تعالیٰ نے) ارشاد فرمایا ہے:

''تم یہ فرمادو! میری طرف جو چیز وحی کی گئی ہے اس میں' میں نے یہ چیز نہیں پائی جو اس کے کھانے والے کے لیے حرام ہو''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

''مردار کی ہر چیز حلال ہے ماسوائے اس چیز کے جو کھائی جاتی ہے' جہاں تک کھال' سینگ' بال' اُون' دانت' ہڈی کا تعلق ہے' تو یہ سب حلال ہیں' کیونکہ انہیں ذبح نہیں کیا جاتا۔

اس روایت کا راوی ابوبکر ہذلی ''متروک'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حرب بن عبدالرحمٰن جندیسابوری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۱) (۴۷۳۶)۔

117- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَقِيْلِ بْنِ خُوَيْلِدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اَيُّمَا اِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ .

هٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جس کھال کی دباغت کر دی جائے' وہ پاک ہو جاتی ہے۔

۱۱۷- نقله الزيلعي في نصب الراية (۱/۱۱٦) عن المصنف' ونقل قوله: (اسناد حسن) ساكتا عليه' وذكره الذهبي في الميزان (٦/٢٦١) في ترجمة محمد بن عقيل الخزاعي - وقال فيه: (شيخ نيسابوري معروف لا باس به الا انه تفرد بهذا)' ثم ذكر له هذا الحديث كانه ينكره عليه-

والحديث: رواه المصنف رقم (۱۱۹)' وابن شاهين في الناسخ والمنسوخ رقم (۱٦۰- بتحقيقنا) من طريق القاسم' عن عبد الله' عن عبد الله بن دينار' عن عبد الله بن عمر' مرفوعاً- وقد عزاه ابن الملقن في البدر المنير (۲/٤٢٤) للطبراني' ونقل فيه قول الطبراني: (القاسم ضعيف) ثم قال: وهو كما قال- ولم اجده عند الطبراني فالله اعلم- قال ابن الملقن (۲/٤٢٤): (رواه الحافظ ابو احمد الحاكم في الكنى من حديث حفص بن قيس الخراساني' عن نافع' عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (جلود الميتة دباغها) يعني طهورها' ثم قال: (ابو سهل هذا في حديثه بعض المناكير)' وقال: (ولا اعرف لعبد الله بن عمر بن الخطاب في هذا الباب حديثا ولا رواية من مخرج يعتمد عليه' بل كل ما روي عنه فيه واه غير محفوظ)- اه-

اس کی سند''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عقیل ابن خویلد بن معاویہ خزاعی، نیشاپوری، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 257ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب''از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۷۹)(۶۱۸۶)۔

○ حفص بن عبداللہ بن راشد سلمی، ابوعمرو نیشاپوری یہ وہاں کے قاضی تھے :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 209ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب''از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۷)(۱۴۱۷)۔

○ ابراہیم بن طہمان خراسانی، ابوسعید، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 168ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۹)(۱۹۱)۔

118- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ مَرْدَانْشَاهْ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِى اِسْحَاقَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِىُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِىُّ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِىِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

قَالَ دِبَاغُ جُلُودِ الْمَيْتَةِ طَهُوْرُهَا .

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مردار کی کھال کی دباغت کر دینا اس کو پاک کر دیتا ہے''۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

۱۱۸-قال ابن الملقن في البدر المنير (۲/۴۳۲): (رواه الطبراني من طريق الواقدي وهو مكشوف الحال)- اه- قلت: لم اجده عند الطبراني في الكبير ولا ذكره صاحب مجمع الزوائد فليراجع والحديث عزاه الحافظ في التلخيص (۱/۸۲) الى (تاريخ نيسابور) والى (الكنى) للحاكم ابي احمد-

زید بن ثابت بن ضحاک بن زید عمرو بن عبد بن اوف بن غنم بن مالک بن نجار۔

آپ کا تعلق انصار کے قبیلے بنوخزرج کی شاخ ''بنونجار'' سے ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عمر ۱۱ برس تھی۔

جنگ بیاض کے موقع پر ان کی عمر ۶ سال تھی۔ ان کے والد اس جنگ میں مارے گئے تھے۔

غزوۂ بدر میں کم سنی کی وجہ سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو شریک نہیں کیا گیا۔

البتہ غزوۂ اُحد میں انہیں شرکت کا شرف حاصل ہے۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انہیں غزوۂ اُحد میں بھی شرکت کرنے کا موقع نہیں ملا۔

انہوں نے سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شرکت کی تھی۔

یہ دیگر مسلمانوں کے ساتھ مٹی اٹھا کر لا رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے: یہ بہت اچھا لڑکا ہے۔

غزوۂ تبوک کے موقع پر بنو مالک بن نجار کا علم ایک صحابی کے پاس تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے وہ علم لے کر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔

حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو میری طرف سے کوئی شکایت پہنچی ہے تو آپ نے (علم واپس لے لیا ہے؟) تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا نہیں۔ لیکن قرآن کو ہر چیز پر فوقیت حاصل ہے اور زید تم سے زیادہ قرآن کا عالم ہے۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا شمار کاتبینِ وحی میں کیا جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں غیر ملکی سربراہوں کی طرف سے مختلف زبانوں میں خطوط آیا کرتے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عبرانی زبان سیکھی اور وہ ان خطوط کا ترجمہ کر کے نبی اکرم ﷺ کو سنایا کرتے تھے اور نبی اکرم ﷺ ان خطوط کا ترجمہ عبرانی میں کر کے ان لوگوں کو بھجوایا کرتے تھے۔

ابن اثیر نے یہ بات بیان کی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام مقرر کیا۔ دو مرتبہ حبشہ جاتے ہوئے اور ایک مرتبہ جب وہ شام تشریف لے گئے تھے۔

اسی طرح جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی حج کے لئے جاتے تھے تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنا قائم مقام مقرر کرتے تھے۔

طبقات ابن سعد (358/2) طبقات خلیفة (ص 89) التاریخ الکبیر (380/3) المعرفة والتاریخ (383'300/1) الجرح والتعدیل (558/3) معجم الصحابة للبغوی (ق 105/ب) الثقات لابن حبان (135/3) المعجم الکبیر للطبرانی (111/5) المستدرك للحاکم (421/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (ج 1 ق 252/ب) الاستیعاب (537/2) اسد الغابة (278/2) سیر اعلام النبلاء (426/2) تجرید اسماء الصحابة (197/1) الکاشف (264/1) الاصابة (22/3) التهذیب (399/3) التقریب (ص 222) بقی بن مخلد و مقدمة مسنده (ص 83) الریاض المستطابة (ص 84)

حضرت زید رضی اللہ عنہ کی ایک خصوصیت یہ ہے: آپ علم وراثت میں سب سے بڑے عالم تھے۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔ ''زید تم میں سب سے زیادہ علم وراثت کا علم رکھتا ہے''۔
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے انہیں بیت المال کا نگران مقرر کیا تھا۔
حضرت زید رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں مختلف اقوال میں ۴۱' ۴۲' ۴۵' ۵۱' ۵۲' ۵۵ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ابراہیم بن محمد، ابویعقوب صفار، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۷۴/۶)(۳۴۰۴)۔

○ معاذ بن محمد بن معاذ بن محمد بن ابوکعب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۵۲)(۶۷۸۶)۔

○ عطاء بن ابومسلم، ابوعثمان خراسانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 135ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ی ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص(۶۷۹)(۴۶۳۳)۔

•••—•••—•••

119- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ عَلٰى شَاةٍ فَقَالَ مَا هٰذِهِ . قَالُوْا مَيْتَةٌ .قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اذْبِغُوا اِهَابَهَا فَاِنَّ دِبَاغَهُ طَهُوْرُهُ . اَلْقَاسِمُ ضَعِيْفٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بکری کے پاس سے گزرے' آپ نے دریافت کیا: اسے کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کی کھال کی دباغت کرو' کیونکہ اس کی دباغت اسے پاک کر دیتی ہے۔
اس روایت کا راوی قاسم ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن علی بن حبیش بن احمد بن عیسیٰ بن خاقان ابوحسین الناقد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 359ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی

المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۸۶)(۱۰۷۱)۔

○ احمد بن قاسم بن مساور، ابوجعفر جوہری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 293ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۳۴۹)(۲۱۹۰)۔

○ سوید بن سعید بن سہل ہروی الاصل ثم الحدثانی، ابومحمد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 240ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۳)(۲۷۰۵)۔

○ عبداللہ بن دینار العدوی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبدالرحمٰن مدنی مولی ابن عمر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 127ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۴)(۳۳۲۰)۔

•••———•••———•••

120- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ

عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ طَهُوْرُ كُلِّ اَدِيْمٍ دِبَاغُهُ .

هٰذَا اِسْنَادٌ حَسَنٌ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: چمڑے کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے' اس کی دباغت کر لی جائے۔

اس کی سند ''حسن'' ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن ہیثم بن مہلب، ابواسحاق بلدی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 277ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۲۰۶)(۳۲۶۳)۔

○ علی بن عیاش الالہانی حمصی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 219ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۰۲)(۴۳۱۳)۔

○ محمد بن مطرف بن داؤد لیثی، ابوغسان، مدنی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸) (۱۲۷)۔

•••———•••———•••

121- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يُوسُفَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى الطَّبَّاعُ قَالَ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا كَانَتْ لَهَا شَاةٌ تَحْتَلِبُهَا فَفَقَدَهَا النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ مَا فَعَلَتِ الشَّاةُ . قَالُوا مَاتَتْ .قَالَ اَفَلَا انْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا . قُلْنَا اِنَّهَا مَيْتَةٌ .فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ دِبَاغَهَا يُحِلُّ كَمَا يُحِلُّ خَلُّ الْخَمْرِ .

تَفَرَّدَ بِهِ فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ وَهُوَ ضَعِيفٌ.

★★ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کی ایک بکری تھی جس کا وہ دودھ دوہ لیا کرتی تھیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بکری نظر نہیں آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: بکری کہاں ہے؟ تو لوگوں نے بتایا: وہ مرگئی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے؟ ہم نے عرض کی: وہ تو مردار ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی دباغت اسے حلال کردیتی ہے' جس طرح سرکہ' شراب کو حلال کردیتا ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں فرج بن فضالہ منفرد ہے اور یہ ''ضعیف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن یوسف، ابوبکر راقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۲۷) (۱۶۲۸)۔

○ محمد بن عیسیٰ بن نجیح بغدادی، ابوجعفر ابن طباع بغدادی نزیل اذنۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۸۶، ۸۸۷) (۶۲۵۰)۔

○ فرج بن فضالۃ بن نعمان تنوخی، ابوفضالۃ شامی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 177ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸۰) (۵۴۱۸)۔

۱۲۱- اخرجه البيهقي (۶/۳۷-۳۸) كتاب الرهن' باب: ذكر الخبر الذي ورد فيه خل الخمر- وابن عدي في الكامل (۶ / ۲۰۵۴)' وفي اسناده فرج بن فضالة ضعيف' كما في التقريب (۲/۱۰۸)' والحديث ضعفه البيهقي ايضاً-

○ عمرۃ بنت عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارۃ انصاریۃ، مدنیۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ سے پہلے ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۶۵)(۸۷۴۲)۔

•••———•••———•••

122- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُغَلِّسٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا مَعْرُوفُ بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اسْتَمْتِعُوا بِجُلُودِ الْمَيْتَةِ اِذَا هِيَ دُبِغَتْ تُرَابًا كَانَ اَوْ رَمَادًا اَوْ مِلْحًا اَوْ مَا كَانَ بَعْدَ اَنْ تُرِيدَ صَلَاحَهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مردہ جانور کی کھال استعمال کرو' اس کی مٹی' راکھ یا نمک یا کسی بھی چیز کے ذریعے دباغت کرلی گئی ہو یا (راوی کو شک ہے یہ الفاظ ہیں:) یا جس چیز کے (ذریعے دباغت کرلینے) کے بعد وہ استعمال کے قابل ہو جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن المغلس، ابوعبداللہ البزار، : ان کا انتقال 318ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۴/۵)(۲۵۰۵)۔

○ احمد بن ازھر بن منیع، ابوالازھر عبدی، نیشاپوری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 263ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۵)(۵)۔

○ معروف بن حسان، قال ابن عدی: منکر الحدیث: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکر الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۴۶۷)(۸۶۱۰)۔

○ عمر بن ذر بن عبداللہ بن زراۃ ہمدانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 153ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۱۸)(۴۹۲۷)۔

۱۲۲-اخرجه البيهقي (۲۰/۱) كتاب الطهارة' باب: وقوع الدباغ بالقرظ او ما يقوم مقامه- من طريق احمد بن الازهر بن خالد البلخي باسناد الدارقطني ومتنه- واخرجه مالك (۴۹۸/۲) كتاب (الصيد)' باب: ما جاء في جلود الميتة' حديث (۱۸) عن يزيد بن عبد الله بن قسيط' عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان' عن امه' عن عائشة...... فذكره بنحوه- ومن طريقه احمد (۷۳/۶' ۱۰۴' ۱۴۸' ۱۵۳)' وابو داؤد (۶۶/۴) كتاب اللباس' باب: في اهب الميتة' حديث (۴۱۲۴)' والنسائي (۱۷۶/۷) كتاب الفرع والعتيرة' باب الرخصة في الاستمتاع بجلود الميتة اذا دبغت' حديث (۴۲۵۲) الا انه قال: (محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان' عن ابيه)' وابن ماجه (۱۱۹۴/۲) كتاب اللباس باب: لبس جلود الميتة اذا دبغت' حديث (۳۶۱۲)- والدارمي (۸۶/۲) كتاب الاضاحي' باب: الاستمتاع بجلود الميتة-

۱۴۴- اخرجه احمد في المسند (۴۵۰/۱) حدثنا عبد الرزاق' قال حدثنا معمر فذكره وكذا رواه الطبراني في الكبير (۷۳/۱۰) رقم (۹۹۵۱) من طريق عبد الرزاق' به- ورواه ابن خزيمة (۳۹/۱) رقم (۷۰)' والطحاوي في شرح معاني الآثار (۱۲۲/۱)' والبيهقي (۱۰۸/۱) كتاب الطهارة' باب: الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة في الانقاء دون ما نهي عن الاستنجاء به' والطبراني في (الكبير) (۷۶/۱۰) رقم (۹۹۶۰) كلهم من طريق ابي اسحاق' عن عبد الرحمن بن الاسود' عن علقمة' عن عبد الله' به- واخرجه البخاري (۳۰۸/۱) كتاب الوضوء' باب لا يستنجي بروث' حديث (۱۵۶)' والنسائي (۳۹/۱-۴۰) كتاب الطهارة' باب الرخصة في الاستطابة بحجر' حديث (۴۲)' وابن ماجه (۱۱۴/۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالحجارة والنهي عن الروث والرمة' حديث (۳۱۳)' واحمد (۴۱۸/۱)' وابن المنذر في (الاوسط) رقم (۲۹۶)' وابو يعلى (۶۳/۹) رقم (۵۱۲۷)' والبيهقي (۴۱۳/۲)' والطبراني في (الكبير) (۹۹۵۳) كلهم من طريق زهير بن معاوية' عن ابي اسحاق- واخرجه ابو داؤد الطيالسي (۴۷/۱- منحة) رقم (۱۴۱)' حدثنا زهير' عن ابي اسحاق' عن عبد الرحمن بن الاسود' عن ابن مسعود- فسقط ذكر الاسود بن يزيد- واخرجه الترمذي (۲۵/۱-۲۶) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الاستنجاء بالحجرين' حديث (۱۷)' واحمد (۳۸۸/۱' ۴۶۵)' والطبراني في (الكبير) (۷۳/۱۰-۷۴) رقم (۹۹۵۲)

اس اختلاف کی وضاحت کر دی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن محمد بن فضل بن جابر ابوالعباس الزیات، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۳۹۲) (۳۴۴۳)۔علقمۃ بن قیس بن عبداللہ النخعی ،کوفی ،''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۸۹) (۴۷۱۵)۔

○ بہلول بن حسان بن سنان ابوہیثم تنوخی ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۰۸/۷) (۳۵۴۹)۔

○ ابراہیم بن عثمان عبسی ابوشیبۃ کوفی:علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 169ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۲) (۲۱۷)۔

145- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِىْ عَمْرٍو السَّيْبَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ نَسْتَنْجِىَ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ اَوْ حُمَمَةٍ .

اِسْنَادٌ شَامِيٌّ لَيْسَ بِثَابِتٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے' ہم ہڈی' مینگنی یا کوئلے کے ذریعے استنجاء کریں۔

اس روایت کی سند شامی ہے اور یہ مستند نہیں ہے۔

---

۱۴۵ - اخرجه ابو داؤد (۱۰/۱) كتاب الطهارة' باب ما ينهى عنه ان يستنجى به' الحديث (۳۹)- ومن طريق ابي داؤد' اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۰۹/۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة من طريق اسماعيل بن عياش' به' بهذا الاسناد- وانظر الحديث (۱۴۴)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہشام بن عمار بن نصیر سلمی، دمشقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۲۲)(۷۳۵۳)۔

○ یحیٰی بن ابوعمرو السیبانی ابوزرعۃ حمصی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 148ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۶۳)(۷۶۶۶)۔

○ عبداللہ بن فیروز الدیلمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۵۳۵)(۳۵۵۸)۔

•••——•••——•••

146- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِىْ مُوْسَى بْنُ عُلَـىٍّ عَـنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهٰى اَنْ نَسْتَنْجِىَ بِعَظْمٍ حَائِلٍ اَوْ رَوْثَةٍ اَوْ حُمَمَةٍ .

عُلَىُّ بْنُ رَبَاحٍ لَا يَثْبُتُ سَمَاعُهُ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' ہم بوسیدہ ہڈی' مینگنی یا کوئلے کے ذریعہ استنجاء کریں۔

اس روایت کے راوی علی بن رباح کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو بالکل ابتداء میں اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہے جب سعید بن زید رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ سیّدہ فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا تھا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے اسلام قبول کیا تھا۔

۱۴۶- اخرجه احمد في المسند (۱/۴۵۷) والبيهقي (۱/۱۰۹-۱۱۰) كتاب الطهارة: باب الاستنجاء بما يقوم مقام الحجارة- كلاهما رواه من طريق عبد الله بن وهب قال: اخبرنا موسى بن علي بن رباح عن ابيه عن عبد الله بن مسعود- وانظر حديث ابن مسعود المتقدم (۱۴۴) (۱۴۵)-

جب سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا تھا: جب تمہیں میری آواز سنائی دے اور پردہ گرا ہوا نہ ہو تو تمہیں اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ تم اجازت لیے بغیر اندر آ سکتے ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تکیہ مبارک اور مسواک مبارک کو اٹھانے کا شرف حاصل ہے (یعنی آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص تھے)۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرے بھائی جب یمن سے آئے تو ہم کافی عرصے تک یہی سمجھتے رہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں شامل ہیں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ بکثرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آیا جایا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو حبشہ اور مدینہ منورہ دونوں کی طرف ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

آپ نے دونوں قبلوں کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی ہوئی ہے۔

آپ نے غزوۂ بدر، غزوۂ اُحد، غزوۂ خندق، بیعت الرضوان بلکہ تمام غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شرکت کی ہے۔

علامہ ابن اثیر نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جنت کی بشارت دی تھی اگرچہ روایتی طور پر ان کا شمار عشرۂ مبشرہ میں نہیں ہوتا)

صحابہ کرام میں سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما، حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

تابعین میں سے علقمہ، ابووائل، اسود، مسروق، عبیدہ، قیس بن ابوحازم اور دیگر نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فضائل میں احادیث بھی منقول ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ابن اُمّ عبد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کے طریقے پر عمل کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر میں نے مشورے کے بغیر کسی کو امیر مقرر کرنا ہوتا تو میں ابن اُمّ عبد کو مقرر کرتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں کوفہ بھیجا تھا اور اہل کوفہ کو یہ خط لکھا تھا: میں عمار بن یاسر کو بطور امیر اور عبداللہ بن مسعود کو بطور

طبقات ابن سعد (342/2) طبقات خلیفۃ (ص 128/26/16) التاریخ الکبیر (2/5) الجرح والتعدیل (149/5) معجم الصحابۃ للبغوی (ق 170/ ا) الثقات لابن حبان (208/3) المستدرک للحاکم (312/3) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (ج 1 ق 33/ ا) الاستیعاب (987/3) اسد الغابۃ (280/3) سیر اعلام النبلاء (461/1) الکاشف (116/2) تجرید اسماء الصحابۃ (334/1) الاصابۃ (129/4) التہذیب (27/6) التقریب (ص 323) بقی بن مخلد و مقدمۃ مسندہ (ص 80) الریاض المستطابۃ (ص 185)

معلم اور وزیر کے بھیج رہا ہوں۔ یہ دونوں نبی اکرم ﷺ کے منتخب اصحاب میں سے ہیں جنہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔تم لوگ ان کی پیروی کرنا' ان کے احکام کی اطاعت کرنا' ان کی باتیں غور سے سننا۔ میں اپنے اوپر ایثار کر کے عبداللہ کوتمہاری طرف بھیج رہا ہوں۔

ایک روایت کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے کسی کام کے لئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا۔ نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے کمزور پاؤں اور پسلیوں کو دیکھ کرمسکرادیے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: تم کیوں مسکرارہے ہو؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا پاؤں' نامہ اعمال میں قیامت کے دن اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگا۔

مشہور قول کے مطابق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتقال ۳۲ ہجری میں مدینہ منورہ میں ہوا اور آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔

بعض مؤرخین کے بیان کے مطابق حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی تھی اور بعض کے بیان کے مطابق حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی تھی۔آپ کورات کے وقت دفن کیا گیا۔

وفات کے وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی عمر ۶۰ برس سے کچھ زیادہ تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ موسیٰ بن علی ابن رباح اللخمی، ابوعبدالرحمٰن بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 163ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۸۳)(۷۰۴۳)۔

○ علی بن رباح بن قصیر اللخمی ابوعبداللہ مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 110ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۵)(۴۷۶۶)۔

•••———•••———•••

147- حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ وَّعَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مُّوْسَى بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِىِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

۱۴۷- رواه البيهقي في الكبرٰى (۱/ ۱۱۰-۱۱۱) كتاب الطهارة' باب الاستنجاء بالجلد المدبوغ' من طريق الدارقطني' به بهذا الاسناد والمتن- ورواه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۱۲۲) قال: حدثنا يونس قال: اخبرنا ابن وهب' فذكره به- قال الزيلعي في نصب الراية (۱/ ۱۲۰): (قال ابن القطان في (كتابه): وعلته الجهل بحال موسى بن ابي اسحاق- قال: وذكره ابن ابي حاتم ولم يعرف من امره شيء' فهو عنده مجهول - قال: وهو ايضا مرسل' لانه عمن لم يسم ممن يذكر عن نفسه انه راى او سمع' وان لم يشهد لاحدهم التابعي الراوي عنه بالصحبة)- اه-

عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنَ الْاَنْصَارِ اَخْبَرَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اَنَّهُ نَهَى اَنْ يَّسْتَطِيبَ اَحَدٌ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ اَوْ جِلْدٍ .

هٰذَا اِسْنَادٌ غَيْرُ ثَابِتٍ اَيْضًا .عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَجْهُوْلٌ.

☆☆ عبداللہ بن عبدالرحمان' نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی' جو انصاری تھے' کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے: کوئی شخص ہڈی 'مینگنی یا چمڑے کے ذریعے استنجاء کرے۔

اس روایت کی سند ثابت نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی عبداللہ بن عبدالرحمان مجہول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن سواد ابن اسود بن عمرو العامری، ابومحمد بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۳۷)(۵۰۸۱)۔

○ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن الحباب۔ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۲۸)(۴۲۵)۔

148- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ قَالَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ كَاسِبٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

اِنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ يُّسْتَنْجَى بِرَوْثٍ اَوْ بِعَظْمٍ وَّقَالَ اِنَّهُمَا لَا يُطَهِّرَانِ .

اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' مینگنی یا ہڈی کے ذریعے استنجاء کیا جائے' آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ دونوں چیزیں پاک نہیں کرتی ہیں۔

۱۴۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (۳/۱۱۷۹) في ترجمة سلمة بن رجاء الكوفي- واعله به-

اس روایت کی سند ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یعقوب بن حمید کاسب مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 241 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۸۸) (۷۸۶۹)۔

○ سلمۃ بن رجاء تیمی، ابوعبدالرحمٰن کوفی: ''صدوق'' علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۸۸)۔

○ حسن بن الفرات بن ابوعبدالرحمٰن تیمی القزاز، کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۴۲) (۱۲۸۷)۔

○ فرات بن ابوعبدالرحمٰن القزاز کوفی :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۷۷۹) (۵۴۱۵)۔

○ سلمان، ابوحازم اشجعی، کوفی، یہ ثقہ ہیں۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 100 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۹۸) (۲۴۹۲)۔

•••——•••——•••

149- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا اُبَيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنْ الْإِسْتِطَابَةِ فَقَالَ اَوَلَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ ثَلَاثَةَ اَحْجَارٍ حَجَرَانِ لِلصَّفْحَتَيْنِ وَحَجَرٌ لِّلْمَسْرُبَةِ .

اِسْنَادٌ حَسَنٌ .

☆☆ اُبی بن عباس اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے استنجاء کرنے کے طریقہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تمہیں تین پتھر نہیں ملتے

۱۴۹- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۱۱۴) كتاب الطهارة' باب كيفية الاستنجاء من طريق عتيق بن يعقوب الزبيري عن ابي بن العباس به' مثل حديث المصنف-

ہیں؟ دو پتھر مخرج کے کناروں (کو صاف کرنے کے لیے) اور ایک پتھر مخرج (کو صاف کرنے) کے لیے۔
اس کی سند ''حسن'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حرب بن محمد بن علی طائی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۱) (۴۷۳۵)۔

○ عتیق بن یعقوب بن صدیق بن موسیٰ بن عبداللہ بن زبیر بن عوام، :مشہور صحابی رسول حضرت زبیر بن عوام کی اولادِ امجاد میں سے ہیں۔ بعض روایات کے مطابق انہوں نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں ہی ''المؤطا'' حفظ کر لی تھی۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۴۶/۷) (۲۶۱)۔

○ ابی بن العباس بن سہل بن سعد انصاری، الساعدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۲۰) (۲۸۳)۔

○ عباس بن سہل بن سعد الساعدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۸۶) (۳۱۸۷)۔

150- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِيْ مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنِي الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

قَالَتْ مَرَّ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلَجِيُّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَسَاَلَهُ عَنِ التَّغَوُّطِ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّتَنَكَّبَ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَقْبِلَهَا وَلَا يَسْتَدْبِرَهَا وَلَا يَسْتَقْبِلَ الرِّيْحَ وَاَنْ يَّسْتَنْجِيَ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيْهَا رَجِيْعٌ اَوْ ثَلَاثَةِ اَعْوَادٍ اَوْ ثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِّنْ تُرَابٍ .

لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ مُبَشِّرِ بْنِ عُبَيْدٍ وَّهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ.

۱۵۰- اخرجہ البیہقی فی الکبریٰ (۱۱۱/۱) کتاب الطہارۃ' باب ما ورد فی الاستنجاء بالتراب- وفی اسنادہ مبشر بن عبید' وھو متروک' کما قال المصنف- قال الذہبی فی المیزان (۱۷/۶): (قال احمد: کان یضع الحدیث' وقال البخاری: روی عن بقیۃ' منکر الحدیث)- اھ- قال الحافظ فی (التقریب) (۲۲۸/۲): (متروک رماہ احمد بالوضع' من السابعۃ' لہ فی ابن ماجہ حدیث واحد فی غسل المیت)- اھ- وفیہ ایضاً- حجاج بن ارطاۃ صدوق' لکنہ کثیر الخطا والتدلیس' کما قال الحافظ فی (التقریب) (۱۵۲/۱)-

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ سراقہ بن مالک مدلجی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا اور آپ سے قضائے حاجت کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی: وہ قبلہ کی طرف سے ہٹ کر بیٹھے' اس کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرے اور جس طرف ہوا چل رہی ہو' اس طرح منہ نہ کرے' اور وہ تین پتھروں کے ذریعے استنجاء کرے' جس میں کوئی مینگنی شامل نہ ہو یا تین لکڑیوں کے ذریعے کرے یا مٹی کے تین لپ کے ذریعے کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن سلیمان بن محمد بن سلیمان بن عمرو بن الحصین، ابوجعفر باہلی، نعمانی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۰۲/۵)(۲۸۰۸)۔

○ مبشر بن عبید حمصی، ابوحفص، کوفی الاصل،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۱۹)(۶۵۰۹)۔

○ حجاج بن ارطاۃ ابن ثور بن ہبیرۃ النخعی، ابوارطاۃ کوفی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 145ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۲۲۲)(۱۱۲۷)۔

○ سراقۃ بن مالک بن جعشم بن مالک بن عمرو بن تیم بن مدلج بن مرۃ بن عبد مناف بن کنانۃ الکنانی المدلجی، ان کی کنیت ابوسفیان تھی۔ یہ صحابی رسول ہیں۔ ان کا انتقال 24ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: اسد الغابۃ (۴۱۲/۲)(۱۹۵۵)۔

151- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِيْ بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُضَرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ حَاجَتَهٗ فَلْيَسْتَنْجِ بِثَلَاثَةِ اَعْوَادٍ اَوْ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ اَوْ بِثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِّنَ التُّرَابِ.

۱۵۱- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۱۱/۱) كتاب الطهارة' باب ما ورد في الاستنجاء بالتراب- ومن طريق الدارقطني رواه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۳۳۰/۱-۳۳۱)- وقد رواه البيهقي (۱۱۱/۱) من طريق الدارقطني مرسلا بالاسناد الآتي (۱۵۲)- ثم قال البيهقي: (ولا يصح وصله ولا رفعه)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۱۰۳/۲-۱۰۴): (قال عبد الحق في (احكامه): وقد اسند هذا عن ابن عباس ولا يصح' اسنده احمد بن الحسن المصري وهو متروك' قال ابن القطان في (كتابه): والمرسل ايضا ضعيف فانه دائر على زمعة بن صالح' وقد ضعفه احمد بن حنبل وابن معين وابو حاتم)- اه-

قَالَ زَمْعَةُ فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ طَاوُسٍ فَقَالَ اَخْبَرَنِى اَبِى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِهٰذَا سَوَاءً لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ الْمُضَرِىِّ وَهُوَ كَذَّابٌ مَتْرُوكٌ وَّغَيْرُهُ يَرْوِيهِ عَنْ اَبِى عَاصِمٍ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ مُرْسَلاً .لَيْسَ فِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ وَهْبٍ وَّوَكِيعٌ وَّغَيْرُهُمْ عَنْ زَمْعَةَ وَرَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ قَوْلَهُ .وَقَدْ سَاَلْتُ سَلَمَةَ عَنْ قَوْلِ زَمْعَةَ اَنَّهُ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَلَمْ يَعْرِفْهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص قضائے حاجت کرے تو وہ تین لکڑیوں کے ذریعے یا تین پتھروں کے ذریعے یا تین مرتبہ مٹھی میں مٹی بھر کر اس کے ذریعے استنجاء کرے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے اور اس کی سند میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حسن بن ابان مضری ایلی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱/۲۲۴) (۳۲۹)۔

○ ضحاک بن مخلد بن ضحاک بن مسلم شیبانی، ابوعاصم النبیل بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 212ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۴۵۹) (۲۹۹۴)۔

○ زمعۃ ابن صالح جندی یمانی، نزیل مکۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۳۴۰) (۲۰۴۶)۔

○ سلمۃ بن وھرام، یمانی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۲) (۵۲۸)۔

○ طاؤس بن کیسان، فقیہ قدوۃ عالم الیمن، ابوعبدالرحمٰن فارسی، ثم یمنی جندی حافظ :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 106ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''سیر اعلام النبلاء'' از حافظ شمس الدین ذہبی (۵/۳۸) (۱۳)۔

152- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ قَالَ سَمِعْتُ طَاوُسًا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

إِذَا أَتَى أَحَدُكُمُ الْبَرَازَ فَلْيُكْرِمْ قِبْلَةَ اللَّهِ فَلَا يَسْتَقْبِلْهَا وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا ثُمَّ لِيَسْتَطِبْ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ أَوْ ثَلَاثَةِ أَعْوَادٍ أَوْ ثَلَاثِ حَثَيَاتٍ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ لِيَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَخْرَجَ عَنِّي مَا يُؤْذِينِي وَأَمْسَكَ عَلَيَّ مَا يَنْفَعُنِي.

☆☆ سلمہ بن وہرام بیان کرتے ہیں: میں نے طاؤس کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص پاخانہ کرنے لگے تو وہ اللہ تعالیٰ کے قبلے کا احترام کرے اور اس کی طرف رخ یا پیٹھ نہ کرے پھر تین پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرے یا تین لکڑیوں کے ذریعے کرے یا پھر تین مرتبہ مٹھی بھر مٹی کے ذریعہ طہارت حاصل کرے اور پھر یہ پڑھے:

''ہر طرح کی حمد اس اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے جس نے میرے اندر سے اس چیز کو باہر نکال دیا جو مجھے اذیت دے سکتی تھی اور میرے اندر اس چیز کو باقی رکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہے''۔

153- حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ وَابْنِ طَاوُسٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهَذَا مُرْسَلًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس کے حوالے سے ''مرسل'' حدیث کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد اللہ بن طاؤس بن کیسان یمانی، ابومحمد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۶)(۳۴۱۸)۔

•••——•••——•••

154- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهَذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس کے حوالے سے منقول ہے۔

155- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ وَحَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ وَهْرَامَ أَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا يَقُولُ نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

قَالَ عَلِيٌّ قُلْتُ لِسُفْيَانَ أَكَانَ زَمْعَةُ يَرْفَعُهُ قَالَ نَعَمْ فَسَأَلْتُ سَلَمَةَ عَنْهُ فَلَمْ يَعْرِفْهُ يَعْنِي لَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۵۵- واسنادہ (حسن) فان سلمة بن وهرام؛ انما ضعف احمد رواية زمعة؛ عنه كما رواه عنه عبد الله؛ كما في التهذيب (۱۱/ ۳۲۹): (روى عنه زمعة احاديث مناكير؛ اخشى ان يكون حديثه ضعيفاً) وقال ابن عدي: (ارجو انه لا باس بروايات الاحاديث التي يرويها عنه غير زمعة)- ولذلك قال الحافظ في (التقريب) (۱/ ۳۱۹): (صدوق)- وانظر رقم (۱۵۱)-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ طاؤس سے منقول ہے اور ان کے قول کے طور پر منقول ہے انہوں نے اس روایت کو "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا ہے۔

علی نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان سے دریافت کیا: کیا زمعہ نامی راوی نے اس روایت کو "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! پھر میں نے سلمہ سے اس بارے میں دریافت کیا تو وہ اس چیز سے واقف نہیں تھے یعنی یہ روایت "مرفوع" حدیث کے طور پر منقول ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں طاؤس کے حوالے سے منقول مرسل روایت نقل کی ہے طاؤس کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت طاؤس بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ

ابن کیسان، فقیہ قدوۃ عالم یمن، ابوعبدالرحمٰن الفارسی، ثم یمنی جندی

انہوں نے ان حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے:

حضرت زید بن ثابت - عائشۃ - ابو ہریرۃ - زید بن ارقم - ابن عباس،

انہوں نے ان حضرات سے احادیث روایت کی ہیں:

جابر - سراقۃ بن مالک - صفوان بن امیۃ - ابن عمر - عبداللہ بن عمرو - زیاد الاعجم - حجر مدری - اور ایک گروہ ہے۔

انہوں نے حضرت معاذ بن جبل سے مرسل روایات نقل کی ہیں۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

عطاء - مجاہد - عبد اللہ - حسن بن مسلم - ابن شہاب - ابراہیم بن میسرۃ - ابو الزبیر مکی - سلیمان تیمی - سلیمان بن موسیٰ دمشقی - قیس بن سعد مکی - عکرمۃ بن عمار - اسامۃ بن زید لیثی - عبدالملک بن میسرۃ - عمرو بن دینار - عبداللہ بن ابونجیح - حنظلۃ بن ابوسفیان - اور ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگ ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میرا یہ خیال ہے کہ طاؤس جنتی آدمی ہے۔

قیس بن سعد بیان کرتے ہیں: ہمارے درمیان ان کی وہی مثال ہے جو بصرہ میں ابن سیرین کی ہے۔

سفیان بیان کرتے ہیں: ابراہیم بن میسرہ نے قبلہ کی طرف رخ کر کے ہمارے سامنے قسم اٹھا کر یہ بات کہی کہ اس عمارت کے پروردگار کی قسم ہے۔ میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کے سامنے امیر اور غریب یکساں اہمیت رکھتے ہوں۔ صرف طاؤس ایسے شخص ہیں۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اگر آپ طاؤس کی زیارت کر لیں تو یہ بات جان جائیں گے کہ یہ شخص جھوٹ نہیں بول سکتا۔

طاؤس خود بیان کرتے ہیں: میں نے پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہے۔

جریر بن حازم بیان کرتے ہیں: انہوں نے طاؤس کو دیکھا ہے: وہ گہری سرخ مہندی لگایا کرتے تھے۔

عبدالرحمان بن ابوبکر فرماتے ہیں: میں نے طاؤس کو دیکھا ہے: ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان سجدے کا نشان موجود تھا۔

ابن شوذب بیان کرتے ہیں: میں 105 ہجری میں مکہ میں طاؤس کے جنازے میں شریک ہوا ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمزۃ بن محمد بن العباس بن فضل بن حارث بن جنادۃ بن شبیب بن یزید، ابواحمد الدھقان، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 347ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۸۳/۸)(۴۳۰۶)۔

○ علی بن عبد اللہ بن جعفر بن نجیح سعدی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوحسن ابن مدنی بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۹) (۴۷۹۴)۔

•••——•••——•••

18- باب السِّوَاكِ

باب: مسواک کا بیان

156- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ بُرْدٍ الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِى السِّوَاكِ عَشْرُ خِصَالٍ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ تَعَالٰى وَمَسْخَطَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَمَفْرَحَةٌ لِلْمَلَائِكَةِ جَيِّدٌ لِلَّثَةِ وَيُذْهِبُ بِالْحَفْرِ وَيَجْلُو الْبَصَرَ وَيُطَيِّبُ الْفَمَ وَيُقَلِّلُ الْبَلْغَمَ وَهُوَ مِنَ السُّنَّةِ وَيَزِيْدُ فِى الْحَسَنَاتِ .

قَالَ الشَّيْخُ اَبُو الْحَسَنِ مُعَلَّى بْنُ مَيْمُوْنٍ ضَعِيْفٌ مَتْرُوْكٌ.

*طبقات ابن سعد 615/2 ، التاريخ الكبير 338/5 ، تاريخ الفسوى 615/2 ، الجرح والتعديل 276/5 ، تهذيب الكمال: 813، تنہیب التہذیب 2/ 226 /1 ، تاريخ الاسلام 78/4 ، تهذيب التهذيب 256/6 ، خلاصة تذهيب الكمال .233 :طبقات ابن سعد 537/5 ، طبقات خليفة 287 ؛ تاريخ خليفة 236 ؛ التاريخ الكبير 365/4 ، التاريخ الصغير 252/1 ، تاريخ الفسوى 705/1 ، الجرح والتعديل 500/4 ، حلية الاولياء 3/4 ، 23، طبقات الفقهاء للشيرازى 73، اللباب 241/1 ، تهذيب الاسماء واللغات 251/1 ۔وفيات الاعيان 509/2 ، تهذيب الكمال 623 ؛ تذهيب التهذيب 2/ 101 /2 ، تاريخ الاسلام 126/4 ، تذكرة الحفاظ 90/1 ، العبر 130/1 ، طبقات القراء 341/1 ، تهذيب التهذيب 8/5 ، النجوم الزاهرة 260/1 ، طبقات الحفاظ 34 ؛ خلاصة تذهيب الكمال 181 ؛ شذرات الذهب 133./1

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: مسواک میں دس خوبیاں ہیں: یہ پروردگار کی رضامندی کا باعث ہے' شیطان کی ناراضگی کا باعث ہے' فرشتوں کوخوش کرنے کا باعث ہے' مسوڑھوں کی صحت اور خوبصورتی کا باعث ہے' دانتوں کی میل کوختم کردیتی ہے' بصارت کو تیز کرتی ہے' منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے' بلغم کوکم کرتی ہے' مسواک کرنا سنت ہے اور یہ نیکیوں میں اضافہ کرتی ہے۔

شیخ ابوالحسن بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی معلی بن میمون ضعیف اور متروک ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن ولید بن محمد بن برد بن یزید بن سخت ابوولید انطاکی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 278ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تاریک بغداد (۱/۳۶۷) (۳۱۱)۔

○ موسیٰ بن داؤد ضبی، ابوعبداللہ طرسوی، نزیل بغداد، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 217ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۷۹) (۷۰۰۸)۔

○ معلیٰ بن میمون المجاشعی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۴۷۸) (۸۶۸۴)۔

توضیح مسئلہ:

اس موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خان تحریر کرتے ہیں:

علاّمہ ابراہیم حلبی فرماتے ہیں:

قد عدہ القدوری والاکثرون من السنن وھو الاصح

امام قدوری اور اکثر حضرات نے اسے سنت قرار دیا ہے اور یہی رائے زیادہ درست ہے۔

۱۵۶- اخرجه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/ ۳۲۵)، الحديث رقم (۵۴۸) من طريق الدارقطني، لكن الذي وقع في العلل مرفوعاً، ولست ادري وجه الصواب - قال ابن الملقن في البدر المنير (۲/ ۱۶۶): (وذكر هذه الرواية ابن الجوزي في (علله) من حديث ابن عباس مرفوعا من طريق الدارقطني) كما تقدم، ثم قال: (هذا حديث لا يصح) وعلله بما قدمناه والذي رايته في سننه ما قدمته)- اه- والعلة التي قدمها ابن الملقن هي قوله (۳/ ۱۶۵): (هو من رواية معلى ابن ميمون وهو ضعيف الحديث)- اه- وله شاهد من حديث عائشة- اخرجه النسائي (۱/ ۱۰) كتاب الطهارة، باب الترغيب في السواك، حديث (۵)، واحمد (۶/ ۱۲۴)، وابو يعلى (۸/ ۳۱۵) رقم (۴۹۱۶)، وابن حبان (۱۴۳- موارد)، والحميدي (۱۶۲)، وابن المنذر في (الاوسط) (۳۳۸)، وابو نعيم في (الحلية) (۷/ ۱۵۹)، والبيهقي (۱/ ۳۴)، وابن خزيمة رقم (۱۳۵) من حديث عائشة- وعلقه البخاري (۴/ ۱۵۸) باب: سواك الرطب واليابس للصائم، بصيغة الجزم فهو صحيح عنده وصححه ايضا ابن خزيمة وابن حبان- وقال البغوي في (شرح السنة) (۱/ ۲۹۴- بتحقيقنا): (هذا حديث حسن)- وقال النووي في (المجموع) (۱/ ۳۲۴): (حديث صحيح وفي الباب عن جماعة من الصحابة)-

ردالمحتار میں ہے: وعلیه المتون' متون اسی پر دلالت کرتے ہیں۔
درمختار میں ہے: السواك سنة مؤكدة كما في الجوهرة
مسواک کرنا سنت مؤکدہ ہے' جیسا کہ ''الجوہرۃ'' میں تحریر ہے۔
ہدایہ میں ہے: الاصح انه مستحب
زیادہ درست یہ ہے: یہ مستحب ہے۔
امام زیلعی فرماتے ہیں: الصحيح انهما مستحبان يعني السواك والتسمية لانهما ليسا من خصائص الوضوء
صحیح رائے یہ ہے' یہ دونوں یعنی مسواک کرنا اور بسم اللہ پڑھنا مستحب ہیں' کیونکہ یہ دونوں وضو کے خصائص میں شامل نہیں ہیں۔
محقق علی الاطلاق فرماتے ہیں: الحق انه من مستحبات الوضوء
حق یہ ہے' یہ وضو کے مستحبات میں شامل ہیں۔
امام ابن امیر الحاج بعد ذکر حدیث فرماتے ہیں: هذا عند التحقيق انما يفيد الاستحباب فلا جرم ان قال في خير مطلوب هو الصحيح وفي الاختيار قالوا والا صح انه مستحب
تحقیق کے مطابق یہ چیز استحباب کا فائدہ دیتی ہے' تو یہ لازمی ہوگا' انہوں نے یہ بات ایسی نیکی کے بارے میں کی ہو' جو مطلوب ہوتی ہے' اور یہی درست ہے۔
علامہ خیر الدین رملی قول بحر دربارہ استحباب نقلا عن الفتح هو الحق ﴿فتح سے نقل کیا گیا کہ وہ حق ہے۔ ت﴾
پھر قول صغیری دربارہ سنیت ھو الاصح نقل کرکے فرماتے ہیں: فقد علم بذلك اختلاف التصحيح اه كما في المنحة
''الاختیار'' نامی کتاب میں یہ تحریر ہے' علماء فرماتے ہیں: زیادہ درست یہ ہے: یہ مستحب ہے۔
علامہ خیر الدین رملی استحباب کے بارے میں ''بحر'' کا قول نقل کرتے ہیں' جو انہوں نے ''الفتح'' کے حوالے سے ذکر کیا ہے اور یہی حق ہے۔
اس سے یہ بات پتہ چل گئی' اسے صحیح قرار دینے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' جیسا کہ ''المنہاۃ'' نامی کتاب میں درج ہے۔
جیسا کہ (اہلِ علم نے) اس کی تشریح کی ہے۔
وجہ دوم: خود امام مذہب رضی اللہ عنہ سے سنیت پر نص وارد۔ امام عینی فرماتے ہیں:
المنقول عن ابي حنيفة رضي الله تعالى عنه على ماذكره صاحب المفيد ان السواك من سنن الدين اه نقله الشلبي على الكنز۔
امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے' جیسا کہ ''المفید'' کے مصنف نے یہ بات ذکر کی ہے۔ (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مسواک کرنا دینی سنت ہے' اسے شلبی نے ''کنز'' (کے حاشیے) پر نقل کیا ہے۔

بلکہ ہمارے صاحب مذہب کے تلمیذ جلیل امام الفقہاء امام المحدثین امام الاولیاء سیدنا عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اگر بستی کے لوگ سنّیت مسواک کے ترک پر اتفاق کریں تو ہم اُن پر اس طرح جہاد کریں گے جیسا مرتدوں پر کرتے ہیں تاکہ لوگ اس سنّت کے ترک پر جرات نہ کریں۔

فتاوٰی حجہ میں ہے: قال عبدالله بن المبارك لو ان اهل قرية اجتمعوا على ترك سنة السواك نقاتلهم كما نقاتل المرتدين كيلا يجترء الناس على ترك سنة السواك وهو من احكام الاسلام۔

عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں، اگر کسی بستی کے لوگ اس بات پر متفق ہو جائیں کہ وہ مسواک کی سنت کو ترک کر دیں گے تو ہم ان لوگوں کے ساتھ اسی طرح جنگ کریں گے، جس طرح ہم مرتد ہو جانے والوں لوگوں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں، تاکہ لوگوں کو مسواک کرنے کی سنت ترک کرنے کا حوصلہ نہ ہو، یہ اسلام کے احکام میں شامل ہے۔

حلیہ میں اسے نقل کر کے فرمایا: وهذا يفيد انه من سنن الدين كما حكاه قولا في المفيد وليس ببعيد.

یہ اس بات کا فائدہ دیتی ہے، یہ (مسواک کرنا) دینی اعتبار سے سنت ہے، جیسا کہ "المفید" نامی کتاب میں قول نقل کیا گیا ہے اور (یہ حکم بیان کرنا) بعید بھی نہیں ہے۔

وجہ سوم: یہی اقوی من حیث الدلیل ہے کہ احادیث متوافرہ اُس کی تاکید اور اس میں قولاً وفعلاً اہتمام شدید پر ناطق جن سے کتبِ احادیث مملو ہیں بلکہ حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُس پر مواظبت ومداومت گویا ضروریات وبدیہیات سے ہے ہر شخص کہ احوال قدسیہ پر مطلع ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اُس پر مداومت فرمانا جانتا ہے، خود ہدایہ میں فرمایا: والسواك لانه صلى الله تعالى عليه وسلم كان يواظب عليه.

اور مسواک کرنا سنت ہے، کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اسے باقاعدگی کے ساتھ سرانجام دیا ہے۔

تبیین میں فرمایا: وقد واظب عليه النبي صلى الله تعالى عليه وسلم۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر مداومت فرمائی۔

بہت زیادہ علم رکھنے والے بادشاہ (یعنی اللہ تعالیٰ کی) مدد کے ساتھ اس مقصد کی تکمیل کے لیے بقیہ کلام آپ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

ثانیاً: سنّیت کو مواظبت درکار اب ہم وضو میں کُلّی کے وقت احادیث کو دیکھتے ہیں تو ہرگز اُس وقت مسواک پر مواظبت ثابت نہیں ہوتی۔ خود امام محقق علی الاطلاق کو اس کا اعتراف ہے اور اسی بنا پر قول استحباب اختیار فرمایا۔ فتح میں فرماتے ہیں: المطلوب مواظبته عليه الصلوة والسلام عند الوضوء ولم اعلم حديثا صريحا فيه.

اصل مقصد یہ ہے: وضو کے وقت اس پر (مسواک کرنے پر) نبی اکرم ﷺ کی مواظبت (یعنی باقاعدگی) ثابت ہو جائے اور میرے علم کے مطابق اس بارے میں کوئی صریح حدیث منقول ؟؟ ہے۔

اقول: بلکہ مواظبت درکنار چوبیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے صفتِ وضو قولاً وفعلاً نقل فرمائی:

✦ امیر المومنین عثمان غنی	✦ امیر المومنین مولا علی	✦ عبداللہ بن عباس
✦ عبداللہ بن زید بن عاصم	✦ مغیرہ بن شعبہ	✦ مقدام بن معدی کرب
✦ ابو مالک اشعری	✦ ابوبکرہ نفیع بن الحارث	✦ ابو ہریرہ
✦ وائل بن حجر	✦ نفیر بن مالک حضرمی	✦ ابوامامہ باہلی
✦ انس بن مالک	✦ ابوایوب انصاری	✦ کعب بن عمرو یامی
✦ عبداللہ بن ابی اوفی	✦ براء بن عازب	✦ قیس بن عائذ
✦ ام المومنین صدیقہ	✦ رُبیع بنت معوذ بن عفراء	✦ عبداللہ بن اُنیس
✦ عبداللہ بن عمرو بن عاص	✦ امیر معاویہ	

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ایک فرد جن کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

اوّل کے بیس علامہ محدث جلیل زیلعی نے ذکر کئے اُن کے بعد کے دو امام محقق علی الاطلاق نے زیادہ فرمائے اخیر کے دو اس فقیر غفرلہ نے بڑھائے اور ان کے پچیسویں امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں مگر ان سے خود اُن کے وضو کی صفت مروی ہے اگرچہ وہ بھی حکم مرفوع میں ہے، رواہ سعید بن منصور فی سننہ عن الاسود بن الاسود بن یزید قال بعثنی عبداللّٰہ بن مسعود رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ الی عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ الحدیث۔ والحدیث قبلہ رواہ ابوبکر بن ابی شیبۃ والعدنی والخطیب عن رجل من الانصار ان رجلا قال الا اریکم کیف کان وضوء رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم قالوا بلی الحدیث وحدیث معٰویۃ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ عند ابن عساکر۔

سعید بن منصور نے اس روایت کو اپنی ''سنن'' میں اسود کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا۔ (الحدیث)

اس سے پہلے اس حدیث کو شیخ ابوبکر بن ابوشیبانی؟؟ اور مدنی اور خطیب نے ایک انصاری کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ صاحب بیان کرتے ہیں: کیا میں آپ لوگوں کو یہ کر کے دکھاؤں؟ نبی اکرم ﷺ کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! (الحدیث)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کو ابن عساکر نے نقل کیا ہے۔

ان پچیس صحابہ کی بہت کثیر التعداد حدیثیں اس وقت فقیر کے پیش نظر ہیں ان میں کہیں وضو یا کُلی کرتے میں مسواک فرمانے کا اصلاً ذکر نہیں جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ وضو زبان سے بتایا انہوں نے مسواک کا ذکر نہ کیا، جنہوں نے اسی لئے وضو کر کے دکھایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مسنونہ بتائیں انہوں نے مسواک نہ کی علی الخصوص امیر المومنین ذوالنورین وامیر المومنین مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ دونوں حضرات سے بوجوہ کثیرہ بارہا بکثرت حضور

اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کر کے دکھانا مروی ہوا، کسی بار میں مسواک کا ذکر نہیں۔

عثمان غنی سے راوی اُن کے مولیٰ حمران عند احمد والبخاری ومسلم وابی داود والنسائی وابن ماجۃ وابن خزیمۃ والبزار وابی یعلی والعدنی وابن حبان والدارقطنی وابن بشران فی امالیہ وابی نُعیم فی الحلیۃ۔ابن الجارود عند الامام الطحاوی وابن حبان والبغوی فی مسند عثمان وسعید بن منصور۔ابو وائل شقیق بن سلمہ عند عبدالرزاق وابن منیع والدارمی وابی داؤد وابن خزیمۃ والدارقطنی۔ابودارہ عند احمد والدارقطنی والضیاء۔عبدالرحمن سلمانی عند البغوی فیہ۔عبداللہ بن جعفر ابوعلقمہ کلاھما عند الدارقطنی عبداللہ بن ابی مُلکیہ عند ابی داؤد ابو مالک دمشقی عند سعید بن منصور قال حُدثت ابوالنضر سالم عند ابن منیع والحارث وابی یعلی ولم یلق عثمٰن۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو ان کے آزاد کردہ غلام حمران نے نقل کیا ہے۔

اس روایت کو امام احمد بن حنبل، امام بخاری، امام مسلم، امام ابوداؤد، امام نسائی، امام ابن ماجہ، امام ابن خزیمہ، امام بزار، امام ابویعلیٰ، عدنی، ابن حبان، دارقطنی، ابن بشران نے اپنی ''امالی'' میں، ابونعیم نے ''حلیہ'' اور میں ابن جارود نے نقل کیا ہے۔

امام طحاوی، ابن حبان نے نقل کیا ہے، بغوی نے مسند عثمان میں نقل کیا ہے، سعید بن منصور نے نقل کیا ہے۔

امام عبدالرزاق، ابن منیع، داؤدی، ابوداؤد، ابن خزیمہ، دارقطنی نے اسے وائل کے حوالے سے شقیق بن سلمہ سے نقل کیا ہے۔

ایک راوی ابودارہ ہیں، جن کی روایت امام احمد، امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اور ضیاء مقدسی نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبدالرحمٰن؟؟ سلمانی ہیں، ان کی روایت امام بغوی نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبداللہ بن جعفر اور ابوعلقمہ ہیں، ان دنوں کی روایت امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

ایک راوی عبداللہ بن ابومولقاہ ہیں، ان کی روایت امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

ایک راوی ابو مالک دمشقی ہیں، ان کی روایت سعید بن منصور نے نقل کی ہے۔

وہ یہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات بتائی گئی ہے، ابونضر سالم نامی راوی کی جو روایت ابن منیع نے نقل کی ہے اور حارث اور ابویعلیٰ نے نقل کی ہے، ان صاحب کی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔

علی مرتضیٰ سے راوی عبد خیر، عندعبدالرزاق وابی بکر بن ابی شیبۃ وسعید بن منصور والدارمی وابی داؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والطحاوی وابن منیع وابن خُزیمۃ وابی یعلی وابن الجارود وابن حبان والدارقطنی والضیاء ابوحیہ عند عبدالرزاق وابن ابی شیبۃ واحمد وابی داؤد الترمذی والنسائی وابی یعلی والطحاوی والھروی فی مسند علی والضیاء سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ عند النسائی وابن جریر عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنھما عند احمد وابی داؤد وابی یعلی وابن خزیمۃ والطحاوی وابن حبان والضیاء زر بن حُبَیش عند احمد وابی داؤد سمویہ والضیاء ، ابوالعریف عند احمد وابی یعلیٰ، ابومطر عند عبد بن حمید

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو عبد خیل نامی راوی نے نقل کیا ہے، ان کی روایت کو امام عبدالرزاق، امام

ابوبکر بن ابوشیبہ امام سعید بن منصور امام داؤدی امام ابوداؤد امام ترمذی امام نسائی امام ابن ماجہ امام طحاوی امام ابن منیع امام ابن خزیمہ امام ابویعلیٰ امام ابن جارود امام ابن حبان امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ اور ضیاء مقدسی نے نقل کی ہے۔
اس کے دوسرے راوی ابوحیہ نامی راوی ہیں ان کی روایت کو امام عبدالرزاق امام ابن ابی شیبہ امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد امام ترمذی امام نسائی امام ابویعلیٰ امام طحاوی امام ہروی نے ''مسند علی'' میں ضیاء مقدسی نے نقل کیا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس روایت کے ایک راوی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ہیں جن کی نقل کردہ روایت کو امام نسائی امام ابوجعفر طحاوی اور امام ابن جریر نے نقل کیا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے چوتھے راوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں جن کی روایت کو امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد امام ابویعلیٰ امام ابن خزیمہ امام ابوجعفر طحاوی امام ابن حبان اور ضیاء مقدسی نے نقل کیا ہے۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے) پانچویں راوی زر بن حبیش ہیں ان کی روایت کو امام احمد بن حنبل امام ابوداؤد ؟؟ ضیامقدسی ہیں۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے اگلے راوی) ابوعریف ہیں ان کی نقل کردہ روایت کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔
(حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کے اگلے راوی) ابومطر ہیں ان کی روایت کو امام عبد بن حمید نے نقل کیا ہے۔
یوں ہی عبداللہ بن عباس وعبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی احادیث کثیرہ بطریق عدیدہ مروی ہوئیں سب کی تفصیل باعثِ تطویل ان تمام حدیث کا ترک ذکرمسواک پر اتفاق تو یہ بتارہا ہے کہ اس وقت مسواک نہ فرمانا ہی معتاد ورنہ کوئی تو ذکر کرتا۔

اقول : بلکہ صدہا احادیث متعلق وضو ومسواک اس وقت سامنے ہیں کسی ایک حدیث صحیح صریح سے اصلا مسواک کیلئے وقت مضمضہ یا داخل وضو ہونے کا پتہ نہیں چلتا جن بعض سے اشتباہ ہوا اُس سے دفع شبہ کریں۔
حدیث اوّل: محقق علی الاطلاق نے صرف ایک حدیث پائی جس سے اس پر استدلال ہوسکے :حیث قال بعد ذکراحادیث وفي الصحيحين قال صلى الله تعالى عليه وسلم لولاان اشق على امتي لامرتهم بالسواك مع كل صلاة اوعند كل صلاة وعند النسائي في رواية عند كل وضوء رواه ابن خُزيمة في صحيحه وصححها الحاكم وذكرها البخاري تعليقا ولا دلالة في شيء على كونه في الوضوء الاهذه وغاية مايفيد الندب وهولا يستلزم سوى الاستحباب اذيكفيه اذاندب لشيء ان يتعبد به احيانا ولا سنة دون المواظبة.

جیسا کہ انہوں نے اس بارے میں احادیث ذکر کرنے کے بعد یہ بات تحریر کی ہے۔
''صحیحین'' میں یہ بات مذکور ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ (یا شاید یہ الفاظ ہیں:) ہر نماز کے وقت (مسواک کرنے کا حکم دیتا)''۔

نسائی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''ہر وضو کے وقت (مسواک کرنے کا حکم دیتا)''۔
امام ابن خزیمہ نے اس روایت کو اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے' امام حاکم نے اسے ''صحیح'' قرار دیا ہے۔
امام بخاری نے اسے تعلیق کے طور پر نقل کیا ہے' لیکن ان میں سے کسی روایت میں بھی اس بات پر دلالت نہیں پائی جاتی کہ مسواک کرنا وضو کا حصہ ہے' اس سے زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہوتا ہے' ایسا کرنا مندوب ہے اور یہ استحباب کو مستلزم ہے' جب نبی اکرم ﷺ کسی بات کو مندوب قرار دیں تو اس کے لیے اتنا کافی ہوتا ہے' انسان کبھی کبھار اسے سرانجام دے دیا کرے۔ کسی عمل کا سنت ہونا اسی وقت ثابت ہوتا ہے' جب اس پر مواظبت ثابت ہو۔
اُنھی کا اتباع اُن کے تلمیذ محقق حلبی نے حلیہ میں کیا۔
اقول اولا: احادیث ف میں مشہور و مستفیض یہاں ذکر نماز ہے یعنی لفظ:

عند کل صلاۃ یا مع کل صلاۃ رواہ مالک واحمد والستۃ عــہ عن ابی ھریرۃ۔ یعنی
یعنی ہر نماز کے وقت' یا ہر نماز کے ساتھ' جسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد نے اور صحاح ستہ کے مصنفین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

عــہ: قال الشوکانی فی نیل الاوطار قال النووی غلط بعض الائمۃ الکبار فزعم ان البخاری لم یخرجہ وھو خطا منہ وقد اخرجہ من حدیث مالک عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ولیس ھو فی المؤطا من ھذا الوجہ بل ھو فیہ عن ابن شھاب عن حمید عن ابی ھریرۃ قال لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک مع کل وضوء ولم یصرح برفعہ قال ابن عبدالبر وحکمہ الرفع وقد رواہ الشافعی عن مالک مرفوعا۔ ھذا کلامہ فی النیل ثم جعل یعد بعض ما ورد فی الباب ولم یعلم ما انتھی الیہ کلام الامام النووی۔

اقول: لااظن قولہ لیس ھو فی المؤطا الخ من کلام الامام وھو خطا فــ اشد واعظم فان الحدیث فی المؤطا اولا بعین السند المذکور فی البخاری رفعا ثم متصلا بہ بالسند الاخر وقفا وقد روی ھذا ایضا معن ابن عیسٰی وایوب ابن صالح وعبدالرحمٰن بن مھدی وغیرھم عن مالک مرفوعا وھؤلاء کلھم من رواۃ المؤطا اھ منہ۔

شوکانی نے ''نیل الاوطار'' میں یہ بات تحریر کی ہے' امام نووی فرماتے ہیں: بعض اکابر آئمہ نے اس بارے میں غلطی کی ہے' انہوں نے یہ کہا ہے: امام بخاری نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا' ان کا یہ کہنا غلطی ہے' کیونکہ امام بخاری نے اس حدیث کو امام مالک' ابوالزناد' اعرج کے حوالے سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔
البتہ موطأ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ میں یہ روایت اس سند کے ساتھ منقول نہیں ہے بلکہ اس میں یہ روایت ابن شہاب' حمید کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ (نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:)
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر وضو کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم

دیتا''۔

یہاں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کے ''مرفوع'' ہونے کی تصریح نہیں کی ہے۔

امام ابن عبدالبر فرماتے ہیں: اس کا حکم ''مرفوع'' حدیث کا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

''نیل الاوطار'' میں شوکانی نے یہ تحریر کیا ہے' پھر اس کے بعد اُنہوں نے اس بارے میں منقول ہونے والی چند روایات شمار کروائی ہیں اور یہ پتہ نہیں چلتا کہ امام نووی کا کلام کہاں ختم ہوتا ہے؟

میں یہ کہتا ہوں: میں یہ گمان نہیں کرتا کہ یہ الفاظ ''یہ روایت موطاً میں نہیں ہے'' امام نووی کا کلام ہوگا' کیونکہ یہ واضح غلطی ہے کیونکہ یہ حدیث موطاً میں موجود ہے' اور پہلے اسی سند کے ساتھ منقول ہے جو امام بخاری نے ذکر کی ہے اور ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہے' اس کے بعد اس کی دوسری سند ذکر کی گئی ہے' جس میں یہ ''موقوف'' روایات کے طور پر منقول ہے۔

یہی روایت معن بن عیسیٰ' ایوب بن صالح' عبدالرحمان بن مہدی اور دیگر حضرات نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کی ہے اور یہ تمام موطاً کے راوی ہیں۔

واحمد وابو داؤد والنسائي والترمذي والضيا عن زيد بن خالد. واحمد بسند جيد عن ام المؤمنين زينب بنت جحش وكابن ابي خيثمة وابن جرير عن ام المؤمنين ام حبيبة. والبزار وسمويه عن انس وهما والطبراني وابو يعلى والبغوي والحاكم عن سيدنا العباس واحمد والبغوي والطبراني وابو نعيم والباوردي وابن قانع والضياء عن تمام بن العباس.

امام احمد' امام ابوداؤد' امام نسائی' امام ترمذی' ضیاء مقدسی نے حضرت زید بن خالد کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے۔

امام احمد نے اسے بہترین سند کے ساتھ اُم المؤمنین سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے' اسی طرح شیخ ابن ابی خیثمہ اور ابن جریر نے اسے اُم المؤمنین سیدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

امام بزار اور امام سمویہ نے اسے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

ان دونوں حضرات نے امام طبرانی' امام ابویعلیٰ' امام بغوی' امام حاکم نے اسے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

امام احمد' امام بغوی' امام طبرانی' امام ابونعیم' شیخ باوردی' شیخ ابن قانع اور ضیاء مقدسی نے اسے حضرت تمام بن عباس کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

واحمد والباوردي عن تمام بن قثم وصوبوا كونه عن العباس. وعثمٰن بن سعيد الدارمي في الرد على الجهمية والدار قطني في احاديث النزول عن امير المؤمنين على. والطبراني في الكبير عن ابن عباس وفي

الاوسط کالخطیب عن ابن عمر وابو نعیم فی السواک عن ابن عمرو۔
امام احمد' شیخ باوردی نے اسے حضرت تمام بن قثم کے حوالے سے نقل کیا ہے' ان حضرات نے اس روایت کے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہونے کو درست قرار دیا ہے۔
شیخ عثمان بن سعید دارمی نے اسے اپنی کتاب ''الادعلی الجھمیہ'' میں نقل کیا ہے۔
حضرت امام دارقطنی نے اسے امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ''احادیثِ نزول'' میں نقل کیا ہے۔
امام طبرانی نے اسے ''معجم کبیر'' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کیا ہے۔
جبکہ انہوں نے اسے ''المعجم الاوسط'' میں خطیب کی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔
شیخ ابونعیم نے مسواک کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے۔

و سعید بن منصور عن مکحول وابو بکر بن ابی شیبة عن حسان بن عطیة کلاهما مرسل۔
سعید بن منصور نے مکحول کے حوالے سے جبکہ شیخ ابوبکر بن ابوشعبہ نے حسان بن عطیہ کے حوالے سے روایت نقل کی ہے' یہ دونوں روایات مرسل ہیں۔

اور بعض میں ذکر وضو ہے یعنی: مع کل وضوء یا عند کل وضوء رواہ الائمة مالك والشافعي واحمد والنسائي وابن خزیمة وابن حبان والحاکم والبیهقي عن ابي هریرة۔
''یعنی ہر وضو کے ساتھ یا وضو کے وقت''۔

اس روایت کو کئی ائمہ نے جیسے امام مالک' امام شافعی' امام احمد' امام نسائی' امام ابن خزیمہ' امام ابن حبان' امام حاکم' امام بیہقی اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

والطبرانی فی الاوسط بسند حسن عن علي وفي الکبیر عن تمام بن العباس وابن جریر عن زید بن خالد ۔رضی اللہ تعالی عنهم اجمعین۔
نیز امام طبرانی نے اپنی ''معجم اوسط'' میں عمدہ سند کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے' جبکہ معجم کبیر میں تمام بن عباس کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

جب روایات متواترہ میں عند کل صلاۃ یا مع کل صلاۃ آنے سے ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک نماز سے اتصال بھی ثابت نہ ہوا بلکہ اتصال حقیقی اصلاً کسی کا قول نہیں حتی کہ شافعیہ جو اُسے سننِ نماز سے مانتے ہیں تو بعض روایات میں عند کل وضوء آنے سے داخلِ وضو ہونا کیونکر رنگ ثبوت پائے گا۔فلیست فـ عند لجعل مدخولها ظرفا لموصوفها بحیث یقع فیه انما مفادها القرب والحضور حسا اومعنی فلا تقول زید عند الدار اذا کان فیها بل اذا کان قریبا منها والقرب المفهوم هو العرفي دون الحقیقي وله عرض عریض الاتری الی قوله تعالیٰ عند سدرة المنتهی عندها جنة الماوٰی مع ان السدرة في السماء السادسة کما في صحیح مسلم عن عبداللہ بن مسعود

رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ والجنۃ فوق السمٰوٰت ۔

لفظ ''عندا'' یہ مفہوم واضح کرنے کے لیے نہیں ہوتا کہ اس کا مدخول اس کے موصوف کا ایسا ظرف کہ وہ اس کے اندر ہی موجود ہوگا بلکہ یہ زیادہ سے زیادہ یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ اس کے قریب ہوگا اور پاس موجود ہوگا' خواہ وہ حسی اعتبار سے ہو' خواہ وہ معنوی اعتبار سے ہو۔

وبما قررنا ظہر ضعف ماوقع فی عمدۃ القاری تحت الحدیث فیہ اباحۃ السواک فی المسجد لان عند یقتضی الظرفیۃ حقیقۃ فیقتضی استحبابہ فی کل صلاۃ وعند بعض المالکیۃ کراھتہ فی المسجد لاستقذارہ والمسجد ینزہ عنہ ۔ اھ

○ نفیع صائغ، ابورافع مدنی، نزیل البصرۃ، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰۶/۲)(۱۴۱)۔

187- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ ثُمَّ قَالَ مَا لَهُمْ وَلَهَا . فَرَخَّصَ فِی كَلْبِ الصَّيْدِ وَفِی كَلْبِ الْغَنَمِ وَقَالَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِی الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَّالثَّامِنَةَ عَفِّرُوْهُ فِی التُّرَابِ .

صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۸۷- اخرجه احمد (۸۶/٤)، والدارمي (۱۸۸/۱) كتاب الطهارة، باب في ولوغ الكلب، ومسلم (۲۳۵/۱) كتاب الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب، الحديث (۹۳/ ۲۸۰)، وابو داؤد (۵۹/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء بسور الكلب، الحديث (۷٤)، والنسائي (۱۷۷/۱) كتاب الطهارة، باب تعفير الاناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه، وابن ماجه (۱۳۰/۱) كتاب الطهارة، باب غسل الاناء من ولوغ الكلب، الحديث (۳٦٥)، وابن ابي شيبة (۱۷٤/۱)، وابو عوانة (۲۰۸/۱)، وابن حبان (۱۲۹۸/٤)، وابن الجارود (۵۲)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۲۳/۱)، والبيهقي، وابن حزم في (المحلى) (۱۱۰/۱)، وابن عبد البر في (التمهيد) (٤۰٤/۸)، وابن عدي في (الكامل) (۱۲٦۱/۳)، والبغوي في (شرح السنة) (۳۷۸/۱) من طرق عن شعبة، عن ابي التياح، عن مطرف، عن عبد الله بن مغفل- وقال الحافظ في (التلخيص) (۲٤/۱) قال ابن منده: اسناد مجمع على صحته-

ارشاد فرمایا: لوگوں کو اس سے کیا فائدہ' پھر نبی اکرم ﷺ نے شکاری کتے' بکریوں کی حفاظت کے لیے کتے کو پالنے کی
زت دی۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے سات مرتبہ دھولو اور آٹھویں مرتبہ مٹی کے ساتھ رگڑ لو''۔

یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

یانِ حدیث کا تعارف:

○ بہز بن اسد عمی، ابوالاسود بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے
یں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''
افظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۰۹)(۱۴۹)۔

○ مطرف بن عبداللہ بن الشخیر ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے
رے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 95ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''
افظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۳)(۱۱۷۱)۔

188- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْحِنَّائِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ
ـرَم حَدَّثَنَا الْجَارُودُ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ هُبَيْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
لَّمَ) اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِحْدَاهُنَّ بِالْبَطْحَاءِ .

اَلْجَارُوْدُ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال
ے تو وہ شخص اسے سات مرتبہ دھولے اور ان میں سے ایک مرتبہ اسے ریت کے ذریعہ (رگڑ کر صاف کرے)۔

اس روایت کا راوی جارود' یزید کا بیٹا ہے اور ''متروک'' ہے۔

اخرجه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين (۱/ ۳۰۸) رقم (۳۷۳) حدثنا محمود' ثنا الخضر' ثنا الجارود' ثنا اسرائيل' عن ابي
ـاق' عن هبيرة بن يريم عن علي قال: فذكره مرفوعاً- قال الطبراني: لا يروى عن علي الا بهذا الاسناد-

قال الهيثمي في المجمع (۱/ ۲۹۱): (رواه الطبراني في الاوسط من طريق الجارود عن اسرائيل والجارود لم اعرفه)- اه - قال
ـافظ في التلخيص (۱/ ٦٦): (اسناده ضعيف فيه الجارود بن يزيد وهو متروك)- اه -

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمود بن محمد بن عبد العزیز، ابو محمد مروزی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 291ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۹۴/۱۳) (۷۰۷۸)۔

○ الجارود بن یزید۔ ابو علی العامری نیشاپوری، : علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 230ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۱۰۸/۲) (۱۴۳۰)۔

○ اسرائیل بن یونس بن ابو اسحاق سبیعی ہمدانی، ابو یوسف کوفی: علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابو الفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۴/۱) (۴۶۰)۔

○ ہبیرۃ بن یریم شیبانی الخارفی ابو حارث کوفی، : علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابو الفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۱۵/۲) (۵۱)۔

•••——•••——•••

189- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْكَلْبِ يَلِغُ فِي الْاِنَاءِ اَنَّهُ يَغْسِلُهُ ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کتوں کے بارے میں یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے تین مرتبہ (شاید یہ الفاظ ہیں:) پانچ مرتبہ یا شاید (یہ الفاظ ہیں:) سات مرتبہ دھولے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الوہاب بن ضحاک نیشاپوری، : علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابو الفضل احمد

۱۸۹- اخرجه الشافعي في الام (۶/۱)، واحمد (۴۶۰/۲)، والبخاري (۳۶۸/۱) كتاب الوضوء، باب اذا شرب الكلب في الاناء- الحديث (۱۷۲)- ومسلم (۱۸۵/۲) كتاب الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب، الحديث (۲۷۹)، والنسائي (۵۲/۱-۵۳) كتاب الطهارة، باب سور الكلب وابن ماجه (۳۶۴/۱) كتاب الطهارة وسننها، باب: غسل الاناء من ولوغ الكلب، الحديث (۳۶۴)، والبيهقي في الكبرىٰ (۲۴۰/۱)، وابن الجارود رقم (۵۰)، وابن حبان في صحيحه (۱۰۹/۴) رقم (۱۲۹۴)، والبغوي في شرح السنة (۲۷۸/۱) من طرق عن ابي الزناد، عن الاعرج، عن ابي هريرة مرفوعاً-

علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۸/۱)(۱۴۰۲)۔

○ عبداللہ بن ذکوان قرشی، ابوعبدالرحمٰن، مدنی، المعروف بابی الزناد، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱۳/۱)(۲۸۶)۔

○ عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج، ابوداود مدنی، مولی ربیعۃ بن حارث، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۰۱)(۱۱۴۲)۔

•••——•••——•••

190- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَغْسِلُ ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا .

تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ وَهُوَ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ وَغَيْرُهُ يَرْوِيهِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ فَاغْسِلُوهُ سَبْعًا . وَهُوَ الصَّوَابُ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: وہ شخص اسے تین مرتبہ دھوئے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانچ مرتبہ دھولے یا سات مرتبہ دھولے۔

اس روایت کو اسماعیل نامی راوی سے نقل کرنے کے حوالے سے عبدالوہاب نامی راوی منفرد ہیں اور یہ راوی ''متروک الحدیث'' ہیں۔

دیگر راویوں نے اسماعیل نامی راوی کے حوالے سے اس روایت کو نقل کیا ہے اور اس میں یہی الفاظ ہیں:''اس کو سات مرتبہ دھولو'' اور یہی روایت درست ہے۔

——•——•——

بیانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن اسحاق واسطی، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۳/۱)(۳۳۹)۔

•••——•••——•••

191- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ وَحَدَّثَنَا بِهِ أَبِي حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَمْرٍو الْحِمْصِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

بِهٰذَا الْإِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ . وَهٰذَا هُوَ الصَّحِيْحُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے جس میں آپ ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''تم اسے سات مرتبہ دھولو''۔

یہ روایت زیادہ مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالوہاب بن نجدۃ حوطی ابومحمد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 232ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۹/۱)(۱۴۰۸)۔

192- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ .وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاَهْرِقْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

هٰذَا مَوْقُوْفٌ وَّلَمْ يَرْوِهِ هٰكَذَا غَيْرُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اس میں موجود پانی کو بہادو اور پھر اسے تین مرتبہ دھولو۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور عبدالملک نامی راوی کے علاوہ اور کسی نے اس طرح (''موقوف'' روایت کے طور پر) نقل نہیں کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسباط بن محمد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن میسرۃ قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابومحمد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان

۱۹۲- اخرجه المصنف هنا من طريق سعدان عن اسحاق الازرق' عن عبد الملك' به موقوفاً- وقد خالفه الحسين بن علي الكرابيسي' فرواه عن اسحاق الازرق' ثنا عبد الملك بن ابي سليمان' عن عطاء' عن ابي هريرة مرفوعاً- اخرجه ابن عدي في الكامل (۷۷۶/۲)' وابن الجوزي في العلل (۳۳۲/۱- ۳۳۳) رقم (۵۴۴)' وقال ابن الجوزي: (هذا حديث لا يصح' لم يرفعه عن اسحاق غير الكرابيسي' وهو ممن لا يحتج بحديثه' واصل هذا انه موقوف)- اه- وقد رواه الطحاوي في شرح الآثار (۲۳/۱): حدثنا اسماعيل بن اسحاق قال: ثنا ابو نعيم قال: ثنا عبد السلام بن حرب عن عبد الملك' عن عطاء' عن ابي هريرة في الاناء يلغ فيه الكلب او الهر' قال: (يغسل ثلاث مرار)- وقد رواه ايضاً الدارقطني من طريق ابن فضل عن عبد الملك' به' وسياتي بعد هذا- قال البيهقي في معرفة السنن (۳۱۰/۱- ۳۱۱)

کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳/۱)(۳۶۱)۔

○ اسحاق بن یوسف بن مرداس مخزومی واسطی، المعروف بالازرق، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۳/۱)(۴۵۰)۔

•••——•••——•••

193- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِى الْاِنَاءِ اَهْرَاقَهُ وَغَسَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگر کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اس میں موجود پانی کو بہا دے اور اس برتن کو تین مرتبہ دھولے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فضیل بن غزوان ضبی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعبدالرحمٰن کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 195ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۰۰/۲)(۲۲۸)۔

•••——•••——•••

23- باب سُؤْرِ الْهِرَّةِ

باب: بلی کا جوٹھا

194- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمُرُّ بِهِ الْهِرَّةُ فَيُصْغِي لَهَا الْاِنَاءَ فَتَشْرَبُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ بِفَضْلِهَا .

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ هٰذَا هُوَ اَبُوْ يُوْسُفَ الْقَاضِي .وَعَبْدُ رَبِّهِ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات کوئی بلی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ جاتی تھی تو آپ برتن اس کی طرف بڑھا دیتے تھے اور وہ اس میں سے پانی پی لیتی تھی اور پھر آپ بلی کے جوٹھے پانی سے وضو کرلیا کرتے تھے۔

ابوبکر نامی راوی بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی یعقوب ہیں یہ قاضی ابویوسف ہیں' اور عبدربہ نامی راوی عبداللہ

بن سعید مقبری ہیں' جوضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن صالح بن محمد بن مسلم جہنی، ابوصالح مصری، کاتب اللیث، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 222ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۳/۱)(۳۸۱)۔

○ عبداللہ بن سعید بن ابوسعید، المقبری، ابوعبادلیثی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱۹/۱)(۳۴۴)۔

195- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فِىْ سُؤْرِ السِّنَّوْرِ يُهَرَاقُ وَيُغْسَلُ الْإِنَاءُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ .مَوْقُوْفٌ.

★★ بلی کے جھوٹے کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ہے: اس پانی کو بہادیا جائے اور اس برتن کو ایک مرتبہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) دومرتبہ دھولیا جائے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

١٩٤-اخرجه البيهقي في الكبرٰى (٢٤٧/١) كتاب الطهارة' باب سور الهرة- من طريق الدارقطني بهذا الاسناد- واخرجه البزار (١٤٤/١-كشف) رقم (٢٧٥)' وابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص ١٠٩- بتحقيقنا) من طريق عبد الله بن سعيد المقبري عن ابيه' عن عروة بن الزبير' عن عائشة قالت: (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم تمر به الهرة فيصغي لها الاناء' ثم يتوضا بفضلها)-و عبد الله بن سعيد ضعيف- قال الذهبي في (المغني) (٢٠٤/١): تركوه- وقال الحافظ في (التقريب) (٤١٩/١): متروك- ولكن تابعه عبد الحميد بن عمران بن ابي انس' عن ابيه عن عروة' به- اخرجه البزار (١٤٥/١- كشف) رقم (٢٧٦)' والدارقطني (٧٠/١) من طريق الواقدي محمد بن عمر عن عبد الحميد' به' وذكره الهيثمي في (مجمع الزوائد) (٢١٩/١) وعزاه للبزار' وضعفه بمحمد بن عمر الواقدي- وسياتي عند المصنف رقم (٢١٤)-

وله طريق آخر عن عائشة: من طريق ابي يوسف القاضي عن ابي حنيفة' عن حماد' عن ابراهيم' عن الشعبي' عنها به- اخرجه ابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) ص (١٠٩- بتحقيقنا) من طريق ابراهيم بن الحجاج' عن ابي يوسف' به' وذكره الحافظ في (التلخيص) (٤٢/١) وقال: وفيه انقطاع' قلت: وهو بين عامر وعائشة' كما قال ابو حاتم وابن معين- وينظر (جامع التحصيل) (ص٢٠٤) للحافظ العلائي- ورواه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين (٣٠٧/١) رقم (٣٧٢): حدثنا موسى' ثنا محمد بن المبارك' ثنا عبد العزيز بن محمد الدراوردي' عن داؤد بن صالح' عن ابيه' عن عائشة' والطحاوي (١٩/١): حدثنا علي بن معبد' ثنا خالد بن عمرو الخرساني' قال: ثنا صالح بن حسان' قال: ثنا عروة بن الزبير عن عائشة (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصغي الاناء للهر' ويتوضا بفضله)- قال الهيثمي في المجمع (٢١٦/١): (رواه البزار والطبراني في الاوسط ورجاله موثقون)- اهـ- وسياتي من طريق اخرى عند المصنف رقم (٢١٣)-

١٩٥-اخرجه بهذا اللفظ الطحاوي في شرح المعاني (٢٠/١) قال: حدثنا ابو بكرة قال: ثنا وهب بن جرير' به- وقد تقدم تخريجه رقم (١٨٢)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وہب بن جریر بن حازم بن زید، ابوعبداللہ ازدی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 206ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۳۸)(۱۰۹)۔

•••——•••——•••

196- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِذَا وَلَغَ الْهِرُّ فِى الْاِنَاءِ فَاَهْرِقْهُ وَاغْسِلْهُ مَرَّةً.

★★ محمد بن سیرین' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا ہے: جب کوئی بلی کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اس میں موجود پانی کو بہادو اور اسے ایک مرتبہ دھولو۔

197- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ فِى الْهِرِّ يَلِغُ فِى الْاِنَاءِ قَالَ اغْسِلْهُ مَرَّةً وَّاَهْرِقْهُ.

★★ محمد بن سیرین' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: انہوں نے بلیوں کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم اسے ایک مرتبہ دھولو اور اس میں موجود پانی کو بہادو۔

198- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِىُّ .وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِىُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ قَالَ فِى السِّنَّوْرِ اِذَا وَلَغَ فِى الْاِنَاءِ قَالَ يَغْسِلُهٗ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

لَيْثُ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمٍ لَيْسَ بِحَافِظٍ وَّهٰذَا مَوْقُوْفٌ وَّلَا يَصِحُّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ هٰذَا اَشْبَهُ اَنَّهٗ مِنْ قَوْلِ عَطَاءٍ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بلی کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے سات مرتبہ دھولے۔

اس روایت کا راوی لیث بن ابوسلیم حافظ نہیں ہیں اور یہ روایت ''موقوف'' ہے' اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مستند طور پر منقول نہیں ہے' زیادہ امکان اس بات کا ہے' یہ عطاء کا اپنا قول ہے۔

۱۹۶- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۹۹) رقم (۳۴۴): حدثنا معمر به بالاسناد الآتي بعد هذا عند المصنف' وسياتي عند المصنف رقم (۲۰۲) بلفظ: (اغسله مرة او مرتين)-

۱۹۸- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱/۳۷) (۳۳۹): حدثنا ابن علية' عن ليث' به- ومن طريق ابن ابي شيبة رواه ابن المنذر في الاوسط (۱/۳۰۰)' وسياتي عند المصنف رقم (۲۰۶) قال: ثنا ابو بكر النيسابوري' نا ابو الازهر' نا علي بن عاصم' نا ليث' به- ومن طريق رواه البيهقي في الكبرى (۱/۲۴۸) بهذا الاسناد-

199- وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُولُ فِي الْهِرِّ يَلَغُ فِي الْإِنَاءِ قَالَ يَغْسِلُهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

☆☆ حسن بن علی بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: اُنہوں نے بلیوں کے بارے میں یہ فرمایا ہے: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو آدمی اسے سات مرتبہ دھولے۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے بلی کے جوٹھے کے بارے میں شیخ عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ نقل کیا ہے' ان کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ

انہوں نے ان سے ''مرسل'' روایات نقل کی ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم -حضرت ابوبکر-عتاب بن اسید-عثمان بن عفان-فضل بن عباس-اور ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

انہوں نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

عائشۃ-ام سلمۃ-ام ہانی-ابو ہریرۃ-ابن عباس-حکیم بن حزام-رافع بن خدیج-زید بن ارقم-زید بن خالد الجہنی-صفوان بن امیۃ-ابن الزبیر-عبداللہ بن عمرو-ابن عمر-جابر-معاویۃ-ابوسعید-ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

عبید بن عمیر-یوسف بن ماہک-سالم بن شوال-صفوان بن یعلی بن امیۃ-مجاہد-عروۃ-ابن حنفیۃ-ایک بڑی تعداد شامل ہے۔

ان سے احادیث روایت کرنے والے حضرات یہ ہیں:

مجاہد بن جبر-ابو اسحاق سبیعی-ابوزبیر-عمرو ابن دینار-القدماء-الزہری-قتادۃ-عمرو بن شعیب-مالک بن دینار-الحکم بن عتیبۃ-سلمۃ بن کہیل- اعمش- ایوب سختیانی -مطر وراق-منصور بن زاذان-منصور بن معتمر-یحییٰ بن ابوکثیر-ابوحنیفۃ-جریر بن حازم-یونس بن عبید-اسامۃ بن زید لیثی-اسماعیل بن مسلم مکی-الاسود بن شیبان-ایوب بن موسی فقیہ-ایوب بن عتبۃ یمامی-بدیل بن میسرۃ-برد بن سنانو جعفر بن برقان-جعفر صادق-حبیب بن شہید-حجاج بن ارطاۃ-حسین معلم-خصیف جزری-رباح بن ابومعروف مکی-رقبۃ ابن مصقلۃ-الزبیر بن خریق-زید بن ابوانیسۃ-طلحۃ بن

۱۹۹-اخرجہ ابن ابی شیبۃ فی المصنف (۱/۳۷) رقم (۳۴۲)-

طبقات ابن سعد 5/ 467، طبقات خلیفۃ 280 ؛ تاریخ البخاری 6/463، التاریخ الصغیر 1/ 277، تاریخ الفسوی 1/701، الجرح والتعدیل 6/330، طبقات الشیرازی 69 ؛- فیات الاعیان 3/ 261، تہذیب الکمال 938 ؛ تذہیب التہذیب 3/ 41 /1، تاریخ الاسلام =(*) 4 = /278، میزان الاعتدال 3/ 70، العبر 1/ 141، نکت الہمیان 199 ؛ البدایۃ 9/ 306، العقد الثمین 6/ 84، طبقات القراء 1/ 513، تہذیب التہذیب 7/ 199، النجوم الزاہرۃ 1/ 273، طبقات الحفاظ 309 ؛ خلاصۃ تذہیب الکمال 266 ؛ شذرات الذہب 1/ 147.

عمرو مکی-عباد بن منصور ناجی-عبد اللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوحسین-عبد اللہ ابن ابونجیح-عبد اللہ بن مؤمل مخزومی-الاوزاعی-عبد ملک بن ابوسلیمان-ابن جریج-عبد واحد بن سلیم بصری-عبد وہاب بن بخت-عبیداللہ بن عمر-عثمان بن اسود-عسل بن سفیان-عطاء خراسانی-عفیر بن معدان-عقبۃ بن عبد اللہ اصم-عکرمۃ بن عمار-علی بن حکم-عمارۃ بن ثوبان-عمارۃ بن میمون-عمر بن سعید بن ابوحسین-عمر بن قیس سندل-فطر بن خلیفۃ-قیس بن سعد-کثیر ابن شنظیر-اللیث بن سعد-مبارک بن حسان-ابن اسحاق-محمد بن جحادۃ-محمد بن سعید طائفی-محمد بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ-محمد بن عبیداللہ عرزمی-مسلم بطین-معقل بن عبیداللہ جزری-مغیرۃ بن زیاد موصلی-موسیٰ بن نافع ابوشہاب کوفی- ہمام بن یحییٰ-عبد اللہ بن لہیعۃ-یزید بن ابراہیم تستری-ابوعمرو بن علاء-ابوملیح رقی اوران کے علاوہ دیگر بہت سے افراد ہیں۔

آپ کے والد ابو رباح کا نام اسلم تھا۔آپ کی کنیت ''ابومحمد'' تھی۔آپ خانوادۂ قریش کے آزاد کردہ غلام ہیں۔

خالد نے ان کا یہ بیان نقل کیا ہے۔ مجھے دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کا شرف حاصل ہے۔

عمر بن سعید اپنی والدہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں رحمۃ اللہ علیہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں کسی مسئلے کا حل دریافت کرنے کیلئے کسی شخص کو بھیجا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے اہل مکہ! تم لوگ میرے پاس اکٹھے ہو جاتے ہو جبکہ تمہارے پاس عطاء موجود ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔تاہم اس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر ہے۔

عمر بن سعید بیان کرتے ہیں: ان کی والدہ نے یہ بات بیان کی ہے۔انہوں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: عطاء بن ابی رباح مسلمانوں کا سردار ہے۔

ابو عاصم ثقفی بیان کرتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ امام محمد بن الباقر کو لوگوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا جو ان کے اردگرد اکٹھے تھے۔تم لوگ عطاء کے پاس جایا کرو۔اللہ کی قسم! وہ تمہارے حق میں مجھ سے زیادہ بہتر ہے۔

ایک روایت کے مطابق امام باقر فرماتے ہیں: جہاں تک ہو سکے عطاء سے استفادہ کرو۔

ایک روایت کے مطابق امام باقر فرماتے ہیں۔اس وقت روئے زمین پر مناسک حج کا کوئی بھی شخص عطاء سے زیادہ علم نہیں رکھتا۔

ابراہیم بن عمر بیان کرتے ہیں: حج کے موقع پر حکومت کی طرف سے یہ اعلان ہوتا تھا: لوگوں کو فتویٰ صرف عطاء بن ابی رباح دیں گے اور اگر عطاء نہ ہوں تو عبداللہ بن ابونجیح دیں گے ۔شیخ ابوحازم بیان کرتے ہیں: فتویٰ دینے میں عطا کو تمام اہل مکہ پر فوقیت حاصل تھی۔

مشہور روایات کے مطابق عطاء بن ابی رباح کا انتقال 114 ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن علی شروی۔انہوں نے عطاء کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ان کی روایات منکر ہوتی ہیں عقیلی کہتے

ہیں: ان کی روایات کی متابعت نہیں کی گئی۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۲/۲۵۲) (۱۸۹۴)۔

•••——•••——•••

200- حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ يَغْسِلُهُ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةً .

☆☆ سعید بن میتب فرماتے ہیں: آدمی اسے دومرتبہ (راوی کوشک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) تین مرتبہ دھولے۔

201- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ وَبَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِينَ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) طُهُوْرُ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ يُغْسَلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ الْاُولٰى بِالتُّرَابِ وَالْهِرُّ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ .

قُـرَّةُ شَكَّ .قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ كَذَا رَوَاهُ اَبُوْ عَاصِمٍ مَرْفُوْعًا وَرَوٰى غَيْرُهُ عَنْ قُرَّةَ وُلُوْغُ الْكَلْبِ مَرْفُوْعًا وَوُلُوْغُ الْهِرِّ مَوْقُوْفًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی برتن میں کوئی کتا منہ ڈال دے تو اسے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے اسے سات مرتبہ دھولیا جائے' اور پہلی مرتبہ اسے مٹی کے ذریعے صاف کیا جائے' اور بلی کے بارے میں حکم یہ ہے اسے ایک مرتبہ یا دومرتبہ دھولیا جائے۔

یہ شک قرہ نامی راوی کو ہے۔

ابوبکر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: ابوعاصم نامی راوی نے اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ دیگر راویوں نے کتے کے بارے میں حکم کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے اور بلی کے منہ ڈالنے کے حکم کو ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

202- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِیُّ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِينَ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ فِی الْهِرِّ يَلَغُ فِی الْاِنَاءِ قَالَ اغْسِلْهُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ .

وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفًا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بلی کے بارے میں یہ ارشاد فرماتے ہیں: جب وہ کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اسے ایک مرتبہ دھولو۔ (راوی کوشک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) دومرتبہ دھولو۔

یہ روایت اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

۲۰۰-اخرجه عبد الرزاق فی مصنفه (۱/ ۹۹) رقم (۳۴۵) عن معمر عن قتادة قال: اغسله مرة او اهرقه- ورواه ايضا ابن ابی شيبة (۱/ ۲۸) كتاب الطهارة' باب من قال: لا يجزئ ويغسل منه الاناء الحديث (۳۴۵)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن یوسف بن خالد ازدی، ابوحسن نیشاپوری المعروف بحمدان سلمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 264ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹/۱)(۱۴۵)۔

○ مسلم بن ابراہیم ازدی الفراھیدی، ابوعمرو بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 222ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۴/۲)(۱۰۷۰)۔

•••——•••——•••

203- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ اَخْبَرَنِىْ خَيْرُ بْنُ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

قَالَ يُغْسَلُ الْاِنَاءُ مِنَ الْهِرِّ كَمَا يُغْسَلُ مِنَ الْكَلْبِ .

هٰذَا مَوْقُوْفٌ وَلَايَثْبُتُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ . وَيَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ فِىْ بَعْضِ اَحَادِيْثِهِ اضْطِرَابٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ ارشاد فرماتے ہیں: بلی کے منہ ڈالنے پر برتن کو دھولیا جائے گا' بالکل اسی طرح جس طرح کتے کے منہ ڈالنے پر دھویا جاتا ہے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مستند طور پر ثابت نہیں ہے۔

یحییٰ بن ایوب نامی راوی کی بعض روایات میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن حکم بن محمد بن سالم بن ابومریم الجمحی بالاولاء ابومحمد مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 224ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۹۳/۱)(۱۴۲)۔

○ خیر بن نعیم بن مرۃ بن کریب حضرمی بصری، قاضی برقۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 137ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۰/۱)(۱۸۶)۔

۲۰۳- اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۶۲/۱) كتاب الطهارة' باب سور الهر' من طريق الدارقطني' ثم قال: (وقد روى عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ما لو حجة عليه في فتياه في الهرة ان صح ذلك' والا فهو محجوج بما تقدم من حديث ابي قتادة وعائشة)- اهـ-

204- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عُفَیْرٍ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) یُغْسَلُ الْاِنَاءُ مِنَ الْهِرِّ كَمَا یُغْسَلُ مِنَ الْكَلْبِ .

قَالَ الشَّیْخُ لَا یَثْبُتُ هٰذَا مَرْفُوْعًا وَالْمَحْفُوْظُ مِنْ قَوْلِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاخْتُلِفَ عَنْهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بلی کے منہ ڈالنے پر برتن کو اسی طرح دھویا جائے گا جیسے کتے کے منہ ڈالنے پر دھویا جاتا ہے۔

شیخ (امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں: یہ روایت ''مرفوع'' طور پر مستند نہیں ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر زیادہ مستند ہے اور اس بارے میں بھی اختلاف کیا گیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوحسن، علی بن محمد بن احمد بن حسن، بغدادی، الواعظ، المشهور بمصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 338ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۱۵/۳۸۱) (۲۰۴)۔

○ روح بن الفرج بن زکریا بن عبد اللہ بن بغدادی، ابوحاتم المودب، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے بارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۵۴) (۱۲۰)۔

•••——•••——•••

205- حَدَّثَنَا الْمَحَامِلِیُّ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُفَیْرٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ مَوْقُوْفًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

206- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّیْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا لَیْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اِذَا وَلَغَ السِّنَّوْرُ فِی الْاِنَاءِ غُسِلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

مَوْقُوْفٌ لَا یَثْبُتُ .وَلَیْثٌ سَیِّءُ الْحِفْظِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بلی جس برتن میں منہ ڈال دے تو اس برتن کو سات مرتبہ دھولیا جائے۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور مستند طور پر منقول نہیں ہے۔

۲۰۴-اخرجه الطحاوي في شرح المعاني (۱/۲۰): حدثنا ربيع الجيزي قال: ثنا سعيد بن كثير بن عفير قال: نا يحيى بن ايوب' عن ابن جريج' عن عمرو بن دينار' عن ابي صالح السمان' عن ابي هريرة' قال: (يغسل الاناء من الهر كما يغسل من الكلب)- وقال البيهقي في الكبرى (۱/۲۴۸): (هكذا عن روح ابن الفرج عن ابن عفير مرفوعاً' وليس بشيء)- اه-

اس روایت کا راوی لیث' حافظے کے لحاظ سے مستند نہیں ہیں۔

207- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْنِىْ ابْنَ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ لَيْثٍ بِهٰذَا مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن کثیر بن عفیر، انصاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 226ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۰۴)(۲۴۴)۔

208- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَّابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ يَجْعَلُ الْهِرَّ مِثْلَ الْكَلْبِ يُغْسَلُ سَبْعًا .قَالَ وَاَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ الْهِرُّ قَالَ هِىَ بِمَنْزِلَةِ الْكَلْبِ اَوْ شَرٌّ مِنْهُ.

☆☆ طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں: وہ بلی کے منہ ڈالنے پر بھی کتے کے منہ ڈالنے کی طرح برتن کو سات مرتبہ دھویا کرتے تھے۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء سے دریافت کیا: بلی کا کیا حکم ہے؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا: کتے کی مانند ہے یا شاید انہوں نے یہ فرمایا تھا: یہ اس سے زیادہ بری ہے۔

209- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبِىْ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مَعْبَدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَنَّهُ قَالَ فِى الْاِنَاءِ يَلَغُ فِيْهِ السِّنَّوْرُ قَالَ اغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

☆☆ مجاہد برتن میں بلی کے منہ ڈالنے کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: اس برتن کو سات مرتبہ دھولو۔

۲۰۸-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱/۹۸) رقم (۳۴۳) عن معمر' عن ابن طاوس' عن ابيه' في الهر يلغ في الاناء قال: بمنزلة الكلب يغسل سبع مرات- ومعناه عبد الرزاق (۱/۹۸) رقم (۳۴۲) عن ابن جريج قال: هو بمنزلة الكلب او شر منه-

۲۰۹-لم اجده عند غير المصنف- ولكن روى ابن ابي شيبة في المصنف (۱/۳۷) رقم (۳۴۲): حدثنا وكيع عن الحسن بن علي قال: سمعت عطاء يقول في الهر يلغ في الاناء: يغسله سبع مرات-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علاء بن ہلال بن عمرو بن ہلال باہلی، ابومحمد الرقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۹۴)(۸۳۸)۔

○ علی بن معبد بن شداد الرقی، نزیل مصر، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 259ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۴)(۴۱۴)۔

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ بھی نقل کیا ہے' جن کا تعارف درج ذیل ہے:

حضرت مجاہد رحمہ اللہ تعالیٰ

آپ اپنے وقت کے جلیل القدر امام' علم قرأت اور تفسیر کے ماہرین کے استاد ہیں۔

آپ کا نام مجاہد بن جبر ہے۔ آپ سائب بن ابوسائب مخزومی کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ آپ کی کنیت ابوالحجاج ہے۔آپ مکہ مکرمہ کے رہنے والے تھے۔

آپ نے سیدہ عائشہ' حضرت ابوہریرہ' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت عبداللہ بن عمرو' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت جابر بن عبداللہ' حضرت رافع بن خدیج اور دیگر کئی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے احادیث روایت کی ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں' آپ نے سب سے زیادہ استفادہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کیا ہے' جن سے آپ نے قرآن مجید' احادیث' فقہ' تفسیر کا علم حاصل کیا۔

آپ سے احادیث روایت کرنے والوں میں' آپ کے معاصرین میں سے طاؤس' عکرمہ اور عطاء بن ابی رباح شامل ہیں۔

ان کے علاوہ عمرو بن دینار' ابوزبیر' حکم بن عتبہ اور ایک بڑی جماعت شامل ہے۔

مجاہد بیان کرتے ہیں۔ میں نے تین مرتبہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے قرآن اس طرح پڑھا کہ ہر آیت پر ٹھہر کر ان سے سوال کیا: یہ کس بارے میں نازل ہوئی؟ اور کس طرح نازل ہوئی؟

طبقات ابن سعد 5/466 ، طبقات خلیفة ت 2535، تاریخ البخاری 7/411 ، المعارف 444، المعرفة والتاریخ 1/711، الجرح والتعدیل القسم الاول من المجلد الرابع 319، الحلیة 3/279 ، طبقات الفقهاء للشیرازی 69، تاریخ ابن عساکر 16/ 125 ب، تہذیب الاسماء واللغات القسم الاول من الجزء الثانی 83، تہذیب الکمال ص 1306، تاریخ الاسلام 4/190 ، تذکرة الحفاظ 1/ 86 ، العبر 1/125 ، تذهیب التہذیب 4/ 22 آ، البدایة والنهایة 9/224 ، العقد الثمین 7/132 ، غایة النهایة ت 2659، الاصابة ت 8363، تہذیب التہذیب 10/42 ، طبقات الحفاظ للسیوطی ص 35، خلاصة تذهیب التہذیب 369، شذرات الذهب 1/ 125.

قتادہ فرماتے ہیں: حلال وحرام کے سب سے بڑے عالم زہری ہیں۔اس کے سب سے بڑے عالم مجاہد ہیں۔

ابن سعد فرماتے ہیں: مجاہد' ثقہ' فقیہ' عالم' کثیر الحدیث ہیں۔

مجاہد کا انتقال 104 ہجری میں ہوا۔ان کے سن وفات کے بارے میں بعض دیگر اقوال بھی ہیں۔

انتقال کے وقت ان کی عمر ۹۳ برس تھی۔

•••———•••———•••

210- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ حَدَّثَنَا حَارِثَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَتَوَضَّأُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ وَقَدْ أَصَابَتْ مِنْهُ الْهِرَّةُ قَبْلَ ذٰلِكَ .

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ایک ہی برتن سے وضو کرلیا کرتے تھے' جس میں سے بلی پہلے پانی پی چکی ہوتی تھی۔

یہ روایت ''صحیح'' ہے۔

211- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ أَبُو حَاتِمٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنِ الْهَيْثَمِ - يَعْنِي الصَّرَّافَ - عَنْ حَارِثَةَ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ إِنَاءٍ قَدْ أَصَابَتْ مِنْهُ الْهِرَّةُ قَبْلَ ذٰلِكَ.

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے' جس میں سے بلی پہلے پانی پی چکی ہوتی تھی۔

———

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قیس بن ربیع اسدی، ابومحمد کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 164 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

۲۱۰- اخرجه ابن ماجه في سننه (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء بسور الهرة والرخصة في ذلك' الحديث (۳٦۸): حدثنا عمرو بن رافع' واسماعيل بن توبة قالا: ثنا يحيى ابن زكريا بن ابي زائدة' به- ورواه ايضا عبد الرزاق في المصنف (۱۰۲/۱) رقم (۳٥٦) عن الثوري عن ابن ابي الرجال' به- قال البوصيري في الزوائد (۱٥٥/۱): (اسناده ضعيف' لضعف ابن ابي الرجال)- اه- وقال الحافظ في التلخيص (۷۰/۱): (فيه حارثة بن محمد وهو ضعيف)- اه- وقد رواه الخطيب في تاريخ بغداد (۱٤٦/۹) من طريق سلم بن المغيرة' ثنا مصعب بن ماهان' عن سفيان' عن هشام' عن ابيه' عن عائشة قالت: (توضات انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من اناء واحد قد اصابته الهرة قبل)- قال الحافظ في التلخيص (۷۰/۱): (فيه سلم بن المغيرة وهو ضعيف' قال الدارقطني: تفرد به عن مصعب بن ماهان' عن الثوري' عن هشام' عن ابيه' عن عائشة- والمحفوظ عن الثوري عن حارثة)-اه-

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۸/۲)(۱۳۹)۔

○ ہیثم بن حبیب صیرفی، کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۶/۲)(۱۶۲)۔

•••——•••——•••

212- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ أَبُو حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُسَافِعٍ الْحَجَبِيُّ عَنْ مَنْصُورِ ابْنِ صَفِيَّةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ هِيَ كَبَعْضِ أَهْلِ الْبَيْتِ . يَعْنِي الْهِرَّ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے بلکہ یہ گھر میں (بسنے والے جانوروں) کی طرح ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بلی کے بارے میں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن ابوجعفر رازی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۵/۲)(۳۶۶)۔

○ سلیمان بن مسافع الحجبی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۱۴/۳)(۳۵۱۴)۔

○ منصور بن عبدالرحمٰن بن طلحۃ بن حارث العبدری، حجبی مکی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 138ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۷۶/۲)(۱۳۸۸)۔

○ صفیۃ بنت شیبۃ بن عثمان بن ابوطلحۃ عبدریۃ، امام بخاری کہتے ہیں: اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث کا سماع کیا ہے۔ جبکہ امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے' اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نہیں پایا ہے۔ اس خاتون نے سیّدہ

۲۱۲- اخرجه ابن خزيمة (۱۰۲)، والحاكم (۱۶۰/۱)، والبيهقي (۲۴۶/۱)، من طريق سليمان بن مسافع، عن منصور بن صفية، عن امه، عن عائشة، به- وقال الحاكم: (اسناده صحيح)- ووافقه الذهبي، ورواه- ايضاً- العقيلي في الضعفاء (۱۶۱/۲)، وقال: وهذا يرويه عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن داؤد ابن صالح التمار، عن امه، عن عائشة وهو اصح من هذا الاسناد)- اه- وفي اسناد (سليمان بن مسافع)، قال العقيلي في الضعفاء: (لا يتابع عليه)-

ئشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایات نقل کی ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۳)(۴)۔

•••——•••——•••

213- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِينَارٍ التَّمَّارِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ هِرَّةً أَكَلَتْ مِنْ هَرِيسَةٍ فَأَكَلَتْ عَائِشَةُ مِنْهَا وَقَالَتْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّأُ بِفَضْلِهَا .رَفَعَهُ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ صَالِحٍ وَرَوَاهُ عَنْهُ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ وَوَقَفَهُ عَلَى عَائِشَةَ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ ایک بلی نے ''ہریسہ'' میں سے کچھ کھا لیا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بعد میں اس میں سے کھالیا اور یہ فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے' آپ بلی کے جوٹھے (پانی) کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم یہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا تک ''موقوف'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر، مخزومی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 231ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۵۱)(۱۰۳)۔

○ داؤد بن صالح بن دینار التمار مدنی، مولی الانصار، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳۲)(۱۷)۔

•••——•••——•••

214- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي يَحْيَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَنَّهُ كَانَ

۲۱۳- اخرجه ابو داؤد (۱/ ٦٠) كتاب الطهارة' باب سور الهرة' رقم (٧٦)' والطبراني في الاوسط (۱/ ٣٦)' والطحاوي في (مشكل الآثار) (۲/ ۲۷۰) والبيهقي (۱/ ۲٤٦- ۲٤۷)- كلهم من طريق الدراوردي بهذا الاسناد' وام داؤد بن صالح مجهولة- قال الطحاوي في (المشكل): ليست من اهل الروايات التي يوخذ عنها' ولا هي معروفة عند اهل العلم-

وله طريق ثالث عن عائشة- وقد تقدم تخريجه من طرق عن عائشة- انظر: (١٩٤)-

يُصْغِي إِلَى الْهِرَّةِ الْإِنَاءَ حَتَّى تَشْرَبَ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ بِفَضْلِهَا.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم برتن کو بلی کی طرف انڈیل دیتے تھے اور بلی اس میں سے پانی پی لیتی تھی، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلی کے جوٹھے کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمران بن ابوانس قرشی، عامری، مدنی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 117ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۲/۲)(۵۱۵)۔

215- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ السَّهْمِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ .وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدٍ عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَتْ تَحْتَ ابْنِ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيَّ دَخَلَ فَسَكَبَتْ لَهُ وَضُوءًا فَجَاءَتْ هِرَّةٌ لِتَشْرَبَ مِنْهُ فَأَصْغَى لَهَا أَبُو قَتَادَةَ الْإِنَاءَ حَتَّى شَرِبَتْ قَالَ فَرَآنِي أَنْظُرُ إِلَيْهِ قَالَ أَتَعْجَبِينَ يَا ابْنَةَ أَخِي قَالَتْ قُلْتُ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ إِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ إِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِينَ عَلَيْكُمْ وَالطَّوَّافَاتِ.

☆☆ سیّدہ کبشہ بنت کعب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے ایک صاحبزادے کی اہلیہ تھیں' ایک مرتبہ

۲۱۵- اخرجہ مالك (۲۲/۱) كتاب الطهارة، باب الطهور للوضوء، الحديث (۱۳)، والشافعي في المسند (۲۲/۱) كتاب الطهارة، الباب الاول في المياه، الحديث (۳۹)، وفي (الام) (۸/۱)، واحمد (۳۰۳/۵)، وابو داؤد (۶۰/۱) كتاب الطهارة، باب سور الهرة، الحديث (۷۵)، والترمذي (۱۵۳/۱-۱۵٤) كتاب الطهارة، باب ما جاء في سور الهرة، الحديث (۹۲)، والنسائي (۵۵/۱) كتاب الطهارة، باب سور الهرة، وابن ماجه (۱۳۱/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء بسور الهرة، الحديث (۳۶۷)، وابن خزيمة (۵۵/۱) كتاب الطهارة، باب الرخصة في الوضوء بسور الهرة، الحديث (۱۰٤)، وابن حبان في (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) كتاب الطهارة، باب في سور الهرة، الحديث (۱۲۱)، والحاكم (۱۶۰/۱) كتاب الطهارة، والبيهقي (۲٤۵/۱) كتاب الطهارة، باب سور الهرة، واخرجه ايضا عبد الرزاق (۳۵۳)، وابن ابي شيبة (۳۶/۱)، وابن سعد في (الطبقات) (٤۷۸/٤)، وابن عبد البر (۳۱۹/۱)، وابن حزم في (المحلى) (۱۱۷/۱)، والبغوي في (شرح السنة) (۳۷۶/۱)، وابن الجارود في (المنتقى) رقم (۶۰)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱۸/۱-۱۹) وفي (المشكل) (۲۷۰/۳)- كلهم من طريق اسحاق بن عبد الله بن ابي طلحة، عن حميدة بنت عبيد، عن كبشة بنت كعب بن مالك، عن ابي قتادة، به- وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وقال العقيلي (۱٤۲/۲): هذا اسناد ثابت صحيح، وقال الحاكم: صحيح الاسناد ولم يخرجاه- وللحديث طريق آخر عن ابي قتادة-

اخرجه احمد (۳۰۹/۵)، والبيهقي (۲٤۶/۱) من طريق الحجاج بن ارطاة، عن قتادة بن عبد الله بن ابي قتادة، عن ابيه قال: (كان ابو قتادة يصغي الاناء للهر، فيشرب، ثم يتوضا به، فقيل له في ذلك، فقال: ما صنعت الا ما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصنع؟ وذكره الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۲۱۷/۱) وقال: (رجاله ثقات، غير ان فيه الحجاج بن ارطاة وهو ثقة مدلس)-

حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ گھر میں داخل ہوئے تو اس خاتون نے ان کے لیے وضو کا پانی رکھا۔ اس دوران ایک بلی آئی تاکہ وہ اس میں سے پانی پی لے تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے برتن اس کی طرف انڈیل دیا' اس بلی نے پانی پی لیا۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے میری طرف دیکھا کہ میں ان کی طرف بڑے غور سے دیکھ رہی ہوں تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بھتیجی! کیا تم اس بات پر حیران ہو رہی ہو؟ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے' بلکہ یہ تمہارے ہاں آنے جانے والے (پالتو) جانوروں میں سے ایک ہے۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت حارث بن ربعی رضی اللہ عنہ (حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ)

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

حارث بن ربعی بن بلدمہ بن خناس بن سنان بن عبید بن عدی بن غنم بن کعب۔

آپ کی کنیت ''ابوقتادہ'' ہے اور آپ اسی کے حوالے سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپ انصار کے قبیلے خزرج سے تعلق رکھتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سواروں میں سے ایک تھے۔ بعض حضرات نے ان کا نام ''نعمان'' ذکر کیا ہے۔ (۱)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن عیسیٰ بن نجیح بغدادی، ابویعقوب بن الطباع، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 214ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۶۰) (۴۲۴)۔

○ اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحۃ انصاری مدنی، ابویحییٰ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۹) (۴۱۴)۔

○ حمیدۃ بنت عبید بن رفاعۃ انصاریۃ المدینۃ، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ

طبقات ابن سعد (15/6) طبقات خلیفۃ (ص 102) التاریخ الکبیر (258/2) الجرح والتعدیل (74/3) معجم الصحابۃ للبغوی (ق 50/ب) الثقات لابن حبان (73/3) المعجم الکبیر للطبرانی (270/3) المستدرک (380/3) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (ج 1 ق 161/ب) الاستیعاب (289/1، 1731/4) اسد الغابۃ (391/1، 250/5) سیر اعلام النبلاء (449/2) تجرید اسماء الصحابۃ (99/1، 194/2) الکاشف (325/3) الاصابۃ (155/7) التہذیب (204/12) التقریب (ص 666) الریاض المستطابۃ (ص 273)

ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۵۹۵)(۱۴)۔

•••——•••——•••

216- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ الْيَسَعَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عَلِيًّا سُئِلَ عَنْ سُؤْرِ السِّنَّوْرِ فَقَالَ هِيَ مِنَ السِّبَاعِ وَلَا بَأْسَ بِهِ .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ (یا شاید امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) سے بلی کے جوٹھے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو اُنہوں نے فرمایا: یہ درندوں میں شامل ہے اور اس میں (یعنی اس کے جوٹھے میں) کوئی حرج نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مسعدۃ بن الیسع باہلی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۴۰۸)(۸۴۷۳)۔

○ جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہاشمی ابوعبداللہ، یہ امام جعفر صادق ہیں۔ ان کا انتقال 148ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۳۲)(۹۲)۔

○ محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب، ابوجعفر الباقر (یہ امام باقر رضی اللہ عنہ ہیں)،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 113ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۹۲)(۵۴۲)۔

24- باب التَّسْمِيَةِ عَلَى الْوُضُوءِ

باب: وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا

217- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ قَالَا حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ

۲۱۶- اخرجه ابن ابي شيبة (۱/۳۷) كتاب الطهارة' باب من رخص في الوضوء بسور الهر' حديث (۳۳۶) عن علي بنحوه- وفي الباب ايضا عن انس وجابر- حديث انس: اخرجه الطبراني في (الصغير) (۱/۲۲۷-۲۲۸)' وابو نعيم في (اخبار اصفهان) (۲/۷۱) من طريق جعفر بن عنبسة الكوفي' ثنا عمر بن حفص المكي' عن جعفر بن محمد' عن ابيه' عن جده علي بن الحسين' عن انس بن مالك' عن النبي صلى الله عليه وسلم ولفظه: (يا انس' ان الهر من متاع البيت لن يقذر شيئاولا ينجسه)- وذكره الهيثمي في (المجمع) (۱/۲۱۹)' وقال: وفيه حفص بن عمر المكي' وثقه ابن حبان' وقال الذهبي: لا يدرى من هو- حديث جابر: اخرجه ابن شاهين في (الناسخ والمنسوخ) (ص۱۱۰- بتحقيقنا) من طريق محمد ابن اسحاق عن صالح' عن جابر قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع الاناء للسنور' فيلغ فيه' ثم يتوضا من فضله- ومحمد بن اسحاق مدلس' وقد عنعنه-

الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ وَّقَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ نَظَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَضُوْءًا فَلَمْ يَجِدُوْا فَقَالَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هَا هُنَا مَاءٌ. فَاُتِىَ بِهٖ فَرَاَيْتُ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَضَعَ يَدَهٗ فِى الْاِنَاءِ الَّذِىْ فِيْهِ الْمَاءُ ثُمَّ قَالَ تَوَضَّئُوا بِسْمِ اللّٰهِ. فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَفُوْرُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ وَالْقَوْمُ يَتَوَضَّئُوْنَ حَتّٰى فَرَغُوا مِنْ اٰخِرِهِمْ. قَالَ ثَابِتٌ قُلْتُ لِاَنَسٍ كَمْ تَرَاهُمْ كَانُوْا قَالَ نَحْوًا مِّنْ سَبْعِيْنَ رَجُلاً.

اس کی وجہ یہ ہے: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہماری احادیث روایت کی ہیں اور یہ مستند ہیں' تو اس سے یہ بات لازم آ جائے گی' اس کے برخلاف جو روایت نقل کی گئی ہیں' وہ ضعیف ہیں۔

ان احادیث میں راویوں نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین' تین مرتبہ وضو کیا تھا۔ ان روایت کرنے والے حضرات کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے: مسح کے علاوہ (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام اعضاء کو تین' تین مرتبہ دھویا تھا)۔

اس کی وجہ یہ ہے: ان تمام راویوں نے اس کا ذکر الگ سے کیا ہے اور یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے سر مبارک کا مسح کیا تھا۔

اور جب تفصیل آ جائے تو اس کے ذریعے اجمال پر حکم لگایا جا سکتا ہے اور یہ تفصیل اس اجمال کی وضاحت بن جاتی ہے' یہ اس سے متعارض شمار نہیں ہوتی' جیسے ''عام'' کے ساتھ ''خاص'' ہوتا ہے۔

ان حضرات نے (جنہوں نے تین مرتبہ سر کے مسح کو مسنون قرار دیا ہے) جو قیاس پیش کیا ہے' وہ تیمم کے مسئلے میں ختم ہو جاتا ہے۔

اگر یہ کہا جائے: یہ بات جائز ہے' نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ بھی مسح کیا ہو' تا کہ آپ ایک دفعہ کے جواز کو واضح کر دیں اور آپ نے تین مرتبہ بھی مسح کیا ہو' تا کہ آپ زیادہ فضیلت والے عمل کو واضح کر دیں' جس طرح نبی اکرم ﷺ نے اعضاء کے دھونے کے مسئلے میں ایسا کیا ہے' تو اس طرح یہ دونوں طریقے مستند طور پر منقول شمار ہوں گے اور روایات کے درمیان کوئی تعارض باقی نہیں رہے گا۔

ہم یہ کہتے ہیں: روایت کرنے والے (صحابی) کا یہ کہنا: یہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ہے' یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے' نبی اکرم ﷺ باقاعدگی کے ساتھ اسی طریقے سے وضو کرتے تھے اور صحابہ کرام نے جب نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ذکر کیا تا کہ سوال کرنے والے کو جواب دیں اور موجود حاضرین کو بھی اس بات کا پتہ چل جائے کہ نبی اکرم ﷺ ہمیشہ کس طرح وضو کیا کرتے تھے' اگر صحابہ کرام نے کسی دوسرے طریقے کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا ہوتا تو وہ اس طرح مطلق طور پر اس بات کا تذکرہ نہ کرتے' جس سے یہ مفہوم سامنے آتا ہے' انہوں نے اس طریقے کے علاوہ اور کسی بھی طریقے کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کو وضو کرتے ہوئے نہیں دیکھا' کیونکہ اس صورت میں یہ ''تدلیس'' ہو جائے گی اور ابہام ہو جائے گا جو درست نہیں ہوگا اور یہ بات ان صحابہ کرام کے بارے میں گمان نہیں کی جا سکتی۔

اس لیے اب یہ بات متعین ہو جائے گی: جس راوی نے صحیح روایت کے برعکس روایت نقل کی ہے' اس کو غلطی پر محمول کیا جائے اور اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں ہے' کیونکہ جب روایت کرنے والے حضرات کسی ایک حدیث کو کسی ایک شخصیت سے روایت کرتے ہیں اور پھر حدیث کے ماہرین اس میں ایک طریقہ ذکر کریں لو رکوئی ایک شخص اس کے برخلاف دوسری بات نقل کر دے' تو اس صورت میں اہلِ علم اس ایک شخص کے غلط ہونے کا فیصلہ دے دیتے ہیں' اگرچہ وہ ثقہ اور حافظ ہی کیوں نہ ہوں' تو اس صورت میں کیا حال ہوگا' جب کوئی شخص اس حیثیت سے معروف ہی نہ ہو۔

•••——•••——•••

297- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقِ بْنِ جَمْرَةَ عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ رَاَيْتُ عُثْمَانَ تَوَضَّاَ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ ثَلَاثًا وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ ثَلَاثًا وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَعَلَ هٰذَا.

☆☆ شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' انہوں نے وضو کیا' تو پہلے کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنی داڑھی کا تین مرتبہ خلال کیا' پھر دونوں بازوؤں کو تین' تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا تین مرتبہ مسح کیا' دونوں پاؤں کو تین' تین مرتبہ دھویا اور پھر یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح (وضو) کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن آدم بن سلیمان کوفی ابوزکریا مولی بنی امیۃ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 203ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۴۱)(۷)۔

298- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيلُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَرْدَانَ اَخْبَرَنِى اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ حُمْرَانَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عُثْمَانَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَا بِوَضُوْءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلاَثًا وَوَجْهَهُ ثَلاَثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلاَثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ ثَلاَثًا وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلاَثًا وَقَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّاُ هٰكَذَا وَقَالَ مَنْ تَوَضَّاَ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ اَجْزَاَهٗ.

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے وضو کے لیے پانی منگوایا' پھر اپنے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا تین مرتبہ مسح کیا' پھر دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے اور یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے' انہوں نے یہ بھی فرمایا: جو شخص اس سے کم وضو کرے تو ایسا کرنا بھی جائز ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن وردان الغفاری ابوبکر مکی المؤذن، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۰۲)(۱۱۴۸)۔

۲۹۸- اخرجه ابو داؤد (۱/۲۶) كتاب الطهارة' باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم' الحديث (۱۰۷)' ومن طريقه البيهقي في الكبرى (۱/۶۲) كتاب الطهارة' باب التكرار في مسح الراس' عن محمد بن المثنى' ثنا الضحاك بن مخلد' ثنا عبد الرحمن بن وردان' به بهذا الاسناد- وقد تقدم تخريجه من طرق عن حمران' به-

299- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرَمِيُّ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنِ ابْنِ دَارَةَ مَوْلٰى عُثْمَانَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَيْهِ يَعْنِيْ عُثْمَانَ مَنْزِلَهُ فَسَمِعَنِيْ وَاَنَا اَتَمَضْمَضُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ .قُلْتُ لَبَّيْكَ .قَالَ اَلَا اُحَدِّثُكَ عَنْ وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قُلْتُ بَلٰى .قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اُتِيَ بِمَاءٍ وَّهُوَ عِنْدَ الْمَقَاعِدِ فَمَضْمَضَ ثَلَاثًا وَنَثَرَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ ثَلَاثًا وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَحْبَبْتُ اَنْ اُرِيَكُمُوْهُ .

☆☆ ابن دارہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کے گھر داخل ہوا' انہوں نے میری آواز سنی کہ میں کلی کر رہا ہوں تو آواز دی: اے محمد! میں نے کہا: میں حاضر ہوں! انہوں نے فرمایا: کیا میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ نہ بتاؤں! میں نے عرض کی: جی ہاں! تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اچھی طرح یاد ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پانی لایا گیا' آپ اس وقت صحن میں تشریف فرما تھے' آپ نے تین مرتبہ کلی کی' تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' تین مرتبہ اپنے چہرے کو دھویا' تین' تین مرتبہ دونوں بازوؤں کو دھویا' تین مرتبہ اپنے سر کا مسح کیا' تین' تین مرتبہ اپنے دونوں پاؤں دھوئے اور (پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے) یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ اسی طرح ہے' میں نے یہ بات پسند کی کہ میں تمہیں یہ دکھا دوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن مبارک مخرمی ابوجعفر بغدادی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 253ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۹/۲)(۶۰۹)۔

300- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ حَدَّثَنَا ابْنُ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّهُ تَوَضَّاَ

۲۹۹-اخرجه احمد (۶۱/۱) حدثنا صفوان بن عيسى...... فذكره ورواه البيهقي (۶۲/۱-۶۳): اخبرنا ابو الحسن علي بن محمد بن علي المقرئ' ثنا ابو الحسن بن محمد بن اسحاق الاسفرائني' ثنا يوسف بن يعقوب القاضي' ثنا مسدد بن مسرهد' ثنا صفوان بن عيسى' به...... وعزاه الحافظ في التلخيص (۱۴۶/۱) الى ابن السكن ايضاً' ثم قال: (و ابن دارة مجهول الحال)- اه- ومحمد بن عبد الله بن ابي مريم- قال الحافظ في تعجيل المنفعة (۱۸۹/۲): (روى عنه صفوان بن عيسى ومالك' وابن جريج وسليمان بن بلال' وابو ضمرة' ويحيى القطان-وقال: لم يكن به باس... وآخرون- وقال ابو حاتم: شيخ مدني صالح الحديث- وذكره ابن حبان في الثقات)- اه- وابن دارة قال الحافظ في (تعجيل المنفعة) (۵۷۸/۲): (ذكره ابن منده في الصحابة فسماه عبد الله' ولم يذكر دليلاً على صحبته' بل قال: كان في زمن النبي صلى الله عليه وسلم' ولا يعرف له عنه رواية)- اه-

بِالْمَقَاعِدِ وَالْمَقَاعِدُ بِالْمَدِيْنَةِ حَيْثُ يُصَلَّى عَلَى الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلاثًا ثَلاثًا وَاسْتَنْثَرَ ثَلاثًا وَمَضْمَضَ ثَلاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا وَيَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ ثَلاثًا وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ ثَلاثًا وَسَلَّمَ عَلَيْهِ رَجُلٌ وَّهُوَ يَتَوَضَّاُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى فَرَغَ فَلَمَّا فَرَغَ كَلَّمَهُ يَعْتَذِرُ اِلَيْهِ وَقَالَ لَمْ يَمْنَعْنِىْ اَنْ اَرُدَّ عَلَيْكَ اِلَّا اَنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ مَنْ تَوَضَّاَ هٰكَذَا وَلَمْ يَتَكَلَّمْ ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَ الْوُضُوْءَيْنِ.

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے مقاعد (کھلی جگہ) میں وضو کیا' مدینہ منورہ میں مقاعد (کھلی جگہ) وہ ہے جہاں مسجد کے قریب نمازِ جنازہ ادا کی جاتی ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے پہلے اپنے دونوں ہاتھ تین' تین مرتبہ دھوئے' پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' پھر تین مرتبہ کلی کی' اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا تین مرتبہ مسح کیا' پھر دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے' ایک شخص نے انہیں سلام کیا' وہ ابھی وضو کر رہے تھے' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اسے سلام کا جواب نہیں دیا' یہاں تک کہ وہ وضو کر کے فارغ ہو گئے' فارغ ہوئے تو اس کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اس کے سامنے عذر پیش کیا اور فرمایا: میں نے تمہیں اس لیے سلام کا جواب نہیں دیا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اس طرح وضو کرے اور وضو کے دوران کوئی کلام نہ کرے اور یہ (وضو کے بعد) پڑھے:

''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہی ایک معبود ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے' حضرت محمد رضی اللہ عنہ اس کے خاص بندے اور خاص رسول ہیں''۔

تو اس شخص کے دو مرتبہ وضو کرنے کے درمیان کیے جانے والے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صالح بن عبد الجبار۔ انہوں نے ابن جریج کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ تاہم ان کی نقل کردہ روایات ''منکر'' قرار دی گئی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: المیزان (۳/۳۰۷) (۳۸۱۴)۔

○ محمد بن عبد الرحمٰن بن بیلمانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے

۲۰۰- عزاه الحافظ في تلخيص الحبير (۱/۱۴۶) الى الدارقطني' وقال: (وابن البيلماني ضعيف جدا وابوه ضعيف ايضاً)- اه- وضعفه ابن الملقن في البدر المنير (۲/۲۸۱)' وقال الذهبي في الميزان (۶/۲۲۴-۲۲۵): محمد بن عبد الرحمن البيلماني عن ابيه ضعفوه- قال البخاري وابو حاتم: منكر الحديث - وقال الدارقطني وغيره: ضعيف- وقال ابن حبان: حدث عن ابيه بنسخة شبيهًا بما تتي حديث كلها موضوعة)- اه- والحديث رواه -ايضاً- ابو يعلى' قال الهيثمي في المجمع (۱/۲۴۴): (رواه ابو يعلى' وفيه محمد بن عبد الرحمن بن البيلماني وهو مجمع على ضعفه)- اه-

ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۸۲/۲)(۴۴۲)۔

○ عبدالرحمٰن بن بیلمانی مولی عمر: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۷۲) (۳۸۴۳)۔

•••——•••——•••

301- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا مُسْهِرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَلْعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ ثَلَاثًا وَقَالَ هٰكَذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَحْبَبْتُ اَنْ اُرِيَكُمُوْهُ.

☆☆ عبدخیر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے وضو کرتے ہوئے ہر عضو کو تین' تین مرتبہ دھویا اور اپنے سر اور دونوں کانوں کا تین مرتبہ مسح کیا اور یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا یہی طریقہ ہے' میں نے یہ بات پسند کی کہ میں تمہیں یہ دکھا دوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مسہر بن عبدالملک بن سلع ہمدانی کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۹/۲)(۱۱۳۰)۔

○ عبدالملک بن سلع ہمدانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۹/۱)(۱۳۱۴)۔

•••——•••——•••

302- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْحَضْرَمِيُّ وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ صُبَيْحٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

۳۰۲-في اسناده ابن البيلماني وابوه وقد تقدم الكلام عليهما في الحديث (۳۰۰)- والحديث ذكره ابن الملقن في البدر المنير (۳۸۹/۳) واعله بابن البيلماني وابيه- ورواه- ايضاً- الحافظ ابن حجر في نتائج الافكار (۲۵۱/۱) من طريق الدارقطني به- وقال عقبه: عن ابن البيلماني: (اتفقوا على ضعفه واشد ما رايت فيه قول ابن عدي: كل ما يرويه ابن البيلماني فالبلاء فيه منه- وذكره انه كان يضع الحديث وانه كان يسرق الحديث وقد رواه مرة اخرى فخالف في الصحابي)- اه- قلت: يقصد انه رواه عن عثمان: كما تقدم رقم (۳۰۰)-

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ تَوَضَّاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا وَاسْتَنْثَرَ ثَلَاثًا وَمَضْمَضَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَمَسَحَ رَاْسَهُ ثَلَاثًا وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ قَبْلَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْوُضُوْئَيْنِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص وضو کرے اور دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھوئے' تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے' تین مرتبہ کلی کرے' اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کو تین' تین مرتبہ دھوئے' اپنے سر پر تین مرتبہ مسح کرے' اپنے دونوں پاؤں تین' تین مرتبہ دھوئے' پھر یہ پڑھے:

''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں' اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد اس کے خاص بندے اور رسول ہیں''۔

کسی بھی شخص سے بات کرنے سے پہلے وہ ایسا کرے تو اس شخص کے اس وضو اور (سابقہ یا اگلے) وضو کے درمیان والے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

303- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَخْزُوْمِيُّ حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ خَرَجَ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمَقَاعِدِ فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا وَتَمَضْمَضَ ثَلَاثًا وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَّغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ كُنْتُ عَلٰى وُضُوْءٍ وَّلٰكِنْ اَحْبَبْتُ اَنْ اُرِيَكُمْ كَيْفَ تَوَضَّاَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ وہ اپنے کچھ ساتھیوں سمیت تشریف لائے اور مقاعد (کھلی جگہ) میں تشریف فرما ہوئے' انہوں نے وضو کے لیے پانی منگوایا' پھر اپنے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' تین مرتبہ کلی کی' تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' اپنے سر کا ایک مرتبہ مسح کیا' پھر اپنے دونوں پاؤں تین' تین مرتبہ دھوئے اور پھر یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے' میں پہلے سے باوضو حالت میں تھا' لیکن میں نے یہ بات پسند کی' میں تم لوگوں کو دکھاؤں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے۔

۳۰۳- تقدم حديث عثمان من طرق بعضها في الصحيحين لكن هذه الرواية لم اقف عليها لغير الدارقطني - قال الحافظ ابن حجر في تلخيص الحبير (۱/۱۴۳): (رواه الدارقطني مطولاً' وفيه: الوضوء ثلاثاً) وفيه: (و مسح برأسه مرة واحدة) وهو في الصحيحين مطلق غير مقيد) - اه - في اسناده عمر بن عبد الرحمن' قال ابن ابي حاتم في الجرح والتعديل (۶/۱۲۲): (عمر بن عبد الرحمن بن سعيد المخزومي روى عن جده' روى عنه زيد بن الحباب' سمعت ابي يقول ذلك)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمر بن عبدالرحمٰن بن سعید صرم مخزومی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے ان کے بارے میں جرح وتعدیل سے متعلق کچھ نقل نہیں کیا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۶/۱۲۲) (۶۶۲)۔

•••——•••——•••

304- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِىُّ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ہوئے ہر عضو کو دو مرتبہ دھویا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن جعفر بن احمد بن یزید ابوبکر صیرفی مطیری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 335ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۱۴۵،۱۴۶)(۵۶۱)۔

○ عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان عنسی بالنون دمشقی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 165ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۷۴)(۸۸۶)۔

○ عبداللہ بن فضل بن عباس بن ربیعۃ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی مدنی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۴۰)(۵۴۰)۔

•••——•••——•••

305- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ كَامِلٍ اِمْلاَءً حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ

۳۰۴-اخرجه ابو داؤد (۱/۳٤) كتاب الطهارة، باب الوضوء مرتين مرتين الحديث (۱۳٦)، والترمذي (۱/٦۲) كتاب الطهارة، باب ما جاء في الوضوء مرتين مرتين، الحديث (٤۳)، واحمد (۲/۲۸۸، ۳٦٤)، وابن حبان (۳/۳۷۳) رقم (۱۰۹٤)، وابن الجارود في المنتقى رقم (۷۱) بلفظ قريب، والبيهقي في السنن (۱/۷۹) كتاب الطهارة، باب الوضوء مرتين مرتين، والحاكم (۱/۱۵۰)، وصححه ووافقه الذهبي كلهم من طريق ابن ثوبان قال: حدثني عبد الله بن الفضل عن الاعرج عن ابي هريرة مرفوعاً- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب، لا نعرفه الا من حديث ابن ثوبان عن ابي هريرة مرفوعاً- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب، لا نعرفه الا من حديث ابن ثوبان عن عبد الله بن الفضل، وهو اسناد حسن صحيح)- اه-

مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَوَضَّاَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو دو مرتبہ وضو کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یوسف بن یزید بن کامل قراطیسی ابو یزید مولی بنی امیۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 287ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۳/۲)(۴۶۴)۔

○ عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری مدنی قاضی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 135ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۵/۱)(۲۱۵)۔

○ عباد بن تمیم بن غزیۃ انصاری مازنی مدنی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۹۱/۱)(۸۵)۔

...

306- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا تَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ حَرَّكَ خَاتَمَهُ فِیْ اِصْبَعِهٖ.

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کے لیے وضو کرتے تھے تو اپنی انگلی میں موجود انگوٹھی کو حرکت دیتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ قاسم بن اسماعیل بن محمد بن ابان ابوعبید محاملی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا

۳۰۵- اخرجه البخاري (۲٤۷/۱) كتاب الوضوء' باب الوضوء مرتين مرتين' الحديث (۱۵۸)' واحمد (٤۱/٤)' وابن خزيمة في صحيحه (۸۷/۱) رقم (۱۷۰)' والبيهقي (۷۹/۱) كتاب الطهارة' باب الوضوء مرتين مرتين من طريق فليح بن سليمان عن عبد الله بن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن عباد بن تميم عن عبد الله بن زيد به- وله شاهد ايضا من حديث ابي هريرة المتقدم قبل هذا-

انتقال 323ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۴۴۷، ۴۴۸) رقم (۶۹۲۵)۔

○ علی بن سہل بن مغیرۃ بزاز بغدادی نسائی الاصل، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۸)(۳۵۰)۔

•••——•••——•••

34- باب مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُتَوَضِّءِ وَالْمُغْتَسِلِ اَنْ يَّسْتَعْمِلَهُ مِنَ الْمَاءِ.

باب: وضو کرنے والے شخص اور غسل کرنے والے شخص کے لیے کتنا پانی استعمال کرنا مستحب ہے؟

307- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِى الْجَهْمِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا اَبُوْ رَيْحَانَةَ عَنْ سَفِيْنَةَ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُوَضِّئُهُ الْمُدُّ وَيُغَسِّلُهُ الصَّاعُ.

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام سفینہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ''مد'' پانی کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور ایک ''صاع'' پانی کے ذریعے غسل کر لیتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن منصور بن نضر بن اسماعیل ابوبکر المعروف بابن ابوجہم :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 321ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳/۲۵۱)(۱۳۴۱)۔

○ عمرو بن علی بن بحر بن کنیز ابوحفص الفلاس صیرفی باہلی بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 249ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۵)(۶۴۰)۔

۳۰۷- اخرجه مسلم (۲/ ۲٤۰) كتاب الحيض: باب القدر المستحب من الماء: حديث (۳۲٦) من طريق عمرو بن علي: به: واخرجه مسلم (۲/ ۲٤۰) كتاب الحيض: باب القدر المستحب من الماء: الحديث (۳۲٦)؛ والترمذي (۱/ ۸۳-۸٤) كتاب الطهارة: باب الوضوء بالمد الحديث (٥٦)؛ وابن ماجه (۱/ ۹۹) كتاب الطهارة: باب ما جاء في مقدار الماء للوضوء والغسل من الجنابة: الحديث (۲٦۷)؛ والدارمي (۱/ ۱۷٥) كتاب الصلوة: باب كم يكفي في الوضوء؛ واحمد في مسنده (٥/ ۲۲۲)؛ وابن المنذر في (الاوسط) (۱/ ۳٥۹)؛ والبيهقي (۱/ ۱۹٥) كتاب الطهارة: باب لا وقت فيما يتطهر به المتوضئ والمغتسل: والطحاوي (۲/ ٥۰)؛ وابو عبيد في (الطهور) رقم (۱۱۰) من طرق عن ابي ريحانة: عن سفينة: به-

○ عبداللہ بن مطر ابوریحانۃ بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۴۵۱)(۶۴۲)۔

•••———•••———•••

308- حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِی الْجَهْمِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّأُ بِنَحْوِ الْمُدِّ وَيَغْتَسِلُ بِنَحْوِ الصَّاعِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ایک ''مد'' پانی کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور تقریباً ایک ''صاع'' پانی کے ذریعے غسل کر لیتے تھے۔

309- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ وَّعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ السَّوَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ مُوْسَى بْنُ نَصْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَتَوَضَّأُ بِرَطْلَيْنِ وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ ثَمَانِيَةَ اَرْطَالٍ. تَفَرَّدَ بِهٖ مُوْسَى بْنُ نَصْرٍ وَّهُوَ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو ''رطل'' پانی کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور ایک ''صاع'' آٹھ رطل پانی کے ذریعے غسل کر لیتے تھے۔

اس روایت کو نقل کرنے میں موسیٰ بن نصر نامی راوی منفرد ہیں اور یہ صاحب ضعیف ہیں۔ (اس کو چیک کرنا ہے)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جریر بن یزید بن جریر بن عبداللہ بجلی (یہ صحابی حضرت جریر بن عبداللہ بجلی کے پوتے ہیں): علم ''اسماء الرجال'' کے

۳۰۸- اخرجه ابو داؤد (۱/۲۳) كتاب الطهارة: باب ما يجزئ من الماء في الوضوء حديث (۹۲)، والنسائي (۱/۱۷۹-۱۸۰) كتاب المياه: باب القدر الذي يكتفي به الانسان من الماء للوضوء والغسل، وابن ماجه (۱/۹۹) كتاب الطهارة، باب ما جاء في مقدار الماء للوضوء والغسل من الجنابة، حديث (۲۶۸)، واحمد (۶/۲۳۴، ۲۴۹)، وابو عبيد في (كتاب الطهور) رقم (۱۱۱)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۲/۴۹)، والبيهقي (۱/۱۹۵) كلهم من طريق قتادة، عن صفية، عن عائشة، به- واخرجه مسلم (۱/۲۵۷) كتاب الطهارة: باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة حديث (۴۶)، والطيالسي (۱۱۸)، والحميدي (۱/۹۰) رقم (۱۶۸)، وابو عوانة (۱/۲۲۲-۲۲۴)، وابو عبيد في كتاب (الطهور) رقم (۱۱۲) والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۲/۵۰) من طريق معاذ، عن عائشة، به-

۳۰۹ عزاه المتقي الهندي في كنز العمال (۹/۴۶۳) رقم (۲۶۹۶۶) الى سعيد بن منصور، والحديث سياتي مرة اخرى في كتاب زكاة الفطر بسنده ومتنه، وفي اسناده (موسى بن نصر): لم اقف له على ترجمة عند غير المصنف هنا- والحديث سياتي عند الدارقطني -ايضاً- في كتاب زكاة الفطر، من طريق ابن ابي ليلى عن عبد الكريم عن انس- قال البيهقي في الكبرى (۴/۱۷۲): اسناد هما ضعيف، والصحيح عن انس بن مالك: (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضا بالمد ويغتسل بالصاع)-

ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۲۷) (۵۷)۔

•••——•••——•••

35- باب السُّنَنِ الَّتِیْ فِی الرَّأْسِ وَالْجَسَدِ .

باب: سر اور جسم میں کیا چیز مسنون ہے؟

310- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَشْرَةٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ وَالاِسْتِنْشَاقُ بِالْمَاءِ وَقَصُّ الأَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الإِبِطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ . قَالَ زَكَرِيَّا قَالَ مُصْعَبٌ وَنَسِيتُ الْعَاشِرَةَ إِلاَّ أَنْ تَكُونَ الْمَضْمَضَةَ . رَوَاهُ خَارِجَةُ عَنْ زَكَرِيَّا وَقَالَ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ يَعْنِي الاِسْتِنْجَاءَ بِالْمَاءِ . تَفَرَّدَ بِهِ مُصْعَبُ بْنُ شَيْبَةَ . وَخَالَفَهُ أَبُو بِشْرٍ وَسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ فَرَوَيَاهُ عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ قَوْلَهُ غَيْرَ مَرْفُوعٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دس چیزیں فطرت کا حصہ ہیں' مونچھیں چھوٹی کروانا' داڑھی بڑھانا' مسواک کرنا' پانی کے ذریعہ ناک صاف کرنا' ناخن تراشنا' بغل کے بال صاف کرنا' زیر ناف بال صاف کرنا اور پانی کے ذریعے استنجاء کرنا۔

زکریا نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: مصعب نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: دسویں بات میں بھول گیا ہوں' البتہ وہ کلی کرنا ہوگی۔

خارجہ نامی راوی نے اس بات کو زکریا نامی راوی کے حوالے سے نقل کیا ہے اور یہ بات بیان کی ہے: حدیث میں

۳۱۰- اخرجه مسلم (۲/۱۴۹) كتاب الطهارة' باب خصال الفطرة' الحديث (۲۶۱)' وابو داؤد (۱/۱۴) كتاب الطهارة' باب السواك من الفطرة' الحديث (۵۳)' والترمذي (۵/۹۱) كتاب الادب' باب ما جاء في تقليم الاظفار' الحديث (۲۷۵۷)' والنسائي (۸/۱۲۶) كتاب الزينة' باب من السنن الفطرة' وابن ماجه (۱/۱۰۷) كتاب الطهارة' باب الفطرة' الحديث (۲۹۳)' واحمد (۶/۱۳۷)' وابن خزيمة (۱/۴۷) رقم (۸۸)' وابو يعلى في مسنده (۸/۱۴) رقم (۴۵۱۷)' وابن المنذر في الاوسط (۱/۳۶۴) رقم (۳۳۹)' والطحاوي في شرح المعاني (۴/۲۲۹)' والبيهقي في الكبرى (۱/۳۶) كتاب الطهارة' باب الدليل على ان السواك سنة ليس بواجب' في (۱/۵۲) باب سنة المضمضة والاستنشاق من طرق عن وكيع' ثنا زكريا بن ابي زائدة' عن مصعب بن شيبة' به- قال الزيلعي في نصب الراية (۱/۷۶): (وهذا الحديث وان كان مسلم اخرجه في (صحيحه)' ففيه علتان ذكرهما الشيخ تقي الدين في الامام) وعزاهما لابن منده: احداهما: الكلام في مصعب ابن شيبة قال النسائي في (سننه) منكر الحديث' وقال ابو حاتم: ليس بقوي' ولا يحمدونه-

الثانية: ان سليمان التيمي رواه عن طلق بن حبيب عن ابن الزبير مرسلاً: هكذا رواه النسائي في (سننه) ورواه- ايضاً- عن ابي بشر' عن طلق بن حبيب' عن ابن الزبير مرسلاً- قال النسائي: وحديث التيمي وابي بشر اولى' وابو مصعب منكر الحديث- انتهى- ولاجل هاتين العلتين لم يخرجه البخاري' ولم يلتفت مسلم اليهما: لان مصعباً عنده ثقة' والثقة اذا وصل حديثا يقدم وصله على الارسال)- اه-

استعمال ہونے والے لفظ ''انتقاص الماء '' کا مطلب پانی کے ذریعے استنجاء کرنا ہے۔اس بات کونقل کرنے میں مصعب بن شیبہنامی راوی منفرد ہیں۔

ابوبشر اورسلیمان نامی راوی نے اس بات کومختلف طور پرنقل کیا ہے انہوں نے اس روایت کوطلق بن حبیب کے حوالے سے اُن کے اپنے قول کے طور پرنقل کیا ہے۔اور یہ روایت ''مرفوع'' حدیث کے طور پرنقل نہیں کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مصعب بن شیبۃ بن جبیر بن شیبۃ بن عثمان العبدری مکی حجبی ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۵۱)(۱۱۵۵)۔

○ طلق ابن حبیب عنزی بصری یہ ''صدوق'' ہیں۔ عابد، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرا طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 90ھ کے آس پاس میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۸۰)(۴۷)۔

36- باب وُجُوْبِ غَسْلِ الْقَدَمَيْنِ وَالْعَقِبَيْنِ .

باب: دونوں پاؤں اور ایڑھیوں کودھونا فرض ہے

311- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ وَبُطُوْنِ الْاَقْدَامِ مِنَ النَّارِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (بعض) ایڑھیوں اور تلووں کے لیے جہنم کی بربادی ہے۔

۳۱۱ اخرجه احمد (۱۹۱/٤)' والحاكم (۱۶۲/۱) كتاب الطهارة' وابن خزيمة (۸٤/۱) رقم (۱۶۳)' وابو عبيد في (كتاب الطهور) (ص۲۷۵ - ۲۷۶)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۳۸/۱) كتاب الطهارة' والبيهقي (۷۰/۱) كتاب الطهارة: باب الدليل على ان فرض الرجلين الغسل' وفي (معرفة السنن والآثار) (۱۶۹/۱) رقم (۷۲)- كلهم من طريق حيوة بن شريح' عن عقبة بن مسلم التجيبي عن عبد الله بن الحارث بن جزء الزبيدي قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... فذكره-

وقال الحاكم: صحيح' ولم يخرجا ذكر بطون الاقدام' ووافقه الذهبي' وصححه ابن خزيمة- وقال الحافظ الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۲٤۵/۱): (رواه احمد والطبراني في الكبير ...) ورجال احمد والطبراني ثقات)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حیوۃ ابن شریح بن صفوان تجیبی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 159ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۰۸)(۱۵۸)۔

○ عقبۃ بن مسلم تجیبی ابومحمد بصری امام الجامع: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 120ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۸)(۲۵۲)۔

توضیح مسئلہ:

وضو کے دوران پاؤں کی ایڑیاں دھونے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح مسلم کے حاشیہ نگار امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

فی الباب قوله صلی الله علیه وسلم ﴿ویل للاعقاب من النار اسبغوا الوضوء﴾ ومراد مسلم رحمة الله تعالی بایراده هنا الاستدلال به علی وجوب غسل الرجلین وان المسح لا یجزء وهذه مسالة اختلف الناس فیها علی مذاهب فذهب جمع من الفقهاء من اهل الفتوی فی الاعصار والامصار الی ان الواجب غسل القدمین مع الکعبین ولا یجزء مسحهما ولا یجب المسح مع الغسل ولم یثبت خلاف هذا عن احد یعتد به فی الاجماع وقالت الشیعة الواجب مسحهما وقال محمد بن جریر والجبائی راس المعتزلة یتخیر بین المسح والغسل وقال بعض اهل الظاهر یجب الجمع بین المسح والغسل وتعلق هؤلاء المخالفون للجماهیر بما لا تظهر فیه دلالة وقد اوضحت دلائل المسالة من الکتاب والسنة وشواهدها وجواب ما تعلق به المخالفون بابسط العبارات المنقحات فی شرح المهذب بحیث لم یبق للمخالف شبهة اصلا الا وضح جوابها من غیر وجه والمقصود هنا شرح متون الاحادیث والفاظها دون بسط الادلة واجوبة المخالفین ومن اخصر ما نذکره ان جمیع من وصف وضوء رسول الله صلی الله علیه وسلم فی مواطن مختلفة وعلی صفات متعددة متفقون علی غسل الرجلین وقوله صلی الله علیه وسلم ویل للاعقاب من النار فتواعدها بالنار لعدم طهارتها ولو کان المسح کافیا لما تواعد من ترك غسل عقبیه وقد صح من حدیث عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان رجلا قال یارسول الله کیف الطهور فدعا بماء فغسل کفیه ثلاثا الی ان قال ثم غسل رجلیه ثلاثا ثم قال هکذا الوضوء فمن زاد علی هذا او نقص فقد اساء وظلم هذا حدیث صحیح اخرجه ابوداود وغیره باسانیدهم الصحیحة والله اعلم[1]

---

[1] الحاشیه للنووی علی الصحیح لمسلم 127/3

اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''بعض ایڑیوں کے لیے جہنم (کے عذاب) کی بربادی ہے' اچھی طرح وضو کیا کرو''۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو یہاں اسی لیے نقل کیا ہے' تاکہ اس کے ذریعے اس بات پر استدلال کریں کہ دونوں پاؤں دھونا فرض ہے اور صرف مسح کر لینا کافی نہیں ہوگا۔

اس مسئلے کے بارے میں لوگوں میں اختلاف پایا جاتا ہے اور ان کے مختلف مسالک ہیں' فتویٰ دینے کے اہل' مختلف علاقوں اور زمانوں سے تعلق رکھنے والے فقہاء کے ایک بڑے گروہ نے یہ مؤقف اختیار کیا ہے: ٹخنوں سمیت پاؤں کو دھونا فرض ہے اور ان پر صرف مسح کرنا جائز نہیں ہے' اسی طرح دھونے کے ساتھ مسح کو شامل کرنا بھی واجب نہیں ہے۔ اس بارے میں ایسے کسی شخص سے اختلافی رائے منقول نہیں ہے' جسے اجماع کے مسئلے میں قابل اعتماد شمار کیا جائے۔

اہلِ تشیع یہ کہتے ہیں: ان دونوں پر مسح کرنا فرض ہے۔

شیخ محمد بن جریر اور شیخ ابوعلی جبائی جو معتزلہ کے سردار ہیں' ان دونوں نے (وضو کے دوران پاؤں کو) دھونے یا اس پر مسح کرنے کے بارے میں اختیار دیا ہے۔

بعض اہلِ ظاہر نے یہ بات بیان کی ہے: مسح کرنے اور دھونے کو ایک ساتھ کرنا واجب ہے۔

(امام نووی فرماتے ہیں:) ان اختلافی رائے رکھنے والے حضرات نے جمہور کے مقابلے میں جو مؤقف اختیار کیا ہے' اس میں کوئی دلالت (پختگی) نہیں پائی جاتی۔ ہم نے اس مسئلے کے بارے میں کتاب وسنت کے دلائل' ان کے شواہد' مخالفین نے جو اعتراضات کیے ہیں' ان کے جوابات بڑی شرح وبسط کے ساتھ اپنی تصنیف ''شرح المہذب'' میں تحریر کر دیے ہیں' اس طرح سے کہ مخالف کے لیے کوئی شبہ باقی نہیں رہ جاتا۔ اور کئی حوالوں سے واضح جوابات تحریر کیے ہیں' لیکن کیونکہ یہاں ہمارا مقصد احادیث کے متن اور اس کے الفاظ کی وضاحت کرنا ہے۔ دلائل یا مخالفین کے جوابات کو وضاحت کے ساتھ بیان کرنا مقصود نہیں ہے۔ تو مختصر طور پر ہم یہاں یہ ذکر کریں گے' مختلف مواقع پر نبی اکرم ﷺ کے وضو کرنے کا جو طریقہ ذکر کیا گیا ہے' ان سب میں یہ بات متفق ہے' آپ ﷺ نے پاؤں دھوئے ہیں۔ اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''بعض ایڑیوں کے لیے جہنم کی بربادی ہے''۔

تو آپ ﷺ نے جہنم کی وعید اس وجہ سے سنائی ہے کیونکہ انہیں پاک نہیں کیا گیا تھا' اگر ان پر مسح کرنا کافی ہوتا تو ایڑیاں نہ دھونے کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ اس پر وعید نہ فرماتے۔

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' ایک مستند روایت میں یہ بات مذکور ہے' عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! وضو کس طرح کیا جاتا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے پانی منگوایا' آپ ﷺ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں تین مرتبہ دھوئیں (یہاں تک کہ اس روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں:) راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے' پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وضو اسی طرح ہوتا ہے: جو اس سے زیادہ کرے یا اس سے کم

کرے تو اس نے غلطی کی اور زیادتی کی"۔

(امام نووی فرماتے ہیں:) یہ حدیث "صحیح" ہے اسے امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر محدثین نے نقل کیا ہے اور مستند اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

•••——•••——•••

312- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مَنْصُوْرٍ

۳۱۲- اخرجه ابن ماجه (۱/ ۱۵٤) كتاب الطهارة، باب غسل العراقيب، حديث (٤٥١)، وابو عوانة (۱/ ۲۵۲) من طريق هشام بن عروة، عن ابيه، عن عائشة، وهو ضعيف : كما في نصب الراية (۱/ ۳٦)، وكشف الخفاء (۱/ ٤٥٩) وقد جاء الشطر الاخير من الحديث من طرق عن عائشة: فاخرجه ابن ماجه (۱/ ۱۵٤) كتاب الطهارة: باب غسل العراقيب حديث (٤٥۲)، واحمد (٦/ ۱۹۱- ۱۹۲)، وابن ابي شيبة (۱/ ۳٦)، وعبد الرزاق (۱/ ۲۲) رقم (٦۹)، والحميدي (۱/ ۸۷) رقم (۱٦۱)، وابو عوانة (۱/ ۲۵۱)، والترمذي في (العلل الكبير) ص (۳۵) رقم (۲۲)، وابن المنذر في (الاوسط) (۱/ ٤۰٦)، وابو عبيد في (كتاب الطهور) ص (۳۷٦)، وابو يعلى (۷/ ٤۰۰) رقم (٤٤۳٦)، وابن حبان (۱۰۵٤- الاحسان)، والشافعي (۱/ ۳۲) كتاب الطهارة، باب في صفة الوضوء حديث (۸۲)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۳۸) كتاب الطهارة، والبيهقي في (معرفة السنن والآثار) (۱/ ۱٦۷) رقم (۷۰)- كلهم من طريق سعيد بن ابي سعيد عن ابي سلمة قال: توضا عبد الرحمن، عند عائشة، فقالت: (يا عبد الرحمن اسبغ الوضوء: اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (ويل للاعقاب من النار)- ومن هذا الوجه صححه ابن حبان، وقال البيهقي: قال احمد: رواه عكرمة بن عمار، عن يحيى بن ابي كثير، عن ابي سلمة، عن سالم مولى المهري، عن عائشة، وهو من ذلك الوجه مخرج في كتاب مسلم-

و الترمذي في (العلل): سالت محمدًا عن هذا الحديث! فقال: حديث ابي سلمة، عن عائشة حديث حسن ا-ه- فحديث عائشة من هذا الطريق حسنه البخاري، وصححه ابن حبان- والطريق الذي اشار اليه احمد: اخرجه مسلم (۱/ ۲۱۳) كتاب الطهارة، باب وجوب غسل الرجلين، حديث (۲۵/ ۲٤۰)، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۳۸) كتاب الطهارة، وابو عبيد في (كتاب الطهور) (ص۳۸۲)، والبيهقي (۱/ ۲۳۰) من طريق عكرمة بن عمار، عن يحيى بن ابي كثير، عن ابي سلمة، عن سالم مولى المهري، عن عائشة بمثل الطريق الاول، وقد خولف عكرمة بن عمار في هذا الحديث: خالفه الاوزاعي وحرب بن شداد وابو معاوية النحوي، وعلي ابن المبارك، وحسين المعلم، فرووه عن يحيى بن ابي كثير، عن سالم مولى المهري، عن عائشة دون ذكر ابي سلمة، فانفرد عكرمة بن عمار بزيادة ابي سلمة في الاسناد- وكما هو معروف: فان رواية عكرمة بن عمار عن يحيى مضطربة، قال احمد: عكرمة مضطرب الحديث عن يحيى بن ابي كثير- وقال ابن المديني: احاديث عكرمة عن يحيى بن ابي كثير مناكير، ليست بذاك كان يحيى بن سعيد يضعفها- وقال البخاري: مضطرب في حديث يحيى بن ابي كثير- وقال ابو داؤد: ثقة، وفي حديثه عن يحيى بن ابي كثير اضطراب- وقال النسائي: ليس به باس الا في حديث يحيى بن ابي كثير- ينظر: التهذيب (۷/ ۲٦۲)، وقال الحافظ في (التقريب) (۲/ ۳۰): صدوق يغلط، وفي حديثه عن يحيى بن ابي كثير اضطراب اه- ومخالفة الاوزاعي عند ابي عبيد في (كتاب الطهور) (ص۳۷۷) وابو عوانة (۱/ ۲۳۰-۲۳۱)، وابن ابي حاتم في (العلل) (۱/ ۵۷) رقم (۱٤۸)، ومخالفة حرب بن شداد، عند الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۳۸)، ومخالفة ابي معاوية النحوي عن ابي عبيد في (كتاب الطهور) (ص۳۸۲)، وابن ابي حاتم في (العلل) (۱/ ۵۷-۵۸) رقم (۱٤۸)، ومخالفة علي بن المبارك عند ابي عوانة (۱/ ۲۳۰)-

ومخالفة حسين المعلم عن ابن ابي حاتم في العلل (۱/ ۵۷) رقم (۱٤۸)، فهولاء الخمسة الثقات خالفوا عكرمة بن عمار، فلم يذكروا ابا سلمة في الاسناد- وقد رجح ابو زرعة رواية الاوزاعي وحسين المعلم، كما في (العلل) لابن ابي حاتم (۱/ ۵۷-۵۸) رقم (۱٤۸)- ومما يدل على ان عكرمة بن عمار وهم في هذه الرواية ان جماعة تابعوا يحيى بن ابي كثير فرووا الحديث عن سالم عن عائشة، ولم يذكروا ابا سلمة، فاخرجه مسلم (۱/ ۲۱٤) كتاب الطهارة: باب وجوب غسل الرجلين حديث (۲۵/ ۲٤۰) وابو عوانة (۱/ ۲۳۰) والبيهقي (۱/ ٦۹) كتاب الطهارة: باب الدليل على ان فرض الرجلين الغسل، من طريق مخرمة بن بكير عن ابيه عن سالم مولى شداد قال: دخلت على عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم يوم توفي سعد بن ابي وقاص، فدخل عبد الرحمن (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّأُ وَيُخَلِّلُ بَيْنَ اَصَابِعِهِ وَيَدْلُكُ عَقِبَيْهِ وَيَقُوْلُ خَلِّلُوْا بَيْنَ اَصَابِعِكُمْ لاَ يُخَلِّلُ اللّٰهُ تَعَالٰى بَيْنَهَا بِالنَّارِ وَيْلٌ لِلاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے تو آپ (اپنے پاؤں کی) انگلیوں کا خلال کیا کرتے تھے اور اپنی ایڑھیوں کو مَلا کرتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے: اپنی انگلیوں کا خلال کیا کرو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان آگ کو داخل نہیں کرے گا اور بعض ایڑھیوں کے لیے جہنم کی بربادی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حارث بن منصور واسطی زاھد، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۴۴)(۶۸)۔

○ عمر بن قیس مکی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۶۲)(۴۹۸)۔

313- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَلِّلُوْا بَيْنَ اَصَابِعِكُمْ لاَ يُخَلِّلُهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي النَّارِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اپنی انگلیوں کے درمیان خلال کیا کرو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان قیامت کے دن آگ کے ذریعہ خلال نہیں کرے گا۔

بن ابي بكر' فتوضنا عندها فقالت: يا عبد الرحمن' اسبغ الوضوء' فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (ويل للاعقاب من النار)- واخرجه مسلم (۱/ ۲۱۴) كتاب الطهارة: باب وجوب غسل الرجلين حديث (۲۵/ ۲۴۰) من طريق نعيم بن عبد الله المجمر' عن سالم' عن عائشة واخرجه مسلم (۱/ ۲۱۴) كتاب الطهارة: باب وجوب غسل الرجلين حديث (۲۵/ ۲۴۰) من طريق محمد بن عبد الرحمن عن سالم' عن سالم' عن عائشة' واخرجه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۳۸) من طريق ابي الاسود يتيم عروة' عن سالم' عن عائشة-

۳۱۳ قال العجلوني في كشف الخفاء (۱/ ۴۵۹): (رواه الدارقطني بسند واه)- اه- قلت: فيه (يحيى بن ميمون بن عطاء ابو ايوب البصري التمار)- قال الذهبي في الميزان (۷/ ۲۲۲): (قال الفلاس: كتبت عنه' وكان كذاباً- وقال احمد: خرقنا حديثه- وقال النسائي: ليس بثقة- وقال الدارقطني وغيره: متروك)- اه-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن میمون بن عطاء قرشی ابوایوب تمار انصاری نزیل بغداد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 190ھ کے آس پاس میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۹/۲)(۱۸۶)۔

•••———•••———•••

314- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ وَالْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ وَاللَّفْظُ لأَبِي الْوَلِيدِ قَالاَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلاَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ كَانَ رِفَاعَةُ وَمَالِكُ بْنُ رَافِعٍ أَخَوَيْنِ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَوْ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) جَالِسٌ وَنَحْنُ حَوْلَهُ إِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَصَلَّى فَلَمَّا قَضَى الصَّلاَةَ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَعَلَى الْقَوْمِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَعَلَيْكَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ . فَجَعَلَ الرَّجُلُ يُصَلِّي وَنَحْنُ نَرْمُقُ صَلاَتَهُ لاَ نَدْرِي مَا يَعِيبُ مِنْهَا فَلَمَّا صَلَّى جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَعَلَى الْقَوْمِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَعَلَيْكَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ . قَالَ هَمَّامٌ فَلاَ أَدْرِي أَمَرَهُ بِذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا فَقَالَ الرَّجُلُ مَا أَلَوْتُ فَلاَ أَدْرِي مَا عِبْتَ عَلَيَّ مِنْ صَلاَتِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِنَّهَا لاَ تَتِمُّ صَلاَةُ أَحَدِكُمْ حَتَّى يُسْبِغَ الْوُضُوءَ كَمَا أَمَرَهُ اللَّهُ فَيَغْسِلُ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ وَيَمْسَحُ بِرَأْسِهِ وَرِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ يُكَبِّرُ اللَّهَ وَيُثْنِي عَلَيْهِ ثُمَّ يَقْرَأُ أُمَّ الْقُرْآنِ وَمَا أُذِنَ لَهُ فِيهِ وَتَيَسَّرَ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْكَعُ وَيَضَعُ كَفَّيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ حَتَّى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ وَتَسْتَرْخِيَ وَيَقُولُ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ وَيَسْتَوِي قَائِمًا حَتَّى يُقِيمَ صُلْبَهُ وَيَأْخُذَ كُلُّ عَظْمٍ مَأْخَذَهُ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَسْجُدُ فَيُمَكِّنُ وَجْهَهُ - قَالَ هَمَّامٌ وَرُبَّمَا قَالَ جَبْهَتَهُ - فِي الأَرْضِ حَتَّى تَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ وَتَسْتَرْخِيَ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَسْتَوِي قَاعِدًا عَلَى مَقْعَدَتِهِ وَيُقِيمُ صُلْبَهُ . فَوَصَفَ الصَّلاَةَ هَكَذَا أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ حَتَّى فَرَغَ ثُمَّ قَالَ لاَ تَتِمُّ صَلاَةُ أَحَدِكُمْ

۳۱۴- اخرجه ابو داؤد (۲۲۷/۱) كتاب الصلوة' باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع والسجود' الحديث (۸۵۸)' والدارمي (۳۰۵/۱) كتاب الصلوة' باب في الذي لا يتم الركوع والسجود' والبخاري في التاريخ الكبير (۳۱۹/۳)' والحاكم (۲۴۱/۱)' والبيهقي (۱۰۲/۲) في الصلوة' باب امكان الجبهة من الارض في السجود' وفي (۳۴۵/۲) باب من سها فترك ركناً' وابن الجارود رقم (۱۹۴) من طريق همام نا اسحاق به بهذا الاسناد- واخرجه عبد الرزاق (۳۷۰/۲) رقم (۳۷۳۹)' واحمد (۳۴۰/۴)' وابو داؤد رقم (۸۵۷)' (۸۵۹)' (۸۶۰)' (۸۶۱)' والترمذي (۱۰۰/۱) كتاب الصلوة' باب ما جاء في وصف الصلوة الحديث (۳۰۲)' والنسائي (۱۹۳/۲) كتاب الافتتاح' باب الرخصة في ترك الذكر في الركوع' و(۲۲۵/۲) باب الرخصة في ترك الذكر في السجود' والطحاوي في شرح المعاني (۲۳۲/۱)' والطبراني في الكبير رقم (۴۵۲۰)- (۴۵۲۹)' والبيهقي (۱۳۳/۲' ۱۳۴' ۳۷۲' ۳۷۳' ۳۷۴' ۳۸۰)' وابن خزيمة (۵۴۵)' وابو يعلى (۴۹۸/۱۱) رقم (۶۶۲۳) من طرق عن علي بن يحيى بن خلاد بهذا الاسناد-

حَتّٰی يَفْعَلَ ذٰلِكَ.

☆☆ حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ اور حضرت مالک بن رافع رضی اللہ عنہ یہ دونوں بھائی ہیں اور غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔ حضرت رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے ہم آپ کے اردگرد موجود تھے اسی دوران ایک شخص وہاں آیا۔ اس نے قبلے کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی جب اس نے نماز مکمل کر لی تو آ کر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اور حاضرین کو بھی سلام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم پر لازم ہے تم واپس جاؤ اور جا کر نماز ادا کرو کیونکہ تم نے درحقیقت نماز ادا نہیں کی اس شخص نے پھر نماز ادا کرنا شروع کی ہم اس کی نماز کا غور سے جائزہ لیتے رہے ہمیں سمجھ نہیں آئی کہ اس نے کیا غلطی کی ہے؟ جب اس نے نماز ادا کر لی تو وہ آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حاضرین کو سلام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم پر لازم ہے تم جاؤ اور جا کر دوبارہ نماز ادا کرو تم نے درحقیقت نماز ادا نہیں کی۔

ہمام نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے یہ پتہ نہیں ہے حدیث میں کیا مذکور ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دو مرتبہ اس بات کی ہدایت کی یا تین مرتبہ ہدایت کی پھر اس شخص نے عرض کی: میں نے کیا کمی کی ہے؟ مجھے یہ نہیں پتہ چل سکا کہ آپ میری نماز کے کس حصے کو غلط قرار دے رہے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی شخص کی نماز اس وقت تک مکمل نہیں ہوتی جب تک وہ اچھی طرح سے اسی طرح وضو نہیں کر لیتا جیسے اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا ہے آدمی پہلے اپنے چہرے کو دھوئے پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک دھوئے پھر اپنے سر کا مسح کرے دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئے اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا ذکر کرے اس کی ثناء بیان کرے پھر سورۂ فاتحہ پڑھے پھر جو اس کے نصیب میں ہو اسے آسان لگے (قرآن کے کچھ حصے) کی تلاوت کرے پھر تکبیر کہے اور رکوع میں جائے اور اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے یہاں تک کہ اس کے جوڑ مطمئن ہو جائیں اور کشادہ رہیں پھر وہ ''سمع اللہ لمن حمدہ'' پڑھے اور سیدھا کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ اس کی پشت سیدھی ہو جائے اور ہر ہڈی اپنی جگہ پر آ جائے پھر وہ تکبیر کہہ کر سجدے میں چلا جائے اور اپنی پیشانی کو جما کر رکھے۔

ہمام نامی راوی نے یہاں بعض اوقات یہ لفظ نقل کیے ہیں: اپنی پیشانی زمین پر رکھے یہاں تک کہ اس کے جوڑ اطمینان کی حالت میں آ جائیں اور کشادہ ہو جائیں پھر وہ تکبیر کہتے ہوئے اپنی سرین کے بل بیٹھ جائے اور اپنی پشت کو سیدھا رکھے۔

اس کے بعد انہوں نے چاروں رکعات میں نماز کے طریقے کو اسی طرح بیان کیا یہاں تک کہ اسے مکمل بیان کر دیا اور (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) یہ ارشاد فرمایا:

''کسی بھی شخص کی نماز اس وقت تک مکمل نہیں ہوتی جب تک وہ ایسا نہ کرے''۔

حدیث کے راوی صحابی کا تعارف:

حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ

ان کا سلسلہ نسب یہ ہے:
رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان بن عمرو بن عامر بن زرق۔
ان کا تعلق انصار کے قبیلے خزرج کی شاخ ''بنو زریق'' سے تھا۔ یہ بیعتِ عقبہ میں شریک ہوئے ہیں۔
انہیں غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد اور غزوۂ خندق' بیعت رضوان بلکہ تمام غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شرکت کرنے کا شرف حاصل ہے۔
ان کے بھائی مالک بھی غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف رکھتے ہیں۔
حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ نے جنگ جمل میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی اور جنگ صفین میں بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حجاج بن منہال انماطی ابومحمد سلمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں) بصری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 217ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۵۴)(۱۶۳)۔

○ علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک بن عجلان زرقی انصاری: یہ ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 129ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۶)(۴۲۷)۔

○ یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک عجلانی انصاری زرقی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 70ھ کے آس پاس میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۳۴۶)(۵۳)۔

•••———•••———•••

○ شداد بن عبداللہ قرشی ابوعمار دمشقی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۳۲)(۲۷۷۱)۔

373- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ .

هٰذَا اِسْنَادٌ ثَابِتٌ صَحِيْحٌ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اس کی سند ''ثابت'' اور ''صحیح'' ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یزید بن عبداللہ بن یزید بن میمون بن مہران الیمامی نزیل مکۃ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۷۸)(۷۷۹۴)۔

374- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَابِطٍ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اَوْ عَنْ اَخِي اَبِي اُمَامَةَ قَالَ رَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَوْمًا عَلٰى اَعْقَابِ اَحَدِهِمْ مِثْلُ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ اَوْ مِثْلُ مَوْضِعِ الظُّفُرِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ قَالَ - فَجَعَلَ يَقُوْلُ وَيْلٌ لِلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ . فَكَانَ اَحَدُهُمْ يَنْظُرُ فَاِنْ رَاَى مَوْضِعًا لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ اَعَادَ الْوُضُوْءَ .

★★ عبدالرحمان بن سابط نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' یا شاید حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے بھائی کے

۳۷۴- اخرجه الطبراني (۸/۲۴۸-۲۴۹) رقم (۸۱۱۶) من طريق عبد الواحد بهذا الاسناد' واخرجه الطبراني في (الكبير) (۸/۳۴۷) رقم (۸۱۰۹) من طريق علي بن مسهر عن ليث ابن ابي سليم عن عبد الرحمن بن سابط عن ابي امامة واخيه' قالا: ابصر رسول الله صلى الله عليه وسلم قومًا يتوضؤن' فقال: (ويل للاعقاب من النار) واخرجه الطبراني (۸/۲۴۷-۲۴۸) رقم (۸۱۱۰' ۸۱۱۱' ۸۱۱۲' ۸۱۱۴' ۸۱۱۵) من طرق عن ليث عن عبد الرحمن بن سابط عن ابي امامة وحده' به- وقال الهيثمي في (المجمع) (۱/۲۴۵): رواه الطبراني في (الكبير) من طرق ففي بعضها عن ابي امامة واخيه' وفي بعضها عن ابي امامة فقط' وفي بعضها عن اخيه فقط ...... ومدار طرقه كلها عن ليث بن ابي سليم وقد اختلط- اه- وحديث: (ويل للاعقاب من النار) صرح السيوطي بتواتره في (الازهار المتناثرة) ص (۳۶) رقم (۱۶) وتبعه الشيخ ابو الفيض الكتاني ص (۶۸' ۶۹) وقال: ومن صرح بانه متواتر الشيخ عبد الرء وف المناوي في (شرح الجامع الصغير)' وشارح كتاب مسلم الثبوت في الاصول- اه-

حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے کچھ لوگوں کو دیکھا (وضو کرتے ہوئے) ان میں سے کسی شخص کی ایڑھی کے ایک درہم جتنے یا شاید ایک ناخن جتنے حصہ تک پانی نہیں پہنچا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمانا شروع کیا: بعض ایڑھیوں کے لیے جہنم کی بربادی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) آدمی کو اس بات کا جائزہ لے لینا چاہیے اگر وہ کوئی ایسی جگہ دیکھے جہاں تک پانی نہیں پہنچا تو وہ دوبارہ وضو کرے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن سابط، (اور ایک قول کے مطابق:) ابن عبداللہ بن سابط، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 118ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۵۷۹)(۳۸۹۲)۔

375- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ اَنَّهُ سَمِعَ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَدْ تَوَضَّاَ وَتَرَكَ عَلٰى قَدَمَيْهِ مِثْلَ الظُّفُرِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ارْجِعْ فَاَحْسِنْ وُضُوْءَكَ. تَفَرَّدَ بِهِ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ قَتَادَةَ وَهُوَ ثِقَةٌ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے وضو کر لیا تھا اور اپنے پاؤں کا ایک ناخن جتنا حصہ چھوڑ دیا تھا (وہاں تک پانی نہیں پہنچا تھا) تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا: تم واپس جاؤ اور اچھی طرح وضو کرو۔

اس روایت کو قتادہ سے نقل کرنے میں جریر بن حازم نامی راوی منفرد ہیں اور یہ راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جریر بن حازم بن زید بن عبداللہ ازدی ابونضر بصری والد وہب، علم "اسماء الرجال" کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 170ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے

۳۷۵- اخرجه احمد (۳/۱۴۶)، وابنه عبد الله في زوائد المسند (۳/۱۴۶)، وابو داؤد (۱/۴۴) كتاب الطهارة، باب تفريق الوضوء، الحديث (۱۷۳)، وابن ماجه (۱/۲۱۸) كتاب الطهارة وسننها، باب من توضا فترك موضعًا لم يصبه الماء، الحديث (۶۶۵)، وابن خزيمة رقم (۱۶۴) وابو يعلى في مسنده (۵/۳۲۲) رقم (۲۹۴۴)- قال ابو داؤد: (وهذا الحديث ليس بمعروف عن جرير بن حازم، ولم يروه الا ابن وهب، وقد روى عن معقل بن عبيد الله الجزري عن ابي الزبير عن جابر عن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه قال: (ارجع فاحسن وضوءك)- اه-

ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۱۹۶)(۹۱۹)۔

376- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ اِمْلَاءً حَدَّثَنَا اَبُوْ فَرْوَةَ يَزِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ حَدَّثَنَا الْوَازِعُ بْنُ نَافِعٍ وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ الْحَرَّانِيُّ عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَجَآءَ رَجُلٌ.

وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ بَهْرَامٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ جَاءَ رَجُلٌ قَدْ تَوَضَّا وَبَقِيَ عَلٰى ظَهْرِ قَدَمِهٖ مِثْلُ ظُفُرِ اِبْهَامِهٖ لَمْ يَمَسَّهُ الْمَاءُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِرْجِعْ فَاَتِمَّ وُضُوْءَكَ . فَفَعَلَ . وَالْمَعْنٰى مُتَقَارِبٌ . الْوَازِعُ بْنُ نَافِعٍ ضَعِيفُ الْحَدِيثِ.

☆☆ سالم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا' اسی دوران ایک شخص آیا۔

ایک اور روایت میں یہ بات منقول ہے' سالم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص آیا' جس نے وضو کیا تھا اور اس نے اپنے پاؤں کی پشت کا کچھ حصہ' جو اس کے پاؤں کے ناخن کے انگوٹھے جتنا تھا' اس تک پانی نہیں پہنچایا تھا (یعنی وہ حصہ وضو میں خشک رہ گیا تھا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم واپس جاؤ اور اپنے وضو کو مکمل کرو! تو اس شخص نے ایسا ہی کیا۔

اس حدیث کا مفہوم ایک دوسرے کے قریب ہے' اس کا ایک راوی وازع بن نافع علمِ حدیث میں ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یزید بن محمد بن یزید بن سنان ابوفروۃ الرھاوی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے ان کے بارے میں جرح و تعدیل کے حوالے سے کچھ نقل نہیں کیا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۹/۲۸۸)(۱۲۳۰)۔

○ مصعب بن سعید ابوخیثمۃ مصیصی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۴۳۵)(۸۵۶۷)۔

۳۷۶- اخرجه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين رقم (۴۲۹)، وفي الصغير (۱/۱۷-۱۸)، والعقيلي في الضعفاء (۴/۱۸۲) من طريق المغيرة بن سقلاب عن الوازع به- قال الطبراني في الصغير: (لا يروى عن ابي بكر الصديق الا بهذا الاسناد، تفرد به المغيرة بن سقلاب)- اه- وقال العقيلي في ترجمة مغيرة بن سقلاب: (لا يتابعه الا من هو نحوه)- اه- وقال الهيثمي في المجمع (۱/۲۴۶): رواه الطبراني في الاوسط والصغير، وفيه الوازع بن نافع وهو مجمع على ضعفه)- اه-

○ مغیرۃ بن سقلاب ابوبشر حرانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف اور متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المجروحین (۳/ ۸)۔

○ واسع بن نافع عقیلی جزری قال ابن معین: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۷/ ۱۱۵) (۹۳۲۸)۔

377- وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى رَجُلاً فِي رِجْلِهِ لُمْعَةٌ لَمْ يُصِبْهَا الْمَاءُ حِينَ تَطَهَّرَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِهَذَا الْوُضُوءِ تَحْضُرُ الصَّلاَةَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَغْسِلَ اللُّمْعَةَ وَيُعِيدَ الصَّلاَةَ.

☆☆ عبید بن عمیر بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ ایک شخص کو دیکھا جس کے پاؤں کا کچھ حصہ خشک تھا اور وضو کرتے ہوئے وہاں تک پانی نہیں پہنچا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اس وضو کے ساتھ تم نماز میں شریک ہو گئے تھے؟ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے حکم دیا' وہ اس خشک جگہ کو دھوئے اور دوبارہ نماز پڑھے۔

378- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْوَكِيلُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الْحَجَّاجِ وَعَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ رَأَى رَجُلاً وَبِظَهْرِ قَدَمِهِ لُمْعَةٌ لَمْ يُصِبْهَا الْمَاءُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ أَبِهَذَا الْوُضُوءِ تَحْضُرُ الصَّلاَةَ قَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ الْبَرْدُ شَدِيدٌ وَمَا مَعِي مَا يُدْفِئُنِي فَرَقَّ لَهُ بَعْدَ مَا هَمَّ بِهِ قَالَ فَقَالَ لَهُ اغْسِلْ مَا تَرَكْتَ مِنْ قَدَمِكَ وَأَعِدِ الصَّلاَةَ وَأَمَرَ لَهُ بِخَمِيصَةٍ.

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے' ایک مرتبہ انہوں نے ایک شخص کو دیکھا' جس کے پاؤں کی پشت کا کچھ حصہ خشک تھا' وہاں تک پانی نہیں پہنچا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: کیا اس وضو کے ساتھ تم نماز میں شامل ہوئے ہو؟ اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! سردی بہت زیادہ ہے اور میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو اس کو روک سکے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پہلے اس پر سختی کرنے لگے تھے' یہ بات سن کر نرم پڑ گئے اور اس سے فرمایا: تم نے اپنے پاؤں کا جو حصہ چھوڑا ہے' اسے دھو لو اور نماز دوبارہ پڑھو' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے جبہ دینے کی ہدایت کی۔

379- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلاَمِ بْنُ صَالِحٍ

۳۷۷ اخرجه ابو بكر بن ابي شيبة في المصنف (۱/ ۴۵) رقم (۴۴۶) وسياتي عند المصنف بعد هذا من طريق احمد بن عبد الله' نا الحسن بن عرفة كما سياتي' ومن طريقه اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۸۴) كتاب الطهارة' باب تفريق الوضوء- واخرجه عبد الرزاق (۱/ ۳۶) رقم (۱۱۸) عن معمر عن خالد الحذاء عن ابي قلابة: ان عمر بن الخطاب راى رجلا يصلي' وقد ترك من رجله موضع ظفره' فامره ان يعيد الوضوء والصلوة- ورواه ابن ابي شيبة (۱/ ۴۵) رقم (۴۴۷): حدثنا ابن علية عن خالد عن ابي قلابة: ان عمر راى رجلا يصلي قد ترك على ظهر قدمه مثل الظفر' فامره ان يعيد وضوءه وصلاته- وقد اخرج مسلم (۲/ ۱۲۲) كتاب الطهارة' باب وجوب استيعاب جميع اجزاء محل الطهارة' الحديث (۲۴۳) وغيره- وذكره ابو داؤد (۱/ ۴۴) كتاب الطهارة' باب تفريق الوضوء' الحديث (۱۷۳) من طريق ابي الزبير عن جابر عن عمر ان رجلا توضا' فترك موضع ظفر على قدمه' فابصره النبي صلى الله عليه وسلم' فقال: (ارجع فاحسن وضوءك) فرجع ثم صلى-

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَرْضِيٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَرَجَ عَلَيْهِمْ ذَاتَ يَوْمٍ وَّقَدِ اغْتَسَلَ وَقَدْ بَقِيَتْ لُمْعَةٌ مِّنْ جَسَدِهٖ لَمْ يُصِبْهَا الْمَاءُ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ لُمْعَةٌ لَمْ يُصِبْهَا الْمَاءُ فَكَانَ لَهٗ شَعْرٌ وَّارِدٌ فَقَالَ بِشَعْرِهٖ هٰكَذَا عَلَى الْمَكَانِ قَبْلَهٗ .عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ هٰذَا بَصْرِيٌّ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَغَيْرُهٗ مِنَ الثِّقَاتِ يَرْوِيْهِ عَنْ إِسْحَاقَ عَنِ الْعَلَاءِ مُرْسَلًا.

☆☆ علاء بن زیادٔ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم میں سے ایک صاحب کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں:

ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس تشریف لائے۔آپ نے غسل کیا ہوا تھا' لیکن آپ کے جسم کا کچھ حصہ خشک رہ گیا تھا جہاں تک پانی نہیں پہنچا تھا۔ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ حصہ خشک رہ گیا ہے' یہاں تک پانی نہیں پہنچا'! نبی اکرم ﷺ کے بال مبارک گھنے تھے' آپ نے اپنے (گیلے) بالوں کی نمی کے ذریعے اس حصے کو تر کرلیا۔

اس روایت کا ایک راوی عبدسلام بن صالح بصری ہے اور مستند نہیں ہے۔

دیگر ثقہ راویوں نے اسے اسحاق نامی راوی کے حوالے سے' علاء نامی راوی کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالسلام بن صالح بن سلیمان ابوصلت ہروی مولی قریش نزل نیشاپور، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۸)(۴۰۹۸)۔

○ اسحٰق بن سوید بن ہبیرۃ عدوی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 131ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۹)(۳۶۱)۔

○ علاء بن زیاد بن مطر عدوی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۶۰)(۵۲۷۳)۔

۲۷۹- اخرجه ابو داؤد في المراسيل رقم (۷): حدثنا موسى بن اسماعيل' اخبرنا حماد عن اسحاق بن سويد عن العلاء بن زياد عن النبي صلى الله عليه وسلم ...... فذكره بمعناه- ورواه ابن ابي شيبة (۴۵/۱) رقم (۴۴۴): حدثنا هشيم وابن علية ومعتمر عن اسحاق بن سويد العدوي قال: حدثنا العلاء ...... فذكره- وقد اخرجه ابن ابي شيبة (۴۶/۱) رقم (۴۵۶)' ومن طريقه ابن ماجه في سننه (۲۱۷/۱) كتاب الطهارة' باب من اغتسل من الجنابة' الحديث (۶۶۳): ثنا يزيد بن هارون' ثنا مسلم بن سعيد عن ابي علي الرحبي عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم اغتسل من جنابة' فرأى لمعة لم يصبها الماء فقال بجمته فبلها عليها- قال البوصيري (۲۲۹/۱): (هذا اسناد ضعيف: ابو علي الرحبي اسمه: حسين بن قيس' اجمعوا على ضعفه)- اه-

380- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْوَكِيلُ قَالاَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ الْعَدَوِيِّ حَدَّثَنَا الْعَلاَءُ بْنُ زِيَادٍ الْعَدَوِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ فَرَأَى عَلَى عَاتِقِهِ لُمْعَةً بِهٰذَا وَقَالَ فَقَالَ بِشَعْرِهِ وَهُوَ رَطْبٌ هٰذَا مُرْسَلٌ وَهُوَ الصَّوَابُ.

☆☆ علاء بن زیاد عدوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے غسل جنابت کیا' پھر آپ نے اپنی گردن پر تھوڑا سا خشک حصہ ملاحظہ کیا' راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے سر کو حرکت دی تو (تو بالوں سے گرنے والے پانی کے قطروں سے) وہ تر ہو گیا۔

یہ روایت مرسل ہے اور یہی درست ہے۔

39- باب التَّنَشُّفِ مِنْ مَّاءِ الْوُضُوْءِ.

باب: وضو کے (پانی) یعنی اعضاء کو خشک کرنا

- **381**حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ أَبِي مُعَاذٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خِرْقَةٌ يَتَنَشَّفُ بِهَا بَعْدَ وُضُوئِهِ .أَبُو مُعَاذٍ هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ أَرْقَمَ وَهُوَ مَتْرُوكٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کا ایک مخصوص کپڑا تھا جس کے ذریعے آپ وضو کے اعضاء کو خشک کر لیتے تھے۔

اس روایت کا راوی ابومعاذ' سلیمان بن ارقم ہے اور یہ متروک ہے۔

382- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الأَزْرَقُ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ الأُمَوِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ تَوَضَّأَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَأَخَذْتُ مِنْ وَضُوئِهِ فَصَبَبْتُهُ فِي بِئْرِي.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے وضو کیا' میں نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی لیا اور اسے

۳۸۱ –اخرجه الترمذي (۱/ ۷٤) كتاب الطهارة' باب ما جاء في التمندل بعد الوضوء' الحديث (٥٣): حدثنا سفيان بن وكيع بن الجراح' حدثنا عبد الله بن وهب' به فذكره بسنده ومتنه' ومن طريقه ابن الجوزي في العلل رقم (٥٨٣)' وكذا رواه الحاكم (۱/ ٥٤): حدثنا ابو العباس محمد ابن يعقوب' انبا محمد بن عبد الله بن عبد الحكم' انبا ابن وهب فذكره' ومن طريقه البيهقي في الكبرى (۱/ ۱۸٥) كتاب الطهارة' باب التمسح بالمنديل' وقال الترمذي: (محديث عائشة ليس بالقائم' ولا يصح عن النبي صلى الله عليه وسلم في هذا الباب شيء- وابو معاذ: يقولون: هو (سليمان بن ارقم)' وهو ضعيف عند اهل الحديث)- اه- وقال الحاكم: (ابو معاذ هذا: هو الفضل بن ميسرة بصري' روى عنه يحيى بن سعيد' واثنى عليه)- اه- وضعف الحديث البغوي في شرح السنة (۱/ ۲٤۲)' والزيلعي في نصب الراية (۱/ ۱۰۱)' والحافظ في التلخيص (۱/ ۱۷۱)-

۳۸۲ لم نقف عليه عند غير المصنف' والله اعلم- وفي اسناده عمر بن ابي سلمة بن عبد الرحمن' وثقه جماعة' قال الذهبي في الميزان (٥/ ۲٤۲): (لعمر عن ابيه مناكير' وقد علق له البخاري قصة جريج الرعي' فقال: وقال عمر بن ابي سلمة عن ابيه)- اه-

اپنے کنوئیں میں ڈال دیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عنبسۃ بن سعید بن ابان بن سعید بن العاص بن سعید اموی اخو یحییٰ بن سعید: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۶۲/۵) (۶۵۱۶)۔

○ عبداللہ بن مبارک مروزی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 181ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۴۰) (۳۵۹۵)۔

○ عمر بن ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۲۰) (۴۹۴۴)۔

40- باب فِیْ نَضْحِ الْمَآءِ عَلَی الْفَرْجِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ

باب: وضو کرنے کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا

383- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ اَبُوْ يَحْيَى الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنَا عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَاهُ فِيْ اَوَّلِ مَا اُوحِيَ اِلَيْهِ فَاَرَاهُ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ الْوُضُوْءِ اَخَذَ حَفْنَةً مِنَ الْمَآءِ فَنَضَحَ بِهَا فَرْجَهُ.

☆☆ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما اپنے والد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں: جب آپ پر پہلی مرتبہ وحی نازل ہوئی تھی' اس کے قریب کے زمانے میں حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

۳۸۳- اخرجه ابن ماجه (۱۵۷/۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في النضح بعد الوضوء' الحديث (٤٦٢)' والحاكم (۲۱۷/۳)' والبيهقي (۱٦۱/۱) كتاب الطهارة' باب الانتضاح بعد الوضوء : لرد الوسواس' واحمد (۱٦۱/٤) وعبد بن حميد (۲۸۳- منتخب) من طريق ابن لهيعة عن عقيل بن خالد عن ابن شهاب عن عروة عن اسامة بن زيد عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم ' به- وقد رواه احمد وابنه عبد الله (۲۰۳/۵) من طريق رشيد بن سعد بن عقيل' به' وسياتي عند المصنف في الحديث التالي (۳۸٤)- وللحديث شاهد من حديث ابي هريرة- اخرجه الترمذي (۷۱/۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في النضح بعد الوضوء' الحديث (٥۰): حدثنا نصر بن علي الجهضمي واحمد بن ابي عبيد الله السليمي البصري' قالا: ثنا ابو قتيبة سلم بن قتيبة عن الحسن بن علي الهاشمي عن عبد الرحمن الاعرج عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (جاء نيجبريل فقال: (يا محمد' اذا توضات فانتضح) ورواه بن ماجه (۱۵۷/۱) كتاب الطهارة' باب ما جاء في النضح بعد الوضوء' الحديث (٤٦۳)' من طريق سلم بن قتيبة به بلفظ: (قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : اذا توضات فانتضح)- اه- قال الترمذي: هذا حديث غريب' وسمعت محمدا يقول: الحسن بن علي الهاشمي منكر الحديث)- اه-

خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کو وضو کرنے اور نماز پڑھنے کا طریقہ کر کے دکھایا۔ جب وہ وضو کر کے فارغ ہوئے تو انہوں نے چلّو میں پانی لیا اور اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑک دیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن احمد بن ابراہیم بن قریش بن حازم بن صبیح بن صباح ابوعبداللہ الکاتب یعرف بالحکیمی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 336ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱/۲۶۷)(۱۰۲)۔

○ ہیثم بن خارجۃ مروزی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 227ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۳۰)(۷۳۱۴)۔

○ قرۃ بن عبدالرحمٰن بن حیویل معافری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۰۰)(۵۵۷۶)۔

384- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْكَاتِبُ حَدَّثَنَا حَمْدَانُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا هَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ عَنْ عُقَيْلٍ وَقُرَّةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا نَزَلَ عَلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَرَاهُ الْوُضُوْءَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ وُضُوْئِهٖ اَخَذَ حَفْنَةً مِنْ مَّاءٍ فَرَشَّ بِهَا فِي الْفَرْجِ.

☆☆ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ پر نازل ہوئے تو (ابتدائی زمانے میں) انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو وضو کا طریقہ کر کے دکھایا' جب وہ وضو کر کے فارغ ہوئے تو انہوں نے چلّو میں پانی لے کر اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑک لیا۔

حدیث روایت کرنے والے صحابی کا تعارف:

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

(آپ کا شجرہ نسب یہ ہے) اسامہ بن زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب بن عبدالعزی بن زید بن امرء القیس بن عامر بن نعمان بن عامر بن عبدود بن عوف بن کنانہ بن بکر بن عوف بن عذرہ بن زید لات بن رفیدہ بن ثور بن کلب بن وبرہ کلبی۔

ان کی والدہ سیّدہ اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ''دائی ماں'' تھیں۔

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی کنیت بعض حضرات نے ''ابومحمد'' نقل کی ہے اور بعض نے ''ابوزید'' نقل کی ہے جبکہ بعض نے ''ابوخارجہ'' بھی نقل کی ہے۔

یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں اور حب رسول اللہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب شخصیت) کے لقب سے پکارے جاتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نقل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اسامہ مجھے سب لوگوں سے زیادہ محبوب ہے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) میرے محبوب لوگوں میں سے ایک ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اٹھارہ برس کی عمر میں عامل مقرر کیا تھا۔

مشہور روایت کے مطابق حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت کے آخری دور میں سن ۵۸ یا ۵۹ میں انتقال فرمایا۔

بعض لوگوں کے بیان کے مطابق ان کا انتقال ۵۴ ہجری میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن میمون الاسکندرانی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 262ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۵۶۴/۲۵)(۵۳۲۸)۔

طبقات ابن سعد (189/2) طبقات خلیفه (ص 297/6) التاریخ الکبیر (20/2) الجرح والتعدیل (283/2) الثقات لابن حبان (2/3) المستدرك (596/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (181/2) الاستیعاب (75/1) تہذیب الکمال (338/2) اسد الغابة (79/1) الاصابة (29/1) التہذیب (208/1) التقریب (ص 98) وانظر ایضا مناقبة فی صحیح البخاری (87/7) ومسلم (1884/4) الریاض المستطابة (ص 30)

۲۸۵-اخرجه الترمذي (۱/ ۱۸۰-۱۸۱) كتاب الطهارة: باب ما جاء: اذا التقى الختانان وجب الغسل، الحديث (۱۰۸)، وابن ماجه (۱/ ۱۹۹) كتاب الطهارة: باب ما جاء في وجوب الغسل اذا التقى الختانان، الحديث (۱۰۸)، واحمد (۱/ ۱٦۱)، والنسائي (۱/ ۱۰۸) كتاب الطهارة: باب وجوب الغسل اذا التقى الختانان، الحديث (۱۹٦) من السنن الكبرى، والبيهقي في الكبرى (۱/ ۱٦٤) كتاب الطهارة: باب وجوب الغسل بالتقاء الختانين، وابن حبان في صحيحه (۲/ ٤٥۲) رقم (۱۱۷٦)- كلهم من طريق الوليد بن مسلم عن الاوزاعي' به' وقد اخرجه المصنف والبيهقي (۱/ ۱٦٤) من طريق الوليد بن مزيد عن الاوزاعي' به' وسياتي بعد هذا عند المصنف- ورواه ابن الجارود في المنتقى رقم (۹۳) منطريق بشر بن بكر عن الاوزاعي' به' بلفظ المصنف والبيهقي- قال الحافظ في التلخيص (۱/ ۲۳۳): (اعله البخاري بان الاوزاعي اخطا فيه' ورواه غيره عن عبد الرحمن بن القاسم مرسلاً' واستدل على ذلك بان ابا الزناد قال: سالت القاسم بن محمد سمعت في هذا الباب شيئاً؟ فقال: لا- واجاب من صححه بانه يحتمل ان يكون القسم نسيه ثم تذكر' فحدث به ابنه' اوكان حدث به ابنه ثم نسي' ولا يخلو الجواب عن نظر)- اه- وللحديث طرق عن عائشة' بعضها في صحيح مسلم' وانظر الحديث رقم (۲۸۷)-

41- باب فِيْ وُجُوبِ الْغُسْلِ بِالْتِقَاءِ الْخِتَانَيْنِ وَاِنْ لَمْ يُنْزِلْ

باب: شرمگاہوں کے مل جانے سے غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہوا ہو

385- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ فَعَلْتُهُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاغْتَسَلْنَا.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب شرمگاہ شرمگاہ سے مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ایسا کرتے تھے تو ہم دونوں غسل کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق تیمی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 126ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۹۵)(۴۰۰۷)۔

توضیح مسئلہ:

یہاں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے جو مسئلہ ذکر کیا ہے اس کے بارے میں بعض صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان اختلاف منقول ہے۔ مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن رُشد مالکی رحمۃ اللہ علیہ ان حضرات کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

﴿المسالة الاولی﴾ اختلف الصحابة رضی الله عنهم فی سبب ایجاب الطهر من الوطء فمنهم من رای الطهر واجبا فی التقاء الختانین انزل ام لم ینزل وعلیه اکثر فقهاء الامصار مالك واصحابه والشافعی واصحابه وجماعة من اهل الظاهر وذهب قوم من اهل الظاهر الی ایجاب الطهر مع الانزال فقط والسبب فی اختلافهم فی ذلك تعارض الاحادیث فی ذلك لانه ورد فی ذلك حدیثان ثابتان اتفق اهل الصحیح علی تخریجهما .قال قاضی رضی الله عنه: ومتی قلت ثابت فانما اعنی به ما اخرجه البخاری ومسلم او ما اجتمعا علیه: احدهما حدیث ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی علیه الصلاة والسلام انه قال "اذا قعد بین شعبها الاربع والزق الختان بالختان فقد اوجب الغسل "والحدیث الثانی حدیث عثمان انه سئل فقیل له " ارایت الرجل اذا جامع اهله ولم یمن ؟ قال عثمان: یتوضا کما یتوضا للصلاة سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم "فذهب العلماء فی هذین الحدیثین مذهبین: احدهما مذهب النسخ والثانی مذهب الرجوع الی ما علیه الاتفاق عند التعارض الذی لا یمکن الجمع فیه ولا الترجیح .فالجمهور راوا ان

حديث ابی هريرة ناسخ لحديث عثمان ومن الحجة لهم على ذلك ما روی عن ابی بن كعب انه قال: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انما جعل ذلك رخصة في اول الاسلام ثم امر بالغسل خرجه ابو داود. واما من رای ان التعارض بين هذين الحديثين هو مما لا يمكن الجمع فيه بينهما ولا الترجيح فوجب الرجوع عنده الى ما عليه الاتفاق وهو وجوب الماء من الماء. وقد رجح الجمهور حديث ابی هريرة من جهة القياس قالوا: وذلك انه لما وقع الاجماع على ان مجاورة الختانين توجب الحد وجب ان يكون هو الموجب للغسل وحكموا ان هذا القياس ماخوذ عن الخلفاء الاربعة ورجح الجمهور ذلك ايضا من حديث عائشة لاخبارها ذلك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم خرجه مسلم [1]

توضیح مسئلہ:

صحبت کی وجہ سے غسل لازم ہونے کے سبب کے بارے میں صحابہ کرام کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

ان میں سے بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں: محض شرم گاہیں مل جانے کی وجہ سے غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

اکثر فقہاء اسی بات کے قائل ہیں؛ جن میں امام مالک' ان کے اصحاب' امام شافعی' ان کے اصحاب اور اہلِ ظاہر کی ایک جماعت شامل ہے۔

اہلِ ظاہر کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے: غسل اس وقت لازم ہوتا ہے جب انزال ہو۔

ان حضرات کے درمیان اختلاف کی وجہ وہ روایات ہیں جن میں ظاہر طور پر تعارض پایا جاتا ہے کیونکہ اس حوالے سے دو طرح کی روایات منقول ہیں جو دونوں مستند طور پر منقول ہیں اور حدیث کی مستند کتابوں کے مصنفین نے انہیں نقل کیا ہے۔

قاضی (یعنی شیخ ابن رشد) فرماتے ہیں: جب میں یہ کہتا ہوں: یہ روایت ثابت ہے تو میری اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم نے نقل کیا ہے۔

اس حوالے سے ان دونوں حضرات نے جو روایت نقل کی ہے' ان میں سے ایک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب مرد عورت کا قرب اختیار کرے اور شرم گاہ کو شرم گاہ سے ملا دے تو غسل واجب ہو جاتا ہے''۔

جبکہ دوسری حدیث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' ان سے یہ سوال کیا گیا ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتا ہے لیکن اسے انزال نہیں ہوتا؟ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: وہ نماز کے وضو کی طرح وضو کرے گا (یعنی اس پر غسل کرنا لازم نہیں ہے) پھر انہوں نے یہ بات بتائی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔

---

[1] (بداية المجتهد 'كتاب الطهارة من الحدث' الباب الثانی فی معرفة نواقض هذه الطهارة 65/1)

(مصنف فرماتے ہیں:) ان دونوں احادیث کے حوالے سے علماء نے دو طرح کا طرزِ عمل اختیار کیا ہے' ایک نسخ کے طور پر ہے جبکہ دوسرا تعارض کی صورت میں ہے' جب دونوں روایات کے درمیان جمع اور تطبیق ممکن نہ رہے اور اس وقت وہ اس صورت کو اختیار کریں جس پر اتفاق ہو۔

جمہور اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول روایت اس حدیث کے حکم کو منسوخ قرار دیتی ہے جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

ان کے حق میں وہ روایت بھی پیش کی جا سکتی ہے جسے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے آغاز میں اس بات کی اجازت دی تھی' پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی صورت میں غسل کرنے کا حکم دیا۔

اس روایت کو امام ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔

جو فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ان دونوں روایات میں موجود تعارض کو جمع اور تطبیق کے طور پر یا ترجیح کے ساتھ ختم نہیں کیا جا سکتا ان کے نزدیک ایسی صورتِ حال میں اس حکم کی طرف رجوع کرنا لازم ہو جاتا ہے جس پر اتفاق پایا جاتا ہو اور وہ حکم یہ ہے: جب انزال ہوگا' اس وقت غسل کرنا لازم ہوتا ہے (اس پر سب کا اتفاق ہے)۔

جمہور اہلِ علم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول روایت کو قیاس کے حوالے سے ترجیح دی ہے۔

انہوں نے یہ قیاس پیش کیا ہے: جب شرم گاہ' شرم گاہ سے مل جائے (یعنی ناجائز طور پر مل جائے) تو اس کے نتیجے میں حد لازم ہو جاتی ہے اور اس بات پر سب کا اتفاق ہے (حد کے لازم ہونے کے لیے انزال شرط نہیں ہے) تو غسل بھی محض اسی وجہ سے لازم ہونا چاہیے۔

اہلِ علم نے یہ بات بیان کی ہے: یہ قیاس چاروں خلفائے راشدین سے منقول ہے۔

اسی طرح جمہور نے اپنے موقف کی تائید میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول اس روایت کو بھی پیش کیا ہے' کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کی ہے جسے امام مسلم نے نقل کیا ہے۔

386- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ الْمَرْاَةَ فَلَا يُنْزِلُ الْمَاءَ قَالَتْ فَعَلْتُهُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاغْتَسَلْنَا مِنْهُ جَمِيْعًا .رَفَعَهُ الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَّالْوَلِيْدُ بْنُ مَزْيَدٍ .وَرَوَاهُ بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ وَّاَبُو الْمُغِيْرَةِ وَعَمْرُو بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْمِصِّيْصِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ وَّغَيْرُهُمْ مَوْقُوْفًا .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو بیوی کے ساتھ صحبت کرتا ہے اور اسے انزال نہیں ہوتا' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ایسا کرتے تھے تو ہم دونوں ایک ساتھ غسل کیا کرتے تھے۔

یہی روایت بعض دیگر حوالوں سے ''مرفوع'' روایت کے طور پر منقول ہے اور بعض اسناد کے حوالے سے ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عباس بن ولید بن مزید بیروتی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 269ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۸۹)(۳۲۰۹)۔

○ ولید بن مزید عذری ابوالعباس البیروتی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۴۱)(۷۵۰۴)۔

387- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنِي عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ -يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ - قَالَ اَخْبَرَتْنِي اُمُّ كُلْثُومٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ اَهْلَهُ ثُمَّ يُكْسِلُ هَلْ عَلَيْهِ غُسْلٌ وَّعَائِشَةُ جَالِسَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنِّي لَاَفْعَلُ ذٰلِكَ اَنَا وَهٰذِهِ ثُمَّ نَغْتَسِلُ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُم کلثوم رضی اللہ عنہا نے مجھے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات بتائی ہے' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتا ہے اور پھر انزال ہونے سے پہلے (صحبت ختم کر دیتا ہے)' کیا اس پر غسل کرنا لازم ہوگا؟ تو اس وقت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بھی وہاں بیٹھی ہوئی تھیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: میں اور یہ (یعنی سیّد عائشہ رضی اللہ عنہا) بعض اوقات اس طرح بھی کر لیتے ہیں لیکن پھر ہم غسل کرتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عیاض بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن فہری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل

۳۸۷-اخرجه مسلم في صحيحه (۲/ ۲۷٦) كتاب الحيض' باب نسخ الماء من الماء' الحديث (۳۵۰)- والنسائي (۵/ ۳۵۲) كتاب عشرة النساء' باب الرخصة في ان يحدث الرجل بما يكون بينه وبين زوجته' الحديث (۹۱۲٦)' واحمد في المسند (٦/ ٦۸' ۷٤' ۱۱۰)' والطحاوي في شرح المعاني (۱/ ۵۵)' والبيهقي (۱/ ۱٦٤) كتاب الطهارة' باب وجوب الغسل بالتقاء الختانين من طريق ابي الزبير المكي عن جابر بن عبد الله عن ام كلثوم عن عائشة' به-

احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۶۵)(۵۳۱۳)۔

○ ام کلثوم بنت ابی بکر صدیق، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتی ہیں۔ یہ حضرت ابوبکر صدیق کی صاحبزادی ہیں ان کی پیدائش سے پہلے حضرت ابوبکر کا انتقال ہوگیا تھا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۳۸۴) (۸۸۵۷)۔

388- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ فُضَيْلٍ اَبُوْ اَيُّوْبَ الْحَدَّادُ بَصْرِىٌّ عَنْ اَبِىْ ظِلَالٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلَاةَ الصُّبْحِ وَقَدِ اغْتَسَلَ مِنْ جَنَابَةٍ فَكَانَ نُكْتَةٌ مِثْلُ الدِّرْهَمِ يَابِسٌ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا الْمَوْضِعَ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَسَلَتَ شَعْرَهُ مِنَ الْمَآءِ وَمَسَحَهُ بِهٖ وَلَمْ يُعِدِ الصَّلَاةَ .

الْمُتَوَكِّلُ بْنُ فُضَيْلٍ ضَعِيْفٌ .وَرُوِىَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانَ وَهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز ادا کی۔ آپ نے غسل جنابت کیا ہوا تھا' آپ کے جسم مبارک پر ایک درہم جتنا حصہ خشک رہ گیا تھا جہاں تک پانی نہیں پہنچا تھا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس جگہ تک پانی نہیں پہنچا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بالوں میں سے پانی کو اس جگہ ٹپکایا اور وہاں ہاتھ پھیر لیا' آپ نے نماز ازسرنو ادا نہیں کی۔

اس روایت کا راوی متوکل بن فضیل ضعیف ہے۔ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' جس کا ایک راوی متروک الحدیث ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ متوکل بن فضیل حداد۔ عن ابی ظلال: علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۱۸) (۷۰۶۲)۔

○ ہلال بن ابوہلال او ابن ابومالک، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۲۸)(۷۳۹۹)۔

۳۸۸- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۱/۳٤٦) رقم (٥٦٨) من طريق الدارقطني به' واعله ايضا بالمتوكل قال ابو حاتم الرازي: هو مجهول- وانظر الحديث (۳۷۹) (۳۸۰)-

389- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ غَنِيَّةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتِ اغْتَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ جَنَابَةٍ فَرَاٰى لُمْعَةً بِجِلْدِهٖ لَمْ يُصِبْهَا الْمَاءُ فَعَصَرَ خُصْلَةً مِنْ شَعْرِ رَاْسِهٖ فَاَمَسَّهَا ذٰلِكَ الْمَاءَ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل جنابت کیا' پھر آپ کو اپنی جلد پر ایک چھوٹا سا حصہ نظر آیا' جس تک پانی نہیں پہنچا تھا تو آپ نے اپنے سر کے بالوں میں سے کچھ پانی نچوڑا اور وہ پانی اس جگہ پر لگا دیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن حمید بن ابوغنیہ خزاعی، کوفی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۲۲)(۴۲۰۴)۔

○ عطاء بن عجلان حنفی، ابومحمد بصری عطار: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۷۸)(۴۶۲۷)۔

390- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا جَلَسَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ وَاَجْهَدَ نَفْسَهٗ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يُنْزِلْ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص عورت کے ساتھ صحبت کرے تو اس پر غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ اسے انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

391- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ قَتَادَةَ وَمَطَرٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا

۳۸۹- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۱/۳٤٦) رقم (۵٦۹) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد' وقد تقدم من حديث ابن عباس (۳۷۹)- وانظر الحديث السابق-

۳۹۰- اخرجه البخاري (۱/۳۹۵) كتاب الغسل' باب اذا التقى الختانان' الحديث (۲۹۱)' ومسلم (۱/۲۷۱) كتاب الحيض: باب نسخ الماء من الماء ووجوب الغسل بالتقاء الختانين' الحديث (۸۷/۳٤۸)' وابو داؤد (۱/۱۰۵) كتاب الطهارة' باب في الاكسال رقم (۲۱٦)' وابن ماجه (۱/۲۰۰) كتاب الطهارة' باب ما جاء في وجوب الغسل اذا التقى الختانان رقم (٦۰۸)' والدارمي (۱/۱۹٤) كتاب الطهارة' باب في مس الختان الختان' والدارقطني (۱/۱۱۳) كتاب الطهارة' باب في وجوب الغسل بالتقاء الختانين' والبيهقي (۱/۱٦٤)' والطيالسي (۱/۵۹)' واحمد (۲/۲٤۷' ٤۷۰) بلفظ: (اذا جلس بين شعبها ثم جهدها فقد وجب الغسل)- من طرقه عن الحسن عن ابي رافع عن ابي هريرة مرفوعاً-

الْاَرْبَعِ وَاجْتَهَدَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ ۔ قَالَ اَحَدُهُمَا وَاِنْ لَمْ يُنْزِلْ ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ صحبت کرے تو اس پر غسل واجب ہو جاتا ہے۔

ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں' اگرچہ اس کو انزال نہ ہوا ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مطر ابن طہمان وراق، ابو رجاء سلمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 125ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۴۷)(۶۷۴۴)۔

392– حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُرْشِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْغُسْلُ مِنْ اَرْبَعٍ مِّنَ الْجَنَابَةِ وَالْجُمُعَةِ وَالْحِجَامَةِ وَغُسْلِ الْمَيِّتِ ۔

مُصْعَبُ بْنُ شَيْبَةَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَلَا بِالْحَافِظِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: چار وجہ سے غسل لازم ہو جاتا ہے: جنابت کی وجہ سے' جمعہ کے دن' پچھنے لگوانے کے بعد اور میت کو غسل دینے کے بعد۔

اس روایت کا ایک راوی مصعب بن شیبہ مستند نہیں ہے اور حافظ بھی نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن بشر عبدی، ابو عبداللہ کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نوویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 203ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

---

۳۹۲ اخرجه ابن الجوزي في العلل (۱/۳۷۶) رقم (۶۲۹) من طريق الدارقطني به' واخرجه ابو داؤد (۱/۹۶) كتاب الطهارة' باب في الغسل يوم الجمعة' الحديث (۳۴۸)' وفي (۳/۲۰۱) كتاب الجنائز' باب في الغسل من غسل الميت' الحديث (۳۱۶۰)' وابن خزيمة (۱/۱۲۶) رقم (۲۵۶)' والحاكم (۱/۱۶۳)' والخطيب في موضح الاوهام (۱/۱۳۲-۱۳۳)' والبيهقي في الكبرٰى (۱/۲۹۹) كتاب الطهارة' باب الغسل من غسل الميت- كلهم من طريق زكريا بن ابي زائدة' عن مصعب بن شيبة' عن طلق بن حبيب العنزي' عن عبد الله بن الزبير' عن عائشة: انها حدثته ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل من اربع..... فذكروه من فعل النبي صلى الله عليه وسلم - وزكريا وان كان مدلسا الا انه صرح بالتحديث عند ابي داؤد رقم (۳۱۶۰) وقد تابعه - عليه - ايضا عبد الله بن ابي السفر' فرواه عن مصعب عن احمد في المسند (۶/۱۵۲)' وقال ابن ابي حاتم في العلل (۱/۴۹): (سالت ابا زرعة عن الغسل من الحجامة' قلت: يروى عن النبي صلى الله عليه وسلم الغسل من اربع؟ فقال: لا يصح هذا' رواه مصعب بن شيبة' وليس بالقوي- قلت لابي زرعة: لم يرو عن عائشة من غير حديث مصعب؟ قال: لا)- اه-

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۲۸)(۵۷۹۳)۔

393- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسٰى الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْمَازِنِيُّ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ عَلَى الْمَآءِ جَنَابَةٌ وَّلَا عَلَى الْاَرْضِ جَنَابَةٌ وَّلَا عَلَى الثَّوْبِ جَنَابَةٌ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پانی پر جنابت لاحق نہیں ہوتی' زمین پر اثر انداز نہیں ہوتی اور کپڑے پر اثر انداز نہیں ہوتی (یعنی کوئی جنبی شخص اگر پانی میں ہاتھ ڈال دے یا زمین پر لیٹ جائے یا کوئی کپڑا پہن لے تو وہ ناپاک نہیں ہوتے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلیم ابن حیان ہذلی، بصری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۰۴)(۲۵۴۶)۔

○ سعید بن مینا، مولیٰ بختری بن ابوذباب، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۸۹)(۲۴۱۶)۔

394- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَرْبَعٌ لَا يَجْنُبْنَ الْاِنْسَانُ وَالْمَاءُ وَالْاَرْضُ وَالثَّوْبُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: چار چیزوں میں جنابت نہیں ہے: انسان میں' پانی میں' زمین میں اور کپڑے میں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن ادریس بن یزید بن عبدالرحمٰن الاودی ابومحمد کوفی یہ ثقہ ہیں۔ فقیہ، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 192ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات

۳۹۳- ذكره المتقي الهندي في كنز العمال (۹/۲۹٦) رقم (۲٦٦٥٥) وعزاه للدارقطني فقط-

۳۹٤- اخرجه البيهقي (۱/۲٦۷) كتاب الطهارة' باب ما جاء في نزح زمزم من طريق الحميدي عن سفيان به' لكن بلفظ: (اربع لا يجنبن) ثم رواه من طريق ابي يحيى الحماني عن زكريا بلفظ: (يجنبن)-

کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۰۱)(۱۸۱)۔

395- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَأَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ تَوَضَّأَ مِثْلَ وُضُوئِهِ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَيُخَلِّلُ بِهَا أُصُولَ شَعْرِهِ حَتّٰى إِذَا خُيِّلَ إِلَيْهِ أَنَّهُ قَدِ اسْتَبْرَأَ الْبَشْرَةَ غَرَفَ بِيَدَيْهِ مِلْءَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا فَصَبَّهَا عَلٰى رَأْسِهِ ثُمَّ اغْتَسَلَ فَأَفَاضَ الْمَاءَ عَلٰى جَسَدِهِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم ﷺ غسل جنابت کرتے تھے تو سب سے پہلے آغاز میں آپ اپنے دونوں ہاتھ دھوتے تھے' پھر نماز کے وضو کی طرح وضو کیا کرتے تھے' پھر آپ اپنا دست مبارک برتن میں داخل کرتے تھے اور پھر پانی کے ذریعے اپنے بالوں کی جڑوں کا خلال کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ جب آپ کو یہ اندازہ ہو جاتا کہ آپ نے اپنی جلد کو اچھی طرح دھولیا ہے' تو آپ دونوں ہاتھوں میں پانی بھر کر تین مرتبہ اپنے سر پر بہا دیتے تھے' پھر اس کے بعد پورے جسم کو دھو لیتے تھے۔

396- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرٍ أَحَدُ بَنِي تَيْمِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أُمِّي وَخَالَتِي عَلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَوَضَّأُ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ يُفِيضُ عَلٰى رَأْسِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَنَحْنُ نُفِيضُ عَلٰى رُءُوسِنَا خَمْسًا مِنْ أَجْلِ الضَّفْرَةِ.

☆☆ جمیع بن عمیر بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں اپنی والدہ اور خالہ کے ہمراہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں

۳۹۵- اخرجه مالك (۱/ ٤٤) كتاب الطهارة' باب العمل في غسل الجنابة' الحديث (٦٧)' والبخاري (٦/ ٥٢) كتاب الغسل' باب الوضوء قبل الغسل' الحديث (٢٤٨)' وفي باب تخليل الشعر' الحديث س٢٧)' واحمد (٦/ ٥٢)' ومسلم (١/ ٢٥٣) كتاب الحيض' باب صفة غسل الجنابة' الحديث (٣١٦/٣٥)' وابو داؤد (١/ ١٦٧-١٦٨) كتاب الطهارة' باب في الغسل من الجنابة' الحديث (٢٤٢)' والترمذي (١/ ١٧٤) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الغسل من الجنابة' الحديث (١٠٤)' والنسائي (١/ ٢٠٥) كتاب الغسل والتيمم' باب الابتداء بالوضوء في غسل الجنابة' وابن ماجه (١/ ١٩٠) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الغسل منالجنابة' الحديث (٥٧٤)' والدارمي (١/ ١٩١) كتاب الطهارة' باب في الغسل من الجنابة' والشافعي في (الام) (١/ ٤٠) باب كيف الغسل' وفي المسند (١/ ٢٩) كتاب الطهارة' باب في احكام الغسل' حديث (١١٠)' وعبد الرزاق (١/ ٢٦٠-٢٦١) رقم (٩٩٧)' والحميدي (١/ ٨٨) رقم (١٦٣)' وابو يعلى (٧/ ٤٠٥-٤٠٦) رقم (٤٤٢٠)' والبيهقي (١/ ١٧٥) كتاب الطهارة' باب تخليل اصول الشعر بالماء' والبغوي في (شرح السنة) (١/ ٣٤٠' ٣٤١)- كلهم من طريق هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة' قالت: (كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ......)-

۳۹٦- اخرجه احمد (٦/ ١٨٨)' وابو داؤد (١/ ٦٣) كتاب الطهارة' باب الغسل من الجنابة' الحديث (٢٤١)' والنسائي في الكبرٰى كما في تحفة الاشراف (١/ ٢٨٩) رقم (١٦٠٥٣)- كلهم من طريق عبد الرحمن بن مهدي عن زائده به' ورواه ابن ماجه (١/ ١٩٠) كتاب الطهارة' باب ما جاء في الغسل من الجنابة' الحديث (٥٧٤): حدثنا محمد بن عبد الملك ابن ابي الشوارب' ثنا عبد الواحد بن زياد' ثنا صدقة بن سعيد الحنفي' ثنا جميع بن عمير به- ورواه ايضا الدارمي (١/ ٢٦٢) كتاب الصلوة والطهارة' باب اغتسال الحائض اذا وجب الغسل عليها قبل ان تحيض' قال: اخبرنا ابو الوليد' قال: حدثنا زائدة...... فذكره' وفي اسناده صدقة ابن سعيد: قال الحافظ في التقريب (١/ ٣٦٦): (مقبول' من السادسة)- وجميع بن عمير: قال الحافظ في التقريب (١/ ١٣٢): (صدوق يخطئ' ويتشيع' من الثالثة)- اه-

حاضر ہوا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (غسل کرتے ہوئے) نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہاتے تھے اور ہم (خواتین) اپنے سر پر پانچ مرتبہ پانی بہاتی تھیں کیونکہ ہم نے بال باندھے ہوئے ہوتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صدقہ بن سعید حنفی، کوفی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۱)(۲۹۲۸)۔

○ جمیع بن عمیر تیمی، اب الاسود کوفی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۰۲)(۹۷۶)۔

397- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَتْنِى مَيْمُونَةُ قَالَتْ اَدْنَيْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) غُسْلاً مِنَ الْجَنَابَةِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ فِى الْمَآءِ فَاَفْرَغَ عَلٰى فَرْجِهٖ وَغَسَلَ بِشِمَالِهٖ ثُمَّ دَلَكَ بِشِمَالِهِ الْاَرْضَ دَلْكًا شَدِيْدًا ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهٖ بِمِلْءِ كَفَّيْهِ ثُمَّ تَنَحّٰى مِنْ مَّقَامِهٖ فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ فَاَتَيْتُهُ بِالْمِنْدِيْلِ فَرَدَّهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مجھے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے' ایک مرتبہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت کرنے لگے تو میں آپ کے قریب ہوئی' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ دو یا شاید تین مرتبہ دھوئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک پانی میں داخل کیا اور اپنی شرمگاہ پر پانی ڈال کر بائیں ہاتھ کے ذریعے اسے دھویا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں ہاتھ کو زمین پر اچھی طرح مل کر صاف کیا' پھر نماز کے وضو کی طرح وضو کیا' پھر آپ نے دونوں ہتھیلیوں میں پانی بھر کر اپنے پورے جسم کو دھویا' پھر آپ اس جگہ سے تھوڑا سا ہٹ گئے اور آپ نے اپنے دونوں پاؤں دھو لیے' پھر میں آپ کے پاس رومال لے کر آئی (تاکہ آپ اپنا جسم پونچھ لیں) تو آپ نے اسے قبول نہیں کیا۔

419- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ النَّخَعِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ النَّخَعِيُّ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ عَنِ الْحَارِثِ

۴۱۹-لم اجده عن غير المصنف- وقال الزبيدي في اتحاف السادة (۹۷/۳): (فيه ابو نعيم النخعي وهو كذاب)- اه- قلت: قال الذهبي في الميزان (۳۲٤/٤): (قال احمد: ليس بشيء- ورماه يحيى بالكذب- وقال ابن عدي: عامة ما يرويه لا يتابع عليه)- اه- وقال الحافظ في التقريب (۵۰۱/۱): (صدوق له اغلاط' افرط ابن معين فكذبه- وقال البخاري: هو في الاصل صدوق)- اه- وايضا شيخه عبد الملك بن حسين ابو مالك النخعي: قال الحافظ في التقريب (٤٦۸/۲): (متروك)- وقد اخرجه ابن ماجه (۲۸۹/۱) كتاب اقامة الصلوة' باب الجلوس بين السجدتين' الحديث (۸۹۵): حدثنا محمد بن ثواب' ثنا ابو نعيم النخعي عن ابي مالك عن عاصم بن كليب عن ابيه عن ابي موسى وابي اسحاق عن الحارث عن علي' قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم : (يا علي' لا تقع اقعاء الكلب)- اه- لكن الحديث اخرجه الترمذي (۷۲/۱) كتاب الصلوة' باب ما جاء في كراهية الاقعاء في السجود' الحديث (۲۸۲)' واحمد (۸۲/۱)' وعبد ابن حميد رقم (٦۷)' والبيهقي في الكبرٰى (۱۲۰/۲) كتاب الصلوة' باب الاقعاء المكروه في الصلوة' كلهم من طريق اسرائيل عن ابي اسحاق عن الحارث عن علي' قال: قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم : (يا علي' احب لك ما احب لنفسي' واكره لك ما اكره لنفسي' لا تقع بين السجدتين) واللفظ للترمذي' ورواه-ايضا- ابو داؤد (۲۳۹/۱) كتاب الصلوة' باب النهي عن التلقين' الحديث (۹۰۸)' من طريق يونس ابن ابي اسحاق عن الحارث عن علي -رضي الله عنه- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (يا علي' لا تفتح على الامام في الصلوة)- قال ابو داؤد: (ان ابا اسحاق لم يسمع من الحارث الا اربعة احاديث' ليس هذا منها)-

عَنْ عَلِيٍّ.

قَالَ اَبُوْ مَالِكٍ وَّاَخْبَرَنِيْ عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ الْجَرْمِيُّ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوسَى .قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ وَّاَخْبَرَنِيْ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى كِلَاهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا عَلِيُّ اِنِّيْ اَرْضَى لَكَ مَا اَرْضَى لِنَفْسِيْ وَاَكْرَهُ لَكَ مَا اَكْرَهُ لِنَفْسِيْ لَا تَقْرَاِ الْقُرْآنَ وَاَنْتَ جُنُبٌ وَلَا وَاَنْتَ رَاكِعٌ وَلَا وَاَنْتَ سَاجِدٌ وَلَا تُصَلِّ وَاَنْتَ عَاقِصٌ شَعْرَكَ وَلَا تُدَبِّحْ تَدْبِيحَ الْحِمَارِ .

☆☆ ایک روایت کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ بات منقول ہے۔ دوسری سند کے مطابق حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے یہ بات منقول ہے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

اے علی! میں تمہارے لیے اس بات سے راضی ہوں جس بات سے اپنے لیے راضی ہوں' اور تمہارے لیے اس بات کو ناپسند کرتا ہوں جسے اپنے لیے ناپسند کرتا ہوں' تم اس وقت قرآن کی تلاوت نہ کرو جب تم جنابت کی حالت میں ہو اور نہ ہی اس وقت کرو جب تم رکوع کی حالت میں ہو اور نہ ہی اس وقت کرو جب سجدے کی حالت میں ہو' اور تم اس وقت نماز ادا نہ کرو جب تم نے بالوں کو باندھ رکھا ہو اور (نماز کے دوران رکوع کی حالت میں) اس طرح نہ جھکو جیسے گدھا اپنے سر کو جھکا دیتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن ہانی بن سعید کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 211ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۰۳) (۴۰۵۹)۔

○ ابو مالک نخعی، واسطی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۹۹) (۸۴۰۳)۔

○ عاصم بن کلیب بن شہاب بن مجنون الرمی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 133ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۷۳) (۳۰۹۲)۔

○ ابوبردۃ بن ابوموسیٰ اشعری، قیل: اسمہ عامر، حارث: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 104ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۱۲) (۸۰۰۹)۔

420- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ

عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِی الْكَنُودِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْغَافِقِيِّ قَالَ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَوْمًا طَعَامًا ثُمَّ قَالَ اسْتُرْ عَلَيَّ حَتّٰى اَغْتَسِلَ فَقُلْتُ لَهٗ اَنْتَ جُنُبٌ قَالَ نَعَمْ فَاَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَخَرَجَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اِنَّ هٰذَا يَزْعُمُ اَنَّكَ اَكَلْتَ وَاَنْتَ جُنُبٌ فَقَالَ نَعَمْ اِذَا تَوَضَّاْتُ اَكَلْتُ وَشَرِبْتُ وَلَا اَقْرَاُ حَتّٰى اَغْتَسِلَ۔

☆☆ حضرت عبداللہ غافقی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے کچھ کھایا اور پھر فرمایا: میرے لیے پردہ ٹانک دو تاکہ میں غسل کرلوں! میں نے آپ سے دریافت کیا: کیا آپ جنابت کی حالت میں ہیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! بعد میں، میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں بتایا تو وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اس نے یہ بتایا ہے' آپ ﷺ نے جنابت کی حالت میں کچھ کھایا پیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: ہاں! جب میں وضو کرلوں تو میں کھاپی سکتا ہوں لیکن میں قراءت اس وقت تک نہیں کرسکتا جب تک غسل نہ کرلوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ نصر بن عبدالجبار بن نضیر مرادی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 219ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۳۹۱/۲۹)۔

○ عبداللہ بن سلیمان بن زرعۃ حمیری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 136ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۴) (۳۳۹۱)۔

○ ثعلبۃ بن ابوالکنود الحمراوی، : انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمرو' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہما کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔ جب کہ ان کے حوالے سے خالد بن یزید اور سلیمان بن ابوزینب نے احادیث روایت کی ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۴۶۳/۲)۔

421- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْعَلَّافُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِی الْكَنُودِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ الْغَافِقِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِذَا تَوَضَّاْتُ وَاَنَا جُنُبٌ اَكَلْتُ وَشَرِبْتُ وَلَا اُصَلِّيْ وَلَا اَقْرَاُ حَتّٰى اَغْتَسِلَ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن مالک غافقی بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے نبی اکرم ﷺ کو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے

۴۲۰- اخرجه الطبراني في الكبير (۲۹۵/۱۹) رقم (٦٥٦): حدثنا بكر بن سهل' ثنا عبد الله بن يوسف' ثنا ابن لهيعة' به- ورواه ايضا البيهقي في الكبرٰى (۸۹/۱) كتاب الطهارة' باب نهي الجنب عن قراءة القرآن من طرق عن ابن لهيعة' به- قال الهيثمي في (المجمع (۲۷۹/۱)): (رواه الطبراني في الكبير' وفيه ابن لهيعة)- اه-

یہ فرماتے ہوئے سنا: جب میں جنابت کی حالت میں وضو کرلوں تو میں کھاپی سکتا ہوں لیکن میں جب تک غسل نہ کروں اس وقت تک نماز ادا نہیں کرتا اور قرآن کی تلاوت نہیں کرسکتا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن ایوب بن بادی وزن نادی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 289ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۰۴۹)۔

422- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِمْرَانَ الْعَابِدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ وَشُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَحْجُبُهُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَكُونَ جُنُبًا .قَالَ سُفْيَانُ قَالَ لِي شُعْبَةُ مَا أُحَدِّثُ بِحَدِيثٍ أَحْسَنَ مِنْهُ .

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن کی تلاوت کرنے میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی تھی' ماسوائے اس صورت کے' جب آپ جنابت کی حالت میں ہوں۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: شعبہ نے مجھ سے یہ فرمایا: میں نے اس سے بہترین حدیث بیان نہیں کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد اللہ بن عمران بن رزین بن وہب اللہ قرشی مخزومی العابدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التہذیب (۳۷۸/۱۵)۔

○ مسعر بن کدام بن ظہیر بن عبیدۃ بن حارث بن ہلال بن عامر بن صعصعۃ ہلالی العامری، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 155ھ میں ہوا' ان کے

٤٢٢-اخرجه احمد (١/١٠٦- ١٢٤)، وابو داؤد (١/١٥٥) كتاب الطهارة: باب في الجنب يقرا القرآن (٩١)، الحديث (٢٢٩)، والترمذي (١/٢٧٣- ٢٧٤) كتاب الطهارة: باب في الرجل يقرا القرآن على كل حال ما لم يكن...... الحديث (١٤٦)، والنسائي (١/ ١٤٤) كتاب الطهارة: باب حجب الجنب من قراءة القرآن، وابن ماجه (١/١٩٥) كتاب الطهارة: باب ما جاء في قراءة القرآن على غير طهارة، الحديث (٥٩٤)، والدارقطني (١/١١٩) كتاب الطهارة: باب في النهي للجنب والحائض عن قراءة القرآن، الحديث (١٠)، والحاكم (٤/١٠٧) كتاب الاطعمة، والبيهقي (١/٨٨-٨٩) كتاب الطهارة: باب نهي الجنب عن قراءة القرآن، وابو يعلى الموصلي (١/٢٤٧)، الحديث (٢٨٧/٢٧)، والطيالسي (١٠١-منحة)، والطحاوي (١/ ٥٢)، وابن الجارود (٥٢، ٥٣)، وابن حبان (٩٢- موارد)، وابن خزيمة (١/ ١٠٤) رقم (٢٠٨)، والبزار كما في (التلخيص) (١/ ١٣٩)، وهكذا صححه ابن خزيمة، وابن السكن، وابن حبان، وعبد الحق، والبغوي في (شرح السنة): كما في (التلخيص) (١/ ١٣٩)، وروى ابن خزيمة (١/ ١٠٤) باسناده عن شعبة، قال: (هذا الحديث ثلث راس مالي)- كلهم من طريق عمرو بن مرة، به، وقد تقدم من غير طريق عمرو بن مرة هذا- انظر: الحديث (٤١٨)-

مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۴۳/۲)۔

○ عمرو بن مرۃ بن عبداللہ بن طارق بن حارث بن سلمۃ بن کعب بن وائل بن جمل بن کنانۃ بن ناجیۃ بن مراد مرادی جملی ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 118ھ میں ہوا'ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۸/۲)۔

○ عبداللہ بن سلمۃ مرادی کوفی ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۰/۱)۔

423- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَيُّوْبَ الْمُعَدَّلُ بِالرَّمْلَةِ وَالْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ الْمُعَدَّلُ بِمَكَّةَ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ السِّمْسَارُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ يَقْرَاَ اَحَدُنَا الْقُرْآنَ وَهُوَ جُنُبٌ .اِسْنَادُهُ صَالِحٌ وَغَيْرُهُ لاَ يَذْكُرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے: کوئی شخص جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے۔

اس روایت کی سند بہترین ہے۔

بعض دیگر راویوں نے اس کی سند میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا تذکرہ نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ابراہیم بن یونس منجنیقی وراق ،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال 304ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۲۶)(۳۳۷)۔

424- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ زَمْعَةَ بْنِ

۴۲۳- هذا الحديث والذي بعده مداره على اسماعيل بن عياش عن زمعة' به- واسماعيل ابن عياش: قال الحافظ في التقريب (۷۳/۱): (صدوق في روايته عن اهل بلده' مخلط في غيرهم)- اهـ- وزمعة بن صالح هذا: قال الحافظ في التقريب (۲۶۳/۱): (يماني نزيل مكة ابو وهب ضعيف' وحديثه عند مسلم مقرون' من السادسة)- اهـ- وقد رواه الحسن بن عرفة عن اسماعيل بن عياش عن زمعة بن صالح عن سلمة بن وهرام عن عكرمة عن عبد الله بن رواحة' وعكرمة لم يلحق ابن رواحة؛ فانه قد استشهد في غزوة موته- رضي الله عنه- وسياتي بعد هذا- وقد قال البيهقي في الخلافيات (۲۲۹/۱): (روى عن اسماعيل بن عياش عن زمعة كذلك موصولا' وليس بالقوي)- اهـ- وسياتي من غير طريق اسماعيل بن عياش-

صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يَّقْرَاَ اَحَدُنَا الْقُرْاٰنَ وَهُوَ جُنُبٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے: کوئی شخص جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے۔

425- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ دُبَيْسِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَدَّادُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ كَانَ ابْنُ رَوَاحَةَ مُضْطَجِعًا اِلٰى جَنْبِ امْرَاَتِهِ فَقَامَ اِلٰى جَارِيَةٍ لَهٗ فِيْ نَاحِيَةِ الْحُجْرَةِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا وَفَزِعَتِ امْرَاَتُهٗ فَلَمْ تَجِدْهُ فِيْ مَضْجَعِهٖ فَقَامَتْ وَخَرَجَتْ فَرَاَتْهُ عَلٰى جَارِيَتِهٖ فَرَجَعَتْ اِلَى الْبَيْتِ فَاَخَذَتِ الشَّفْرَةَ ثُمَّ خَرَجَتْ وَفَرَغَ فَقَامَ فَلَقِيَهَا تَحْمِلُ الشَّفْرَةَ فَقَالَ مَهْيَمْ فَقَالَتْ مَهْيَمْ لَوْ اَدْرَكْتُكَ حَيْثُ رَاَيْتُكَ لَوَجَاْتُ بَيْنَ كَتِفَيْكَ بِهٰذِهِ الشَّفْرَةِ قَالَ وَاَيْنَ رَاَيْتِنِيْ قَالَتْ رَاَيْتُكَ عَلَى الْجَارِيَةِ فَقَالَ مَا رَاَيْتِنِيْ وَقَالَ قَدْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يَّقْرَاَ اَحَدُنَا الْقُرْاٰنَ وَهُوَ جُنُبٌ قَالَتْ فَاقْرَاْ فَقَالَ

اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ يَتْلُوْ كِتَابَهٗ ... كَمَا لَاحَ مَشْهُوْرٌ مِّنَ الْفَجْرِ سَاطِعُ

اَتٰى بِالْهُدٰى بَعْدَ الْعَمٰى فَقُلُوْبُنَا ... بِهٖ مُوْقِنَاتٌ اَنَّ مَا قَالَ وَاقِعُ

يَبِيْتُ يُجَافِيْ جَنْبَهٗ عَنْ فِرَاشِهٖ ... اِذَا اسْتَثْقَلَتْ بِالْمُشْرِكِيْنَ الْمَضَاجِعُ

فَقَالَتْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ الْبَصَرَ ثُمَّ غَدَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاَخْبَرَهٗ فَضَحِكَ حَتّٰى رَاَيْتُ نَوَاجِذَهٗ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ).

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ اپنی اہلیہ کے پہلو میں سو رہے تھے' وہ اُٹھے اور گھر کے کنارے میں موجود اپنی کنیز کے پاس تشریف لے گئے اور اس کے ساتھ صحبت کرنے لگے' ان کی اہلیہ خواب میں ڈر گئیں' وہ بیدار ہوئیں تو انہیں حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بستر پر نہیں ملے' وہ اُٹھیں اور باہر آئیں تو دیکھا کہ وہ اس کنیز کے ساتھ صحبت کر رہے ہیں' وہ خاتون گھر کے اندر گئی' اس نے چھری لی اور باہر نکلی تو اس دوران حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ صحبت کر کے فارغ ہو چکے تھے اور واپس آ رہے تھے۔ ان کا اپنی اہلیہ سے سامنا ہوا جس نے چھری اُٹھائی ہوئی تھی' تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہوا؟ تو ان کی اہلیہ نے جواب دیا: ہونا کیا ہے' اگر میں آپ کو اس حالت میں پاتی جس حالت میں' میں نے آپ کو پہلے دیکھا ہے' تو میں نے یہ چھری آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان مار دینی تھی۔ ابن رواحہ نے دریافت کیا: تم نے مجھے کہاں دیکھ لیا؟ تو اہلیہ نے جواب دیا: میں نے آپ کو کنیز کے ساتھ صحبت کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو ابن رواحہ نے یہ فرمایا: تم نے مجھے نہیں دیکھا' پھر حضرت ابن رواحہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کوئی

۴۲۵- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/ ۲۲۸- ۲۲۹) من طريق الدارقطني به' وفي اسناده (زمعة بن صالح) وهو ضعيف' تقدمت ترجمته ترجمته في الحديث (۴۲۳) وهو ايضا مرسل۔

شخص جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے تو اہلیہ نے کہا: پھر آپ تلاوت کریں تو حضرت ابن رواحہ نے یہ اشعار پڑھے:

''ہمارے پاس اللہ کے رسول تشریف لائے جو اس کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں جو چمکدار اور روشن صبح سے بھی زیادہ مشہور اور روشن ہے وہ ہمارے پاس ہدایت لے کر آئے اس کے بعد کہ ہمارے دل نابینا ہو چکے تھے وہ ایسی ہدایت تھی جو یقین دلانے والی تھی اور انہوں نے جو فرمایا وہ واقع ہوا وہ رات ایسی حالت میں بسر کرتے تھے کہ ان کا پہلو بستر سے الگ ہوتا تھا اس وقت جب مشرکوں کے بستر ان کے وزن سے بوجھل ہوتے تھے''۔

تو اس خاتون نے کہا: میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتی ہوں اور اپنی آنکھوں سے دیکھی ہوئی بات کو غلط قرار دیتی ہوں پھر اگلے دن حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔

راوی بیان کرتے ہیں: یہاں تک کہ مجھے آپ کے اطراف کے دانت دکھائی دیئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن دبیس بن احمد بن علی حداد، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۶/۷۲)۔

○ محمد بن سلیمان بن حارث، ابوبکر، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 283ھ میں ہوا ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۲۹۸)۔

426 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ زُرَيْقٍ عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى اَنْ يَّقْرَاَ اَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن رواحہ گھر داخل ہوئے (اس کے بعد انہوں نے پورا واقعہ بیان کیا ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:) حضرت عبداللہ بن رواحہ نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کوئی شخص جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے۔

۴۲۶- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۲۲۹) من طريق الدارقطني به- وابن عمار الموصلي: هو محمد بن عبد الله بن عمار الخزاعي نزيل الموصل ثقة حافظ كما في التقريب (۲/۱۷۸-۱۷۹)- ذكر المزي في تهذيب الكمال (۲۵/۵۱۰) ممن روى عنه عمر بن زريق وضبطه الدكتور بشار عواد فقال: (بضم الزاي المعجمة والراء المهملة والياء آخر الحروف والقاف) قيده الذهبي في (المشتبه) (۳۱۵)- اه- ولم اجد لعمر بن زريق او رزيق هذا ترجمة-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ہیثم بن خلف، ابومحمد الدوری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 307ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: تذکرۃ الحفاظ (۷۶۵/۲)۔

○ محمد بن عبداللہ بن عمار، خزاعی ازدی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 242ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۸/۲)۔

427- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ حَدَّثَنَا اَبُو الشَّعْثَاءِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ اَبُوْ خَالِدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لاَ يَقْرَاُ الْحَائِضُ وَلاَ الْجُنُبُ وَلاَ النُّفَسَاءُ الْقُرْآنَ .يَحْيٰى هُوَ ابْنُ اَبِى اُنَيْسَةَ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حائضہ عورت' جنبی شخص اور نفاس والی عورت قرآن کی تلاوت نہیں کریں گے۔

اس روایت کا راوی یحییٰ' یہ ابن ابی انیسہ ہے اور یہ ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حسن بن سلیمان حضرمی، واسطی الاصل، کوفی، و :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 233ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۲)(۴۷۳۹)۔

○ یحییٰ بن ابوانیسہ ابوزید جزری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 146ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۳/۲)۔

45- باب فِيْ نَهْيِ الْمُحْدِثِ عَنْ مَسِّ الْقُرْآنِ .

باب: بے وضو شخص کے لیے قرآن کو چھونا منع ہے

۴۲۷- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۲۳۱/۱) من طريق الدارقطني به' قال البيهقي في الكبرى (۸۹/۱) كتاب الطهارة' باب ذكر الحديث الذي ورد في نهي الحائض عن قراءة القرآن' وفيه نظر: (وروي عن جابر بن عبد الله من قوله في الجنب والحائض والنفساء' وليس بالقوي)- اه- قال الحافظ في التلخيص (۲۴۱/۱): (فيه يحيى بن انيسة وهو كذاب)- اه- وقد روي من حديث جابر مرفوعا من طريق محمد بن الفضل عن ابيه عن طاوس عن جابر' به' وسياتي عند المصنف في كتاب الجنائز' باب تخفيف القراءة لحاجة-

428- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی الرَّبِیعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ عَنْ اَبِیهِ قَالَ كَانَ فِی كِتَابِ النَّبِیِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَلَّا تَمَسَّ الْقُرْآنَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ .مُرْسَلٌ وَرُوَاتُهُ ثِقَاتٌ.

☆☆ عبداللہ بن ابوبکر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو جو خط لکھا تھا' اس میں یہ بات بھی تھی: تم قرآن کو صرف باوضو حالت میں چھونا۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے اور اس کے راوی ''ثقہ'' ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 120 ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۱۱۸)(۸۰۴۵)۔

توضیح مسئلہ:

بے وضو حالت میں قرآن کو چھونے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن عبدالبر اندلسی تحریر کرتے ہیں:

ابن عبدالبرؒ کا بیان:

وكتاب عمرو بن حزم هذا قد تلقاه العلماء بالقبول والعمل وهو عندهم اشهر واظهر من الاسناد الواحد المتصل وهو قول مالك والشافعي وابي حنيفة واصحابهم والثوري والاوزاعي واحمد بن حنبل واسحاق بن راهويه وابي ثور وابي عبيد وهؤلاء ائمة الراى والحديث في اعصارهم

وروى ذلك عن سعد بن ابي وقاص وعبد الله بن عمر وطاؤس والحسن والشعبي والقاسم بن محمد وعطاء وهؤلاء من ائمة التابعين بالمدينة ومكة واليمن والكوفة والبصرة

قال اسحاق بن راهويه لا يقرا احد في المصحف الا وهو متوضىء وليس ذلك لقول الله عز وجل ﴿لا يمسه الا المطهرون﴾ الواقعة 79

ولكن لقول رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يمس القرآن الا طاهر

وهذا كقول مالك ومعنى ما في الموطا

وقال الشافعي والاوزاعي وابو ثور واحمد لا يمس المصحف الجنب ولا الحائض ولا غير المتوضىء[1]

امام دارقطنی نے یہاں اس روایت میں نبی اکرم ﷺ کے مکتوب کا ذکر کیا ہے جو آپ ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم کو

[1] الاستذکار فی معرفۃ مذاہب علماء الامصار 472/2

تحریر کیا تھا' اس خط کی استدلالی حیثیت پر گفتگو کرتے ہوئے شیخ ابن عبدالبر نقل کرتے ہیں:
حضرت عمرو بن حزم کے حوالے سے منقول اس خط کو اہلِ علم نے قبول کیا ہے اور اس پر عمل کیا ہے اور یہ اتنا مشہور ہے کہ اس کے لیے کوئی ایک متصل سند پیش کرنا ضروری نہیں ہے' امام مالک' امام شافعی اور امام ابوحنیفہ' ان کے اصحاب' امام سفیان ثوری' امام اوزاعی' امام احمد بن حنبل' امام اسحاق بن راہویہ' امام ابوثور اور امام ابوعبید (نے اسے قبول کیا ہے) اور یہ وہ حضرات ہیں جو اپنے زمانے میں اہل رائے اور اہل حدیث کے امام ہیں۔
اس بارے میں حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت عبداللہ بن عمرو' طاؤس' حسن بصری' امام شعبی' امام قاسم بن محمد' عطاء بن ابی رباح سے بھی روایات منقول ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں' جو تابعین کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور مدینہ منورہ' مکہ مکرمہ' یمن' کوفہ اور بصرہ کے امام مانے جاتے ہیں۔
شیخ اسحاق بن راہویہ نے یہ بات بیان کی ہے: کوئی بھی شخص صرف وضو کی حالت میں قرآن کو پڑھ سکتا ہے (یعنی اسے چھو سکتا ہے) اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں ہے:
''اسے صرف پاک لوگ چھو سکتے ہیں''۔
بلکہ اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے: ''قرآن کو صرف پاک شخص چھو سکتا ہے''۔
یہ رائے بھی امام مالک کے قول کی طرح ہے اور اسی مفہوم کی حامل ہے جسے موطأ میں نقل کیا گیا ہے۔
امام شافعی' امام اوزاعی' امام ابوثور اور امام احمد یہ کہتے ہیں: جنابت والا شخص' حیض والی عورت اور بے وضو شخص قرآن کو چھو نہیں سکتے ہیں۔

429- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ اَبِى

۴۲۸- اخرجه عبد الرزاق (۱/۳۴۱- ۳۴۲) رقم (۱۳۲۸)؛ ومن طريقه المصنف هنا؛ ومن طريق المصنف؛ اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/۸۷) كتاب الطهارة؛ باب في نهي المحدث عن مس المصحف؛ وسياتي عند المصنف رقم (۴۳۱) من طريق عبد الرزاق؛ نا معمر عن عبد الله ومحمد ابني ابي بكر عن ابيهما ان النبي صلى الله عليه وسلم ...... الحديث-
وقد اخرجه ابن خزيمة (۴/۱۹) رقم (۲۲۶۹) قال: حدثنا عبد الرحمن بن بشر بن الحكم؛ حدثنا عبد الرزاق؛ اخبرنا معمر عن عبد الله بن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن جده؛ به؛ فلم يرسله؛ ورواه ايضا البيهقي في الخلافيات (۱/۴۹۸) اخبرنا ابو بكر بن الحارث؛ انا ابو محمد بن حيان؛ ثنا محمد بن سهل؛ ثنا ابو مسعود؛ انبا عبد الرزاق؛ به- وفيه: (عن ابيه عن جده)؛ وقد اخرجه ايضا مالك في الموطا (۱/۱۹۹) رقم (۱۴۱)؛ ومن طريقه اخرجه ابو داؤد في المراسيل رقم (۹۳)؛ والبيهقي في المعرفة (۱/۱۸۶) رقم (۱۰۶) عن عبد الله بن ابي بكر ان الكتاب الذي كتبه رسول الله صلى الله عليه وسلم لعمرو بن حزم الا يمس القرآن الا طاهر؛ قال البيهقي في المعرفة: (رواه الشافعي عن مالك وهو منقطع؛ وقد رويناه في كتاب السنن موصولا من حديث سليمان بن داؤد عن الزهري عن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن جده؛ عن النبي صلى الله عليه وسلم)- اه- وسياتي حديث سليمان بن داؤد هذا رقم (۴۳۲)-

قال الغماري في تخريج البداية (۱/۴۳۷): (وصححه ابن حبان والحاكم وغيرهما؛ وهو الحق الذي لا يمتري فيه الا متعسف: فانه وان وقع في اسناده اختلاف في الوصل والارسال واضطراب في الرواية؛ الا ان ذلك كله بالنسبة لنسبة عمرو بن حزم؛ والكتاب كان عندهم في بيتهم؛ فكان يروى عن جميعهم؛ ثم هو لشهرته يستغنى فيه عن الاسناد؛ كما قال المحققون من الائمة والحفاظ- ومن راى اسانيده وطرقه وشهرته في كتب الحديث؛ عرف ثبوته وصحته بالضرورة)- اه-

بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ كَانَ فِي كِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ حِيْنَ بَعَثَهُ اِلٰى نَجْرَانَ مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ ابوبکر بن محمد بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو جو خط لکھا تھا' جب انہیں نجران بھیجا تھا تو اس میں یہ بات بھی تھی' (اس کے بعد حسبِ سابق روایت ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عمارة بن عمرو بن حزم انصاری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التهذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۸۱)(۶۲۰۷)۔

430- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوَّابٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى قَالَ سَمِعْتُ سَالِمًا يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَمَسُّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ.

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: قرآن کو صرف باوضو شخص چھوئے۔

431- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدِ ابْنَيْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِمَا اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَتَبَ كِتَابًا فِيْهِ وَلَا يَمَسُّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ.

☆☆ عبداللہ بن ابوبکر اور محمد بن ابوبکر اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے انہیں خط لکھا تھا' جس میں یہ بات بھی تھی: قرآن کو صرف باوضو شخص چھوئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

۴۳۰- اخرجه البيهقي (۸۸/۱) كتاب الطهارة' باب نهي المحدث عن مس المصحف' وفي الخلافيات (۵۰۸/۱- ۵۰۹) من طريق الدارقطني به' واخرجه الطبراني في الكبير (۳۱۳/۱۲-۳۱۴) رقم (۱۳۲۱۷)' واللالكائي في اصول الاعتقاد (۲۴۴/۱) رقم (۵۷۲) من طريق سعيد بن محمد بن ثواب' به- قال الحافظ ابن حجر في التلخيص (۱۳۱/۱): (واسناده لا باس به) وقال الهيثمي في المجمع (۲۷۶/۱): (رواه الطبراني في الكبير والصغير' ورجاله موثقون)- اھ-

۴۳۱ انظر: تخريجه في الحديث (۴۲۸)-

راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 132ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۲۹)(۵۸۰۰)۔

432- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنِى الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ كِتَابًا فَكَانَ فِيْهِ لَا يَمَسُّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ.

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اہلِ یمن کو یہ خط لکھا تھا جس میں یہ بات بھی تھی: قرآن کو صرف باوضو شخص چھوئے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن حمزۃ بن واقد حضرمی، ابوعبدالرحمٰن دمشقی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 183ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۵۲)۔

433- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِىْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنِىْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَبُوْ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَهٗ لَا تَمَسَّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا وَاَنْتَ عَلٰى طُهْرٍ قَالَ لَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ سَمِعْتُ جَعْفَرًا يَقُوْلُ سَمِعَ حَسَّانُ بْنُ بِلَالٍ مِّنْ عَآئِشَةَ وَعَمَّارٍ .قِيْلَ لَهٗ سَمِعَ مَطَرٌ مِّنْ حَسَّانَ فَقَالَ نَعَمْ .

☆☆ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا تھا: تم قرآن کو صرف اس وقت چھونا جب تم وضو کی حالت میں ہو۔

۴۳۲- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۱/۱۰۸) رقم (۱۷۸) من طريق الدارقطني به' وانظر الحديث (۴۲۸)' (۴۳۱)-

۴۳۳- اخرجه البيهقي في الخلافيات (۱/۵۱۳) رقم (۳۰۳) من طريق الدارقطني' واخرجه الحاكم في المستدرك (۳/۴۸۵)' ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (۱/۵۱۰- ۵۱۱) رقم (۳۰۲): انا احمد بن سليمان الفقيه به (بغداد)' ثنا جعفر بن ابي عثمان الطيالسي' به' واخرجه الطبراني في الكبير (۳/۲۲۹) رقم (۳۱۳۵): حدثنا بكر بن مقبل البصري' ثنا اسماعيل بن ابراهيم' به- وقال في الاوسط: (لم يرو هذا الحديث عن مطر الوراق الا سويد ابو حاتم' ولا يروى عن حكيم بن حزام الا بهذا الاسناد)- اه- وقال الحاكم: (صحيح الاسناد ولم يخرجاه)- اه- قال الحافظ في تلخيص الحبير (۱/۲۲۷): (في اسناده سويد ابو حاتم' وهو ضعيف' وذكر الطبراني في الاوسط انه تفرد به' وحسن الحازمي اسناده)- وقال الهيثمي في (المجمع) (۱/۲۷۷): (وفيه سويد ابو حاتم ضعفه النسائي وابن معين في رواية ووثقه في رواية- وقال ابو زرعة: ليس بالقوي' حديثه حديث اهل الصدق)- اه- وسويد هذا: قال فيه الحافظ في التقريب (۱/۳۴۰): (صدوق' سيء الحفظ له اغلاط' وقد افحش ابن حبان فيه القول)- اه- ومطر الوراق ايضا قال فيه الحافظ في التقريب (۲/۲۵۲): (صدوق كثير الخطا' وحديثه عن عطاء ضعيف)- اه-

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن ابوعثمان، ابوفضل طیالسی بغدادی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 282ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: التذکرۃ (۲/۶۲۶)۔

○ سوید بن ابراہیم ۔ ندری، ابوحاتم بصری، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۳)(۲۷۰۲)۔

○ حسان بن بلال مزنی، بصری: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۲)(۱۲۰۶)۔

434- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْجُنَيْدِ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُنَادِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَصْرِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجَ عُمَرُ مُتَقَلِّدًا السَّيْفَ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّ خَتَنَكَ وَاُخْتَكَ قَدْ صَبَوَا فَاَتَاهُمَا عُمَرُ وَعِنْدَهُمَا رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ يُقَالُ لَهُ خَبَّابٌ وَّكَانُوْا يَقْرَءُوْنَ (طه) فَقَالَ اَعْطُوْنِى الْكِتَابَ الَّذِىْ عِنْدَكُمْ فَاَقْرَؤُهُ وَكَانَ عُمَرُ يَقْرَاُ الْكُتُبَ فَقَالَتْ لَهُ اُخْتُهُ اِنَّكَ رِجْسٌ وَّلَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ فَقُمْ فَاغْتَسِلْ اَوْ تَوَضَّاْ فَقَامَ عُمَرُ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ اَخَذَ الْكِتَابَ فَقَرَاَ (طه) اَلْقَاسِمُ بْنُ عُثْمَانَ لَيْسَ بِقَوِيٍّ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ گلے میں تلوار لٹکا کر نکلے تو انہیں بتایا گیا' آپ کے بہنوئی اور آپ کی بہن بے دین ہو گئے ہیں (یعنی اُنہوں نے اسلام قبول کر لیا ہے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان دونوں کے

۴۳۴-اخرجه البيهقي في الكبرىٰ (۸۸/۱) كتاب الطهارة' باب نهي المحدث عن مس المصحف' وفي دلائل النبوة (۲/ ۲۱۹) من طريق اسحاق بن يوسف الازرق' به قريبًا من هذا- ورواه الطبراني في الاوسط كما في مجمع البحرين (۶/ ۲۴۰) رقم (۳۶۵۴): حدثنا احمد' ثنا اسماعيل بن عيسى' ثنا اسحاق بن يوسف الازرق عن القاسم بن عثمان ابو العلاء البصري' عن انس بن مالك؛ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دعا عشية الخميس فقال: (اللهم اعز الاسلام بعمر بن الخطاب او بعمرو بن هشام): فاصبح عمر يوم الجمعة فاسلم- ثم قال الطبراني: (لا يروى عن انس الا بهذا الاسناد' تفرد به اسحاق)- والقاسم: قال العقيلي في الضعفاء (۳/ ۴۸۰): (عن انس لا يتابع على حديثه' حدث عنه اسحاق الازرق احاديث لا يتابع منها على شيء)- اه- قال الذهبي في الميزان (۵/ ۴۵۶): (عن انس قال البخاري: له احاديث لا يتابع عليها- قلت: حدث عن اسحاق الازرق بمتن محفوظ' وبقصة اسلام عمر وهي منكرة جدا)- اه- والقصة رواها ابن اسحاق؛ كما في سيرة ابن هشام (۱/ ۳۶۵-۳۶۸) ومن طريق ابن اسحاق البيهقي في الخلافيات (۱/ ۵۱۶-۵۱۷) رقم (۳۱۰) وفي الدلائل (۲/ ۲۲۱- ۲۲۲) من كلام ابن اسحاق مرسلاً-

پاس آئے' ان دونوں کے پاس اس وقت ایک مہاجر شخص بیٹھا ہوا تھا' جس کا نام حباب تھا۔ یہ لوگ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کر رہے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے پاس جو یہ کتاب موجود ہے' یہ مجھے بھی دو تاکہ میں اس کو پڑھوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کتاب کو پڑھنا چاہتے تھے لیکن ان کی بہن نے ان سے کہا: آپ ناپاک ہیں' اسے صرف پاکیزہ لوگ چھو سکتے ہیں' اُٹھیں اور غسل کریں یا وضو کریں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اُٹھے' انہوں نے وضو کیا' پھر انہوں نے اس تحریر کو لیا اور سورۂ فاتحہ کو پڑھا۔

اس روایت کا راوی قاسم بن عثمان مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن غیلان، ابوبکر خزاز یعرف بالسوسی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 322ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۴۵/۵)۔

○ قاسم بن عثمان بصری، امام بخاری فرماتے ہیں: انہوں نے ایسی روایات نقل کی ہیں جن کی متابعت نہیں کی گئی ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۴۵۶/۵)۔

435- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ فِيْ سَفَرٍ فَقَضٰى حَاجَتَهُ فَقُلْنَا لَهُ تَوَضَّاْ حَتّٰى نَسْاَلَكَ عَنْ اٰيَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ سَلُوْنِيْ فَاِنِّيْ لَسْتُ اَمَسُّهُ فَقَرَاَ عَلَيْنَا مَا اَرَدْنَا وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ مَاءٌ . كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ خَالَفَهُ جَمَاعَةٌ .

☆☆ علقمہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے' انہوں نے قضائے حاجت کی' ہم نے ان سے کہا: آپ وضو کرلیں تاکہ ہم آپ سے قرآن کی ایک آیت کے بارے میں سوال کریں' تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا: تم مجھ سے سوال کرو' میں قرآن کو چھو تو نہیں رہا' پھر انہوں نے ہمارے سامنے وہ آیت تلاوت کی' جو ہم چاہ رہے تھے اور اس وقت ہمارے اور ان کے درمیان پانی موجود نہیں تھا۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں اور ایک جماعت نے اس سے اختلاف کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سلام بن سلیم حنفی (یہ ان ۔ کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوالاحوص کوفی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں

۴۳۵- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۱۸۳) ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (۱/۵۱۴) رقم (۳۰۵) قال: حدثنا ابو العباس محمد بن يعقوب' ثنا العباس بن محمد الدوري' به- قال الحاكم: (هذا حديث صحيح على شرط الشيخين' ولم يخرجاه: لتوقيفه- وقد رواه ايضا جماعة من الثقات عن الاعمش عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد عن سلمان)- اه- وسياتي بعد هذا على الوجه الذي ذكره الحاكم-

''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 179ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۲۵)(۲۷۱۸)۔

436- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كُنَّا مَعَ سَلْمَانَ فَخَرَجَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَوْ تَوَضَّاْتَ لَعَلَّنَا اَنْ نَسْاَلَكَ عَنْ اٰيَاتٍ فَقَالَ اِنِّيْ لَسْتُ اَمَسُّهُ اِنَّمَا لَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ فَقَرَاَ عَلَيْنَا مَا شِئْنَا . كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ عبدالرحمان بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' وہ تشریف لے گئے' انہوں نے قضائے حاجت کی' پھر وہ تشریف لائے تو میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! اگر آپ وضو کرلیں تو مناسب ہوگا' تاکہ ہم آپ سے کچھ آیات کے بارے میں دریافت کریں' تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں قرآن کو چھو نہیں رہا' اسے صرف باوضو لوگ چھو سکتے ہیں۔ (راوی بیان کرتے ہیں:) پھر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے وہ آیات تلاوت کیں جو ہم چاہتے تھے۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

437- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ كُنَّا مَعَهُ فِيْ سَفَرٍ فَانْطَلَقَ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ اَيْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَوَضَّاْ لَعَلَّنَا نَسْاَلُكَ عَنْ اٰيٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ سَلُوْنِيْ فَاِنِّيْ لَا اَمَسُّهُ اِنَّهُ لَا يَمَسُّهُ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ فَسَاَلْنَاهُ فَقَرَاَ عَلَيْنَا قَبْلَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ . وَالْمَعْنٰى قَرِيْبٌ . كُلُّهَا صِحَاحٌ.

☆☆ عبدالرحمان بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر میں شریک تھے' وہ تشریف لے گئے' انہوں نے قضائے حاجت کی' پھر وہ تشریف لائے تو میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ وضو کرلیں تاکہ ہم آپ سے قرآن کی کچھ آیات کے بارے میں دریافت کرلیں' تو انہوں نے فرمایا: تم مجھ سے سوال کرو میں اسے چھو نہیں رہا' اسے صرف باوضو لوگ چھو سکتے ہیں' پھر ہم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے سوالات کیے' اور انہوں نے وضو کرنے سے پہلے ہی ہمارے سامنے کچھ آیات کی تلاوت کی۔

---

۴۳٦ اخرجه البيهقي في الخلافيات (۵۱۳/۱) رقم (۳۰۸)' وفي السنن الكبرى (۸۸/۱) كتاب الطهارة' باب نهي المحدث عن مس المصحف' ورواه ايضا اللالكائي في (شرح اصول اعتقاد اهل السنة) (۳۴۵/۲) رقم (۵۷۵): اخبرنا محمد بن عمر بن حميد' ثنا محمد بن مخلد به' ورواه الحاكم (۱۸۳/۱)' ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (۵۱۴/۱) رقم (۳۰٦) قال الحاكم: (حدثناه ابو عبد الله محمد بن عبد الله الصفار' ثنا احمد بن يونس الضبي' ثنا ابو بدر شجاع بن الوليد عن الاعمش' به)- وسياتي عند المصنف رقم (۴۳۷)' ورواه ايضا الحاكم (۱۸۳/۱)' ومن طريقه البيهقي في الخلافيات (۵۱۵/۱) رقم (۳۰۷): اخبرنا ابو الوليد' ثنا الحسن بن سفيان' ثنا محمد بن عبد الله ابن نمير' ثنا ابي وابو معاوية عن الاعمش' به- وهو عند البيهقي ايضا في المعرفة (۱۸۵/۱) من نفس طريق الحاكم- ورواه ابن ابي شيبة (۹۸/۱) رقم (۱۱۰۰): حدثنا ابو معاوية عن الاعمش' به- وسياتي من طريق ابي معاوية عند المصنف رقم (۴۳۷)-

اس روایت کا مضمون قریب قریب ہے' اور تمام اسناد مستند طور پر منقول ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن نمیر ہمدانی کوفی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 234ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۶۲)(۶۰۹۳)۔

438- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ قَالَ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ بِنَحْوِهٖ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ عبدالرحمان بن یزید کے حوالے سے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عمر بن حفص بن جہم بن واقد کندی، :علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 235ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۲)(۸۳)۔

439- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعَبْسِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ سَلْمَانَ اَنَّهٗ قَرَاَ بَعْدَ الْحَدَثِ .كُلُّهَا صِحَاحٌ.

☆☆ علقمہ اور اسود کے حوالے سے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے بے وضو ہونے کی حالت میں قرآن کی آیت کی تلاوت کی تھی۔ یہ تمام اسناد مستند ہیں۔

46- باب مَا وَرَدَ فِيْ طَهَارَةِ الْمَنِيِّ وَحُكْمِهٖ رَطْبًا وَيَابِسًا.

باب: تر یا خشک منی کے پاک ہونے اور اس کے حکم کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

۴۳۸- رواه الحاكم في المستدرك (۲/۴۷۷): اخبرنا ابو زكريا العنبري' ثنا محمد بن عبد السلام' ثنا اسحاق' انبا جرير عن الاعمش عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد' قال: كنا مع سلمان...... فذكره نحوه- وقال الحاكم: (صحيح على شرط الشيخين' ولم يخرجاه) ووافقه الذهبي' وانظر الحديث (۴۳۵)' (۴۳۶)' (۴۳۷)-

۴۳۹- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۱/۹۸) رقم (۱۱۰۱): حدثنا وكيع عن سفيان' به-

440- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الْمَنِيِّ يُصِيبُ الثَّوْبَ .قَالَ اِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ الْمُخَاطِ وَالْبُزَاقِ وَاِنَّمَا يَكْفِيكَ اَنْ تَمْسَحَهُ بِخِرْقَةٍ اَوْ بِاِذْخِرَةٍ .لَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُ اِسْحَاقَ الْاَزْرَقِ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ اَبِى لَيْلٰى ثِقَةٌ فِى حِفْظِهِ شَىْءٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کپڑوں پر منی لگ جانے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ بلغم اورتھوک کی طرح ہے' تمہارے لیے اتنا کافی ہوگا' تم اسے کسی کپڑے یا گھاس کے ذریعے صاف کرلو۔

صرف اسحاق نامی راوی نے اس روایت کو''مرفوع'' روایت کے طور پرنقل کیا ہے۔

توضیح مسئلہ:

منی کی طہارت یا عدم طہارت کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح مسلم کے حاشیہ نگارامام ابوزکریا یحیٰی بن شرف نووی تحریر کرتے ہیں:

امام نوویؒ کا بیان:

اختلف العلماء فی طهارة منی الآدمی فذهب مالك و ابو حنيفة الى نجاسته الاان ابا حنيفة قال يكفی فی تطهيره فركه اذا كان يابسا وهو رواية عن احمد وقال مالك لا بد من غسله رطبا ويابسا وقال الليث هو نجس ولا تعاد الصلاة منه وقال الحسن لا تعاد الصلاة من المنی فی الثوب وان كان كثيرا وتعاد منه فی الجسد وان قل وذهب كثيرون الى ان المنی طاهر روی ذلك عن علی بن ابی طالب وسعد بن ابی وقاص وبن عمر وعائشة وداود واحمد فی اصح الروايتين وهو مذهب الشافعی واصحاب الحديث وقد غلط من اوهم ان الشافعی رحمه الله تعالى منفرد بطهارته ودليل القائلين بالنجاسة رواية الغسل ودليل القائلين بالطهارة رواية الفرك فلو كان نجسا لم يكف فركه كالدم وغيره قالوا ورواية الغسل محمولة على

ا۔ الحاشیة للنووی علی صحیح مسلم 198/3

۴۴۰- اخرجه الطبرانی فی الكبير (۱۱/ ۱۴۸) رقم (۱۱۳۲۱): حدثنا الحسين بن اسحاق التستری: ثنا سعيد بن يحيى الازهر' به- ورواه البيهقی (۲/ ۴۱۸) كتاب الطهارة' باب المنی يصيب الثوب: انبا ابو بكر بن الحارث الفقيه' انبا ابو محمد بن حيان' ثنا عبد الله بن قحطبة: ثنا مريح الخادم' ثنا اسحاق الازرق' به- قال البيهقی: (رواه وكيع عن ابن ابی ليلى موقوفًا على ابن عباس' وهو الصحيح)- اه- وقال الهيثمی فی المجمع (۱/ ۲۸۴): (رواه الطبرانی فی الكبير' وفيه محمد بن عبيد الله العرزمی' وهو مجمع على ضعفه)- اه- قلت: وهذا وهم من الهيثمی - رحمه الله - فانه ليس فی اسناده العرزمی هذا ! فتنبه- والله اعلم- ومحمد بن عبد الرحمن بن ابی ليلى: قال فيه المصنف هنا: (ثقة فی حفظه شیء)' وقال فی السنن ايضًا (۲/ ۲۶۳) (ردیء الحفظ' كثير الوهم)- وقال فيه الحافظ فی التقريب (۲/ ۱۸۴): (صدوق سیء الحفظ جدا)- اه-

الاستحباب والتنزيه واختيار النظافة والله اعلم هذا حكم منى الآدمى ولنا قول شاذ ضعيف ان منى المراة نجس دون منى الرجل وقول اشذ منه ان منى المراة والرجل نجس والصواب انهما طاهران ؎

انسان کی منی کے بارے میں اہلِ علم نے اختلاف کیا ہے' امام مالک اور امام ابوحنیفہ نے اسے نجس قرار دیا ہے' البتہ امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں: اگر وہ خشک ہو چکی ہو تو اسے پاک کرنے کے لیے صرف کھرچ دینا کافی ہے' ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل بھی اس بات کے قائل ہیں۔

امام مالک یہ کہتے ہیں: منی خشک ہو چکی ہو یا تر حالت میں ہو' اسے دھونا ضروری ہے۔

شیخ لیث بن سعد فرماتے ہیں: یہ ناپاک ہوتی ہے (لیکن کپڑے پر اگر یہ لگی ہوئی ہو اور آدمی نے نماز ادا کر لی ہو) تو اب اس نماز کو دُہرایا نہیں جائے گا۔

حسن بصری یہ فرماتے ہیں: کپڑے پر منی لگی ہوئی ہو تو اس نماز کو دُہرایا نہیں جائے گا خواہ وہ زیادہ ہی ہو لیکن اگر وہ جسم پر لگی ہوئی ہو تو اس نماز کو دُہرایا جائے گا خواہ وہ تھوڑی ہی ہو۔

اکثر اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: منی پاک ہوتی ہے۔

یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت عبداللہ بن عمر' سیدہ عائشہ صدیقہ' داؤد ظاہری اور صحیح روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل سے منقول ہے۔

امام شافعی اور علمِ حدیث کے ماہرین بھی اسی بات کے قائل ہیں' اس نے یہ غلط بیان کی ہے جس نے یہ کہا ہے' امام شافعی اسے پاک قرار دینے میں منفرد ہیں۔

جو حضرات اس کے نجس ہونے کے قائل ہیں' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں اسے دھونے والی روایت پیش کی ہے' جو حضرات اس کے پاک ہونے کے قائل ہیں' انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں کھرچ دینے والی روایت پیش کی ہے۔

اگر یہ ناپاک ہوتی تو محض اسے کھرچ دینا کافی نہ ہوتا' جیسے خون وغیرہ کا یہی حکم ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں: دھونے والی روایت کو استحباب اور پاک صاف کرنے پر محمول کیا جائے گا کہ انسان نفاست کو اختیار کرے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

یہ حکم مرد کی منی کے بارے میں ہے اور ہمارے ہاں ایک شاذ اور ضعیف قول یہ ہے: عورت کی منی ناپاک ہوتی ہے اور مرد کی منی ناپاک نہیں ہوتی۔

اور اس سے بھی زیادہ شاذ قول یہ ہے: مرد اور عورت دونوں کی منی ناپاک ہوتی ہے' درست یہ ہے: یہ دونوں پاک ہوتی ہیں۔

حافظ ابن حجر کا بیان:

اسی موضوع کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح بخاری کے عظیم شارح حافظ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہیں:

لم يخرج البخارى حديث الفرك بل اكتفى بالاشارة اليه فى الترجمة على عادته لانه ورد من حديث

عائشة ايضا كما سنذكره وليس بين حديث الغسل وحديث الفرك تعارض لان الجمع بينهما واضح على القول بطهارة المنى بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب وهذه طريقة الشافعى واحمد واصحاب الحديث و كذا الجمع ممكن على القول بنجاسته بان يحمل الغسل على ما كان رطبا والفرك على ما كان يابسا وهذه طريقة الحنفية والطريقة الاولى ارجح لان فيها العمل بالخبر والقياس معا لانه لو كان نجسا لكان القياس وجوب غسله دون الاكتفاء بفركه كالدم وغيره[1]

امام بخاری نے کھرچ دینے سے متعلق روایت کونقل نہیں کیا بلکہ ترجمۃ الباب میں اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے جیسا کہ ان کا عام معمول ہے کیونکہ اس بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے حدیث منقول ہے جسے ہم عنقریب ذکر کریں گے ویسے بھی دھو دینے اور کھرچ دینے والی روایات میں تعارض نہیں پایا جاتا کیونکہ ان دونوں کو جمع کرنا واضح ہے یعنی آپ اس بات کے قائل ہوں کہ منی پاک ہوتی ہے اور غسل کو استحباب پر محمول کیا جائے تاکہ اچھی طرح صفائی حاصل ہو جائے یہ وجوب کے طور پر نہ ہو یہ امام شافعی امام احمد بن حنبل اور محدثین کا طریقہ ہے۔

اسی طرح اس قول کے مطابق بھی اسے جمع کرنا ممکن ہے کہ اسے نجس قرار دیا جائے اور دھونے کے حکم کو اس صورتِ حال پر محمول کیا جائے جب وہ تر ہو اور کھرچنے کو اس صورتِ حال پر محمول کیا جائے جب وہ خشک ہو چکی ہو۔

یہ احناف کا طریقہ ہے لیکن پہلے والا طریقہ زیادہ قابل ترجیح ہے کیونکہ اس میں حدیث اور قیاس دونوں پر عمل کیا جا رہا ہے اس لیے کہ اگر یہ ناپاک ہوتی تو قیاس کا تقاضا یہ تھا: اسے دھونا لازم ہوتا محض کھرچ دینا کافی نہ ہوتا (جیسا کہ خون وغیرہ کا یہی حکم ہے)۔

علامہ عینیؒ کا تبصرہ:

علامہ ابن حجر کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے حافظ بدرالدین محمود عینی تحریر کرتے ہیں:

وقال بعضهم لم يخرج البخارى حديث الفرك بل اكتفى بالاشارة اليه فى الترجمة على عادته لانه ورد من حديث عائشة رضى الله تعالى عنها ايضا قلت هذا اعتذار بارد لان الطريقة انه اذا ترجم الباب بشىء ينبغى ان يذكره وقوله بل اكتفى بالاشارة اليه كلام واه لان المقصود من الترجمة معرفة حديثها والا فمجرد ذكر الترجمة لا يفيد شيئا والحديث الذى فى هذا الباب لا يدل على الفرك ولا على غسل ما يصيب من المراة واعتذر الكرمانى عنه بقوله واكتفى بايراد بعض الحديث وكثيرا يقول مثل ذلك او كان فى قصده ان يضيف اليه ما يتعلق به ولم يتفق له او لم يجد رواته بشرطه قلت كل هذا لا يجدى ولكن حبك للشىء يعمى ويصم لم ان بعضهم ذكر فى اول هذا الباب كلاما لا يذكره من له بصيرة وروية وفيه رد لما ذهب اليه الحنفية ومع هذا اخذ كلامه هذا من كلام خطابى مع تغيير وهو انه قال وليس بين حديث

[1] فتح البارى لابن حجر عسقلانى 332/1

الغسل وحديث الفرك تعارض لان الجمع بينهما واضح على القول بطهارة المنى بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب وهذه طريقة الشافعي واحمد واصحاب الحديث وكذا الجمع ممكن على القول بنجاسته بان يحمل الغسل على ما كان رطبا والفرك على ما كان يابسا وهذه طريقة والطريقة الاولى ارجح لان فيها العمل بالخبر والقياس معا لانه لو كان نجسا لكان القياس وجوب غسله دون الاكتفاء بفركه كالدم وغيره وهم لا يكتفون فيما لا يعفى عنه من الدم بالفرك قلت من هو الذى ادعى تعارضا بين الحديثين المذكورين حتى يحتاج الى التوفيق ولا نسلم التعارض بينهما اصلا بل حديث الغسل يدل على نجاسة المنى بدلالة غسله وكان هذا هو القياس ايضا في يابسه ولكن خص بحديث الفرك وقوله بان يحمل الغسل على الاستحباب للتنظيف لا على الوجوب كلام واه وهو كلام من لا يدرى مراتب الامر الوارد من الشرع فاعلى مراتب الامر الوجوب وادناها الاباحة وهنا لا وجه للثانى لانه عليهم الصلاة والسلام لم يتركه على ثوبه ابدا وكذلك الصحابة من بعده ومواظبته على فعل شىء من غير ترك فى الجملة يدل على الوجوب بلا نزاع فيه وايضا الاصل فى الكلام الكمال فاذا اطلق اللفظ ينصرف الى الكامل اللهم الا ان ينصرف ذلك بقرينة تقوم فتدل عليه حينئذ وهو فحوى كلام اهل الاصول ان الامر المطلق اى المجرد عن القرائن يدل على الوجوب ثم قوله والطريقة الاولى ارجح الخ غير راجح فضلا ان يكون ارجح بل هو غير صحيح لانه قال فيها العمل بالخبر وليس كذلك لان من يقول بطهرة المنى يكون غير عامل بالخبر لان الخبر يدل على نجاسته كما قلنا وكذلك قوله فيها العمل بالقياس غير صحيح لان القياس وجوب غسله مطلقا ولكن خص بحديث الفرك لما ذكرنا فان قلت ما لا يجب غسل يابسه لا يجب غسل رطبه كالمخاط قلت لا نسلم ان القياس صحيح لان المخاط لا يتعلق بخروجه حدث ما اصلا والمنى موجب لاكبر الحدثين وهو الجنابة فان قلت سقوط الغسل فى يابسه يدل

قوله كالدم وغيره الى آخره قياس فاسد لانه لم يات نص بجواز الفرك فى الدم ونحوه وانما جاء فى يابس المنى على خلاف القياس فيقتصر على مورد النص [1]

بعض حضرات (اس سے ابن حجر مراد ہیں) نے یہ بات بیان کی ہے: امام بخاری نے کھرچ دینے سے متعلق روایت نقل نہیں کی ہے بلکہ اس کی طرف ترجمۃ الباب میں اشارہ کر دیا ہے جیسا کہ ان کا عام معمول ہے کیونکہ یہ روایت سیدہ عائشہ کے حوالے سے منقول ہے۔

میں یہ کہتا ہوں: یہ کوئی قابل ذکر عذر نہیں ہے' کیونکہ طریقہ تو یہ ہے: جب آپ کسی چیز کے بارے میں ترجمۃ الباب قائم کرتے ہیں تو آپ اسے ذکر کریں اور ان صاحب کا یہ کہنا: انہوں نے اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے' یہ کافی ہے' یہ مناسب کلام نہیں ہے کیونکہ ترجمۃ الباب کا مقصد یہ ہے کہ اس سے متعلق حدیث کی معرفت حاصل کی جائے' محض ترجمۃ الباب ذکر کر دینا تو کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا اور اس کے بعد اس باب میں جو حدیث ذکر کی گئی ہے وہ نہ تو کھرچنے پر دلالت کرتی ہے اور نہ

[1] عمدۃ القاری' للعینی' 144/3

ہی دھونے پر دلالت کرتی ہے' یعنی وہ چیز جو عورت کے جسم سے (مرد کے جسم پر لگ جاتی ہے)۔

امام کرمانی نے ان کی طرف سے یہ عذر پیش کیا ہے' یہاں پر روایت کے بعض حصے کو نقل کر دینا کافی ہے' بہت سے حضرات نے یہی بات بیان کی ہے یا پھر یہ ہے کہ ان کا مقصد یہ ہوگا کہ وہ اس کی طرف اس چیز کی نسبت کریں جو اس کے متعلق ہے اور اس کے ساتھ اتفاق نہیں ہے' ہوسکتا ہے کہ انہیں اس حوالے سے اپنی شرط کے مطابق راوی نہ ملے ہوں۔

میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بھی کوئی قابل ذکر بات نہیں ہے' کسی چیز کی محبت انسان کو اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے۔

پھر بعض حضرات نے یہ بات ذکر کی ہے کہ امام بخاری نے اس باب کے آغاز میں کلام ذکر کیا ہے' جسے ایسا کوئی بھی شخص ذکر کرنا پسند نہیں کرے گا جس کے اندر تھوڑی سی بھی سمجھ بوجھ موجود ہو اور اس میں احناف کے مؤقف کی تردید ہے۔

(علامہ عینی کہتے ہیں:) انہوں نے یہ کلام خطابی کے کلام سے نقل کیا ہے اور اس میں تھوڑی سی تبدیلی کر دی ہے' انہوں نے جو یہ کہا ہے کہ دھونے اور کھرچ دینے والی حدیث کے درمیان تعارض نہیں ہے' کیونکہ ان دونوں کو جمع کیا جا سکتا ہے' اس اعتبار سے کہ منی کی طہارت کا فتویٰ دیا جائے اور دھونے والی روایت کو زیادہ صفائی حاصل کرنے کے لیے استحباب پر محمول کیا جائے' اس وجوب پر محمول نہ کیا جائے' امام شافعی' امام احمد بن حنبل اور محدثین کا طریقہ یہی ہے' اسی طرح اس کو جمع کرنا اس حوالے سے بھی ممکن ہے کہ اس کے نجس ہونے کا فتویٰ دیا جائے او دھونے کے حکم کو اس صورت پر محمول کیا جائے جب وہ تر ہو اور کھرچنے کے حکم کو اس صورت پر محمول کیا جائے جب وہ خشک ہو لیکن پہلے والا طریقہ زیادہ قابل ترجیح ہے کیونکہ اس میں خبر اور قیاس دونوں پر عمل کیا جا رہا ہے لیکن گر یہ نجس ہو تو قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اسے دھونا ضروری ہے محض کھرچ دینا کافی نہ ہو' جیسا کہ خون وغیرہ کا یہی حکم ہے کہ جب وہ اتنی مقدار میں لگا ہوا ہو جو قابل معافی نہ ہو تو وہ اس میں کھرچنے پر اکتفا نہیں کرتے ہیں۔

(علامہ عینی کہتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں کہ وہ شخص کون ہے جو اس بات کا دعوے دار ہے کہ ان دونوں روایات کے درمیان تعارض پایا جاتا ہے تاکہ ان کے درمیان توفیق کی ضرورت محسوس ہو' ہم اپنی اصل کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان تعارض کو تسلیم ہی نہیں کرتے ہیں بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ دھونے والی روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ منی ناپاک ہے کیونکہ دھونا اس بات پر دلالت کرتا ہے اور قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اگر وہ خشک ہو تو بھی یہی حکم ہو' لیکن کھرچنے والی روایت سے اس کی خصوصیت ثابت ہوگئی ہے (کہ اس کو استثنائی طور پر محمول کیا جائے گا)۔

ان کا یہ کہنا کہ دھونے کا حکم کو زیادہ صفائی حاصل کرنے کے لیے استحباب پر محمول کیا جائے گا' وجوب پر محمول نہیں کیا جائے گا' اس کلام میں بھی کوئی پختگی نہیں ہے' اور یہ بات ایسا شخص کہہ سکتا ہے جو شریعت کی طرف سے آنے والے احکام کے مراتب سے واقفیت نہ رکھتا ہو' امر کا سب سے بلند ترین مرتبہ وجوب ہے اور اس کا سب سے کم تر مرتبہ مباح ہونا ہے اور یہاں دوسری صورت کی تو کوئی گنجائش ہی نہیں ہے (یعنی آپ اسے مباح قرار نہیں دے سکتے) کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اسے کبھی بھی اپنے کپڑوں پر لگا نہیں رہنے دیا' اسی طرح آپ ﷺ کے بعد صحابہ کرام نے بھی یہی طرز عمل اختیار کیا ہے تو نبی اکرم ﷺ کا کسی بھی فعل پر باقاعدگی اختیار کرنا اور اسے کبھی ترک نہ کرنا' اس بات پر دلالت کرے گا کہ ایسا کرنا واجب ہے

اور اس بارے میں کوئی بھی اختلاف نہیں ہے۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ کلام میں اصل مفہوم کامل مراد ہوتا ہے تو جب لفظ مطلق ہوگا تو اسے کامل مفہوم کی طرف پھیرا جائے گا ماسوائے اس کے کہ کوئی قرینہ اسے کسی دوسرے مفہوم کی طرف لے جائے اور وہ پھر دوسرے مفہوم پر دلالت کر رہا ہو' علم اصول کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ جب کوئی حکم مطلق طور پر منقول ہو' یعنی کسی قرینے کے بغیر ہو تو وہ وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

پھر ان کا (یعنی ابن حجر کا) یہ کہنا پہلا طریقہ زیادہ ہے (تو میرے بھائی) وہ تو بھی نہیں ہے چہ جائیکہ آپ اسے زیادہ قرار دیں بلکہ وہ تو صحیح بھی نہیں ہے کیونکہ اس میں انہوں نے یہ کہا ہے: اس میں خبر پر عمل بھی ہو رہا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اس لیے کہ جو لوگ منی کی طہارت کے قائل ہیں وہ اس خبر پر عمل ہی نہیں کر رہے کیونکہ خبر تو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ ناپاک ہے' جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

اسی طرح ان کا (یعنی ابن حجر کا) یہ کہنا کہ اس میں قیاس پر بھی عمل کیا جا رہا ہے' یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ قیاس تو مطلق طور پر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اسے دھونا لازم ہونا چاہیے' لیکن کھرچنے والی روایت سے اس کا مخصوص ہونا ثابت ہو رہا ہے' جیسا کہ ہم پہلے یہ بت بیان کر چکے ہیں۔

اگر آپ یہ سوال کریں کہ جس چیز کو خشک ہونے کی حالت میں دھونا لازم نہیں ہوتا' اسے تر ہونے کی حالت میں بھی دھونا لازم نہیں ہوتا جیسے بلغم وغیرہ کا حکم ہے تو میں یہ جواب دوں گا کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ یہ قیاس درست ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ بلغم نکلنے کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے (لہٰذا بلغم اور منی کے خروج کا حکم مختلف ہوگا)۔

جبکہ منی کے خروج کی وجہ سے غسل کرنا لازم ہو جاتا ہے اور یہ حکم جنابت کا ہے۔

اگر آپ یہ کہیں کہ خشک منی کو دھونے کے حکم کا ساقط ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے جو ابن حجر نے کہی ہے کہ یہ خون کی طرح ہے تو یہ قیاس بھی درست نہیں ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ ایسی کوئی روایت منقول نہیں ہے جو خون کو کھرچ دینے کے بارے میں ہو' یہ روایت صرف خشک منی کے بارے میں منقول ہے اور کیونکہ یہ خلافِ قیاس ہے لہٰذا یہ اپنی اصل تک مخصوص رہے گی' (اس کے علاوہ اس کے بارے میں حکم نہیں دیا جائے گا)۔

441- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي لَيْلَى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَنِيِّ يُصِيبُ الثَّوْبَ قَالَ اِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ النُّخَامَةِ وَالْبُزَاقِ اَمِطْهُ عَنْكَ بِاِذْخِرَةٍ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کپڑوں پر منی لگ جانے کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے یہ

۴۴۱- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/۴۱۸) كتاب الصلوة' باب المني يصيب الثوب: انبا يحيى بن ابراهيم بن محمد بن يحيى المزكي' ثنا ابو العباس محمد بن يعقوب' انبا الربيع بن سليمان' انبا الشافعي' انبا سفيان عن عمرو بن دينار' وابن جريج كلاهما يخبره عن عطاء عن ابن عباس ...... فذكره بنحوه- ورواه الطحاوي في شرح معاني الآثار (۱/۵۲): حدثنا سليمان بن شعيب' قال: ثنا عبد الرحمن' قال: ثنا شعبة' عن عمرو بن دينار عن عطاء عن ابن عباس' ورواه ايضا في (شرح المعاني) (۱/۵۲): حدثنا حسين بن نصر' قال: ثنا ابو نعيم' قال: ثنا سفيان عن حبيب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس مختصراً- قال البيهقي: (وقد روي مرفوعاً' ولا يصح رفعه)- اه-

بات فرمائی ہے: یہ بلغم اورتھوک کی طرح ہے تم اسے گھاس کے ذریعے صاف کرلو۔

442- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَفْرُكُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا كَانَ يَابِسًا وَاَغْسِلُهُ اِذَا كَانَ رَطْبًا.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو کھرچ دیتی تھی' جب وہ خشک ہوتی تھی اوراگر وہ تر ہوتی تھی تو میں اسے دھولیتی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زید بن ابوالزرقاء یزید ثعلبی، موصلی، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 194ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۳)(۲۱۵۰)۔

○ عمرو بن میمون بن مہران جزریپ، ابوعبداللہ وابوعبدالرحمٰن، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 147ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے بلاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۴۶)(۵۱۵۶)۔

○ سلیمان بن یسار ہلالی، مدنی، :علم''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 100ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱۴)(۲۶۳۴)

443- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنْتُ لَاَتَّبِعُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

٤٤٢- اخرجه ابو عوانة (١/٢٠٤) من طريق الاوزاعي عن يحيى عن عمرة عن عائشة' ورواه البيهقي في الكبرٰى (٢/٤١٧) كتاب الصلوٰة' باب المني يصيب الثوب من طريق الشافعي' انبا عمرو بن ابي سلمة عن الاوزاعي عن يحيى بن سعيد عن القاسم عن عائشة...... فذكره' ثم قال: (وقيل: عن بشر بن بكر عن الاوزاعي عن يحيى عن عمرة عن عائشة-رضي الله عنها-)- وسياتي من طريق سليمان بن يسار عنها-

٤٤٣- اخرجه البخاري (١/٤٤٥) كتاب الوضوء' باب غسل المني' الحديث (٢٢٩)' واطرافه في (٢٣٠)' (٢٣١)' (٢٣٢)' ومسلم (٢/٢٠٠) كتاب الطهارة' باب حكم المني' الحديث (٢٨٩)' وابو داؤد (١/١٠٢) كتاب الطهارة' باب المني يصيب الثوب' الحديث (٣٧٣)' والترمذي (١/٢٠١) كتاب الطهارة' باب غسل المني من الثوب' الحديث (١١٧)' والنسائي (١/١٥٦) كتاب الطهارة' باب غسل المني من الثوب' وابن ماجه (١/١٧٨) كتاب الطهارة' باب المني يصيب الثوب' الحديث (٥٣٦)' واحمد في المسند (٦/٤٧' ١٤٢' ٢٣٥)' وابو عوانة في صحيحه (١/٢٠٤)' وابن حبان في صحيحه (٤/٢٢٠) رقم (١٣٨١)' (١٣٨٢) وابن خزيمة في صحيحه رقم (٢٨٧)' والبيهقي في الكبرٰى (٢/٤١٨-٤١٩) كتاب الصلوٰة' باب الاختيار في غسل المني تنظفاً' والبغوي في شرح السنة رقم (٧٩٧)- كلهم من طريق عمرو ابن ميمون عن سليمان بن يسار' به-

وَسَلَّمَ) فَاغْسِلُهُ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اگر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میں (منی کا) داغ دیکھتی تھی تو اسے دھو دیتی تھی۔ یہ روایت مستند ہے۔

444- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَصَابَ ثَوْبَهُ مَنِيٌّ غَسَلَهُ ثُمَّ يَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى بُقْعِهِ مِنْ اَثَرِ الْغَسْلِ فِىْ ثَوْبِهِ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے پر منی لگ جاتی تو آپ اسے دھو لیتے اور نماز کے لیے تشریف لے جاتے' جب کہ آپ کے کپڑے پر دھونے کے اثر کے نشان میں دیکھ رہی ہوتی تھی۔

445- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنْ اُمِّ الْقَلُوْصِ عَمْرَةَ الْغَاضِرِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا يَرٰى عَلَى الثَّوْبِ جَنَابَةً وَّلَا الْاَرْضِ جَنَابَةً وَّلَا يُجْنِبُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ .لَا يَثْبُتُ هٰذَا .اُمُّ الْقَلُوْصِ لَا تَثْبُتُ بِهَا حُجَّةٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ سمجھتے تھے' کپڑے کو جنابت لاحق نہیں ہوتی' زمین کو جنابت لاحق نہیں ہوتی اور کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو جنبی نہیں کرتا۔

یہ روایت ثابت نہیں ہے' اس روایت کی راوی اُم قلوص نامی خاتون کو مستند تسلیم نہیں کیا گیا۔

47- باب الْجُنُبُ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ اَوْ يَاْكُلَ اَوْ يَشْرَبَ كَيْفَ يَصْنَعُ

باب: جب جنبی شخص سونے' کھانے یا پینے کا ارادہ کرے تو وہ کیا کرے؟

446- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ

۴۴۵-وعمرة الغاضرية ام القلوص: قال الحافظ في التقريب (۶۰۷/۲): (عن عائشة' وعنها المتوكل بن الفضل في الدارقطني)- اھ- وانظر الحديث رقم (۳۹۲)-

۴۴۶-اخرجه احمد (۹۱/۶)' من طريق ابن لهيعة' عن ابي الاسود' عن عروة' عن عائشة بلفظ: (من اراد ان ينام وهو جنب' فليتوضا وضوءه للصلوة) وهو عند الاكثرين بدون هذه الزيادة' فقد اخرجه احمد (۳۶/۶)' والبخاري (۳۹۲/۱) كتاب الغسل' باب كينونة الجنب في البيت اذا توضا قبل ان يغتسل' الحديث (۲۸۶)' ومسلم (۲۴۸/۱) كتاب الحيض' باب جواز نوم الجنب' الحديث (۳۰۵/۲۱)' وابو داؤد (۱۵۰/۱-۱۵۱) كتاب الطهارة' باب الجنب ياكل' الحديث (۲۲۲)' والنسائي (۱۳۹/۱) كتاب الطهارة' باب وضوء الجنب اذا اراد ان ينام' وابن ماجه (۱۳۹/۱) كتاب الطهارة' باب من قال: لا ينام الجنب حتى يتوضا وضوءه للصلوة' الحديث (۵۸۴)' والدارمي (۱۰۸/۲) كتاب الاطعمة' باب في الجنب ياكل من حديث ابي سلمة عنها: (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اراد ان ينام وهو جنب توضا وضوءه للصلوة قبل ان ينام)- ولفظ البخاري' عن ابي سلمة' قال: (سالت عائشة: اكان النبي صلى الله عليه وسلم يرقد وهو جنب؟ قالت: نعم' ويتوضا)- وفي رواية له من حديث عروة عنها قالت: (كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا اراد ان ينام وهو جنب غسل فرجه' وتوضا للصلوة)-

اَبِیْ سَلَمَةَ اَوْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ فَاَرَادَ اَنْ يَّنَامَ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّاْكُلَ غَسَلَ كَفَّيْهِ ثُمَّ اَكَلَ . صَحِيْحٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جنابت لاحق ہوتی اور آپ سونے کا ارادہ کرتے تو آپ نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے' لیکن اگر اس حالت میں کچھ کھانے کا ارادہ کرتے تو آپ اپنی دونوں ہتھیلیاں دھو کر کھا لیتے۔ یہ روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ طلحہ بن یحییٰ بن نعمان بن ابوعیاش زرقی، انصاری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۶۵)(۳۰۵۴)۔

447- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَاَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّطْعَمَ غَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ اَكَلَ .صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ کرتے تو آپ نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے اور اگر (جنابت کی حالت میں) کچھ کھانے کا ارادہ کرتے تو دونوں ہاتھ دھو کر وہ چیز کھا لیتے۔ یہ روایت مستند ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن سالم، ابوجعفر صائغ: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 276ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲/۳۸)۔

○ ابراہیم بن منذر بن عبد اللہ بن منذر بن مغیرۃ بن عبد اللہ بن خالد بن حزام اسدی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 236ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۱۶)(۲۵۵)۔

○ انس بن عیاض بن ضمرۃ، ابوعبد الرحمٰن لیثی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ

راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اُن کا انتقال 200ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۱۵۴)(۵۶۹)۔

448- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ وَكَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّطْعَمَ وَهُوَ جُنُبٌ غَسَلَ كَفَّيْهِ وَمَضْمَضَ فَاهُ ثُمَّ طَعِمَ ۔صَحِيْحٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ کرتے تو سونے سے پہلے نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے اور اگر کچھ کھانے کا ارادہ کرتے جبکہ آپ جنابت کی حالت میں ہوتے تو آپ اپنے دونوں ہاتھ دھو لیتے اور کلی کر کے وہ چیز کھا لیتے۔

یہ روایت مستند ہے۔

48- باب نَسْخِ قَوْلِهٖ اَلْمَاءُ مِنَ الْمَآءِ .

باب: صرف انزال کی وجہ سے غسل لازم ہونے کا حکم منسوخ ہے

449- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ بُجَيْرٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ الْحَلَبِىُّ عَنْ مُحَمَّدٍ اَبِىْ غَسَّانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِىْ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ اَنَّ الْفُتْيَا الَّتِىْ كَانُوْا يُفْتُوْنَ اَنَّ الْمَاءَ مِنَ الْمَآءِ كَانَتْ رُخْصَةً رَخَّصَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِىْ بَدْءِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ اَمَرَنَا بِالْاِغْتِسَالِ بَعْدُ ۔صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بیان کی ہے: کچھ لوگ یہ کہتے ہیں: انزال کی وجہ سے غسل لازم ہوتا ہے (حالانکہ درحقیقت) یہ ایک رخصت تھی' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے ابتدائی زمانے میں عطاء کی تھی' اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں غسل کرنے کا حکم دیا۔

یہ روایت مستند ہے۔

۴۴۹- اخرجه ابو داؤد (۱/ ۱۴۷) كتاب الطهارة' باب في الاكسال' الحديث (۲۱۵)' وابن ابي شيبة (۱/ ۸۹) كتاب الطهارة' باب من قال: اذا التقى الختانان فقد وجب الغسل' واحمد (۵/ ۱۱۵)' والدارمي (۱/ ۱۹۴) كتاب الطهارة' باب الماء من الماء' والترمذي (۱/ ۱۸۳-۱۸۴): كتاب الطهارة' باب ما جاء ان الماء من الماء' الحديث (۱۱۰)' وابن ماجه (۱/ ۲۰۰) كتاب الطهارة' باب الماء من الماء' الحديث (۶۰۹)' وابن الجارود ص (۴۰) كتاب الطهارة' باب في الجنابة والتطهر لها' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۵۷) كتاب الطهارة' باب الذي يجامع ولا ينزل' والبيهقي (۱/ ۱۶۵) كتاب الطهارة' باب وجوب الغسل بالتقاء الختانين' وابن خزيمة (۱/ ۱۱۲) كتاب الطهارة' باب ذكر نسخ اسقاط الغسل في الجماع من غير امناء (۱۷۷)' الحديث (۲۲۵)' وابن حبان (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) ص (۸۰) كتاب الطهارة' باب ما يوجب الغسل' الحديث (۲۲۸)' وقال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح' وصححه ابن خزيمة' وابن حبان' لكنه وقع عندهم عن الزهري عن سهل)-

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن مالک بن نجار کا تعلق انصار کے قبیلے خزرج سے ہے۔
حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی دو کنیتیں ہیں۔ ان کی ایک کنیت ''ابوالمنذر'' ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تجویز کی تھی۔
ان کی دوسری کنیت ابوطفیل ہے۔ یہ کنیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تجویز کی تھی کیونکہ ان کے ایک صاحب زادے کا نام طفیل تھا۔
حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کو بیعت عقبہ اور غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے بارے میں یہ فرمایا ہے: ''اُبی'' ہی تمام مسلمانوں کے سردار ہیں۔
حضرت اُبی رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے لوگوں میں صحابہ کرام میں سے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما شامل ہیں جبکہ ان کے علاوہ عبداللہ بن خطاب' حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے طفیل' نے بھی ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب میں احادیث بھی منقول ہیں جیسا کہ ایک روایت کے مطابق:
حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں تمہارے سامنے سورہ ''لم یکن'' کی تلاوت کروں' حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ (خوشی کی وجہ سے) رونے لگے۔

حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔
بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: انہوں نے ۲۲ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں انتقال کیا۔
جبکہ بعض حضرات کے بیان کے مطابق ان کا انتقال ۳۰ ہجری میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن مہران جمال ابوجعفر رازی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 239ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ص (۹۰۰) (۶۳۶۳)۔

طبقات ابن سعد (498/3) طبقات خلیفہ بن خیاط (ص 88) التاریخ الکبیر (39/2) الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم (29/2) المعرفۃ والتاریخ للفسوی (315/1) معجم الصحابۃ للبغوی (ق 1/1) الثقات لابن حبان (5/3) المستدرک للحاکم (302/3) معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم (163/2) المعجم الکبیر للطبرانی (197/1) الاستیعاب لابن عبد البر (65/1) تہذیب الکمال للمزی (262/2) اسد الغابۃ (61/1) سیر اعلام النبلاء (389/1) تذکرۃ الحفاظ (187/1) تجرید اسماء الصحابۃ (52/1) الکاشف (52/1) الاصابۃ (16/1) التہذیب (187/1) التقریب (ص 96) الریاض المستطابۃ (ص 27)

توضیح مسئلہ:

غسل کے وجوب کے لئے انزال ہونا شرط ہے' اس حکم کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے امام ترمذیؒ تحریر کرتے ہیں:

امام ترمذیؒ کا بیان:

وانما كان الماء من الماء في اول الاسلام ثم نسخ بعد ذلك وهكذا روى غير واحد من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم: ابى بن كعب و رافع بن خديج والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم: على انه اذا جامع الرجل امراته في الفرج وجب عليهما الغسل وان لم ينزلا [۱]

انزال کی وجہ سے غسل لازم ہونے کا حکم اسلام کے ابتدائی زمانے میں تھا' اس کے بعد اسے منسوخ کر دیا گیا' کئی صحابہ کرام نے اس بات کو بیان کیا ہے' جن میں حضرت اُبی بن کعب اور حضرت رافع بن خدیج شامل ہیں۔

اکثر اہلِ علم کے نزدیک اس پر عمل کیا جاتا ہے' یعنی جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ اس کی شرم گاہ میں صحبت کرتا ہے تو اب ان دونوں پر غسل لازم ہو جاتا ہے خواہ ان دونوں کو انزال نہ ہوا ہو۔

مصنف عبدالرزاق کی روایت:

اسی حوالے سے روایت نقل کرتے ہوئے امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ معمر یہ کہتے ہیں:

عبد الرزاق عن معمر قال اخبرني من سمع ابا جعفر يقول كان المهاجرون يامرون بالغسل وكانت الانصار يقولون الماء من الماء فمن يفصل بين هؤلاء وقال المهاجرون اذا مس الختان الختان فقد وجب الغسل فحكموا بينهم على بن ابى طالب فاختصموا اليه فقال ارايتم لو رايتم رجلا يدخل ويخرج ايجب عليه الحد قال فيوجب الحد ولا يوجب عليه صاعا من ماء فقضى للمهاجرين فبلغ ذلك عائشة فقالت ربما فعلنا ذلك انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم فقمنا واغتسلنا [۲]

انہوں نے امام ابوجعفر (یعنی حضرت امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: مہاجرین ایسی صورت میں غسل کرنے کا حکم دیتے تھے اور انصار کا یہ کہنا تھا کہ غسل اس وقت لازم ہوتا ہے جب انزال ہو جائے تو ان حضرات نے یہ فیصلہ کیا کہ اس بارے میں کسی کو ثالث تسلیم کیا جائے کیونکہ مہاجرین یہ کہتے ہیں کہ محض شرم گاہ کے ملنے کی وجہ سے غسل لازم ہو جاتا ہے تو حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو انہوں نے اپنے درمیان ثالث تسلیم کیا' ان لوگوں نے اپنا مقدمہ ان کے سامنے پیش کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر ایک شخص کسی عورت کی شرم گاہ میں (زنا کے طور پر اپنی شرم گاہ کو داخل کر لیتا ہے اور اسے باہر نکال لیتا ہے' یعنی اسے انزال نہیں ہوتا) تو کیا اس شخص پر حد لازم ہو گی' (پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ

---

[۱] جامع ترمذی' ترمذی ابواب الطہارۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' باب ما جاء: ان الماء من الماء

[۲] مصنف عبدالرزاق ﴿کتاب الطہارۃ﴾ ﴿باب ما یوجب الغسل﴾ 249/1

نے ارشاد فرمایا:) یہ چیز حد کو تو لازم کر دیتی ہے لیکن پانی کے ایک صاع یعنی غسل کرنے کو لازم نہیں کرتی ہے' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مہاجرین کے حق میں فیصلہ دے دیا۔

جب اس بات کی اطلاع سیدہ عائشہ کو ملی تو انہوں نے یہ بات بیان کی کہ بعض اوقات میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسی صورتِ حال سے دوچار ہوتے تھے تو ہم بعد میں غسل کرلیا کرتے تھے۔

450- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ سَاَلْتُ عُرْوَةَ عَنِ الَّذِيْ يُجَامِعُ وَلَايُنْزِلُ فَقَالَ قَوْلُ النَّاسِ اَنْ يَّاْخُذُوا بِالْآخِرِ مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَحَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ وَلَايَغْتَسِلُ وَذٰلِكَ قَبْلَ فَتْحِ مَكَّةَ ثُمَّ اغْتَسَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَمَرَ النَّاسَ بِالْغُسْلِ .

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں: میں نے عروہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو صحبت کرتا ہے' لیکن اسے انزال نہیں ہوتا تو عروہ نے جواب دیا: لوگوں کی رائے یہ ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری حکم کو اختیار کرتے ہیں۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ایسا ہی کیا کرتے تھے اور غسل نہیں کرتے تھے' لیکن یہ مکہ فتح ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ اس کے بعد آپ نے غسل کرنا شروع کیا اور لوگوں کو بھی (ایسی صورتحال میں) غسل کرنے کی ہدایت کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حمزۃ بن عباس بن حازم، ابوعلی مروزی: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۷۹/۸)۔

○ عبد اللہ بن عثمان بن جبلۃ ابن ابورواد: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۲۵، ۵۲۶) (۲۴۸۸)۔

○ محمد بن میمون، مروزی ابوحمزۃ سکری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

۴۵۰- اخرجه ابن حبان في صحيحه (۳/ ۴۵۴-۴۵۵) رقم (۱۱۸۰) ومن طريقه الحازمي في الاعتبار ص (۱۲۹) ورواه العقيلي في الضعفاء الكبير (۳۰۷/۱) في ترجمة حسين ابن عمران الجهني' كلهم من طريق ابي حمزة: محمد بن ميمون' نا الحسين بن عمران' به- قال العقيلي: (حسين بن عمران الجهني: قال البخاري: لا يتابع على حديثه' ومن حديثه...... ثم ساق له هذا الحديث - ثم قال: والحديث في الغسل لالتقاء الختانين ثابت عن النبي - عليه السلام - من غير هذا الوجه)- اه - وقال الحازمي في الاعتبار: (هذا حديث قد حكم ابو حاتم ابن حبان بصحته' واخرجه في صحيحه' غير ان الحسين بن عمران قد ياتي عن الزهري بالمناكير' وقد ضعفه غير واحد من اصحاب الحديث- وعلى الجملة الحديث بهذا السياق فيه ما فيه' ولكنه حسن جيد في الاستشهاد)- اه-

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۱۲/۲)۔

○ حسین بن عمران جہنی، علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۷۸/۱)۔

49- باب نَجَاسَةِ الْبَوْلِ وَالامَرِ بِالتَّنَزُّهِ مِنْهُ وَالْحُكْمِ فِيْ بَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ

باب: پیشاب کا ناپاک ہونا اور اس سے بچنے کا حکم اور جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کے پیشاب کا حکم

451- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَرِ بْنِ رَافِعٍ الطُّوسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الضَّرِيْرُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ اَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاَنَا عَلٰى بِئْرٍ اَدْلُو مَاءً فِيْ رِكْوَةٍ لِي فَقَالَ يَا عَمَّارُ مَا تَصْنَعُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ وَاُمِّي اَغْسِلُ ثَوْبِيْ مِنْ نُخَامَةٍ اَصَابَتْهُ فَقَالَ يَا عَمَّارُ اِنَّمَا يُغْسَلُ الثَّوْبُ مِنْ خَمْسٍ مِّنَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَالْقَيْءِ وَالدَّمِ وَالْمَنِيِّ يَا عَمَّارُ مَا نُخَامَتُكَ وَدُمُوْعُ عَيْنَيْكَ وَالْمَاءُ الَّذِيْ فِيْ رِكْوَتِكَ اِلَّا سَوَاءٌ .

۴۵۱- اخرجه ابو يعلي في مسنده (۱۸۵/۳-۱۸۶) رقم (۱۶۱۱)، والبزار (۱۳۱/۱) رقم (۲۴۸- كشف)، والطبراني في الاوسط والكبير كما في مجمع الزوائد (۲۸۸/۱)، وابن عدي في الكامل (۹۸/۲) في ترجمة ثابت بن حماد، كلهم من طريق ثابت بن حماد ابو زيد، حدثنا علي بن زيد، به، ولفظه عند ابي يعلي: (مربي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا اسقي ناقة لي ...)- وعند ابن عدي نحوه- ولفظ البزار: (اتى علي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا على بئر ادلو ماء في ركوة لي ...... فذكره- ولم يذكر (المني)، ولفظ الطبراني: (رآني رسول الله وانا اسقي رجلين من ركوة بين يدي)، قال ابن عدي: (ولا اعلم روى هذا الحديث عن علي بن زيد غير ثابت بن حماد هذا)- اه- وقال البزار: (وثابت بن حماد لا نعلم روى الا هذا)- وقال الهيثمي في المجمع (۲۸۸/۱): (ومدار طرقه عند الجميع على ثابت بن حماد وهو ضعيف جدا)- اه- وقد علقه البيهقي في الكبرى (۱۴/۱)، ثم قال: (هذا باطل لا اصل له: علي بن زيد غير محتج به، وثابت بن حماد متهم بالوضع)- اه-

قال الزيلعي في نصب الراية (۲۱۱/۱): (و اعلم اني وجدت الحديث في نسختين صحيحتين من مسند البزار: من رواية ثابت بن حماد، وليس فيه المني، وانما قال: انما يغسل الثوب من الغائط، والبول، والقيء، والدم)- انتهى- قال البزار: وثابت بن حماد كان ثقة، ولا يعرف انه روى غير هذا الحديث)- انتهى- نقل البزار ذلك عن شيخ شيخه ابراهيم بن زكريا، وقال البيهقي في (سننه الكبرى) في (باب التطهير بالماء دون المائعات): (و اما حديث عمار بن ياسر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال له: (يا عمار، ما نخامتك ......) الى آخره، فهو باطل لا اصل له، انما رواه ثابت بن حماد عن علي بن زيد عن ابن المسيب عن عمار- وعلي بن زيد غير محتج به، وثابت بن حماد متهم بالوضع)- انتهى- وكان البيهقي -رحمه الله- توهم ان تشبيه النخامة في الحديث بالماء في الطهورية، وليس كذلك، وانما التشبيه في الطهارة، اي: النخامة طاهرة لا يغسل الثوب منها، وانما يغسل من كذا وكذا، ولفظ الحديث يدل عليه، اذ لا يلزم من تشبيه شيء بشيء استواؤهما من كل الوجوه: فصح ان ما قاله غير ظاهر، وعلي بن زيد روى له مسلم مقرونا بغيره، وقال العجلي: لا باس به، وفي موضع آخر قال: يكتب حديث، وروى له الحاكم في (المستدرك)، وقال الترمذي: صدوق- وثابت هذا: قال شيخنا علاء الدين: ما رايت احدا بعد الكشف التام جعله متهما بالوضع غير البيهقي، وقد ذكره في (كتاب المعرفة) في هذا الحديث، ولم ينسبه الى الوضع، وانما حكى فيه قول الدارقطني- وقول ابن عدي المتقدمين- والله اعلم- اه-

لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ ثَابِتِ بْنِ حَمَّادٍ وَّهُوَ ضَعِيفٌ جِدًّا وَابْرَاهِيمُ وَثَابِتٌ ضَعِيفَانِ.

☆☆ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' میں اس وقت ایک کنوئیں کے کنارے ایک ڈول سے پانی نکال رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے عمار! کیا کر رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں اپنے کپڑے پر لگی ہوئی بلغم کو دھونا چاہ رہا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمار! کپڑے کو پانچ وجہ سے دھویا جاتا ہے: پاخانہ لگا ہو' پیشاب لگا ہو' قے لگی ہو' خون لگا ہو یا منی لگی ہو۔ اے عمار! تمہاری بلغم' تمہارے آنسو اور تمہاری چھاگل میں موجود پانی ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس روایت کو صرف ثابت بن حماد نے نقل کیا ہے اور یہ بہت زیادہ ضعیف ہے۔ اس روایت کے دو راوی ابراہیم اور ثابت دونوں ضعیف ہیں۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بن عامر بن مالک بن کنانہ بن قیس بن حصین۔

ان کی کنیت ''ابو یقظان'' تھی۔

یہ ان حضرات میں سے ایک ہیں جنہوں نے بالکل ابتداء میں اسلام قبول کیا تھا۔

ایک روایت کے مطابق حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا تھا' اس وقت تیس کے قریب لوگ مسلمان ہوئے تھے۔ یہ ان کے والد اور ان کی والدہ سب سابقون الاوّلون میں سے ہیں۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے اس وقت اسلام قبول کیا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دار ارقم میں روپوشی کی زندگی گزار رہے تھے۔ یہ اور حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ ایک ہی موقع پر مسلمان ہوئے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ کو دار ارقم کے دروازے پر دیکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس میں موجود تھے تو میں نے صہیب سے پوچھا تم یہاں کیوں کھڑے ہو۔ اس نے دریافت کیا تم یہاں کیوں آئے ہو۔ میں نے جوابدیا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں اور ان کی بات سنوں تو وہ بولے: میں بھی یہی چاہتا ہوں۔

پھر یہ دونوں حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور

طبقات ابن سعد (231,217/2) وتهذيب التهذيب (257—256/4) والتقريب (ص 408) وتذهيب تهذيب الكمال (261/2) والاصابة (274'273/4) والثقات (302-301/3) والتاريخ الكبير (26-25/7) والاستيعاب (231-227/3) والرياض المستطابة (ص 211) والمصباح المضي (75/1) والتحفة اللطيفة (286/3) وتجريد اسماء الصحابة (394/1) واصحاب بدر (ص 111) والكاشف (301/2) والجرح والتعديل (389/6) وتاريخ الاسلام (346/3) وصفة الصفوة (442/1) والازمنة التاريخ الاسلامي (794/1) وبقي بن مخلد (ص 54) والبداية والنهاية (312/7) والزهد الوكيع (ص 141) سير اعلام النبلاء (406/1) اسد الغابة (ت 3804)

انہوں نے فوراً اسلام قبول کر لیا۔

ایک روایت میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے۔ وہ یہ فرماتے ہیں: جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی (جب میں نے اسلام قبول کیا) تو اس وقت آپ کے ساتھ صرف پانچ غلام' دو خواتین اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔

مجاہد بیان کرتے ہیں' سب سے پہلے جن لوگوں نے اپنے اسلام کا اظہار کیا وہ یہ سات آدمی ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضرت عمار رضی اللہ عنہ' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ' حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ۔

ایک روایت میں یہ بات منقول ہے۔ ایک مرتبہ مشرکین نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر مارنا شروع کیا اور یہ اصرار کیا کہ وہ انہیں اس وقت تک نہیں چھوڑیں گے جب تک وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی برائی بیان نہ کریں اور ان کے باطل معبودوں کی تعریف نہ کریں۔ جب حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ایسا کر لیا تو مشرکین نے انہیں چھوڑ دیا۔ جب یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حال احوال دریافت کیے تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بہت بری خبر ہے۔ میں اس وقت صرف اس وجہ سے زندہ بچا ہوں کہ میں نے آپ کی (نہ چاہتے ہوئے) برائی بیان کی اور ان کے باطل معبودوں کی تعریف کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے دل کی کیفیت کیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: دل تو ایمان پر قائم ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر (کوئی مسئلہ نہیں ہے)۔ محدثین نے یہ بات بیان کی ہے قرآن کی یہ آیت حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے بارے نازل ہوئی ہے۔

''جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کرے۔ البتہ اگر اسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان کے بارے میں مضبوط ہو (تو حکم مختلف ہوگا)''۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تھی اور انہیں غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد' غزوۂ خندق' بیعت رضوان وغیرہ میں شرکت کا شرف حاصل ہے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے فضائل میں بہت سی احادیث منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوگو! میرے بعد ابوبکر اور عمر کی پیروی کرنا' عمار کے طریقے کو سیکھنا اور ابن اُمّ عبد (عبداللہ بن مسعود) کے حکم پر عمل کرنا۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ میرے اور عمار کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔ میں نے انہیں کوئی سخت بات کہہ دی۔ عمار میری شکایت کرنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ اس وقت میری شکایت کر رہے تھے تو میں نے سخت لہجے میں پھر کوئی بات کہہ دی۔ تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ رونے لگے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ خالد کو دیکھ رہے ہیں کہ ان کا رویہ میرے ساتھ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور ارشاد فرمایا: جو شخص عمار سے دشمنی رکھے اللہ تعالیٰ بھی اس سے دشمنی رکھے اور جو شخص عمار سے بغض رکھے' اللہ تعالیٰ بھی اس کو ناپسند بنا دے۔ (عمار اس دوران اٹھ کر جا چکے تھے)۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

اس وقت مجھے دنیا میں سب سے محبوب یہ بات تھی کہ کسی طرح عمار مجھ سے راضی ہو جائیں۔ لہٰذا میں ان کے پیچھے گیا' ان سے ملا (ان سے معافی مانگی) تو وہ مجھ سے راضی ہو گئے۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نقل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

عمار کے سامنے جب بھی کوئی دو باتیں پیش کی جائیں تو وہ اس کو اختیار کرتا ہے جو ہدایت پر مبنی ہو۔

بعض حضرات نے یہ بات نقل کی ہے: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ چاشت کے وقت وہاں پہنچے۔ اس وقت حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے یہ مشورہ دیا کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کوئی ایسی جگہ بنائیں جہاں آپ دوپہر کے وقت سائے میں آرام سے بیٹھیں اور آپ نماز بھی وہاں ادا کریں چنانچہ چند پتھر جمع کر کے مسجد قباء کی بنیاد رکھی گئی۔ یہ اسلام میں قائم کی جانے والی سب سے پہلی مسجد ہے اور اس کا مشورہ دینے والے حضرت عمار بن یاسر تھے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے فضائل میں دیگر بہت سی روایات منقول ہیں۔ جیسا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔ انہوں نے اہل کوفہ کے نام خط میں یہ لکھا تھا:

''اما بعد! تم یہ بات جان لو کہ میں عمار بن یاسر کو تمہارا گورنر اور عبداللہ بن مسعود کو ان کا وزیر بنا کر اور تمہارا معلم مقرر کر کے بھیج رہا ہوں۔ یہ دونوں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برگزیدہ اصحاب میں سے ایک ہیں۔ تم نے ان دونوں کی پیروی کرنی ہے''۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ۹۰ سال سے زیادہ عمر میں جنگ صفین کے دوران حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں انہی کپڑوں میں دفن کیا جن میں وہ شہید ہوئے تھے اور انہیں غسل نہیں دیا۔ البتہ ان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

حضرت عمار رضی اللہ عنہ گندمی رنگت کے مالک تھے۔ آپ کا قد لمبا تھا۔ آنکھیں بڑی بڑی تھیں۔ سینہ کشادہ تھا' بال سفید ہو چکے تھے۔ تاہم آپ مہندی لگایا کرتے تھے۔ بعض روایات میں یہ آتا ہے کہ ان کے سر پر بالوں کی تعداد بہت تھوڑی تھی۔

حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرنے والوں میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے علاوہ تابعین میں سے ابوامامہ' جرو' ابوطفیل شامل ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد' سعید بن مسیب' ابوبکر بن عبدالرحمان' ابووائل' علقمہ' زر بن حبیش اور دیگر بہت سے لوگوں نے آپ سے احادیث روایت کی ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن زکریا، ابواسحاق عجلی بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱/۱۵۰)۔

○ ثابت بن حماد، ابوزید، بصری،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید

حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۸۲/۲)۔

توضیح مسئلہ:

اس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہہ شیخ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:

شیخ ابن رُشد کا بیان

اتفق العلماء على نجاسة بول ابن آدم ورجيعه الا بول الصبى الرضيع واختلفوا فيما سواه من الحيوان فذهب الشافعي وابو حنيفة الى انها كلها نجسة .وذهب قوم الى طهارتها باطلاق اعنى فضلتى سائر الحيوان البول والرجيع .وقال قوم: ابوالها وارواثها تابعة للحومها فما كان منها لحومها محرمة فابوالها وارواثها نجسة محرمة وما كان منها لحومها ماكولة فابوالها وارواثها طاهرة ما عدا التى تاكل النجاسة وما كان منها مكروهة فابوالها وارواثها مكروهة وبهذا قال مالك كما قال ابو حنيفة بذلك فى الاسآر .وسبب اختلافهم شيئان: احدهما اختلافهم فى مفهوم الاباحة الواردة فى الصلاة فى مرابض الغنم واباحته عليه الصلاة والسلام للعرنيين شرب ابوال الابل والبانها وفى مفهوم النهى عن الصلاة فى اعطان الابل .والسبب الثانى اختلافهم فى قياس سائر الحيوان فى ذلك على الانسان فمن قاس سائر الحيوان على الانسان وراى انه من باب قياس الاولى والاحرى لم يفهم من اباحة الصلاة فى مرابض الغنم طهارة ارواثها وابوالها جعل ذلك عبادة ومن فهم من النهى عن الصلاة فى اعطان الابل النجاسة وجعل اباحته للعرنيين ابوال الابل لمكان المداواة على اصله فى اجازة ذلك قال: كل رجيع وبول فهو نجس ومن فهم من حديث اباحة الصلاة فى مرابض الغنم طهارة ارواثها وابوالها وكذلك من حديث العرنيين وجعل النهى عن الصلاة فى اعطان الابل عبادة او لمعنى غير معنى النجاسة وكان الفرق عنده بين الانسان وبهيمة الانعام ان فضلتى الانسان مستقذرة بالطبع وفضلتى بهيمة الانعام ليست كذلك جعل فضلات تابعة للحوم والله اعلم .ومن قاس على بهيمة الانعام غيرها جعل فضلات كلها ما عدا فضلتى الانسان غير نجسة ولا محرمة والمسالة محتملة ولولا انه لا يجوز احداث قول لم يتقدم اليه احد فى المشهور وان كانت مسالة فيها خلاف لقيل ان ما ينتن منها ويستقذر بخلاف ما لا ينتن ولا يستقذر وبخاصة ما كان منها رائحته حسنة لاتفاقهم على اباحة العنبر وهو عند اكثر الناس فضلة من فضلات حيوان البحر وكذلك المسك وهو فضلة دم الحيوان الذى يوجد المسك فيه فيما يذكر[1]

اس بات پر تمام اہلِ علم کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے کہ انسان کا پاخانہ اور پیشاب ناپاک ہوتا ہے' البتہ دودھ پیتے بچے کا حکم مختلف ہے۔ جانوروں کے بارے میں اہلِ علم میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ امام شافعی اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ تعالیٰ

[1] بداية المجتهد كتاب الطهارة من النجس الباب الثانى فى معرفة انواع النجاسات 120/1

اس بات کے قائل ہیں: تمام جانوروں کا پیشاب و پاخانہ ناپاک ہوتا ہے۔

جبکہ بعض لوگوں نے اسے مطلق طور پر پاک قرار دیا ہے' ہمارا مطلب ہے: تمام جانوروں کے فضلے' یعنی پیشاب اور پاخانے کو۔

بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: ان جانوروں کا پیشاب اور ان کی لید ان کے گوشت کے تابع ہوگی' یعنی جن جانوروں کا گوشت کھانا حرام ہے' ان کا پیشاب اور لید بھی ناپاک اور حرام ہوں گے اور جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کا پیشاب اور لید پاک ہوں گے' البتہ نجاست کھانے والے جانوروں کا حکم مختلف ہے' کیونکہ ان کے گوشت کھانے کو بھی مکروہ قرار دیا گیا ہے تو ان کا پیشاب اور لید بھی مکروہ ہوگا۔

امام مالک اسی بات کے قائل ہیں جیسا کہ ان جانوروں کے جوٹھے کے بارے میں امام ابوحنیفہ نے یہی بات بیان کی ہے۔

اس حوالے سے اہلِ علم کے درمیان اختلاف دو حوالوں سے پایا جاتا ہے۔

ان میں سے پہلا پہلو یہ ہے کہ بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے جائز ہونے سے مراد کیا ہے؟

نبی اکرم ﷺ نے عرینہ قبیلے کے لوگوں کو اونٹوں کا پیشاب اور ان کا دودھ پینے کی اجازت دی تھی (اس کا مفہوم کیا ہے؟)

اور نبی اکرم ﷺ نے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے (تو اس سے مراد کیا ہوگی؟)

دوسرا سبب یہ ہے: ان حضرات کے درمیان یہ اختلاف پایا جاتا ہے' دیگر جانوروں کو انسان پر قیاس کیا جائے گا جن حضرات نے دیگر جانوروں کو انسان پر قیاس کیا ہے اور انہوں نے یہ سمجھا کہ قیاس کے حوالے سے یہ بات زیادہ مناسب اور زیادہ بہتر ہے' انہوں نے بکریوں کے باڑے میں نماز کے جائز قرار دیئے جانے کی بدولت ان بکریوں کے پیشاب یا لید کے پاک ہونے کی رائے قائم نہیں کی' انہوں نے اسے عبادت تصور کیا ہے۔

جبکہ جن حضرات نے اونٹوں کے بارے میں نماز ادا کرنے کی ممانعت کی وجہ نجس ہونے کو قرار دیا ہے' انہوں نے عرینہ قبیلے کے افراد کو اونٹ کا پیشاب پینے کی اجازت کو علاج کے طور پر (محدود پیمانے پر) جائز قرار دیا ہے۔ ان حضرات نے ہر طرح کے جانور کے پیشاب اور پاخانے کو ناپاک قرار دیا ہے۔

جن اہلِ علم نے بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے جواز کی بنیاد پر بکریوں کے پاخانے اور پیشاب کو پاک سمجھا ہے' انہوں نے عرینہ قبیلے کے لوگوں سے متعلق روایت کے ذریعے بھی ان کے پاک ہونے کو اختیار کیا ہے اور اونٹوں کے باڑے میں نماز کی ممانعت کو عبادت کے طور پر شمار کیا ہے یا اسے نجاست کے علاوہ کسی اور مفہوم پر محمول کیا ہے' ان کے نزدیک انسان اور جانور میں یہ فرق ہے کہ انسان کا پیشاب اور پاخانہ اپنی فطرت کے اعتبار سے گندہ اور نجس ہوتا ہے لیکن جانوروں کے فضلے کی یہ حیثیت نہیں ہوتی' انہوں نے جانوروں کے فضلے کو ان کے گوشت کے تابع قرار دیا ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

جن لوگوں نے چوپایوں کو دوسرے جانوروں پر قیاس کیا ہے' انہوں نے انسان کے علاوہ دیگر تمام قسم کے حیوانات کے فضلے کو نہ تو نجس قرار دیا ہے اور نہ ہی حرام قرار دیا ہے' یہ مسئلہ احتمالی ہے۔

اگر یہ مسئلہ نہ ہوتا کہ مشہور مسائل میں کوئی نیا قول اختیار نہیں کیا جا سکتا جس تک پہلے کسی کی رسائی نہ ہوئی ہو اور اگر یہ مسئلہ ایسا ہو کہ جس میں اختلاف موجود ہے تو یہ کہا جا سکتا ہے جو فضلہ بدبودار ہو اور جسے دیکھ کر گھن محسوس ہو اس کا حکم اس فضلے سے مختلف ہو گا جس میں بدبو نہ ہو اور جس سے گھن محسوس نہ ہو خاص طور پر ایسا فضلہ جس کی بو اچھی ہو کیونکہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ عنبر استعمال کرنا جائز ہے۔

اکثر لوگوں کے نزدیک سمندری جانور کا فضلہ بھی فضلے کی ایک قسم ہے۔

یہی حال مشک کا ہے عام روایت کے مطابق یہ جانور کے خون کا فضلہ ہوتا ہے جس میں سے مشک نکلتی ہے (جسے خوشبو کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے)۔

452- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَنَزَّهُوا مِنَ الْبَوْلِ فَاِنَّ عَامَّةَ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْهُ . اَلْمَحْفُوْظُ مُرْسَلٌ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پیشاب سے بچو کیونکہ عام طور پر قبر میں عذاب اس وجہ سے ہوتا ہے۔

یہ روایت ''مرسل'' ہونے کے طور پر زیادہ محفوظ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوجعفر رازی، تمیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، اور ان کا نام عیسیٰ بن ابوعیسیٰ عبداللہ بن ماھان ہے: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 160ھ کے آس پاس ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۰۶)۔

453- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاٰدَمِيُّ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوْبَ الْمَخْرَمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ عَنْ اَبِى الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا بَاْسَ بِبَوْلِ مَا اُكِلَ لَحْمُهُ . سَوَّارٌ ضَعِيْفٌ.

۴۵۲- ذكره المنذري (۱/۱۹٤)' ونقل قول الدارقطني فيه واقره' وابو جعفر الرازي قال فيه الحافظ في التقريب (۲/٤۰٦): (صدوق سيء الحفظ خصوصًا عن مغيرة)- اھ- وقال الزيلعي في نصب الراية (۱/۱۲۸): (وابو جعفر متكلم فيه: قال ابن المديني: (كان يخلط)- وقال احمد: (ليس بقوي) - وقال ابو زرعة: يهم كثيراً- اھ- وقال ابن ابي حاتم في الجرح والتعديل (۱/۲٦): (سالت ابي وابا زرعة عن حديث رواه هيان بن هلال وهرمي وابراهيم بن الحجاج' عن حماد بن سلمة عن ثمامة بن انس عن انس: ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: (استنزهوا من البول : فان عامة عذاب القبر من البول)- قال ابو محمد: قال ابي: (حدثنا ابو سلمة عن حماد عن ثمامة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل)- وهذا اشبه عندي- وقال ابو زرعة: (المحفوظ عن حماد عن ثمامة عن انس' وقصر ابو سلمة)- اھ-

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اس کے پیشاب میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس روایت کا راوی سوار ضعیف ہے۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ

آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے:

براء بن عازب بن حارث بن عدی بن جشم بن مجدع بن حارثہ بن حارث بن خزرج بن عمرو بن مالک بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ۔

آپ کی کنیت ابوعمرو ہے۔ بعض حضرات نے ابوعمارہ نقل کی ہے اور یہی روایت درست ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے موقع پر ان کی کم سنی کی وجہ سے انہیں واپس کر دیا تھا اس لیے یہ سب سے پہلے غزوۂ اُحد میں شریک ہوئے۔ بعض مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے: یہ سب سے پہلے غزوۂ خندق میں شریک ہوئے تھے۔

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۴ غزوات میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے ''رے'' فتح کیا تھا جبکہ بعض مؤرخین نے یہ بات نقل کی ہے: ''رے'' کو فتح کرنے والے صحابی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ اور ان کے بھائی عبید بن عازب نے جنگ جمل، جنگ صفین اور جنگ نہروان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کی تھی۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں رہائش اختیار کی اور وہیں اقامت پذیر رہے۔ حضرت مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کے حکومت کے زمانے میں ان کا انتقال ہوا۔

○ عبداللہ بن محمد بن ایوب بن صبیح: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال

طبقات ابن سعد (71/6،364/4) طبقات خلیفة (ص 190،135،80) التاریخ الکبیر (117/2) الجرح والتعدیل (399/2) معجم الصحابة للبغوی (ق 19 / ب) الثقات لابن حبان (26/3) معرفة الصحابة لابی نعیم (71/3) الجمهرة لابن حزم (ص 341) الاستیعاب (155/1) اسد الغابة (205/1) تهذیب الکمال (34/4) سیر اعلام النبلاء (194/3) تجرید اسماء الصحابة (46/1) الکاشف (98/1) الاصابة (147/1) التهذیب (425/1) التقریب (ص 121) الریاض المستطابة (ص 37) المغنی لمحمد طاهر (ص 34)

۴۵۲- اخرجه ابن الجوزی فی التحقیق (۱/۵۶-۵۷) رقم (۸۸) من طریق الدارقطنی به، وعلقه البیهقی فی السنن (۱/ ۲۵۲) فقال: (ورواه یحیی بن ابی بکیر عنه باسناده: لا باس ببول ما اکل لحمه)، ای: رواه عن سوار بن مصعب - و(سوار) هذا: قال ابن الجوزی فی التحقیق (۵۷/۱): (قال احمد ویحیی بن معین والنسائی: سوار متروک الحدیث) - اه - وقال الذهبی فی المیزان (۲۴۶/۱): (قال عباس عن یحیی: کان یجیء الینا لیس بشیء - وقال البخاری: منکر الحدیث - وقال النسائی وغیره: متروک - وقال ابو داؤد: لیس بثقة - قلت: وفی (جزء ابی الجهم) عنه مناکیر) - اه - والحدیث ضعفه الزیلعی فی نصب الرایة (۱/ ۱۲۵)، والحافظ فی التلخیص (۷۱/۱)، وقد خالف یحیی علیه عبد الله بن رجاء، فرواه عن مصعب بن سوار به بلفظ: (ما اکل لحمه فلا باس بسورہ) - وسیاتی عند المصنف رقم (۴۵۵)-

265ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۸۱/۱۰)۔

○ سوار بن مصعب ہمدانی کوفی، ابوعبداللہ الاعمیٰ المؤذن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''منکرالحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۴۳/۳)۔

○ مطرف بن طریف، کوفی، ابوبکر او ابوعبدالرحمٰن، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 141ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۵۳/۲)۔

○ سلیمان بن جہم بن ابوجہم انصاری حارثی، ابوالجہم الجوزجانی، : علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۲/۱)۔

454- خَالَفَهُ يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ فَرَوَاهُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرٍ .حَدَّثَنَا بِهِ اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُثْمَانَ الْاَهْوَازِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا اُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَاْسَ بِبَوْلِهِ . لَا يَثْبُتُ .عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ وَيَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ ضَعِيْفَانِ وَسَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ اَيْضًا مَتْرُوْكٌ وَّقَدِ اخْتُلِفَ عَنْهُ فَقِيْلَ عَنْهُ مَا اُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَاْسَ بِسُؤْرِهِ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہو' اس کے پیشاب میں کوئی حرج نہیں ہے۔

یہ روایت مستند طور پر ثابت نہیں ہے۔

اس کے بعض راوی ضعیف ہیں اور ایک راوی متروک ہے۔

ایک قول کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات منقول ہے: جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے' اس کے جوٹھے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

۴۵۴- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۵۷/۱) رقم (۸۹) من طريق الدارقطني بهذا الاسناد' وعلقه ايضا البيهقي في السنن (۲۵۲/۱) كتاب الطهارة' باب الخبر الذي ورد في سور ما يوكل لحمه' فقال: (ورواه عمران بن الحصين عن يحيى بن العلاء عن مطرف عن محارب بن دثار عن جابر بن عبد الله مرفوعًا في البول- وعمران بن الحصين ويحيى بن العلاء ضعيفان' ولا يصح شيء من ذلك)- اه- وقال ابن الجوزي في التحقيق (۵۸/۱): (فيه عمرو بن الحصين' قال ابو حاتم الرازي: ليس بشيء- وقال الدارقطني متروك- واما يحيى بن العلاء: فقال احمد: كذاب يضع الحديث- وقال الفلاس: متروك الحديث)- اه- والحديث ضعفه ايضا الزيلعي في نصب الراية (۱۲۵/۱) والحافظ في تلخيص الحبير (۷۱/۱)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن عثمان بن بکر، ابوسہل الاهوازی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۵/۲)۔

○ محارب بن دثار سدوسی، کوفی، قاضی،: علم ''اسماء الرجال'' کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 116ھ میں ہوا' ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۰/۲)۔

455- حَدَّثَنَا بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَصْرٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَوَّارٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِي الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَا اُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَاْسَ بِسُؤْرِهِ . كَذَا يُسَمِّيهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ مُصْعَبَ بْنَ سَوَّارٍ فَقَلَبَ اسْمَهُ وَاِنَّمَا هُوَ سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ.

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہو' اس کے جوٹھے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

456- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي دَاوُدَ مِنْ حِفْظِهِ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ مَا اُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَاْسَ بِسَلْحِهِ.

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہو' اس کی لید میں کوئی حرج نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

(یہ حضرات یہ دلیل پیش کرتے ہیں) اگر تیمم کی وجہ سے حدث ختم ہو چکا تھا تو پانی مل جانے کی صورت میں پانی کے ذریعے طہارت کے حصول کی ضرورت باقی نہیں ہونی چاہیے تھی' یہی وجہ ہے' انسان کو جیسے ہی پانی مل جائے گا' اس کا حدث واپس آ جائے گا' اس کا مطلب یہ ہوا: حدث سرے سے ختم نہیں ہوا تھا' البتہ حدث موجود ہونے کے باوجود مجبوری کی وجہ سے ضرورت کے پیش نظر نماز کی ادائیگی کو جائز قرار دیا گیا تھا' بالکل اُسی طرح جیسے استحاضہ کا شکار عورت کے لیے یہی حکم ہے۔

فقہاء کے درمیان اس اختلاف کی بنیاد پر بعض جزوی مسائل میں اختلاف سامنے آتا ہے' البتہ شافعیوں اور مالکیوں کے برعکس حنابلہ نے یہ رائے پیش کی ہے: تیمم کے ذریعے قضاء نمازیں ادا کی جا سکتی ہیں۔

تیمم کے بارے میں اس اختلاف کے نتیجے میں جو جزوی اختلافات سامنے آئے ہیں' وہ درج ذیل ہیں:

احناف اس بات کے قائل ہیں: تیمم مطلق طور پر طہارت ہے' اس لیے نماز کا وقت شروع ہو جانے سے پہلے بھی اسے کیا جا سکتا ہے اور ایک تیمم کے ذریعے ایک سے زیادہ فرض نمازیں ادا کی جا سکتی ہیں' فرض اور نفل نمازیں ادا کی جا سکتی ہیں کیونکہ جب تک پانی میسر نہیں ہوتا' اُس وقت تک تیمم اُس کے بدل کی حیثیت رکھتا ہے اور انسان کو جب تک پانی دستیاب نہیں ہوتا' اُس وقت تک تیمم کی وجہ سے حدث ختم ہو جاتا ہے۔ احناف کے نزدیک یہ ضرورت کے پیش نظر بدل نہیں ہے' اپنی حقیقت کے اعتبار سے حدث باقی رہے اور محض تیمم کی وجہ سے نماز کو (ضرورت کے پیش نظر) مباح قرر دیا جائے جیسا کہ جمہور اس بات کے قائل ہیں' وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کرنا جائز نہیں ہے اور ایک تیمم کے ذریعے ایک سے زیادہ فرض نماز ادا نہیں کی جا سکتی۔

احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ بات دلیل کے طور پر پیش کی ہے' عبادات میں وقت کا تعین کسی نقلی دلیل کے بغیر جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی نقلی دلیل موجود نہیں ہے' اس لیے تیمم کو وضو پر قیاس کیا جائے گا اور جس طرح نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے وضو کرنا جائز ہے (اُسی طرح تیمم کرنا بھی جائز ہو گا) جمہور فقہاء اس بات کے قائل ہیں' فرض یا نفل نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کرنا جائز نہیں ہے' وہ نفل نماز جس کے لیے تیمم کیا جا رہا ہے' کسی فرض نماز کی ادائیگی کا

وقت شروع ہونے سے پہلے اُس فرض نماز کے لیے تیمم نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کسی متعین نفل نماز کے لیے یا مؤکدہ سنتوں کے لیے اُن کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کرنا جائز ہے۔

فرض نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمم کے ناجائز ہونے کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو''۔

تو نماز کے لیے انسان اُسی وقت کھڑا ہوتا ہے' جب نماز کا وقت شروع ہو چکا ہوتا ہے۔

نفل نماز سے پہلے تیمم جائز نہ ہونے کی دلیل حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ یہ مرفوع حدیث ہے' نبی کریم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''میرے لیے اور میری اُمت کے لیے تمام روئے زمین کو نماز ادا کرنے کی جگہ اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے' میری اُمت کے کسی بھی فرد کو جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے تو اُس کی نماز ادا کرنے کی جگہ اُس کے پاس ہو گی اور اُس کے لیے طہارت کے حصول کا ذریعہ اُس کے پاس ہو گا''۔

(فقہاء یہ کہتے ہیں:) وضو کو وقت سے پہلے جائز قرار دیا گیا ہے' اُس کی وجہ یہ ہے' وہ حدث کو ختم کر دیتا ہے' لیکن تیمم کو ضرورت کے پیش نظر طہارت کے حصول کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے' یعنی مجبوری کے عالم میں اسے طہارت سمجھا گیا ہے' اس لیے وقت سے پہلے ایسا کرنا جائز نہیں ہو گا' یہ بھی اُسی طرح ہے' جیسے استحاضہ کا شکار عورت کو مجبوری کے عالم میں پاک تسلیم کیا جاتا ہے۔

696- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَتَيَمَّمُ لِكُلِّ صَلَاةٍ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: ہر نماز کے لئے تیمم کیا جائے گا۔

697- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ قَالَ يَتَيَمَّمُ لِكُلِّ صَلَاةٍ.

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر نماز کے لئے تیمم کیا جائے گا۔

698- حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَبُوْ عُمَرَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَامِرٌ الْاَحْوَلُ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَتَيَمَّمُ لِكُلِّ صَلَاةٍ .

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہر نماز کے لئے تیمم کیا کرتے تھے۔

٦٩٦- رواه ابن ابي شيبة (١/١٤٧) عن هشيم به' ومن طريقه البيهقي (١/٢٢١) كتاب الطهارة' باب التيمم لكل فريضة' وذكره الحافظ في المطالب العالية (١/٤٧) رقم (١٧٠)' وعزاه الى مسدد وقال: (فيه ضعف)' ومن طريق مسدد رواه ابن المنذر في الاوسط (٢/٥٧) رقم (٥٥٠): حدثنا يحيى بن محمد' ثنا مسدد' ثنا هشيم عن الحجاج...... فذكره-

٦٩٧- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (١/١٤٨) رقم (١٦٩٥)' ومن طريقه المصنف هنا-

٦٩٨- اخرجه البيهقي في الكبرى (١/٢٢١) كتاب الطهارة' باب التيمم لكل فريضة من طريق ابن المبارك عن عبد الوارث به' وزاد فيه: (وان لم يحدث)' ورواه ابن المنذر في الاوسط (٢/٥٧) رقم (٥٥١) من طريق مروان' ثنا عبد الوارث' به-

699- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ الرَّجُلُ بِالتَّيَمُّمِ اِلَّا صَلَاةً وَّاحِدَةً ثُمَّ يَتَيَمَّمُ لِلصَّلَاةِ الْاُخْرٰى .الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: یہ بات سنت ہے' آدمی تیمم کے ساتھ صرف ایک نماز پڑھے پھر دوسری نماز کے لیے (از سرِنو) تیمم کرے۔

اس روایت کا راوی حسن بن عمارہ ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ابراہیم الدبری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''289ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۳۳۱/۱) (۱۰۹۸)۔

700- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُصَلّٰى بِالتَّيَمُّمِ اَكْثَرُ مِنْ صَلَاةٍ وَّاحِدَةٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: یہ بات سنت ہے: آدمی ایک تیمم کے ساتھ ایک سے زیادہ نماز نہ پڑھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شعیب بن ایوب بن زریق الصیر فی القاضی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''261ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۵۱/۱) (۷۱)۔

701- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ

۶۹۹-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۲۱۵/۱) رقم (۸۳۰) ومن طريقه المصنف هنا والبيهقي في الكبرٰى (۱/ ۲۲۱-۲۲۲) كتاب الطهارة' باب التيمم لكل فريضة' وابن المنذر في الاوسط (۵۷/۲) رقم (۵۵۲) كلاهما من طريق عبد الرزاق' به' وفي اسناده الحسن بن عمارة ضعيف: كما قال المصنف- وقال الحافظ في التقريب (۱۶۹/۱): (متروك)- وانظر رقم (۷۰۰)' (۷۰۱)-

۷۰۰-اخرجه ابن الجوزي (۱۸۵/۱) رقم (۳۱۲) من طريق الدارقطني به' وعلقه البيهقي في السنن (۱/ ۲۲۲) بعد الاثر السابق' فقال: (وكذلك رواه ابو يحيى الحماني عن الحسن بن عمارة)- وقال ابن الجوزي: (الحماني وابن عمارة متروكان)- وانظر السابق-

۷۰۱-اخرجه البيهقي في الكبرٰى (۲۲۲/۱) كتاب الطهارة' باب التيمم لكل فريضة' من طريق ابن وهب عن جرير بن حازم عن الحسن بن عمارة' به' ثم قال: (وهكذا رواه ابن زنجويه عن عبد الرزاق عن الحسن- والحسن بن عمارة لا يحتج به)- اه- وانظر رقم (۶۹۹)' (۷۰۰)-

الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لا يُصَلِّي بِالتَّيَمُّمِ إِلَّا صَلَاةً وَّاحِدَةً.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: تیمم کے ذریعے صرف ایک نماز ادا کی جائے۔

66- باب فِي كَرَاهِيَةِ إِمَامَةِ الْمُتَيَمِّمِ الْمُتَوَضِّئِينَ.

باب: تیمّم کرنے والوں کا وضو کرنے والوں کی امامت کرنا مکروہ ہے

702- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَانِعٍ الْحِمْيَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْمَاعِيلَ الْكُوفِيُّ أَسَدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ بَيَانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لا يَؤُمُّ الْمُتَيَمِّمُ الْمُتَوَضِّئِينَ .إِسْنَادُهُ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: تیمم کرنے والا شخص وضو کرنے والوں کی امامت نہ کروائے۔

اس کی سند ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن جعفر بن رمیس بن عمرو، ابوبکر قصری، ان کا انتقال "326ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۲/۱۳۹)(۵۵۰)۔

○ عثمان بن معبد بن نوح، مقری، خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں یہ بات تحریر کی ہے: یہ ثقہ ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ خطیب بغدادی (۱۱/۲۹۰)۔

○ سعید بن سلیمان بن مانع حمیری، عن اسد بن سعید کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو "لسان المیزان" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳/۳۷)(۳۷۲۷)۔

○ اسد بن سعید ابو اسماعیل کوفی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "مجہول" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو "لسان المیزان" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۱/۴۹۸)۔(۱۲۱۳)۔

○ صالح بن بیان ثقفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "متروک" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۹/۳۱۰۰)(۴۸۴۶)۔

703- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ

۷۰۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/ ۲۳٤) كتاب الطهارة، باب كراهية من كره ذلك، وابن الجوزي في العلل (۱/ ۳۷۹-۳۸۰)، كلاهما من طريق الدارقطني- وقال ابن الجوزي: صالح بن بيان متروك-

۷۰۳- اخرجه مسدد؛ كما في المطالب العالية (۱/ ۱۲۱) رقم (٤۲۹)، ومن طريقه البيهقي في السنن (۱/ ۲۳٤) كتاب الطهارة، باب كراهية من كره ذلك، وابن المنذر في الاوسط (۲/ ٦۸) رقم (۵۵۹)، وهو من رواية الحارث عن علي، وقد تقدم الكلام عليها-

عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لا يَؤُمُّ الْمُقَيَّدُ الْمُطْلَقِينَ وَلَا الْمُتَيَمِّمُ الْمُتَوَضِّئِينَ.

☆☆ حضرت علی رٹائٹھٔ یہ فرماتے ہیں: مقید شخص مطلق لوگوں کی امامت نہ کرے اور تیمم کرنے والا شخص وضو کرنے والوں کی امامت نہ کرے۔

704- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَحَفْصٌ عَنْ حَجَّاجٍ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ فِي التَّيَمُّمِ.

☆☆ تیمم کے بارے میں یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ معلّٰی - بن اسد العمی ابو ہیثم بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''218ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۶۵) (۱۲۷۷)۔

67-باب فِيْ بَيَانِ الْمَوْضِعِ الَّذِيْ يَجُوْزُ التَّيَمُّمُ فِيْهِ وَقَدْرِهِ مِنَ الْبَلَدِ وَطَلَبِ الْمَاءِ

باب: اُس جگہ کا بیان جس جگہ تیمم کرنا جائز ہوتا ہے
شہر یا پانی ملنے سے اُس کے فاصلے (کا) حکم

705- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَرَّاحِ وَالْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مِهْرَانَ السَّوَّاقُ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي رَزِينٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَتَيَمَّمُ بِمَوْضِعٍ يُقَالُ لَهُ مِرْبَدُ النَّعَمِ وَهُوَ يَرٰى بُيُوْتَ الْمَدِيْنَةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رٹائٹھٔا یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو ایک جگہ تیمم کرتے ہوئے دیکھا' جس کا نام مربدالنعم تھا' جب کہ آپ ﷺ (اُس مقام) سے مدینہ منورہ کے گھروں کی طرف مشاہدہ فرما رہے تھے۔

۷۰۴- في اسناده حجاج بن ارطاة' تقدم الكلام عليه- وانظر الحديث السابق-

۷۰۵- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۱۸۰) ومن طريق البيهقي في الكبرٰى (۱/۲۲٤) كتاب الطهارة' باب السفر الذي يجوز فيه التيمم- قال الحاكم: حدثنا ابو العباس محمد بن يعقوب' ثنا محمد بن سنان' به- قال الحافظ في تلخيص الحبير (۱/۲۵۷): (قال الدارقطني في العلل: الصواب ما رواه غيره عن عبيد الله موقوفاً' وكذا رواه ايوب ويحيى بن سعد الانصاري وابن اسحاق وابن عجلان موقوفاً' وذكره البخاري في صحيحه تعليقاً- وعند البيهقي من طريق الوليد بن مسلم' قيل للاوزاعي: (حضرت العصر والماء (جائز) عن الطريق' ايجب علي ان انزل اليه؟ فقال: حدثني موسى بن يسار عن نافع عن ابن عمر انه كان يكون في السفر' فتحضر الصلوة والماء منه على غلوة او غلوتين ونحو ذلك' ثم لا يعدل اليه)- اه- وانظر (۷۰٦) (۷۰۸)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن جراح بن میمون، ابوعبداللہ الضراب۔ ان کا انتقال "324ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۴/۴۰۸)(۲۳۱۲)۔

○ علی بن محمد بن مہران، ابوحسن بغدادی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۱۲/۷۰)(۶۴۶۸)۔

○ محمد بن سنان بن یزید القزاز، ابوبکر بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "گیارہویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "271ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۶۷)(۲۸۳)۔

○ عمرو بن محمد بن ابورزین، خزاعی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعثمان بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "نویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "207ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۸)(۶۷۱)۔

706- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ تَيَمَّمَ بِمِرْبَدِ النَّعَمِ وَصَلَّى وَهُوَ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَمْيَالٍ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ثُمَّ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ فَلَمْ يُعِدْ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' مربدالنعم کے مقام پر تیمم کر لیتے تھے' وہ مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلے پر ہے' اُس کے بعد (وہ نماز ادا کر لیتے اور پھر) مدینہ منورہ میں داخل ہوتے تو سورج پورا بلند ہوتا تھا' لیکن وہ دوبارہ نماز نہیں پڑھتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فضیل بن عیاض بن مسعود تیمی، ابوعلی، (یہ مشہور صوفی فضیل بن عیاض ہیں)، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "آٹھویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "187" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۱۳)(۶۷)۔

707- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

۷۰۶- اخرجه البيهقي في السنن (۱/۲۳۲) من طريق الدارقطني به- واخرجه الشافعي في الام (۱/۴۵-۴۶)؛ ومن طريقه البيهقي في السنن (۱/۲۲۴) كتاب الطهارة' باب السفر الذي يجوز فيه التيمم' وابن المنذر في الاوسط (۱/۶۱) رقم (۵۵۵)؛ والحديث علقه البخاري في صحيحه (۱/۵۸۶) كتاب التيمم' باب التيمم في الحضر' قبل الحديث (۳۳۷)- وانظر الحديث السابق-

708- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِیُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِیْ حَكِيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ تَيَمَّمَ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى رَاْسِ مِيْلٍ اَوْ مِيْلَيْنِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَصَلَّى الْعَصْرَ فَقَدِمَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ فَلَمْ يُعِدِ الصَّلَاةَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مدینہ منورہ سے ایک یا دو میل کے فاصلے پر تیمّم کر کے عصر کی نماز ادا کی' پھر وہ (شہر) میں تشریف لے آئے تو سورج ابھی بلند تھا' اُنہوں نے دوبارہ نماز ادا نہیں کی۔

709- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلّٰى حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ اِذَا اَجْنَبَ الرَّجُلُ فِی السَّفَرِ تَلَوَّمَ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اٰخِرِ الْوَقْتِ فَاِنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ تَيَمَّمَ وَصَلّٰى.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب کوئی شخص سفر میں ہو' وہ اپنے اور نماز کے آخری وقت کے درمیان کے بارے میں حساب لگا لے' اگر اُسے پانی نہ مل سکتا ہو تو وہ تیمّم کرے۔

68- باب فِیْ جَوَازِ التَّيَمُّمِ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ سِنِيْنَ كَثِيْرَةً

باب: جو شخص کئی برس تک پانی نہ پائے' اُس کے لیے تیمّم کا جائز ہونا

710- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السُّكَيْنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسْتَامِ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ وَخَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ عَشْرَ سِنِيْنَ .

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پاک مٹی مسلمان کے لیے وضو کا ذریعہ ہے' اگرچہ اُسے دس برس تک پانی نہ ملے۔

۷۰۸-اخرجه البيهقي في الكبرى (۱/۲۳۱-۲۳۲) كتاب الطهارة' باب الصحيح المقيم يتوضا للمكتوبة- وانظر الحديث (۷۰۵)-

۷۰۹-اخرجه ابن ابي شيبة (۱/۱۶۰) مختصراً' والبيهقي (۱/۲۳۳) كتاب الطهارة' باب ما روي في طلب الماء' وابن المنذر في الاوسط (۲/۶۲) رقم (۵۵۷) من طريق شريك به-

۷۱۰-اخرجه الطيالسي ص (۶۶)' وابن ابي شيبة (۱/۱۵۶-۱۵۷) كتاب الطهارات' باب الرجل يجنب' وليس يقدر على الماء' واحمد (۵/۱۴۶' ۱۴۷' ۱۵۵)' وابو داؤد (۱/۲۳۵- ۲۳۶) كتاب الطهارة' باب الجنب يتيمم' الحديث (۳۳۲-۳۳۳)' والترمذي (۱/۲۱۱-۲۱۲) كتاب الطهارة' باب التيمم للجنب اذا لم يجد الماء' الحديث (۱۲۴)' والنسائي (۱/۱۷۱) كتاب الطهارة' باب الصلوات بتيمم واحد' وابن حبان (موارد الظمآن الى زوائد ابن حبان) ص (۷۵)' والحاكم (۱/۱۷۶- ۱۷۷) كتاب الطهارة' والبيهقي (۱/۲۱۲) كتاب الطهارة' باب التيمم بالصعيد الطيب-والبخاري في (التاريخ الكبير) (۶/۳۱۷) من حديث ابي ذر' وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح' وقال الحاكم: صحيح الاسناد ولم يخرجاه' وصححه ابو حاتم كما في (علل الحديث) (۱/۱۱) لابنه- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۱۴۸/۱۴۹)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن بجدان العامری، بصری، ان سے روایات نقل کرنے میں ابوقلابہ منفرد ہیں۔ یہ راویوں کے "دوسرے طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التہذیب" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۶۶/۲)(۵۴۰)۔

711- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ بَنِى عَامِرٍ قَالَ نُعِتَ لِى اَبُوْ ذَرٍّ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ اَنْتَ اَبُوْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّ اَهْلِى لَيَزْعُمُوْنَ ذَاكَ .قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ .قَالَ وَمَا اَهْلَكَكَ .قُلْتُ اِنِّى اَعْزُبُ عَنِ الْمَآءِ وَمَعِى اَهْلِى فَتُصِيْبُنِى الْجَنَابَةُ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ طَهُوْرٌ مَا لَمْ تَجِدِ الْمَاءَ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ حِجَجٍ فَاِذَا وَجَدْتَ الْمَاءَ فَاَمِسَّهُ بَشَرَتَكَ .

☆☆ ابوقلابہ' بنوعامر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہیں: مجھے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے بارے میں بتایا گیا' تو میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے اُن سے دریافت کیا: آپ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ہیں' اُنہوں نے جواب دیا: میرے گھر والے تو یہی کہتے ہیں' پھر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا: ایک مرتبہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ہلاکت کا شکار ہوگیا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کردیا ہے' میں نے عرض کی: میں ایک ایسی جگہ پر تھا جہاں پانی نہیں مل سکتا تھا' میرے پاس میری بیوی بھی تھی' مجھے جنابت لاحق ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: پاک مٹی طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے جب تک آدمی کو پانی نہ ملے' اگرچہ دس برس گزر جائیں' جب تمہیں پانی مل جائے' تو وہ اپنے جسم پر ڈال لو۔

712- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ الْقُلُوسِىُّ يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ صَالِحٍ قَالَا حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ مُوْسَى الْعَمِّىُّ اَخْبَرَنَا اَبِى عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهِ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ اَبِى ذَرٍّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّ الصَّعِيْدَ طَهُوْرٌ لِّمَنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ عَشْرَ سِنِيْنَ فَاِذَا وَجَدْتَ الْمَاءَ فَاَمِسَّهُ بَشَرَتَكَ .

☆☆ مہلب' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اے ابوذر! بے شک مٹی اُس شخص کے لیے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' جسے پانی نہیں ملتا خواہ دس برس تک نہ ملے۔ جب تمہیں پانی مل جائے تو اُسے اپنے جسم پر ڈال لو۔

۷۱۱- اخرجه ابن ابي شيبة (۱/۱۴۴) رقم (۱۶۶۱)؛ واحمد (۵/۱۴۶)؛ والطيالسي رقم (۴۸۴)؛ وابو عوانة (۱/۹۱) كتاب الطهارة: باب التيمم في الحضر، الحديث (۳۳۲) من طريق ايوب عن ابي قلابة عن رجل من بني عامر...... فذكره- وانظر الحديث (۷۱۰)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خلف بن موسیٰ بن خلف العمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''220ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۲۶/۱)(۱۴۵)۔

○ موسیٰ بن خلف العمی ابوخلف بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے'' ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۲/۲)(۱۴۴۹)۔

○ ابوالمهلب الجرمی بصری، یہ ابوقلابہ کے چچا ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دوسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۷۸/۲)(۱۵۱)۔

713- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ حِجَجٍ فَاِذَا وَجَدَ الْمَاءَ فَلْيُمِسَّ بَشْرَتَهُ الْمَاءَ فَاِنَّ ذٰلِكَ هُوَ خَيْرٌ۔

☆☆ عمرو بن بجدان بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے سنا ہے: بے شک پاک مٹی مسلمان کے لیے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگر دس سال تک ایسا ہوتا رہے' جب آدمی پانی پا لے تو اسے اپنے جسم پر پانی بہالینا چاہیے' یہ اُس کے لیے زیادہ بہتر ہوگا۔

714- وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِىِّ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ مِحْجَنٍ اَوْ اَبِىْ مِحْجَنٍ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ وَقَالَ لَهُ فَاِنَّ ذٰلِكَ طَهُوْرٌ۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' تاہم اُس میں یہ الفاظ ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے یہ فرمایا تھا۔ یہ طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے۔

715- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا ابْنُ حَنَانٍ - قَالَ الشَّيْخُ ابْنُ حَنَانٍ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ الْحِمْصِيُّ - حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ رَجَاءِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا ذَرٍّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوْءٌ وَلَوْ عَشْرَ سِنِيْنَ فَاِذَا وَجَدْتَ الْمَاءَ فَاَمِسَّهُ جِلْدَكَ . كَذَا قَالَ رَجَاءُ بْنُ عَامِرٍ وَالصَّوَابُ رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ عَامِرٍ كَمَا قَالَ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ .

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پاک مٹی طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگر چہ دس برس تک آدمی کو پانی نہ ملے' جب تم پانی پالو' اُسے اپنی جلد پر بہالو۔

رجاء بن عامر نامی راوی نے اس طرح بیان کیا ہے' تاہم درست یہ ہے: بنوعامر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے

حوالے سے یہ بات منقول ہے' جیسے کہ ابن علیہ نے ابن ایوب نامی راوی سے اسے نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن شبیب، ابوسعید الربعی، وقیل مولی بنی قیس بن ثعلبۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ذاہب الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۷۴/۹)(۵۱۰۶)۔

○ عبداللہ بن حمزۃ یہ ابراہیم بن حمزۃ زبیری کے بھائی ہیں، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۳۹/۵)(۱۷۱)۔

○ بکر بن سوادۃ بن ثمامۃ الجذامی ابوثمامۃ مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''120ھ'' کے آس پاس ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۶/۱)(۱۱۶)۔

69- باب جَوَازِ التَّيَمُّمِ لِصَاحِبِ الْجِرَاحِ مَعَ اسْتِعْمَالِ الْمَآءِ وَتَعْصِيبِ الْجُرْحِ

زخمی شخص کے لیے پانی استعمال کرنے اور زخم پر پٹی کے ہمراہ' تیمّم کا جائز ہونا

716- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللهِ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِىُّ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِى سَعِيدٍ قَالَ خَرَجَ رَجُلاَنِ فِى سَفَرٍ فَحَضَرَتْهُمَا الصَّلاَةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ فَتَيَمَّمَا صَعِيدًا طَيِّبًا ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ بَعْدُ فِى الْوَقْتِ فَاَعَادَ اَحَدُهُمَا الصَّلاَةَ بِوُضُوءٍ وَلَمْ يُعِدِ الاٰخَرُ ثُمَّ اَتَيَا رَسُوْلَ اللهِ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لِلَّذِىْ لَمْ يُعِدْ اَصَبْتَ وَاَجْزَاَتْكَ صَلاَتُكَ . وَقَالَ لِلَّذِىْ تَوَضَّاَ وَاَعَادَ لَكَ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ . تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ عَنِ اللَّيْثِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مُتَّصِلاً وَخَالَفَهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَغَيْرُهُ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ دو آدمی سفر پر روانہ ہوئے' اُن دونوں کے سامنے نماز کا وقت آ گیا' اُن کے پاس پانی نہیں تھا' اُن دونوں نے پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کیا' پھر اُس نماز کے وقت کے دوران اُن دونوں کو پانی مل گیا' اُن دونوں میں سے ایک شخص نے وضو کر کے دوبارہ نماز ادا کی' جب کہ دوسرے شخص نے دوبارہ نماز ادا نہ کی' پھر یہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص' جس نے نماز کا اعادہ نہیں کیا تھا' یہ فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے' تمہاری نماز درست ہوئی ہے' جس دوسرے شخص نے

۷۱۶- اخرجه ابو داؤد (۹۳/۱) كتاب الطهارة' باب في المتيمم يجد الماء بعد ما يصلي في الوقت' الحديث (۳۳۸) والنسائي (۲۱۳/۱) كتاب الغسل والتيمم' باب التيمم لمن يجد الماء بعد الصلوة' والدارمي (۱۹۰/۱) والحاكم (۱۷۶/۱-۱۷۹) والبيهقي (۲۳۱/۱) من طريق عبد الله بن نافع عن الليث' به-

وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھی تھی اُس سے یہ فرمایا: تمہیں دوگنا اجر ملے گا۔

اس روایت کو لیث نامی راوی کے حوالے سے نقل کرنے میں عبداللہ بن نافع نامی راوی منفرد ہے ابن مبارک اور دیگر محدثین نے اس کے برعکس روایت نقل کی ہے۔

زخم اور پٹی پر مسح کرنے کے احکام

اگر کسی شخص کو کوئی زخم لاحق ہو جائے اور اس نے اُس زخم پر کوئی پٹی لپیٹی ہوئی ہو تو اُس پٹی پر مسح کرنے کے بارے میں فقہاء کے نظریات کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ عبدالرحمٰن جزیری تحریر کرتے ہیں:

الجبيرة في اصطلاح الفقهاء هي الخرقة التي يربط بها العضو المريض او الدواء الذى يوضع على ذلك العضو ولا يشترط في الرباط ان يكون مشدودا باعواد من خشب او جريد او نحو ذلك كما لا يشترط ان يكون العضو المربوط مكسورا بل المعول في حكم الجبيرة على ان يكون العضو مريضا سواء كان مكسورا او مرضوضا او به آلام -روماتزمية -او نحو ذلك فالجبيرة عند الفقهاء اسم للرباط الذى يربط به العضو المريض :او الدواء الذى يوضع فوق ذلك العضو ما يفترض على من جبيرة تمنعه من استعمال الماء اذا كان على عضو من اعضاء المكلف -التي يجب غسلها في الوضوء او الغسل -جبيرة من رباط او دواء وكان غسل ذلك العضو يضره او يؤلمه فانه يفترض عليه المسح على الرباط ان كان العضو مربوطا او المسح على الدواء اذا كان العضو عليه دواء بدون رباط فان كان المسح على الدواء يضره فليربطه بخرقة نظيفة ثم يمسح على هذه الخرقة ولا يعدم المريض رباطا يربط به العضو المريض وهذا هو حكم صاحب الجبيرة الذى به الم في عضو من اعضاء الوضوء او الغسل وهو ان يفترض عليه ان يمسح على العضو المريض اذا ضره الغسل فانه ضره المسح عليه ربطه بخرقة ومسح على الرباط ولم يخالف في هذا سوى الشافعية وبعض الحنفية وقد ذكرنا مذهبيهما تحت الخط الذى امامك (الشافعية قالوا:اما ان يكون العضو المريض مربوطا او عليه ونحوه او لا .فان كان مربوطا فان المريض يجب عليه في هذه الحالة ثلاثة امور :الاول :ان يغسل الجزء السليم الثاني ان يمسح على نفس الجبيرة وهي الرباط الموضوع على محل المرض وهذا المسح يقوم مقام غسل الاجزاء السليمة التي تستتر بالرباط غالبا فاذا وضع الرباط على الجزء المريض فقط ولم ياخذ شيئا من السليم فانه لا يجب المسح على الخرقة في هذه الحالة ومثل ذلك ما اذا امكنه غسل الجزء السليم الذى تحت الرباط الامر الثالث :ان يتيمم بدل

غسل الجزء المريض ثم ان كان الشخص جنبا فانه لا يجب عليه الترتيب بين هذه الامور الثلاثة وهي :غسل الجزء السليم والمسح على الخرقة ونحوها والتيمم بحيث يجوز له ان يبدا بما شاء منها اما ان كان غير جنب فانه يجب عليه الترتيب بين الغسل والتيمم فقط بمعنى انه يغسل اولا الجزء السليم قبل التيمم .اما المسح على الجبيرة من خرقة ونحوها .فانه يصح ان يقدمه على الغسل وعلى التيمم

هذا واذا كانت الاعضاء المريضة متعددة فانه يجب عليه ان يعد التيمم بعدد هذه الاعضاء المريضة فان عم المرض جميع الاعضاء فانه يكفي ان يتيمم مرة واحدة عن الجميع .ومثل ذلك ما اذا كان المرض في عضوين متواليين في الترتيب كالوجه والذراعين فانهما اذا عمهما المرض فيكفي ان يتيمم لهما تيمما واحدا بعد ان يغسل الجزء السليم ويمسح على الجبيرة بدلا من غسل الجزء الصحيح المستتر بالجبيرة

هذا اذا كان العضو المريض مربوطا فان لم يكن مربوطا فانه يفترض عليه غسل العضو السليم والتيمم بدل غسل العضو المريض ولا يمسح على محل المرض بالماء لما عرفت ان المسح ليس مشروعا عندهم الا اذا كان بدلا من غسل الجزء السليم الذى يستره رباط الجزء المريض فهو بمنزلة المسح على الخف اما اذا كان العضو مكشوفا ولا يمكن غسله فانه لا يكون لمسحه معنى والتيمم يقوم مقام غسله فلا معنى لمسحه في هذه الحالة فاذا كان المرض في عضو من اعضاء التيمم ولا يمكنه مسحه بتراب التيمم او كان ذلك المسح يضره فانه يسقط عنه مسه وتجب عليه اعادة الصلاة بعد برئه في هذه الحالة

الحنفية قالوا :حكم المسح على الجبيرة فيه قولان :احدهما :انه واجب لا فرض وقد عرفت في "مباحث الوضوء "الفرق بين الفرض والواجب عند الحنفية وعلى هذا اذا ترك المريض المسح على العضو الذى به المرض وصلى فانه صلاته تكون صحيحة ولكنه يجب عليه اعادتها والا كان تاركا للواجب الذى يترتب عليه حرمانه من شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم وان لم يعاقب عليه على المعتمد ثانيهما :ان المسح على الجبيرة فرض بحيث لو تركه لا تصح الصلاة كما يقول المالكية والحنابلة والقولان صحيحان عند الحنفية فيصح للمكلف ان يقلد ما يشاء منهما يشترط لصحة المسح على الجبيرة سواء كانت خرقة او دواء او نحوهما شرطان الشرط الاول :ان يكون غسل العضو المريض ضارا به .بحيث يخاف من غسله زيادة الالم او تاخر الشفاء او نحو ذلك فان كان العضو المريض عليه دواء بدون رباط ويضره المسح عليه

فانه في هذه الحالة يجب عليه ان يضع عليه رباطا لا يضر ثم يسح علي الرباط كما ذكرنا الشرط الثاني :تعميم الجبيرة بالسح بمعني ان يغسل الجزء السليم من المرض ثم يسح علي الجزء المريض جميعه هذا اذا كانت الجبيرة علي قدر محل المرض فان تجاوزت محل المرض لضرورة ربطها فانه يجب مسحها جميعها ما كان منها علي الجزء المريض وما كان منها علي الجزء السليم (الحنفية قالوا :لا يشترط تعميم الجبيرة بالسح بل يكفي مسح اكثرها فاذا كانت الجراحة مثلا في جميع اليد ووضع عليها رباطا فانه يكفي ان يسح علي ما يزيد علي نصفها الموضوع عليه الرباط هذا واذا كان الرباط زائدا علي المحل المريض فلا يخلو اما ان يكون حله ضارا او غير ضار فان كان غير ضار وجب حله وغسل ما تحته ان لم يضر الغسل فان كان الغسل ضارا بالمريض فانه يجب مسح محل المرض وغسل ما حوله من الاجزاء السلمية فان كان مسح محل الرباط يضر ايضا فانه يغسل ما حوله ثم يضع الرباط ويسح عليه .اما ان كان حل الرباط ضارا فانه يجب عليه ان يسح علي الرباط ولا يكلف حله ولو كان يستطيع غسل ما تحته او مسحه .علي ا ه يجب في هذه الحالة ان يسح علي ما يستر الصحيح والسليم .بحيث يسح علي اكثر الرباط

الحنابلة قالوا :ان وضع الجبيرة علي طهارة فان جاوزت محل المرض مسح عليها بالماء وتيمم عن الزائد فان لم توضع علي طهارة كان وضعها قبل ان يتوضا وجب عليه التيمم فقط ولا يصح منه السح فان تعددت الاعضاء المريضة وجب عليه ان يعدد التيمم

الفقه علي المذاهب الاربعة كتاب الطهارة مباحث الجبيرة

(المالكية قالوا :ن عمت الجراحة الراس فحكمه حكم الاعضاء المغسولة .وان لم تعم فان تيسر مسح بعض الراس مسحه وكمل علي العمامة .وان لم يتيسر فحكمه حكم ما عمته الجراحة

الشافعية قالوا :ان بقي من الراس جزء سليم وجب السح عليه .والا تيمم بدل مسحها

الحنفية قالوا :ان كان بعض الراس صحيحا وكان يبلغ قدر ما يجب عليه السح وهو الربع فرض السح عليه بدون حاجة للسح علي الجبيرة .وان عمت الجراحة جميع الراس كان حكمه كحكم الاعضاء المغسولة .فيجب السح عليه ان لم يضره فان ضره مسح علي الجبيرة ونحوها

الحنابلة قالوا :ان عمت الجراحة الراس .ولم يمكنه السح عليها مسح علي العصابة التي

عليها وعمها بالمسح ويتيمم ان شدها على غير طهارة كما تقدم .وان لم تعم مسح على الصحيح منها .وكمل على العصابة .لان العصابة تنوب عن الراس في المريض .ويبقى السليم على اصله

ويبطل المسح على الجبيرة لسقوطها عن موضعها .او نزعها عن مكانها .على تفصيل في المذاهب

(المالكية قالوا :ان سقطت عن برء بطل المسح عليها ووجب الرجوع الى الاصل في تطهير ما تحتها بالغسل او بالمسح ان كان متطهرا .ويريد البقاء على طهارته .ويشترط في صحة الطهارة بغسل او مسح ما تحتها ان يبادر بحيث لا تفوته الموالاة عمدا فان طال الزمن نسيانا صح وان سقطت عن غير برء ردها الى موضعها وبادر بالمسح عليها بحيث لا تفوته الموالاة فان كان سقوطها او نزعها اثناء الصلاة بطلت الطلاة ووجبت اعادتها بعد تطهير ما تحتها ان كان ذلك عن برء فان كان عن غير برء اعادها ومسح عليها نفسها

الشافعية قالوا :ان كان سقوطها عن برء في الصلاة بطلت الصلاة والطهارة وان كان عن غير برء بطلت الصلاة دون الطهارة فيرد الجبيرة الى موضعها ويمسح عليها فقط بعد تطهير ما بعدها من الاعضاء ان وجد

الحنفية قالوا :ان سقطت الجبيرة عن غيربرء لم يبطل المسح عليها سواء كان في الصلاة او خارجها .وان كان سقوطها في الصلاة عن برء فان كان قبل القعود الاخير قدر التشهد بطلت صلاته وعليه في هذه الحالة ان يطهر موضع الجبيرة فقط ويعيد الصلاة وان كان سقوطها في آخر الصلاة بعد القعود قدر التشهد فالامام يقول بالبطلان والصاحبان يقولان بالصحة لان في هذه الحالة تكون صلاته قد تمت ويكون سقوط الجبيرة بمنزلة الكلام او الحدث بعد تمام الصلاة

الحنابلة قالوا :اذا سقطت الجبيرة انتقض وضوء ه كله سواء كان سقوطها عن برء او غير برء الا انه ان كان سقوطها عن برء توضا فقط وان كان سقوطها عن غير برء اعاد الوضوء والتيمم[1]

فقہاء کی اصطلاح میں جبیرہ اُس پٹی کو کہتے ہیں جو بیمار شخص کے عضو پر باندھی جاتی ہے یا بیمار شخص کو (یا زخمی شخص کو) لگائی جاتی ہے۔اس کے لیے یہ بات شرط نہیں ہے اُس پٹی کے ساتھ لکڑی کے ٹکڑے یا کھجور کی چھال وغیرہ کو بھی باندھا گیا ہو اسی طرح یہ بھی ضروری نہیں ہے جس عضو پر اُس پٹی کو باندھا گیا ہے وہ ٹوٹ چکا ہو بلکہ پٹی کا حکم اُس وقت ثابت ہو جائے گا جب اُس عضو کو کوئی مرض لاحق ہو جس پر پٹی باندھی گئی ہے خواہ وہ زخم کی شکل میں ہو خواہ وہ ٹوٹا ہوا ہو یا درد وغیرہ کی صورت

[1] الفقه على المذاهب الاربعة كتاب الطهارة مبطلات المسح على الجبيرة

میں ہو۔ مختصر یہ ہے' جبیرہ فقہاء کی اصطلاح میں اُس پٹی کو کہتے ہیں جو بیمار شخص کے عضو پر باندھی جاتی ہے یا اس دوا کو کہتے ہیں جو بیمار شخص کے عضو پر لگائی جاتی ہے۔

اگر پٹی پر پانی استعمال نہ کیا جا سکتا ہو تو اس صورت میں کیا لازم ہو گا؟

اگر کسی بھی شخص کے کسی ایسے عضو پر پٹی بندھی ہوئی ہو جس عضو کو وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہو یا اس جگہ پر کوئی دوائی لگی ہوئی ہو اور اس عضو کو دھونے کے نتیجے میں نقصان ہونے کا اندیشہ ہو یا تکلیف بڑھ جانے کا اندیشہ ہو تو اب اس جگہ پر مسح کر لینا فرض ہو گا' خواہ اُس عضو پر پٹی بندھی ہوئی ہو یا پٹی نہ بندھی ہوئی ہو بلکہ صرف دوائی لگی ہوئی ہو۔

اگر لگی ہوئی دوا پر مسح کرنا نقصان دِہ ہو تو اب اس پر کوئی پٹی لپیٹ کر اُس پٹی پر مسح کر لیا جائے گا۔

بیمار شخص کے عضو پر بندھی ہوئی پٹی کو اپنی جگہ سے ہٹایا نہیں جائے گا' یہ حکم اُس شخص کے لیے ہے جس کے وضو یا غسل کے اعضاء میں سے کسی ایک پر پٹی بندھی ہو۔ مختصر یہ کہ جس جگہ پانی کا لگنا بھی نقصان دِہ ہو تو اُس جگہ پر مسح کر لینا اُس شخص پر لازم ہو گا' اگر مسح کرنا بھی نقصان دِہ ہو تو اُس جگہ پر پٹی لپیٹ کر اُس پٹی کے اوپر مسح کر لیا جائے گا' البتہ اس بارے میں شوافع اور بعض احناف کی رائے مختلف ہے' شوافع یہ کہتے ہیں: عضو پر پٹی لگی ہوئی ہو گی یا دوا لگی ہوئی ہو گی یا کچھ بھی نہیں لگا ہوا ہو گا' اگر پٹی لگی ہوئی ہو گی تو اس صورت میں بیمار شخص کے لیے تین باتیں لازم ہیں:

پہلی بات یہ لازم ہے' عضو کا جو حصہ درست ہے اسکو دھویا جائے۔

دوسری بات یہ لازم ہے' جس جگہ پر تکلیف ہے وہاں پٹی پر مسح کیا جائے اور اس میں وہ صحت مند حصہ بھی شامل ہو گا جو پٹی کے نیچے آ جاتا ہے اگر پٹی صرف اُس حصے پر لگی ہوئی جو مرض سے متاثر ہے اور پٹی کے نیچے صحت مند عضو کا کوئی حصہ نہیں ہے تو اس صورت میں ایسے پھائے پر مسح کرنا لازم نہیں ہو گا اور جب پٹی کے نیچے موجود صحت مند حصے کو دھونا ممکن ہو تو اس صورت میں بھی یہی حکم ہو گا۔

تیسری بات یہ ہے: متاثرہ عضو کو دھونے کی بجائے تیمم کیا جائے' لیکن پٹی وغیرہ پر مسح کیا جائے گا اور اس کی صورت یہ ہو گی: ان دونوں میں جو کام انسان چاہے پہلے اختیار کر لے' لیکن اگر جنابت کی حالت نہیں ہے تو اس صورت میں لازم ہو گا کہ انسان دھونے اور تیمم کرنے میں ترتیب کا خیال رکھے' یعنی تیمم کرنے سے پہلے صحت مند حصے کو دھو لے' لیکن اگر پٹی کے اوپر مسح کرنا ہو تو دھونے اور تیمم سے پہلے اُس پر مسح کر لینا درست ہو گا' یہاں یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ متعدد اعضاء کا مرض لاحق ہو تو ان صورتوں میں ان اعضاء کی تعداد کے مطابق تیمم کیا جائے گا لیکن اگر تمام اعضاء کو مرض لاحق ہے تو سب کے لیے ایک ہی دفعہ تیمم کر لینا کافی ہو گا۔

یہی حکم اس صورت میں بھی ہو گا' جب دو اعضاء ترتیب کے اعتبار سے متاثر ہوں' جیسے چہرے اور ہاتھ میں بیماری ہے تو اس صورت میں صحت مند جز کو دھونے کے بعد اُن دونوں اعضاء پر ایک ہی دفعہ تیمم کر لینا کافی ہو گا اور پٹی کے نیچے موجود جسم کے صحت مند حصے پر مسح کر لیا جائے گا۔

یہ حکم اس صورت میں ہو گا' جب متاثرہ عضو پر پٹی باندھی گئی ہو' اگر اُس پر پٹی باندھی نہیں گئی ہے تو اس صورت میں صحت مند عضو کو دھونا اور متاثرہ عضو کو دھونے کی بجائے اس پر تیمم کرنا فرض ہو گا۔

جس جگہ پر تکلیف ہے وہاں پانی کے ساتھ مسح نہیں کرنا چاہیے'اس کی وجہ پہلے بیان کی جا چکی ہے'شوافع کے نزدیک مسح کرنا کوئی مشروع عمل نہیں ہے' صرف اُس صورت میں جب یہ مسح صحت مند عضو کو دھونے کی بجائے ہو' جو متاثرہ حصے پر پٹی باندھنے سے ڈھک گیا تھا' اس کی صورت بالکل اُس طرح ہوگی' جیسے موزے پر مسح کرنے کا حکم ہے' لیکن اگر متاثرہ عضو کھلا ہوا تھا اور اُس کو دھونا ممکن نہیں تھا تو اب مسح کرنا بیکار ہوگا' اس لیے اس کو دھونے کی بجائے اُس پر تیمم کرلیا جائے گا' ایسی صورت میں مسح کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی۔

اگر تیمم کے اعضاء میں سے کسی عضو کو کوئی درد لاحق ہو جاتا ہے اور تیمم کرنا ممکن نہیں رہتا یا تیمم کے مسح کے نتیجے میں نقصان ہونے کا اندیشہ ہے تو ایسی صورت میں مسح کا حکم ساقط ہو جائے گا (انسان اس کے بغیر ہی نماز ادا کرے گا) لیکن جب انسان تندرست ہو جائے گا تو اب اس پر اُس نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہوگا۔

احناف اس بات کے قائل ہیں' پٹی پر مسح کرنے کے بارے میں اُن کے دو اقوال ہیں' ایک قول یہ ہے' یہ مسح کرنا واجب ہے فرض نہیں ہے اور احناف کے نزدیک فرض اور واجب میں فرق پایا جاتا ہے جس کی وضاحت ہم اس سے پہلے وضو سے متعلق باب میں کر چکے ہیں' اس لیے اگر کوئی بیمار شخص کسی متاثرہ عضو پر مسح نہیں کرتا اور نماز ادا کر لیتا ہے تو بھی اُس کی نماز درست ہوگی' البتہ اس پر یہ لازم ہوگا' وہ اس نماز کو دوبارہ ادا کرے ورنہ اُس پر واجب کو ترک کرنے کا گناہ عائد ہوگا' جس کے نتیجے میں نبی اکرم ﷺ کی شفاعت سے محرومی سامنے آسکتی ہے' اگرچہ معتمد قول کے مطابق ایسی حرکت کے نتیجے میں عذاب نازل نہیں ہوتا۔

احناف کا دوسرا قول یہ ہے: پٹی پر مسح کرنا فرض ہے' یعنی کہ اگر کوئی شخص اسے ترک کر دیتا ہے تو اس کی نماز درست نہیں ہوگی' یہ وہی موقف ہے جو فقہاء مالکیہ اور حنابلہ کا ہے' احناف ان دونوں اقوال کو درست مانتے ہیں' اس لیے مکلف شخص ان دونوں میں سے کسی ایک پر بھی عمل کر سکتا ہے۔

اگر پٹی بندھی ہوئی ہو یا دوائی لگی ہوئی ہو تو اس پر مسح کے درست ہونے کے لیے دو چیزیں شرط ہیں۔

اس کے لیے پہلی یہ بات شرط ہے: متاثرہ عضو کو دھونے سے نقصان ہونے کا اندیشہ ہو' یعنی دھونے کے نتیجے میں تکلیف بڑھ جانے یا تندرست ہونے میں تاخیر کا اندیشہ ہو' اگر متاثرہ حصہ پر کوئی دوائی لگائی ہوئی ہو اور پٹی باندھی ہوئی نہیں ہے' اس پر مسح کرنا نقصان دِہ ہے تو اس پر لازم ہوگا کہ اس عضو پر کوئی پٹی اس طرح سے رکھی جائے کہ نقصان دِہ نہ ہو' پھر اس پٹی پر مسح کرلیا جائے جیسے یہ بات ابھی ذکر کی گئی ہے۔

اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے: پوری پٹی پر مسح کیا جائے' یعنی جو حصہ متاثر نہیں ہے' اسے پہلے دھولیا جائے اور پھر اس کے بعد متاثرہ حصہ پر بندھی ہوئی پٹی پر مکمل طور پر مسح کیا جائے۔ یہ حکم صرف اسی صورت میں ہوگا جب پٹی صرف اسی جگہ پر موجود ہو' جو مرض سے متاثر ہے' اگر مجبوری کی وجہ سے پٹی جسم کے صحیح حصہ پر بھی بندھی ہوئی ہو تو پٹی پر مسح کرنا واجب ہوگا' خواہ وہ پٹی متاثرہ عضو کے اوپر ہو' یا اس کے علاوہ صحت مند حصہ پر ہو۔

اگر بیماری لاحق ہونے کی جگہ وہ ہو جہاں پر وضو میں مسح کیا جاتا ہے تو اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

احناف یہ کہتے ہیں: پوری پٹی پر مسح کرنا شرط نہیں ہے بلکہ اس کے اکثر حصہ پر مسح کر لینا کافی ہے' مثال کے طور پر اگر پورے ہاتھ پر زخم موجود ہے اور اس پر پٹی رکھی گئی ہے تو جس حصہ پر پٹی ہے' اس کے نصف حصہ پر مسح کر لینا کافی ہوگا۔

اگر وہ پٹی مرض سے متاثرہ حصہ کے زیادہ حصہ پر بندھی ہوئی ہے تو پھر دو صورتیں ہوں گی' ایک یہ کہ اس پٹی کو کھولنا نقصان کا باعث ہوگا یا پھر اس پٹی کو کھولنے سے نقصان نہیں ہوگا' اگر اس پٹی کو کھولنا نقصان دِہ نہیں ہوتا تو اس پٹی کو کھولنا واجب ہوگا اور اس کے نیچے والے حصہ کو دھونے میں اگر کسی چیز کے نقصان کا اندیشہ نہیں ہے تو اس حصہ کو دھولیا جائے گا' لیکن اگر دھونے کے نتیجے میں بیماری میں اضافہ کا امکان ہو تو صرف بیماری کی جگہ پر مسح کیا جائے گا اور اس کے اردگرد کے صحت مند حصہ کو دھولیا جائے گا' جس جگہ پر پھایا رکھا گیا تھا اگر وہاں بھی مسح کرنا نقصان دِہ ہے تو اس کی اردگرد کی جگہ کو دھولیا جائے گا۔

اگر پٹی کو کھولنا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے تو پھر پٹی پر مسح کرنا ہی لازم ہوگا' پٹی کو کھولنے کی زحمت نہیں کی جائے گی' اگرچہ اس کے نیچے کے حصے کو دھونا یا اُس پر مسح کرنا ممکن بھی ہو' کیونکہ اس حالت میں پٹی پر مسح کرنا ہی لازم ہے جو مرض سے متاثر اور غیر متاثر دونوں حصوں کو ڈھانپے ہوئے ہے۔ لیکن مسح پٹی کے اکثر حصے پر کیا جائے گا۔

حنابلہ یہ کہتے ہیں: پٹی کو پاک ہونے کی حالت میں رکھا گیا ہے اور وہ متاثرہ حصے سے آگے تک چلی گئی ہے تو اب اُس پر پانی سے مسح کیا جائے گا اور زائد حصے پر تیمم کرلیا جائے گا۔

اگر پٹی پاک ہونے کی حالت میں نہیں رکھی گئی' یعنی وضو کرنے سے پہلے ہی رکھ لی گئی تھی' تو اب صرف تیمم کرنا ہی لازم ہوگا' مسح کرنا درست نہیں ہوگا۔

اگر بیماری سے متاثرہ اعضاء کی تعداد زیادہ ہو تو تیمم بھی زیادہ مرتبہ کیا جائے گا' البتہ اگر زخم وضو یا غسل کے تمام اعضاء پر پھیلا ہو تو اس صورت میں صرف ایک دفعہ تیمم کرنا لازم ہوگا۔

سر کے مسح کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے عبدالرحمٰن جزیری بیان کرتے ہیں:

فقہاء مالکیہ نے یہ بات بیان کی ہے' اگر پورے سر پر زخم موجود نہیں ہے اور کچھ حصے کا مسح کرنا آسان ہے تو اس حصے کا مسح کرلیا جائے گا اور پھر پورے عمامے پر ہاتھ پھیر لیا جائے گا' لیکن اگر کچھ حصے کا مسح کرنا آسان نہیں ہے تو اس کا بھی وہی حکم ہوگا جو پورے سر کے زخم کا حکم ہوتا ہے۔

شوافع یہ کہتے ہیں: اگر سر کا کچھ حصہ مرض سے محفوظ ہے تو اُس پر مسح کر لینا واجب ہوگا ورنہ مسح کی بجائے تیمم کرلیا جائے گا۔

احناف یہ کہتے ہیں: اگر سر کے کچھ حصے پر مرض/زخم نہیں ہے اور وہ حصہ اتنی مقدار میں ہے جس پر مسح کرنا لازم ہے' یعنی ایک چوتھائی حصہ ہے تو اُس حصے پر مسح کرنا لازم ہوگا' پٹی پر مسح کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی اور اگر زخم پورے سر پر موجود ہے تو اسکا وہی حکم ہوگا جو ایسی صورت میں دھوئے جانے والے اعضاء کا حکم ہوتا ہے' یعنی اگر نقصان ہونے کا اندیشہ نہیں ہے تو اُس پر مسح کرنا لازم ہوگا اور اگر نقصان ہونے کا اندیشہ ہو تو پٹی پر مسح کرلیا جائے گا۔

حنابلہ یہ کہتے ہیں: اگر تمام سر پر زخم موجود ہو اور مسح کرنا ممکن نہ ہو تو سر پر موجود پگڑی پر مسح کر لیا جائے گا اور اگر وہ طہارت کی حالت میں نہ باندھی گئی ہو تو اُس پر تیمم کیا جائے گا' جیسا کہ یہ بات پہلے بیان کی گئی ہے اور اگر سر مکمل طور پر متاثر

نہیں ہے تو صرف صحت مند حصے پر مسح کر لیا جائے گا اور پھر بعد میں پورے عمامے پر ہاتھ پھیر لیا جائے گا' کیونکہ جس شخص کے سر میں تکلیف موجود ہو تو اُس کا عمامہ سر کی جگہ پر تصور ہو گا اور صحت مند حصے کی حیثیت وہی رہے گی جو پہلے تھی۔

اگر پٹی اپنی جگہ سے گر جاتی ہے یا اُتر جاتی ہے تو مسح باطل شمار ہو گا۔ اس بارے میں فقہاء کے درمیان مختلف جزئیات میں اختلاف پایا جاتا ہے' جس کی وضاحت درج ذیل ہے:

فقہاء مالکیہ یہ کہتے ہیں: اگر پٹی زخم کے بھر جانے کی وجہ سے گر جاتی ہے تو مسح باطل ہو جائے گا اور اصل حکم کی طرف رجوع کرنا لازم ہو جائے گا' یعنی پٹی کے نیچے موجود جگہ کو دھونا لازم ہو گا' یا اگر وہ پاک حالت میں باندھی گئی تھی تو اُس کا مسح کرنا ہو گا' جبکہ بقیہ حصہ بدستور پاک تصور ہو گا' طہارت کے صحیح ہونے کے لیے یہ بات شرط ہے' غسل یا مسح میں جتنی جلدی ہو سکے کی جائے' یعنی موالات میں دانستہ طور پر عمل فوت نہ ہو اور اگر بھول چوک کی وجہ سے تاخیر ہو جاتی ہے تو وہ عمل درست ہو گا۔

اگر زخم کے مندمل ہونے سے پہلے پٹی اُتر جاتی ہے تو اُس پٹی کو اُس جگہ پر رکھ کر فوراً مسح کر لیا جائے گا تاکہ موالات میں فرق نہ آئے' اگر نماز کے دوران پٹی اُتر جاتی ہے یا زخم سے ہٹ جاتی ہے تو بات ختم ہو جائے گی۔

اگر زخم کے بھر جانے کی وجہ سے پٹی اُتر گئی ہے تو اب اس کے نیچے موجود جگہ کو پاک کر کے دوبارہ نماز ادا کرنا واجب ہو گا' لیکن اگر پٹی زخم بھر جانے کی بجائے کسی اور وجہ سے اُتری ہے تو اس پر دوبارہ مسح کر کے نماز ادا کی جائے گی۔

شوافع یہ کہتے ہیں: اگر نماز کے دوران زخم بھر جانے کی وجہ سے پٹی اُتر جاتی ہے تو نماز اور طہارت دونوں باطل ہو جائیں گے' اور اگر زخم بھر جانے کی بجائے کسی اور وجہ سے اُتری ہے تو اس صورت میں نماز ختم ہو گی' طہارت ختم نہیں ہو گی۔

لہٰذا پٹی کو اس کی جگہ پر رکھ کر پٹی پر مسح کیا جائے لیکن اس کے علاوہ جو جگہ ہے اگر ممکن ہو تو اسکو پاک کر لیا جائے گا۔

احناف یہ کہتے ہیں' اگر پٹی زخم کے بھرے بغیر اتر گئی ہے تو مسح باطل نہیں ہو گا' خواہ یہ عمل نماز کے دوران ہوا ہو یا نماز کے علاوہ ہوا ہو۔ اگر نماز کے دوران زخم بھر جانے کی وجہ سے پٹی اُتر جاتی ہے اور آخری قعدے میں تشہد کی مقدار سے پہلے اتری ہے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور اس صورت میں صرف اس جگہ کو پاک کیا جائے گا جہاں پٹی بندھی تھی۔ اور پھر دوبارہ نماز ادا کی جائے گی۔

اگر وہ پٹی آخری قعدے میں تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد اتری ہے تو اس بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مؤقف یہ ہے اس شخص کی نماز ٹوٹ جائے گی جبکہ صاحبان کا کہنا ہے' اس کی نماز مکمل ہو جائے گی' کیونکہ وہ نماز مکمل ادا کر چکا ہے۔ اور پٹی گرنا نماز ختم ہونے کے بعد بولنے یا حدث لاحق ہو جانے کے مترادف ہو گا۔

حنابلہ یہ کہتے ہیں: پٹی کے اتر جانے کے نتیجے میں وضو سرے سے ٹوٹ جاتا ہے' خواہ وہ پٹی زخم کے بھر جانے کی وجہ سے اتری ہو یا کسی اور وجہ سے اتری ہو' البتہ اگر زخم بھر جانے کی وجہ سے اتری ہو تو وضو کر لینا کافی ہو گا۔ اور اگر زخم بھرنے کی وجہ سے نہیں اتری بلکہ کسی اور وجہ سے اتری ہے تو وضو یا تیمم کو دوبارہ کیا جائے گا۔

717- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ

...نِ الْمُبَارَكِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ اَصَابَتْهُمَا جَنَابَةٌ فَتَيَمَّمَا .نَحْوَهُ وَلَمْ ...كُرْ اَبَا سَعِيْدٍ .

☆☆ عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے منقول ہے: عطاء بن یسار یہ بیان کرتے ہیں: اُن دونوں آدمیوں کو جنابت ...ق ہوئی تھی' اُن دونوں نے تیمم کیا۔ اس روایت میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں ہے۔

718- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ لَفْظًا فِیْ كِتَابِ النَّاسِخِ وَالْمَنْسُوْخِ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ

۱-في اسناده ليث بن ابي سليم: قال الحافظ في التقريب (۲/ ۱۳۸): (صدوق اختلط اخيراً: فلم يميز حديثه' فترك)- اه-

۷۱۸-اخرجه ابو داؤد (۱/ ۲۳۹- ۲٤۰) كتاب الطهارة' باب في المجروح يتيمم' الحديث (۳۳٦)' والبيهقي (۱/ ۲۲۷) كتاب الطهارة' ...ب الجرح اذا كان في بعض جسده دون بعض' كلهم من طريق الزبير بن خريق' عن عطاء' عن جابر قال: (خرجنا في سفر' فاصاب ...لا منا حجر: فشجه في راسه' ثم احتلم' فسال اصحابه فقال: هل تجدون لي رخصة في التيمم؟ قالوا: ما نجد لك رخصة' وانت تقدر ...ى الماء: فاغتسل: فمات- فلما قدمنا على النبي صلى الله عليه وسلم اخبر بذلك: فقال: (قتلوه قتلهم الله' الا سالوا اذا لم يعلموا؟! ...ما شفاء العي السوال' انما كان يكفيه ان يتيمم ويعصر - او يعصب: شك الراوي - على جرحه خرقة ثم يمسح عليها' ويغسل سائر ...سده)- وقال الدارقطني: (قال ابو بكر بن ابي داؤد: هذه سنة تفرد بها اهل مكة' وحملها اهل الجزيرة' ولم يروه عن عطاء' عن جابر' ...ر الزبير بن خريق' وليس بالقوي- وخالفه الاوزاعي' فرواه عن عطاء' عن ابن عباس)-والذي اشار اليه ابو بكر بن ابي داؤد' اخرجه ...دارمي (۱/ ۱۹۲)' والحاكم (۱/ ۱۷۸)' وابو داؤد (۳۳۷)' وابن ماجه (۵۷۲)' واحمد (۱/ ۳۳۰) من طريق الاوزاعي عن عطاء عن ابن عباس' ...- قال الحافظ في (التلخيص) (۱/ ۱٤۷): وهو الصواب رواه ابو داؤد ايضا من حديث الاوزاعي قال: عن عطاء' عن ابن عباس' ورواه ...حاكم من حديث بشر بن بكر عن الاوزاعي: حدثني عطاء عن ابن عباسه- وقال الدارقطني: اختلف فيه الاوزاعي' والصواب ان ...وزاعي لرسل آخره' عن عطاء قلت- اي: ابن حجر- هي رواية ابن ماجه- وقال ابو زرعة وابو حاتم: لم يسمعه الاوزاعي من عطاء' انما ...سمعه من اسماعيل بن مسلم' عن عطاء' بين ذلك ابن ابي العشرين في روايته عن الاوزاعي - اه-وللحديث طريق آخر: اخرجه ابن ابي ...زيمة (۱/ ۱۳۸) كتاب التيمم' باب الرخصة في التيمم للمجدور والمجروح (۲۷۳)' وابن حبان (۲۰۱-موارد)' وابن الجارود (۱۲۸) من ...ريق الوليد بن عبيد الله بن ابي رباح عن عطاء عن ابن عباس ان رجلا اجنب في شتاء' فسال؟ فامر بالغسل: فمات' فذكر للنبي صلى ...عليه وسلم فقال: (ما لهم قتلوه! قتلهم الله- ثلاثاً- جعل الله الصعيد-او التيمم- طهوراً) قال: شك ابن عباس' ثم اثبته- صححه ...ن خزيمة وابن حبان- قال ابن التركماني في الجوهر النقي (۱/ ۲۲۷): (روايته عن ابن عباس تترجح على روايته عن جابر من وجهين: ...حدهما: مجيئها من طريق ذكرها الدارقطني' والرواية عن جابر لم تات الا من وجه واحد- الثاني: ضعف سند هذه الرواية من جهة ...زبير' والرواية عن ابن عباس رجال سنده ثقات)- وتعقبه ابو الفيض الغماري في تخريج احاديث البداية (۲/ ۱۱۸)- قلت: وهذا باطل من ...وه:الاول: ان روايته عن ابن عباس لم ترد الا من وجه واحد ايضا من رواية الاوزاعي وحده' والماردينى واهم جدًا فيما عزاه الى ...دارقطني من كونه رواه من وجوه' بل ذلك باطل لا اصل له-الثاني: ان الاوزاعي اضطرب في هذا الحديث على اقوال' فقال: ابو ...مغيرة' ومحمد بن شعيب' والوليد بن مزيد' واسماعيل بن سماعة' ويحيى بن عبد الله كلهم عن الاوزاعي' بلغني عن عطاء- وقال عبد ...رزاق: عنه عن رجل' عن عطاء- وهذا الرجل هو اسماعيل بن مسلم المكي' كما قال عبد الحميد بن ابي العشرين عن الاوزاعي' فيما ذكر ...و زرعة' وابو حاتم- وقال ايوب بن سويد: وكذا عبد الحميد بن ابي العشرين مرة اخرى: عن الاوزاعي' عن عطاء- وقال الفضل بن ...اد عن قال: قال عطاء- وقال بشر بن بكر: عن الاوزاعي' حدثنا عطاء' وقد اسندت هذه الاقوال كلها في (المستخرج على مسند ...شهاب)- فهذا اضطراب من يوجب عدم اعتباره-الثالث: انه لم يسمعه من عطاء' بل سمعه من اسماعيل بن مسلم المكي عنه' واسماعيل ...مذكور متروك ساقط الحديث جدًا: فالحديث اذن ضعيف واه جدًا-الرابع: ان الزبير بن خريق اتى بالحديث على وجهه بخلاف ...وزاعي-الخامس: ان جابر بن عبد الله حضر القصة بنفسه' فلو فرضنا ان عطاء حدث به عن ابن عباس ولم يكن ذلك من وهم اسماعيل ...ن مسلم المكي المتروك فهو من مراسيل ابن عباس: لانه سمعه من غيره' ولم يحضر القصة بنفسه-السادس: ان الزبير بن خريق ثقة' ...ره ابن حبان في (الثقات)' وصحح حديثه هذا ابن السكن' ولم يقل فيه: (غير قوي) الا الدارقطني: تبعًا لابي داؤد' ولم يقل فيه ذلك ...حجة' بل المخالفته للاوزاعي مع ان الحق معه لا مع الاوزاعي - وقد رواه الوليد بن عبيد الله بن ابي رباح عن عمه عطاء' عن ابن ...عباس' رواه ابن خزيمة' وابن حبان' لكن الوليد ضعفه الدارقطني' والضعفاء يمشون مع الجادة' وهي: عطاء' عن ابن عباس- والحق عن ...ر- والله اعلم-

یہ الفاظ ابن ابوداؤد نامی راوی کے ہیں۔ اسماعیل نامی راوی نے لفظ ''مکتوبة'' کی جگہ لفظ ''مفروضة'' نقل کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار، قرشی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''250ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۷۴)(۶۳۲)۔

○ عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار، قرشی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''209ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۹)(۶۲)۔

○ محمد بن مہاجر انصاری، شامی، اخو عمرو، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے

ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''170ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۱۱)(۷۴۰)۔

○ سلیمان بن عامر کلاعی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''130ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۲۰)(۴۰۳)۔

1033 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شَدَّادٍ الْجُدَيْدِيُّ حَدَّثَنَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ كَانَ الْغَرِيبُ لَيَدْخُلُ مَسْجِدَ الْمَدِينَةِ وَقَدْ نُودِىَ بِالْمَغْرِبِ فَيَرٰى اَنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا مِنْ كَثْرَةِ مَنْ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بعض اوقات کوئی اجنبی شخص مدینہ منورہ کی مسجد (یعنی مسجد نبوی) میں داخل ہوتا اور وہاں لوگ مغرب کے وقت نماز ادا کر رہے ہوتے تو یوں محسوس ہوتا کہ شاید لوگ نماز (باجماعت) ادا کر چکے ہیں' کیونکہ مغرب سے پہلے کی دو رکعت ادا کرنے والے لوگ اتنے زیادہ ہوتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن ابراہیم جدی-مکی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''204ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۵۱۷)(۱۲۹۳)۔

○ عبدالملک بن شداد از دی الحدیدی ذکرہ ابن ابوحاتم فی الجرح والتعدیل (۵/۳۵۳)(۱۶۷۱)۔

1034 - قُرِءَ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَنِيعٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ الْبُنَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ بِالْمَغْرِبِ ابْتَدَرُوا السَّوَارِىَ يُصَلُّوْنَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَيَجِيءُ الْجَائِى فَيَظُنُّ اَنَّهُمْ قَدْ صَلَّوُا الْمَكْتُوبَةَ لِكَثْرَةِ مَنْ يَرٰى مَنْ يُصَلِّيهَا .

☆☆ عبدالعزیز بنانی بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کا یہ معمول تھا کہ جب مؤذن مغرب کی اذان دے دیتا تو وہ تیزی سے ستونوں کی طرف لپکتے تھے تاکہ مغرب سے پہلے دو رکعت ادا کرلیں' اگر کوئی شخص اس وقت وہاں ہوتا تو وہاں اتنی زیادہ تعداد میں ان دو نوافل ادا کرنے والے لوگوں کو دیکھتا تھا تو یہی سمجھتا کہ شاید فرض نماز ادا کی جا چکی ہے۔

۱۰۳٤- اخرجه مسلم (۲/۲۸۵ نووی) كتاب صلاة المسافرين: باب استحباب ركعتين قبل صلاة المغرب: حديث (۲۰۲/۸۳۷)؛ والبيهقي في (السنن الكبرىٰ) (۲/٤۷۵) من طريق عبد الوارث عن عبد العزيز بن صهيب عن انس: به-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن صہیب بنانی - بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چو طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''130ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۰/۱)(۱۲۲۸)۔

1035- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ كَانُوْا اِذَا سَمِعُوْا اَذَانَ الْمَغْرِبِ قَامُوْا يُصَلُّوْنَ كَاَنَّ فَرِيضَةٌ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب مغرب کی اذان سنتے تھے تو وہ اُٹھ کر نوافل ادا کر لگتے تھے یوں جیسے یہ فرض ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ کثیر بن ہشام کلابی، ابوسہل، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نوویں طبق سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''207ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حا ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۱۰)(۵۶۶۸)۔

1036- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوْسُفَ الْمَرْوَرُّوذِيُّ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْ سُلَيْمَانَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّيْنَا الرَّكْعَتَيْنِ قَبْ الْمَغْرِبِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - .قُلْنَا لاَنَسٍ رَآكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَ وَسَلَّمَ) قَالَ رَآنَا فَلَمْ يَاْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مغرب سے پہلے دونواف ادا کیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ لوگوں کو یہ نماز ادا کر ہوئے دیکھا ہے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۰۳۵-اخرجه احمد (۲۸۲/۳)' وابن ماجه (۳۶۸/۱) كتاب الصلوة' باب ما جاء في الركعتين قبل المغرب' حديث (۱۱۶۳)' كلاهما من طري شعبة بهذا الاسناد-

۱۰۳۶-اخرجه ابو داؤد (۲۶/۲) كتاب الصلوة' باب الصلوة قبل المغرب' حديث (۱۲۸۲)' وابو عوانة (۳۲/۲)' كلاهما من طريق سعيد سليمان' بهذا الاسناد- واخرجه مسلم (۲۸۴/۳-نووي) كتاب صلاة المسافرين' باب استحباب ركعتين قبل صلاة المغرب' حديث (۸۳۶/۳۰۲)' وابو عوانة (۳۱/۲)' والبيهقي في (السنن الكبرى) (۴۷۵/۲)' كلهم من طريق محمد بن فضيل عن المختار بن فلفل به-

نے ہمیں یہ ادا کرنے کا حکم نہیں دیا اور اس سے منع بھی نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ منصور بن ابو اسود لیثی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۲۷۵)(۱۳۷۸)۔

1037- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كُنَّا بِالْمَدِينَةِ اِذَا اُذِّنَ بِالْمَغْرِبِ ابْتَدَرَ الْقَوْمُ السَّوَارِىَ يُصَلُّونَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتّٰى اِنَّ الْغَرِيبَ لَيَدْخُلُ الْمَسْجِدَ فَيُرٰى اَنَّ الصَّلَاةَ قَدْ صُلِّيَتْ مِنْ كَثْرَةِ مَنْ يُصَلِّيهَا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں ہمارا یہ معمول تھا' جب مغرب کی اذان دی جاتی تھی تو ہم لوگ تیزی سے ستونوں کی طرف لپکتے تھے اور دو رکعت (فرض سے پہلے نوافل کے طور پر) ادا کرتے تھے' یہاں تک کہ کوئی اجنبی شخص مسجد میں داخل ہوتا تو اسے یہی محسوس ہوتا کہ شاید نماز ادا کی جا چکی ہے' کیونکہ ان دو رکعت کو ادا کرنے والے کثیر تعداد میں ہوتے تھے۔

1038- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنِى عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ النُّفَيْلِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى حَبِيبٍ اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ قَامَ لِيَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَقُلْتُ لِعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ انْظُرْ اِلٰى هٰذَا اَىُّ صَلَاةٍ يُصَلِّى فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَرَآهُ فَقَالَ هٰذِهِ صَلَاةٌ كُنَّا نُصَلِّيهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-

☆☆ شیخ ابوالخیر بیان کرتے ہیں: شیخ ابوتمیم جیشانی اُٹھ کر نمازِ مغرب سے پہلے دو رکعت ادا کرنے لگے تو میں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا: ان کی طرف توجہ کریں! یہ کون سی نماز پڑھ رہے ہیں؟ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر انہیں دیکھا اور بولے: یہ وہ نماز ہے' جو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ادا کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن عثمان بن محمد بن سعید نفیلی - حرانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''272ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب

۱۰۳۸-اخرجه النسائي (۱/ ۲۸۲) كتاب المواقيت' باب الرخصة في الصلوة قبل المغرب' حديث (۵۸۲): اخبرنا علي بن عثمان النفيلي بهذا الاسناد' واخرجه احمد (۴/ ۱۵۵)' والبخاري(۳/ ۲۷۸) كتاب التهجد' باب الصلوة قبل المغرب' حديث (۱۱۸۴) من طريق سعيد بن ابي ايوب' قال: حدثني يزيد بن ابي حبيب عن مرثد بن عبد الله اليزني عن عقبة بن عامر' به- واخرجه ايضا البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/ ۴۷۵)-

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۴۱/۲)(۳۸۰)۔

○ سعید بن عیسیٰ بن سعید بن تلید- الرعینی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''219ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰۳/۱)(۲۳۹)۔

○ بکر بن مضر بن محمد بن حکیم مصری، ابومحمد او ابوعبداللہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''174ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۰۷/۱)(۱۲۷)۔

○ مرثد بن عبداللہ یزنی- ابوالخیر مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''90ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۳۶/۲)(۹۹۲)۔

13- باب مَا رُوِیَ فِیْ صِفَةِ الصُّبْحِ وَالشَّفَقِ وَمَا تَجِبُ بِهِ الصَّلَاةُ مِنْ ذٰلِكَ.

باب: صبح صادق کی علامت' شفق کی علامت اور ان کی وجہ سے کون سی نماز فرض ہوتی ہے؟

1039- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْحَسَّانِیُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْفَجْرُ فَجْرَانِ فَاَمَّا الْفَجْرُ الَّذِیْ يَكُوْنُ كَذَنَبِ السِّرْحَانِ فَلَا يُحِلُّ الصَّلَاةَ وَلَا يُحَرِّمُ الطَّعَامَ وَاَمَّا الَّذِیْ يَذْهَبُ مُسْتَطِيْلًا فِی الْاُفُقِ فَاِنَّهٗ يُحِلُّ الصَّلَاةَ وَيُحَرِّمُ الطَّعَامَ.

☆☆ محمد بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: صبح صادق دو قسم کی ہوتی ہے' ایک وہ صبح صادق ہوتی ہے' جو سانپ کی دُم کی طرح (چوڑائی کی سمت میں) پھیلتی ہے' ایسے وقت میں (فجر کی نماز) ادا کرنا جائز نہیں ہوتا اور سحری کرنے والے کے لیے کھانا حرام نہیں ہوتا' البتہ جو (روشنی) اُفق میں لمبائی کی سمت میں پھیلتی ہے وہ (فجر کی) نماز کو حلال کر دیتی ہے (یعنی اس وقت نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے) اور سحری کرنے والے کے لیے کھانے کو حرام کر دیتی ہے (یعنی اس وقت سحری کا وقت ختم ہو جاتا ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حارث بن عبدالرحمٰن قرشی عامری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''129ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب

۱۰۳۹- اخرجه الحاكم (۱۹۱/۱)' وعنه البيهقي في (السنن الكبرىٰ) (۳۷۷/۱) كتاب الصلوٰة' باب الفجر فجران' عن عبد الله بن محمد الصدائني' ثنا يزيد بن هارون' بهذا الاسناد- وقال الحاكم: اسناده صحيح' ووافقه الذهبي-

التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۴۲)(۴۲)۔

○ محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان عامری، عامر قریش، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۱۸۲)(۴۴۳)۔

صبح صادق اور صبح کاذب میں فرق کی وضاحت

صبح صادق کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے فتاویٰ ہندیہ کے مرتب تحریر کرتے ہیں:

وَقْتُ الْفَجْرِ مِنَ الصُّبْحِ الصَّادِقِ وَهُوَ الْبَيَاضُ الْمُنْتَشِرُ فِي الْاُفُقِ اِلٰى طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا عِبْرَةَ بِالْكَاذِبِ وَهُوَ الْبَيَاضُ الَّذِىْ يَبْدُوْ طُوْلًا ثُمَّ يَعْقُبُهُ الظَّلَامُ فَبِالْكَاذِبِ لَا يَدْخُلُ وَقْتُ الصَّلَاةِ وَلَا يَحْرُمُ الْاَكْلُ عَلَى الصَّائِمِ.

هٰكَذَا فِى الْكَافِى اخْتَلَفَ الْمَشَايِخُ فِىْ اَنَّ الْعِبْرَةَ لِاَوَّلِ طُلُوْعِ الْفَجْرِ الثَّانِىْ اَوْ لِاِسْتِطَارَتِهٖ وَانْتِشَارِهٖ

كَذَا فِى الْمُحِيْطِ وَالثَّانِىْ اَوْسَعُ وَاِلَيْهِ مَالَ اَكْثَرُ الْعُلَمَاءِ.

هٰكَذَا فِىْ مُخْتَارِ الْفَتَاوٰى وَالْاَحْوَطُ فِى الصَّوْمِ وَالْعِشَاءِ اعْتِبَارُ الْاَوَّلِ وَفِى الْفَجْرِ اعْتِبَارُ الثَّانِىْ.

كَذَا فِىْ شَرْحِ النُّقَايَةِ لِلشَّيْخِ اَبِى الْمَكَارِمِ [1]

فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے' اس سے مراد وہ سفیدی ہے جو اُفق میں چوڑائی کی سمت میں پھیلتی ہے اور یہ وقت سورج نکلنے تک برقرار رہتا ہے' اس بارے میں صبح کاذب کا اعتبار نہیں کیا جائے گا' اس سے مراد وہ سفیدی ہوتی ہے جو لمبائی کی سمت میں ظاہر ہوتی ہے اور اس کے بعد پھر تاریکی آ جاتی ہے تو صبح کاذب کے وقت فجر کی نماز کا وقت شروع نہیں ہو گا اور نہ ہی روزہ رکھنے والے کے لیے کھانا حرام ہوگا'' ''الکافی'' نامی کتاب میں اسی طرح تحریر ہے۔

مشائخ نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے' دوسری صبح (یعنی صبح صادق) کے آغاز کا اعتبار کیا جائے گا' یا اُس کے پھیل جانے اور منتشر ہونے کا اعتبار کیا جائے گا۔ ''المحیط'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے۔

''مختار الفتاویٰ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے' دوسرے قول میں زیادہ گنجائش پائی جاتی ہے اور اکثر اہل علم اسی کی طرف مائل ہیں۔

شیخ ابومکارم نے ''شرح نقایہ'' میں یہ بات تحریر کی ہے: زیادہ احتیاط اس میں ہے' روزہ رکھنے اور عشاء کی نماز ادا کرنے کے حوالے سے پہلے قول کا اعتبار کیا جائے اور فجر کی نماز کا وقت شروع ہونے کے حوالے سے دوسرے قول کا اعتبار کیا جائے۔

14- باب فِىْ صِفَةِ الْمَغْرِبِ وَالصُّبْحِ.

باب: مغرب اور صبح کا تذکرہ

1040- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ ثَوْرٍ

[1] الفتاوى الهندية كِتَابُ الصَّلَاةِ اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِى الْمَوَاقِيْتِ

بْنِ يَزِيْدَ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ وَشَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالاَ الشَّفَقُ شَفَقَانِ الْحُمْرَةُ وَالْبَيَاضُ فَاِذَا غَابَتِ الْحُمْرَةُ حَلَّتِ الصَّلاَةُ وَالْفَجْرُ فَجْرَانِ الْمُسْتَطِيْلُ وَالْمُعْتَرِضُ فَاِذَا انْصَدَعَ الْمُعْتَرِضُ حَلَّتِ الصَّلاَةُ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہما یہ دونوں حضرات یہ بیان کرتے ہیں: شفق دوطرح کی ہوتی ہے' سرخی والی اور سفیدی والی' جب سرخی والی شفق ڈوب جاتی ہے' تو اس وقت نماز کا وقت ہو جاتا ہے اور اسی طرح صبح صادق دوطرح کی ہوتی ہے' ایک لمبائی والی اور ایک چوڑائی والی' جب چوڑائی والی ختم ہو جاتی ہے' تو اس وقت نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن حمزۃ بن واقد حضرمی، ابوعبدالرحمٰن دمشقی قاضی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''183ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۴۶/۲)(۴۹)۔

1041 - حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ دِيْنَارٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مَوْلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِى لَبِيْبَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ الشَّفَقُ الْحُمْرَةُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شفق' سرخی کو کہتے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یعقوب بن محمد بن عیسیٰ بن عبدالملک بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف، ابو یوسف زہری مدینی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''213'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۶۹/۱۴)(۷۵۶۳)۔

○ محمد بن ابراہیم بن دینار مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''182ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۴۰/۲)(۵)

○ محمد بن عبدالرحمٰن بن لبیبۃ - (اور ایک قول کے مطابق:) ابن ابولبیبۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب''

۱۰۴۰- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳۷۳/۱) كتاب الصلوة' باب دخول وقت العشاء بغيبوبة الشفق' من طريق الدارقطني به- قلت: وهذا اسناد منقطع؛ مكحول الشامي لم يدرك عبادة بن الصامت ولا شداد بن اوس- وينظر (جامع التحصيل) (ص۲۸۵)-

از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۷۰)(۲۱۲۰)۔

1042- قَرَأْتُ فِي أَصْلِ كِتَابِ أَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ الرَّمْلِيِّ بِخَطِّهِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الشَّفَقُ الْحُمْرَةُ فَإِذَا غَابَ الشَّفَقُ وَجَبَتِ الصَّلَاةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے: شفق سے مراد سرخی ہے' جب شفق غروب ہو جائے تو نماز فرض ہو جاتی ہے (یعنی اس کا وقت شروع ہو جاتا ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ الامام حافظ الناقد ابوبکر احمد بن عمرو بن جابر الطحان، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''333ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۱۵/۴۶۱)(۲۶۰)۔

○ علی بن عبدالصمد، ابوحسن طیالسی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''288ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۲/۲۸)(۶۳۹۳)۔

○ ہارون بن احمد، ابوالقاسم وردانی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۴/۲۵)(۷۳۵۸)۔

○ عتیق بن یعقوب مدنی زبیری ابوبکر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۷/۴۶)(۲۶۱)۔

شفق کے مفہوم میں اہلِ علم کا اختلاف

شفق کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے فتاویٰ ہندیہ کے مرتب تحریر کرتے ہیں:

وَوَقْتُ الْمَغْرِبِ مِنْهُ اِلَى غَيْبُوبَةِ الشَّفَقِ وَهُوَ الْحُمْرَةُ عِنْدَهُمَا وَبِهِ يُفْتَى .

هٰكَذَا فِي شَرْحِ الْوِقَايَةِ وَعِنْدَ اَبِي حَنِيفَةَ الشَّفَقُ هُوَ الْبَيَاضُ الَّذِي يَلِي الْحُمْرَةَ .

هٰكَذَا فِي الْقُدُورِيِّ وَقَوْلُهُمَا اَوْسَعُ لِلنَّاسِ وَقَوْلُ اَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَحْوَطُ ؛ لِاَنَّ الْاَصْلَ فِي بَابِ الصَّلَاةِ اَنْ لَا يَثْبُتَ فِيهَا رُكْنٌ وَلَا شَرْطٌ اِلَّا بِمَا فِيهِ يَقِينٌ .

كَذَا فِي النِّهَايَةِ نَاقِلًا عَنِ الْاَسْرَارِ وَمَبْسُوطِ شَيْخِ الْاِسْلَامِ [1]

[1] الفتاوى الهندية كِتَابُ الصَّلَاةِ الْبَابُ الْاَوَّلُ فِي الْمَوَاقِيتِ

مغرب کی نماز کا وقت سورج غروب ہونے سے لے کر شفق کے غائب ہونے تک رہتا ہے۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد سرخی ہے اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے' یہ بات شرح نقایہ میں تحریر ہے۔

قدوری میں یہ بات تحریر ہے: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد سفیدی ہے جو سرخی کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔

صاحبین کا قول لوگوں کے لیے زیادہ گنجائش رکھتا ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول زیادہ احتیاط پر مبنی ہے' کیونکہ نماز کے باب میں اصل حکم یہ ہے' اس حوالے سے کوئی رُکن اور کوئی بھی شرط اس وقت ثابت ہوتے ہیں جب یقینی علم ہو' یہ بات ''النہایہ'' نامی کتاب میں ''الاصرار'' اور شیخ الاسلام کی ''مبسوط'' کے حوالے سے نقل کی گئی ہے۔

1043 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْعُمَرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الشَّفَقُ الْحُمْرَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: شفق سے مراد سرخی ہے۔

15- باب فِي صِفَةِ صَلاَةِ الْعِشَاءِ الآخِرَةِ.

باب: عشاء کی نماز کا تذکرہ

1044 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِى بِشْرٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ إِنِّى لأَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هَذِهِ الصَّلاَةِ صَلاَةِ الْعِشَاءِ الآخِرَةِ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس نماز یعنی عشاء کی نماز کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے اس وقت ادا کرتے تھے جب تیسری رات کا چاند ڈوب جاتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الاعلیٰ بن حماد بن نصر باہلی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں

۱۰۴۲- قال البیهقي في (السنن الكبرىٰ) (۱/ ۳۷۳): وروي عن عتيق بن يعقوب عن مالك عن نافع مرفوعاً' والصحيح موقوفا- ثم اخرجه من طريق علي بن عبد الصمد بهذا الاسناد-

۱۰۴۳- اخرجه عبد الرزاق (۱/ ۵۵۹) رقم (۲۱۲۲) عن عبد الله بن نافع عن ابيه عن ابن عمر' ومن طريق عبد الرزاق اخرجه البيهقي في (السنن الكبرىٰ) (۱/ ۳۷۳) كتاب الصلوٰة' باب دخول وقت العشاء بغيبوبة الشفق- واخرجه (۱/ ۳۷۳) من طريق عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر-

۱۰۴۴- اخرجه ابو داؤد (۱/ ۱۱۴) كتاب الصلوٰة' باب في وقت العشاء الآخرة' حديث (۴۱۹) والترمذي (۱/ ۲۰۶) كتاب الصلوٰة' باب ما جاء في وقت صلاة العشاء الآخرة' حديث (۱۶۵' ۱۶۶)' والنسائي (۱/ ۲۶۴) كتاب المواقيت' باب الشفق' واحمد (۴/ ۲۷۴)' والدارمي (۱/ ۲۷۵)' والحاكم (۱/ ۱۹۴)' والبيهقي في (السنن الكبرىٰ) (۱/ ۴۴۸)' كلهم من طريق ابي عوانة بهذا الاسناد- قال الترمذي: روى هذا الحديث هشيم عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان بن بشير' ولم يذكر فيه: (هشيم عن بشير بن ثابت)- وحديث ابي عوانة اصح عندنا؛ لان يزيد بن هارون روى عن شعبة عن ابي بشر نحو رواية ابي عوانة- اه- وصححه ايضا الحاكم وابن حبان-

''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''237ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۱/۴۶۴)(۷۸۰)۔

○ بشیر بن ثابت انصاری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: خلاصۃ الخزرجی ت (۷۹۶)۔

1045- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ بِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ لَيْلَةَ ثَالِثَةٍ أَوْ رَابِعَةٍ شَكَّ شُعْبَةُ .وَرَوَاهُ هُشَيْمٌ وَّرَقَبَةُ وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ حَبِيبٍ عَنِ النُّعْمَانِ وَقَالُوْا لَيْلَةَ ثَالِثَةٍ وَّلَمْ يَذْكُرُوْا بَشِيرًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کے بارے میں منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (راوی کوشک ہے) تیسری رات کا چاند یا چوتھی رات کا چاند (ڈوب جاتا تھا)۔

بعض دیگر راویوں نے بھی اسے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور انہوں نے اس میں ''تیسری رات کا چاند'' کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

16- باب الْاِجْتِهَادِ فِي الْقِبْلَةِ وَجَوَازِ التَّحَرِّي فِيْ ذٰلِكَ.

باب: قبلہ (کی سمت معلوم کرنے کے لیے) اجتہاد کرنا

اور اس بارے میں اندازہ لگانے کا جائز ہونا

1046- حَدَّثَنَا أَبُوْ يُوْسُفَ الْخَلَّالُ يَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَيُّوْبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ - يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ - عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق اور مغرب کی درمیانی جگہ قبلہ ہے۔

۱۰۴۵-اخرجه احمد (۴/۲۷۲)، والحاكم (۱/۱۹۴) من طريق يزيد بن هارون بهذا الاسناد- واخرجه احمد (۴/۲۷۰)، وابن ابي شيبة (۱/۳۲۰) والطيالسي (۷۹۷)، والحاكم (۱/۱۹۴) من طريق هشيم عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي- واخرجه النسائي (۱/۲۶۴) كتاب المواقيت، باب الشفق، من طريق رقبة بن مصقلة عن ابي بشر عن حبيب بن سالم عن النعمان، به-

۱۰۴۶-اخرجه الحاكم (۱/۲۰۵)، والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/۹) كتاب الصلوٰة، باب من طلب با جتهاده جهة الكعبة، من طريق ابي يوسف الخلال يعقوب بن يوسف، بهذا الاسناد- وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين؛ فان شعيب بن ايوب ثقة وقد اسنده- ورواه محمد بن عبد الرحمن بن مجبر وهو ثقة عن نافع عن ابن عمر مسندًا- وقال البيهقي: تفرد به يعقوب بن يوسف الخلال-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن سالم انصاری، مولی نعمان بن بشیر وکاتبہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۴۹)(۱۱۵)۔

1047 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ الْكُرْدِيِّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُجَبِّرِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق اور مغرب کی درمیانی جگہ قبلہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جابر بن کردی-علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''گیارہویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''255ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۱۲۳)(۱۳)۔

○ محمد بن عبدالرحمٰن بن مجبر-علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الجرح والتعدیل (۷/۳۲۰)(۱۷۳۰)۔

1048 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ وَجَدْتُ فِيْ كِتَابِ اَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الْعَرْزَمِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سَرِيَّةً كُنْتُ فِيْهَا فَاَصَابَتْنَا ظُلْمَةٌ فَلَمْ نَعْرِفِ الْقِبْلَةَ فَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنَّا قَدْ عَرَفْنَا الْقِبْلَةَ هِيَ هَا هُنَا قِبَلَ الشَّمَالِ فَصَلَّوْا وَخَطُّوْا خَطًّا وَقَالَ بَعْضُنَا الْقِبْلَةُ هَا هُنَا

۱۰۴۷-اخرجه الحاكم (۲۰۶/۱)' والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۹/۲) من طريق يزيد بن هارون بهذا الاسناد' وصححه الحاكم- وقال البيهقي: تفرد به ابن المجبر-

۱۰۴۸-اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۱۱/۲-۱۲) كتاب الصلوة' باب استبيان الخطا بعد الاجتهاد' من طريق محمد بن الحارث العسكري: حدثني احمد بن عبيد الله بن الحسن العنبري' بهذا الاسناد- وقال البيهقي: وكذلك رواه الحسن بن علي بن شبيب المعمري' محمد بن محمد بن سليمان الباغندي عن احمد بن عبيد الله - ولم نعلم لهذا الحديث اسنادًا قويا صحيحاً' والطريق الى عبد الملك العرزمي غير واضح: لما فيه من الوجادة وغيرها- اه- وزاد ابن القطان اعلال الحديث بجهل حال احمد بن عبيد الله' وما مس به والده من المذهب' وقد رد عليه الحافظ ابن حجر في (اللسان) (۲۱۸/۱-۲۱۹)' ونفي اعلال الحديث بتلك العلل التي ادعاها ابن القطان- وللمحدث احمد بن الصديق الغماري كلام حسن في تصحيحه لهذا الاسناد' والكلام على الوجادة التي اعل بها البيهقي الاسناد- وينظر كتابه القيم: (الهداية في تخريج احاديث البداية) (۲۸۷/۲-۲۸۸)-

لَ الْجَنُوبِ وَخَطُّوا خَطًّا فَلَمَّا اَصْبَحُوا وَطَلَعَتِ الشَّمْسُ اَصْبَحَتْ تِلْكَ الْخُطُوطُ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ فَلَمَّا قَفَلْنَا مِنْ سَفَرِنَا سَاَلْنَا النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ ذٰلِكَ فَسَكَتَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) اَىْ حَيْثُ كُنْتُمْ.

قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الْعَرْزَمِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِي التَّطَوُّعِ خَاصَّةً حَيْثُ وَجَّهَ بِكَ بَعِيرُكَ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی' میں بھی اس میں موجود تھا' ایک مرتبہ انتہائی تاریکی کے اندر ہمیں قبلہ کی سمت کا اندازہ نہیں ہو سکا' تو ہم میں سے کئی لوگوں نے یہ کہا کہ ہمیں قبلہ کا اندازہ ہو گیا ہے' وہ اُس طرف ہے' انہوں نے شمال کی طرف اشارہ کیا' انہوں نے اس طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی اور یادداشت کے طور پر ادھر ایک لکیر لگا دی' بعض لوگوں نے کہا کہ قبلہ اس سمت ہے انہوں نے جنوب والی سمت کی طرف اشارہ کیا تھا' انہوں نے اس طرف ایک لکیر لگا دی' جب صبح ہوئی اور سورج نکلا تو وہ دونوں لکیریں قبلہ کی سمت میں نہیں تھیں' جب ہم اپنے سفر سے واپس آئے اور ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''مشرق اور مغرب اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں' تم جس طرف بھی رخ کرو گے تو اسی طرف اللہ تعالیٰ کی ذات موجود ہو گی''۔

(اس سے مراد یہ ہے:) یعنی تم جہاں کہیں بھی ہو گے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ آیت بطور خاص نفل نماز کے بارے میں نازل ہوئی تھی' یعنی تمہاری سواری کا رخ جس طرف بھی ہو گا تم اس طرف منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

- احمد بن عبیداللہ عنبری۔ ابن حبان نے ان کا تذکرہ کتاب الثقات میں کیا ہے۔ (۳۱/۸)۔
- عبیداللہ بن حسین بن حصین بن ابوالحر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۳۱/۱) (۱۴۳۴)۔

سمتِ قبلہ معلوم کرنے کے لئے تحری کا حکم

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے تحری کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

يجب التحرى والاجتهاد في القبلة اى بذل المجهود لنيل المقصود بالدلائل على من كان عاجزًا عن معرفة القبلة، واشتبهت عليه جهتها، ولم يجد احدًا ثقة يخبره بها عن علم اى

یقین ومشاهدة لعینها، فمن وجده اتبعه؛ لان خبره اقوی من الاجتهاد.

والدلیل علی وجوب التحری :ما روی عامر بن ربیعة انه قال :کنا مع رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم فی لیلة مظلمة، فلم ندر این القبلة، فصلی کل رجل منا علی حیاله، فلما اصبحنا ذکرنا ذلك لرسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم، فنزلت (فاینما تولوا فثمّ وجه اللّٰه) (البقرة2/115:).

ومن لم یجد ثقة یقلده اعتمد علی الدلائل کالفجر والشفق والشمس والقطب وغیره من الکواکب، والریح الشرقی او الغربی او الجنوبی، وغیرها کثیر، واضعفها الریاح واقواها نجم القطب فی اللیل [1]

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے اندازہ لگانا اور تحری کرنا واجب ہے یعنی کہ جس شخص کو اس بات کا علم نہ ہو کہ قبلہ کی سمت کون سی ہے اور اسے قبلہ کی جہت کے بارے میں شبہ ہو اور وہاں کوئی ایسا قابل اعتماد شخص بھی موجود نہ ہو جو اُسے قبلہ کی سمت کے بارے میں صحیح طور پر بتا سکے جو اپنے یقینی علم یا مشاہدہ کی بنیاد پر قبلہ کی سمت کے بارے میں آگاہ کر سکے تو ایسے شخص کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ دلائل کے ذریعے قبلہ کی جہت معلوم کرنے پر قادر ہو جائے اگر کوئی قابل اعتماد آدمی اُسے بتا دیتا ہے تو وہ شخص اُس شخص کے بتائے پر عمل کرلے گا اپنے غور وفکر کے مقابلے میں کسی شخص کی دی ہوئی اطلاع پر عمل کرنا زیادہ قوی ہے۔

قبلہ کی سمت معلوم کرنے کے لیے غور وفکر کے لازم ہونے کی دلیل عامر بن ربیعہ کی نقل کردہ روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ انتہائی سخت رات میں ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا: قبلہ کس سمت میں ہے ہم میں سے ہر شخص نے اپنی تحقیق کے مطابق ایک طرف رُخ کر کے نماز ادا کر لی صبح جب نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا تو اس بارے میں قرآن کا یہ حکم نازل ہوا:

''تم لوگ جس طرف بھی رخ کرو گے اللہ تعالیٰ کی ذات اُسی طرف ہوگی''۔

اگر کسی کو کوئی ایسا شخص نہ مل سکے جس کے بیان پر وہ قبلہ کی سمت کے بارے میں اعتماد کر سکے تو وہ اپنے دلائل پر اعتماد کرے گا جیسے صبح صادق شفق سورج قطبی ستارے وغیرہ کو دیکھ کر یا مشرق مغرب اور جنوب کی جانب سے آنے والی ہواؤں سے اندازہ لگا کے (وہ نماز ادا کرے گا) البتہ ہوا کے ذریعے اندازہ لگانا خاصا کمزور ہے اور اس کے مقابلے میں رات کے وقت قطبی ستارے کے ذریعے اندازہ لگانا زیادہ قوی ہے۔

1049- قُرِءَ عَلٰی اَبِی الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَکُمْ دَاوٗدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ الْوَاسِطِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ

[1] الفقهُ الاسلاميُ وادلّتُهُ البَابُ الثّاني :الصَّلاة شروط صحة الصلاة :الشرط الخامس۔ استقبال القبلة:

۱۰۴۹- اخرجه الحاكم (۲۰۶/۱) والبيهقي في (السنن الكبرى) (۱۰/۲) كتاب الصلوة باب الاختلاف في القبلة عند التحري من طريق داؤد بن عمرو بهذا الاسناد واخرجه البيهقي (۱۰/۲) من طريق الدارقطني به- وقال الحاكم: رواته محتج بهم كلهم غير محمد بن سالم فاني لا اعرفه بعدالة ولا جرح-

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي مَسِيْرٍ اَوْ سَفَرٍ فَاَصَابَنَا غَيْمٌ فَتَحَيَّرْنَا فَاخْتَلَفْنَا فِي الْقِبْلَةِ فَصَلَّى كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا عَلَى حِدَةٍ وَّجَعَلَ اَحَدُنَا يَخُطُّ بَيْنَ يَدَيْهِ لِنَعْلَمَ اَمْكِنَتَنَا فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَلَمْ يَاْمُرْنَا بِالْاِعَادَةِ وَقَالَ قَدْ اَجْزَاَتْ صَلَاتُكُمْ . كَذَا قَالَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ .وَقَالَ غَيْرُهُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ عَنْ عَطَاءٍ وَّهُمَا ضَعِيْفَانِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے' اسی دوران بادل آ گیا' ہم بہت پریشان ہوئے' قبلہ کے بارے میں ہمارے درمیان اختلاف ہو گیا' ہم میں سے ہر شخص نے اپنی پسندیدہ سمت کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی اور کچھ لوگوں نے اپنے سامنے نشان بھی لگا لیا' تا کہ ہمیں اپنی جگہ کے بارے میں یاد رہے بعد میں ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس نماز کو دُہرانے کا حکم نہیں دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: تمہاری نماز درست ہوئی ہے۔

محمد بن سالم نامی راوی کے حوالے سے اسی طرح منقول ہے' جبکہ بعض دیگر راویوں نے اسے دوسری سند سے نقل کیا ہے اور یہ دونوں راوی ضعیف ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داؤد بن عمرو بن زہیر بن عمرو بن جمیل ضبی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''228ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۲۳۳)(۳۰)۔

○ محمد بن سالم ہمدانی۔ بالسکون۔ ابوسہل کوفی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۹۳۵)۔

1050- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْاَحْمَسِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ .وَحَدَّثَنَا اَشْعَثُ السَّمَّانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي السَّفَرِ فِي لَيْلَةٍ مُّظْلِمَةٍ فَلَمْ نَدْرِ كَيْفَ الْقِبْلَةُ فَصَلَّى كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا عَلَى حِيَالِهِ قَالَ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا ذٰلِكَ

۱۰۵۰- اخرجه الترمذي (۲/۱۷٦) كتاب الصلوة: باب ما جاء في الرجل يصلي لغير القبلة' حديث (۳٤۵)' وابن ماجه (۱/۳۲٦) كتاب الصلوة: باب من يصلي لغير القبلة وهو لا يعلم' حديث (۱۰۲۰)' وعبد بن حميد في (المنتخب من المسند) ص (۱۳۰) رقم (۳۱٦)' والطبري في (تفسيره) (۲/۵۳۱)' والعقيلي في (الضعفاء) (۱/۳۱)' كلهم من طريق اشعث السمان بهذا الاسناد- وقال الترمذي: ليس اسناده بذاك' لا نعرفه الا من حديث اشعث السمان- واشعث بن سعيد ابو الربيع السمان يضعف في الحديث- وقال العقيلي: ليس يروى من وجه يثبت متنه- وقال الشيخ احمد شاكر في (التعليقه على الطبري) (۲/۵۳۱): حديث ضعيف-

لِلنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَنَزَلَتْ (فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ)

☆☆ عبداللہ بن عامر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں ہم نے ا سفر کے دوران ایک انتہائی تاریک رات میں نماز ادا کی ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا کہ قبلہ کس سمت میں ہے ہم میں سے ہر شخص نے جدھر اس کا رخ تھا' اُدھر منہ کر کے نماز ادا کر لی' اگلے دن ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا تو اس بار میں یہ آیت نازل ہوئی:

''تو تم جہاں بھی ہو وہیں اللہ کی ذات موجود ہوگی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن اسماعیل بن سمرۃ احمسی - ابوجعفر السراج، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ا کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲/۴۵ (۴۸)۔

○ اشعث بن سعید بصری، ابوربیع، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چ طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن عسقلانی' (۱/۷۹)(۵۹۸)۔

○ عاصم بن عبیداللہ بن عاصم بن عمر بن خطاب عدوی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے یہ راویوں کے ''چوتھے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''132ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۸۴)(۱۵)۔

○ عبداللہ بن عامر بن ربیعۃ عنزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''80 میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلا (۱/۳۸۷)(۴۱)۔

○ عامر بن ربیعۃ بن کعب بن مالک عنزی - یہ صحابی رسول ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۸۷)(۴۱)۔

1051 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى وَعَلِيُّ بْنُ اِشْكَابَ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُو الرَّبِيْعِ السَّمَّانُ بِهٰذَا وَقَ فَجَعَلَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا بَيْنَ يَدَيْهِ اَحْجَارًا يُصَلِّيْ اِلَيْهَا فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا نَحْنُ اِلٰى غَيْرِ الْقِبْلَةِ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ہم میں سے ہر شخص نے اپنے سامنے کی سمت موجود پتھروں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کر لی' جب صبح ہوئی تو ہمارا رخ قبلہ کی طرف نہیں تھا' ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

1052- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَعِيْدٍ بِهٰذَا مِثْلَ قَوْلِ يَزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

17- باب فِيْ ذِكْرِ الْاَمْرِ بِالْاَذَانِ وَالْاِمَامَةِ وَاَحَقِّهِمَا.

باب: اذان اور امامت کا حکم دینا' ان دونوں کا زیادہ حق دار کون ہوگا؟

1053- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْنَا النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ فَاَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَّكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَحِيْمًا رَفِيْقًا فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اِلٰى اَهْلِنَا وَسَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا فِيْ اَهْلِنَا فَاَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ ارْجِعُوْا اِلٰى اَهْلِيْكُمْ فَاَقِيْمُوا فِيْهِمْ وَعَلِّمُوْهُمْ وَبَرُّوْهُمْ وَصَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ وَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ اَحَدُكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ اَكْبَرُكُمْ .

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم جوان لوگ تھے' ہماری عمریں ایک دوسرے کے قریب قریب تھیں' ہم آپ ﷺ کی خدمت میں بیس دن ٹھہرے رہے' نبی اکرم ﷺ بڑے مہربان اور نرم طبیعت کے مالک تھے' آپ ﷺ کو یہ اندازہ ہوگیا کہ اب ہمارے لیے اپنے گھر سے دور رہنا مشکل ہورہا ہے' آپ ﷺ نے ہم سے اس بارے میں دریافت کیا: ہم اپنے گھر میں کیا چھوڑ کر آئے ہیں' ہم نے آپ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اب اپنے گھر واپس چلے جاؤ اور وہیں قیام کرو' ان لوگوں کو تعلیم دو' ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو' جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' اسی طرح نماز ادا کرتے رہنا' جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور تم میں جو شخص عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرائے۔

۱۰۵۲- اخرجه ابو داؤد الطيالسي (۱۱۴۵): ومن طريقه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/ ۱۱) كتاب الصلوة: باب استبان الخطا بعد الاجتهاد عن اشعث بن سعيد وعمر بن قيس عن عاصم بن عبيد الله به-

۱۰۵۳- اخرج البخاري (۱۲/ ۵۰) كتاب الادب: باب رحمة الناس والبهائم' حديث (۶۰۰۸)' وفي (الادب المفرد) رقم (۲۱۳)' ومسلم (۳/ ۱۸۷- نووي) كتاب المساجد: باب من احق بالامامة! حديث (۲۹۲/ ۶۷۴)' وابو داؤد (۱/ ۱۶۱) كتاب الصلوة: باب من احق بالامامة! حديث (۵۸۹)' والنسائي (۲/ ۹) كتاب الاذان: باب اجتزاء المرء باذان غيره في الحضر' واحمد (۳/ ۴۳۶)' وابن خزيمة (۳۹۸)' وابن حبان (۱۶۵۸)' والطبراني في (الكبير) (۱۹/ رقم ۶۴۰' ۶۴۱)' والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/ ۱۷)' و(۳/ ۵۴' ۱۲۰)' كلهم من طريق اسماعيل بن ابراهيم بهذا الاسناد-

امامت کا زیادہ حقدار کون ہوگا؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے جس کی وضاحت کرتے ہوئے مصر کے مشہور محقق شیخ عبدالرحمٰن یزیدی تحریر کرتے ہیں:

(الحنفية قالوا :الاحق بالامامة الاعلم باحكام الصلاة صحة وفسادا بشرط ان يجتنب الفواحش الظاهرة ثم الاحسن تلاوة وتجويدا للقراء ة ثم الاورع ثم الاقدم اسلاما ثم الاكبر سنا ان كانا مسلمين اصليين ثم الاحسن خلقا ثم الاحسن وجها ثم الاشرف نسبا ثم الانظف ثوبا فان استووا في ذلك كله اقرع بينهم ان تزاحموا على الامامة والا قدموا من شاؤوا فان اختلفوا ولم يرضوا بالقرعة قدم من اختاره اكثرهم فان اختار اكثرهم غير الاحق بها اساؤوا بدون اثم وهذا كله اذا لم يكن بين القوم سلطان او صاحب منزل اجتمعوا فيه او صاحب وظيفة والا قدم السلطان ثم صاحب البيت مطلقا ومثله الامام الراتب في المسجد واذا وجد في البيت مالكه ومستاجره فالاحق بها المستاجر

الشافعية قالوا :يقدم ندبا في الامامة الوالي بمحل ولايته ثم الامام الراتب ثم الساكن بحق ان كان اهلا لها فان لم يكن فيهم من ذكر قدم الافقه فالاقرا :فالازهد فالاورع فالاقدم هجرة .فالاسن في الاسلام فالافضل نسبا فالاحسن سيرة فالانظف ثوبا وبدنا وصنعة فالاحسن صوتا فالاحسن صورة فالمتزوج فان تساووا في كل ما ذكر اقرع بينهم ويجوز للاحق بالامامة ان يقدم غيره لها ما لم يكن تقدمه بالصفة كالافقه فليس له ذلك

المالكية قالوا :اذا اجتمع جماعة كل واحد منهم صالح للامامة يندب تقديم السلطان او نائبه ولو كان غيرهما افقه وافضل ثم الامام الراتب في المسجد ورب المنزل ويقدم المستاجر له على المالك .فان كان رب المنزل امراة كانت هي صاحبة الحق ويجب عليها ان تنيب عنها لان امامتها لا تصح ثم الاعلم باحكام الصلاة ثم الاعلم بفن الحديث رواية وحفظا ثم العدل على مجهول الحال ثم الاعلم بالقراء ة ثم الزائد في العبادة ثم الاقدم اسلاما ثم الارقى نسبا ثم الاحسن في الخلق ثم الاحسن لباسا وهو لابس الجديد المباح فان يتساوى اهل رتبة قدم اورعهم وحرم على عبدهم فان استووا في كل شيء اقرع بينهم الا اذا رضوا بتقديم احدهم فاذا كان تزاحمهم بقصد العلو والكبر سقط حقهم جميعا

الحنابلة قالوا :الاحق بالامامة الافقه الاجود قراء ة ثم الفقيه الاجود قراء ة ثم الاجود قراء ة فقط وان لم يكن فقيها اذا كان يعلم احكام الصلاة ثم الحافظ لما يجب للصلاة الافقه ثم الحافظ لما يجب لها الفقيه ثم الحافظ لما يجب العالم فقد صلاته ثم قارء لا يعلم فقه صلاته فان استووا في عدم القراء ة قدم الاعلم باحكام الصلاة فان استووا في القراء ة والفقه قدم

اکبرهم سنا ثم الاشرف نسبا فالاقدم هجرة بنفسه والسابق بالاسلام كالسابق بالهجرة ثم الاتقى ثم الاورع فان استووا فيما تقدم اقرع بينهم واحق الناس بالامامة فی البيت صاحبه ان كان صالحا للامامة وفی المسجد الامام الراتب ولو عبدا فيهما وهذا اذا لم يحضر البيت او المسجد ذو سلطان والا فهو الاحق)

تكره امامة الفاسق الا اذا كان اماما لمثله باتفاق الحنفية والشافعية اما الحنابلة والمالكية فانظر مذهبيهما تحت الخط (الحنابلة قالوا :امامة الفاسق ولو لمثله غير صحيحة الا فی صلاة الجمعة والعيد اذا تعذرت صلاتهما خلف غيره فتجوز امامته للضرورة

المالكية قالوا :امامة الفاسق مكروهة ولو لمثله[1]

احناف اس بات کے قائل ہیں: امامت کا زیادہ حق دار وہ شخص ہوگا جو نماز کے درست ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں مسائل سے زیادہ آگاہ ہو اور جو شخص گناہوں کے کھلے عام ارتکاب سے بچتا ہو۔

اس کے بعد امامت کا زیادہ حق دار وہ ہوگا جو قرآن مجید کی تلاوت تجوید کے قواعد وضوابط کے مطابق کر سکتا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جو پہلے اسلام لایا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کی عمر زیادہ ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کی جسمانی ساخت بہتر ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جو ولی مرشدی ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کا خاندان دوسروں سے ممتاز ہو۔

اس کے بعد وہ شخص زیادہ حق دار ہوگا جس کا لباس دوسروں سے زیادہ صاف ہو۔

اگر کچھ لوگ ان تمام اُمور کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں اور امامت کے بارے میں ان کے درمیان اختلاف ہو جائے تو اس حوالے سے قرعہ اندازی کی جائے گی' ورنہ وہ لوگ اپنے میں سے جس شخص کو اہیں امامت کے لیے آگے کر دیں گے۔

اگر لوگ قرعہ اندازی کے لیے تیار نہیں ہوتے ہیں تو جس شخص کے حق میں زیادہ لوگ راضی ہوں' اسے امام مقرر کر دیا جائے گا۔

بعض اوقات اگر اکثریت کسی ایسے شخص کو امام منتخب کر لے جو مستحق نہ ہو تو انہوں نے غلط کام کا ارتکاب کیا لیکن اسے گناہ قرار نہیں دیا جائے گا۔ لیکن یہ تمام احکام اس صورت میں ہیں جب کسی علاقہ کا بادشاہ' یا اس جگہ کا مالک' یا باقاعدہ طور پر وظیفہ لینے والا امام موجود نہ ہو' ورنہ امامت کا سب سے زیادہ حق دار حاکم وقت ہوتا ہے۔

گھر میں امامت کا زیادہ حق دار گھر کا مالک ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی مسجد میں وظیفہ کے ساتھ مقرر شدہ امام موجود ہو تو وہ امامت کا زیادہ حق دار ہوتا ہے۔

---

1. الفقه على المذاهب الاربعة كتاب الصلاة من له التقدم فی الامامة

اگر کسی گھر کے اندر گھر کا اصل مالک اور وہاں کرایہ دار کے طور پر رہنے والا شخص موجود ہوں تو جو شخص کرایہ دار کے طور پر رہ رہا ہے وہ شخص امامت کا زیادہ حق دار ہوگا (چونکہ گھر میں مقیم وہی شخص ہے)۔

فقہاء شوافع یہ کہتے ہیں: جو شخص اپنے علاقہ کا حکمران ہو زیادہ مستحب یہ ہے اسے ہی امامت کے لیے مقرر کیا جائے اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جسے کسی مسجد میں امامت کے لیے مقرر کیا گیا ہو اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جسے وہاں رہنے کا جائز حق حاصل ہو لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے وہ شخص امامت کا اہل بھی ہو اگر ان تینوں اقسام کے افراد میں سے کوئی بھی فرد موجود نہ ہو تو علم دین میں زیادہ مہارت رکھنے والے شخص کو مقدم قرار دیا جائے گا اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہو گا جو شخص قرآن کی بہتر تلاوت کر سکتا ہو اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو زیادہ پرہیز گار ہو۔ اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو (نفلی طور پر) زیادہ عبادت گزار ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے ہجرت پہلے کی ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو پہلے مسلمان ہوا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو دین داری کے اعتبار سے فضیلت رکھتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا اخلاق بہتر ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا لباس جسم اور پیشہ زیادہ صاف ستھرا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کی آواز زیادہ خوبصورت ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کی شکل وصورت زیادہ خوبصورت ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو شادی شدہ ہو۔

اگر کچھ لوگ ان تمام حوالوں سے یکساں حیثیت کے مالک ہوں تو ان کے درمیان قرعہ اندازی کر کے کسی ایک کو امام مقرر کر دیا جائے گا۔ جس شخص کو امامت کا زیادہ حقدار سمجھا گیا ہو اور وہ امامت کے لیے کسی اور شخص کو آگے کر دیتا ہے تو ایسا کرنا بھی جائز ہوگا لیکن یہ اس وقت ہوگا جب اسے کسی خاص صفت یعنی علم دین میں مہارت وغیرہ کی وجہ سے مقدم نہ سمجھا گیا ہو اگر ایسی صورت ہوگی تو ایسا کرنا درست نہیں ہوگا۔

فقہاء مالکیہ یہ کہتے ہیں: اگر کسی جگہ پر کچھ ایسے افراد اکٹھے ہو جائیں جن میں ہر ایک امام بننے کی صلاحیت رکھتا ہو تو حاکم وقت یا اس کے نائب کو مقدم کرنا مستحب ہوگا اگرچہ علم وفضل کے اعتبار سے ان سے برتر حیثیت کا مالک کوئی شخص بھی وہاں موجود ہو۔

اس کے بعد مرتبہ اس شخص کا ہوگا جسے باقاعدہ طور پر اس مسجد کے لیے امام مقرر کیا گیا ہو۔ اسی طرح اگر گھر میں نماز ادا کی جا رہی ہو تو گھر کا مالک امامت کرنے کا زیادہ حق دار ہوگا البتہ اگر کوئی شخص کسی گھر میں کرایہ دار کے طور پر رہ رہا ہو تو مالک مکان کے مقابلے میں وہ زیادہ حقدار ہوگا البتہ اگر گھر میں باجماعت نماز ادا کرنے کی صورت میں وہ گھر کسی عورت کی

ت ہوتو امامت کا حق اس عورت کے لیے مخصوص ہوگا' لیکن چونکہ عورت امامت نہیں کر کتی' اس لیے وہ جسے امام مقرر کرے وہی امامت کا زیادہ حق دار ہوگا۔

اس کے بعد امامت کا زیادہ حق اس شخص کو حاصل ہوگا' جو نماز کے مسائل کے بارے میں زیادہ جانتا ہو۔ پھر اس کے اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو علم حدیث میں روایت اور حفظ کے حوالے سے زیادہ مہارت رکھتا ہو' پھر اس کے بعد زیادہ نیک اور یز گار شخص کا مرتبہ ہوگا۔

پھر اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کو علم قرأت سے زیادہ اچھی طرح سے واقفیت حاصل ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو (نفلی طور پر) زیادہ عبادت گزار ہو' پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے پہلے اسلام ل کیا ہو' پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو نسب کے لحاظ سے فضیلت رکھتا ہو۔

پھر اس شخص کا مرتبہ ہوگا جس کا اخلاق دوسروں سے زیادہ اچھا ہو۔ پھر وہ شخص ہوگا جس کا لباس دوسروں سے بہتر ہوگا' ں وہ شخص جس نے نیا اور مبہم لباس پہنا ہوا ہو۔

اگر ان تمام حوالوں سے سب لوگ برابر ہوں تو جو شخص زیادہ پرہیزگار ہوگا' اسے مقدم کیا جائے گا' اسی طرح آزاد کو غلام ترجیح دی جائے گی' لیکن اگر سب لوگوں اس حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو پھر ان کے درمیان قرعہ اندازی کی ئے گی۔

البتہ اگر سب لوگ ایک شخص کی امامت پر راضی ہو جاتے ہیں تو اسی کو امام مقرر کیا جائے گا۔

لیکن اگر لوگوں کے درمیان یہ اختلاف تکبر اور باہمی چپقلش کی وجہ سے ہوتا ہے تو ان سب لوگوں کا امامت کا حق ختم ہو ئے گا۔

فقہاء اس بات کے قائل ہیں' امامت کرنے کا سب سے زیادہ حق دار وہ شخص ہوگا جو علم فقیہہ کا (یعنی علم دین کا) زیادہ ہر ہو' قرآن کی قرأت زیادہ اچھے طریقے سے کر سکتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کو حق حاصل ہوگا جو علم دین اور علم قرأت کے حوالے سے بہتر واقفیت رکھتا ہو۔

اس کے بعد اس شخص کا مرتبہ ہوگا جو زیادہ اچھے طریقے سے قرأت کر سکتا ہو' اگرچہ وہ فقیہہ نہ ہو۔ لیکن اُسے نماز کے سائل سے واقف ہونا چاہیے۔ اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ زیادہ ہوگا جسے قرآن کی اتنی آیات یاد ہوں جتنی آیات کا علم کسی فقہی کے لیے ضروری ہوتا ہے' اُس کے بعد حافظ شخص کا مرتبہ ہوگا جو نماز کے بنیادی مسائل سے آگاہ ہو' اُس کے بعد قاری مرتبہ ہوگا جو مسائل فقہ سے واقف نہ ہو' اگر کچھ لوگ علم قرأت سے ناواقف ہونے کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ں تو اُس شخص کو فوقیت حاصل ہوگی' جسے نماز کے مسائل کے بارے میں زیادہ علم ہو' اگر قرأت اور علم فقہ کے حوالے سے لوگ ابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو اُس شخص کو مقدم رکھا جائے گا جس کی عمر زیادہ ہو۔ اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ زیادہ ہوگا جو ب کے اعتبار سے بہتر سمجھا جاتا ہو' اُس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ ہوگا جس نے خود پہلے ہجرت کی ہو' اسی طرح جو شخص پہلے

مسلمان ہوا' اُس کی حیثیت پہلے ہجرت کرنے والے کی مانند ہوگی۔ اُس کے بعد زیادہ پرہیزگار شخص کا مرتبہ ہوگا' اُس کے بعد زیادہ عبادت گزار شخص کا مرتبہ ہوگا اگر کچھ لوگ ان تمام حوالوں سے برابر ہوتے ہیں' اُن کے درمیان قرعہ اندازی کی جا گی۔

اگر کسی گھر میں باجماعت نماز ادا کی جانے لگے تو گھر کا مالک امامت کا زیادہ حقدار ہوگا' لیکن اس کے لیے یہ بات ش ہے' اُس میں امامت کی صلاحیت ہونی چاہیے۔

اگر مسجد میں نماز ادا کی جا رہی ہے تو مسجد کا مقرر شدہ امام امامت کرنے کا زیادہ حق دار ہوگا' اگرچہ امام یا مہتمم میں کوئی غلام ہی کیوں نہ ہو۔

یہ تمام مسائل اُس صورت میں ہیں جب گھر یا مسجد میں اختیار رکھنے والا شخص موجود نہ ہو' اگر وہ موجود ہوگا تو اُسی اخ رکھنے والے شخص کو زیادہ حق حاصل ہوگا۔

فقہاء اس بات کے قائل ہیں: فاسق کی امامت درست نہیں ہے' خواہ وہ اپنے ہی جیسے دیگر فاسق لوگوں کو نماز پڑھا البتہ جمعہ اور عید کی نماز میں ایسا کیا جا سکتا ہے اور وہ بھی صرف اُس وقت جب اُس فاسق امام کے علاوہ اور کوئی ایسا شخص مو نہ ہو جو ان لوگوں کی امامت کر سکتا ہو' یعنی مجبوری کے عالم میں ایسا کیا جا سکتا ہے۔

فقہاء مالکیہ نے یہ بات بیان کی ہے: فاسق شخص کا امام بننا مکروہ ہے' خواہ وہ اپنے ہی جیسے فاسق افراد کی امامت کر ہو۔

1054- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَ قِلَابَةَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ وَقَالَ فِيْهِ اَيْضًا صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْ اُصَلِّيْ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''تم لوگ اسی طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

1055- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوْحٍ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَحْ الْهِلَالِيُّ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ ثَلَا

○ صالح بن عمر واسطی ثم حلوانی۔ عن ابی مالک اشجعی وعاصم بن کلیب۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''186ھ یا 187ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۴۶۳/۱)(۳۰۴۹)۔

1120 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا لُوَيْنٌ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ لَمْ يَذْكُرِ السُّجُودَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' تاہم اس میں سجدے کا ذکر نہیں ہے۔

1121 - حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ اَبُو عُتْبَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ .

وَعَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ .

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نماز کے آغاز میں دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے' جب آپ ﷺ رکوع میں جاتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو اسی طرح رفع یدین کرتے تھے۔

30-باب دُعَاءِ الْاِسْتِفْتَاحِ بَعْدَ التَّكْبِيرِ .

باب: تکبیر کے بعد نماز کے آغاز کی دُعا

1122 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ

۱۱۲۱- اخرجه احمد (۲/ ۱۳۲)' والبخاري في (رفع اليدين) رقم (٥٦)' وابن ماجه (۱/ ۲۷۹) كتاب الصلوة' باب رفع اليدين اذا ركع واذا رفع راسه من الركوع' حديث (۸٦۰)' والطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۲۲٤)' كلهم من طريق اسماعيل بن عياش' بهذا الاسناد - قال البوصيري في (الزوائد) (۱/ ۲۹۹): هذا اسناد ضعيف؛ فيه رواية اسماعيل بن عياش عن الحجازيين' وهي ضعيفة۔

۱۱۲۲- اخرجه مسلم (۳/ ۳۱۰-نووي) كتاب صلاة المسافرين' باب صلاة النبي صلى الله عليه وسلم ودعائه بالليل' حديث (۲۰۲/ ۷۷۱)' وابو داؤد (۱/ ۲۰۱/ ۲۰۲) كتاب الصلوة' باب ما يستفتح به الصلوة من الدعاء' حديث (۷٦۰)' والترمذي (٥/ ٤۸٦-٤۸۷) كتاب الدعوات' حديث (۳٤۲۲)' والنسائي (۲/ ۱۲۹' ۱۳۰) كتاب الافتتاح' باب نوع آخر من الدعاء بين التكبيرة والقراءة' واحمد (۱/ ۹٤' ۱۰۲' ۱۰۳)' والطيالسي (۱۵۲) وابن ابي شيبة (۱/ ۲۳۲)' وابو عوانة (۲/ ۱۰۰)' والدارمي (۱/ ۲۸۲)

عَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ حَدَّثَنَا الْمَاجِشُونُ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ اِنَّ صَلَاتِىْ وَنُسُكِىْ وَمَحْيَاىَ وَمَمَاتِىْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّىْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِىْ فَاغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ جَمِيعًا اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِىْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ . وَاِذَا رَكَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِىْ وَبَصَرِىْ وَمُخِّىْ وَعِظَامِىْ وَعَصَبِىْ . وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرَضِينَ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ . فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ فَاَحْسَنَ صُوْرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِينَ . فَاِذَا سَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّىْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ . قَالَ الدَّارَقُطْنِىُّ بَلَغَنَا عَنِ النَّضْرِ بْنِ شُمَيْلٍ - وَكَانَ مِنَ الْعُلَمَاءِ بِاللُّغَةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ - قَالَ مَعْنٰى قَوْلِ النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ . قَالَ الشَّرُّ لَيْسَ مِمَّا يُتَقَرَّبُ بِهِ اِلَيْكَ.

☆☆ حضرت علی ﷛ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو تکبیر کہنے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے:

''میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کر لیا جس نے آسمان وزمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا ہے اور میں مشرک نہیں ہوں' میری نماز' میری قربانی' میری زندگی' میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے جس کا کوئی شریک نہیں ہے' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں' اے اللہ! تو بادشاہ ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو میرا پروردگار ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے' میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں تو میرے تمام گناہوں کو بخش دے' گناہوں کو تیرے علاوہ اور کوئی بخش نہیں سکتا ہے' میں حاضر ہوں' تیری بارگاہ میں بھلائی اور سعادت سب تیرے دستِ قدرت میں ہے اور بُرائی تیری طرف نہیں آسکتی ہے' میں تیری مدد سے سب کچھ کر سکتا ہوں' تیری طرف رجوع کرتا ہوں' تیری ذات برکت والی ہے' تو بلند و برتر ہے' میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں''۔

نبی اکرم ﷺ جب رکوع میں جاتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے:

''اے اللہ! میں نے تیرے لیے رکوع کیا' میں تجھ پر ایمان لایا' میں تیرے سامنے جھک گیا' میری سماعت' میری بصارت' میرا مغز' میری ہڈیاں' میرے پٹھے (تیری بارگاہ میں جھک گئے)''۔

نبی اکرم ﷺ جب رکوع سے سر اُٹھاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:
''جس شخص نے اللہ کی حمد بیان کی' اللہ تعالیٰ نے اس کی حمد کو سن لیا' اے ہمارے پروردگار! ہر طرح کی حمد تیرے لیے مخصوص ہے' جو اتنی ہو جو آسمان و زمین کو بھر دے اور ان کے درمیان موجود جگہ کو بھر دے اور اس کے علاوہ جو تو چاہے اس حصے کو بھی بھر دے''۔
نبی اکرم ﷺ جب سجدے میں جاتے تو یہ پڑھتے تھے:
''اے اللہ! میں نے تیری بارگاہ میں سجدہ کیا' میں تجھ پر ایمان لایا' تیرے لیے اسلام قبول کیا' میرا سر اس ذات کے لیے جھکا ہوا ہے جس نے اسے پیدا کیا ہے' اُسے صورت دی ہے اور اچھی صورت دی ہے' اسے سماعت اور بصارت سے نوازا ہے' اللہ کی ذات برکت والی ہے' جو سب سے بہترین خالق ہے''۔
نبی اکرم ﷺ جب نماز پڑھنے کے بعد سلام پھیرتے تو آپ ﷺ یہ دعا مانگتے تھے:
''اے اللہ! جو میں پہلے کر چکا ہوں' جو بعد میں کروں گا' جو خفیہ طور پر کیا' جو اعلانیہ طور پر کیا' جو اسراف کیا' جس کے بارے میں تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے' تو ان سب کے بارے میں میری مغفرت کر دے' تو آگے کرنے والے ہے' تو پیچھے کرنے والا ہے' تیرے علاوہ کوئی اور معبود نہیں''۔
امام دارقطنی بیان کرتے ہیں: نضر بن شمیل کے حوالے سے یہ بات پتہ چلی ہے' جو علم لغت کے ماہرین میں سے ہیں' وہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے یہ الفاظ ''بُرائی تیری طرف نہیں جاسکتی'' اس سے مراد یہ ہے' بُرائی ایسی چیز نہیں ہے' جس کے ذریعے تیرا قرب حاصل کیا جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن ابوسلمۃ الماجشون تیمی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''106ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۵۱۲)(۳۳۸۶)۔

نماز کے آغاز میں پڑھی جانے والی دعا کے بارے میں فقہاء کا اختلاف

نماز کے آغاز میں کون سی دعا پڑھی جائے گی' اس موضوع پر اہل علم کے درمیان اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ اپنی عظیم تصنیف ''التجرید'' میں تحریر کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے' ہم یہ سمجھتے ہیں' نماز کے آغاز میں سبحانك اللهم پڑھا جائے گا۔
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: نمازی نماز کے آغاز میں وجهت وجهی پڑھے گا۔
ہماری دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"اگر تم کھڑے ہوتو اپنے رب کی حمد کے ہمراہ اس کی تسبیح بیان کرو"۔

ضحاک بن مزاحم کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے' وہ فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے' جب تم نماز کے لیے کھڑے ہوئیہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ ذکر وہ ہے جو قیام کی حالت سے متعلق ہے اور وہ ذکر تسبیح کرنا ہے۔

یہاں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ اس بات کا تقاضا کرے گا کہ انسان تکبیر تحریمہ کہنے سے پہلے اسے پڑھے کیونکہ تکبیر تحریمہ سے پہلے کوئی بھی ذکر کرنا سنت نہیں ہے اور حکم یہ ہے' اسے مسنون طریقے پر محمول کیا جائے' جب اس کا وجوب ساقط ہو چکا ہو۔

اسی مفہوم پر وہ روایت بھی دلالت کرتی ہے جسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو آپ ﷺ دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے ہوئے تکبیر کہتے تھے' پھر یہ کہتے:

سبحانك اللھم ....

اسی طرح حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نقل کی ہے' نبی اکرم ﷺ نماز کا آغاز سبحانك اللھم ...... پڑھنے سے کرتے تھے۔

شیخ ابواحوص' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے' نبی اکرم ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو یہ پڑھتے تھے

شیخ محمد بن منکدر' حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ' عیسیٰ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے ان تمام حضرات نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہی روایت نقل کی ہے'

اس کے بعد امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں دو روایات نقل کی ہیں' جس میں اس بات کا تذکرہ ہے' یہ حضرات بھی نماز کے آغاز میں سبحانك اللھم پڑھا کرتے تھے۔

ان تمام روایات سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' جب کوئی شخص نماز کا آغاز کرے تو وہ تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد نماز کے آغاز میں سب سے پہلے سبحانك اللھم پڑھے گا' احناف بھی اسی بات کے قائل ہیں[1]۔

1123- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا ابْتَدَاَ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ اِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ اَنْتَ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا لَا يَغْفِرُ

---

[1] التجرید از امام قدوری

۱۱۲۳- اخرجه ابو عوانة (۱۰۲/۲)، وابن حبان (۱۷۷۱) من طريق يوسف بن سعيد، بهذا الاسناد- واخرجه ابن حبان (۱۷۷۲، ۱۷۷۴) من طريق احمد بن ابراهيم الدورقي، ثنا حجاج، بهذا الاسناد- واخرجه الشافعي في (المسند) (۷۲/۱، ۷۳) من طريق ابن جريج به-

الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لاَحْسَنِ الْاَخْلاَقِ لاَ یَهْدِیْ لاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لاَ یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ بِیَدَیْكَ وَالْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ وَاَنَا بِكَ وَاِلَیْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَیْكَ ۔ قَالَ وَكَانَ النَّبِیُّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا سَجَدَ فِی الصَّلاَةِ الْمَكْتُوبَةِ ثُمَّ ذَكَرَ بَاقِیَ الْحَدِیْثِ ۔

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کے آغاز میں یہ پڑھتے تھے: ''میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کرلیا جس نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے' میں نے (ہر غلط دین سے روگرداں ہوتے ہوئے) مسلمان کے طور پر (اپنا رخ اللہ تعالیٰ کی طرف کیا ہے) اور میں مشرک نہیں ہوں' میری نماز' میری قربانی' میری زندگی' میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' جس کا کوئی شریک نہیں' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا اور میں مسلمان ہوں' اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو پاک ہے' حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تو میرا پروردگار ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے' میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں' تو میرے تمام گناہوں کی بخشش کردے' تیرے علاوہ کوئی اور گناہوں کی بخشش نہیں کرسکتا' اچھے اخلاق کی طرف تو ہی راہنمائی کرسکتا ہے' اور تو برے اخلاق کو مجھ سے دور کردے' مجھ سے برے اخلاق کو صرف تو ہی دور کرسکتا ہے' میں حاضر ہوں' بھلائی اور سعادت تیرے دست قدرت میں ہے' وہی شخص ہدایت یافتہ ہے جسے تو ہدایت نصیب کرے' میں تیری مدد سے سب کچھ کرتا ہوں' تیری طرف رجوع کرتا ہوں' تو برکت والا ہے' بلند و برتر ہے' میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں''۔

راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز میں سجدے میں جاتے تھے' اس کے بعد انہوں نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے۔

1124- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّیْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ الْبَغْدَادِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَیْوَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِیْمِ بْنُ الْهَیْثَمِ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهٖ حَدَّثَنَا شُرَیْحُ بْنُ یَزِیْدَ اَبُوْ حَیْوَةَ عَنْ شُعَیْبِ بْنِ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلاَةَ قَالَ اِنَّ صَلاَتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لاَ شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ لاَحْسَنِ الْاَخْلاَقِ وَاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ لاَ یَهْدِیْ لاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَقِنِیْ سَیِّئَ الْاَخْلاَقِ وَالْاَعْمَالِ لاَ یَقِیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ۔ قَالَ شُعَیْبٌ قَالَ لِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ وَغَیْرُهٗ مِنْ فُقَهَاءِ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ اِنْ قُلْتَ اَنْتَ هٰذَا الْقَوْلَ فَقُلْ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْكَرِیْمِ ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

۱۱۲۴- اخرجه النسائي (۲/۱۲۹) کتاب الافتتاح' باب نوع آخر من الدعاء بین التکبیر والقراءة' حدیث (۸۹۶): اخبرنا عمرو بن عثمان بن سعید: قال: حدثنا شریح بن یزید الحضرمي' بهذا الاسناد۔

''بے شک میری نماز' میری قربانی' میری زندگی' میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' جس کا کوئی شریک نہیں ہے' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلے مسلمان ہوں' اے اللہ! اچھے اخلاق کی طرف اور اچھے اعمال کی طرف میری راہنمائی کر' اچھے اخلاق اور اچھے اعمال کی طرف صرف تو ہی راہنمائی کر سکتا ہے' بُرے اخلاق اور بُرے اعمال سے مجھے بچالے' ان سے صرف تو ہی بچا سکتا ہے''۔

شعیب نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: محمد بن منکدر اور دیگر فقہاء نے مجھے یہ کہا: اگر تم یہ الفاظ بھی پڑھ لو' تو بہتر ہو گا: ''اور میں مسلمان ہوں''۔

روایت کے یہ الفاظ عبدالکریم نامی راوی کے ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شریح بن یزید حضرمی، ابوحیوۃ حمصی، المؤذن۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''203ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱/۳۵۰)(۵۷)۔

1125- حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ يَاسِيْنَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَلِيٍّ الرِّفَاعِيُّ قَالَ اِسْحَاقُ وَكَانَ يُشَبَّهُ بِالنَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ اَبِى الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ اسْتَفْتَحَ صَلَاتَهُ فَكَبَّرَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ رَبَّنَا وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَاۤاِلٰهَ غَيْرُكَ-ثَلَاثًا-اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْثِهٖ وَنَفْخِهٖ ۔ قَالَ ثُمَّ يَقْرَاُ ۔

★★ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت نوافل ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوتے تھے تو نماز کے آغاز میں تکبیر کہنے کے بعد یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تو بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کلمات تین مرتبہ پڑھتے تھے:

''میں سماعت اور علم رکھنے والے اللہ کی مردود شیطان' اس کے وسوسوں اور چالوں سے پناہ مانگتا ہوں''۔

۱۱۲۵-اخرجه ابو داؤد (۲۰۶/۱) كتاب الصلوٰة' باب من راى الاستفتاح ب (سبحانك اللهم وبحمدك)' حديث (۷۷۵)' والترمذي (۹/۲-۱۰) كتاب الصلوٰة' باب ما يقول عند افتتاح الصلوٰة' حديث (۲۴۲)' وابن ماجه (۲٦٤/۱) كتاب الصلوٰة' باب افتتاح الصلوٰة' حديث (۸۰٤)' والنسائي (۱۳۲/۲) كتاب الافتتاح' باب نوع آخر من الدعاء بين افتتاح الصلوٰة وبين القراءة' حديث (۸۹۹' ۹۰۰)' واحمد (۵۰/۳' ٦۹)' والدارمي (۲۸۲/۱) كتاب الصلوٰة' باب ما يقال بعد افتتاح الصلوٰة' وابو يعلى (۲۵۸/۲) رقم (۱۱۰۹)' وابن خزيمة (٤٦۷)' والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۳۲/۲) كتاب الصلوٰة' باب افتتاح الصلوٰة بعد التكبير' وفي (معرفة السنن والآثار) (۵۰۳/۱) كتاب الصلوٰة' باب افتتاح الصلوٰة بعد التكبير' حديث (٦۸٦)' كلهم من طريق جعفر بن سليمان الضبعي بهذا الاسناد-

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد آپ قرأت کیا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن یونس بن یاسین، ابواسحاق، المعروف بالشیعی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۲۹۹/۶)(۳۳۳۶)۔

○ علی بن داؤد (اور ایک قول کے مطابق:) ابن داؤد- ابومتوکل الناجی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''180ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۹۵)(۴۷۶۵)۔

1126 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ الْمُلَائِيُّ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ اَبِى الْجَوْزَاءِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَااِلٰهَ غَيْرُكَ ۔ قَالَ اَبُوْ دَاوُدَ لَمْ يَرْوِهٖ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ غَيْرُ طَلْقِ بْنِ غَنَّامٍ وَلَيْسَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِالْقَوِيِّ۔

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں یہ پڑھا کرتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری عزت و بزرگی بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

اور امام ابوداؤد نے یہ بات بیان کی ہے۔ عبدالسلام نامی راوی کے حوالے سے اس روایت کو صرف طلق بن غنام نے نقل کیا ہے' اور یہ حدیث مستند نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسین بن عیسیٰ بن حمران طائی، ابوعلی البسطامی القومسی ثم نیشاپوری۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''247ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲۳۰/۱)(۱۴۴۴)۔

○ طلق بن غنام- ابن طلق بن معاویۃ النخعی، ابومحمد کوفی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''211ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۱۴/۲)(۳۲۱۱)۔

۱۱۲۶- اخرجه ابو داؤد (۲۰۶/۱) کتاب الصلوة باب من رای الاستفتاح ب (سبحانک اللهم بحمدک) حدیث (۷۷۶): ثنا الحسین بن عیسی بهذا الاسناد- واخرجه البیهقی فی (السنن الکبرٰی) (۳۲/۲-۳۴) من طریق العباس بن محمد الدوری ثنا طلق بن غنام بهذا الاسناد- وهو عند الحاکم (۲۳۵/۱) وقال: صحیح الاسناد ولم یخرجاه وتعقبه الذهبی فقال: علی شرطهما- وقال ابو داؤد: هذا الحدیث لیس بالمشهور عن عبد السلام بن حرب لم یروه الا طلق بن غنام-

○ بدیل-مصغر-عقیلی- ابن میسرۃ بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''103ھ یا 85ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۶۴)(۶۵۲)۔

○ اوس بن عبداللہ الربعی-ابوالجوزاء-بالجیم والزاری- بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''83ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۱۵۵)(۵۸۲)۔

1127- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَحْوَلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيْبٍ حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُمَرَ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا كَبَّرَ لِلصَّلَاةِ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَااِلٰهَ غَيْرُكَ . وَاِذَا تَعَوَّذَ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ هَمْزِ الشَّيْطَانِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ . رَفَعَهُ هٰذَا الشَّيْخُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- وَالْمَحْفُوْظُ عَنْ عُمَرَ مِنْ قَوْلِهِ كَذٰلِكَ رَوَاهُ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عُمَرَ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ مِنْ قَوْلِهِ وَهُوَ الصَّوَابُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر بن خطاب کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب نماز کے لیے تکبیر کہہ دیتے تھے تو پھر یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے''۔

جب آپ تعوذ پڑھتے تھے تو یہ پڑھتے تھے

''میں شیطان' اس کے وسوسوں اور اس کی چالوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

اس بزرگ نے اپنے والد کے حوالے سے' نافع کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے' اس روایت کو اسی طرح مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

تاہم زیادہ محفوظ روایت یہ ہے' یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کے اپنے قول کے طور پر نقل کی گئی ہے۔ اس کو ابراہیم نے علقمہ اور اسود کے حوالے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

یحییٰ بن ایوب نے اپنی سند کے حوالے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر نقل کیا ہے' یہی درست ہے۔

۱۱۲۷- اخرجه ابن الجوزي في (التحقيق) (۱/ ۲۸۵-۲۸۶) برقم (٤٨٢) من طريق الدارقطني به- وقال ابن الجوزي: عبد الرحمن ثقة' اخرجه عنه البخاري في صحيحه' ومن وقفه على عمر' فقد سمع عمر يقوله' وانما كان قد يقوله: اقتداء برسول الله صلى الله عليه وسلم - اه- قلت: لم اجد في رجال البخاري من اسمه: عبد الرحمن بن عمر' بل لم اجد من ترجمه اصلاً-

1134- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ اَبِى الرِّجَالِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَااِلَهَ غَيْرُكَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے''۔

1135- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِىِّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيْهِ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' اس میں یہ الفاظ اضافی ہیں:

''آپ دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھاتے تھے اور پھر یہ پڑھتے تھے: تو پاک ہے اے اللہ!''۔

1136- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ عَنْ اَبِى مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ اَنَّ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا كَبَّرَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَااِلَهَ غَيْرُكَ يُسْمِعُ ذٰلِكَ مَنْ يَلِيْهِ.

☆☆ علقمہ اور اسود بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب تکبیر کہتے تو پھر یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ اتنی آواز میں یہ الفاظ پڑھتے تھے) کہ ان کے پاس کھڑا ہوا شخص سن سکتا تھا۔

1137- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى وَغَيْرُهُ وَاللَّفْظُ لِيُوسُفَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ

۱۱۳۴-اخرجه الترمذي (۲/ ۱۱) كتاب الصلوٰة' باب ما يقول عند افتتاح الصلوٰة' حديث (۲۴۳)' وابن ماجه (۱/ ۲۶۵) كتاب الصلوٰة' باب افتتاح الصلوٰة' حديث (۸۰۶)' والحاكم (۱/ ۲۳۵)' والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/ ۳۴) كتاب الصلوٰة' باب الاستفتاح ب (سبحانك اللهم وبحمدك)' وفي (معرفة السنن والآثار) (۱/ ۵۰۲) كتاب الصلوٰة' باب افتتاح الصلوٰة بعد التكبير' حديث (۶۸۴)' كلهم من طريق ابي معاوية بهذا الاسناد- قال الترمذي: هذا حديث لا نعرفه من حديث عائشة الا من هذا الوجه' وحارثة قد تكلم فيه من قبل حفظه- وابو الرجال اسمه: محمد ابن عبد الرحمن المديني- وقال البيهقي في (السنن): وهذا لم نكتبه الا من حديث حارثة بن ابي الرجال' وهو ضعيف- وقال في (المعرفة): وحارثة بن محمد: هو حارثة بن ابي الرجال' وهو ضعيف' لا يحتج به؛ ضعفه يحيى بن معين واحمد بن حنبل والبخاري وغيرهم-

۱۱۳۶-اخرجه الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (۱/ ۱۹۸) من طريق سعيد بن ابي عروبة بهذا الاسناد-

بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ قَالَا حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَامِرٍ اَبُوْ عَامِرٍ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَاَلْتُهَا عَنِ افْتِتَاحِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَتْ كَانَ اِذَا كَبَّرَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ.

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: میں اور عبید بن عمیر' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے آغاز کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سہل بن عامر بجلی۔عن مالک بن مغول۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''منکرالحدیث' ضعیف الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:''لسان المیزان'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳/۱۳۷) (۴۰۳۶)۔

○ مالک بن مغول۔بکسر اولہ وسکون المعجمۃ وفتح الواو۔کوفی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال ''159ھ'' میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۹۱۷) (۶۴۹۲)۔

1138- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ .يُسْمِعُنَا ذٰلِكَ وَيُعَلِّمُنَا .

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب نماز کا آغاز کرتے تو یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے اور تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

(راوی کہتے ہیں:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ بلند آواز میں یہ الفاظ پڑھتے تھے' تاکہ آپ ہمیں ان کی تعلیم دیں۔

1139- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ قَالَ كَانَ عُثْمَانُ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ يَقُوْلُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ

۱۱۳۸- اخرجه ابن ابي شيبة (۱/ ۲۱٤) كتاب الصلوات' باب في التعوذ' كيف هو قبل القراءة او بعدها؛ حديث (۲٤٥٥): حدثنا حفص' بهذا الاسناد-

وَلَاإِلٰهَ غَيْرُكَ يُسْمِعُنَا ذٰلِكَ.

✰✰ ابووائل بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نماز کے آغاز میں یہ دعا پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے''۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ یہ الفاظ ہمیں سناتے تھے (یعنی بلند آواز میں یہ الفاظ پڑھتے تھے)۔

اللہ
رسول
محمد

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو چہارم

3-4

متن

امام ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

اداما اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

31-باب وُجُوْبِ قِرَاءَةِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) فِي الصَّلَاةِ وَالْجَهْرِ بِهَا وَاخْتِلَافِ الرِّوَايَاتِ فِيْ ذٰلِكَ.

باب: نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا واجب ہے اسے بلند آواز میں پڑھنا اس بارے میں منقول روایات میں اختلاف

1140- حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِيْ اَخِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقْرَأُ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) فِيْ صَلَاتِهٖ.

☆☆ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ، حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حماد اسحاق بن اسمٰعیل بن حماد بن زید درهم ازدی القاضی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ان کا انتقال "276ھ" میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۲/۲۷۲)(۷۴۳)۔

○ عبداللہ بن موسیٰ ہاشمی روی عن حسن بن طیب بغوی وروی عنہ ابومحمد الخلال التنوخی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال "374ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۴/۲۰۶)۔

○ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابو طالب۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ مامون" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۱۳/۲۵)(۶۹۸۶)۔

○ عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابو طالب ہاشمی مدنی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ

۱۱۴۰-اخرجه ابن الجوزي في (التحقيق) (۱/۲۹۲) رقم (۴۹۱) من طريق الدارقطني به- وذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۳۲۴-۳۲۵) من جهة الدارقطني- وقال الزيلعي: قال شيخنا ابو الحجاج المزي: هذا اسناد لا يقوم به حجة، وسليمان هذا لا اعرفه-

راویوں کے ''پانچویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''145ھ کے اوائل میں'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۲۹۲)۔

نماز میں بلند آواز میں بسم اللہ پڑھنے کی بحث

نماز میں بلند آواز میں بسم اللہ پڑھنے کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے اور اس بارے میں منقول روایت میں مذکور اختلاف کی توضیح کرتے ہوئے مشہور فقیہہ امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

نعیم بن مجمر نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے' راوی فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی' جب انہوں نے ولا الضالین پڑھا تو آمین بھی کہا' انہیں بھی آمین کہا' نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اس ذات کی قسم! جس کی دستِ قدرت میں میری جان ہے! میں تم سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا رہوں''۔

اسی طرح ایک اور سند کے ساتھ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات منقول ہے' وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہاں نماز ادا کی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھی' پھر سورۂ فاتحہ پڑھی۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ ان دونوں روایات کو نقل کرنے کے بعد تحریر کرتے ہیں۔

بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں۔

بسم اللہ' سورۂ فاتحہ کا حصہ ہے۔ اس لیے نمازی کو چاہیے کہ جس طرح وہ سورۂ فاتحہ پڑھتا ہے اسی طرح اس کے ساتھ بسم اللہ بھی پڑھا کرے۔

ان حضرات نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے منقول درج ذیل روایات کو بھی اپنے مؤقف کی تائید کے لیے نقل کیا ہے۔

''اُسید بن عبدالرحمٰن اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

''میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی تو انہوں نے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھی''۔

راوی کہتے ہیں: میرے والد بھی بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے تھے۔

اسی طرح سعید بن جبیر نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: وہ بلند آواز میں بسم اللہ پڑھا کرتے ہیں۔

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: وہ سورت سے پہلے اور سورت کے بعد جب اگلی سورت پڑھتے' تو بسم اللہ پڑھنا ترک نہیں کرتے تھے' یعنی نماز کے دوران (اسے ترک نہیں کرتے تھے)۔

اسی طرح یزید نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: وہ (بلند آواز میں) قرأت کا آغاز بسم اللہ سے کیا کرتے تھے۔

اسی طرح ازرق بن قیس نے یہ بات نقل کی ہے: میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر کی اقتداء میں نماز ادا کی تو میں نے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے ہوئے سنا' ولا الضالین پڑھنے کے بعد انہوں نے پھر بلند آواز میں بسم اللہ پڑھی۔

ان حضرات نے درج ذیل روایات سے بھی استدلال کیا ہے۔

سعید بن جبیر' عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''اور ہم نے تمہیں سبع مثانی عطاء کی ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ سورۂ فاتحہ ہے' پھر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے تلاوت کی بسم اللہ پڑھی اور بولے: یہ ساتویں آیت ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے میرے سامنے اسی طرح تلاوت کی' جس طرح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کے سامنے تلاوت کی تھی۔

(امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ اس کے بعد مزید تحریر کرتے ہیں:) بعض دیگر حضرات نے اس کے خلاف بیان کیا ہے' وہ کہتے ہمارے خیال میں نماز کے دوران بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھی جائے گی' ان میں پھر اس بارے میں اختلاف پایا جاتا

بعض نے کہا ہے: پست آواز میں پڑھی جائے گی' جبکہ بعض نے کہا ہے: بسم اللہ سرے سے پڑھی ہی نہیں جائے گی' نہ آواز میں' نہ ہی بلند آواز میں۔

پہلے مؤقف کے قائلین نے اپنی تائید میں یہ دلائل پیش کیے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب دوسری رکعت میں کھڑے ہوتے تھے تو الحمد للہ سے قرأت آغاز کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم (قرأت سے پہلے) خاموش نہیں ہوتے تھے۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے: بسم اللہ سورۂ فاتحہ کا حصہ نہیں ہے' کیونکہ اگر سورۂ فاتحہ کا حصہ ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رکعت میں بھی اس کی اسی طرح تلاوت کرتے' جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی تھی۔

جن حضرات نے پہلی رکعت میں اسے بلند آواز میں پڑھنے کو مستحب قرار دیا ہے۔ اس بنیاد پر کہ ان کے نزدیک بسم اللہ' سورۂ فاتحہ کا حصہ ہے' انہوں نے دوسری رکعت میں بھی اس کو پڑھنے کو بھی اس کو مستحب قرار دیا ہے۔

لیکن حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس حدیث سے اس بات کی نفی ہو جاتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت میں بسم اللہ پڑھی تھی' تو دوسری رکعت کی نفی کے ذریعے (بالواسطہ طور پر) پہلی رکعت کی بھی نفی ہو جائے گی۔ لہٰذا اب یہ روایت اس روایت کے مقابلے میں آ جائے گی' جسے نعیم بن مجمر نے اپنی سند کے حوالے سے نقل کیا تھا' حالانکہ یہ والی روایت سند اور صحت کے اعتبار سے نعیم کی نقل کردہ روایت کے مقابلے میں زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔

اسی طرح ان حضرات نے یہ بات بیان کی ہے:

سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے جو روایت نقل کی گئی ہے اسے نقل کرنے میں راویوں نے اختلاف کیا ہے بعض راویوں نے اس روایت کو اسی طرح نقل کیا ہے جیسے ہم نقل کر چکے ہیں۔ جبکہ بعض راویوں نے درج ذیل طریقے سے نقل کیا ہے۔

یعلیٰ نامی راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کے قرأت کرنے کے بارے میں دریافت کیا تو سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم ﷺ کی قرأت الگ الگ ہوتی تھی جس میں ایک ایک حرف الگ الگ ہوتا تھا۔

اس میں یہ بات ذکر ہے: سیدنا اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے جو بسم اللہ پڑھی تھی وہ اس کے ذریعے اس بات کا تذکرہ کرنا چاہتی تھیں کہ نبی اکرم ﷺ پورا قرآن پاک اس طرح ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کیا کرتے تھے۔ اس میں اس بات کی کوئی دلیل نہیں نبی اکرم ﷺ (نماز کے دوران سورت کی تلاوت سے پہلے) بسم اللہ پڑھا کرتے تھے۔

لہٰذا اس روایت کا مفہوم اس روایت کے مفہوم سے مختلف ہوگا جو ابن جریج نامی راوی کے حوالے سے نقل کی گئی ہے۔

ایسا بھی ہوسکتا ہے: ابن جریج کی روایت میں سورۂ فاتحہ کے الفاظ کو الگ الگ پڑھنے کا جو ذکر ہے یہ ابن جریج کی طرف سے ہو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے طریقے کو وضاحت سے بیان کیا ہو یہ بالکل اُسی طرح ہے جیسے لیث نے ابن ابی ملیکہ کے حوالے سے نقل کیا ہے تو اس کے ذریعے اس بات کی بھی نفی ہو جائے گی اس حوالے سے سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت سے کوئی استدلال کیا جا سکتا ہے۔

یہ حضرات یہ بھی کہتے ہیں: تم نے سعید بن جبیر کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں جو روایت کی ہے۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''اور ہم نے تمہیں سبع مثانی عطاء کیا''۔

اور تم نے جو اس بات کا تذکرہ کیا ہے یہ سورۂ فاتحہ ہی سبع مثانی ہے تو اس بارے میں ہمیں اس آپ کی اطلاعات نہیں ہیں آپ کا یہ کہنا کہ بسم اللہ بھی اس کا حصہ ہے تو اس بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں وہ روایت منقول ہے جسے آپ نے ذکر کیا ہے لیکن دیگر حوالوں سے ان کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے۔

اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے سورۂ فاتحہ کی سات آیات ہیں جن حضرات نے بسم اللہ کو سورۂ فاتحہ کی آیت قرار دیا ہے وہ اسے مستقل آیت شمار کرتے ہیں اور جنہوں نے بسم اللہ کو سورۂ فاتحہ کا حصہ قرار نہیں دیا ان کے نزدیک ''انعمت'' ایک الگ آیت ہے تو جب ان حضرات کے درمیان ان حوالے سے یہ اختلاف ہو گیا تو یہ ضروری ہوگا: ہم اس بارے میں غور وفکر کریں گے تو اس بارے میں ہم عنقریب اپنے مقام پر بحث کریں گے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں

نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: سورۃ الانفال جو سات بڑی سورتوں میں شامل ہے اور سورۂ براءۃ جو 100 آیات پر مشتمل سورت ہے آپ نے ان دونوں کو کیوں ملا دیا ہے اور آپ نے ان کے درمیان بسم اللہ بھی تحریر نہیں کی ہے تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو آپ حکم دیتے تھے کہ اسے فلاں سورت میں شامل کر دو جس میں فلاں اور فلاں چیزوں کا ذکر ہے۔ ان دونوں کا واقعہ چونکہ ایک جیسا تھا لہٰذا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال بھی ہو گیا تو میں اس بارے میں آپ سے دریافت نہیں کر سکا' بعد میں مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ یہ بعد والی سورت پہلی والی سورت کا حصہ نہ ہو تو میں نے ان دونوں کو ساتھ ملا دیا اور ان کے درمیان بسم اللہ تحریر نہیں کی اور میں نے ان دونوں کو سات طویل سورتوں میں شامل کر دیا۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس روایت میں اس بات کی یوں وضاحت کر رہے ہیں' بسم اللہ سورت کا حصہ نہیں تھی' بلکہ وہ بسم اللہ کو اس لیے تحریر کرتے تھے' تا کہ دو سورتوں کے درمیان فرق ہو جائے۔ لہٰذا یہ بسم اللہ ان سورتوں کے علاوہ ہو گی تو اس صورت میں یہ روایت اس چیز کے خلاف ہے جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے اس بارے میں منقول ہے۔

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے بارے میں' متواتر طور پر یہ بات منقول ہے: یہ حضرات نماز کے دوران بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے۔

جیسا کہ حضرت عبداللہ بن مغفل نے یہ روایت نقل کی ہے: راوی کہتے ہیں: وہ اسلام میں کسی بھی نئی روایت کے پیدا ہونے کے سب سے سخت مخالف تھے۔

راوی کہتے ہیں: انہوں نے مجھے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا: میرے لیے اسلام میں نئی روایتیں قائم کرنے سے بچو' پھر انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' میں نے (ان میں سے) کسی کو بھی بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے ہوئے نہیں سنا' لہٰذا تم قرأت کا آغاز الحمدللہ سے کیا کرو۔

اسی طرح حضرت انس بن مالک رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت نقل کی ہے' وہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بلند آواز سے قرأت کا آغاز الحمدللہ سے کیا کرتے تھے۔

ایک اور سند کے ساتھ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' میں نے ان میں سے کسی کو بھی بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے نہیں سنا۔

ایک اور سند کے ساتھ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' یہ حضرات نماز کے آغاز میں قرأت کا آغاز بسم اللہ سے نہیں کرتے تھے۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے' حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر' حضرت عمر رضی اللہ عنہما

(یہاں پر راوی کو شک ہے) حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ذکر کیا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے حسب حدیث ذکر کی ہے۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول بعض دیگر روایات کا تذکرہ مختلف کے ساتھ کیا ہے' جنہیں نقل کرنے کے بعد امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔

یہ متواتر روایات ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہیں۔

ان میں سے بعض میں اس بات کا تذکرہ ہے: یہ حضرات الحمد اللہ سے قرأت کا آغاز کیا کرتے تھے' اور ان میں اس کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے' یہ حضرات الحمد للہ سے پہلے یا اس کے بعد بسم اللہ پڑھتے تھے' کیونکہ یہاں قرأت سے مراد کی قرأت ہے۔

اب اس میں اس بات کا احتمال ہوسکتا ہے' یہ حضرات بسم اللہ کو قرآن کا حصہ شمار نہیں کرتے تھے' بلکہ اسے ''سبحا اللّٰھم'' کی طرح ذکر شمار کرتے تھے' یا وہ کلمات جو نماز کے آغاز میں ادا کیے جاتے ہیں' اور وہ قرآن کی تلاوت اس کے کرتے تھے' الحمد للہ کے ذریعے تلاوت کا آغاز کرتے تھے۔

جبکہ بعض روایات میں یہ بات منقول ہے: یہ حضرات بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے' تو اس میں اس بات کی دلیل ہوسکتی ہے' یہ حضرات پست آواز میں بسم اللہ پڑھ لیتے ہوں کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو بلند آواز کے الفاظ کے ذریعے ا نفی کرنے کی کوئی ضرورت نہ ہوتی۔

تو ان آثار کو صحیح قرار دینے کے لیے یہ بات سامنے آئے گی' بسم اللہ کو بلند آواز میں نہیں پڑھا جائے گا اور پست میں پڑھ لیا جائے گا۔

اسی طرح کی روایت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے منقول ہے۔

جیسا کہ شیخ ابووائل بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے بالا اللہ نہیں پڑھتے تھے اور آمین نہیں کہتے تھے۔

عکرمہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' انہوں نے بلند آواز میں ب پڑھنے کے بارے میں فرمایا ہے: یہ دیہاتیوں کا طریقہ ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت اس روایت کے خلاف ہے جسے ہم اس فصل کے آغاز میں اس حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کر چکے ہیں۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے: شیخ عبدالرحمٰن اعرج بیان کرتے ہیں: میں نے ائمہ (یعنی حضرات خ راشدین) کو پایا ہے' وہ حضرات قرأت کا آغاز الحمد للہ سے کرتے تھے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔
یحییٰ بن سعید بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے بہت سے علماء کو پایا ہے وہ لوگ اسے (بلند آواز میں) تلاوت نہیں کرتے تھے۔
شیخ عبدالرحمان بن قاسم بیان کرتے ہیں: میں حضرت قاسم کو بسم اللہ پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔
امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور بعد کے زمانے کی افراد سے بسم اللہ بلند آواز سے نہ پڑھنا ثابت ہو گیا تو اس سے یہ بات ثابت ہو گئی' یہ قرآن کا حصہ نہیں ہے' کیونکہ اگر یہ قرآن کا حصہ ہوتی تو قرآن کے بقیہ حصوں کی طرح اسے بھی بلند آواز سے پڑھنا لازمی ہوتا۔
کیا آپ نے غور نہیں کیا کہ سورۃ النمل میں مذکور بسم اللہ کو اسی طرح بلند آواز سے تلاوت کی جاتی ہے' اس کی وجہ یہی ہے' وہ قرآن پاک کا حصہ ہے۔
جب یہ بات ثابت ہو گئی' سورۂ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ کو پست آواز میں پڑھا جائے گا تو قرآن کو بلند آواز میں پڑھا جائے گا تو اس سے یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے' بسم اللہ قرآن کا حصہ نہیں ہے اور اس سے یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے' بسم اللہ کو پست آواز میں پڑھا جائے گا جس طرح اعوذ باللہ کو آہستہ آواز میں پڑھا جاتا ہے۔
اسی طرح ہم نے یہ بات بھی دیکھی ہے' بسم اللہ کو سورتوں کے آغاز میں مصحف میں لکھا گیا ہے۔
سورۂ فاتحہ کے آغاز میں بھی لکھا گیا ہے اور دیگر سورتوں کے آغاز میں بھی لکھا گیا ہے' سورۂ فاتحہ کے علاوہ دیگر سورتوں میں یہ سورت سورتوں کا حصہ شمار نہیں ہوتی' تو پھر اس سے ثابت ہوتا ہے' یہ سورۂ فاتحہ کا بھی حصہ نہیں ہو گی۔
یہ وہ بحث تھی جو بسم اللہ کا سورۂ فاتحہ کا حصہ نہ ہونے اور نماز کے آغاز میں اسے بلند آواز میں قرأت نہ کیے جانے کے بارے میں کی ہے۔
امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

1141- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ شَيْبَانَ حَدَّثَنَا مَحْفُوْظُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) فِى السُّوْرَتَيْنِ جَمِيْعًا.

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں سورتوں کے ساتھ بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

۱۱۴۱-ذكره الغساني في (تخريج الاحاديث الضعاف من سنن الدارقطني) ص (۱۲۶-۱۲۷) رقم (۲۰۵)، وقال: عيسى بن عبد الله ضعيف الحديث- قلت: عيسى: قال ابن حبان: يروي عن ابيه اشياء موضوعة- وقال الدارقطني: متروك الحديث- وينظر: (ميزان الاعتدال ۵/۲۸)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عیسیٰ بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابو طالب العلوی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۳۸۰) (۶۵۸۴)۔

○ عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابو طالب، ابو محمد العلوی۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال ''خلافت منصور'' میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۵/۳۸۰) (۶۵۸۴)۔

○ محمد بن عمر بن علی بن ابو طالب، یہ ''صدوق'' ہیں۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال ''130ھ کے بعد'' ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۸۸۱) (۶۲۱۰)۔

○ عمر بن علی بن ابو طالب ہاشمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''تیسرے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۷۲۵) (۴۹۸۵)۔

1142 - حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ دَلِيلٍ الْاِخْبَارِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُقْرِى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُوْسَى بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنِى عَمُّ اَبِى الْحَسَنِ بْنِ مُوْسَى حَدَّثَنِى اَبِى مُوْسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَيْفَ تَقْرَاُ اِذَا قُمْتَ اِلَى الصَّلَاةِ . قُلْتُ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) فَقَالَ قُلْ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ).

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے والد امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ان کے والد امام حسین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ یہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہو تو قرأت کیسے کرتے ہو؟ میں نے عرض کی: میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ پڑھتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بھی پڑھا کرو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حسن بن علی بن حسین، ابو علی مقری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴/۸۸) (۱۷۲۲)۔

○ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابو طالب، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ

"خطیب بغدادی" (۲/۳۷)(۴۲۹)۔

○ موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابو طالب ہاشمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصة (۶۳/۳)(۷۲۵۷)۔

1143- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ثَابِتٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَسَنِ الزُّبَيْدِيُّ حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شَمِرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ وَعَمَّارٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَجْهَرُ فِی الْمَكْتُوبَاتِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز میں بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن احمد بن ثابت بن سلام ابو القاسم بزاز۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ان کا انتقال "329ھ" میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۹/۳۸۷)(۴۹۷۵)۔

○ اسید بن زید الجمال علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "متروک" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے "دسویں طبقے" سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ترجمۃ فی المیز ان (۱/۲۱۹) ت (۹۸۸)۔

1144- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَجِيحٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ ظُهَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ السُّلَمِیُّ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَبْسِیُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰی بْنُ حَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ ظُهَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْعَبْدِیُّ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ اَبِی طَالِبٍ وَعَمَّارًا يَقُولَانِ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)۔

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما دونوں حضرات یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عثمان بن ابوشیبہ ابوجعفر عبسی کوفی حافظ کان عالما بصیرا بالحدیث والرجال، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "لسان المیز ان" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۵/۲۸۰)۔

○ محمد بن ابراہیم بن عبدالحمید، ابوبکر حلوانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۳۹۸/۱)(۳۶۹)۔

1145- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحُلْوَا حَدَّثَنَا اَبُو الصَّلْتِ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ سَالِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّا قَالَ كَانَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ فِي الصَّلَاةِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْ انرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالسلام بن صالح بن سلیمان بن ایوب بن میسرۃ، ابوصلت ھروی، مولی عبدالرحمٰن بن سمرۃ قرشی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''136ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تار بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۴۶/۱۱)(۵۷۲۸)۔

1146- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِىْ بِاللّٰهِ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ حَمْزَةَ الْاَنْطَاكِيُّ وَاَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ اِسْمَاعِيلَ الْاُبُلِّيُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ اَبِيهِ قَالَ صَلَّى بِنَا اَمِ الْمُؤْمِنِيْنَ الْمَهْدِيُّ الْمَغْرِبَ فَجَهَرَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) قَالَ فَقُلْتُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا هٰذَا فَقَا حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) جَهَرَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْ الرَّحِيْمِ) قَالَ قُلْتُ نَاْثِرُهُ عَنْكَ قَالَ نَعَمْ .

☆☆ احمد بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: امیر المؤمنین مہدی نے ہمیں مغر کی نماز پڑھائی انہوں نے بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: امیر المؤمنین! یہ

۱۱۴۵- ذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۲۴۵/۱) من جهة المصنف- وقال الزيلعي: ابو الصلت متروك- قال ابن ابي حاتم: سالت ا عنه؛ فقال: ليس عندي بصدوق؛ ولم يحدثني عنه- واما ابو زرعة: فانه ضرب على حديثه؛ وقال: لا احدث عنه؛ ولا ارضاه - وقا الدارقطني: رافضي خبيث؛ اتهم بوضع: (الايمان اقرار باللسان وعمل بالاركان)- وانتهى- وكان هذا الحديث -والله اعلم- م سرقه ابو الصلت من غيره؛ والزقه بعباد بن العوام؛ وزاد فيه: (ان الجهر في الصلوة)؛ فان غير ابي الصلت رواه عن عباد فارسله؛ ولم فيه: انه في الصلوة-

۱۱۴۶- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۵۳/۱) رقم (۲۵)؛ حدثنا احمد بن محمد بن يحيى بن حمزة الدمشقي بهذا الاسناد- واخر بهذا الاسناد ايضا في (الكبير) (۲۲۷/۱۰-۲۲۸) رقم (۱۰٦۱)؛ وذكره الحافظ في (التلخيص) (۴۲۴/۱-۴۲۵) من طريق المصنف والطبراني؛ ولم يتكلم على سنده- قال الذهبي في (المغني) (۴۵۲)؛ احمد بن محمد بن يحيى بن حمزة عن ابيه له مناكير- قال ابو اح الحاكم: فيه نظر-

کیا طریقہ ہے؟ تو انہوں نے بتایا: میرے والد نے اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کیا ہم اِسے آپ کے حوالے سے روایت کر سکتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

1147 - حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِىْ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

1148 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَنْبَسَةَ بْنِ عَمْرٍو الْكُوْفِىُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الْمَكِّىُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَمْ يَزَلْ يَجْهَرُ فِى السُّوْرَتَيْنِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) حَتّٰى قُبِضَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وصال ظاہری تک دونوں سورتوں کے ساتھ بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے رہے۔

1149 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رُشْدِ بْنِ خُثَيْمٍ الْهِلَالِىُّ حَدَّثَنَا عَمِّىْ سَعِيْدُ بْنُ

۱۱۴۷- اخرجه الترمذي (۲/ ۱۴) كتاب الصلوة، باب الجهر بالبسملة، حديث (۲۴۵)، والعقيلي في (الضعفاء الكبير) (۱/ ۸۰-۸۱)، والبيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/ ۴۷) كتاب الصلوة، باب الدليل على ان (بسم الله الرحمن الرحيم) آية تامة من الفاتحة، كلهم من طريق معتمر بهذا الاسناد- قال الترمذي: هذا حديث ليس اسناده بذاك- وقال العقيلي في ترجمة اسماعيل: حديثه غير محفوظ، ويحكيه عن مجهول- قلت: والمجهول الذي قصده العقيلي هو: ابو خالد الوالبي: كما قال الترمذي عقب الحديث- وقد روى له ابو داؤد- وقال الحافظ في (التقريب) (۲/ ۴۱۶) مقبول- اه- اي عند المتابعة، والا فهو لين الحديث: كما نص على ذلك الحافظ في مقدمة التقريب- و اخرجه البزار (۱/ ۲۵۵- كشف) رقم (۵۳۶) من طريق المعتمر بن سليمان، ثنا اسماعيل ابن حماد عن ابي خالد عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يجهر ب (بسم الله الرحمن الرحيم) في الصلوة- قال البزار: تفرد به اسماعيل، وليس بالقوي في الحديث - وابو خالد: احسبه الوالبي- اه- واخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۲/ ۴۷) من طريق اسحاق بن راهويه عن معتمر بن سليمان، قال: سمعت اسماعيل بن حماد بن ابي سليمان عن ابي خالد عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقرا (بسم الله الرحمن الرحيم) في الصلوة- يعني: كان يجهر بها- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۱/ ۳۴۷): هكذا رواه بهذا اللفظ، وهذا التفسير ليس من قول ابن عباس، انما هو قول غيره من الرواة- وكل من روى هذا الحديث بالجهر، فانما رواه بالمعنى، مع انه حديث لا يحتج به على كل حال-

۱۱۴۸- اخرجه ابن الجوزي في (التحقيق) (۱/ ۳۰۲) رقم (۵۱۱) من طريق الدارقطني - وقال ابن الجوزي: يرويه عمر بن حفص، وقد اجمعوا على ترك حديثه- قال الذهبي في (المغني) (۲/ ۴۶۴): عمر بن حفص العبدي المكي عن ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس، قال: (لم يزل النبي صلى الله عليه وسلم يجهر ب (بسم الله الرحمن الرحيم) حتى مات)- لا يعرف، والخبر موضوع- وقال الحافظ في (اللسان) (۴/ ۳۰۰): عمر بن حفص القرشي المكي عن ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس- رضي الله عنهما - قال: (لم يزل النبي صلى الله عليه وسلم يجهر ب (بسم الله الرحمن الرحيم) حتى مات) لا يدرى من ذا والخبر منكر- اه- والحديث ذكره الحافظ الغساني في (تخريج الاحاديث الضعاف من سنن الدارقطني) ص (۱۲۸)، وقال: عمر بن حفص ضعيف الحديث-

خُثَيْمٍ حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِى سُفْيَانَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) وَذَكَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَجْهَرُ بِهَا ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے تھے اور اس بات کا تذکرہ کرتے تھے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسے بلند آواز سے پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن خثیم - ابن رشد - ہلالی، ابومعمر کوفی، یہ ''صدوق'' ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''نویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''180ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۳۷۶) (۲۳۰۸)۔

○ حنظلة بن ابوسفیان الاسود بن عبدالرحمٰن بن صفوان بن امیہ الجمحی، مکی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''چھٹے طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''151ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۲۷۹) (۱۵۹۱)۔

1150- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ وَهْبٍ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِىُّ قَالاَ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوْبَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَرْوَزِىُّ حَدَّثَنَا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ وَعَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ يَبْدَاُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) وَقَالَ النَّيْسَابُوْرِىُّ يَقْرَاُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے' نیشاپوری نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں قرأت کرتے تھے۔

۱۱۴۹- ذكره الغساني في (الاحاديث الضعاف في سنن الدارقطني) ص (۱۲۸) رقم (۳۰۹) وقال: احمد بن رشد ضعيف- وذكره ايضا الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۳۴۸) من جهة الدارقطني- وقال الزيلعي: وهذا ايضا لا يصح' وسعيد بن خثيم تكلم فيه ابن عدي وغيره' والحمل فيه على ابن اخيه احمد بن رشد بن خثيم: فانه متهم' وله احاديث اباطيل- والراوي عنه هو ابن عقدة الحافظ وهو كثير الغرائب والمناكير' روى في الجهر احاديث كثيرة عن ضعفاء وكذابين ومجاهيل' والحمل فيها عليهم لا عليه- اه- وذكره ايضا الشوكاني في (انيل الاوطار) (۱/۲۲۵)' واعله باحمد بن رشد' وعمه-

۱۱۵۰- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۱/۴۴۶) رقم (۸۰۴): حدثنا احمد بن يحيى الحلواني بهذا الاسناد- وقال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن عبيد الله الا ابن اخيه' تفرد به عتيق بن ايوب- والحديث ذكره الهيثمي في (المجمع) (۲/۱۱۲)' وقال: وفيه عبد الرحمن بن عبد الله بن عمر العمري' وهو ضعيف جدًا- اه- وذكره الغساني في (الاحاديث الضعاف) ص (۱۲۸) رقم (۳۱۰)' وقال: عبد الرحمن العمري ضعيف- قلت: بل هو متروك- وينظر: (التقريب) (۱/۴۸۸)-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن اسحاق بن وہب بن ہیثم بن خداش۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال "305ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تاریخ بغداد" از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ "خطیب بغدادی" (۳۶/۴)(۱۶۴۲)۔

1151- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَكَانُوا يَجْهَرُونَ بِـ (بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ)

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نمازیں ادا کی ہیں' وہ حضرات بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن محمد بن مروان القطان کوفی، الذہبی فی المیزان (۱۴۷/۲)۔

○ احمد بن عیسیٰ ہاشمی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "لسان المیزان" از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' رقم (۷۶۴)۔

1152- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَبِيبٍ الْقُرَشِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّلْحِيُّ حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ كَانَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا جَاءَنِي بِالْوَحْيِ أَوَّلُ مَا يُلْقِي عَلَيَّ (بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ).

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

۱۱۵۱- ذكره الغساني في (تخريج الاحاديث الضعاف من الدارقطني) ص (۱۲۸) رقم (۲۱۱)- وقال: ابو الطاهر ضعيف الحديث- وذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۳۴۹/۱) من طريق الدارقطني- وقال الزيلعي: وهذا باطل من هذا الوجه لم يحدث به ابن ابي فديك قط- والمتهم به احمد بن عيسى بن عبد الله بن محمد ابو طاهر الهاشمي- وقد كذبه الدارقطني- وهو كما قال: فان من روى مثل هذا الحديث عن مثل محمد بن اسماعيل بن ابي فديك الثقة المشهور المخرج له في (الصحيحين) عن محمد بن عبد الرحمن بن ابي ذئب- الامام المشهور- عن نافع عن ابن عمر- فانه يكون كاذبًا في روايته- وعمر بن الحسن الشيباني شيخ الدارقطني: تكلم فيه الدارقطني ايضا- وقال: هو ضعيف- وقال الخطيب: سالت الحسن بن محمد الخلال عنه! فقال: ضعيف- فاما جعفر بن محمد بن مروان من اهل الكوفة- فليس مشهورًا بالعدالة- وقد تكلم الدارقطني ايضا- وقال: لا يحتج به-

۱۱۵۲- ذكره السيوطي في (الدر المنثور) (۲۶/۱)- وعزاه للمصنف- وضعف السيوطي سنده- وقال الغساني في (الاحاديث الضعاف) ص (۱۲۹): فمداره داؤد بن عطاء- وليس بالقوي-

''جب جبرائیل میرے پاس وحی لے کر آئے تو انہوں نے سب سے پہلے میرے سامنے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داؤد بن عطاء المزنی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوسلیمان مدنی اومکی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''آٹھویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۳۰۷)(۱۸۱۱)۔سقط فی (ا)۔

1153- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا اَبِيْ وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ قَالاَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلاَلٍ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرِ اَنَّهُ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَقَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) ثُمَّ قَرَاَ بِاُمِّ الْقُرْآنِ حَتّٰى بَلَغَ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَالضَّالِّيْنَ) قَالَ اٰمِيْنَ وَقَالَ النَّاسُ اٰمِيْنَ وَيَقُوْلُ كُلَّمَا سَجَدَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاِذَا قَامَ مِنَ الْجُلُوْسِ مِنَ اثْنَتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ يَقُوْلُ اِذَا سَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لاَشْبَهُكُمْ صَلاَةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .وَهٰذَا صَحِيْحٌ وَّرُوَاتُهٗ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ .

☆☆ نعیم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی' انہوں نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھی' پھر سورۂ فاتحہ پڑھی' یہاں تک کہ اس آیت تک پہنچے: ''غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَالضَّالِّيْنَ '' پھر انہوں نے آمین کہا' لوگوں نے بھی آمین کہا' وہ جب بھی سجدے میں جاتے تو اللہ اکبر کہتے ہوئے جاتے اور جب دو رکعت کے بعد اُٹھتے تو اللہ اکبر کہتے' پھر جب انہوں نے سلام پھیرا تو یہ ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے! میں تم سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہوں''۔

(امام دارقطنی فرماتے ہیں:) یہ حدیث مستند ہے' اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن حکم بن ابوزیاد قطوانی-علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں

۱۱۵۳ - اخرجه ابن خزيمة (۲۵۱/۱) رقم (۴۹۹)، وعنه ابن حبان (۴۵۱- موارد) عن محمد بن عبد الله بن عبد الحكم بهذا الاسناد- واخرجه النسائي (۲/ ۱۳۴) كتاب الافتتاح باب قراءة: بسم الله الرحمن الرحيم حديث (۹۰۵): اخبرنا محمد بن عبد الله بن عبد الحكم عن شعيب بهذا الاسناد، واخرجه الحاكم (۲۳۲/۱)، ومن طريقه البيهقي في (السنن الكبرى) (۴۶/۲) كتاب الصلوٰة، باب افتتاح القراءة بالبسملة، عن ابي العباس محمد بن يعقوب، ثنا محمد بن عبد الله بن عبد الحكم، بهذا الاسناد- وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين- ولم يخرجاه- ووافقه الذهبي- وصححه ابن خزيمة وابن حبان وينظر الحديث الآتي-

" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال "255ھ" میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: "تقریب التھذیب" از ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی (۵۰۰) (۳۲۹۸)۔

○ نعیم بن عبداللہ مجمر، مولی آل عمر، ابوعبداللہ مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۳/۹۸) (۷۵۴۴)۔

1154- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ وَّيَحْيٰى بْنُ بُكَيْرٍ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَيْضًا قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالُوْا حَدَّثَنَا ... عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْمِصْرِيُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1155- حَدَّثَنَا بِهٖ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَمِّيْ اَخْبَرَنِيْ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ ح وَحَدَّثَنَا بِهٖ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَعْلَى الْاَسْلَمِيُّ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن یعلی الاسلمی، ابوزکریا کوفی القطوانی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۳/۱۶۴) (۸۰۸۰)۔

1156- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ الْحَافِظُ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِيْ مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُوَيْسٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خُرَّزَاذَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِيْ مُزَاحِمٍ مِّنْ كِتَابِهٖ ثُمَّ مَحَاهُ بَعْدُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُوَيْسٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوْبَ

۱۱۵۴- اخرجه ابن الجارود في (المنتقى) رقم (۱۸٤)، والحاكم (۱/۲۳۲)، والبيهقي في (السنن الكبرى) (۲/٤٦) كتاب الصلوة، كلهم من طريق سعيد بن ابي مريم بهذا الاسناد- واخرجه ابن حبان (۱۷۹۷) من طريق حرملة بن يحيى، ثنا ابن وهب، اخبرني حيوة بهذا الاسناد- وصحح اسناده البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/٤٦)-

۱۱۵٦- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۲/٤٦-٤۷) كتاب الصلوة، باب افتتاح القراءة في الصلوة ب (بسم الله الرحمن الرحيم)، والجهر بها اذا جهر بالفاتحة، من طريق الدارقطني - وذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۳٤۱)، وقال: ولو ثبت هذا عن ابي اويس فهو غير محتج به: لان ابا اويس لا يحتج بما انفرد به، فكيف اذا انفرد بشيء، وخالفه فيه من هو اوثق منه! مع انه متكلم فيه فوثقه جماعة، وضعفه آخرون، وممن ضعفه: احمد بن حنبل، وابن معين، وابو حاتم الرازي- وممن وثقه الدارقطني، وابو زرعة- وقال ابن عدي: يكتب حديثه- وروى له مسلم في صحيحه-

عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) كَانَ اِذَا قَرَاَ وَهُوَ يَؤُمُّ النَّاسَ افْتَتَحَ الصَّلَاةَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ هِىَ اٰيَةٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اقْرَءُوا اِنْ شِئْتُمْ فَاتِحَةَ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّهَا الْاٰيَةُ السَّابِعَةُ. وَقَالَ الْفَارِسِىُّ اِنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا اَمَّ النَّاسَ قَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) .لَمْ يَزِدْ عَلٰى هٰذَا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو جب نماز پڑھاتے ہوئے قرأت کرتے تھے تو قرأت کا آغاز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ سے کرتے تھے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ اللہ کی کتاب کی ایک آیت ہے' اگر تم چاہو تو قرآن کے آغاز میں یہ پڑھ سکتے ہو یہ سورۂ فاتحہ کی ساتویں آیت ہے۔

فارسی نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کی امامت کرتے تھے تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ پڑھتے تھے۔ انہوں نے اس کے علاوہ مزید کوئی الفاظ نقل نہیں کیے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن منصور بن ابومزاحم، ابو طالب، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۹۶)(۲۴۹۴)۔

○ عبداللہ بن عبداللہ بن اویس بن مالک بن ابو عامر الاصبحی، ابو اویس، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''197ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصة (۲/۷۰)(۳۵۹۲)۔

○ عبدالرحمٰن بن یعقوب جہنی۔ مولی الحرقة من جھینة، مدنی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصة (۲/۱۵۸)(۴۲۸۹)۔

○ قال حافظ فی ''تقریب التھذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ت (۵۷۴۴): محمد بن احمد بن ابوالثلج (کذا ذکرہ صاحب الکمال)۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۵/۴۲۵،۴۲۶)(۲۹۳۷)۔

1157 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى الثَّلْجِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِىُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِى سَعِيدٍ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَّمَنِى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ الصَّلَاةَ فَقَامَ فَكَبَّرَ لَنَا ثُمَّ قَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) فِيمَا يُجْهَرُ بِهِ

۱۱۵۷- ذكره الغساني في (الاحاديث الضعاف) ص (۱۲۹) رقم (۲۱۲) وقال: خالد بن الياس ليس بالقوي- وقال الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۳۴۳): وهذا اسناد ساقط : فان خالد بن الياس مجمع على ضعفه قال البخاري عن الامام احمد: انه منكر الحديث' وقال النسائي: متروك الحديث' وقال ابن معين: ليس بشيء' ولا يكتب حديثه' وقال ابن ابي حاتم عن ابيه: منكر الحديث- وقال البخاري: ليس بشيء- وقال ابن حبان يروي الموضوعات عن الثقات- وقال الحاكم: روى عن المقبري' ومحمد بن المنكدر' وهشام بن عروة احاديث موضوعة-

كُلِّ رَكْعَةٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''جبرائیل نے مجھے نماز کا طریقہ بتایا' وہ اُٹھے' اُنہوں نے ہمارے سامنے تکبیر کہی' پھر انہوں نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی' اس نماز میں جس میں بلند آواز سے قرأت کی جاتی ہے اور ایسا ہر رکعت میں نہیں کیا''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خالد بن یاس-اوایاس-بن صخر بن ابوالجہم بن حذیفہ،علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔ راویوں کے ''ساتویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التھذیب'' از حافظ الفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۸۴)(۱۶۲۷)۔

1158 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِسْحَاقَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ إِلْيَاسَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَمَّنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَرَأَ (بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ).

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جبرائیل نے مجھے نماز پڑھائی تو انہوں نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی۔

1159 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا مَعْشَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) الصَّوَابُ أَبُو مَعْشَرٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے تھے۔

درست یہ ہے: (روایت کی سند میں منقول معشر) ابومعشر ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن اسحاق بن ابراہیم بن مہران بن عبداللہ، ابواسحاق ثقفی السراج نیشاپوری،علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب

۱۱۵۹-اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۴۷/۲) كتاب الصلوة باب افتتاح القراء ة ب (بسم الله الرحمن الرحيم) والجهر بها اذا جهر بالفاتحة' من طريق احمد بن عبيد الصفار' ثنا ابراهيم بن اسحاق السراج' بهذا الاسناد- قال البيهقي: كذا قاله السراج عن عقبة عن يونس عن معشر عن ابن قيس- ورواه الحسن بن سفيان عن عقبة بن مكرم عن يونس عن ابي معشر عن محمد بن قيس بن مخرمة' وهو الصواب- اه- وذكره المصنف في (العلل) (۱۳۹/۸) وذكر الاختلاف في سنده' ورجح الموقوف على ابي هريرة- وينظر: (نصب الراية) (۳۴۳/۱)- والحديث عند الحاكم ايضا (۲۳۲/۱) من طريق محمد بن قيس مرفوعاً-

بغدادی'' (۲۶/۶)(۳۰۵۸)۔

○ عقبۃ بن مکرم ضبی، ابونعیم کوفی، یہ ''صدوق'' ہیں۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال ''234ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۶۸۵)(۴۶۸۷)۔

○ محمد بن قیس بن مخرمۃ مطلبی مکی۔ عن ابی ہریرۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۴۵۱/۲)(۶۶۰۵)۔

1160- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ الْبَلْخِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَقْرَاُ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَقَطَّعَهَا اٰيَةً اٰيَةً وَّعَدَّهَا عَدَّ الْاَعْرَابِ وَعَدَّ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) اٰيَةً وَّلَمْ يَعُدَّ (عَلَيْهِمْ)

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح تلاوت کرتے تھے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ ۔ آپ ان آیات کو الگ الگ' ایک ایک کر کے پڑھتے تھے۔ اس کے بعد راوی نے ان آیات کی گنتی کی تو انہوں نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو ایک آیت شمار کیا اور انہوں نے ''علیھم'' کو ایک الگ آیت شمار نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن سعید بن سلیمان کوفی، ابوجعفر حمدان، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ متقن'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''220ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۴۰۷/۲)(۶۲۵۳)۔

1161- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا الْجَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَيْفَ تَقْرَاُ اِذَا قُمْتَ فِى الصَّلَاةِ قُلْتُ اَقْرَاُ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) قَالَ قُلْ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ).

۱۱۶۰- اخرجہ الحاکم (۲۳۲/۱) وابن خزیمۃ (۲۴۸/۱) رقم (۴۹۳) والبیہقی فی (السنن الکبرٰی) (۴۴/۲) کتاب الصلوٰۃ: باب الدلیل علی ان بسم اللہ الرحمن الرحیم آیۃ تامۃ من الفاتحۃ وفی (معرفۃ السنن والآثار) (۵۱۱/۱) کتاب الصلوٰۃ

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں'
رم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: جب تم نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہو تو کس طرح قرأت کرتے ہو؟ میں نے جواب دیا: میں
مْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ پڑھتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرو۔

یانِ حدیث کا تعارف:

○ جہم بن عثمان، عن جعفر صادق، اس راوی کو مجہول قرار دیا گیا ہے۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان
ذال (۱۵۹/۲)(۱۵۸۷)۔

1162 - حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا
مْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ وَّجَرِيْرٌ -يَعْنِيْ ابْنَ حَازِمٍ- قَالَا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كَيْفَ
انَتْ قِرَاءَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ كَانَتْ مَدًّا ثُمَّ قَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) يَمُدُّ
مِ اللّٰهِ وَيَمُدُّ الرَّحْمٰنِ وَيَمُدُّ الرَّحِيْمِ.

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح قرأت کیا
رتے تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: وہ قرأت کھینچ کر ہوتی تھی' پھر انہوں نے یہ پڑھا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ' اس
یں انہوں نے لفظ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو کھینچ کر پڑھا تو لفظ الرحمٰن کو لمبا کر کے پڑھا اور لفظ الرحیم کو بھی لمبا کر کے
پڑھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن عاصم کلابی، یہ ''صدوق'' ہیں۔مشہور، من علماء التابعین۔ نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ابن معین، علم
حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال ''213ھ'' میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو:
میزان (۳۲۵/۵)(۶۳۹۷)۔

1163 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عِيْسَى بْنِ زَيْدٍ قَالَ
حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عِيْسَى بْنِ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنِيْ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاهِرِ بْنِ يَحْيَى
الْحُسَيْنِيُّ الْعَلَوِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِمُسْلِمٍ بِمِصْرَ مِنْ كِتَابِ جَدِّهِ حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ طَاهِرُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنِيْ اَبِيْ يَحْيَى
بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عِيْسَى بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ
عَنْ حَاتِمِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ الْمَكِّيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ
رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

1164-قَرَاْتُ فِیْ اَصْلِ كِتَابِ اَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ الرَّمْلِيِّ بِخَطِّ يَدِهٖ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خُرَّزَاذَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ اَبِی السَّرِيِّ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ مِنَ الصَّلَوَاتِ مَا لَا اُحْصِيهَا الصُّبْحَ وَالْمَغْرِبَ فَكَانَ يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) قَبْلَ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَبَعْدَهَا وَسَمِعْتُ الْمُعْتَمِرَ يَقُوْلُ مَا اٰلُو اَنْ اَقْتَدِیَ بِصَلَاةِ اَبِیْ .وَقَالَ اَبِیْ مَا اٰلُو اَنْ اَقْتَدِیَ بِصَلَاةِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ .وَقَالَ اَنَسٌ مَا اٰلُو اَنْ اَقْتَدِیَ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -.

☆☆ محمد بن متوکل بیان کرتے ہیں: میں نے معتمر بن سلیمان کی اقتداء میں فجر اور مغرب کی نماز اتنی مرتبہ ادا کی ہے: میں اسے شمار نہیں کر سکتا' وہ سورۂ فاتحہ سے پہلے اور اس کے بعد (یعنی اگلی سورت پڑھنے سے پہلے) بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھا کرتے تھے۔

میں نے معتمر کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: میں ہمیشہ اپنے والد کے نماز پڑھنے کے طریقے کی پیروی کرتا رہوں گا' میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: میں ہمیشہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے نماز پڑھنے کے طریقے کی پیروی کرتا رہوں گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: میں ہمیشہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کی پیروی کرتا رہوں گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن متوکل عسقلانی، ھو محمد بن ابو السری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ' لین الحدیث' کثیر الخلط'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''238ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۳۱۷) (۸۱۲۰)۔

1165-حَدَّثَنِیْ سَهْلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِیْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْقَاضِی السُّحَيْمِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الطَّائِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ الْقَاضِی التَّيْمِیُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد سحیمی، قدم همذان علی قضائها۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید

۱۱۶۴- اخرجه الحاکم (۱/۲۳۲، ۲۳۴) من طریق عثمان بن خرزاذ بهذا الاسناد- وقال الحاکم: رواة هذا الحدیث عن آخرهم ثقات' ووافقه الذهبی- وینظر: (نصب الرایة) (۱/۳۵۱)-

۱۱۶۵- اخرجه الطبرانی: کما فی (نصب الرایة) (۱/۳۵۲)' وقد اختلف فی سنده' کما بین ذلك الزیلعی-

حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الانساب (۲۲۹/۳)۔

○ ابراہیم بن محمد، ابواسحاق تیمی، قاضی البصرۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''250ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۵۰/۶)(۳۱۸۷)۔

1166- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ زِيَادٍ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَّنِىْ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَجَهَرَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''حضرت جبرائیل نے خانہ کعبہ کے نزدیک مجھے نماز پڑھائی تو انہوں نے بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن حماد ہمدانی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''لسان المیزان'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی، رقم (۵۲۸)۔

○ مسلم بن صبیح - بالضم مصغرا - ہمدانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''100ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۲۵/۳)(۶۹۷۲)۔

1167- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سَكْتَتَانِ سَكْتَةٌ اِذَا قَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) وَسَكْتَةٌ اِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ فَكَتَبُوْا اِلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَكَتَبَ اَنْ صَدَقَ سَمُرَةُ .

☆☆ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (قرأت کے دوران) دومرتبہ سکتہ کرتے تھے' ایک سکتہ اس وقت ہوتا تھا جب آپ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے تھے اور ایک سکتہ اس وقت ہوتا تھا' جب آپ قرأت کر کے فارغ

۱۱۶۶- اخرجه ابن الجوزي في (التحقيق) (۳۰۲/۱) رقم (۵۰۹) من طريق الدارقطني' وقال ابن الجوزي: يرويه فطر بن خليفة: قال السعدي: هو غير ثقة- قلت: وفي هذا الاعلال قصور' كما سياتي - وذكره الغساني ص (۱۳۰) رقم (۲۱۷)' وقال: لا يثبت هذا : احمد بن حماد ضعيف- والحديث ذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۳۴۹/۱)' وقال: حديث منكر' بل موضوع - ويعقوب بن يوسف الضبي ليس بمشهور' وقد فتشت عليه في عدة كتب من الجرح والتعديل' فلم ار له ذكرًا اصلاً' ويحتمل ان يكون هذا الحديث مما عملت يداه- واحمد بن حماد: ضعفه الدارقطني' وسكوت الدارقطني والخطيب وغيرهما من الحفاظ عن مثل هذا بعد روايتهم له قبيح جدًا' ولم يعلله ابن الجوزي في هذا الحديث الا على فطر بن خليفة وهو تقصير منه: اذ لو نسب اليه لكان حديثا حسناً' وكانه اعتمد على قول السعدي فيه: هو زائغ غير ثقة' وليس هذا بطائل: فان فطر بن خليفة روى له البخاري في صحيحه' ووثقه احمد بن حنبل ويحيى القطان وابن معين-

ہوتے تھے۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا تو لوگوں نے اس بارے میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی طرف خط لکھا تو انہوں نے جواب میں لکھا: سمرہ نے صحیح بیان کیا ہے۔

1168- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَيَّاشٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُجَشِّرٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ صَا[لِحٍ] الْاَحْمَرُ عَنْ يَزِيدَ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِىْ اُمَيَّةَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى ا[للّٰهُ] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا اَخْرُجُ مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى اُخْبِرَكَ بِآيَةٍ اَوْ بِسُورَةٍ لَمْ تَنْزِلْ عَلٰى نَبِيٍّ بَعْدَ سُلَيْمَانَ غَيْرِى . قَ[الَ] فَمَشٰى وَتَبِعْتُهُ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فَاَخْرَجَ رِجْلَهُ مِنْ اُسْكُفَّةِ الْمَسْجِدِ وَبَقِيَتِ الْاُخْرٰى فِ[ى] الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ بَيْنِى وَبَيْنَ نَفْسِى اَنَسِىَ قَالَ فَاَقْبَلَ عَلَىَّ بِوَجْهِهِ فَقَالَ بِاَىِّ شَىْءٍ تَفْتَحُ الْقُرْآنَ اِذَا افْتَتَحْ[تَ] الصَّلَاةَ . قَالَ قُلْتُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) قَالَ هِىَ هِىَ . ثُمَّ خَرَجَ.

☆☆ ابن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں مسجد سے نکلنے سے پہلے تمہ[یں] ایک آیت (راوی کو شک ہے شاید یہ لفظ) ایک سورۃ کی تعلیم دوں گا' جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد آنے والے ان[بیاء] میں سے صرف مجھ پر نازل ہوئی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھ کر چل پڑے تو میں بھی آپ کے پیچھے گیا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے دروازے تک پہنچے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی چوکھٹ سے ایک پاؤں باہر نکال لیا اور دوسرا پاؤں ابھی مسجد کے اندر ہی تھا میں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ کوئی وعدہ کیا تھا' شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: [نبی] اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مڑ کر میری طرف دیکھا اور ارشاد فرمایا: تم نماز کے آغاز میں قرأت کا آغاز کس چیز سے کرتے ہو؟ راوی کہ[تے] ہیں: میں نے جواب دیا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہی ہے' یہ وہی ہے' پھر آپ تشریف لے گئے۔

1169- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُسْتَوْرِدِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْ[نُ] عُثْمَانَ الْخَزَّازُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شِمْرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَجْهَرُ بِ[هَا] وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ وَابْنُ الْحَنَفِيَّةِ.

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز

١١٦٨- اخرجه ابن الجوزي في (التحقيق) (١٩٥/١) رقم (٥٠١) من طريق الدارقطني' به- وقال: وفي رواية الخطيب: (انزل علي الليلة لم تنزل على نبي غير سليمان وغيري' وهي (بسم الله الرحمن الرحيم)- وقال ابن الجوزي: يرويه سلمة بن صالح الاحمر عن يزيد ابي خالد عن عبد الكريم ابي امية- فاما سلمة وعبد الكريم؛ فقال احمد ويحيى: ليسا بشيء- وقال النسائي: يزيد متروك الحديث- وا[خرجه] واخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (٦٢/١٠) كتاب الايمان' باب ما يقرب من الحنث لا يكون حنثاً: اخبرنا ابو الفتح هلال بن محمد بن جعفر' ثنا الحسين بن يحيى بن عياش بهذا الاسناد- وقال البيهقي: اسناده ضعيف-

میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے ہوئے سنا ہے۔
عبداللہ بن بریدہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی اسے بلند آواز میں پڑھا کرتے تھے۔
اسی طرح حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہم (بھی اسے بلند آواز میں پڑھا کرتے تھے)۔

1170- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ اِسْحَاقَ الْحَمَّارُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَبِي حَبِيبٍ الطَّائِفِيُّ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ وَكَانَ بَدْرِيًّا قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَجَهَرَ فِي الصَّلَاةِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) فِي صَلَاةِ اللَّيْلِ وَصَلَاةِ الْغَدَاةِ وَصَلَاةِ الْجُمُعَةِ .

☆☆ حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ جو بدری (صحابی) ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے تھے' رات (عشاء کی) صبح (فجر کی) اور جمعہ کی نماز میں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے تھے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن موسیٰ بن اسحاق الحمار، من اھل الکوفۃ۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الثقات (۸/۵۳)۔

○ ابراہیم بن حبیب بن شہید ازدی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بصری۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال ''230ھ'' میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصۃ (۱/۴۳) (۱۹۲)۔

○ موسیٰ بن ابو حبیب نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ابو حاتم، وخبرہ ساقط۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۶/۵۳۹) (۸۸۶۳)۔

○ الحکم بن عمیر، عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جاء فی احادیث منکرۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۲/۳۴۴) (۲۱۹۶)۔

1171- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ اَبِي حَامِدٍ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْاَنْمَاطِيُّ كِيْلَجَةُ وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الرِّجَالِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

۱۱۷۰- ذكره الزيلعي في (نصب الراية) (۱/۲۴۹-۲۵۰) من جهة الدارقطني - قال الزيلعي: وهذا من الاحاديث الغريبة المنكرة' بل هو حديث باطل: لوجوه احدها: ان الحكم بن عمير ليس بدريا' ولا في البدريين احد اسمه: الحكم بن عمير' بل لا يعرف له صحبة: فان موسى بن حبيب الراوي عنه لم يلق صحابيا' بل هو مجهول' لا يحتج بحديثه-

۱۱۷۱- اخرجه ابن عدي في (الكامل) (۲/۳۰۳) من طريق محمد بن ابراهيم: ابي امية' ثنا يحيى بن صالح الوحاظي بهذا الاسناد - وقال ابن عدي: وبهذا الاسناد ايضا غير ما ذكرت اكثر من خمسة عشر حديثا كلها مع ما ذكرته موضوعة' وما هو منها معروف المتن فهو باطل بهذا الاسناد' وكل احاديثه مما لا يتابعه الثقات عليه وضعفه بين على حديثه-

عَبۡدُوسٍ الۡحَرَّانِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا یَحۡیٰی بۡنُ صَالِحٍ الۡوَحَاظِیُّ حَدَّثَنَا یَحۡیٰی بۡنُ حَمۡزَةَ عَنِ الۡحَکَمِ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰهِ بۡنِ سَعۡدٍ عَنِ الۡقَاسِمِ بۡنِ مُحَمَّدٍ عَنۡ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوۡلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ) کَانَ یَجۡهَرُ بِ (بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ).

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ بلند آواز میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن موسیٰ بن نضر بن حکیم بن علی بن زربی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''321ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۹۱/۵) (۲۴۸۸)۔

○ یحییٰ بن صالح الوحاظی- ابوزکریا حمصی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ ضعیف'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال ''222ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: الخلاصة (۱۵۱/۳) (۷۹۷۰)۔

○ الحکم بن عبداللہ بن سعد الایلی، ابوعبداللہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک الحدیث'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: میزان الاعتدال (۳۳۷/۲) (۲۱۸۳)۔

1172- حَدَّثَنَا اَبُوۡ بَکۡرٍ النَّیۡسَابُوۡرِیُّ حَدَّثَنَا الۡحَسَنُ بۡنُ یَحۡیٰی الۡجُرۡجَانِیُّ حَدَّثَنَا عَبۡدُ الرَّزَّاقِ اَخۡبَرَنَا ابۡنُ جُرَیۡجٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوۡ بَکۡرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِیۡعُ بۡنُ سُلَیۡمَانَ اَخۡبَرَنَا الشَّافِعِیُّ اَخۡبَرَنَا عَبۡدُ الۡمَجِیۡدِ بۡنُ عَبۡدِ الۡعَزِیۡزِ عَنِ ابۡنِ جُرَیۡجٍ اَخۡبَرَنِیۡ عَبۡدُ اللّٰهِ بۡنُ عُثۡمَانَ بۡنِ خُثَیۡمٍ اَنَّ اَبَا بَکۡرِ بۡنَ حَفۡصِ بۡنِ عُمَرَ اَخۡبَرَهٗ اَنَّ اَنَسَ بۡنَ مَالِكٍ اَخۡبَرَهٗ قَالَ صَلّٰی مُعَاوِیَةُ بِالۡمَدِیۡنَةِ صَلَاةً فَجَهَرَ فِیۡهَا بِالۡقِرَاءَةِ فَلَمۡ یَقۡرَاۡ (بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ) لِاُمِّ الۡقُرۡآنِ وَلَمۡ یَقۡرَاۡ بِهَا لِلسُّوۡرَةِ الَّتِیۡ بَعۡدَهَا وَلَمۡ یُکَبِّرۡ حِیۡنَ یَهۡوِیۡ حَتّٰی قَضٰی تِلۡكَ الصَّلَاةَ فَلَمَّا سَلَّمَ نَادَاهُ مَنۡ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنَ الۡمُهَاجِرِیۡنَ وَالۡاَنۡصَارِ مِنۡ کُلِّ مَکَانٍ یَا مُعَاوِیَةُ اَسَرَقۡتَ الصَّلَاةَ اَمۡ نَسِیۡتَ قَالَ فَلَمۡ یُصَلِّ بَعۡدَ ذٰلِكَ اِلَّا قَرَاَ (بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ) لِاُمِّ الۡقُرۡآنِ وَلِلسُّوۡرَةِ الَّتِیۡ بَعۡدَهَا وَکَبَّرَ حِیۡنَ یَهۡوِیۡ سَاجِدًا . کُلُّهُمۡ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں نماز ادا کی' انہوں نے اس میں بلند آواز میں قرأت ادا کی' لیکن بلند آواز میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نہیں پڑھی' نہ انہوں نے سورۂ فاتحہ سے پہلے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھی نہ بعد والی سورہ سے پہلے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھی' اسی طرح جھکتے ہوئے (یعنی رکوع میں جاتے ہوئے یا سجدے میں جاتے ہوئے) انہوں نے تکبیر بھی نہیں کہی' جب انہوں نے نماز مکمل کر لی اور سلام پھیر

۱۱۷۲- اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۴۹/۲) كتاب الصلوة' باب افتتاح القراءة في الصلوة ب (بسم الله الرحمن الرحيم) والجهر بها' ومن طريق الدارقطني بهذا الاسناد- وقال البيهقي: كذلك رواه عبد الرزاق عن ابن جريج - واخرجه الشافعي في (الام ۱۰۸/۱) انا عبد المجيد بن عبد العزيز بهذا الاسناد- ومن طريق الشافعي اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۴۹/۲) وفي (معرفة السنن والآثار) (۵۱۸/۱) رقم (۷۱۴)- واخرجه عبد الرزاق (۹۲/۲) رقم (۲۶۱۸) عن ابن جريج بهذا الاسناد-

دیا تو جن مہاجرین اور انصار تک ان کی آواز پہنچی تھی' انہوں نے بلند آواز میں انہیں مخاطب کرتے ہوئے یہ کہا: اے حضرت معاویہ! کیا آپ نے نماز میں کمی کی ہے' یا آپ بھول گئے تھے؟ راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد انہوں نے جو بھی نماز ادا کی' اس میں بلند آواز سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی' سورۂ فاتحہ سے پہلے بھی اور سورۂ فاتحہ کے بعد والی سورت سے پہلے بھی (بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی) اور سجدے میں جاتے ہوئے تکبیر بھی کہی۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عثمان بن خثیم مکی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: المیزان (۱۴۴/۴) (۴۴۴۷)۔

1173 - حَدَّثَنَا الْقَاضِيْ اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ السِّنْدِيِّ بْنِ الْحَسَنِ قَالاَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَلَمْ يَقْرَاْ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) حِيْنَ افْتَتَحَ الْقُرْآنَ وَقَرَاَ بِاُمِّ الْكِتَابِ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ اَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ مِنْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَقَالُوْا اَتَرَكْتَ صَلَاتَكَ يَا مُعَاوِيَةُ اَنَسِيْتَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) فَلَمَّا صَلّٰى بِهِمُ الْاُخْرٰى قَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) .قَالَ الشَّيْخُ وَقَدْ رَوَى الْجَهْرَ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) جَمَاعَةٌ مِنْ اَصْحَابِهِ وَمِنْ اَزْوَاجِهِ غَيْرُ مَنْ سَمَّيْنَا كَتَبْنَا اَحَادِيْثَهُمْ بِذٰلِكَ فِيْ بَابِ الْجَهْرِ بِهَا مُفْرَدًا وَّاقْتَصَرْنَا هَا هُنَا عَلٰى مَنْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهُ طَلَبًا لِلاخْتِصَارِ وَالتَّخْفِيْفِ وَكَذٰلِكَ ذَكَرْنَا فِيْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ اَحَادِيْثَ مَنْ جَهَرَ بِهَا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ وَالْخَالِفِيْنَ بَعْدَهُمْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ .

☆☆ اسماعیل بن عبید اپنے والد کے حوالے سے اپنا دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کرنے کے لیے مدینہ منورہ تشریف لائے' انہوں نے لوگوں کو نماز پڑھاتے ہوئے قرأت کے آغاز میں (بلند آواز میں) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نہیں پڑھی اور سورۂ فاتحہ پڑھنی شروع کر دی' جب انہوں نے نماز مکمل کر لی تو مہاجرین اور انصار مسجد کے مختلف گوشوں سے اُٹھ کر ان کے پاس آئے اور بولے: اے معاویہ! آپ نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ جان بوجھ کر ترک کی ہے' یا اسے پڑھنا بھول گئے تھے؟

۱۱۷۳- اخرجه الشافعي في (الام) (۱۰۸/۱): اخبرنا ابراهيم بن محمد' حدثني عبد الله ابن عثمان بن خثيم عن اسماعيل بن عبيد عن ابيه به- ولم يذكر جده- ومن طريق الشافعي اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۴۹/۲-۵۰)' وفي (معرفة السنن والآثار) (۵۱۸/۱- ۵۱۹) وقال البيهقي: فمداه اسماعيل بن عياش عن ابن خثيم عن اسماعيل بن عبيد بن رفاعة عن ابيه عن جده' ويحتمل ان يكون ابن خثيم سمعه منهما- الله-

(راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو اگلی نماز پڑھائی تو اس میں بلند آواز سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھی۔)

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کے بارے میں جو روایات ہم نے نقل کی ہیں' ان کے علاوہ بعض دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اور ازواج مطہرات نے بھی یہ بات نقل کی ہے۔ہم نے بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کے مسئلے میں ان روایات کو الگ طور پر اکٹھا کیا ہے' یہاں ہم نے اختصار کے ساتھ وہ روایات نقل کی ہیں جو پہلے گزر گئی ہیں تاکہ اختصار اور تلخیص موجود رہے۔اسی طرح ہم نے اس مقام پر وہ روایات بھی نقل کی ہیں جو یہ واضح کرتی ہیں' نبی اکرم کے اصحاب' تابعین اور ان کے بعد آنے والے اہلِ علم میں سے کون سے حضرات بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن سندی بن حسن بن بحر، ابوبکر الحداد۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ان کا انتقال ''359ھ'' میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تاریخ بغداد'' از شیخ ابوبکر احمد بن علی المعروف بہ ''خطیب بغدادی'' (۱۸۷/۷)(۱۸۷۴)۔

○ سلیمان بن عبدالرحمٰن بن عیسیٰ تمیمی دمشقی ابن بنت شرجیل ابوایوب۔علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ''دسویں طبقے'' سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' (۲۶۰۳)۔

○ اسماعیل بن عبیداللہ بن رفاعۃ بن رافع عجلانی ابن عبید بلا اضافۃ ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی'، (۴۷۱)۔

○ عبدی اللہ بن رفاعۃ بن رافع بن مالک، انصاری الزرقی یقال فیہ عبید اللہ (۴۴۰۳) ولد فی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ونے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔عجلی۔

○ رفاعۃ بن رافع بن مالک بن عجلان، ابومعاذ انصاری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: فی ''تقریب التہذیب'' از حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی' ت (۱۹۵۷)۔

1174- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَزْرَقُ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ حَدَّثَنَا اَبِيْ

۱۱۷۴–اخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۴۰/۲) كتاب الصلوٰة' باب تعين القراء ة بفاتحة الكتاب في طريق الدارقطني' به- واخرجه البيهقي في (السنن الكبرٰى) (۳۹/۲–۴۰) وفي (القراء ة خلف الامام) رقم (۷۵) من طريق آدم بن ابي اياس العسقلاني' انا عبد الله بن زياد ابن سمعان بهذا الاسناد- وقال البيهقي: وهذه الزيادة مما تفرد به ابن سمعان' وليس بالقوي- وهذا الحديث دون زيادة ابن سمعان صحيح - وقال ابن الجوزي في (التحقيق) (۲۹۶/۱): تفرد به عبد الله بن زياد بن سمعان عن العلاء' وقد اجمعوا على ترك حديثه' وقال مالك: كان كذابا- وينظر (نصب الراية) (۳۳۹/۱ - ۳۴۰)-

۱۷۲۰- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱۵۵) باب الجلوس للخطبة' عن محمد بن الصباح باسناده- و اخرجه النسائي في العيدين (۱۸۶/۳) باب التخيير بين الجلوس في الخطبة للعيدين' عن محمد بن يحيى بن ايوب' و ابن ماجه في الاقامة (۱۲۹۰) باب ما جاء في انتظار الخطبة بعد الصلاة عن هدية بن عبد الوهاب المروزي و عمرو بن رافع البجلي' كلهم عن الفضل بن موسى السيناني بهذا الاسناد- و قال ابو داود: وهذا يروى عن عطاء مرسلا عن النبي صلى الله عليه وسلم)- اه- وقال النسائي: (هذا خطا' و الصواب مرسل)- اه- قال ابن ابي حاتم في (العلل) (۱۸۰/۱) (۵۱۳): (وسئل ابو زرعة عن حديث اخرجه الفضل بن موسى السيناني عن ابن جريج عن عطاء عن عبد الله بن السائب قال: شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم العيد' فلما قضى الصلاة قال: (انا نخطب فمن احب ان يجلس للخطبة فليجلس و من احب فليرجع)- قال ابو زرعة: الصحيح ما حدثنا به ابراهيم بن موسى عن هشام بن يوسف عن ابن جريج عن عطاء ان النبي صلى الله عليه وسلم مرسل)- اه- و اخرجه البيهقي (۲۸۵/۳) من حديث سفيان عن ابن جريج عن عطاء مرسلا - و اخرجه ايضا من طريق الفضل موصولا- قال ابن معين: (هذا خطا' و انما هو عن عطاء فقط' و انما يغلط فيه الفضل' يقول: عن عبد الله بن السائب)- اه- قلت: و اخرجه عبد الرزاق (۵۶۷۰) عن ابن جريج' اخبرني عطاء قال: بلغني ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول: (اذا قضينا الصلاة فمن شاء فلينتظر الخطبة' و من شاء فليذهب)- قال: فكان عطاء يقول: (ليس على الناس حضور الخطبة يومئذ)- اه- فاجتمع هشام بن يوسف و سفيان و عبد الرزاق على روايته عن ابن جريج عن عطاء مرسلا- و خالفهم الفضل' فاخرجه موصولا بذكر عبد الله بن السائب و هشاد في ذلك ابن معين و ابو زرعة و ابو داود و النسائي-

جب آپ ﷺ نے نماز ختم کی تو ارشاد فرمایا:
اب ہم خطبہ دیں گے جو شخص چاہے وہ بیٹھا رہے (راوی بیان کرتے ہیں: یعنی خطبہ سننے کے لیے بیٹھا رہے) اور جو شخص جانا چاہے وہ چلا جائے۔
امام ابوداؤد نے یہ بات بیان کی ہے: یہ روایت عطاء کے حوالے سے مرسل روایت کے طور پر منقول ہے۔

1721- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ قَرَاْتُ عَلَى ابْنِ نَافِعٍ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ التَّكْبِيْرُ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ بَعْدَ الظُّهْرِ مِنْ يَوْمِ النَّحْرِ اٰخِرُهَا فِى الصُّبْحِ مِنْ اٰخِرِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایامِ تشریق کی تکبیر قربانی کے دن ظہر کے بعد شروع ہوگی اور ایامِ تشریق کے آخری دن صبح کی نماز میں اسے آخری مرتبہ پڑھا جائے گا۔

<u>راویانِ حدیث کا تعارف:</u>

○ عباس بن محمد بن عباس، وقیل: عباس بن محمد بن احمد بن اسرائیل، ابومحمد جوھری، ذکر بغدادی انہ کان من جوالین فی طلب حدیث، ان کا انتقال 349ھ میں بخارا میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۶۰/۱/۲)۔

1722- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ.
قَالَ وَحَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ ضَمْرَةَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ صَعْصَعَةَ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ .
قَالَ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ.
قَالَ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُكَبِّرُوْنَ فِىْ صَلَاةِ الظُّهْرِ يَوْمَ النَّحْرِ اِلٰى صَلَاةِ الظُّهْرِ مِنْ اٰخِرِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ يُكَبِّرُوْنَ فِى الصُّبْحِ وَلَا يُكَبِّرُوْنَ فِى الظُّهْرِ .
قَالَ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ عَلِيٍّ اللَّهَبِيُّ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَنْدَرٍ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فُلَانٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَبَّرَ بِنَا عُثْمَانُ وَهُوَ مَحْصُوْرٌ فِى الظُّهْرِ يَوْمَ النَّحْرِ اِلٰى اَنْ صَلَّى الظُّهْرَ مِنْ اٰخِرِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ فَكَبَّرَ فِى الصُّبْحِ وَلَمْ يُكَبِّرْ فِى الظُّهْرِ.
قَالَ وَحَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانَا يُصَلِّيَانِ الظُّهْرَ يَوْمَ النَّحْرِ

۱۷۲۱- في اسناده عبد الله بن نافع، و هو ضعيف، و قد سبقت ترجمته-
۱۷۲۲- اخرجه الدارقطني عن جماعة باسانيد مختلفة- و مدار ذلك كله على محمد بن عمر الواقدي، و هو متروك الحديث، و الكلام فيه مشهور- و في رواية ابي سعيد الخدري: اسحاق بن ابي فروة، و هو متروك ايضا-

بِالْمُحَصَّبِ وَلَايُكَبِّرَانِ.

قَالَ وَحَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ سَمِعَهُ يُكَبِّرُ فِى الصَّلَوَاتِ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثَلَاثًا.

قَالَ وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ.

نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: لوگ (یعنی صحابہ کرام) قربانی کے دن ظہر کی نماز کے بعد تکبیر کہنا شروع کرتے تھے اور ایام تشریق کے آخری دن ظہر کی نماز تک تکبیر کہا کرتے تھے' یہ لوگ صبح کی نماز میں تکبیر کہتے تھے اور ظہر کی نماز میں نہیں کہتے تھے۔

عبداللہ نامی راوی اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ محصور تھے تو انہوں نے ہمارے سامنے قربانی کے دن ظہر کی نماز سے تکبیر کہنی شروع کی اور ایام تشریق کے آخری دن ظہر کی نماز ادا کرنے تک انہوں نے تکبیر کہی (ایام تشریق کے آخری دن) انہوں نے صبح کی نماز میں تکبیر کہی تھی ظہر کی نماز میں نہیں کہی۔

عبداللہ نامی راوی حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: یہ دونوں حضرات واپسی کے دن وادیٔ محصب میں ظہر کی نماز ادا کرتے تھے اور اس کے بعد تکبیر نہیں کہتے تھے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ ایام تشریق میں تمام نمازوں کے بعد تکبیر کہا کرتے تھے وہ تین مرتبہ اللہ اکبر پڑھا کرتے تھے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن ابی علی لھبی مدنی، روی عن ابن منکدر۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "متروک" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۵/۱۷۸)۔

2-باب صَلَاةِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِى الْكَعْبَةِ وَاخْتِلَافِ الرِّوَايَاتِ فِيهِ.

باب 2: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنا' اس بارے میں منقول روایات میں اختلاف

1723- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلَى عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلَ النَّبِىُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْبَيْتَ ثُمَّ خَرَجَ وَبِلَالٌ خَلْفَهُ فَقُلْتُ لِبِلَالٍ هَلْ صَلَّى قَالَ لَا. قَالَ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ دَخَلَ فَسَاَلْتُ بِلَالًا هَلْ صَلَّى قَالَ نَعَمْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ اسْتَقْبَلَ الْجِذْعَةَ وَجَعَلَ السَّارِيَةَ الثَّانِيَةَ عَنْ يَمِينِهِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم

باہر تشریف لائے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھے' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (خانہ کعبہ کے اندر) نماز ادا کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں! راوی بیان کرتے ہیں: اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' میں نے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت ادا کی ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درخت کے تنے کی طرف رخ کیا تھا اور دوسرے ستون کو اپنے دائیں طرف رکھا تھا۔

•••———•••———•••

خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے بارے میں اہلِ علم کا اختلاف

خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مستقل باب قائم کیا ہے' جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے جائز ہونے کے بارے میں دو مذاہب ہیں۔

بعض فقہاء کے نزدیک ایسا کرنا ناجائز ہے۔

ان حضرات نے یہ دلیل پیش کی ہے' حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے تھے اور آپ نے اس کے تمام کناروں میں دعا مانگی تھی' لیکن آپ نے وہاں نماز نہیں پڑھی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے آئے تھے اور ارشاد فرمایا تھا: یہ قبلہ ہے (یعنی اس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جائے گی)۔

دوسرے گروہ کے نزدیک خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے' انہوں نے اپنے موقف کی تائید میں متعدد روایات پیش کی

۱۷۲۴- اخرجه البيهقي في سننه (۲/ ۳۲۹) كتاب الصلاة' باب الصلاة في الكعبة من طريق الدارقطني' به- و حسن السهيلي اسناده (الروض الانف)' كما في نصب الراية (۲/ ۳۲۱) و قال : (اخرجه الدارقطني في سننه' و هو من فرائده)- الا- و في اسناده محمد بن عبد الرحمن بن ابي ليلى: قال الحافظ في التقريب (۲/ ۱۸٤): (صدوق سيء الحفظ جدا)-قلت: واورده الدارقطني عقبه من رواية ابن ابي مليكة عن ابن عمر' نحوه- و شاركه في هذا الوجه عبد الرزاق (۹۰۶۵)' والنسائي في المناسك (۵/ ۲۱۷) باب موضع الصلاة في البيت وللحديث طرق اخرى عن ابن عمر مرفوعاً نحوه' كالتالي؛ فاخرجه سالم بن عبد الله بن عمر عن ابيه: اخرجه البخاري في الحج (۱۵۹۸) باب اغلاق البيت' و مسلم في الحج (۱۳۲۹) باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره و الصلاة فيها' و النسائي في المساجد (۲/ ۳۲-۳٤) باب الصلاة في الكعبة' و البيهقي (۲/ ۳۲۷-۳۲۸)' و ابن حبان (۳۲۰۱)' و الدارمي (۲/ ۵۲)' و الطحاوي في المعاني (۱/ ۳۸۹- ۳۹۰)' و اخرجه الشافعي عن مالك عن نافع عن ابن عمر' اخرجه مالك في الموطا في الحج (۱/ ۳۹۸) باب الصلاة في البيت' و عنه الشافعي في الام (۱/ ۹۸) باب الصلاة في الكعبة' و من طريق الشافعي اخرجه البيهقي في المعرفة (٤٤۹۶)- و الحديث اخرجه غير الشافعي عن مالك' به- و من طريق مالك اخرجه البخاري في الصلاة (۵۰۵) باب الصلاة بين السواري في غير جماعة' و ابو داود في الحج (۲۰۲۳) باب الصلاة في الكعبة' و النسائي في القبلة (۲/ ۶۳)' و البيهقي في الكبرى (۲/ ۳۲۶' ۳۲۷)' و البغوي في شرح السنة (٤٤۷)' و الطحاوي في المعاني (۱/ ۳۸۹)- و اخرجه عبيد الله بن عمر عن نافع' نحوه- اخرجه مسلم في الحج (۱۳۲۹)' و ابو داود في الحج (۲۰۲۵)' و احمد في المسند (۲/ ۳۳' ۵۵)- و اخرجه حسان بن عطية عن نافع' نحوه- اخرجه ابن ماجه في المناسك (۳۰۶۳) باب دخول الكعبة' و ابن حبان في الصلاة (۳۲۰۲)- و اخرجه الاوزاعي عن نافع نحوه- اخرجه الطحاوي في المعاني (۱/ ۳۹۰)-و اخرجه سماك الحنفي سمعت ابن عمر' نحوه- اخرجه الطيالسي (۱۸۶۷)' و عبد الرزاق (۹۰۶۶)' و ابن الجعد في مسنده (۱۵۵۶)' و من طريقه ابن حبان في الصلاة (۳۲۰۰)' و اخرجه ايضا احمد في المسند (۲/ ٤۵' ٤۶' ۸۳)' و البيهقي في الكبرى (۲/ ۳۲۸)' و الطحاوي في المعاني (۱/ ۳۹۱) من رواية سماك' به- و اخرجه جميعا- عدا عبد الرزاق- من رواية شعبة عن سماك' و اخرجه عبد الرزاق -وحده- من رواية مسعر عن سماك' به- و اخرجه ايضا- سليم بن اسود بن حنظلة المحاربي- عن ابن عمر' نحوه-اخرجه عبد الرزاق (۹۰۷۱)' و الطحاوي في المعاني (۱/ ۳۹۰)' و ابن حبان في الصلاة (۳۲۰۵)-

ہیں جن میں یہ بات مذکور ہے نبی اکرم ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ روایت نقل کی ہے نبی اکرم ﷺ حضرت اسامہ بن زید اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کے ساتھ خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے تھے جب آپ باہر تشریف لائے تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ نے کہاں نماز ادا کی تھی تو انہوں نے یہ بات بتائی: سامنے کی طرف۔

کیونکہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس بارے میں دو طرح کی روایات منقول ہیں لہٰذا اس بارے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کو دلیل کے طور پر پیش کیا جائے گا اور اس میں یہ بات مذکور ہے نبی اکرم ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی تھی۔

اگر یہاں یہ اعتراض کیا جائے خانہ کعبہ کی تمام عمارت قبلہ ہے (یعنی اس کی طرف رخ کیا جائے گا) اور خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے والا پورے قبلہ کی طرف رخ نہیں کر سکتا تو اس کا جواب یہ دیا جائے گا۔

اس بات پر سب کا اتفاق ہے خانہ کعبہ کی عمارت کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا جائز ہے حالانکہ جو بھی شخص خانہ کعبہ کی عمارت کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہا ہوگا اس کے سامنے خانہ کعبہ کا کوئی ایک حصہ ہوگا۔ تو اسی طرح اگر کوئی شخص خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھتا ہے اور اس کے سامنے خانہ کعبہ کا کوئی ایک حصہ ہوتا ہے تو وہ قبلہ کی طرف رخ کرنے والا شمار ہوگا۔

جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا تعلق ہے یہ قبلہ ہے تو اس سے مراد یہ ہے: جو شخص باہر کھڑا ہو کر نماز ادا کرے گا یا جو شخص امام کی اقتداء میں نماز ادا کر رہا ہوگا تو اس کا رخ اس کی طرف ہونا چاہیے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے اس عمارت کے اندر نماز ادا کرنا سرے سے جائز ہی نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ اسی بات کے قائل ہیں۔

خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ عبدالرحمٰن جزیری تحریر کرتے ہیں:

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: خانہ کعبہ کے اندر یا اس کی چھت کے اوپر فرض نماز ادا کرنا درست نہیں ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص اس طرح سے کھڑا ہوتا ہے اس کی پشت خانہ کعبہ کے کسی حصے کی طرف نہ ہو یا وہ شخص خانہ کعبہ کے باہر ہو اور سجدہ خانہ کعبہ کے اندر کر رہا ہو تو ایسی صورت میں اس کی فرض نماز ادا ہو جائے گی۔

نفل نماز اور نذر کی نماز خانہ کعبہ کے اندر اور خانہ کعبہ کی چھت پر ادا کی جا سکتی ہے۔ لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے چھت کے کنارے پر سجدہ نہ کیا جائے اگر کنارے پر سجدہ کیا گیا تو وہ نماز بھی نہیں ہوگی کیونکہ اس صورت میں اپنے شخص کا رخ خانہ کعبہ کی طرف شمار نہیں ہوگا۔

فقہائے مالکیہ اس بات کے قائل ہیں: خانہ کعبہ کے اندر فرض نماز ادا کرنا درست ہے۔ تاہم یہ انتہائی مکروہ ہے مستحب یہ ہے: اگر وقت باقی ہو تو (باہر آ کر) اس نماز کو دہرایا جائے۔ جہاں تک نفل نماز کا تعلق ہے تو اگر وہ غیر مؤکدہ نماز ہے تو اسے

شرح معانی الآثار از امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت 389/1)

خانہ کعبہ کے اندر پڑھنا مستحب ہے۔ لیکن اگر وہ مؤکدہ نماز ہو تو اسے خانہ کعبہ کے اندر ادا کرنا مکروہ ہوگا۔ البتہ بعد میں اسے دُہرایا نہیں جائے گا۔

خانہ کعبہ کی چھت پر فرض نماز پڑھنا باطل ہے' نفلی اور غیر مؤکدہ نماز پڑھنا درست ہے اور مؤکدہ نوافل کے بارے میں دو اقوال ہیں' البتہ دونوں کی حیثیت یکساں ہے۔

شوافع یہ کہتے ہیں' خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا درست ہے' خواہ وہ فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو۔ البتہ اگر خانہ کعبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہو اور اس دروازے کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جائے تو یہ درست نہیں ہوگی۔

خانہ کعبہ کی چھت کے اوپر نماز پڑھنا اس شرط کے ساتھ درست ہوگا کہ سامنے کوئی ایسی چیز ہو جو انسان کے دو تہائی ہاتھ کے برابر یا اس سے اونچی ہو۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: خانہ کعبہ کے اندر اور اس کی چھت کے اوپر نماز پڑھنا قطعی طور پر درست ہے' البتہ خانہ کعبہ کی چھت پر نماز ادا کرنا مکروہ ہے کیونکہ اس میں بے ادبی کا پہلو پایا جاتا ہے۔[1]

1724 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ الْقُلُوْسِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْكَعْبَةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ - قَالَ - فَسَاَلْنَا بِلَالًا فَاَخْبَرَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلَّى رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ الْاُسْطُوَانَتَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے ہمیں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ستونوں کے درمیان نماز ادا کی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابو یوسف قلوسی: یعقوب بن اسحاق بن زیاد بصری۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 272ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ثقات (۹/۲۸۶)، تاریخ بغداد (۱۴/۲۸۵-۲۸۶)۔

1725 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَبِىْ حَرْبٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ

---

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری 213/1

۱۷۲۵ - اخرجه البيهقي في سننه (۲/۳۲۹) كتاب الصلاة' باب الصلاة في الكعبة' من طريق الدارقطني' به- و اخرجه الطبراني في الكبير (۱۲/۴۰۰) برقم (۱۳۴۴۷) من طريق اسماعيل ابن عمرو البجلي' ثنا ابو مريم' حدثني حبيب بن ابي مريم' به- وقال الهيثمي: (فيه ابو مريم ... الخ- قلت: ابو مريم هو عبد الغفار بن القاسم' و اسناد حديثه ضعيف النجاشي' و لم اعرفه' و بقية رجاله موثقون' و في بعضهم كلام)- ... فاتت الهيثمي معرفته- و الحديث اسناده ضعيف جدا- و عبد الغفار بن القاسم ابو مريم الانصاري' رماه ابن المديني و ابو داود بوضع الحديث' و كنيته ... الحنفي و عبد الواحد بن زياد و ابو داود' و تركه ابو حاتم و النسائي و الدارقطني- و قال الذهبي: رافضي ليس بثقة- ينظر: (لسان الميزان) (۴/۴۲-۴۳)- وقال البيهقي: (في ثبوت الحديث نظر)- و راجع: (نصب الراية) للزيلعي (۲/۳۲۱-۳۲۲)-

عَنْ عَبْدِ الْغَفَّارِ بْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْبَيْتَ فَصَلَّى بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى بَيْنَ الْبَابِ وَالْحَجَرِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهِ الْقِبْلَةُ . ثُمَّ دَخَلَ مَرَّةً اُخْرٰى فَقَامَ فِيهِ يَدْعُو ثُمَّ خَرَجَ وَلَمْ يُصَلِّ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوستونوں کے درمیان دو رکعت ادا کیں' پھر آپ باہر تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے دروازے اور حجر اسود کے درمیان دو رکعت ادا کی' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: یہ قبلہ ہے۔

اس کے بعد آپ دوسری مرتبہ خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اندر کھڑے ہو کر دعا مانگی اور باہر تشریف لے آئے (اس مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر) نماز ادا نہیں کی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

- عیسیٰ بن ابی حرب، ذکرہ مزی فی (تہذیب الکمال) (۳۱/ ۲۴۷) فیمن روی عن یحییٰ بن ابی بکیر۔
- عبدغفار بن قاسم، ابومریم انصاری، رافضی، لیس ب علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ امام بخاری فرماتے ہیں: یہ قوی (مستند) نہیں ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴/ ۳۷۹)۔

3-باب التَّشْدِيدِ فِي تَرْكِ الصَّلَاةِ وَكُفْرِ مَنْ تَرَكَهَا وَالنَّهْيِ عَنْ قَتْلِ فَاعِلِهَا .

باب3: نماز ترک کرنے کی شدید مذمت' جو شخص اسے ترک کر دے وہ کفر (کا مرتکب ہوتا) ہے تاہم ایسا کرنے والے کو قتل کرنا منع ہے

1726- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ جَاءَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما حِينَ طُعِنَ فَقَالَ الصَّلَاةَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّهُ لَا حَظَّ فِي الْاِسْلَامِ لِاَحَدٍ اَضَاعَ الصَّلَاةَ فَصَلَّى عُمَرُ وَجُرْحُهُ يَثْعَبُ دَمًا.

★★ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' جس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا جا چکا تھا' انہوں نے عرض کی: امیر المؤمنین نماز کا وقت ہو گیا ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے شخص کے لیے اسلام میں کوئی گنجائش نہیں ہے جو نماز ادا نہ کرے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز ادا کی' حالانکہ اس وقت ان کے زخم سے خون بہہ رہا تھا۔

1727- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

۱۷۲۶- تقدم تخريجه في باب (جواز الصلاة مع خروج الدم السائل من البدن)-

الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ الْعَهْدُ الَّذِى بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلاةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ.

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ہمارے اور ان (کفار) کے درمیان بنیادی فرق نماز ادا کرنا ہے' جو شخص اسے ترک کر دیتا ہے وہ کفر کا مرتکب ہوتا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن حسن بن شقیق، ابوعبدالرحمٰن مروزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں (احادیث مبارکہ کا) حافظ قرار دیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 215ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۳۴)۔

○ عمر بن احمد بن علی بن عبدالرحمٰن، ابوحفص، جوھری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 325ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۱/ ۲۲۸، ۲۲۹)۔

1728- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْإِسْكَافُ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا الْعَلاءُ بْنُ عِمْرَانَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْعَتَكِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ عبداللہ بن بریدہ کے حوالے سے ان کے والد سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن لیث بن محمد بن یزید، ابوبکر جوھری، وثقہ بغدادی، وذکرانہ ان کا انتقال 299ھ یا 297ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۳/ ۱۹۶)۔

1729-وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' بندے اور کفر کے درمیان (بنیادی

۱۷۲۷ اخرجه الترمذي في الايمان (۲٦۲۱) باب: ما جاء في ترك الصلاة' والنسائي في الصلاة (۱/ ۲۳۱) باب: الحكم في تارك الصلاة' و ابن ماجه في الاقامة (۱۰۷۹) باب: ما جاء فيمن ترك الصلاة' و احمد (۵/ ۳٤٦)' و ابن حبان في باب الوعيد على ترك الصلاة (۱٤۵٤)' و الحاكم في الايمان (۱/ ۷۰٦) باب التشديد في ترك الصلاة' و ابن ابي شيبة (۱۱/ ۳٤)' و البيهقي في الكبرى (۳/ ۳٦٦) من طرق عن الحسين بن واقد بهذا الاسناد- وقال الترمذي: (حسن صحيح غريب) اه قال الحاكم: (صحيح الاسناد' لا نعرف له علة) - اه - و اخرجه الدارقطني في الرواية الآتية من وجه آخر عن عبد الله بن بريدة' به-

۱۷۲۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (۳/ ۲۵) من طريق العلاء' ثنا خالد بن عبيد' به-و في اسناده خالد بن عبيد؛ وقال ابن حبان في المجروحين (۱/ ۲۷۵): (يروي عن انس بن مالك نسخة موضوعة ما لها اصل' يعرفها من ليس الحديث صناعته انها موضوعة) - اه -

فرق) نماز ترک کرنا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن علی بن علاء بن موسیٰ، ابوعبداللہ، معروف بالجوزجانی۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 328ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۴/۳۰۹، ۳۱۰)۔

1730- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَبُو مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَا بَيْنَ الْكُفْرِ اَوِ الشِّرْكِ وَالاِيمَانِ تَرْكُ الصَّلاةِ.

★★ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کفر (راوی کو شک ہے شاید یہ لفظ ہے:) شرک اور ایمان کے درمیان (بنیادی فرق) نماز ترک کرنا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن سعید بن ہارون، ابوصالح اصبہانی، وثقہ بغدادی وذکرانہ ان کا انتقال 324ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۰/۲۸۸)۔

1731- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الصُّوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهٰذَا وَقَالَ لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ اِلَّا تَرْكُ الصَّلاةِ .

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''بندے اور کفر کے درمیان (بنیادی فرق) نماز ترک کرنا ہے''۔

1732- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا

١٧٢٩- اورده الدارقطني من ثلاث طرق عن سفيان عن ابي الزبير عن جابر- و قد اخرجه ابو داود في السنة (٤٦٧٨) باب: في رد الارجاء' و الترمذي في الايمان (٢٦٢٠)' و ابن ماجه في الاقامة (١٠٧٨) باب: ما جاء فيمن ترك الصلاة' و ابن منده في الايمان (٢١٨)' و البغوي في شرح السنة (٣٤٧)' و ابن ابي شيبة (١١/٣٣) من طرق عن سفيان بهذا الاسناد-و تابعه عليه ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر' به- اخرجه مسلم في الايمان (٨٢)باب: اطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة' و الدارمي (١/٢٨٠)' وابن منده (٢١٧)' و البيهقي في الكبرى (٣/٣٦٦) من رواية ابي عاصم عن ابن جريج' اخبرني ابو الزبير' سمعت جابرًا-و اخرجه النسائي (١/٢٣٢) من رواية محمد بن جريج عن ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر' به- و قد صرح ابن جريج و ابو الزبير بالتحديث في الذي قبله' فلا اشكال- و تابعهما يعني: سفيان و ابن جريج- على هذا الاسناد ايضًا: موسى بن عقبة عن ابي الزبير عن جابر' به- اخرجه احمد (٣/٣٨٩) عن سريج عن ابن ابي الزناد عن موسى بن عقبة' به-و اخرجه محمد بن كثير العبدي عن الثوري عن الاعمش عن ابي سفيان عن جابر' به- اخرجه ابن حبان (١٤٥٣)' و ابن منده (٢١٩)- و اخرجه جرير عن الاعمش' به بمتابعة الثوري على هذا الوجه- اخرجه مسلم (٨٢)' و الترمذي في الايمان (٢٦١٨)' و البيهقي (٣/٣٦٦)-وورد من طرق عن الاعمش' به- اخرجه احمد ٣/٣٧٠)' و الترمذي (٢٦١٨) (٢٦١٩)' و ابن ابي شيبة (١١/٣٤)' و ابن منده (٢١٩)' و الطبراني في الصغير (٢/١٤)-و اخرجه حماد بن زيد عن عمرو بن دينار عن جابر' به- اخرجه القضاعي في (الشهاب) (٢٦٦)' و البيهقي (٣/٣٦٦)' والطبراني في الصغير (١/١٣٤) من رواية ابي الربيع الزهراني عن حماد بن زيد' به-وللحديث شواهد في اسانيدها كلام' و قد ذكرها ابو الطيب آبادي في (التعليق المغني)-

مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ أَخْبَرَنَا هُودُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَجُلٌ يُعْجِبُنَا تَعَبُّدُهُ وَاجْتِهَادُهُ فَذَكَرْنَاهُ لِرَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِاسْمِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ وَوَصَفْنَاهُ بِصِفَتِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ فَبَيْنَا نَحْنُ نَذْكُرُهُ كَذَلِكَ إِذْ طَلَعَ الرَّجُلُ فَقُلْنَا هُوَ هَذَا . فَقَالَ إِنَّكُمْ لَتُخْبِرُونَ عَنْ رَجُلٍ عَلَى وَجْهِهِ سَفْعَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ . فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِمْ فَلَمْ يُسَلِّمْ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَشَدْتُكَ بِاللَّهِ هَلْ قُلْتَ حِينَ وَقَفْتَ عَلَى الْمَجْلِسِ مَا فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَفْضَلُ مِنِّي وَخَيْرٌ مِنِّي . فَقَالَ اللَّهُمَّ نَعَمْ ثُمَّ دَخَلَ يُصَلِّي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ . فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا . فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ يُصَلِّي فَقَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ أَقْتُلُ رَجُلاً يُصَلِّي وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ فَخَرَجَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں ایک شخص تھا جس کی عبادت و ریاضت ہمیں بہت پسند تھی' ہم نے اس شخص کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' ہم نے اس کا نام آپ ﷺ کے سامنے لیا' لیکن آپ ﷺ اسے پہچان نہیں سکے' جب ہم نے اس کا حلیہ بیان کیا' تو آپ ﷺ پھر بھی اسے نہیں پہچان سکے' ابھی ہم اس شخص کا تذکرہ ہی کر رہے تھے کہ اسی دوران وہ شخص سامنے آ گیا' ہم نے عرض کی: یہ وہ شخص ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم مجھے ایک ایسے شخص کے بارے میں بتا رہے ہو جس کے چہرے پر شیطان کا نشان ہے' پھر وہ شخص آگے آیا اور ان لوگوں کے پاس آ کر ٹھہر گیا اس نے سلام نہیں کیا' نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: میں تمہیں اللہ کے نام کی قسم دے کر یہ کہتا ہوں کہ کیا تم نے ابھی' جب تم اس محفل کے پاس آ کر ٹھہرے ہو' یہ سوچا ہے' اس وقت ان حاضرین میں کوئی بھی شخص مجھ سے زیادہ فضیلت والا اور مجھ سے بہتر نہیں ہے' اس شخص نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے' ایسا ہی ہے' پھر وہ شخص نماز پڑھنے لگا' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اسے کون قتل کرے گا؟ حضرت ابوبکر نے عرض کی: میں! حضرت ابوبکر ﷺ اس کے پاس گئے تو وہ نماز پڑھ رہا تھا' حضرت ابوبکر ﷺ نے یہ سوچا: سبحان اللہ! کیا میں ایسے شخص کو قتل کروں گا جو نماز ادا کر رہا ہے' حالانکہ نبی اکرم ﷺ نے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے' پھر حضرت ابوبکر ﷺ باہر آ گئے (اس کے بعد راوی نے مکمل حدیث ذکر کی ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فرج بن عبد وارث، قرشی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، بغدادی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 236ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۲۰۰)۔

○ محمد بن زبرقان، (ابوہمام اھوازی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ربما وھم، یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۱۶۱)۔

○ ھود بن عطا، یمامی عن انس۔ امام ابن حبان فرماتے ہیں: لا یحتج به منکر الروایة علی قلتها. ان کے مزید

حالات کے لیے ملاحظہ ہو: مجروحین (۳/۹۶)، وجرح وتعدیل (۹/۱۱۱)۔

1733- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ حَدَّثَنِي هُودُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ .

★★ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نمازیوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔

1734- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ يُونُسَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ أَبِي يَسَارٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِرَجُلٍ مَخْضُوبِ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ فَقَالَ مَا هَذَا . قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهِ فَنُحِّيَ عَنِ الْمَدِينَةِ إِلَى مَكَانٍ يُقَالُ لَهُ النَّقِيعُ- وَلَيْسَ بِالْبَقِيعِ- فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا نَقْتُلُهُ فَقَالَ لَا إِنِّي نُهِيتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ . وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ أُتِيَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَّبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا جس کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں پر مہندی لگی ہوئی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتا ہے' تو اس کے بارے میں یہ حکم دیا گیا کہ اسے مدینہ منورہ سے نکال کر نقیع نامی جگہ پر بھیج دیا جائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا ہم اسے قتل نہ کردیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ایک ہیجڑے کو لایا گیا جس نے اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں مہندی لگائی ہوئی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن احمد بن ربیع، ابومحمد انماطی۔ روی عنہ ابن شاذان ودارقطنی وابن شاھین وابن جمیع، وکان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۷/۲۷۰)۔

۱۷۳۳- هكذا اورده الدارقطني هنا عن موسى بن عبيدة ثم اورده من رواية زيد بن الحباب عن موسى فقال فيه: (عن انس بن مالك ان عمر بن الخطاب ......) ولم يذكر ابا بكر- ولعل هذا الاضطراب من موسى بن عبيدة وهو الربذي قال احمد في رواية: منكر الحديث- وحمل عليه في اخرى- وقال في ثالثة: لا تحل الرواية عنه وامر بالضرب على حديثه- وقال ابو حاتم: منكر الحديث وكذا قال الساجي وضعفه ابن معين وجماعة- تنظر: ترجمته في (تقريب التهذيب) ت (۷۰۳۸)-

۱۷۳۴- اخرجه ابو داود في الادب (۴۹۲۸) باب في الحكم في المخنثين عن هارون بن عبد الله ومحمد بن العلاء ان ابا اسامة اخبرهم عن مفضل بن يونس عن الاوزاعي باسناده-وقال المنذري: (وفي متنه نكارة وابو يسار هذا لا اعرف اسمه- وقد قال ابو حاتم الرازي لما سئل عنه: مجهول وليس كذلك: فانه قد روى عنه الاوزاعي والليث فكيف يكون مجهولا !) ا- ه-

○ فی (ا): ابراہیم بن عبد حمید۔

○ مفضل بن یونس جعفی، ابو یونس کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 178ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۲۷۲)۔

4-باب صِفَةِ مَنْ تَجُوْزُ الصَّلاةُ مَعَهُ وَالصَّلاةُ عَلَيْهِ.

باب 4: اُس شخص کا تذکرہ جس کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز ہے اور جس کی نمازِ جنازہ ادا کرنا جائز ہے

1735- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ الْحَضْرَمِیُّ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ عُرْوَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ سَيَلِيكُمْ بَعْدِیْ وُلَاةٌ فَيَلِيكُمُ الْبَرُّ بِبِرِّهِ وَالْفَاجِرُ بِفُجُوْرِهِ فَاسْمَعُوْا لَهُمْ وَاَطِيْعُوْا فِيْمَا وَافَقَ الْحَقَّ وَصَلُّوا وَرَاءَ هُمْ فَاِنْ اَحْسَنُوْا فَلَكُمْ وَلَهُمْ وَاِنْ اَسَاءُوْا فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے بعد تمہارے اوپر کچھ حکمران مسلط ہوں گے' نیک شخص اپنی نیکی کے ہمراہ تمہارا حکمران ہوگا اور گنہگار اپنے گناہوں کے ہمراہ ہوگا تم ان کی اطاعت وفرمانبرداری کرنا' اس چیز کے بارے میں جس میں وہ راہِ حق کی پیروی کریں اور ان کی اقتداء میں نماز ادا کرتے رہنا' اگر وہ اچھائی کریں گے تو تمہارا اجر ملے گا اور انہیں ان کا اجر ملے گا' اور اگر بُرائی کریں گے تو تمہیں تمہارا اجر ملے گا' انہیں ان کا گناہ ملے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن عروۃ بن زبیر مدنی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴/۱۷۷)۔

1736- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيْدِ اَبُوْ بَدْرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ مَيْمُوْنِ الْخُرَاسَانِیُّ عَنْ مُكْرَمِ بْنِ حَكِيْمٍ الْخَثْعَمِیِّ عَنْ سَيْفِ بْنِ مُنِيْرٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ اَرْبَعُ خِصَالٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَمْ اُحَدِّثْكُمْ بِهِنَّ فَالْيَوْمَ

۱۷۳۵- اورده ابن الجوزي في (الواهيات) (۱/۴۲۱-۴۲۲) رقم (۷۱۷) من طريق المصنف-وقال ابن الجوزي: (عبد الله بن محمد بن يحيى قال ابو حاتم الرازي: متروك الحديث- و قال ابن حبان: لا يحل كتب حديثه)- اه- و ذكره ابن عدي في (الكامل) (۴/۱۵۰۱- ۱۵۰۲)- و قال: (و لعبد الله بن محمد بن عروة غير ما ذكرت من الحديث- و احاديثه عامتها مما لا يتابعه الثقات عليه' و لم اجد من المتقدمين فيه كلاما' و لم اجد بدا من ذكره لما رايت من احاديثه انها غير محفوظة' لما شرطت في اول الكتاب)- اه-و قوله: (فان احسنوا...... الخ' قد روي من غير هذا الوجه بما ساتوجه اصح من هذا من حديث ابي هريرة وغيره- و حديث ابي هريرة عند البخاري (۲/۱۸۷) و البيهقي (۳/۱۲۶-۱۲۷)- و ورد من حديث عقبة بن عامر ايضاً- اخرجه ابو داود (۵۸۰) و ابن ماجه (۹۸۳) و الطيالسي (۱۰۰۴) و غيرهم-

۱۷۳۶- اخرجه ابن الجوزي في (الواهيات) (۱/۴۲۳) من طريق الدارقطني' بهذا الاسناد- واخرجه العقيلي (۳/۹۰) من طريق الوليد بن الفضل' به- قال العقيلي: (عبد الجبار عن مكرم بن حكيم' اسناده مجهول' غير محفوظ' و ليس في هذا المتن اسناد ثابت)- اه-و سيف بن منير مجهول: كما في (الميزان)- (۲/۲۵۶) ووقع عند العقيلي: (منير بن سيف) و الصواب العكس- و للحديث شواهد ياتي تخريجها عن ابن عمر وغيره-

أُحَدِّثُكُمْ بِهِنَّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُولُ لاَ تُكَفِّرُوا أَحَدًا مِنْ أَهْلِ قِبْلَتِي بِذَنْبٍ وَإِنْ عَمِلُوا الْكَبَائِرَ وَصَلُّوا خَلْفَ كُلِّ إِمَامٍ وَجَاهِدُوا- أَوْ قَالَ قَاتِلُوا- مَعَ كُلِّ أَمِيرٍ وَالرَّابِعَةُ لاَ تَقُولُوا فِي أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَلاَفِي عُمَرَ وَلاَفِي عُثْمَانَ وَلاَفِي عَلِيٍّ إِلاَّ خَيْرًا قُولُوا (تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ) .لاَ يَثْبُتُ إِسْنَادُهُ مَنْ بَيْنَ عَبَّادٍ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ ضُعَفَاءُ .

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: چار خصوصیات ہیں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی تھی' لیکن میں نے تمہارے سامنے ان کے بارے میں بیان نہیں کیا' آج میں تمہیں ان کے بارے میں بتاؤں گا' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

میرے اہل قبلہ میں سے کسی ایک کے گناہ کی وجہ سے تکفیر نہ کرو' اگرچہ وہ کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرتے ہوں اور ہر امام کی اقتداء میں نماز ادا کرلو اور ہر امیر کے ساتھ جہاد کرو۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) قتال کرو اور چوتھی بات یہ ہے: ابوبکر صدیق' عمر' عثمان اور علی کے بارے میں صرف اچھی بات بیان کرو اور یہ کہو:

''یہ امت گزر چکی ہے اس نے جو اچھا عمل کیا اس کا اجر انہیں مل جائے گا اور تم جو اچھائیاں کرو گے اس کا اجر تمہیں ملے گا''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد جبار بن حجاج خراسانی، روی عن مکرم بن حکیم۔ قال ازدی: متروک الحدیث۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۲۳۹/۴)۔

○ مکرم بن حکیم خثعمی، روی خبرا باطلاء، قال زدی: لیس حدیثہ بشیء۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۵۰۹/۶)۔

1737- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ بِحَلَبَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلُّوا عَلَى مَنْ قَالَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَصَلُّوا خَلْفَ مَنْ قَالَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہر وہ شخص جو لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہو' اس کی نمازِ جنازہ ادا کرو اور ہر اس شخص کے پیچھے نماز ادا کرلیا کرو جو لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہو''۔

۱۷۳۷- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۴۲۱/۱) رقم (۷۱۲) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه ابو نعيم في (تاريخ اصبهان) (۳۱۷/۲) من طريق عثمان بن عبد الرحمن باسناده- قال ابن الجوزي (۴۲۴/۱): (وعثمان' قال يحيى: ليس بشيء' كان يكذب- و قال البخاري و النسائي ابو داود: ليس بشيء- و قال الدارقطني: متروك)- اه- وقال ابن الجوزي (۴۲۴/۱): (وعثمان' قال يحيى: ليس بشيء' كان يكذب- و قال البخاري و النسائي و ابو داود: ليس بشيء- و قال الدارقطني: متروك)- اه-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعمر محمد بن عبداللہ بصری۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ جماعۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۸۰/۲)۔

○ خالد بن اسماعیل مخزومی، مدنی، ابوولید۔ قال دارقطنی: متروک۔ وقال ابن عدی: کان یضع حدیث علی ثقات۔ وامام ابن حبان فرماتے ہیں: لایجوز احتجاج بہ بحال۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴۰۶/۲)۔

1738- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ وَّابْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْمَخْزُوْمِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلُّوا عَلٰى مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَصَلُّوا وَرَاءَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہر اس شخص کی نمازِ جنازہ ادا کرو جو لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہو اور ہر اس شخص کے پیچھے نماز ادا کرو جو لا الٰہ الا اللہ کا قائل ہو۔

1739- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ حَيَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا سَالِمٌ الْاَفْطَسُ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهٗ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فضل بن عطیہ مروزی، یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۰۰/۲)۔

1740- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ مَّكْحُوْلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الصَّلَاةُ وَاجِبَةٌ عَلَيْكُمْ مَعَ كُلِّ مُسْلِمٍ بَرٍّ كَانَ اَوْ فَاجِرٍ وَاِنْ هُوَ عَمِلَ بِالْكَبَائِرِ وَالْجِهَادُ وَاجِبٌ عَلَيْكُمْ مَعَ كُلِّ اَمِيْرٍ بَرٍّ كَانَ اَوْ فَاجِرٍ وَاِنْ عَمِلَ بِالْكَبَائِرِ وَالصَّلَاةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ بَرٍّ كَانَ اَوْ فَاجِرٍ وَاِنْ

۱۷۳۸- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۴۲۱/۱) رقم (۷۱۶) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه الخطيب في تاريخه (۲۹۲/۱۱) من رواية ابي الوليد المخزومي باسناده و هو ضعيف' نسبه ابن عدي الى الكذب-

۱۷۳۹- اخرجه ابن الجوزي في العلل (۴۲۰/۱) رقم (۷۱۳) من طريق الدارقطني- و فيه (محمد بن الفضل) كذبه ابن معين' و اتهمه احمد' و تركه النسائي' و الراجح فيه ما اخرجه عمرو بن سويد عن سالم الافطس عن سعيد بن جبير عن ابن عمر' به- اخرجه ابو نعيم في (الحلية) (۳۲۰/۱۰) من رواية نصر بن الحريش عن المشمعل بن ملحان عن سويد' به- و نصر ضعفه الدارقطني؛ كما في (تاريخ بغداد) (۲۸۶/۱۳)- و المشمعل: قال ابن معين: ما ارى به باسًا' و ثقه ابن حبان' ضعفه الدارقطني- لكن هذه الطريقة امثل من الاولى-

۱۷۴۰- اخرجه ابن الجوزي في الواهيات (۴۲۲/۱۰) عن الدارقطني' بهذا الاسناد- وقال اشعث مجروح' و بقية لا يقوم على روايته' و قال الدارقطني؛ مكحول لم يلق ابا هريرة- ۵۱-

عَمِلَ بِالْكَبَائِرِ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

تم پر ہر مسلمان کی اقتداء میں نماز ادا کرنا لازم ہے خواہ وہ نیک ہو یا گناہ گار' اگر چہ وہ کبیرہ گناہوں کا مرتکب ہوتا ہو اور تم پر ہر امیر کے ہمراہ جہاد کرنا واجب ہے' خواہ وہ نیک ہو یا گناہگار ہو' اگر چہ وہ کبیرہ گناہوں کا مرتکب ہوتا ہو' اور تم پر ہر مسلمان کی نمازِ جنازہ ادا کرنا لازم ہے جو فوت ہو جاتا ہے' خواہ وہ نیک ہو یا گناہ گار' اگر چہ وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرتا ہو۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عمرو بن حنان-کلبی، حمصی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔یغرب، یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 257ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو:''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۹۵/۲)۔

○ یزید بن یزید بن جابر ازدی، دمشقی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔فقیہ، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 134ھ میں یا اس سے قبل ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو:''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۷۲/۲)۔

1741- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْقِنَّسْرِيُّ حَدَّثَنَا فُرَاتُ بْنُ سَلْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُلْوَانَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْ اَصْلِ الدِّيْنِ الصَّلَاةُ خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ وَالْجِهَادُ مَعَ كُلِّ اَمِيْرٍ وَلَكَ اَجْرُكَ وَالصَّلَاةُ عَلٰى كُلِّ مَنْ مَاتَ مِنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ . لَيْسَ فِيْهَا شَیْءٌ يَثْبُتُ.

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دین کی بنیادی تعلیمات میں یہ بات شامل ہے' ہر نیک اور گناہ گار کے پیچھے نماز ادا کی جائے گی اور ہر امیر کے ساتھ جہاد کیا جائے' تمہیں تمہارا اجر مل جائے گا اور اہل قبلہ میں سے ہر مرنے والے شخص کی نمازِ جنازہ ادا کی جائے گی۔

1742- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ مَاهَانَ الدَّبَّاغُ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبِرَكِيُّ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ الْيَقْظَانِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا تُكَفِّرُوْا اَهْلَ قِبْلَتِكُمْ وَاِنْ عَمِلُوْا بِالْكَبَائِرِ

۱۷۴۱- اورده ابن الجوزي في (الواهيات) (۷۱۰) من طريق الدارقطني به-و قال ابن الجوزي: (هذا حديث لا يصح - و الحارث قال ابن المديني: كان كذابا- و فرات بن سليمان: قال ابن حبان: منكر الحديث جدا' ياتي بما لا نشك انه معمول)' اه-قلت: و ابو اسحاق القنسريني: قال الذهبي في (الميزان) (۴۸۹/۴): مجهول: و محمد بن علوان: قال ابو حاتم الرازي-كما في الجرح و التعديل (۴۹۱/۴)-: (مجهول)- و قد وهم ابن الجوزي في فرات بن سليمان' و تبعه الزيلعي في (نصب الراية) (۲۸/۲)' فذكرا قول ابن حبان في ترجمته- وصوابه (سلمان) بلا ياء' ترجمه ابن ابي حاتم في الجرح (۸۰/۲/۳) و حكى عن ابيه قوله: (لا باس به' محله الصدق' صالح الحديث)- اه- و مقولة ابن حبان' انما هي في فرات بن سليم: كما في المجروحين لابن حبان (۲۰۷/۲): فهذا مما و هم فيه ابن الجوزي و تبعه الزيلعي-

وَصَلُّوا مَعَ كُلِّ اِمَامٍ وَّجَاهِدُوْا مَعَ كُلِّ اَمِيرٍ وَّصَلُّوا عَلٰى كُلِّ مَيِّتٍ ۔ اَبُوْ سَعِيْدٍ مَجْهُوْلٌ.

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

اپنے اہل قبلہ کی تکفیر نہ کرو' اگرچہ وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرتے ہوں اور ہر امام کی اقتداء میں نماز پڑھ لیا کرو اور ہر امیر کے ہمراہ جہاد میں حصہ لو اور ہر مرحوم کی نمازِ جنازہ ادا کرو۔

اس روایت کا راوی ابوسعید مجہول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حماد بن ماہان دباغ، فارسی اصل، سمع من علی بن عثمان لاحقی، وعیسیٰ بن ابراہیم برکی، وعلی بن مدینی، ومحمد بن عقبۃ سدوسی۔ روی عنہ حمزۃ بن محمد دہقان، وابوسہل بن زیاد قطان، امام دارقطنی فرماتے ہیں: لیس بالقوی۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲/۲۷۳)، ومیزان (۶/۱۴۴)۔

○ عتبۃ بن یقظان راسبی ابوعمرو، (اور ایک قول کے مطابق): ابوزحارۃ بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۵)۔

○ ابوسعید شامی، عن مکحول، مجہول، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۴۲۸)۔

1743- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سَابِقٍ اَبُو سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الشَّامِيِّ عَنْ مَّكْحُولٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهٗ وَقَالَ صَلُّوا عَلٰى كُلِّ مَيِّتٍ مِّنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ.

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''اہل قبلہ میں سے ہر مرحوم کی نمازِ جنازہ ادا کرو''۔

1744-وَحَدَّثَنَا اَبُوْ رَوْقٍ الْهِزَّانِيُّ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ

۱۷۴۲- اخرجه ابن الجوزي في (الواهيات) (۱/۴۲۲-۴۲۳) من طريق الدارقطني' به- وقال ابن الجوزي: (عتبة بن اليقظان: قال علي بن الحسين بن الجنيد: لا يساوي شيئًا- و فيه الحارث بن نبهان: قال يحيى: ليس بشيء.- و قال النسائي: متروك- و قال ابن حبان: لا يحتج به- و ابو سعيد: قال الدارقطني: مجهول)- اه -والحديث اخرجه ابن ماجه (۱/۴۸۸) كتاب الجنائز' باب في الصلاة على اهل القبلة الحديث (۱۵۲۵) من طريق مسلم بن ابراهيم' ثنا الحارث بن نبهان' به مختصرًا- قال البوصيري في الزوائد (۱/۴۹۷): (هذا اسناد ضعيف: ابو سعيد هذا هو الصواب' و اسمه: محمد بن سعيد' و عتبة بن يقظان' و الحارث بن نبهان كلهم ضعفاء)-

۱۷۴۴- اخرجه ابن الجوزي في العلل المتناهية (۱/۴۲۲) رقم (۷۱۹)' و في التحقيق (۱/۴۷۵) من طريق الدارقطني' به-واخرجه ابو داود في الجهاد' باب: الغزو مع ائمة الجور' و من طريقه البيهقي في الكبرى (۳/۱۲۱)' و في المعرفة (۵۹۱۹) من رواية احمد بن صالح' حدثنا ابن وهب باسناده-وقال البيهقي في المعرفة: (اسناده صحيح' الا ان فيه ارسالاً بين مكحول و ابي هريرة)- اه- قلت: و اخرجه ابن الجوزي ايضًا في (الواهيات) (۱/۴۱۸-۴۱۹)' واعله ابن الجوزي بالارسال بين مكحول و بين ابي هريرة- و تبعهم على الاعلال بذلك: المنتقد ابن التركماني' و غيرهما-

وَهْبٍ حَدَّثَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ صَلُّوا خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ وَصَلُّوا عَلٰى كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ وَجَاهِدُوْا مَعَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ . مَكْحُولٌ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَمَنْ دُوْنَهٗ ثِقَاتٌ.

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہر نیک اور گناہ گار کے پیچھے نماز ادا کرلو ہر نیک اور گناہ گار کی نمازِ جنازہ ادا کرو ہر نیک اور گناہ گار کے ہمراہ جہاد میں حصہ لو۔

مکحول نامی راوی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے اور اس کے علاوہ راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن بکر ابوروق هزانی، عن فلاس وعدة۔ قال ذھبی: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۱/ ۲۷۷)، ولسان (۱/ ۳۶۲)۔

1745- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَسَدٍ الْهَرَوِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْمُخَرِّمِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَرَّانِیُّ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ عُمَرَ بْنِ صُبْحٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ ثَلَاثٌ مِنَ السُّنَّةِ الصَّفُّ خَلْفَ كُلِّ اِمَامٍ لَكَ صَلَاتُكَ وَعَلَيْهِ اِثْمُهٗ وَالْجِهَادُ مَعَ كُلِّ اَمِيْرٍ لَكَ جِهَادُكَ وَعَلَيْهِ شَرُّهٗ وَالصَّلَاةُ عَلٰى كُلِّ مَيِّتٍ مِنْ اَهْلِ التَّوْحِيْدِ وَاِنْ كَانَ قَاتِلَ نَفْسِهٖ . عُمَرُ بْنُ صُبْحٍ مَتْرُوْكٌ .

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

تین چیزیں سنت ہیں: ہر امام کے پیچھے صف بنا کر (باجماعت نماز ادا کرنا) تمہیں تمہاری نماز کا ثواب مل جائے گا' اور اس کے گناہ کا بوجھ اس کے ذمے ہوگا اور ہر امیر کے ہمراہ جہاد میں حصہ لینا' تمہیں تمہارے جہاد کا ثواب ملے گا اور اس کا شر اس کے ذمے ہوگا' اور اہلِ توحید میں سے ہر مرحوم کی نمازِ جنازہ ادا کرنا' اگرچہ اس نے خودکشی کی ہو۔

اس روایت کا راوی عمر بن صبح متروک ہے۔

5-باب صِفَةِ صَلَاةِ الْخَوْفِ وَاَقْسَامِهَا .

باب 5: نمازِ خوف کا طریقہ اور اس کی اقسام

1746- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَالْقَاضِی الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ السَّرِیِّ الْغَنَوِیُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِیْ صَلَاةِ الْخَوْفِ سَهْوٌ . تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ السَّرِیِّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ.

۱۷۴۵- اخرجه ابن الجوزي في (الواهيات) (۱/ ۴۱۹-۴۲۰) من طريق المصنف به- و في اسناده عمر بن صبح كذبه الازدي، ورماه ابن حبان بوضع الحديث، و تركه الدارقطني وغيره-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نمازِ خوف میں سہو نہیں ہوتا۔

•••———•••———•••

نماز خوف کی شرعی حیثیت

نماز خوف کی شرعی حیثیت پر بحث کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زُحیلی تحریر کرتے ہیں:

جمہور فقہاء کے نزدیک نمازِ خوف ادا کرنا شرعی طور پر جائز ہے' اس وقت جب کفار کے ساتھ جنگ کی جا رہی ہو۔ یہ جواز کتاب وسنت سے ثابت ہے' جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اور جب تم ان میں موجود ہو اور انہیں نماز پڑھانے لگو تو ایک گروہ اپنا اسلحہ تیار کر کے تمہارے پیچھے کھڑا ہو جائے' جب وہ لوگ سجدہ کر لیں تو یہ لوگ پیچھے چلے جائیں اور دوسرا اگر وہ آ جائے' جس نے نماز ادا نہیں کی تھی اور وہ تمہارے ساتھ آ کر نماز ادا کرے' یہ بھی اپنی احتیاط کا خیال رکھیں اور اسلحہ پاس رکھیں کیونکہ کفار تو یہ چاہتے ہیں' تم اپنے اسلحے اور ساز وسامان سے غافل ہو جاؤ اور وہ ایک ہی مرتبہ تم پر حملہ کر دیں''۔

اصول یہ ہے: جب تک کوئی ایسی دلیل موجود نہ ہو' جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ کوئی معاملہ یا حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے تو ایسی صورت میں جو امر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ثابت ہوگا' وہ آپ کی اُمت کے لیے بھی ثابت ہو جائے گا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے کا حکم دیا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:

''جب تم ان میں موجود ہو''۔

یہ الفاظ قرآن میں استعمال ہوئے ہیں' لیکن ان سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ ایک دوسرے مقام پر اسی نوعیت کی آیت میں یہ الفاظ ہیں:

''تم ان کے اموال میں سے زکوٰۃ وصول کرو''۔

تو یہ حکم بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص نہیں ہے۔

مستند احادیث سے یہ بات ثابت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مواقع پر نمازِ خوف ادا کی ہے:

ایک غزوۂ ذات الرقاع کے موقع پر جو صحیح روایت کے مطابق غزوۂ خندق کے بعد کا واقعہ ہے۔

ایک مرتبہ بطن نخل میں'

ایک مرتبہ عسفان میں'

شیخ علاء بن زیاد کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: وہ اس بات کے قائل تھے کہ جب نمازی سر اُٹھائے اور آفتاب کی طرف دیکھے تو اگر وہ روشن ہو چکا ہو' تو سجدے میں چلا جائے اور پھر دوسری رکعت ادا کرے' لیکن اگر پہلے رکوع کے دوران سورج روشن نہ ہو' تو وہ دوسرا رکوع کرے گا' پھر وہ سورج کا جائزہ لے گا' تو اگر وہ روشن ہو گیا ہو' تو سجدے میں چلا جائے گا اور دوسری رکعت کا اضافہ کرے گا۔ لیکن اگر سورج روشن نہیں ہوا ہے تو وہ تیسری مرتبہ رکوع کرے گا۔ اسی طرح پہلی رکعت میں رکوع کی تعداد بڑھاتا جائے گا' یہاں تک کہ سورج روشن ہو جائے۔

اسحاق بن راہویہ نے یہ بات کہی ہے' ہر رکعت میں چار سے زیادہ مرتبہ رکوع نہیں کرنا چاہیے' کیونکہ اس سے زیادہ مرتبہ رکوع کرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے۔

شیخ ابوبکر بن المنذر کہتے ہیں: ہمارے بعض مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے' نمازِ کسوف میں اختیار ثابت ہے' اس میں نمازی کو اختیار ہے' وہ چاہے تو ہر رکعت میں دو مرتبہ رکوع کرے اور چاہے تو تین مرتبہ رکوع کر لے یا چار مرتبہ کر لے۔ لیکن یہ مؤقف درست نہیں ہے کیونکہ اس سے تو یہ ثابت ہوتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد مرتبہ گرہن کے موقعے پر نماز پڑھائی تھی۔

شیخ ابن رُشد کہتے ہیں: جس حدیث کا تذکرہ انہوں نے کیا ہے اسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' مجھے یہ نہیں معلوم کہ علامہ ابن عبدالبر نے یہ کیسے کہہ دیا ہے' یہ ضعیف حوالے سے منقول ہے۔

دو رکعات میں دس مرتبہ رکوع کرنے کی روایت کو صرف امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔

دوسرا مسئلہ: نمازِ کسوف کے دوران قرأت کرنا

اس بارے میں بھی علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ امام مالک اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں: نمازِ کسوف کے دوران پست آواز میں قرأت کی جائے گی' جبکہ امام ابویوسف' امام محمد بن حسن شیبانی اور امام اسحٰق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہم

کہتے ہیں: بلند آواز میں قرأت کی جائے گی۔

اس اختلاف کا سبب یہ ہے: اس بارے میں منقول احادیث کے مفہوم میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت سے یہ ظاہر ہوتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں پست آواز میں قرأت کی تھی کیونکہ اس میں یہ الفاظ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ بقرہ کی قرأت جتنا طویل قیام کیا۔

یہی مفہوم آپ سے منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں کھڑا ہو گیا لیکن میں نے آپ کی زبانی کسی ایک حرف کی تلاوت بھی نہیں سنی۔

اسی طرح ابن اسحٰق نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' وہ بیان کرتی ہیں:

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کا اندازہ لگانے کی کوشش کی تو مجھے اندازہ ہوا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سورۂ بقرہ تلاوت کی ہوگی۔

جن فقہاء نے ان احادیث کو ترجیح دی ہے' وہ یہ کہتے ہیں: نمازِ کسوف میں پست آواز میں قرأت کی جائے گی۔

اور کیونکہ ان احادیث میں صراحت موجود ہے' اس لیے امام مالک اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں: نمازِ کسوف میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کرنا مستحب ہے۔

دوسری رکعت میں سورۂ آل عمران کی تلاوت کرنا مستحب ہے' تیسری رکعت میں سورۂ بقرہ کی ڈیڑھ سو آیات جتنی تلاوت مستحب ہے اور چوتھی رکعت میں سورۂ بقرہ کی پچاس آیات جتنی تلاوت مستحب ہے۔ اسی طرح ہر ایک رکعت میں سورۂ فاتحہ کی قرأت کرنے کو مستحسن قرار دیا گیا ہے۔

ان حضرات نے اپنے مسلک کی تائید میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بھی دلیل کے طور پر پیش کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

دن کی نماز گونگی ہوتی ہے (یعنی اس میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے)۔

جبکہ اس کے برخلاف روایات بھی منقول ہیں' ایک روایت میں یہ بات مذکور ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ کسوف میں ایک رکعت میں سورۂ نجم کی تلاوت کی تھی۔

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے' وہ قرأت بلند آواز میں تھی۔

امام احمد بن حنبل اور امام اسحٰق رحمۃ اللہ علیہما نے اس مسئلے کی تائید میں سفیان کے حوالے سے منقول وہ روایت بھی دلیل کے طور پر پیش کی ہے جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ کسوف میں بلند آواز میں قرأت کی تھی۔

علامہ ابن عبدالبر کہتے ہیں: سفیان بن حسن نامی راوی قوی نہیں ہے۔

وہ یہ کہتے ہیں: امام زہری رحمۃ اللہ علیہ سے ان کی متابعت عبدالرحمن بن سلیمان نے کی ہے اور یہ سب زہری کی احادیث نہیں ہیں۔
پھر اسی کے ساتھ یہ بات بھی ہے' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے ابن اسحق نے جو روایت نقل کی ہے' وہ بھی اس کے خلاف ہے۔

ان فقہاء نے اپنے مسلک کی تائید میں قیاس کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں: یہ بات سنت ہے' دن کی باجماعت نماز ہے' اس لیے اس کی اصل عیدین اور استسقاء کی نمازیں ہوں گی۔

امام طبری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سب سے برعکس رائے اختیار کی ہے' وہ جمع اور تطبیق کی راہ ہے۔ ہم یہ کہہ چکے ہیں اگر ممکن ہو تو ترجیح کے مقابلے میں زیادہ افضل طریقہ یہ ہے: جمع اور تطبیق کی کوشش کی جائے۔

میرے علم کے مطابق علم اصول کے ماہرین کا اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

تیسرا مسئلہ: نمازِ کسوف کا وقت

اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: نمازِ کسوف کسی بھی وقت میں ادا کی جا سکتی ہے خواہ اس وقت میں عام نماز ادا کرنا ممنوع ہو۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ممنوع اوقات میں نمازِ کسوف ادا نہیں کی جا سکتی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں ابن وہب نے یہ روایت نقل کی ہے' وہ اس بات کے قائل ہیں: نمازِ کسوف صرف اس وقت میں ادا کی جا سکتی ہے جس میں کوئی بھی نفل نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے۔

جبکہ ابن قاسم نے یہ روایت نقل کی ہے' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: سنت یہ ہے: چاشت سے لے کر زوال کے درمیانی وقت میں اس نماز کو ادا کیا جائے۔

اس اختلاف کا سبب یہ ہے: اس نماز کی جنس کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' جو ممنوع اوقات میں نہیں پڑھی جاتی۔

ان فقہاء نے یہ نقطۂ نظر اختیار کیا ہے' یہ اوقات نماز کی تمام اقسام کے ساتھ مخصوص ہیں' انہوں نے ان اوقات میں نمازِ کسوف اور دیگر کسی بھی نماز کو ادا کرنے کی اجازت نہیں دی جبکہ جن حضرات نے اس کو اختیار کیا ہے' یہ اوقات نوافل کے ساتھ مخصوص ہیں تو انہوں نے نمازِ کسوف کو سنت قرار دیا ہے' لہٰذا انہوں نے ان اوقات میں نمازِ کسوف کی ادائیگی کو جائز قرار دیا ہے۔

شیخ ابن قاسم نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے' اس کی کوئی دلیل میری سمجھ میں تو نہیں آتی ماسوائے اس کے کہ آپ نمازِ کسوف کو نمازِ عید کے مشابہ قرار دیں۔

چوتھا مسئلہ: نمازِ کسوف کے بعد خطبہ دینا

علماء کے درمیان اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے' نمازِ کسوف ادا کر لینے کے بعد خطبہ دینا شرط ہے یا نہیں؟

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: خطبہ دینا شرط ہے۔

امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں: نمازِ کسوف میں کوئی خطبہ نہیں ہے۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب اس علت کے سلسلے میں اختلاف ہے جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ کسوف میں سلام پھیر لینے کے بعد خطبہ دیا تھا جس کی روایت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کی ہے' وہ روایت کرتی ہیں:

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا تو اس دوران سورج روشن ہو چکا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی:

''بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' یہ دونوں کسی کے مرنے یا پیدا ہونے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے''۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خطبہ اس لیے دیا تھا' نمازِ عیدین اور نمازِ استسقاء کی طرح نمازِ کسوف میں خطبہ دینا سنت قرار دیں۔

جبکہ بعض مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت خطبہ اس لیے دیا تھا کیونکہ بعض لوگ یہ سمجھ رہے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے انتقال کی وجہ سے سورج گرہن ہوا ہے۔

پانچواں مسئلہ: چاند گرہن کا حکم

اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: سورج گرہن کی طرح چاند گرہن میں بھی باجماعت نماز ادا کی جائے گی۔

امام احمد بن حنبل' امام داؤد ظاہری رحمۃ اللہ علیہما اور ایک جماعت اس بات کی قائل ہے۔

امام مالک اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں: چاند گرہن کی صورت میں باجماعت نماز ادا نہیں کی جائے گی' البتہ لوگ انفرادی طور پر دوسری نفل نمازوں کی طرح دو رکعت نماز ادا کریں گے۔

اس اختلاف کا سبب درج ذیل حدیث کے مفہوم میں اختلاف ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' یہ کسی کی موت یا پیدائش کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے ہیں' جب تم انہیں اس حالت میں دیکھو تو اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اور نماز ادا کرو' یہاں تک کہ یہ ختم ہو جائے اور صدقہ و خیرات کرو۔

اس روایت کو امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کیا ہے۔

جن فقہاء نے اس نماز سے ایک ہی مفہوم مراد لیا ہے' یعنی وہ طریقہ جس کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گرہن کے وقت نماز ادا کی تھی' انہوں نے چاند گرہن کے موقع پر بھی باجماعت نماز ادا کرنے کو سنت قرار دیا ہے۔ جبکہ جن فقہاء نے اس سے مختلف معنی مراد لیا ہے' کیونکہ چاند گرہن کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز پڑھنا منقول نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بات بیان کی ہے' اس حدیث سے یہ مفہوم ظاہر ہوتا ہے' اس سے وہ کمتر ترین چیز مراد لی جائے جس پر شریعت کی روشنی میں لفظ صلوٰۃ کا اطلاق ہوتا ہے اور وہ انفرادی طور پر نفل نماز ادا کرنا ہے۔

گویا یہ فقہاء یہ سمجھتے ہیں' اصل یہ ہے: شریعت میں لفظ صلوٰۃ کو اس کے قلیل ترین مفہوم پر محمول کیا جائے' جس پر اس لفظ کا اطلاق کیا جا سکے' ماسوائے اس صورت کے کہ جب اس کے برخلاف کوئی دلیل موجود ہو۔

جب سورج گرہن کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرزِ عمل نے اس کے خلاف دلیل فراہم کر دی تو چاند گرہن کی نماز کا حکم اپنے اصل پر باقی رہے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سورج گرہن کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرزِ عمل کو اس مجمل کی توضیح قرار دیتے ہیں جو نماز کے حکم میں موجود ہے' اس لیے اس پر عمل کرنا ان کے نزدیک واجب ہے۔

علامہ ابن عبدالبر کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: ان حضرات نے چاند گرہن کے موقع پر دو رکعت باجماعت ادا کی تھیں اور ہر رکعت میں دو مرتبہ رکوع کیا تھا' جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔

ایک گروہ کے نزدیک زلزلہ' آندھی اور طوفان وغیرہ کے آنے کے موقع پر یا کوئی بھی نشانی ظاہر ہونے کے موقع پر نماز پڑھنا مستحب ہے' انہوں نے اس سلسلے میں سورج اور چاند گرہن کے اوقات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی علت پر قیاس کیا ہے' یعنی علت یہ ہے: یہ اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے تو ان حضرات کے نزدیک قیاس کی سب سے قوی جنس یہ ہے کیونکہ اس میں علت کا قیاس ہے جس پر نص موجود ہے۔

البتہ امام مالک' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور اہلِ علم کی ایک جماعت اس بات کی قائل نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: جب زلزلہ آئے تو اس وقت نماز پڑھ لی جائے تو اچھا ہے' ورنہ کوئی حرج نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: انہوں نے ایک مرتبہ زلزلہ آنے پر بھی سورج گرہن کی طرح نماز ادا کی تھی۔[1]

1763- قَالَ الشَّيْخُ اَبُو الْحَسَنِ وَتَابَعَهُ الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ .حَدَّثَنَاهُ ابْنُ اَبِيْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1764- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَارِثِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی' کتاب الصلوٰۃ الباب السادس فی صلوٰۃ الکسوف

۱۷۶۳- اخرجه مسلم (۲/ ۶۲۰) كتاب الكسوف' باب صلاة الكسوف' الحديث (۴/ ۹۰۱)' و النسائي (۳/ ۱۳۲) كتاب الكسوف' باب نوع آخر منه عن عائشة' من طريق الوليد ابن مسلم عن الاوزاعي' به- و الحديث اخرجه البخاري في صحيحه (۲/ ۲۵۲) كتاب الكسوف' باب الجهر بالقراءة في الكسوف' الحديث (۱۰۶۶) من طريق الوليد بن مسلم قال: قال الاوزاعي وغيره..... فذكره- قال الحافظ: و صله مسلم عن محمد بن مهران عن الوليد بن مسلم' حدثنا الاوزاعي وغيره..... فذكره-

وَسَلَّمَ) قَالَتْ كَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِلَى الْمَسْجِدِ فَقَامَ فَكَبَّرَ وَصَفَّ النَّاسُ وَرَاءَهُ فَاقْتَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قِرَاءَةً طَوِيْلَةً ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ . ثُمَّ قَامَ فَاقْتَرَاَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً هِيَ اَدْنٰى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْاُوْلٰى ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّهُوَ اَدْنٰى مِنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ . ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ فَاسْتَكْمَلَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَّاَرْبَعَ سَجَدَاتٍ وَّانْجَلَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ اَنْ يَّنْصَرِفَ.

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ ﷞ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ میں ایک مرتبہ سورج گرہن ہو گیا' نبی اکرم ﷺ مسجد تشریف لے گئے' آپ ﷺ کھڑے ہوئے' آپ ﷺ نے تکبیر کہی' لوگوں نے آپ کے پیچھے صف قائم کر لی' نبی اکرم ﷺ نے طویل قرأت کی' پھر آپ تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں چلے گئے اور آپ نے طویل رکوع کیا' پھر آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا اور سمع اللّٰہ لمن حمدہ ربنا ولك الحمد پڑھا اور پھر آپ نے کھڑے ہو کر قرأت کرنا شروع کی' لیکن یہ پہلے والی قرأت سے کم تھی' پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے تکبیر کہتے ہوئے طویل رکوع کیا' لیکن یہ پہلے والے رکوع سے کم تھا' پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے سمع اللّٰہ لمن حمدہ ربنا ولك الحمد پڑھا' پھر آپ ﷺ نے دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کیا اور آپ نے ان دو رکعت میں چار مرتبہ رکوع کیا اور چار مرتبہ سجدہ کیا' آپ ﷺ کی نماز ختم کرنے سے پہلے سورج روشن ہو چکا تھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن سلمۃ بن ابی فاطمۃ مرادی جملی، ابوحارث مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ انہیں ''ثبت'' شمار کیا گیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۹۵۸)۔

1765 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ وَكَانَ كَثِيْرُ بْنُ الْعَبَّاسِ يُحَدِّثُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلّٰى فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ مِثْلَ حَدِيْثِ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ صَلّٰى فِيْ كُلِّ

۱۷۶۴- اخرجه مسلم في الكسوف (۹۰۱) باب: صلاة الكسوف' و النسائي في الكسوف (۳ / ۱۳۰-۱۳۱) باب: نوع آخر منه عن عائشة' و ابو داود في الصلاة (۱۱۸۰) باب من قال: اربع ركعات' من رواية محمد بن سلمة المرادي عن ابن وهب' بهذا الاسناد- و اخرجه مسلم في الكسوف (۹۰۱) من رواية حرملة بن يحيى عن ابن وهب' بهذا الاسناد- و اخرجه البخاري في العمل في الصلاة (۱۲۱۲)' باب: اذا انفلتت الدابة في الصلاة من رواية محمد بن مقاتل عن عبد الله- و هو ابن المبارك- عن يونس' باسناده- و اخرجه ابن حبان (۲۸۴۱) من رواية حبان بن موسى: اخبرنا عبد الله- و هو ابن المبارك ايضا - اخبرنا يونس باسناده- و اخرجه البخاري في التفسير (۴۶۲۴) من رواية حسان بن ابراهيم عن يونس' باسناده-

۱۷۶۵- اخرجه البخاري في الكسوف (۱۰۴۶) باب: خطبة الامام في الكسوف' و ابو داود في الصلاة (۱۱۸۱) باب: من قال: اربع ركعات' كلاهما عن احمد بن صالح باسناده- و ورد من رواية الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن الزهري' باسناده نحوه- اخرجه مسلم في الكسوف (۹۰۱)' و النسائي في الكسوف (۳ / ۱۲۹)' و ابن حبان في الكسوف (۲۸۳۱)' و الطبراني في الكبير (۱۰۶۴۵)- و اخرجه محمد بن الوليد الزبيدي عن الزهري' نحوه- اخرجه مسلم (۹۰۲) في الكسوف-

رَكْعَةٍ رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز ادا کی ہے۔
یہ روایت اسی طرح منقول ہے جیسے سیدہ عائشہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے آپ نے ہر ایک رکعت میں دو مرتبہ رکوع کیا تھا۔

1766 - حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ اَخْبَرَنِی الزُّهْرِیُّ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَرَاَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً يَجْهَرُ بِهَا يَعْنِیْ فِیْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ .قَالَ ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ هٰذِهِ سُنَّةٌ تَفَرَّدَ بِهَا اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ الْجَهْرَ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورج گرہن کی نماز میں) طویل قرأت کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں قرأت کی تھی راوی کہتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز میں ایسا کیا تھا۔

ابن ابوداؤد نامی راوی بیان کرتے ہیں: بلند آواز میں قرأت کرنے کو نقل کرنے میں اہل مدینہ منفرد ہیں۔

1767 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النِّيلِیُّ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الزَّاهِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلَّى فِیْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ ثَمَانِیَ رَكَعَاتٍ فِیْ اَرْبَعِ سَجَدَاتٍ يَقْرَاُ فِیْ كُلِّ رَكْعَةٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند گرہن اور سورج گرہن کی نماز میں چار رکعت میں آٹھ مرتبہ رکوع کیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک رکعت میں قرأت کی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ثابت بن محمد عابد، ابومحمد، (اور ایک قول کے مطابق): ابواسماعیل، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرا[ر]

۱۷۶۶- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱۸۸) باب القراءة في صلاة الكسوف، قال: حدثنا العباس بن الوليد فذكره- و اخرجه ع[ن] الزهري هكذا جماعة: فاخرجه عنه عبد الرحمن بن نمر، و تقدم تخريج حديثه هنا، و هو اول حديث ذكره الدارقطني في الكسوف- [و] اخرجه عقيل بن خالد عن الزهري، به- اخرجه احمد (۶/۶۵)- و اخرجه سفيان بن حسين عن الزهري، به- اخرجه الترمذي في الصلا[ة] (۵۶۳) باب: ما جاء في صفة القراءة في الكسوف-

۱۷۶۷- اخرجه مسلم في الكسوف (۹۰۸) باب: ذكر من قال: انه ركع ثماني ركعات في اربع سجدات، و النسائي في الكسوف (۳/۱۲۸، ۱۲۹) باب: كيف صلاة الكسوف؛ و ابو داود في الصلاة (۱۱۸۳) باب: من قال: اربع ركعات، و البغوي في (شرح السنة) (۱۱۴۴) و احم[د] (۱/۲۲۵، ۳۴۶)، و الدارمي (۱/۳۵۹)، و الطبراني في الكبير (۱۱۰۱۹) من طرق عن سفيان الثوري عن حبيب، باسناده- و قال ابن حبان ف[ي] (صحيحه) (۷/۹۸): ليس بصحيح؛ لان حبيباً لم يسمع من طاوس هذا الخبر)- اه- وقال البيهقي في الكبرى (۳/۳۲۷)، (وحبيب و ا[ن] كان من الثقات، فقد كان يدلس، و لم اجده ذكر سماعه في هذا الحديث عن طاوس، و يحتمل ان يكون حمله عن غير موثوق به ع[ن] طاوس- و قد روى سليمان الاحول عن طاوس عن ابن عباس من فعله: انه صلاها ست ركعات في اربع سجدات؛ فخالفه في الرفع و الع[دد] جميعاً- و فيه علة اخرى: وهي الشذوذ؛ فقد روى غير واحد عن ابن عباس: (انها اربع ركعات، و اربع سجدات)- اه-

دیا ہے۔ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ خطا کر جاتے ہیں۔ یہ راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۸۳۷)۔

1768- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ حَفْصٍ خَالُ النُّفَيْلِيِّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يُصَلِّي فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَّاَرْبَعَ سَجَدَاتٍ وَّقَرَاَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِالْعَنْكَبُوْتِ اَوِ الرُّوْمِ وَفِي الثَّانِيَةِ بِ (يٰس)۔

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گرہن اور چاند گرہن کی نماز میں (دو رکعت میں) چار مرتبہ رکوع کیا تھا اور چار مرتبہ سجدہ کیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی رکعت میں سورۂ عنکبوت اور سورۂ روم کی تلاوت کی تھی' جبکہ دوسری رکعت میں سورۂ یٰسین کی تلاوت کی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف، ابوابراہیم زہری۔ سمع علی بن جعد جوھری، وعلی بن یحییٰ بن بری، ومحمد بن سلام جمحی، واسحاق بن موسیٰ انصاری، وآخرین۔ وروی عنہ عبداللہ بن محمد بغوی، ویحییٰ بن محمد بن صاعد، و قاضی محاملی وغیرھم۔ وکان مذکورا بالعلم وفضل، موصوفاً بالصلاح وزھد، من اھل بیت کلھم علماء ومحدثون، ونقل خطیب انہ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۴/۱۸۱-۱۸۳)۔

1769- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ يُوْنُسَ اَبُوْ يُوْنُسَ الرَّامُ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ. اَلْحَدِيْثَ وَقَالَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اِذَا تَجَلّٰى لِشَيْءٍ مِّنْ خَلْقِهٖ خَشَعَ لَهٗ فَاِذَا كَسَفَ وَاحِدٌ مِّنْهُمَا فَصَلُّوْا وَادْعُوْا .

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں سورج گرہن ہو گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج اور چاند یہ دونوں نشانیاں ہیں۔

۱۷۶۸- تقدم تخریج حدیث عائشة من وجوه عن الزهري- و تفرد الدارقطني برواية اسحاق ابن راشد عنه- و سعيد بن حفص خال النفيلي: قال ابن القطان: لا اعرف حاله: كما في نصب الراية (۲/۲۳۱)-

۱۷۶۹- سبق قريباً قول الدارقطني: (الحسن لم يسمع من ابي بكرة) لكن تعقبه العلائي في ذلك في كتابه (جامع التحصيل) ص (۱۹۶) و بين ان البخاري روى للحسن عن ابي بكرة غيرما حديث-و قد اورد الدارقطني الحديث هنا و في الذي بعده من وجهين عن الحسن- و قد ورد من وجوه عن الحسن كالتالي :فاخرجه يونس بن عبيد عن الحسن' به- اورده الدارقطني في الرواية الآتية' و شاركه فيه النسائي في الكسوف (۳/۱۲۶-۱۲۷) باب: الامر بالصلاة عن الكسوف حتى تنجلي' و ابن حبان في الكسوف (۲۸۳۳) (۲۸۳۵)- و من هذا الوجه ايضاً: اخرجه البخاري في الكسوف (۱۰۴۰) باب: الصلاة في كسوف الشمس' و (۱۰۴۸) (۱۰۶۲) (۱۰۶۳) كل ذلك في الكسوف- و في اللباس (۵۷۸۵) باب: من جر ازاره' و ابن خزيمة (۱۳۷۴)- و اخرجه مبارك بن فضالة عن الحسن' به- اخرجه ابن حبان (۲۸۳۴)-و اخرجه اشعث عن الحسن' به- اخرجه النسائي في الكسوف (۳/۱۴۷'۱۴۶) و الحاكم في المستدرك (۱/۳۳۴-۳۳۵) و حسن اسناده الامام الذهبي - و صححه ابن حبان (۲۸۳۷)-

اس روایت میں یہ بھی ہے' آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی چیز پر تجلی کرتا ہے تو وہ اس کی بارگاہ میں خشوع وخضوع کے ساتھ (جھک جاتی ہے) تو جب ان دونوں میں سے کوئی ایک گرہن ہو جائے تو تم نماز ادا کرو اور دعا مانگو۔

1770- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا عِیْسَی بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ الْبُنَانِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِیْنَارٍ الطَّاحِیُّ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا تَجَلّٰی لِشَیْءٍ مِّنْ خَلْقِهٖ خَشَعَ لَهٗ . تَابَعَهٗ نُوْحُ بْنُ قَیْسٍ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ عُبَیْدٍ.

★★ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی چیز کے لیے تجلی فرماتا ہے تو وہ اس کی بارگاہ میں جھک جاتی ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن محبوب، بنانی -بضم موحدة وخفة نون- بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 223ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۲۰۴)۔

○ محمد بن دینار ازدی، ثم طاحی- ابوبکر بن ابی فرات بصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان پر یہ الزام ہے' یہ ''قدریہ'' عقائد کے مالک تھے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۱۶۰)۔

1771- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَصْطَخْرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَوْفَلٍ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ یَعِیْشَ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ بْنُ بُكَیْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شَمِرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ اِنَّ لِمَهْدِیِّنَا اٰیَتَیْنِ لَمْ تَكُوْنَا مُنْذُ خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ تَنْكَسِفُ الْقَمَرُ لِاَوَّلِ لَیْلَةٍ مِّنْ رَمَضَانَ وَتَنْكَسِفُ الشَّمْسُ فِی النِّصْفِ مِنْهُ وَلَمْ تَكُوْنَا مُنْذُ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ.

★★ محمد بن علی (اس سے مراد امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ ہو سکتے ہیں) فرماتے ہیں: ہمارے مہدی کی دو نشانیاں ہیں جو آسمان وزمین کی تخلیق کے بعد کبھی رونما نہیں ہوئیں' وہ رمضان کی پہلی رات میں چاند گرہن ہونا اور پندرھویں تاریخ کو سورج گرہن ہونا آسمان وزمین کو جب اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا' تو اس وقت سے لے کر اب تک (اس تاریخ میں یہ دونوں گرہن نہیں ہوئے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عبداللہ بن حارث بن عبد مطلب، ہاشمی نوفلی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔

راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۷۵/۲)۔

○ عبید بن یعیش، محاملی، ابومحمد، کوفی عطار، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 228ھ یا اس کے بعد میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۴٦/۱)۔

1772- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ لَا یَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیَاتِهٖ وَلٰكِنَّهُمَا اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا رَاَیْتُمُوْهُمَا فَصَلُّوْا ۔

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' یہ دونوں کسی کے مرنے یا کسی کے پیدا ہونے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے' یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں' جب تم ان دونوں کو (گرہن کی حالت میں) دیکھو تو نماز (کسوف) ادا کرو۔

۱۷۷۲- اخرجه البخاري في الكسوف (۱۰٤۲) باب: الصلاة في الكسوف' و في بدء الخلق (۳۲۰۱) باب: صفة الشمس والقمر' و مسلم في الكسوف (۹۱٤) باب: ذكر النداء بصلاة الكسوف الصلاة جامعة' و النسائي في الكسوف (۱۲۵/۳-۱۲٦) باب: الامر بالصلاة عند كسوف الشمس' و احمد (۱۰۹/۲)' و ابن حبان (۲۸۲۸)' و الطبراني في الكبير (۱۳۰۹۵) من طرق عن ابن وهب باسناده- وله شاهد من حديث ابي مسعود الانصاري- اخرجه الشافعي في مسنده (٤۸۳) عن سفيان عن اسماعيل بن ابي خالد عن قيس بن ابي حازم عن ابي مسعود الانصاري' نحوه- وله شاهد آخر عن المغيرة بن شعبة' نحوه- اخرجه البخاري في الكسوف (۱۰٦۰)' و في الادب (٦۱۹۹)' و مسلم في الكسوف (۹۱۵)' و ابن حبان (۲۸۲۷)' و الطبراني في الكبير (۱۰۱٤) (۱۰۱۵) (۱۰۱٦) من طرق عن زياد بن علاقة عن المغيرة بن شعبة' نحوه-

كِتَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ

نماز استسقاء

1-باب

بلاعنوان

1773- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعْدِ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْعُمَرِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ مَوْلَى اُمِّ يَحْيَى بِنْتِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُولُ خَرَجَ نَبِيٌّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِي فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ ارْجِعُوا فَقَدِ اسْتُجِيبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ شَاْنِ هٰذِهِ النَّمْلَةِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک مرتبہ ایک نبی لوگوں کے ساتھ نماز استسقاء ادا کرنے کے لیے نکلے وہاں ایک چیونٹی بھی تھی جس نے اپنے پاؤں (یعنی ہاتھ) آسمان کی طرف اُٹھائے ہوئے تھے تو اس نبی نے فرمایا: تم لوگ واپس چلے جاؤ کیونکہ اس چیونٹی کی وجہ سے تمہاری دعا قبول کر لی گئی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن محمد بن عبید بن عبداللہ بن حساب، ابوحسن بزاز، نقل بغدادی قول ابی حسین بن المنتیم: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ امینا، حافظا عارفا۔ ان کا انتقال 330ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۷۴/۱۲)۔

○ عبدعزیز بن ابی سلمة بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر ابوعبدالرحمٰن، مدنی، نزیل بغداد، لا باس بہ، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۰۹/۱)۔

۱۷۷۳- اخرجه الحاكم (۱/۳۲۵-۳۲۶): حدثنا ابو الحسن علي بن محمد بن عقبة الشيباني بالكوفة ثنا ابراهيم بن اسحاق الزهري ثنا عبد العزيز به- و قال: (صحيح الاسناد و لم يخرجاه)-(و محمد بن عون و ابوه لم اجد من ترجمهما)- و قال الالباني في الارواء (۱۳۷/۳): (و الغالب في مثلهما الجهالة)- اه- لكن الحديث اخرجه الطحاوي في مشكل الآثار (۲۷۲/۱) قال: حدثنا محمد بن عزيز حدثنا سلامة بن روح عن عقيل عن ابن شهاب به- و اخرجه الخطيب في التاريخ (۶۰/۱۲) و هو ضعيف الاسناد ايضا- و اخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم (۴۹۲۱) عن معمر عن الزهري ان سليمان بن داود خرج هو و اصحابه يستسقون فراى نملة الخ نحوه- و انظر: تلخيص الحبير (۹۸/۲)-

نمازِ استسقاء کے حکم کے بارے میں فقہاء کی وضاحت

نمازِ استسقاء کے حکم کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:

علماء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے' بارش نازل ہونے کے لیے دعا مانگنے کے لیے شہر سے باہر نکلنا' اس کے لیے دعا مانگنا' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں خشیت اور آہ وزاری کا اظہار کرنا ایک ایسی سنت ہے جو نبی اکرم ﷺ نے قائم کی ہے' البتہ بارش طلب کرنے کے لیے نماز ادا کرنے میں علماء کا اختلاف پایا جاتا ہے۔

جمہور علماء اس بات کے قائل ہیں: نمازِ استسقاء ادا کرنا سنت ہے' البتہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک استسقاء کی سنت میں نماز پڑھنا شامل نہیں ہے' اختلاف کا سبب یہ ہے: بعض احادیث میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم ﷺ نے بارش کے حصول کے لیے دعا مانگی تھی۔ اور نماز ادا کی تھی جبکہ بعض روایات میں نماز ادا کرنے کا تذکرہ نہیں ہے۔

نمازِ استسقاء کی دلیل میں مشہور ترین روایت وہ ہے جس کو عباد بن تمیم نے اپنے چچا کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

نبی اکرم ﷺ بارش کی دعا مانگنے کے لیے لوگوں کے ساتھ تشریف لے گئے' آپ ﷺ نے انہیں دو رکعت نماز پڑھائی' اس میں بلند آواز میں قرأت کی' آپ نے اپنے دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کیے' پھر آپ نے اپنی چادر کو پلٹ دیا اور قبلہ کی طرف رخ کرلیا اور بارش کے لیے دعا کی۔

اس روایت کو امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کیا ہے۔

بعض وہ روایات جن میں بارش طلب کرنے اور دعا مانگنے کا ذکر ہے' لیکن نماز کا ذکر نہیں ہے' ان میں سے ایک روایت وہ ہے جو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' جسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مویشی تباہ ہو گئے ہیں' راستے ختم ہو گئے ہیں' آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے' نبی اکرم ﷺ نے دعا کی تو اس جمعہ سے لے کر اگلے جمعہ تک بارش ہوتی رہی۔

اس سلسلے کی دوسری روایت حضرت عبداللہ بن زید مازنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' جس کے الفاظ یہ ہیں:

نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لے گئے' آپ نے بارش کے لیے دعا کی' جب آپ نے قبلہ کی طرف رخ کیا تو چادر کو پلٹا دیا۔

اس میں بھی نماز پڑھنے کا تذکرہ نہیں ہے۔

جن حضرات نے اس حدیث کے ظاہری مفہوم پر عمل کیا ہے' انہوں نے اس کی تائید میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی روایت کو بھی نقل کیا ہے' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بارش کی دعا مانگنے کے لیے نکلے تھے تو انہوں نے نماز ادا نہیں کی تھی۔

جمہور کے حق میں دلیل یہ پیش کی جاتی ہے' اس میں راوی نے کسی ایسی چیز کا ذکر نہیں کیا' اسی لیے یہ ان لوگوں کے خلاف حجت نہیں ہو سکتی' جو نماز کا تذکرہ کرتے ہیں۔

احادیث کے اختلاف کی وجہ سے جو بات میری سمجھ میں آتی ہے' وہ یہ ہے: نمازِ استسقاء کی صحت کے لیے یہ بات شرط نہیں ہے' کیونکہ یہ بھی ثابت ہے' نبی اکرم ﷺ نے بارش کے لیے منبر پر ہی دعا کی تھی۔

لیکن یہ کہنا بھی درست نہیں ہے' نماز استسقاء ادا کرنا سرے سے سنت ہی نہیں ہے جیسا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کہا ہے۔

جن حضرات نے نماز استسقاء کو سنت قرار دیا ہے' ان سب کا اس بات پر اتفاق ہے' اس میں خطبہ دینا بھی سنت میں شامل ہے' کیونکہ اس بارے میں منقول احادیث میں اس بات کا تذکرہ ہے۔

شیخ ابن المنذر یہ کہتے ہیں: یہ بات ثابت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز استسقاء ادا کی تھی اور اس میں خطبہ دیا تھا۔

علماء میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' یہ خطبہ نماز سے پہلے ہوگا یا نماز کے بعد ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے: اس بارے میں مذکور احادیث میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔

ایک گروہ نے عیدین کی نماز پر قیاس کرتے ہوئے یہ بات بیان کی ہے' نماز استسقاء میں بھی خطبہ نماز کے بعد دیا جائے گا۔

امام شافعی اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں۔

شیخ لیث بن سعد نے یہ بات بیان کی ہے' اس میں خطبہ نماز سے پہلے ہوگا۔

شیخ ابن المنذر رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات منقول ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش کے لیے دعا کی تھی اور نماز سے پہلے خطبہ دیا تھا۔

اسی طرح کی ایک روایت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی ہے اور ہم بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

ابن رُشد یہ کہتے ہیں: امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات مختلف حوالوں سے نقل کی ہے' ہمارے علم کے مطابق جن راویوں نے نماز استسقاء میں خطبہ دینے کا ذکر کیا ہے' ان سب نے نماز سے پہلے خطبے کا تذکرہ کیا ہے۔

اس بارے میں علماء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے' نماز استسقاء میں بلند آواز سے قرأت کی جائے گی۔

علماء کے درمیان اختلاف اس بارے میں پایا جاتا ہے' عیدین کی نماز کی طرح اس میں بار بار تکبیر کہی جائے گی یا نہیں؟

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: اس میں دوسری عام نمازوں کی طرح تکبیر کہی جائے گی۔

جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: اس میں عیدین کی نماز کی طرح اضافی تکبیریں کہی جائیں گی۔

اختلاف کا سبب یہ ہے: اس نماز کو عیدین کی نماز پر قیاس کیا جائے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مسلک کی تائید میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول یہ روایت دلیل کے طور پر پیش کی ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں ہمیں دو رکعات اسی طرح پڑھائیں' جس طرح آپ ہمیں عیدین کی نماز پڑھاتے تھے۔

علماء کا اس بات پر بھی اتفاق پایا جاتا ہے' نماز استسقاء میں یہ بات بھی سنت ہے' امام قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو کر دعا مانگے' اپنی چادر کو پلٹ دے اور دونوں ہاتھوں کو بلند کرے جیسا کہ احادیث میں یہ بات مذکور ہے۔

البتہ اس کی کیفیت کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' اسی طرح اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ اس فعل کو کس وقت سرانجام دیا جائے گا۔

اس کی کیفیت کے بارے میں جمہور کا یہ اتفاق ہے' چادر کے دائیں ہاتھ والے حصے کو بائیں ہاتھ پر ڈال دیا جائے گا اور بائیں ہاتھ والے حصے کو دائیں ہاتھ پر ڈال دیا جائے گا۔

امام شافعی رحمہ اللہ اس بات کے قائل ہیں: چادر کے اوپر والے حصے کو نیچے کر دیا جائے گا اور نیچے والے حصے کو اوپر کر دیا جائے گا۔ بائیں ہاتھ والے کو دائیں ہاتھ پر ڈال دیا جائے گا اور دائیں ہاتھ والے حصے کو بائیں ہاتھ پر ڈال دیا جائے گا۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب تو یہی ہے' اس بارے میں منقول احادیث میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بارش کی دعا مانگنے کے لیے عیدگاہ تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف رخ کیا' آپ نے اپنی چادر کو پلٹا دیا اور دو رکعت نماز ادا کی۔

بعض روایات میں یہ بات مذکور ہے: راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں طرف کے حصے کو بائیں طرف اور بائیں طرف کے حصے کو دائیں ہاتھ پر رکھا تھا' یا اوپر والے حصے کو نیچے کی طرف کر دیا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں! بلکہ بائیں طرف کے حصے کو دائیں ہاتھ پر رکھا تھا اور دائیں طرف والے حصے کو بائیں ہاتھ پر رکھ دیا تھا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں یہ صراحت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش کے لیے دعا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت ایک سیاہ چادر اوڑھی ہوئی تھی' آپ نے اس کے نیچے کے حصے کو اوپر کر دیا' جب وہ کپڑا بھاری محسوس ہوا تو آپ نے اسے اپنے کندھے پر ہی پلٹ دیا۔

چادر پلٹنے کا یہ عمل کس وقت سرانجام دیا جائے گا؟

امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ اس بات کے قائل ہیں: خطبے سے فارغ ہونے کے بعد امام چادر کو پلٹ دے گا۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: وہ اپنی چادر کو اس وقت پلٹ دے گا جب خطبے کا ابتدائی حصہ گزر چکا ہو۔

ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمہ اللہ بھی اس بات کے قائل ہیں: تمام فقہاء اس بات کے قائل ہیں: جب امام قیام کی حالت میں ہو اور اس وقت اپنی چادر کو پلٹ دے تو مقتدی بھی بیٹھے اپنی چادر کو پلٹ دے گا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے:

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے''۔

البتہ امام محمد بن حسن شیبانی' امام لیث بن سعد اور امام مالک رحمہ اللہ کے بعض شاگردوں کی رائے اس سے مختلف ہے' ان حضرات کے نزدیک مقتدی اپنی چادریں نہیں اُلٹائیں گے' کیونکہ یہ بات منقول نہیں ہے۔

علماء کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے' نمازِ استسقاء کے لیے نکلنے کا وقت وہی ہے جو نمازِ عیدین کے نکلنے کا وقت ہے۔

صرف شیخ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم اس بات کے قائل ہیں: نمازِ استسقاء کے لیے نکلنے کا وقت وہ ہے جب سورج ڈھل جاتا ہے۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

نبی اکرم ﷺ نمازِ استسقاء ادا کرنے کے لیے اس وقت نکلے جب سورج کی شعاعیں نمودار ہو چکی تھیں [1]

1774- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی الثَّلْجِ حَدَّثَنَا جَدِّی حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الطَّبَّاعُ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ اسْتَسْقَى رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ لِيَتَحَوَّلَ الْقَحْطُ.

★★ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بارش کی دعا مانگتے ہوئے اپنی چادر کو اُلٹا دیا تا کہ قحط سالی ختم ہو جائے۔

1775- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ تَمِيمٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَرَجَ اِلَى الْمُصَلَّى يَسْتَسْقِي فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَلَبَ رِدَاءَهُ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ـ قَالَ سُفْيَانُ جَعَلَ الْيَمِينَ عَلَى الشِّمَالِ وَالشِّمَالَ عَلَى الْيَمِينِ.

★★ عباد بن تمیم اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ عیدگاہ کی طرف تشریف لے گئے تا کہ نمازِ استسقاء

---

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی کتاب الصلوٰۃ الباب السابع فی صلوٰۃ الاستسقاء

۱۷۷٤- اخرجه البيهقي في سننه (۳/۳۵۱) كتاب صلاة الاستسقاء باب ما قيل من المعنى في تحويل الرداء من طريق الدارقطني مرسلاً- و اخرجه الحاكم (۱/۳۲٦): اخبرنا ابو عبد الله الحافظ ثنا ابو جعفر عبد الله بن اسماعيل بن ابراهيم بن المنصور املاء محمد بن يوسف بن عيسى الطباع حدثني اسحاق بن عيسى ثنا حفص بن غياث عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر...... فذكره موصولاً- و من طريق الحاكم اخرجه البيهقي في سننه (۳/۳۵۱)- و قد صححه الحاكم في المستدرك و وافقه الذهبي-

۱۷۷۵- اخرجه مالك في الاستسقاء (۱/۱۹۰) باب: العمل في الاستسقاء و البخاري في الاستسقاء (۱۰۰۵) باب: الاستسقاء و خروج النبي صلى الله عليه وسلم في الاستسقاء و (۱۰۱۲) باب تحويل الرداء في الاستسقاء و (۱۰۲٦) باب: صلاة الاستسقاء ركعتين و (۱۰۲۷) الاستسقاء في المصلى و مسلم في الاستسقاء (۸۹٤) و النسائي في الاستسقاء (۳/۱۵۷) و ابن ماجه في الاقامة (۱۲٦۷) باب: ما جاء صلاة الاستسقاء و ابن خزيمة (۱٤۰٦) (۱٤۱٤) و الطحاوي في المعاني (۱/۳۲۳، ۳۲٤) و احمد في المسند (٤/۳۹، ٤۱) من طرق عن عبد الله بن ابي بكر باسناده- و اخرجه ابن ابي ذئب عن الزهري عن عباد بن تميم باسناده- اخرجه البخاري في الاستسقاء (۱۰۲٤) (۱۰۲۵) ابو داود في الصلاة (۱۱٦۲) باب: جماع ابواب صلاة الاستسقاء و تفريعها و النسائي في الاستسقاء (۳/۱۵۷، ۱٦٤) و ابن حبان الاستسقاء (۲۸٦٤) (۲۸٦۵) من طرق عن ابن ابي ذئب به- و اخرجه جماعة عن الزهري عن عباد باسناده نحوه: فاخرجه معمر عن الزهري- اخرجه عبد الرزاق (٤۸۸۹) و من طريق الترمذي (۵۵٦) في الاستسقاء و قال الترمذي: (حسن صحيح)- و اخرجه ابو داود (۱۱٦۱) و احمد (٤/۳۹) و ابن خزيمة (۱٤۱۰)- و اخرجه الزبيدي عن الزهري به- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱٦۳)- و اخرجه شعيب عن الزهري به- اخرجه البخاري في الاستسقاء (۱۰۲۳) والنسائي (۳/۱۵۸) و الدارمي (۱/۳٦۱) و الطحاوي في المعاني (۱/۳۲۳) و ابن خزيمة (۱٤۱۰) و احمد (٤/٤۰)- و اخرجه يونس عن الزهري به- اخرجه مسلم في الاستسقاء (۸۹٤) و ابو داود (۱۱٦۲) و النسائي (۳/۱٦۳) و ابن حبان (۲۸٦٦)- وورد من وجوه اخرى عن عباد بن تميم به- فاخرجه ابو بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن عباد- اخرجه البخاري في الدعوات (٦۳٤۳) باب: الدعاء مستقبل القبلة و سياتي تخريجه ان شاء الله قريبا- واخرجه عمرو بن يحيى عن عباد- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱٦٤) و ابن خزيمة (۱٤۱۵) وابن حبان (۲۸٦۷) و الطحاوي في المعاني اخرجه عمارة بن غزية عن عباد به- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱٦٤) و ابن خزيمة (۱٤۱۵) وابن حبان (۲۸٦۷) و الطحاوي في المعاني (۱/۳۲٤) و احمد (٤/٤۰، ٤۱)-

ادا کریں (دعا مانگتے ہوئے) آپ ﷺ نے قبلہ کی طرف رخ کیا' آپ نے اپنی چادر کو اُلٹا دیا اور دو رکعت (نماز استسقاء) ادا کی۔

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: چادر کو اُلٹا کرتے ہوئے نبی اکرم ﷺ نے اس کے دائیں حصے کو بائیں طرف اور بائیں حصے کو دائیں طرف کر دیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابراہیم بن نیروز، ابوبکر انماطی، ذکر بغدادی انہ من شیوخ دارقطنی ثقات۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱/ ۴۰۸)۔

1776- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ طَلْحَةَ قَالَ اَرْسَلَنِيْ مَرْوَانُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنْ سُنَّةِ الْاِسْتِسْقَاءِ فَقَالَ سُنَّةُ الْاِسْتِسْقَاءِ سُنَّةُ الصَّلَاةِ فِي الْعِيْدَيْنِ اِلَّا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَلَبَ رِدَاءَهُ فَجَعَلَ يَمِيْنَهُ عَلٰى يَسَارِهِ وَيَسَارَهُ عَلٰى يَمِيْنِهِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَبَّرَ فِي الْاُوْلٰى سَبْعَ تَكْبِيْرَاتٍ وَّقَرَاَ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَّقَرَاَ فِي الثَّانِيَةِ (هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ) وَكَبَّرَ فِيْهَا خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ .

☆☆ طلحہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: مروان نے مجھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تاکہ میں ان سے نماز استسقاء کا سنت طریقہ دریافت کر سکوں تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: استسقاء (یعنی بارش کی دعا کے لیے) سنت یہ ہے: عیدگاہ میں نماز استسقاء ادا کی جائے' البتہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر کو اُلٹا بھی دیا تھا' آپ ﷺ نے اس کے دائیں حصے کو بائیں طرف اور بائیں حصہ کو دائیں طرف کر دیا تھا' آپ ﷺ نے دو رکعت نماز ادا کی تھی' آپ ﷺ نے پہلی رکعت میں سات بار تکبیر کہی تھی اور سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کی تھی' جبکہ دوسری رکعت میں سورۃ الغاشیہ کی تلاوت کی' آپ ﷺ نے دوسری رکعت میں پانچ مرتبہ تکبیر کہی تھی۔

1777- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَسْتَسْقِيْ بِالنَّاسِ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ وَجَهَرَ بِالْقِرَاءَةِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ وَرَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُوْ فَدَعَا وَاسْتَسْقٰى وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ.

☆☆ عباد بن تمیم اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ بارش کی دعا مانگنے لوگوں کے ساتھ نکلے' آپ نے وہاں لوگوں کو دو رکعات پڑھائیں جن میں آپ نے بلند آواز میں قرأت کی۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر کو اُلٹا دیا اور اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگی۔ آپ نے بارش کے نزول کی دعا کی۔ آپ کا رُخ قبلہ کی طرف تھا۔

۱۷۷۶- اخرجه الحاكم في الاستسقاء (۱/ ۳۲۶) و صححه من رواية سهل بن بكار به- و تعقبه الذهبي في (التلخيص) بقوله: (ضعف عبد العزيز)- اه- و اخرجه البيهقي في الاستسقاء (۳/ ۳۴۸) من طريق الحاكم و قال: (محمد بن عبد العزيز هذا غير قوي)- و محمد بن عبد العزيز ضعفه ابو حاتم الرازي و تركه النسائي- و قال البخاري: منكر الحديث-

1778- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ "هَانِئٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَرَجَ بِالنَّاسِ إِلَى الْمُصَلَّى يَسْتَسْقِي بِهِمْ فَدَعَا اللَّهَ تَعَالَى قَائِمًا ثُمَّ تَوَجَّهَ قِبَلَ الْقِبْلَةِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ فَسُقُوا.

★★ عباد بن تمیم اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ بارش کی دعا مانگنے لوگوں کے ساتھ نکلے آپ عیدگاہ تشریف لائے وہاں آپ نے بارش کے لیے دعا مانگی' نبی اکرم ﷺ نے کھڑے ہو کر اللہ سے دعا کی' قبلہ کی طرف رخ کر کے اور اپنی چادر کو اُلٹا دیا تو لوگوں کو سیراب کر دیا گیا (یعنی بارش نازل ہوگئی)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن حانی، ابواسحاق نیشاپوری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ فاضل۔ ان کا انتقال 265ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲۰۶/۶)۔

1779- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ فِي الْعِيدَيْنِ وَالِاسْتِسْقَاءِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ عیدین اور استسقاء کی نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتے تھے۔

1780- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَسْتَسْقِي فَخَطَبَ النَّاسَ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ أَقْبَلَ بِوَجْهِهِ إِلَى الْقِبْلَةِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ.

★★ عباد بن تمیم اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ بارش کی دعا مانگنے کے لیے تشریف لائے' آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' جب آپ دعا مانگنے لگے تو آپ ﷺ نے اپنا رخ قبلہ کی طرف کیا اور اپنی چادر اُلٹا دیا۔

1781- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَ

۱۷۷۹- في اسناده عبد الله بن نافع' وهو ضعيف تقدمت ترجمته' لكن اجمعوا على ان القراءة في الاستسقاء جهرا' كما ذكر ابن رشد (بداية المجتهد) (۱۷۵/۲)۔

۱۷۸۰- اخرجه البخاري في الاستسقاء (۱۰۲۸) و مسلم (۸۹۴)' و النسائي (۱۶۲/۳) باب: كم صلاة الاستسقاء' و ابن ماجه في الاقامة (۱۲۶۷)' و ابن خزيمة (۱۴۰۷)' و الطحاوي في المعاني (۳۲۳/۱-۳۲۴)' و الدارمي (۳۶۰/۱) من طريق ابي بكر بن محمد باسناده۔

★★ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ عبداللہ بن زید کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل منقول ہے۔

1782- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَاضِي الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَارِثِ اللَّيْثُ بْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَبِيعَةَ بْنِ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ اَنَّهُ سَمِعَ جَدَّهُ هِشَامَ بْنَ اِسْحَاقَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عُتْبَةَ اَمِيرَ الْمَدِينَةِ اَرْسَلَهُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ح.

وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَبِيعَةَ بْنِ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عُتْبَةَ اَمِيرَ الْمَدِينَةِ اَرْسَلَهُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِي سَلْهُ كَيْفَ صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْاِسْتِسْقَاءِ يَوْمَ اسْتَسْقَى بِالنَّاسِ فَقَالَ نَعَمْ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مُتَخَشِّعًا مُتَذَلِّلًا فَصَنَعَ فِيهِ كَمَا يَصْنَعُ فِي الْفِطْرِ وَالْاَضْحَى .وَقَالَ الْقَاضِي فِي حَدِيثِهِ مُتَبَذِّلًا وَّلَمْ يَقُلْ مُتَذَلِّلًا.

★★ اسحٰق بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ کے گورنر ولید بن عتبہ نے انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا' اس نے کہا: اے میرے بھتیجے! تم ان سے یہ دریافت کرنا کہ نبی اکرم ﷺ نے بارش کی دعا کے سلسلے میں کیا کیا تھا' جب آپ نے لوگوں کے لیے بارش کی دعا مانگی تھی تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ خشوع وخضوع کی کیفیت کے ساتھ تشریف لے گئے تھے' آپ نے وہاں اسی طرح کیا تھا جس طرح عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز میں کرتے ہیں۔

یہاں پر ایک لفظ نقل کرنے میں راوی نے اختلاف کیا ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسماعیل بن ربیعۃ بن ھشام بن اسحاق۔ ذکرہ مزی فی تہذیب الکمال فیمن روی عن جدہ ھشام آتی ترجمتہ۔

○ ہشام بن اسحاق بن عبداللہ بن حارث بن کنانۃ، ابوعبدالرحمٰن مدنی، قرشی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۳۱۷)۔

۱۷۸۲- اخرجه الدارقطني هنا و في الذي بعده' من طريق هشام بن اسحاق' باسناده-وقد ورد من طرق عن هشام: فاخرجه اسماعيل بن ربيعة بن هشام بن اسحاق عن هشام بن اسحاق' به-اخرجه ابن خزيمة (۱۴۱۹) و الحاكم (۱/۳۲۶) و الطبراني في الكبير (۱۰۸۱۹) و احمد (۱/۲۶۹)- و اخرجه حاتم بن اسماعيل عن هشام' به- اخرجه ابو داود في الصلاة (۱۱۶۵) باب: جماع ابواب صلاة الاستسقاء و تفريعها' و الترمذي في الصلاة (۵۵۸) باب ما جاء في صلاة الاستسقاء' والنسائي في الاستسقاء (۳/۱۵۶) باب: جلوس الامام على المنبر للاستسقاء' و البيهقي في الكبرى (۳/۳۴۴) و الطحاوي في المعاني (۱/۳۲۴) باب: صلاة الاستسقاء- وسياتي في الذي بعده من رواية سفيان عن هشام-

○ اسحاق بن عبداللہ بن حارث بن کنانۃ عامری، (اور ایک قول کے مطابق): ثقفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۶۹)۔

1783- حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ ح وَحَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَيُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كِنَانَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ اَرْسَلَنِي اَمِيرٌ مِنَ الْاُمَرَاءِ اِلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنِ الْاِسْتِسْقَاءِ- وَقَالَ هَارُوْنُ وَيُوْسُفُ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ- فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا مَنَعَهُ اَنْ يَسْاَلَنِي خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مُتَوَاضِعًا مُتَبَذِّلًا مُتَخَشِّعًا مُتَضَرِّعًا مُتَرَسِّلًا فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَمَا يُصَلِّي فِي الْعِيْدِ وَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ هٰذِهِ .

☆☆ ہشام بن اسحاق اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک امیر نے مجھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تا کہ میں ان سے نماز استسقاء کے بارے میں دریافت کروں۔ ہارون اور یوسف نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

تا کہ میں ان سے بارش کی دعا کے سلسلے میں پڑھی جانے والی نماز کے بارے میں دریافت کرسکوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس نے خود مجھ سے کیوں نہیں دریافت کیا' (پھرانہوں نے بتایا:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خشوع وخضوع کے عالم میں گریہ وزاری کی کیفیت میں (عیدگاہ) تشریف لے گئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت اس طرح ادا کی تھی جس طرح آپ عید کی نماز میں ادا کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں کی طرح خطبہ نہیں دیا تھا۔

1784- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمٍ وَالْقَوَارِيرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيدٍ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ

۱۷۸۳- اخرجه الترمذي في الصلاة (۵۵۹) باب: ما جاء في صلاة الاستسقاء' و النسائي في الاستسقاء (۳/ ۱۶۳) باب: كيف صلاة الاستسقاء! و احمد (۱/ ۲۳۰)' و ابن خزيمة (۱۴۰۵)' و ابن حبان (۲۸۶۲)' و ابن ماجه في الاقامة (۱۲۶۶)' و الحاكم في الاستسقاء (۱/ ۳۲۶-۳۲۷)' و البيهقي في الاستسقاء (۳/ ۳۴۴) من طريق وكيع باسناده-وقال الترمذي: (حسن صحيح)- و اخرجه عبد الرحمن عن سفيان به- اخرجه النسائي (۳/ ۱۵۶)' و ابن خزيمة (۱۴۰۸)- و اخرجه ابو نعيم عن سفيان' به- اخرجه الطبراني في الكبير (۱۰۸۱۸)-

۱۷۸۴- اخرجه الدارقطني من طرق عن سعيد عن قتادة عن انس' فاخرجه من طريق يزيد ابن زريع ويحيى بن سعيد القطان' و خالد بن الحارث وابي اسامة' كلهم عن سعيد بن ابي عروبة عن قتادة عن انس- ورواياتهم كالتالي: رواية يزيد عن سعيد بن ابي عروبة: اخرجها البخاري في المناقب (۳۵۶۵) باب: صفة النبي صلى الله عليه وسلم ' و ابو داؤد في الصلاة (۱۱۷۰) باب: رفع اليدين في الاستسقاء-ورواية خالد بن الحارث و ابي اسامة: تفرد بهما الدارقطني -ورواية يحيى بن سعيد عن سعيد بن ابي عروبة: اخرجها البخاري في الاستسقاء (۱۰۳۱) باب: رفع الامام يده في الاستسقاء' و مسلم في الاستسقاء (۸۹۵) باب: رفع اليدين بالدعاء في الاستسقاء' النسائي في الاستسقاء (۳/ ۱۵۸) باب: كيف يرفع ؟' و البغوي في (شرح السنة) (۱۱۶۳)- و تابعهم ابن ابي عدي عن سعيد' به- اخرجه البخاري في الاستسقاء (۱۰۳۱)' و مسلم في الاستسقاء (۸۹۵)- و اخرجه عبد الاعلى عن سعيد' به- اخرجه مسلم (۸۹۵)- و اخرجه محمد بن جعفر عن سعيد' به- اخرجه احمد (۳/ ۲۸۲)- و اخرجه عبدة عن سعيد به- اخرجه الدارمي (۱/ ۳۶۱)-وقد ورد الحديث من طريق ثابت عن انس' نحوه- اخرجه مسلم في الاستسقاء (۸۹۵)' و النسائي في قيام الليل (۳/ ۲۴۹) باب: ترك رفع اليدين في الدعاء في الوتر' و ابن خزيمة في صحيحه (۱۴۱۲)' و البغوي في شرح السنة (۱۱۶۴)' و كذلك ابو داؤد في الاستسقاء (۱۱۷۱)-

قَالُوْا حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ لاَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِىْ شَىْءٍ مِّنَ الدُّعَاءِ اِلَّا عِنْدَ الْاِسْتِسْقَاءِ فَاِنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ .هٰذَا حَدِيْثُ اَبِىْ اُسَامَةَ وَقَالَ ابْنُ مَنِيْعٍ فِىْ حَدِيْثِهٖ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَمْ يَكُنْ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِىْ شَىْءٍ مِّنَ الدُّعَاءِ اِلَّا فِى الْاِسْتِسْقَاءِ فَاِنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف بارش کی دعا مانگتے ہوئے دعا کے دوران ہاتھ اُٹھائے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دوران اتنے ہاتھ بلند کیے تھے کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی تھی۔

ایک اور سند کے ہمراہ یہ الفاظ منقول ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگتے ہوئے کبھی ہاتھ بلند نہیں کیے' صرف بارش کی دعا مانگتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا تھا اور ہاتھوں کو اتنا بلند کیا تھا' آپ کی بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی تھی۔

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

جنائز کا بیان

1-باب الْمَشْيِ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

باب 1: جنازے کے آگے چلنا

1785- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ كَانُوْا يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے آگے چلا کرتے تھے۔

•••——•••——•••

جنازے کے آگے چلنے کا حکم

''الکافی'' کے مصنف حاکم شہید تحریر کرتے ہیں: ہمارے نزدیک اس (جنازے) کے آگے چلنے میں کوئی حرج نہیں ہے تاہم اس کے پیچھے چلنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سرخسی تحریر کرتے ہیں:

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جنازے کے آگے چلنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ان کی دلیل وہ روایت ہے' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما جنازے کے آگے چلا کرتے تھے۔

۱۷۸۵- اخرجه البيهقي في المعرفة (۷٤۸۲) و الحميدي (٦۰۷) و من طريقه ابن حبان (۳۰٤۷) و اخرجه ايضاً ابن ابي شيبة (۲۷۷/۳) في باب: المشي امام الجنازة' و الطيالسي (۱۸۱۷) و احمد (۸/۲) و ابو داود في الجنائز (۳۱۷۹) باب: المشي امام الجنازة' و الترمذي في الجنائز (۱۰۰۸) باب: ما جاء في المشي امام الجنازة' و النسائي في الجنائز (٥٦/٤) باب: مكان الماشي امام الجنازة' و الطحاوي في المعاني (٤۷۹/۱) باب: المشي في الجنازة' و ابن ماجه في الجنائز (۱٤۸۲) باب: ما جاء في المشي امام الجنازة' و البيهقي (۲۳/٤' ۲٤) باب: المشي امام الجنازة' و البغوي في (شرح السنة) (۱٤۸۸) من طرق عن ابن عيينة عن الزهري' باسناده- واخرجه الشافعي في (المسند) (٥۹۱) من طريقه البيهقي في المعرفة (۷٤۸٦)' و الترمذي (۱۰۰۸) و النسائي (٥٦/٤) و البيهقي في الكبرى (۲٤/٤) و المعرفة (۷٤۸۷) و الطبراني في الكبير (۱۳۱۳۳) (۱۳۱۳٤) (۱۳۱۳٦) و الطحاوي في المعاني (٤۷۹/۱' ٤۸۰) و ابن حبان (۳۰٤۸) و احمد (۳۷' ۱۲۲' ۱٤۰) من طرق عن الزهري' به موصولاً- و اخرجه مالك في الجنائز (۲۲٥/۱) باب المشي امام الجنازة عن ابن شهاب مرسلاً- و تابعه على ارساله جماعة- و رجح المرسل على الموصول جماعة منهم : البخاري' و النسائي' و الطحاوي- و حكى الترمذي ذلك عقب رواية ابن عيينة' فقال: (اهل الحديث كلهم يرون ان الحديث المرسل في ذلك اصح)- اه- و راجع: (شرح السنة) للبغوي (۳۳۲/٥) و شرح المعاني للطحاوي (٤۷۹/۱-٤۸۰) و سنن البيهقي (۲٤/٤) و المعرفة له (۲٦۹/٥-۲۷۰) و نصب الراية (۲۹۳/۲- ۲۹٤) و تلخيص الحبير (۱۱۱/۲-۱۱۲)-

اسی طرح (دوسری دلیل یہ ہے) کہ لوگ میت کے لیے سفارشی ہوتے ہیں اور رواج بھی ہے' سفارشی آگے چلتا ہے' اس شخص سے' جس کی اس نے سفارش کرنی ہوتی ہے۔

ہماری دلیل نبی اکرم ﷺ کی حدیث ہے (جس میں یہ بات مذکور ہے:)

''نبی اکرم ﷺ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے جنازے میں (شرکت کرتے ہوئے جنازے کے) پیچھے چلے تھے''۔

اسی طرح حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ جنازے کے پیچھے چلا کرتے تھے' ان سے کہا گیا کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما دونوں حضرات تو جنازے کے آگے جایا کرتے تھے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات پر رحم کرے' وہ دونوں یہ بات جانتے تھے کہ جنازے کے پیچھے چلنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' لیکن وہ دونوں یہ چاہتے تھے کہ لوگوں کے لیے سہولت پیدا کر دیں۔

اس کا مفہوم یہ ہے: لوگ جنازے کے آگے چلنے سے احتراز کرنے لگے تھے تو اگر حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما جنازے کے پیچھے چلتے تو راستہ تنگ ہونے کی وجہ سے جنازے میں شریک ہونے والوں کو دشواری پیش آتی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں' جنازے کے پیچھے چلنے کو جنازے کے آگے چلنے پر وہی فضیلت حاصل ہے جو فرض نماز کو نوافل پر حاصل ہوتی ہے۔

سرخسی کہتے ہیں: جنازے کے پیچھے چلنے میں وعظ و نصیحت کا پہلو زیادہ پایا جاتا ہے' کیونکہ جب انسان جنازے کی طرف دیکھتا ہے تو اپنی پھر حالت کے بارے میں بھی جائزہ لیتا ہے' وہ اس صورتِ حال سے نصیحت حاصل کرتا ہے' اس طرح بعض اوقات جنازے کو اٹھانے میں اس کے تعاون کی ضرورت ہو سکتی ہے' تو جب لوگ جنازے کے پیچھے چل رہے ہوں گے تو ضرورت کے وقت یہ تعاون کر سکیں گے' اس لیے یہی افضل ہے۔[1]

1786 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2-باب اَلْمُسْلِمُ لَيْسَ بِنَجَسٍ.

باب 2: مسلمان نجس نہیں ہوتا

1787 - حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَحْيٰى بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَا تُنَجِّسُوْا مَوْتَاكُمْ فَاِنَّ الْمُسْلِمَ لَيْسَ بِنَجَسٍ حَيًّا وَّلَا مَيِّتًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اپنے مرحومین کو نجس قرار نہ دو'

[1] المبسوط از شیخ ابوبکر سہیل بن احمد سرخسی' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت' 88/2

کیونکہ مسلمان زندگی اور موت کسی بھی حالت میں نجس نہیں ہوتا۔

3-باب مَكَانِ قَبْرِ آدَمَ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَالتَّكْبِيرِ عَلَيْهِ أَرْبَعًا.

باب 3: حضرت آدم علیہ السلام کی قبر کی جگہ اور اُن پر چار تکبیروں کا کہا جانا

1788- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْعَلَّافُ حَدَّثَنَا صَبَّاحُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعُرْوَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا صَلَّى جِبْرِيلُ بِالْمَلَائِكَةِ يَوْمَئِذٍ وَدُفِنَ فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ وَأُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَلُحِدَ لَهُ وَسُنِّمَ قَبْرُهُ .عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ مَتْرُوكٌ .وَرَوَاهُ أَبُو إِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ عَنِ ابْنِ هُرْمُزَ عَنْ أَبِي حَزْرَةَ عَنْ عُرْوَةَ قَوْلَهُ بَعْضَ هٰذَا الْكَلَامِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت جبریل علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ ادا کی تھی' انہوں نے حضرت آدم پر چار تکبیریں پڑھی تھی' حضرت جبریل علیہ السلام نے فرشتوں کو اسی دن نماز پڑھائی تھی اور حضرت آدم علیہ السلام کو ''مسجد خیف'' میں دفن کیا گیا' ان کا رخ قبلے کی طرف کیا گیا تھا اور ان کے لیے لحد بنائی تھی اور ان کی قبر پر چونا لگا دیا گیا تھا۔

اس روایت کا راوی عبدالرحمٰن بن مالک متروک ہے' دیگر راویوں نے اس روایت کے بعض حصے کو عروہ کے کلام کے طور پر نقل کیا ہے۔

۱۷۸۷- اخرجه الحاكم (۱/۳۸٦) آخر كتاب الجنائز من رواية خالد بن مخلد: ثنا سليمان ابن بلال عن عمرو بن ابي عمرو عن عكرمة عن ابن عباس' مرفوعاً بنحوه-وقال الحاكم: صحيح على شرط البخاري' و لم يخرجاه- و فيه رفض لحديث مختلف فيه على محمد بن عمرو باسانيد: (من غسل منا فليغتسل)- اه- و تعقبه الذهبي بقوله: (بل نعمل بهما: فيستحب الغسل)- اه-و اخرجه الحاكم ايضاً (۱/ ۳۸۵) من رواية ابي بكر و عثمان ابني ابي شيبة عن سفيان: : باسناده مرفوعاً- و علقه البخاري في الجنائز (۳/ ۱۵۰) باب: (غسل الميت ووضوئه بالماء و السدر) موقوفا على ابن عباس فقال: (وقال ابن عباس- رضي الله عنهما-: المسلم لا ينجس حيا ولا ميتا)- قال ابن حجر في (الفتح) (۳/ ۱۵۲): (وصله سعيد بن منصور: حدثنا سفيان عن عمرو ابن دينار عن عطاء عن ابن عباس- رضي الله عنهما- قال: (لا تنجسوا موتاكم: فان المومن ليس ينجس حيا ولا ميتا)- اسناده صحيح -وقد روي مرفوعا: اخرجه الدارقطني من رواية عبد الرحمن بن يحيى المخزومي عن سفيان- و كذلك اخرجه الحاكم من طريق ابي بكر و عثمان ابني ابي شيبة عن سفيان- و الذي في مصنف ابن ابي شيبة عن سفيان موقوف: كما اخرجه سعيد بن منصور- وروى الحاكم' نحوه مرفوعاً ايضاً من طريق عمرو بن ابي عمرو عن عكرمة عن ابن عباس رضي الله عنهما)- اه -قلت: و الاثر عن ابن عباس موقوف عند ابن ابي شيبة (٤/ ۹۳) و عبد الرزاق (۳/ ٤۰۵) في الجنائز باب من غسل ميتا اغتسل او توضا-وله شواهد موقوفة عندهما عن عائشة' و ابن مسعود' و ابن عمر' و غيرهم- و ذكر له البخاري شاهداً عن سعد بن ابي وقاص من قوله هو- و ذكر له البخاري شاهدا مرفوعا: (المومن لا ينجس)- و قد روى هذا الحديث عن ابي هريرة-رضي الله عنه- مرفوعا-اخرجه البخاري في الغسل (۲۸۳) باب: عرق الجنب' و ان المسلم لا ينجس' و (۲۸۵) باب: الجنب يخرج و يمشي في السوق وغيره' و مسلم في الحيض (۳۷۱) باب: الدليل على ان المسلم لا ينجس' و ابو داود في الطهارة (۲۳۱)' و الترمذي (۱۲۱) باب ما جاء في مصافحة الجنب' و النسائي (۱/ ۱٤۵) في الطهارة' و ابن ماجه في الطهارة (۵۳٤) باب: مصافحة الجنب' و ابن ابي شيبة (۱/ ۱۷۳)' و ابو عوانة (۱/ ۲۷۵)' و ابن الجارود (۹٦)- و له شاهد من حديث حذيفة مرفوعا' نحوه- اخرجه مسلم (۳۷۲)' و ابو داود (۲۳۰)' و النسائي (۱/ ۱٤۵)' و ابن ماجه (۵۳۵)' و احمد (۵/ ۳۸٤' ٤۰۲)' و ابو عوانة (۱/ ۲۷۵)' و ابن ابي شيبة (۱/ ۱۷۳)-

۱۷۸۸ - هكذا اورده الدارقطني من رواية هذا المتروك- و اخرجه الحاكم (۱/ ۳۸٦) من وجه آخر عن ابن عباس مرفوعا- و في اسناده الفرات بن السائب الجزري-قال الحاكم عقبه: (لست ممن يخفى عليه ان الفرات بن السائب ليس من شرط هذا الكتاب' و انما اخرجته شاهدا)- اه- و قال الذهبي في (التلخيص): (فرات ضعيف)- اه-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن سلیمان، ابوحسن علاف معروف بہ (ابن فافا): قال خطیب بغدادی: وماعلمت من حالہ اخیرا۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲۳/۵، ۲۴)۔

1789 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُتَيٍّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِنَّ الْمَلَائِكَةَ صَلَّتْ عَلٰى اٰدَمَ فَكَبَّرَتْ عَلَيْهِ اَرْبَعًا وَقَالُوْا هٰذِهِ سُنَّتُكُمْ يَا بَنِيْ اٰدَمَ.

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی نمازِ جنازہ ادا کی تھی انہوں نے ان پر چار تکبیریں پڑھی تھی انہوں نے یہ کہا تھا: اے اولادِ آدم! تمہارا (نمازِ جنازہ ادا کرنے کا) یہ طریقہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فضل بن صباح، بغدادی، سمسار، اصلہ من نھاوند، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 245ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التہذیب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۱۰/۲)۔

1790 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا دَاوٗدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ حَدَّثَنَا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُتَيٍّ عَنْ اُبَيٍّ بِهٰذَا مَوْقُوْفًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ رحمۃ بن مصعب واسطی۔ قال ابن معین: لیس بشیء۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴۷/۲)، و الضعفاء والمتروکین) لابن جوزی (۲۸۳/۱)۔

1791 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوْحٍ

۱۷۸- اخرجه الدارقطني لهنا من طريق عثمان بن سعد و يونس عن الحسن و اخرجه البيهقي (۳۶/۴) من طريق ابي عبيدة عن عثمان بن سعد به وخرجه الحاكم (۳۴۴/۱، ۳۴۵) من رواية يونس عن الحسن باسناده- وقال: (صحيح الاسناد و لم يخرجاه و هو من النوع الذي لا يوجد للتابعي الا الراوي الواحد فان عتي بن ضمرة السعدي ليس له راو غير الحسن- و عندي ان الشيخين عللاه بعلة اخرى و هو انه روي عن الحسن عن ابي دون ذكر عتي)- اه- ثم ساقه الحاكم (۳۴۵/۱) من رواية يزيد بن عبد الله بن اسامة بن الهاد عن الحسن عن ابي بن كعب به دون ذكر عتي ثم قال: (هذا لا يعلل حديث يونس بن عبيد: فانه اعرف بحديث الحسن من اهل المدينة و مصر- و الله اعلم)- اه-

۱۷۹- اعله ابو الطيب آبادي في (التعليق المغني) برحمة بن مصعب و ذكر قول ابن معين فيه: (ليس بشيء)-وفاته ان يعله بداود بن المحبر و هو متروك الحديث بل رمي بالوضع لكن ورد الحديث من وجه آخرجه عن يونس: فاخرجه الحاكم (۳۴۴/۱، ۳۴۵) من رواية اسماعيل عن يونس عن الحسن عن عتي عن ابي به مرفوعا: كما سبق في الذي قبله-

حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا خَارِجَةُ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُتَيٍّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِهٰذَا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن روح مدینی۔قال ابن حجر فی لسان المیزان (۳/۳۴۰): من ثقات، ولقبہ عبدوس۔وذکر مزی فی رواۃ عن شبابۃ بن سوار، قال: وعبداللہ بن روح مدائنی۔

○ خارجۃ بن مصعب بن خارجۃ، ابوحجاج، سرخسی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''متروک'' قرار دیا ہے۔وکان یدلس عن کذابین، (اور ایک قول کے مطابق): ان ابن معین کذبہ۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 168ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲/۲۱۱)۔

1792- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقَلَانِسِيُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسٍ كَذَا قَالَ كَبَّرَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى اٰدَمَ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَرْبَعًا وَكَبَّرَ عُمَرُ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ صُهَيْبٌ عَلٰى عُمَرَ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَلِيٍّ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْحَسَنِ اَرْبَعًا .مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ هٰذَا ضَعِيْفٌ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام پر چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت امام حسین نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر چار تکبیریں کہی تھیں۔

اس روایت کا راوی محمد بن ولید ضعیف ہے۔

4-بَاب التَّسْلِيْمُ فِي الْجَنَازَةِ وَاحِدٌ وَالتَّكْبِيْرُ اَرْبَعًا وَخَمْسًا وَقِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ

باب 4: نمازِ جنازہ میں ایک سلام پھیرا جائے گا' چار یا پانچ تکبیریں کہی جائیں گی اور سورۂ فاتحہ پڑھی جائے گی

1793- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرٍو الْعَنْقَزِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۷۹۲- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/ ۳۸۵) باب: التكبير على الجنائز اربعا' من رواية ابي الوليد محمد بن احمد بن برد الانطاكي ثنا الهيثم بن جميل' باسناده-وقال: (صحيح الاسناد' و لم يخرجاه' و المبارك بن فضالة من اهل الزهد و العلم' بحيث لا يجرح الا ان الشيخين لم يخرجاه لسوء حفظه)- اه- و قال الذهبي: (مبارك ليس بالحجة) كما في (التلخيص) للذهبي بذيل المستدرك (۱/ ۳۸۵)-

وَسَلَّمَ) صَلَّى عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا وَسَلَّمَ تَسْلِيمَةً وَّاحِدَةً.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نمازِ جنازہ ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں چار تکبیریں پڑھی اور ایک سلام پھیرا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابو عنبس کوفی نخعی، اسمہ عمرو بن مروان، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ذکرہ ابن حجر تمیزاً۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۵۷/۲)۔

○ مروان نخعی۔ قال ابن ابی حاتم فی جرح وتعدیل (۲۷۲/۸): روی عن علی- رضی اللہ عنہ- روی عنہ عمران، سمعت ابی یقول ذلک ویقول: مجہول۔ وانظر ترجمتہ فی لسان (۲۲/۶)، ومغنی فی ضعفاء (۶۵۲/۲)۔

•••———•••———•••

نمازِ جنازہ کا طریقہ

نمازِ جنازہ کے طریقے کی وضاحت کرتے ہوئے امام ابوالحسن احمد بن محمد قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

نماز (جنازہ کا طریقہ یہ ہے): آدمی پہلے ایک مرتبہ تکبیر کہے' پھر اسکے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرے' پھر ایک تکبیر کہے اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے' پھر ایک تکبیر ہے اور اسکے بعد اپنے لیے' میت کے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے دعا

۱۷۹۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤٣/٤) و ابن ابي شيبة في المصنف (١١٨/٤) عن حفص بن غياث' باسناده- و اخرجه عبد الرزاق (٦٤٤٧) عن معمر قال: بلغني عن ابي هريرة: انه سلم على جنازة حتى سمعه من يليه- وقاله ابن جريج عن ابي هريرة- اه- هكذا من فعل ابي هريرة موقوفا غير مرفوع- و اخرجه مالك عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة في قصة صلاة النبي صلى الله عليه وسلم على النجاشي' قال: (وكبر اربع تكبيرات) و لم يذكر التسليم- هكذا اخرجه مالك في الجنائز (٢٢٦/١) باب: التكبير على الجنائز' و من طريقه الشافعي' و من طريق الشافعي اخرجه البيهقي في المعرفة (٧٥٧٧)- و من طريق مالك - ايضا- اخرجه البخاري في الجنائز (١٢٤٥) باب: الرجل ينعي على اهل الميت بنفسه' و باب: التكبير على الجنائز اربعًا (١٣٣٣) و مسلم في الجنائز (٩٥١) باب: في التكبير على الجنازة' و احمد (٤٣٨/٢، ٤٣٩) و ابو داود في الجنازة (٣٢٠٤) باب: في الصلاة على المسلم يموت في بلاد الشرك' و النسائي في الجنائز (٧٢/٤) باب: عدد التكبير على الجنازة' و البغوي في (شرح السنة (١٤٨٩) و ابن حبان في الجنائز (٣٠٦٨)- و اخرجه عبيد الله بن عمر عن الزهري باسناده- اخرجه احمد (٢٨٩/٢) و ابن حبان في الجنائز (٣١٠٠)- و اخرجه معمر عن الزهري باسناده- اخرجه البخاري في الجنائز (١٣١٨) باب: الصفوف على الجنازة' و الترمذي في الجنائز (١٠٢٢) باب: ما جاء في التكبير على الجنائز' و ابن ماجه في الجنائز (١٥٣٤) باب في الصلاة على النجاشي' و ابن ابي شيبة (٣٠٠/٣، ٣٦٢-٣٦٣)- واخرجه صالح عن الزهري به- اخرجه مسلم في الجنائز (٩٥١)- واخرجه عقيل عن الزهري' به- اخرجه البخاري في الجنائز (١٣٢٨) و في مناقب الانصار (٣٨٨١) باب: موت النجاشي' و مسلم في الجنائز (٩٥١)- و اخرجه زمعة بن صالح عن الزهري' به- اخرجه الطيالسي (٢٣٠٠) و احمد (٤٧٩/٢)- واخرجه ابن عيينة فقال: عن الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة' به- اخرجه احمد (٢٤١/٢) و البغوي في (شرح السنة)- و جمع بين الروايتين عن الزهري جماعة- واخرجه محمد بن ابي حفصة عن الزهري عن سعيد و ابي سلمة عن ابي هريرة' به- اخرجه احمد (٥٢٩/٢)- و تابعه معمر عن الزهري عنهما' به- اخرجه عبد الرزاق (٦٣٩٢) و من طريقه احمد (٢٨٠/٢)- و تابعهما عقيل عن الزهري عنهما' به- اخرجه البخاري في الجنائز (١٣٢٧) باب: صلاة الصبيان مع الناس على الجنائز' و مسلم في الجنائز (٩٥١) باب: في التكبير على الجنازة- و تابعهم صالح عن الزهري عنهما' به- اخرجه البخاري في مناقب الانصار (٣٨٨٠) و مسلم في الجنائز (٩٥١) و البيهقي في الكبرى (٤٩/٤)- و تابعهم يونس عن الزهري عنهما' به- اخرجه ابن حبان في الجنائز (٣١٠١)-

کرے پھر چوتھی مرتبہ تکبیر کہے اور سلام پھیر دے۔

نمازِ جنازہ میں تکبیرات کی تعداد

نمازِ جنازہ میں تکبیرات کی تعداد کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن رشد تحریر کرتے ہیں:

ابتدائی دور میں تکبیرات کی تعداد کے بارے میں بڑا اختلاف تھا' صحابہ کرام سے تین سے لے کر سات تک تکبیروں کی روایات منقول ہیں' تاہم فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے' نمازِ جنازہ میں چار مرتبہ تکبیر کہی جائے گی۔

شیخ ابن ابی لیلیٰ اور جابر بن زید پانچ تکبیروں کے قائل ہیں۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: اس بارے میں منقول روایات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں ایک روایت نقل کی ہے' جس کے الفاظ یہ ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نجاشی کے انتقال کی اطلاع اسی دن مل گئی تھی جس دن وہ فوت ہوا تھا' آپ لوگوں کو ساتھ لے کر عیدگاہ تشریف لائے' آپ نے ان کی صفیں قائم کروائیں اور نمازِ جنازہ میں چار مرتبہ تکبیر کہی''۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

یہی وجہ ہے' جمہور فقہاء نے اس روایت پر عمل کیا ہے۔

ایک اور حدیث اسی مفہوم کی منقول ہے' جس کے الفاظ یہ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غریب عورت کی نمازِ جنازہ ادا کی اور اس میں چار تکبیریں کہیں۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہا کرتے تھے' ایک مرتبہ نمازِ جنازہ میں انہوں نے پانچ مرتبہ تکبیر کہی' جب ہم نے اس بارے میں ان سے دریافت کیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی (پانچ مرتبہ) تکبیریں کہا کرتے تھے۔

شیخ ابوخیثمہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ جنازہ میں کبھی چار' کبھی پانچ' کبھی چھ' کبھی سات اور کبھی آٹھ مرتبہ تکبیر کہا کرتے تھے۔ جب نجاشی کا انتقال ہوا اور لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صفیں قائم کر لیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نمازِ جنازہ میں چار مرتبہ تکبیر کہی' پھر اسکے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وصالِ ظاہری تک چار تکبیریں ہی کہتے رہے۔

اس روایت میں جمہور فقہاء کے لیے واضح دلیل موجود ہے۔

نمازِ جنازہ میں پہلی تکبیر کہتے ہوئے رفع یدین کرنے پر علماء کا اتفاق پایا جاتا ہے' جبکہ باقی تکبیروں کے بارے میں اختلاف ہے۔

فقہاء کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے' تمام تکبیروں کے ساتھ رفع یدین کیا جائے گا جبکہ دوسرے گروہ کے نزدیک باقی

---

[1] مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص ۱۱۱

تکبیروں میں رفع یدین نہیں کیا جائے گا۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ جنازہ میں تکبیر کہتے ہوئے پہلی تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے اور اپنا دایاں دستِ مبارک بائیں ہاتھ پر رکھتے تھے۔

جن فقہاء نے اس روایت کے ظاہر کو ترجیح دی اور جو لوگ عام نمازوں میں صرف تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع یدین کرنے کے قائل ہیں: انہوں نے نمازِ جنازہ میں صرف پہلی تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرنے کا حکم بیان کیا اور جو فقہاء ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرنے کے قائل ہیں: انہوں نے دوسری تکبیرات کو پہلی تکبیر کے مشابہہ قرار دیا ہے کیونکہ قیام اور استواء کے حوالے سے تمام تکبیریں ایک جیسی حیثیت رکھتی ہیں۔

نمازِ جنازہ میں سلام پھیرنے کا حکم

نمازِ جنازہ میں سلام پھیرنے کے حکم کے بارے میں اہلِ علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن رشد تحریر کرتے ہیں:

علماء نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے' نماز جنازہ میں ایک سلام پھیرا جائے گا یا دو مرتبہ سلام پھیرا جائے گا۔

جمہور اس بات کے قائل ہیں: نمازِ جنازہ میں ایک مرتبہ سلام پھیرا جائے گا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: نماز میں دو مرتبہ سلام پھیرا جائے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اصحاب میں سے مزنی نے اسی قول کو اختیار کیا ہے اور ایک قول امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی ہے۔

اس اختلاف کا سبب عام نماز میں سلام پھیرنے کے بارے میں ان حضرات کا اختلاف ہے اور نمازِ جنازہ کو فرض نمازوں پر قیاس کرنا ہے۔

جن فقہاء کے نزدیک فرض نماز میں ایک ہی سلام پھیرا جاتا ہے اور انہوں نے نمازِ جنازہ کو بھی فرض نمازوں پر قیاس کیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں: نمازِ جنازہ میں بھی ایک ہی سلام پھیرا جائے گا۔

جن فقہاء کے نزدیک فرض نماز میں دو سلام پھیرے جاتے ہیں' ان کے نزدیک نمازِ جنازہ میں بھی عام نماز کی طرح دو مرتبہ سلام پھیرا جائے گا۔

اگر نماز میں سلام پھیرنے کو سنت قرار دیا جائے تو نمازِ جنازہ میں بھی سلام پھیرنا سنت ہوگا اور اگر وہاں اسے فرض سمجھا جائے تو یہاں بھی فرض شمار ہوگا۔ اسی طرح مالکی مسلک میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' سلام پھیرتے ہوئے پست آواز میں سلام پھیرا جائے گا یا بلند آواز میں سلام پھیرا جائے گا[1]

1794- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْفَحَّامُ وَيَحْيَى بْنُ زَيْدِ بْنِ يَحْيَى الْفَزَارِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا خُنَيْسُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ سَلْمَانَ الْجَزَرِيُّ- كَذَا قَالَ الْفَحَّامُ- عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی

مِهْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اٰخِرُ مَا كَبَّرَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَى الْجَنَائِزِ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ عُمَرُ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى عُمَرَ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَلِيٍّ اَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْحَسَنِ اَرْبَعًا وَكَبَّرَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَرْبَعًا .اِنَّمَا هُوَ فُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ وَهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری مرتبہ نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھی' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت امام حسن علی رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھی اور فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہی تھیں۔

اس روایت کا راوی فرات بن سائب' یہ متروک الحدیث ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ خنیس بن بکر بن خنیس۔ قال صالح بن محمد جزرۃ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۴۶۲/۲)۔

1795- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّى ابْنُ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَقَرَاَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ مِنَ السُّنَّةِ اَوْ مِنْ تَمَامِ السُّنَّةِ.

☆☆ طلحہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک نمازِ جنازہ پڑھائی تو انہوں نے اس میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی' میں نے اس سے دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: یہ سنت ہے' (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں) مکمل سنت یہ ہے۔

•••——•••——•••

۱۷۹۵- اخرجه البخاري في الجنائز (۱۳۳۵) باب: قراءة فاتحة الكتاب على الجنائز' و ابو داود في الجنائز (۳۱۹۸) باب: ما يقرا على الجنازة' و الترمذي في الجنائز (۱۰۲۷) باب: ما جاء في القراءة على الجنازة بفاتحة الكتاب' و ابن الجارود في (المنتقى) (۵۳۵)' و الحاكم (۳۸۶/۱)' و البيهقي في الكبرى (۳۸/۴) من طريق سفيان باسناده- و تابعه شعبة عن سعد بن ابراهيم به- اخرجه البخاري في الجنائز (۱۳۳۵) باب: قراءة فاتحة الكتاب على الجنائز و النسائي في الجنائز (۷۵/۴) باب: الدعاء' و الطيالسي (۲۷۴۱)' و الحاكم (۳۵۸/۱)' و البيهقي (۳۹/۴)- و تابعهما ابراهيم بن سعد عن سعد عن ابيه: سعد بن ابراهيم به- اخرجه الشافعي في الام (۲۷۰/۱) باب: الصلاة على الجنازة و التكبير فيها' و في المسند (۵۷۹) و من طريقه البيهقي في المعرفة (۷۵۹۹)' و اخرجه ايضا النسائي في الجنائز (۷۴/۴-۷۵) باب: الدعاء' و البغوي في (شرح السنة) (۱۴۹۴)' و ابن حبان في الجنائز (۳۰۷۱) (۳۰۷۲)' و البيهقي في الكبرى (۳۸/۴) ابن الجارود في الجنائز (۵۳۷)- و اخرجه الشافعي في المسند (۵۸۰) و من طريقه البيهقي في المعرفة (۷۵۹۹) و هو عند الحاكم المستدرك (۳۵۸/۱)' و السنن الكبرى للبيهقي (۳۹/۴) من طريق ابن عيينة عن محمد ابن عجلان عن سعيد بن ابي سعيد المقبري' سمعت ابن عباس' به- و اخرجه زيد بن طلحة قال: سمعت ابن عباس' بنحوه- اخرجه ابن الجارود في المنتقى (۵۳۶)-

نمازِ جنازہ میں قرأت کرنے کا حکم

نمازِ جنازہ میں قرأت کرنے کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:
نمازِ جنازہ میں قرأت کرنے کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
امام مالک اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہما اس بات کے قائل ہیں: نمازِ جنازہ میں کوئی بھی قرأت نہیں ہوگی' یہ صرف ایک دعا ہے۔
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے' نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کے حوالے سے ہمارے ملک میں کہیں بھی عمل نہیں کیا جاتا۔

یہ اس بات کے قائل ہیں: پہلی تکبیر کے بعد حمد وثناء بیان کی جائے گی' پھر اس کے بعد دوسری تکبیر کہنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا جائے گا۔ تیسری تکبیر کہنے کے بعد میت کے لیے بخشش کی دعا کی جائے گی اور پھر چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیر دیا جائے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی جائے گی' پھر اسی طرح تمام تکبیروں میں کیا جائے گا۔

امام احمد بن حنبل اور امام داؤد ظاہری رحمۃ اللہ علیہما اسی بات کے قائل ہیں۔
اس اختلاف کا بنیادی سبب عام معمول کا ایک منقول روایت سے مختلف ہونا ہے۔
یہاں یہ مسئلہ بھی ہے' نمازِ جنازہ پر لفظ صلوٰۃ کا اطلاق ہوگا یا نہیں ہوگا؟
عام معمول کی حکایت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے علاقے کے بارے میں بیان کی ہے' جبکہ حدیث سے مراد وہ روایت ہے جسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے طلحہ بن عبداللہ کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' میں نے ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نمازِ جنازہ ادا کی تو انہوں نے اس میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی اور فرمایا: تمہیں یہ بات پتہ ہونی چاہیے کہ یہ ایک سنت ہے۔
جن فقہاء نے اس حدیث کو عام معمول پر ترجیح دی ہے' ان کے نزدیک لفظ صلوٰۃ کا اطلاق نمازِ جنازہ پر بھی ہوتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے''۔
ان حضرات نے نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت کو واجب قرار دیا ہے۔
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے مؤقف کے حق میں ان روایات کو دلیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے' جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نمازِ جنازہ کی مختلف دعائیں منقول ہیں' ان میں سے کسی بھی روایت میں تلاوت کا ذکر نہیں ہے۔
اس بنیاد پر وہ روایات حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت کے برخلاف تصور کی جائیں گی۔ ان حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی توضیح کی ہے:

''سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی''۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے' حضرت ابوامامہ جو اکابر صحابہ کرام میں سے ہیں اور ان کے والد غزوۂ بدر میں شہید ہونے والوں میں شامل تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں' ایک صحابی نے انہیں یہ بات بتائی ہے: نمازِ جنازہ میں یہ بات سنت ہے' امام تکبیر کہے' پھر اس کے بعد پست آواز میں سورۂ فاتحہ پڑھے' پھر تین تکبیریں کہنے کے بعد صرف دعا کرے۔

اس روایت کے راوی ابن شہاب کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ اس روایت کو محمد سوید فہری کو سنایا تو وہ بولے: میں نے ضحاک بن قیس کو حبیب بن مسلمہ کے حوالے سے نمازِ جنازہ کے بارے میں اسی طرح کی روایت بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے[1]

1796- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُخَرِّمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُغَسِّلُ الْمَيِّتَ فَمِنَّا مَنْ يَغْتَسِلُ وَمِنَّا مَنْ لَا يَغْتَسِلُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم میت کو غسل دیتے ہیں تو ہم میں سے کوئی غسل کر لیتا ہے اور کوئی غسل نہیں کرتا (یعنی میت کو غسل دینے کے بعد غسل کرنا لازم نہیں ہے)۔

1797- حَدَّثَنَا أَبُو عُمَرَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الشَّهِيدِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَلَى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ خَمْسًا .وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

☆☆ ایوب بن نعمان بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں ایک نماز جنازہ ادا کی' تو انہوں نے اس میں پانچ تکبیریں کہیں۔

راوی نے اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ایوب بن نعمان۔ قال دارقطنی: لیس بقوی، کذا نقلہ ذھبی فی میزان (۱/۴۶۶)، وانظر: لسان (۱/۶۱۲)، ومغنی (۱/...)

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی

۱۷۹۶- صحح ابن حجر اسنادہ في التلخيص (۱/۲۳۹)- و قد اخرجه الخطيب البغدادي في (تاريخ بغداد) (۵/۴۲۴) و البيهقي في الكبرى (۱/۳۰۶) من طريق المخزومي به- و له شواهد عن ابن عمر عند ابن ابي شيبة (۳/۲۶۷- ۲۶۸) و عبد الرزاق (۳/۴۰۷- ۴۰۸) و البيهقي في الكبرى (۱/۳۰۶-۳۰۷) بالفاظ مختلفة-

۱۷۹۷- هكذا اورده الدارقطني هنا موقوفاً من رواية ايوب بن النعمان' و قد رفعه ابن ابي ليلى و ايوب بن سعيد بن حمزة والمرفوع عن زيد' به مرفوعاً- وسياتي عند الدارقطني رواية ايوب ابن سعيد بن حمزة و المرفوع عن زيد' وياتي تخريج رواية ابن ابي ليلى' ان زيداً... السنة-وقد اخرجه ابو القاسم البغوي في (الجعديات) (۲۲۵) من رواية شعبة عن الحكم عن زيد بن ارقم من فعله' موقوفاً- و اما رواية ابن ابي ليلى عن زيد بالرفع' فرواها مسلم في الجنائز (۹۵۷) باب: الصلاة على القبر' و ابو داود في الجنائز (۳۱۹۷) باب التكبير على الجنازة' و الترمذي (۱۰۲۳) و النسائي في الجنائز (۴/۷۲) باب: عدد التكبير على الجنازة' و ابن ماجه في الجنائز (۱۵۰۵) باب ما جاء فيمن كبر خمساً' و احمد في المسند (۴/۳۶۷، ۳۶۸، ۳۷۲) و الطحاوي في المعاني (۱/۴۹۳) و ابن ابي شيبة (۳/۳۰۲-۳۰۳) و البيهقي في الكبرى (۴/۳۶) و ابن حبان في الجنائز (۳۰۶۹) من طريق شعبة عن عمرو بن مرة' سمعت ابن ابي ليلى' باسناده-

ضعفاء (۱/ ۹۸)، وجرح وتعدیل (۲/ ۲۶۰)۔

1798- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ حَمْزَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ خَمْسًا ثُمَّ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ خَمْسًا فَلَنْ نَدَعَهَا لِاَحَدٍ.

حدیث 1844: ایوب بن سعید بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی تو انہوں نے پانچ تکبیریں کہیں، پھر انہوں نے یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ایک نماز جنازہ ادا کی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پانچ تکبیریں کہی تھیں، اس لیے ہم کسی بھی شخص کی وجہ سے انہیں ترک نہیں کریں گے۔

1799- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَلْعٍ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ كَانَ يُكَبِّرُ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ سِتًّا وَعَلٰى اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ خَمْسًا وَعَلٰى سَائِرِ النَّاسِ اَرْبَعًا.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے اہل بدر پر چھ تکبیریں کہی تھیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پر پانچ تکبیریں کہی تھیں اور دیگر تمام لوگوں پر چار تکبیریں کہی تھیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدملک بن سلع، ہمدانی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/ ۵۱۹)۔

1800- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الشَّهِيْدِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ الْمُرَقَّعِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهَا خَمْسًا وَقَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ خَمْسًا فَلَنْ اَدَعَهَا لِاَحَدٍ بَعْدَهُ.

☆☆ مرقع نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں ایک نماز جنازہ ادا کی تو انہوں نے اس میں پانچ مرتبہ تکبیر کہی، انہوں نے یہ بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ایک نماز جنازہ ادا کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پانچ مرتبہ تکبیر کہی تھی، اس لیے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی بھی شخص کی وجہ سے انہیں ترک نہیں کروں گا۔

1801- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ الْاَحْمَرُ عَنْ يَحْيَى التَّيْمِيِّ عَنْ عِيْسٰى مَوْلٰى حُذَيْفَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ مَوْلَايَ وَوَلِيِّ نِعْمَتِي الْعَبْدِ الصَّالِحِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَلٰى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ خَمْسًا ثُمَّ قَالَ مَا وَهِمْتُ وَلٰكِنِّيْ كَبَّرْتُ كَمَا كَبَّرَ خَلِيْلِيْ اَبُو

۱۷۹۹- اخرجه البيهقي في سننه (۴/ ۳۷) كتاب الجنائز: باب من ذهب في زيادة التكبير على الاربع الى تخصيص اهل الفضل بها من طريق المصنف: به- واخرجه الطحاوي في شرح المعاني (۱/ ۴۹۷): حدثنا فهد: قال: ثنا محمد بن سعيد: قال: انا حفص بن غياث: به- و فيه عبد الملك بن سلع: قال الحافظ في (التقريب) (ت۴۲۱۱): صدوق: لكن نقل عن ابن حبان انه ذكره في الثقات: وقال: (يخطىء)- ينظر: التهذيب (۶/ ۳۹۶)-

۱۸۰۱- تقدم: و عيسى مولى حذيفة: ضعفه الدارقطني-

الْقَاسِمِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -۔

★★ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام عیسیٰ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے آقا (حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ) جو ایک نیک آدمی ہیں' ان کی اقتداء میں ایک نمازِ جنازہ ادا کی تو انہوں نے پانچ مرتبہ تکبیر کہی' پھر انہوں نے یہ بات بیان کی کہ مجھے کوئی وہم لاحق نہیں ہوا' بلکہ میں نے اسی طرح تکبیر ادا کی ہے' جیسے میرے خلیل حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے تکبیر کہی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ جعفر بن زیاد احمر کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 167ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۳۰/۱)۔

○ یحییٰ بن عبداللہ بن حارث جابر، (اور ایک قول کے مطابق): مجبر۔ تیمی، بکری، ابوحارث کوفی، یہ لین الحدیث ہیں' یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وروایۃً عن مقدام مرسلۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۵۱/۲)۔

1802- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ قَالَ صَلَّى بِنَا سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَلَمَّا كَبَّرَ تَكْبِيْرَتَهُ الْاُوْلٰى قَرَاَ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ حَتّٰى اَسْمَعَ مَنْ خَلْفَهُ قَالَ ثُمَّ تَابَعَ تَكْبِيْرَهُ حَتّٰى اِذَا بَقِيَتْ تَكْبِيْرَةٌ وَّاحِدَةٌ تَشَهَّدَ تَشَهُّدَ الصَّلَاةِ ثُمَّ كَبَّرَ وَانْصَرَفَ .

★★ عبید بن سباق بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے ہمیں نمازِ جنازہ پڑھائی' جب انہوں نے پہلی تکبیر کہی تو اس کے بعد انہوں نے سورۂ فاتحہ پڑھی یہاں تک کہ ان کی آواز ان کے پیچھے موجود لوگوں تک آئی۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر وہ مسلسل تکبیر کہتے رہے یہاں تک کہ ایک تکبیر باقی رہ گئی' تو انہوں نے نماز کے تشہد کے الفاظ پڑھے' پھر انہوں نے تکبیر کہی اور نماز کو ختم کر دیا۔

1803- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رَجَعَ

۱۸۰۲- اخرجه الشافعي في الام (۲۷۰/۱) باب الصلاة على الجنازة' عن مطرف بن مازن عن معمر عن الزهري' اخبرنا ابو امامة بن سهل انه اخبره رجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم' به- و مطرف الكلام فيه مشهور- و من طريق الشافعي اخرجه البيهقي في المعرفة (۳٦۰۱)' و هو في الكبرى للبيهقي ايضا (۳۹/٤)- و اخرجه البيهقي في المعرفة (۷٦۰۵) من رواية عبيد الله بن ابي زياد الرصافي عن الزهري' به- و اخرجه الشافعي في الام (۲۷۱/۱)' و من طريقه البيهقي في المعرفة (۷٦۰۸) عن بعض اصحاب الشافعي عن الليث عن الزهري به مختصرا- و اخرجه سفيان ابن حسين عن الزهري عن ابي امامة عن ابيه' و اخرجه الاوزاعي عن الزهري عن ابي امامة عن بعض اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم - ذكر ذلك البيهقي في (المعرفة) (۲۹۵/۵) (۷٥۷۹) (۷٥۸۰) وراجع: السنن الكبرى للبيهقي (۳۵/٤)-

رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ذَاتَ يَوْمٍ مِّنْ جَنَازَةٍ بِالْبَقِيعِ وَاَنَا اَجِدُ صُدَاعًا فِىْ رَاْسِىْ وَاَنَا اَقُوْلُ وَارَاْسَاهُ فَقَالَ بَلْ اَنَا وَارَاْسَاهُ- ثُمَّ قَالَ مَا ضَرَّكِ لَوْ مُتِّ قَبْلِى فَكَفَّنْتُكِ ثُمَّ صَلَّيْتُ عَلَيْكِ وَدَفَنْتُكِ . قَالَتْ كَاَنِّىْ بِكَ وَاللّٰهِ لَوْ قَدْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ رَجَعْتَ اِلٰى بَيْتِىْ فَعَرَّسْتَ فِيْهِ بِبَعْضِ نِسَائِكَ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ثُمَّ بُدِءَ فِىْ وَجَعِهِ الَّذِىْ تُوُفِّىَ فِيْهِ

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ بقیع (کے میدان میں کسی شخص کے جنازے میں شریک ہوکر واپس آئے) مجھے اپنے سر میں شدید درد محسوس ہو رہا تھا' میں یہ کہہ رہی تھی: ہائے میرا سر! (اس کا بامحاورہ ترجمہ یہ ہو گا: ہائے! میں مرگئی) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بلکہ ہائے میرا سر! پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم مجھ سے پہلے انتقال کر جاتی ہو' تو تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا کیونکہ میں تمہیں کفن دوں گا' تمہاری نماز جنازہ ادا کروں گا' تمہیں دفن کروں گا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اللہ کی قسم! جب آپ ایسا کرلیں گے تو واپس میرے گھر میں آئیں گے اور یہاں اپنی ایک نئی زوجہ محترمہ کے ساتھ رات گزاریں گے' تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے۔

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کی اس تکلیف کا آغاز ہوا' جس میں آپ کا وصال ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن عبدملک بن واقد حرانی، ابویحییٰ اسدی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ تکلم فیہ بلا حجۃ، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 221ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۲۰)۔

1804- حَدَّثَنَا ابْنُ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اَبِىْ وَقَالَ فِيْهِ فَغَسَّلْتُكِ وَكَفَّنْتُكِ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

"تو میں تمہیں غسل دوں گا اور تمہیں کفن دوں گا"۔

1805- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْاٰدَمِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحُنَيْنِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ بِهٰذَا وَقَالَ فِيْهِ فَغَسَّلْتُكِ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے اور اس میں یہ الفاظ ہیں:

"تو میں تمہیں غسل دوں گا"۔

۱۸۰۳- اخرجه احمد (۶/۲۲۸)؛ و عنه ابن ماجه في الجنائز (۱۴۶۵) باب: ما جاء في غسل الرجل امرأته و غسل المرأة زوجها عن محمد بن سلمة به- و من هذا الوجه اخرجه النسائي في الكبرى: كما في التحفة (۱۱/۴۸۲)؛ و ابن حبان في كتاب التاريخ (۶۵۸۶) باب: مرض النبي صلى الله عليه وسلم، و البيهقي في الكبرى (۳/۳۹۶) من طريق من محمد بن سلمة به- و قد اخرجه البيهقي في الدلائل (۷/۱۶۸-۱۶۹) من رواية يونس عنه بالسماع من يعقوب- قال البوصيري في (الزوائد) (رجاله ثقات و اخرجه البخاري من وجه آخر مختصراً)- المقلت: رواية البخاري في المرض (۵۶۶۶) باب: ما رخص للمريض ان يقول: اني وجع، و كذلك البيهقي في الدلائل (۷/۱۶۸)؛ كلاهما من طريق يحيى بن سعيد، سمعت القاسم بن محمد قال: قالت عائشة: و ارأساه...... الحديث مختصراً دون ذكر الصداع، و ليس فيه قوله: (ثم بدئ في وجعه الذي توفي فيه صلى الله عليه وسلم)-

قبر پر نمازِ جنازہ ادا کرنا

قبر پر نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بارے میں احکام کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

اگر پہلی نمازِ جنازہ باجماعت ادا کی گئی ہو تو احناف اور مالکیوں کے نزدیک دوبارہ نمازِ جنازہ ادا کرنا مکروہ ہوگا، لیکن اگر پہلی مرتبہ باجماعت ادا نہ کی گئی ہو تو دفن کرنے سے پہلے دوبارہ باجماعت نمازِ جنازہ ادا کرنا مستحب ہوگا۔

شوافع اور حنابلہ نے اس بات کی اجازت دی ہے، جو لوگ پہلی نمازِ جنازہ میں شریک نہ ہو سکے ہوں، وہ دوبارہ نمازِ جنازہ ادا کر سکتے ہیں خواہ میت کو دفن کیا جا چکا ہو۔

بلکہ شوافع کے نزدیک ایسا کرنا سنت ہے اور کئی صحابہ کرام نے ایسا کیا ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ روایت منقول ہے، یہ متفق علیہ ہے، وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی قبر کے پاس سے گزرے جو تازہ بنی تھی، لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صفیں قائم کر لیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (نمازِ جنازہ ادا کرتے ہوئے) چار تکبیریں کہیں۔

اگر کسی شخص کی نمازِ جنازہ ادا نہ کی گئی ہو تو اس کے دفن ہو جانے کے بعد اس کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بارے میں فقہاء کا اتفاق پایا جاتا ہے، اس کی دلیل یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری خاتون کی قبر پر اس کی نمازِ جنازہ ادا کی تھی۔

یہاں یہ بات مناسب محسوس ہوتی ہے، اس بارے میں فقہاء کی عبارات کو نقل کر دیا جائے تاکہ دفن کے بعد نمازِ جنازہ کے جواز کے بارے میں ان کی بیان کردہ قیود کا علم ہو سکے۔

احناف یہ کہتے ہیں کہ جس شخص کو نمازِ جنازہ ادا کیے بغیر دفن کر دیا گیا ہو، تو استحسان کا تقاضا یہ ہے: اس کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی جائے جب تک اس بات کا غالب گمان ہو کہ اس کی لاش پھول کر پھٹ نہیں گئی ہوگی۔ لاش کے خراب ہونے کا تعلق، جگہ کے ساتھ، میت کی حالت کے ساتھ اور وقت کے ساتھ ہے اور اس بارے میں اسی کا اعتبار کیا جائے گا۔

فقہائے مالکیہ یہ کہتے ہیں: اگر نمازِ جنازہ ادا کیے بغیر کسی کو دفن کر دیا گیا ہو، تو اگر ابھی دفن سے فارغ نہیں ہوئے تو میت کو نکال کر اس کی نمازِ جنازہ ادا کی جائے۔ اور اگر دفن کر چکے ہوں تو جب تک لاش خراب نہ ہو اس وقت تک قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی جا سکتی ہے۔

شوافع اس بات کے قائل ہیں: اگر نمازِ جنازہ ادا کیے بغیر کسی کو دفن کر دیا گیا ہو، تو قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی جائے گی۔ کیونکہ قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی جا سکتی ہے۔

اگر کسی شخص کو غسل دیئے بغیر یا قبلہ کی طرف اس کا منہ کیے بغیر کسی دوسری سمت میں رخ کر کے دفن کر دیا گیا ہو، تو اب اگر قبر کھودنے کی وجہ سے لاش کے خراب ہونے کا اندیشہ نہ ہو، تو قبر کو کھود کر میت کو نکال کر اسے غسل دے کر اسے قبلہ کی طرف منہ کر کے دفن کیا جائے گا کیونکہ یہ کام واجب ہے۔ اگر واجب کا ادا کرنا ممکن ہو، تو اسے ادا کرنا ضروری ہوتا ہے، لیکن اگر کسی خرابی کا اندیشہ ہو، تو قبر کو نہیں کھودا جائے گا، کیونکہ اب واجب کی ادائیگی مشکل ہو چکی ہے اور جب وہ مشکل ہو جائے تو واجب ساقط

جاتا ہے۔ جیسے زندہ شخص کا وضو کرنا یا نماز کے دوران قبلہ کی طرف رخ کرنا۔

اگر میت کو قبر میں رکھ دیا گیا ہو لیکن ابھی اس پر مٹی نہ ڈالی گئی ہو تو اس کی میت کو نکال کر نمازِ جنازہ ادا کی جائے گی۔

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: اگر میت کو قبلہ کی طرف رخ کرنے کی بجائے کسی اور سمت میں دفن کیا گیا ہو یا نمازِ جنازہ ادا کیے بغیر اسے دفن کر دیا گیا ہو تو اب قبر کو کھود کر اسے قبلہ کی طرف دفن کیا جائے گا تاکہ واجب ادا ہو جائے اور اگر نمازِ جنازہ ادا نہیں کی گئی تھی تو نمازِ جنازہ بھی ادا کی جائے گی کیونکہ نماز کی شرط موجود ہے اگر کفن نہیں پہنایا گیا تھا تو اسے کفن نہیں پہنایا جائے گا۔

نماز کے بارے میں ان حضرات کی دلیل یہ ہے: نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا کہ فلاں صحابی انتقال کر گئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے اس کی قبر کے بارے میں بتاؤ' پھر نبی اکرم ﷺ اس کی قبر پر تشریف لے گئے ور آپ نے اس کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی۔

اگر دفن ہوئے ایک مہینے سے زائد عرصہ گزر چکا ہو' تو اب نمازِ جنازہ ادا نہیں کی جائے گی۔

کیونکہ سعید بن مسیب نے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی والدہ انتقال کر گئیں' نبی اکرم ﷺ اس وقت مدینہ منورہ میں موجود نہیں تھے' جب آپ واپس تشریف لائے تو ان کی نمازِ جنازہ ادا کی۔ اس وقت اس خاتون کے انتقال کو ایک مہینہ گزر چکا تھا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس بارے میں ہمیں جو مدت معلوم ہوئی ہے اس کی زیادہ سے زیادہ حد یہی ہے' نبی اکرم ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی والدہ کی قبر پر ایک ماہ کے بعد نمازِ جنازہ ادا کی تھی' یہ اتنی مدت ہے' غالباً اتنے وقت کے دوران میت خراب نہیں ہوتی' اس لیے اس مدت تک نمازِ جنازہ ادا کرنا جائز ہے جیسا کہ تیس دن گزرنے سے پہلے' یا پھر یہ ہے' غالب گمان یہ ہو کہ لاش خراب نہیں ہوئی ہوگی۔

5-باب وَضْعِ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرٰى وَرَفْعِ الْاَيْدِىْ عِنْدَ التَّكْبِيْرِ.

باب5: (نمازِ جنازہ کے دوران) دایاں ہاتھ بائیں پر رکھنا' تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرنا

1806- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ نَصْرٍ الْقَارِءُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى

الفقہ الاسلامی وادلتہ' از ڈاکٹر وہبہ زحیلی

۱۸۰۶- اخرجه الترمذي في الجنائز (۱۰۷۷) باب: ما جاء في رفع اليدين على الجنازة' و البيهقي في الجنائز (۳۸/۴) باب: وضع اليمنى على اليسرى' من رواية يحيى بن يعلى عن ابي فروة يزيد بن سنان عن زيد بن ابي انيسة عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة مرفوعاً به- و قال الترمذي: (غريب' لا نعرفه الا من هذا الوجه)- اه- و قال البيهقي: (تفرد به يزيد بن سنان)- اه- و به اعله ابن القطان' و قد ضعفه احمد و جماعة-قال الترمذي: (و اختلف اهل العلم في هذا: فراى اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم و غيرهم' ان يرفع الرجل يديه في كل تكبيرة على الجنازة- و هو قول ابن المبارك و الشافعي و احمد و اسحاق- وقال بعض اهل العلم: لا يرفع يديه الا في اول مرة- و هو قول الثوري و اهل الكوفة-و ذكر عن ابن المبارك انه قال: في الصلاة على الجنازة-: (لا يقبض بيمينه على شماله)-وراى بعض اهل العلم: ان يقبض بيمينه على شماله: كما يفعل في الصلاة- و قال ابو عيسى: (يقبض احب الي)- قلت: و لم يرد ذكر زيد بن ابي انيسة في هذا الاسناد' و اخرجه الدارقطني عقبه من هذا الوجه' و فيه ذكر زيد ابي انيسة' و لعل هذا الاضطراب من ابي فروة يزيد بن سنان: فقد لحقه الطعن في حفظه-

الاَسْلَمِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰی عَلٰی يَدِهِ الْيُسْرٰی .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نمازِ جنازہ ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دایاں دست مبارک بائیں دست مبارک پر رکھا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حسن بن حماد بن کسیب-حضرمی، ابوعلی بغدادی، یلقب سجادۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کا انتقال 241ھ میں ہوا۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۱۶۵)۔

1807- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْعَطَّارُ وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالاَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبَانَ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَعْلٰى عَنْ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا صَلّٰی عَلَى الْجَنَازَةِ رَفَعَ يَدَيْهِ فِیْ اَوَّلِ تَكْبِيْرَةٍ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰی عَلَى الْيُسْرٰی۔

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کی نمازِ جنازہ ادا کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی تکبیر میں دونوں ہاتھ اُٹھایا کرتے تھے پھر اس کے بعد اپنا دایاں دست مبارک بائیں دست مبارک پر رکھ لیتے تھے۔

1808- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنِیْ هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عَلَى الْجَنَازَةِ فِیْ اَوَّلِ تَكْبِيْرَةٍ ثُمَّ لاَ يَعُوْدُ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ جنازہ میں پہلی تکبیر میں دونوں ہاتھ اُٹھایا کرتے تھے پھر اس کے بعد آپ نمازِ جنازہ میں تکبیر کہتے ہوئے رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبیداللہ بن جریر بن جبلة بن ابی رواد، ابوعباس، وقیل: ابوحسن، عتکی، بصری، وثقہ بغدادی، ان کا انتقال 262

۱۸۰۷- اخرجه البيهقي في السنن (۴/۳۸)- من طريق محمد بن سليمان الواسطي به- و انظر الحديث السابق-

1985- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ حُجْرٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لِعُمَرَ اِنَّا قَدْ اَخَذْنَا مِنَ الْعَبَّاسِ زَكَاةَ الْعَامِ عَامَ الْاَوَّلِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا: ہم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے اس سال کی زکوٰۃ گزشتہ سال ہی وصول کرلی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حجر عدوی، قال ابن حجر: قیل: حجیۃ بن عدی، یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وقال فی ترجمۃ حجیۃ: بوزن علیۃ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ خطا کرجاتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۱۱۵۵)۔

1986- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُتْبَةَ حَدَّثَنَا وَلِيْدُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ طَلْحَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَا عُمَرُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ اِنَّا كُنَّا احْتَجْنَا اِلَى مَالٍ فَتَعَجَّلْنَا مِنَ الْعَبَّاسِ صَدَقَةَ مَالِهِ لِسَنَتَيْنِ . اخْتَلَفُوْا عَلَى الْحَكَمِ فِيْ اِسْنَادِهِ وَالصَّحِيْحُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ مُرْسَلٌ.

☆☆ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! کیا تم جانتے ہو کہ آدمی کا چچا اس کے باپ کی جگہ ہوتا ہے' ہمیں اس وقت کچھ مال کی ضرورت تھی تو ہم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے مال کی زکوٰۃ دو سال پہلے ہی وصول کرلی تھی۔

اس روایت کی سند میں حکم نامی راوی سے اختلاف کیا گیا ہے' صحیح یہ ہے: یہ روایت حسن بن مسلم نامی راوی سے مرسل روایت کے طور پر منقول ہے۔

1987- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عُمَرَ سَاعِيًا- قَالَ- فَاَتَى الْعَبَّاسَ يَطْلُبُ صَدَقَةَ مَالِهِ قَالَ فَاَغْلَظَ لَهُ الْعَبَّاسُ فَخَرَجَ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَاَخْبَرَهُ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ الْعَبَّاسَ قَدْ اَسْلَفَنَا زَكَاةَ مَالِهِ الْعَامَ وَالْعَامَ الْمُقْبِلَ.

۱۹۸۵- اخرجه الترمذي في الزكاة (۲/۲۹) باب: ما جاء في تعجيل الصدقة (۶۷۹) و البيهقي في الزكاة (۱۱۱/۴) باب: تعجيل الصدقة' من طريق اسرائيل' به-

۱۹۸۶- اخرجه البيهقي في الزكاة (۱۱۱/۴) باب: تعجيل الصدقة' من حديث الحسن بن عمارة' به-

۱۹۸۷- اخرجه البيهقي في الزكاة (۱۱۱/۴) باب: تعجيل الصدقة' من حديث محمد بن عبيد الله' به-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا' وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے ان کے مال کی زکوٰۃ کا مطالبہ کیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ سختی کا مظاہرہ کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس سال اور آئندہ سال کی زکوٰۃ پہلے ہی ہمیں دے دی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ نعمان بن عبدسلام بن حبیب تیمی، ابومنذر اصبہانی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ عابد فقیہ، راویوں کے نویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ ابوداود والنسائی۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۰۴/۲)۔

1988- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحَكَمِ- وَقَالَ الْمَطِيرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الْحَكَمِ- عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ عُمَرَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَرَجَعَ وَهُوَ يَشْكُو الْعَبَّاسَ فَقَالَ اِنَّهُ مَنَعَنِيْ صَدَقَتَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا عُمَرُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ اِنَّ الْعَبَّاسَ اَسْلَفَنَا صَدَقَةَ عَامَيْنِ فِيْ عَامٍ . كَذَا قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاِنَّمَا اَرَادَ مُحَمَّدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ .وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا' وہ واپس آئے تو انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا شکوہ کیا اور بتایا: انہوں نے اپنی زکوٰۃ مجھے ادا نہیں کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ آدمی کا چچا اس کے باپ کی جگہ ہوتا ہے' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے دو سال کی زکوٰۃ (پہلے ہی) ایک ساتھ ادا کر دی تھی۔

راوی نے دوسرے راوی کا نام عبیداللہ بن عمر نقل کیا ہے' لیکن ان کی مراد یہ تھی کہ یہ روایت محمد بن عبیداللہ سے منقول ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

1989- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ عُمَرَ سَاعِيًا فَكَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْعَبَّاسِ شَيْءٌ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ اِنَّ

۱۹۸۸- بین الدارقطني عقبه ان المراد: محمد بن عبيد الله: و هو العرزمي المتروك- تقدمت ترجمته غير مرة-

۱۹۸۹- اخرجه الطبراني في الاوسط (۷۸۶۲) و هو في مجمع البحرين رقم (۱۳۷۲) من طريق اسحاق الازرق عن اسماعيل المكي عن سليمان الاحول عن ابي رافع به-وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (۸۲/۳): (اخرجه الطبراني في الاوسط و فيه اسماعيل المكي و فيه كلام كثير وقد وثق)-اه-

الْعَبَّاسَ اَسْلَفَنَا صَدَقَةَ الْعَامِ عَامَ الْاَوَّلِ .

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا دوران ان کی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ کچھ تکرار ہوگئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ آد چچا اس کے باپ کی جگہ ہوتا ہے' حضرت عباس نے اس سال کی زکوٰۃ گزشتہ سال ہمیں پہلے ہی دے دی تھی۔

1990- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ بْنُ يَعْ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِ تَمْرَةٍ فَاِنَّهَا تَسُدُّ مِنَ الْجَائِعِ مَا تَسُدُّ مِنَ الشَّبْعَانِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جہنم سے بچنے کی کوشش کر ایک کھجور کے ٹکڑے کے ذریعے ایسا کرو' چونکہ یہ بھوکے کے لئے بھی اسی طرح رکاوٹ بنتی ہے جس طرح سیراب شخص کے لئے

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شیبان بن فروخ ابی شیبۃ حبطی - بمھملۃ وموحدۃ مفتوحۃ - ابومحمد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قر ہے۔ (روایت کے الفاظ نقل کرنے میں) یہ وہم کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان پر یہ الزام ہے' یہ ''قدریہ'' عقائد کے مالک امام ابوحاتم فرماتے ہیں: اضطر ناس یہ اخیر ا۔ یہ نویں طبقے کے کم سن راویوں میں سے ہیں۔ روی لہ مسلم و ابوداود و ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۳۵۶)۔

1991- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِىْ حَمْ

۱۹۹۰- ابو امیة بن یعلی هو اسماعیل: قال النسائي و الدارقطني و ابن معین -في روایة-: متروك الحدیث- وقال البخاري: سكتوا ضعفه ابو حاتم و ابو زرعة والساجي وغیرهم- و ذكره له ابن عدي حدیثه هذا في ترجمته في (الكامل) من طریق بشر بن معاذ ختم ترجمته بقوله: (وهو في جملة الضعفاء' و هو ممن یكتب حدیثه)- اه- ینظر: الكامل لابن عدي (۱/۳۱۱)' لسان المیزان (۱/ اخرجه البزار- كما في كشف الاستار (۹۳۷) من حدیث محمد بن زیاد عن ابي هریرة' به مختصرا- وقال: (قد روي عن ابي غیر هذا الوجه' و هذا الاسناد عن ابي هریرة احسن اسناد یروي في ذلك و اصحه' ویروي عن عائشة' و عدي' و انس' و ابي رجاء عباس' و جریر بن عبد الله)- اه- وقال الهیثمي في المجمع (۳/۱۰۶): (واخرجه البزار' و فیه عثمان بن عبد الرحمن الجمحي حاتم: یكتب حدیثه' ولا یحتج به' و حسن البزار حدیثه)- اه- و لفظ البزار السابق لیس فیه تحسین للحدیث- قلت: و اللفظ بتمامه اخرجه البزار من حدیث ابي بكر مرفوعا- كما في كشف الاستار (۹۳۳) عن محمد بن اسماعیل عن زید بن الحباب عن ابي عن شرحبیل بن سعد عن جابر عن ابي بكر' به مرفوعا- وقال: (لا نعلم احدا حدث به عن زید الا محمد بن اسماعیل' و لم یتابع لا یروی عن ابي بكر الا بهذا الاسناد وحده)- اه-قال الهیثمي (۳/۱۰۵): (وفیه محمد بن اسماعیل الوساوسي' و هو ضعیف جد و في الباب عن عدي بن حاتم عند البخاري في الزكاة (۱۴۱۳) باب: الصدقة قبل الرد' و مسلم في الزكاة (۱۰۱۶) باب: الحث على و لو بشق تمرة- و لكنه مختصر على الجزء الاول فقط في التصدق بشق تمرة- و مثله حدیث النعمان بن بشیر' و عائشة' و ا البزار-كما في كشف الاستار- كتاب الزكاة (۱/۴۴۲-۴۴۳) باب: الحث على الصدقة (۹۳۴) (۹۳۵) (۹۳۶)-

۱۹۹۱- اخرجه الترمذي في الزكاة (۳/۴۸) باب: ما جاء ان في المال حقا سوى الزكاة (۶۵۹) من حدیث الاسود بن عامر عن شریك اخرجه (۶۶۰) من طریق محمد بن الطفیل عن شریك' به- ثم قال: (هذا حدیث اسناده لیس بذاك- و ابو حمزة میمون الاعور ویروی بیان او اسماعیل بن سالم عن الشعبي هذا الحدیث قوله- وهذا اصح)- اه- و الحدیث اخرجه ابن عدي في الكامل (۴/ ترجمة شریك النخعي' من حدیث بشر بن الولید عن شریك' به-وقال: (وهذا قد اخرجه عن شریك: محمد بن الطفیل الكوفي' ع شریك عن رجل عن الشعبي عن فاطمة و لم یسم ابا حمزة)- اه-

عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) إِنَّ فِي الْمَالِ حَقًّا سِوٰى الزَّكَاةِ . ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوا وُجُوْهَكُمْ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ.

☆☆ سیّدہ فاطمہ بن قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حق ہوتا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

''نیکی صرف یہ نہیں ہے تم اپنے چہروں کو پھیر دو''۔

یہ آیت آخر تک ہے۔

1992- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ اَبُوْ نَصْرٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

1993- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ حَمَاسٍ اَوْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ حَمَاسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ اَبِيْعُ الْاُدْمَ وَالْجِعَابَ فَمَرَّ بِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِيْ اَدِّ صَدَقَةَ مَالِكَ . فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّمَا هُوَ فِي الْاُدْمِ . قَالَ قَوِّمْهُ ثُمَّ اَخْرِجْ صَدَقَتَهُ .

☆☆ ابوعمرو بن حماس اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں سالن اور ترکش فروخت کیا کرتا تھا' ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے اور انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو' میں نے کہا: اے امیرالمومنین! یہ سالن میں ہے' تو انہوں نے فرمایا: تم اس کی قیمت کا اندازہ لگاؤ' پھر اس کی زکوٰۃ ادا کرو۔

18-باب زَكَاةِ مَالِ التِّجَارَةِ وَسُقُوطِهَا عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ.

باب18: تجارت کے مال کی زکوٰۃ ادا کرنا نیز گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ معاف کرنا

1994-اَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَانَ الشِّيْرَازِيُّ فِيْمَا كَتَبَ اِلَيَّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُوْسَى الْحَارِثِيَّ حَدَّثَهُمْ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَحْيَى بْنِ بَحْرٍ الْكِرْمَانِيُّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ حَمَّادٍ الْاِصْطَخْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ عَنْ

۱۹۹۲- اشار ابن عدي الى هذه الرواية' و قد اجتمع محمد بن الطفيل و بشر بن الوليد على تسمية شيخ شريك في اسناده' فقال: (عن ابي حمزة) بخلاف ما قاله منصور عن شريك' و قد صوب الترمذي انه من قول الشعبي - و راجع ما قبله-

۱۹۹۳- ابو عمرو بن حماس لم يعرف له اسم- و قال الذهبي: (مجهول)- و قال ابن حجر: (مقبول)- ينظر: (الميزان) (٤/ الترجمة ١٠٤٦) و تهذيب الكمال (٣٤/ ١١٩)- و قال الدارقطني في ترجمة ابنه (شداد بن ابي عمرو بن حماس): (لا يعرف فيمن يروى عنه الحديث' و ابوه معروف)- تهذيب التهذيب (٤/ ٣١٨)-

۱۹۹٤- اخرجه البيهقي في الكبرى في الزكاة (٤/ ١١٩) باب: من راى في الخيل صدقة- والخطيب في تاريخه (٦/ ٣٩٨) و من طريقه ابن الجوزي في العلل (٢/ ٤٩٦) و الطبراني في الاوسط رقم (٧٦٦٥) كلهم من طريق اسماعيل بن يحيى به- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٣/ ٧٢): (فيه الليث بن حماد و غورك' و كلاهما ضعيف)- وغورك مترجم في اللسان (٤/ ٤٢١) ولم يزد في ترجمته على ما هنا- كما لم يزد في ترجمة ليث بن حماد (٤/ ٤٩٢) على قوله: (ضعفه الدارقطني)- اهـ-

غُورَكُ بْنُ الْحِصْرِمِ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِى الْخَيْلِ السَّائِمَةِ فِىْ كُلِّ فَرَسٍ دِيْنَارٌ . تَفَرَّدَ بِهٖ غُورَكٌ عَنْ جَعْفَرٍ وَهُوَ ضَعِيْفٌ جِدًّا وَمَنْ دُوْنَهٗ ضُعَفَاءُ .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: گھوڑے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک گھوڑے کی طرف سے ایک دینار ادا کیا جائے گا۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کرنے میں غورک نامی راوی منفرد ہے اور یہ بہت زیادہ ضعیف ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ غورک بن حصرم۔ قال ابن ناصر دین فی مشتبہ: (الحصرمی۔ بمھملات مع کسر اولہ، وسکون ثانیہ، وکسر راء ومیم) وذکرہ ذھبی فی میزان ومغنی فی ضعفاء وکذا ابن حجر فی لسان، وذکروا فیہ قول دارقطنی: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ جدا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "میزان اعتدال" از حافظ شمس دین ذہبی (۵/۴۰۷)، مغنی (۲/۵۰۷)، لسان (۴/۴۹۶) وتوضیح مشتبہ (۳/۲۵۱)۔

•••———•••———•••

سامانِ تجارت کی زکوٰۃ کا حکم

سامانِ تجارت سے مراد وہ چیز ہے جو چاندی یا سونا نہ ہو خواہ وہ سکے کی شکل میں ہو جیسے پاؤنڈ یا ریال یا سکے کی شکل میں نہ ہو جیسے خواتین کا زیور۔

تین امام اس بات پر متفق ہیں' سونے اور چاندی کو مطلق طور پر سامانِ تجارت میں شامل نہیں کیا جائے گا' فقہائے مالکیہ نے اس حوالے سے اختلافی رائے دی ہے' جب وہ سکے کی شکل میں نہ ہو' وہ یہ کہتے ہیں: اگر سونے اور چاندی کا سکہ نہ ہو' تو اسے مالِ تجارت میں شمار کیا جائے گا' اسے نقدی میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے اس پر لباس اور لوہے (کی تجارت کی طرح) تجارت کے مال کی زکوٰۃ لازم ہوگی۔

تو جو شخص اس کی تجارت کرتا ہوگا' اس پر یہ بات لازم ہوگی کہ وہ اس کی زکوٰۃ دسویں حصے کا چوتھائی (یعنی چالیسواں حصہ یعنی اڑھائی فیصد) ادا کرے۔

اس کی شرائط اور طریقۂ کار کی تفصیل ذیلی حاشیے میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

شوافع یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال پر زکوٰۃ واجب ہونے کے لیے چھ چیزیں شرط ہیں' پہلی شرط یہ ہے: وہ مال کسی چیز کے عوض میں' یعنی خریدنے کی وجہ سے حاصل ہوا ہو' لہٰذا اگر کوئی شخص تجارت کا مال خریدتا ہے تو خواہ اس نے وہ نقد لیا ہو یا اُدھار ہو' وہ سودا دست بدست ہوا ہو یا میعادی ہو' اس مال پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' اس کا طریقہ آگے ذکر کیا جائے گا۔

لیکن اگر وہ مال کسی چیز کے عوض میں حاصل نہ ہوا ہو' جیسے کسی شخص کو وراثت میں مالِ تجارت مل گیا ہو' تو اب اس مال

زکوۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جب تک اسے تجارت کی غرض سے استعمال نہیں کیا جاتا۔

اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے: تجارت کرنے کی نیت مبادلہ یا مجلس عقد میں ہی کر لی گئی ہو۔ اگر اس وقت تجارت کی نیت نہیں کی گئی تھی تو اب اس پر زکوۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔ ہر تبادلے کے وقت الگ سے نیت کرنا شرط ہوگا' جب پورا رأس المال ادا کر دیا جائے تو سامانِ تجارت کو لیتے وقت نیت کرنا لازم نہیں ہوگا کیونکہ اس مال کو پہلے ہی تجارت کا مال قرار دیا جا چکا ہے اور وہی کافی ہے۔

اس کے لیے تیسری شرط یہ ہے: اس مال کو روک لینے کا ارادہ ہوتا کہ اسے اپنے کام میں استعمال کیا جا سکے' اس کی تجارت کا ارادہ نہ ہو۔ اگر ایسا ارادہ ہوگا' تو سال کی مدت منقطع ہو جائے گی' اگر بعد میں تجارت کا ارادہ بن جاتا ہے تو اسے کاروبار میں لگانے کے ساتھ ہی نئے سرے سے تجارت کی نیت کرنی ہوگی۔

اس کے لیے چوتھی بات یہ شرط ہے' مال کا مالک بن جانے کے بعد اس پر ایک سال گزر جانا چاہیے' اگر ایک سال نہیں گزرتا ہے تو زکوۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی' تاہم اگر مال کی قیمت یعنی وہ قیمت جس سے اس مال کو خریدا گیا ہے' رائج الوقت نقدی کی شکل میں ہو اور اس کی مقدار نصاب کے برابر ہو یا نصاب سے کم ہو اور پھر بعد میں وہ شخص دوسرے مال کا بھی مالک بن جائے اور ان دونوں اموال کو ملا کر نصاب پورا ہو رہا ہو' تو اب ان دونوں صورتوں میں مالِ تجارت اور زکوۃ کی ادائیگی لازم ہو جائے گی جبکہ اصل مال یعنی اس نقدی پر ایک سال گزر چکا ہو۔

اس کے لیے پانچویں شرط یہ ہے: اس سال کے دوران وہ تمام مالِ تجارت ایسی نقدی کی شکل میں منتقل نہ کیا گیا ہو جس سے مال کی قیمت لگائی جاتی ہے' جیسا کہ تجارت کے مال کی زکوۃ کے طریقے میں اس کا بیان آئے گا۔ اسی طرح اس کی مقدار نصاب سے کم بھی نہیں ہونی چاہیے۔ اگر تمام مال نقدی کی شکل میں آ جاتا ہے اور اس کی مقدار نصاب سے کم ہو جاتی ہے تو اب سال کا تسلسل ٹوٹ جائے گا۔

اب اگر وہ شخص اسی نقدی کے ذریعے پھر دوبارہ تجارت کا مال خریدتا ہے تو اس خریدنے کے وقت سے نئے سال کا آغاز ہوگا اور سابقہ وقت کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔

لیکن اگر یہ صورتِ حال ہو کہ مالِ تجارت میں سے کچھ تو نقدی کی شکل میں آ گیا ہو جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے اور کچھ مال کی شکل میں باقی رہ گیا ہو یا سارے کا سارا مال نصاب کے برابر قیمت کی شکل میں نقد یا مال کے بدلے میں فروخت کر دیا گیا ہو یا نقدی کے عوض میں فروخت کر دیا گیا ہو لیکن سال کے آخر تک اس کی قیمت نہ لگائی گئی ہو جیسا کہ آگے اس کا ذکر کیا جائے گا' تو اس صورت میں مال کا اعتبار ختم نہیں ہوگا۔

اس کے لیے چھٹی شرط یہ ہے: مال کی قیمت سال کے آخر میں نصاب کے برابر پہنچ جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے: زکوۃ لازم ہونے کے لیے سال کے آخری حصے کا اعتبار کیا جاتا ہے' پورے سال یا سال کے دونوں کناروں کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔

اگر تجارت کا مال اس قسم کا ہو کہ اس کی زکوۃ ویسے ہی لازم ہو رہی ہو جیسے سائمہ جانور ہیں یا پھلوں کی زکوۃ ہے تو اس

صورت میں دیکھا جائے گا کہ اگر نصاب زکوٰۃ کے مال کے اعتبار سے اور قیمت کے اعتبار سے پورا ہو رہا ہے تو پھر اس کی زکوٰۃ جانوروں یا پھلوں کی زکوٰۃ کے اصول کے مطابق نکالی جائے گی' قیمت کے اعتبار سے ادا نہیں کی جائے گی۔

اگر صورتِ حال ایسی ہو کہ ان دونوں میں سے ایک کے حوالے سے نصاب پورا ہو رہا ہو' یعنی تجارت کے مال کی قیمت کے اعتبار سے یا مویشیوں اور پھلوں کی مقدار کے اعتبار سے تو اسی کے مطابق زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔ تجارت کے مال کی زکوٰۃ کو اتنی ہی مرتبہ ادا کیا جائے گا جتنی مرتبہ اس پر سال گزر جاتا ہے' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے' ہر سال نصاب مکمل ہونا چاہیے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہوگا کہ جو مال خریدا گیا تھا' اسے سونے یا چاندی کی چیز کے عوض میں خریدا گیا تھا' اس کی قیمت کے اعتبار سے حساب لگایا جائے گا۔ اگر اسے نقدی کے عوض میں نہیں خریدا گیا تو اس نقدی کے حساب سے اس کی قیمت لگائی جائے گی جو اس شہر میں رائج ہو۔ اور جب سال مکمل ہونے پر اس کی قیمت کا اندازہ لگایا جائے گا' تو اس وقت دو عادل ماہر لوگ اس کی قیمت لگائیں گے جو قیمت کے گواہ کی حیثیت رکھتے ہوں گے' اس کے لیے متعدد شواہد کا ہونا ضروری ہے۔ اب جو قیمت لگائی جائے گی اس کے چالیسویں حصے (یعنی اڑھائی فیصد) کی ادائیگی لازم ہوگی۔

احناف یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال میں زکوٰۃ لازم ہونے کے لیے چند شرائط ہیں۔

ایک شرط یہ ہے: اس کی قیمت سونے یا چاندی کے حساب سے نصاب کو پورا کر رہی ہو' اور یہ اختیار ہے' سونے یا چاندی کے سکوں میں سے جس بھی سکے سے چاہے قیمت لگالی جائے۔

اگر دونوں طرح کے سکوں میں سے کسی ایک قسم کے سکوں کے حساب سے نصاب پورا نہ ہو رہا ہو اور دوسری قسم کے سکے کے حساب سے پورا ہو رہا ہو تو خاص طور پر اسی سکے کے حساب سے قیمت لگائی جائے گی جس سے نصاب پورا ہو رہا ہو۔ اور مال کی قیمت وہ لگائی جائے گی جو اس شہر میں رائج ہے۔

اگر اس مال کو کسی ایسی غیر آباد جگہ پر بھیجا جاتا ہے (جہاں پر قیمت رائج ہونے کا امکان نہیں ہوتا) تو اس علاقے کے قریب جو شہر ہے وہاں کی قیمت کے اعتبار سے اس کی مالیت کا اندازہ لگایا جائے گا۔

قیمت کا اندازہ لگاتے وقت ایک مال کی مالیت کو دوسرے مال کی مالیت کے ساتھ ملا دیا جائے گا' اگرچہ ان کی اقسام مختلف ہوں۔

اس کے لیے ایک بات یہ بھی شرط ہے' اس مال پر ایک سال گزر چکا ہو اور اس بارے میں سال کے دونوں سروں کا حساب رکھا جائے گا' لہٰذا اگر کوئی شخص سال کے آغاز میں نصاب کا مالک ہوا تھا اور درمیان میں وہ مال نصاب کی مقدار سے کم ہو گیا لیکن سال کے اختتام تک وہ دوبارہ نصاب کے برابر ہو گیا تو اب اس شخص پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ لیکن اگر سال کے آغاز میں یا سال کے اختتام پر مال کی مالیت نصاب سے کم رہی تو زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جیسا کہ زکوٰۃ کی شرائط میں یہ بات بیان کر دی گئی ہے۔

اسی طرح اگر مال کی قیمت سال کے آخر میں نصاب سے زیادہ ہو جاتی ہے تو اس اضافے کے مطابق زکوٰۃ ادا کی جائے

اس کے لیے ایک یہ شرط بھی ہے' اس مال سے تجارت کی نیت کی گئی ہو اور نیت کے ساتھ عملی طور پر تجارتی کام کا آغاز بھی کیا گیا ہو۔ اس لیے اگر کسی جانور کو ذاتی استعمال کے لیے خریدا گیا ہو اور پھر یہ ارادہ کر لیا گیا ہو کہ اس کی تجارت کی جائے تو ان تجارت شمار نہیں ہوگا' جب تک عملی طور پر اسے فروخت نہیں کیا جاتا یا کرائے پر دینے کا آغاز نہیں کیا جاتا۔

اگر کسی شخص کو نقدی کے علاوہ کوئی مالِ تجارت عطیے کے طور پر ملتا ہے یا کوئی شخص اس کے حق میں اس مالِ تجارت کی وصیت کرتا ہے یا عطیے اور وصیت کے وقت اس مال سے تجارت کی نیت کی جاتی ہے تو اب یہ نیت تسلیم نہیں کی جائے گی جب تک عملی طور پر اس مال کے ذریعے کاروبار کا آغاز نہیں کیا جاتا۔

اگر کوئی شخص کسی تجارتی مال کو اسی طرح کے کسی دوسرے تجارتی مال کے ساتھ تبادلے کے طور پر لین دین کر لیتا ہے تو اب انحصار اصل مالِ تجارت پر ہوگا۔ اس تبادلے پر نیت منحصر نہیں ہوگی' اس لیے تبادلے کی صورت میں ملنے والا مال بھی مالِ تجارت ہی سمجھا جائے گا اور اس بارے میں بنیادی طور پر جو نیت کی گئی تھی' وہ کافی شمار ہوگی۔ تاہم اگر تبادلے کے وقت تجارت کی نیت نہیں تھی تو اب وہ مال تجارت شمار نہیں ہوگا۔

اس کے لیے ایک یہ بھی شرط ہے' اس مال میں وہ صلاحیت موجود ہونی چاہیے کہ اس میں تجارت کی نیت کرنا درست ہو۔ اس لیے اگر کوئی شخص کوئی عشری زمین خرید لیتا ہے یا اس میں کاشت کرتا ہے یا کسی ایسی زمین میں تیار شدہ کھیت کو یا اس کی پیداوار کو خرید لیتا ہے تو اب اس زمین سے جو پیداوار ہوگی اس میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی' زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی۔

لیکن اگر کوئی شخص عشری زمین میں زراعت نہیں کرتا تو اب اس زمین کی قیمت پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی جبکہ خراج والی زمین کا یہ حکم نہیں ہے' کیونکہ اس پر خراج لازم ہوتا ہے خواہ اس میں زراعت نہ بھی کی گئی ہو۔

اگر کسی شخص کے پاس سامانِ تجارت کے طور پر جانور موجود ہوں اور ابھی سال نہ گزرا ہو' اس سے پہلے ہی وہ شخص ان جانوروں سے تجارت کا ارادہ ترک کر دے اور ان جانوروں کو دودھ حاصل کرنے کے لیے یا نسل بڑھانے کے لیے استعمال کرے یا اسی طرح کے کسی اور کام کے لیے استعمال کرے' جس کا ذکر ہم سائمہ جانوروں کی زکوٰۃ کے باب میں ذکر کر چکے ہیں یعنی جنگل میں چرنے کے لیے چھوڑ دے تو اب مالِ تجارت کے اعتبار سے سال کا حساب ختم ہو جائے گا اور سال کا حساب اس وقت سے شروع ہوگا جب سے اس نے ان جانوروں کو سائمہ بنایا ہے' پھر جب سال پورا ہو جائے گا' تو اب ان کی زکوٰۃ ان جانوروں کی تعداد پر نکالی جائے گی۔ قیمت کے حوالے سے ادا نہیں کی جائے گی۔

اگر سونے اور چاندی کی تجارت ہو رہی ہو' تو اس کی زکوٰۃ نقدی کی زکوٰۃ کے طریقے کے مطابق ادا کی جائے گی۔

ان کی زکوٰۃ لازم ہونے کے لیے تجارت کی نیت کرنا شرط نہیں ہے۔ اگر کسی شخص کے پاس تجارت کا مال کئی سال تک پڑا رہے پھر اس کے بعد وہ اسے فروخت کر دیتا ہے تو اب اس پر ہر ایک سال کی ادائیگی لازم ہوگی' صرف ایک سال کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

فقہائے مالکیہ یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال میں مطلق طور پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' خواہ سوداگر ذخیرہ اندوزی کر
والا ہو یا عام تجارت کرنے والا ہو۔

اس کی پوری تفصیل قرض کے مال کی زکوٰۃ کے احکام کے بارے میں ذکر کی جاچکی ہے۔

سامانِ تجارت کی زکوٰۃ کے حوالے سے پانچ شرائط ہیں اور اس کی ادائیگی کا مخصوص طریقہ ہے۔

اس کے لیے پہلی چیز یہ شرط ہے' سامانِ تجارت ایسی اشیاء پر مشتمل ہونا چاہیے جن کی زکوٰۃ میں اس چیز کو بعینہٖ ہی ادا
جاتا ہو جیسے کپڑا یا کتابوں کی تجارت ہے۔

اگر اس چیز کو بعینہٖ زکوٰۃ میں ادا کیا جاتا ہو جیسے سونا اور چاندی کے زیور ہیں یا اونٹ' گائے' بھیڑ' بکریاں ہیں تو ان کی ز
اسی طریقے کے مطابق واجب ہوگی جو جانوروں اور سونے چاندی وغیرہ کی زکوٰۃ کے بارے میں' ذکر کیا جاچکا ہے' لیکن اس
لیے یہ بات شرط ہے' ان کی تعداد نصاب کی مقدار کے برابر ہونی چاہیے۔

اگر وہ نصاب مکمل نہ ہورہا ہو' تو ان کی زکوٰۃ دوسرے سامانِ تجارت کی طرح قیمت کے اعتبار سے ادا کی جائے گی لیکن
کے لیے بھی یہ بات شرط ہے' اس مال کو رائج الوقت طریقے کے مطابق تبادلے کے طور پر حاصل کیا گیا ہو' جیسے خرید کر یا
کے طور پر حاصل کیا گیا ہو' وہ ایسا مال نہیں ہونا چاہیے جو وراثت میں یا خلع لینے کے نتیجے میں یا ہبہ کرنے کی صورت میں یا
کرنے کی صورت میں حاصل ہوا ہو۔

لیکن اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک طریقے کے ذریعے مال کا مالک بن جاتا ہے اور پھر اس مال کے ذریعے تجار
ارادہ کر لیتا ہے اور اسے فروخت کر لیتا ہے تو اب اس کے نتیجے میں جو قیمت حاصل ہوئی' اگلے برس کا حساب اسی دن
لگایا جائے گا' جب اس نے اس قیمت کو وصول کیا تھا' اس مال کے مال ہونے کے دن سے اس کا حساب نہیں لگایا جائے گا
اگر اس مال کو فروخت نہ کیا گیا ہو' تو اب اس کی مالیت لگائی جائے گی اور نہ ہی اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ اگر
ایسا مال ہو جو عام تجارت میں استعمال ہوتا ہو۔

اس کے لیے تیسری شرط یہ ہے: مالِ تجارت کو خریدنے کے وقت تجارت کا ارادہ ہو' خواہ یہ محض تجارت کا ارادہ ہو' خو
کے ذریعے مال حاصل کرنا یا خود نفع اُٹھانا بھی پیش نظر ہو۔ جیسے کوئی شخص تجارت کے لیے کوئی مکان خرید کر اسے کرائے پ
دیتا ہے یا یہ ارادہ کرتا ہے' اس میں کچھ عرصہ خود رہائش رکھے گا اور جب اس میں منافع محسوس ہوگا' تو اسے فروخت کردے
ان تمام صورتوں میں زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی' جس کا طریقہ مال کی زکوٰۃ کے بیان میں آگے ذکر کیا جائے گا۔

لیکن اگر کوئی شخص کوئی مال خریدتا ہے اور اس سے سرمایہ حاصل کرنے کے لیے یا اسے کام میں لانے کے لیے رو
نیت کرتا ہے یا کوئی بھی نیت نہیں کرتا تو اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

اس کے لیے چوتھی شرط یہ ہے: اس مالِ تجارت کو نقد ادائیگی کر کے یا کسی مالی معاوضے کے عوض میں حاصل کیا گیا
اس مال کے عوض میں کوئی ایسا سامان دیا گیا ہو جو ہبہ یا وراثت کی صورت میں ملا ہو' تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم

البتہ اگر اسے فروخت کر دیا جائے اور اس کی قیمت وصول کرنے کے بعد ایک سال گزر چکا ہو تو زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو

اس کے لیے پانچویں شرط یہ ہے: وہ مال ذخیرہ شدہ ہونا چاہیے اور اسے سونے یا چاندی کے نصاب کی قیمت کے برابر
ت کے عوض میں فروخت کیا گیا ہو یا وہ عام لین دین والا مال ہو اور اس میں سے کسی بھی مقدار میں خواہ وہ مقدار ایک درہم ہو
ا کی قیمت کے عوض میں اسے فروخت کیا گیا ہو۔
اگر ذخیرہ شدہ مال کو پورے نصاب کی قیمت میں فروخت نہیں کیا گیا تھا یا عام لین دین کے مال کو سونے چاندی کی کسی بھی
دار کے عوض میں فروخت نہیں کیا گیا تھا تو اب زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہو گی البتہ اگر ذخیرہ کرنے والے شخص کے پاس اتنا
ہو کہ جو وراثت میں ملے ہوئے مال کے ساتھ مل کر چاندی یا سونے کے نصاب کو مکمل کر رہا ہو تو سال گزر جانے کے بعد
ۃ کی ادائیگی لازم ہو گی۔ اسی طرح اگر کان سے نکلنے والے مال کے ذریعے نصاب پورا ہو رہا ہو تو سال نہ بھی گزرا ہو تو زکوٰۃ
ادائیگی لازم ہو جائے گی۔
مالِ تجارت کی زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے: اگر وہ تاجر ذخیرہ اندوز ہے تو اس میں سے جتنا بھی اس نے سونے یا
ندی کے عوض میں فروخت کیا ہے اسے اپنے پاس موجود مال کے ساتھ ملا کر ایک سال کی زکوٰۃ نکالے گا (لیکن اس کے لیے
لت شرط ہے وہ نصاب کی مقدار کے برابر ہو)۔
اس سے قطع نظر کہ وہ مال ذخیرہ کتنے ہی سال اس کے پاس رہا ہو۔
ان قرضوں پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہو گی جو مالِ تجارت کی فروخت سے واجب الوصول ہوں۔
البتہ جب وہ قرض وصول ہو جاتا ہے تو اب اس پر ایک سال کی زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو گی۔
اگر تجارت کا تمام مال ذخیرے والا نہیں ہے تو پورے مال کی قیمت کو ہر سال لگا کر زکوٰۃ ادا کی جائے گی خواہ کساد بازاری
وجہ سے کئی سال تک وہ مال پڑا رہے اور اس مال کی جو قیمت ہے اسے اپنے پاس موجود نقدی کے ساتھ ملا کر ان کی اکٹھی
ۃ ادا کی جائے گی اسی طرح جو قرضے وصول کرنے ہیں اگر وہ نقدی کی صورت میں ہیں اور ان کی میعاد پوری ہو چکی ہے یا وہ
ض جنہیں تازہ وصول کیا ہے ان دونوں صورتوں میں قرض کی وصولی مقروضوں سے متوقع ہو گی تو وہ سب اس گنتی میں شمار ہو
ئیں گے اور انہیں دوسری نقدی کے ساتھ شامل کر لیا جائے گا جو انسان کے پاس موجود ہے۔
اگر قرضہ مالِ تجارت کی شکل میں واجب الوصول ہے یا نقدی کی شکل میں طویل المیعاد قرض ہے اور اس کے وصول ہونے
توقع ہے تو اس مال کی مالیت کا اندازہ لگا کر جو قیمت بنتی ہے اسے سابقہ مال میں شامل کر لیا جائے گا اور پھر اس سب مال کی
ی زکوٰۃ ادا کر دی جائے گی۔ جس مال کو طویل المیعاد قرضے کے طور پر دیا گیا ہو اس کی مالیت کا اندازہ لگانے کا طریقہ یہ ہو گا
جو رقم واجب الطلب ہو گی اسے موجودہ مال کے ساتھ موازنہ کیا جائے گا پھر جتنے مال کی وہ قیمت بنتی ہے اس مال کی قیمت کو
جودہ سونے اور چاندی کے ساتھ حساب کیا جائے گا۔

جیسے کسی شخص نے دس پاؤنڈ وصول کرنے ہیں تو اب اس بات کا اندازہ لگایا جائے گا کہ اتنی رقم میں کتنا کپڑا خریدا جا
ہے اگر یہ پتہ چلتا ہے اس سے پانچ تھان کپڑا خریدا جاسکتا ہے تو اب اس بات کو دیکھا جائے گا کہ وہ پانچ تھان موجودہ نقد
کے اعتبار سے کتنی قیمت میں فروخت ہوں گے۔

اگر ان کی قیمت آٹھ پاؤنڈ لگتی ہے تو یہ آٹھ پاؤنڈ ان دس پاؤنڈوں کے برابر تصور کیے جائیں گے جو طویل المیعاد قر
کے طور پر واجب الوصول ہیں۔ اب ان آٹھ پاؤنڈوں کو موجودہ نقدی اور دوسرے سامانِ تجارت کی قیمت میں شامل کرلیا جا
گا اگر وہ سب مل کر نصاب کی مقدار کی قیمت کو پہنچ جاتے ہیں تو زکوٰۃ نکالی جائے گی ورنہ نہیں نکالی جائے گی۔

اگر وہ قرض ایسا ہو جس کی وصولیابی کی توقع نہ ہو تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی لیکن اگر وہ رقم وصول ہو جاتی
تو وصول ہو جانے کے بعد صرف ایک سال کی زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی بالکل یہی حکم اُدھار مال کے قرض کا ہے۔ اس کی زکو
وصول ہو جانے کے بعد صرف ایک سال کی ادا کی جائے گی۔

جو مالِ تجارت ذخیرہ اندوزی والا نہ ہو اس میں سال کا آغاز اس وقت سے مانا جائے گا جب کوئی شخص اس کی قیمت
مالک ہوتا ہے جس سے اس نے مالِ تجارت خریدا تھا لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے اس کی زکوٰۃ پہلے ادا نہ کی گئی ہو۔

اگر اس رقم پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو چکی ہو تو اب اس کے مال کا آغاز اس وقت سے ہوگا جب وہ اس اصل کا مالک
تھا یا پھر اس وقت سے ہوگا جب اس کی زکوٰۃ نکال لی گئی۔ اس صورت میں جبکہ وہ نصاب سے کم ہو جیسا کہ یہ بات پہلے بیان
جا چکی ہے۔ اور بعض کے قول کے مطابق یہ حکم اس صورت میں ہوگا جب تجارت کے چلنے میں دیر ہوئی ہو۔

جہاں تک ذخیرہ شدہ مال کا تعلق ہے تو اس کے سال کا آغاز ایک قول کے مطابق اس وقت ہوگا جب اس نے اصل پر
قبضہ کیا ہو یا پھر اس وقت سے ہوگا جب اس کی زکوٰۃ ادا کی گئی ہو اس شرط پر کہ جب اسے ادا کیا جا چکا ہو یہ بات یاد رکھیں کہ
مال عام حالات میں چل رہا ہو اس میں اس چیز کی قیمت نہیں ہوتی جس میں تجارت کا مال رکھا جاتا ہے اور نہ ہی پیشہ ورانہ ا
کی قیمت لگائی جاتی ہے۔

اگر کوئی تاجر کچھ مال کو ذخیرے کی شکل میں رکھتا ہے اور کچھ مال کو تجارت کی شکل میں رکھتا ہے تو اس کی زکوٰۃ کے بار
میں تفصیلی احکام ہیں جن کا خلاصہ آگے ذکر کیا جائے گا۔

اگر چالو مال اور ذخیرہ شدہ مال دونوں برابر ہوتے ہیں تو پہلی قسم کے مال کی زکوٰۃ چالو مال کے قاعدے کے اعتبار
کی جائے گی یعنی ہر سال اس کی مالیت لگائی جائے گی اور دوسرے قسم کے مال کی زکوٰۃ کو ذخیرہ شدہ مال کی زکوٰۃ کے اصول
مطابق نکالا جائے گا یعنی اس مال کی جس قدر بھی قیمت وصول ہوئی ہے صرف ایک سال کی زکوٰۃ دی جائے گی۔

یہی حکم اس صورت میں ہوگا کہ جب چالو مال کم ہو اور ذخیرہ شدہ مال زیادہ ہو تو دونوں کے لیے وہی حکم ہوگا جو پہلے ذ
گیا ہے۔ یعنی چالو مال کی ہر سال قیمت لگائی جائے گی اور دوسرے قسم کے مال کی زکوٰۃ کے لیے اس کے فروخت ہو
قیمت کے وصول ہونے کا انتظار کیا جائے گا۔ اس کے برعکس اگر چالو مال زیادہ ہوتا ہے اور اس کے زیادہ ہونے کی وجہ

سارے مال کو چالو قرار دے کر سارے مال کی ہر سال قیمت لگائی جائے گی۔
یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ مال کی مالیت قائم کرنے کے لیے ایک ہی شخص کافی ہے اس کے لیے متعدد افراد کا ہونا ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ شہادت سے متعلق مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک حکم ہے جس کے لیے حاکم کا متعدد ہونا شرط نہیں ہے۔
بعض فقہاء یہ کہتے ہیں: تجارت کے مال کی قیمت نصاب تک پہنچ جائے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہونے کے لیے دو چیزیں شرط ہیں اس کے لیے پہلی شرط یہ ہے: کسی شخص کو مال پر اس کے عمل کے ذریعے یعنی خرید کر قبضہ حاصل ہوا ہو اگر کسی ذاتی عمل کے نتیجے میں وہ مال حاصل نہیں ہوا جیسے وراثت میں مل گیا ہو تو اب اس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔
اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے: مال کا مالک ہونے کے وقت اس نے تجارت کی نیت کی ہو یعنی اُس مال کے ذریعے کمائی کرنا مقصود ہونا چاہیے اور یہ بات ضروری ہے اس کی نیت پورے سال تک برقرار رہے اگر کوئی شخص کسی مال کو اپنے پاس رکھنے کے لیے خریدتا ہے اور پھر اس کے بعد اس مال کے ذریعے تجارت کا ارادہ کر لیتا ہے تو اب اس مال کو تجارت کا مال قرار نہیں دیا جائے گا۔ البتہ اگر وہ مال زیور ہو جسے ذاتی طور پر پہننے کے ارادے سے خریدا گیا ہو اور پھر بعد میں پہننے کی بجائے اس سے تجارت کا ارادہ کر لیا گیا ہو تو اب اس ارادے کے ساتھ ہی وہ تجارت کا مال تصور کیا جائے گا۔
یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ تجارت کے مال کی مالیت سال گزرنے کے بعد لگائی جائے گی اور اس کی قیمت چاندی یا سونے کے حساب سے لگاتے وقت دونوں میں سے اس کو ترجیح دی جائے گی جس صورت میں غریب کو زیادہ فائدہ حاصل ہو رہا ہو۔

اس کے لیے یہ بات ضروری نہیں ہے وہ قیمت شہر میں موجود رائج رقم کے مطابق لگائی جائے۔
مال کی قیمت کو سونے اور چاندی میں سے کسی ایک کے نصاب تک پہنچ جانا چاہیے یا دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جائے اور مال کی قیمت لگاتے وقت اس بات کا بھی خیال نہ رکھا جائے کہ کس قسم کی نقدی سے اور کتنی مقدار کے عوض میں اس مال کو خریدا گیا تھا یعنی اگر مال کی قیمت لگانے کے وقت وہ قیمت خرید سے کم ہو رہا ہو یا زیادہ ہو رہا ہو تو اس سے کچھ اثر نہیں پڑے گا اس وقت جب سال گزرنے کے بعد اس کی مالیت معلوم کی جاتی ہے۔
اگر کوئی شخص سائمہ جانوروں کی تجارت کرتا ہے اور وہ جانوروں کے حساب سے نصاب کا مالک بن جاتا ہے اور اس پر ایک سال بھی گزر جاتا ہے تو یہاں سوم اور تجارت کی نیت دونوں باتیں پائی جا رہی ہیں اس پر مالِ تجارت کے طور پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ سائمہ جانور کے طور پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔
اگر کوئی شخص نصف سال تک تجارتی سائمہ جانوروں کا مالک رہتا ہے پھر تجارت کا ارادہ ترک کر دیتا ہے تو اب جانوروں کے طور پر ان کی ادائیگی کا وقت اس وقت سے شروع ہوگا جب یہ ارادہ ترک کیا گیا تھا۔ لہٰذا ان جانوروں کی زکوٰۃ تجارت ترک کرنے کی نیت کے بعد پورا ایک سال گزرنے کے بعد سائمہ جانوروں کی زکوٰۃ کے طور پر دی جائے گی۔
اگر کوئی شخص تجارت کی غرض سے زمین خرید کر اس پر زراعت کر لیتا ہے اور اس کی قیمت نصاب تک پہنچ جاتی ہے یا تجارت

کے لیے خریدی ہوئی زمین پر تجارتی بیج بو دیتا ہے تو ان سب کی قیمت کا اندازہ لگا کر زکوٰۃ کو ادا کیا جائے گا اور اس کے لیے یہ بات شرط ہے وہ قیمت نصاب کے برابر ہونی چاہیے۔[1]

1995- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الشُّونِيزِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُخَرِّمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ إِنَّ قَوْمًا مِنْ أَهْلِ مِصْرَ أَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالُوا إِنَّا قَدْ أَصَبْنَا كُرَاعًا وَرَقِيقًا وَإِنَّا نُحِبُّ أَنْ نُزَكِّيَهُ قَالَ مَا فَعَلَهُ صَاحِبَايَ قَبْلِي وَلَا أَفْعَلُهُ حَتَّى أَسْتَشِيرَ فَشَاوَرَ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالُوا حَسَنٌ .وَسَكَتَ عَلِيٌّ فَقَالَ أَلَا تَكَلَّمُ يَا أَبَا حَسَنٍ فَقَالَ قَدْ أَشَارُوا عَلَيْكَ وَهُوَ حَسَنٌ إِنْ لَمْ تَكُنْ جِزْيَةً رَاتِبَةً يُؤْخَذُونَ بِهَا بَعْدَكَ .قَالَ فَأَخَذَ مِنَ الرَّقِيقِ عَشَرَةَ الدَّرَاهِمِ وَرَزَقَهُمْ جَرِيبَيْنِ مِنْ بُرٍّ كُلَّ شَهْرٍ وَأَخَذَ مِنَ الْفَرَسِ عَشَرَةَ الدَّرَاهِمِ وَرَزَقَهُ عَشَرَةَ أَجْرِبَةٍ مِنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ وَأَخَذَ مِنَ الْمَقَارِيفِ ثَمَانِيَةَ دَرَاهِمَ وَرَزَقَهَا ثَمَانِيَةَ أَجْرِبَةٍ مِنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ وَأَخَذَ مِنَ الْبَرَاذِينِ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ وَرَزَقَهَا خَمْسَةَ أَجْرِبَةٍ مِنْ شَعِيرٍ كُلَّ شَهْرٍ .قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ فَلَقَدْ رَأَيْتُهَا جِزْيَةً تُؤْخَذُ مِنْ أُعْطِيَاتِنَا زَمَانَ الْحَجَّاجِ وَمَا نُرْزَقُ عَلَيْهَا .قَالَ الشَّيْخُ الْمُقْرِفُ مِنَ الْخَيْلِ دُونَ الْجَوَادِ.

☆☆ حارثہ بن مضرب بیان کرتے ہیں: مصر سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے بتایا: ہمیں کچھ زمین اور کچھ غلام ملے ہیں' ہم چاہتے ہیں' ان کی زکوٰۃ ادا کر دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے پہلے میرے دو آقاؤں نے جو عمل نہیں کیا' میں بھی وہ اس وقت تک نہیں کروں گا' جب تک اس بارے میں مشورہ نہ لوں' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے اس بارے میں مشورہ لیا' تو ان سب نے اسے ٹھیک قرار دیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ خاموش رہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوالحسن! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات کیوں نہیں کر رہے؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ بولے: ان حضرات نے آپ کو جو مشورہ دیا ہے یہ ٹھیک ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ ایسا ٹیکس نہ ہو جو آپ کے بعد بھی انہیں ادا کرنا پڑے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک غلام کی طرف سے 10 درہم وصول کیے اور انہیں گندم کے دو جریب ماہانہ خوراک کی فراہمی لازم قرار دی۔ گھوڑے کی طرف سے 10 درہم وصول کیے۔ اور اسے جَو کے دس جریب ماہانہ خوراک کی فراہمی لازم قرار دی۔ عام گھوڑے کی طرف سے 8 درہم وصول کیے اور اسے 8 جریب جَو ماہانہ خوراک کی ادائیگی لازم قرار دی۔ خچر کی طرف سے 5 درہم وصول کیے اور اسے 5 جریب جَو ماہانہ خوراک کے طور پر دینا لازم قرار دیا۔

ابواسحاق نامی راوی کہتے ہیں: حجاج کے زمانے میں ہم سے یہ وصول کر لی جاتی تھی مگر ہمارے حصے کی ادائیگی نہیں کی جاتی تھی۔

شیخ (امام دارقطنی) فرماتے ہیں: ''مقرف'' وہ گھوڑا ہوتا ہے جو تیز رفتار گھوڑے سے کم رفتار ہی چلتا ہے۔

---

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری' کتاب الزکوٰۃ' باب زکاۃ عروض التجارۃ' 975/1

۱۹۹۵- اخرجه احمد (۱/ ۱٤) عن ابن مهدي عن سفيان عن ابي اسحاق' به-واخرجه ابن خزيمة (۲۲۹۰)' و الحاكم (۱/ ٤۰۰)' و البيهقي (٤/ ۱۱۸) من طريق محمد بن المثنى' عن ابن مهدي' حدثنا سفيان عن ابي اسحاق' به- و اخرجه زهير عن ابي اسحاق' به ايضاً- اخرجه احمد (۲۱۸)- و اخرجه عبد الرزاق في الزكاة (٦٨٨٧) عن معمر عن ابي اسحق' به بدون ذكر حارثة بن مضرب-

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن معلیٰ بن حسن بن طالب بن عبداللہ، ابوعبداللہ شونیزی، سمع محمد بن عبداللہ مخرمی، روی عنہ ابوحفص بن زیات۔ قال ابوقاسم ابندونی: لا باس بہ۔ وقال احمد بن شاذان: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ تاریخ بغداد (۳۱۰/۳)۔

○ حارثۃ بن مضرب-بتشدید راء مکسورۃ قبلہا معجمۃ-عبدی کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ غلط من نقل عن ابن مدینی انہ ترکہ۔ اخرجہ لہ بخاری فی ادب مفرد و اصحاب سنن۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۱۰۷۰)۔

1996- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ قَالَ جَاءَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ اِلٰى عُمَرَ فَقَالُوْا اِنَّا قَدْ اَصَبْنَا اَمْوَالاً خَيْلاً وَّرَقِيقًا نُحِبُّ اَنْ يَكُوْنَ لَنَا فِيْهَا زَكَاةٌ وَّطَهُوْرٌ فَقَالَ مَا فَعَلَهُ صَاحِبَاىَ قَبْلِى فَاَفْعَلُهُ فَاسْتَشَارَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَفِيْهِمْ عَلِيٌّ فَقَالَ هُوَ حَسَنٌ اِنْ لَمْ تَكُنْ جِزْيَةً يُؤْخَذُوْنَ بِهَا مِنْ بَعْدِكَ رَاتِبَةً.

☆☆ حارثہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: شام سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے بتایا: ہمیں کچھ اموال حاصل ہوئے ہیں' جو گھوڑے ہیں اور غلام ہیں' ہم یہ چاہتے ہیں' ان میں سے بھی ہم سے زکوٰۃ وصول کی جائے تاکہ یہ پاک ہو جائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے پہلے میرے دو آقاؤں نے جو کام نہیں کیا میں وہ کروں گا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے یہ مشورہ لیا' ان اصحاب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ٹھیک ہے اگر اسے ایسا جزیہ قرار نہ دیا جائے جو آپ کے بعد بھی ان سے وصول کیا جاتا رہے۔

1997- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَفَوْتُ لَكُمْ عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ الْمِائَتَيْنِ زَكَاةٌ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میں نے گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ تمہیں معاف کر دی ہے اور دو سو (درہم) سے کم میں زکوٰۃ لازم نہیں ہو گی۔

1998- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۱۹۹۶- اخرجہ احمد (۱/ ۱٤)، و ابن خزیمۃ (۲۲۹۰) و الحاکم (۱/ ٤۰۰)، و البیہقی (٤/ ۱۱۸)، من حدیث ابن مہدی، بہ-وابو اسحاق کان قد اختلط لکن سفیان سمع منہ قبل اختلاطہ- تنظر ترجمۃ ابی اسحاق من تہذیب الکمال (۲۲/ ۱۰۲-۱۱۳)-

۱۹۹۷- سبق تخریجہ، مع الکلام علی اسنادہ-

(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِي الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ صَدَقَةٌ اِلَّا اَنَّ فِي الرَّقِيقِ صَدَقَةَ الْفِطْرِ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی البتہ غلام کی طرف سے صدقہ فطرادا کیا جائے گا۔

1999- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَيْسَ فِي الْعَبْدِ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: غلام میں کوئی صدقہ ادا کرنا لازم نہیں ہوگا البتہ صدقہ فطرادا کیا جائے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عراک بن مالک غفاری، کنانی مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال عبدالملک کے عہد خلافت میں ہوا۔ اخرج لہ جماعۃ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۴۵۸۱)۔

2000- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ قَالَ لَا صَدَقَةَ عَلَى الرَّجُلِ فِي فَرَسِهِ وَلَا فِي عَبْدِهِ اِلَّا زَكَاةَ الْفِطْرِ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: آدمی کے گھوڑے اور اس کے غلام میں کسی قسم کے صدقے (یعنی زکوٰۃ) کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی البتہ غلام کی طرف سے صدقہ فطروہ ادا کرے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن محمد بن حجاج بن رشدین بن سعد، ابوجعفر مصری، روی عن ابن ابی مریم۔ قال ابن ابی حاتم: سمعت منہ بمصر لم احدث عنہ لما تکلموا فیہ۔ وقال ابن عدی: لہ مناکیر ویکتب حدیثہ، وھو کثیر حدیث عن حفاظ بحدیث مصر۔ جرح وتعدیل (۲/۷۵)، وکامل لابن عدی (۱/۱۹۸)۔

۱۹۹۸- اخرجه البيهقي في السنن (٤/١١٧) كتاب الزكاة من طريق المصنف' به- واخرجه الطبراني في الاوسط (٦٢٦٦/ ط: الطحان) حديث يزيد بن موهب الرملي بإسناده- و قال: (لم يرو هذا الحديث عن عبيد الله بن عمر الا ابن ابي زائدة' تفرد به يزيد) سياتي من طريق عراك بن مالك في الذي يليه-

۱۹۹۹- اخرجه مسلم في الزكاة (٢/٦٧٦) باب: لا زكاة على المسلم في عبده و فرسه (٩٨٢)' و احمد (٢/٤٢٠)' و ابن خزيمة (٢٢٨٩) البيهقي (٤/١٦٠) من طريق عبد الله بن وهب' به- و انظر الحديث التالي-

۲۰۰۰- اخرجه البيهقي في سننه (٤/١٦٠) كتاب الزكاة' باب اخراج زكاة الفطر عن نفسه وغيره من طريق المصنف' به- و اخرجه ابن خزيمة في صحيحه (٢٢٨٨) عن محمد بن سهل بن عسكر' حدثنا ابن ابي مريم بإسناده- و انظر التالي-

2001- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَخْبَرَنِىْ مَكْحُوْلٌ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِىْ فَرَسِهٖ وَلَافِىْ عَبْدِهٖ وَلَافِىْ وَلِيْدَتِهٖ.

قَالَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهٗ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مسلمان شخص کے گھوڑے اور اس کے غلام اور اس کی کنیز میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

2002- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ حَبِيْبُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ دَاوُدَ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اِلٰى بَنِيْهِ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ يَاْمُرُنَا بِرَقِيْقِ الرَّجُلِ اَوِ الْمَرْاَةِ الَّذِيْنَ هُمْ تِلَادٌ لَهٗ وَهُمْ عَمَلَةٌ لَا يُرِيْدُ بَيْعَهُمْ فَكَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ لَّا نُخْرِجَ عَنْهُمْ مِنَ الصَّدَقَةِ شَيْئًا وَّكَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نُّخْرِجَ مِنَ الرَّقِيْقِ الَّذِىْ يُعَدُّ لِلْبَيْعِ.

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے یہ (تحریر کیا):

''اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرتے ہوئے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے' یہ سمرہ بن جندب کی جانب سے ان کے بیٹوں کے لیے ہے' تم سب کو سلام ہو! امابعد! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہمارے غلاموں کے بارے میں یہ حکم دیا تھا' وہ غلام جو آدمی کے کام کاج کے لیے استعمال ہوتے ہیں' آدمی نے انہیں فروخت نہیں کرنا ہوتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا تھا' ہم ان میں سے کوئی زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ

۲۰۰۱- اخرجه احمد (۲ / ۲۷۹، ۴۳۲، ۴۷۷) و ابو داود في الزكاة (۲ / ۲۵۱، ۲۵۲) باب: صدقة الرقيق (۱۵۹۵) و النسائي في الزكاة (۵ / ۳۵) باب: زكاة الخيل من حديث مكحول به- و اخرجه سليمان بن يسار عن عراك بن مالك به- اخرجه مالك في الموطا (۱ / ۲۷۷) و عبد الرزاق (٦٨٧٨) و احمد (۲ / ۲٤۲) و ابن ابي شيبة في الزكاة (۳ / ۱۵۱) و البخاري في الزكاة (١٤٦٤) باب: ليس على المسلم في فرسه صدقة و مسلم في الزكاة (۹۸۲) باب: لا زكاة على المسلم في عبده و فرسه و ابو داود في الزكاة (۱۵۹۵) باب: صدقة الرقيق و الترمذي في الزكاة (٦۲۸) باب: ما جاء ليس في الخيل و الرقيق صدقة و النسائي في الزكاة (۵ / ۳۵) باب: زكاة الخيل و ابن ماجه في الزكاة (۱۸۱۲) باب: صدقة الخيل و الرقيق- و اخرجه خيثم بن عراك عن ابيه به- اخرجه البخاري في الزكاة (١٤٦۳) و مسلم فيها (۹۸۲) و الطحاوي في المعاني (۲ / ۲۹) و البيهقي في الزكاة (٤ / ۱۱۷) باب: لا صدقة في الخيل-

۲۰۰۲- اخرجه ابو داود في سننه (۲ / ۹۵) كتاب الزكاة باب العروض اذا كانت للتجارة هل فيها من زكاة؟ الحديث (١٥٦۲): حدثنا محمد بن داود بن سفيان قال: حدثنا يحيى بن حسان قال: حدثنا سليمان بن موسى ابو داود قال: حدثنا جعفر بن سعد به- قال الذهبي في (الميزان (۱ / ٤۰۷) (١٥٠٤)): (جعفر بن سعد بن سمرة عن ابيه و عنه سليمان بن موسى وغيره- له حديث في الزكاة عن ابن عم له- ردد ابن حزم فقال: هما مجهولان- قلت: ابن عمه هو خبيب بن سليمان بن سمرة يجهل حاله عن ابيه- قال ابن القطان: ما من هولاء من يعرف حاله وقد جهد المحدثون فيهم جهدهم- و هو اسناد يروى به جملة احاديث قد ذكر البزار منها نحو المائة- و قال عبد الحق الازدي: خبيب ضعيف و ليس جعفر ممن يعتمد عليه)- قال الذهبي: (و بكل حال هذا اسناد مظلم لا ينهض بحكم)- اه-

جس غلام کوفروخت کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے اس کی زکوٰۃ ہم ادا کریں گے"۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حبیب بن حسن بن داود بن محمد بن عبیداللہ، ابوالقاسم قزاز، سمع ابامسلم کجی، روی عنہ دارقطنی وابوحفص بن شاہین قال خطیب: سالت برقانی عن حبیب قزاز؟ فقال: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ضعیف" قرار دیا ہے۔ مستورًا۔ تا بغداد (۲۵۴/۸)۔

○ مروان بن جعفر بن سعد بن سمرۃ، روی صحیفۃ سمرۃ وروی عن ابی بکر بن عیاش، روی عنہ ابوحاتم وابوزرعۃ، امام ابو فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ صالح حدیث۔ جرح وتعدیل (۲۷۶/۸) و"میزا اعتدال" از حافظ شمس دین ذہبی (۳۹۶/۶)۔

○ محمد بن ابراہیم بن خبیب، قال ابن ابی حاتم: روی عن جعفر بن سعد بن سمرۃ بن جندب، روی عنہ مروان بن جعفر سعد بن سمرۃ رسالۃ سمرۃ، سمعت ابی یقول ذلک۔ جرح وتعدیل (۱۸۶/۷) وانظر تاریخ کبیر للبخاری (۲۶/۱)۔

○ جعفر بن سعد بن سمرۃ، عن ابیہ، وعنہ سلیمان بن موسیٰ وغیرہ، قال حافظ فی "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی: یہ (مستند) نہیں ہیں۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۹۴۹)۔

○ خبیب۔ ابن سلیمان بن سمرۃ بن جندب ابوسلیمان کوفی، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ و ذھبی: تجھل حالہ عن ابیہ۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۱۷۱۰) "میزان اعتدال" از حافظ شمس دین (۱۳۵/۲)۔

○ سلیمان بن سمرۃ بن جندب فزاری، قال فی "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی: علم حدیث کے ماہرین نے ا "مقبول" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ روی لہ ابوداود۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملا التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۳۵۸۴)۔

19- باب فِیْ قَدْرِ الصَّدَقَةِ فِیْمَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ وَخَرْصِ الثِّمَارِ

باب 19: زمین سے ہونے والی پیداوار میں صدقے کی مقدار کیا ہوگی؟ نیز پھلوں کا اندازہ لگانا

2003- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ النَّقَّاشِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسٰى الطَّلْحِيُّ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِ

۲۰۰۳- اخرجه الطبراني في الاوسط (۲٤۱) عن احمد بن رشدين، حدثنا يحيى بن سليمان الجعفي باسناده- وقال: (لم يرو هذا الحديث عن منصور بن المعتمر الا صالح بن موسى)- اه- و قال الهيثمي في (مجمع الزوائد) (۷۰/۳): (اخرجه الطبراني في الاوسط، و فيه صالح موسى الطلحي، و هو ضعيف)- اه- كذا في المجمع، و الصواب (صالح بن موسى)- قلت: وقد اعاده الطبراني في الاوسط (۵۸۹ محمد بن هشام المستملي عن عبد الله بن عمر بن ابان عن صالح بن موسى الطلحي به- و اعاد قوله السابق هنا ايضا-

صَدَاقِ النِّسَاءِ اثْنَا عَشَرَ أُوقِيَّةً الْأُوقِيَّةُ أَرْبَعُونَ دِرْهَمًا .فَذٰلِكَ ثَمَانُونَ وَأَرْبَعُمِائَةٍ وَّجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ صَاعٌ وَّالْوُضُوْءِ رَطْلَيْنِ وَالصَّاعُ ثَمَانِيَةُ أَرْطَالٍ وَّجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْمَا أَخْرَجَتِ الْأَرْضُ الْحِنْطَةُ وَالشَّعِيرُ وَالزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ إِذَا بَلَغَ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ الْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا فَذٰلِكَ ثَلَاثُمِائَةِ صَاعٍ بِهٰذَا الصَّاعِ الَّذِي جَرَتْ بِهِ السُّنَّةُ .لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَّنْصُوْرٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ غَيْرُ صَالِحِ بْنِ مُوْسَى الطَّلْحِيِّ وَهُوَ ضَعِيفُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کے مہر کے بارے میں یہ سنت مقرر کی تھی کہ وہ بارہ اوقیہ ہونا چاہیے اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے' تو یہ کل چار سواسّی درہم ہو جائیں گے اور اللہ کے نبی نے یہ حد بھی مقرر کی ہے' غسل جنابت ایک صاع پانی کے ذریعے ہوگا اور وضو دو رطل پانی کے ذریعہ ہوگا' ایک صاع میں آٹھ رطل آتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنت بھی قائم کی ہے' زمین سے جو پیداوار ہوتی ہے یعنی گندم' جو' کشمش' کھجور جب یہ پانچ وسق ہو جائیں' ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے' تو یہ کل تین سو صاع ہوں گے جو اس صاع کے حساب سے ہوں گے جو سنت سے متعلق ہیں۔

اس روایت کو منصور کے حوالے سے صرف صالح بن موسیٰ نے نقل کیا ہے اور یہ شخص ضعیف الحدیث ہے۔

2004- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ وَهْبٍ الْبُنْدَارُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْحَاقَ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسَى عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَنَّهُ لَيْسَ فِيْمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ زَكَاةٌ وَالْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا فَذٰلِكَ ثَلَاثُمِائَةِ صَاعٍ مِّنَ الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ وَلَيْسَ فِيْمَا أَنْبَتَتِ الْأَرْضُ مِنَ الْخُضَرِ زَكَاةٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنت مقرر کی ہے' پانچ وسق سے کم اناج پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی' ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے' تو یہ کل تین سو صاع ہو جائیں گے' جو گندم' جو' کھجور' انگور کے ہوں گے' زمین سے جو سبزیاں پیدا ہوتی ہیں' ان میں زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوتی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

☆☆ حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت میری قوم کی طرف ایک لشکر روانہ کرنے والے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اپنے لشکر کو روک لیں' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ضمانت دیتا ہوں کہ وہ لوگ اسلام قبول کرلیں گے اور فرماں برداری بھی کریں گے' میں اپنی قوم کو خط لکھتا ہوں وہ لوگ اسلام قبول کرتے ہوئے اور فرماں برداری کرتے ہوئے آجائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے صداء قبیلے سے تعلق رکھنے والے شخص! جس کی قوم اس کی بات مانتی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: نہیں! بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر احسان کیا ہے' انہیں ہدایت نصیب کی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ کی رقم مانگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اللہ تعالیٰ زکوٰۃ کے بارے میں کسی بھی نبی یا کسی بھی دوسرے شخص کے فیصلے سے اس وقت تک راضی نہیں ہوتا جب تک وہ شخص اس زکوٰۃ کو آٹھ اجزاء میں تقسیم نہ کردے' اگر تم ان اجزاء کے اہل ہو' تو میں تمہیں دے دیتا ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زیاد بن حارث صدائی - یہ صحابی رسول ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۰۷۴)۔

2039- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِىُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِىُّ عَنْ اَبِىْ سِنَانٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ قَالَ وَحَدَّثَنِىْ اَبُوْ يَعْقُوْبَ عَنِ ابْنِ مَهْدِىٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ اَنَّ قَوْمًا مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ اَتَوْا عُمَرَ فَقَالُوْا اِنَّا اَصَبْنَا اَمْوَالًا وَّخَيْلًا وَّرَقِيْقًا وَاِنَّا نُحِبُّ اَنْ يَكُوْنَ لَنَا فِيْهِ زَكَاةٌ وَّطَهُوْرٌ .فَقَالَ

۲۰۳۸- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۲۰-۱۲۱) باب: من يعطى من الصدقة؛ و حد الغنى' الحديث (۱۶۳۰)' و البيهقي في سننه (۴/ ۱۷۴)' من حديث عبد الرحمن بن زياد...... به-و عبد الرحمن بن زياد: هو ابن انعم الافريقي' ترك يحيى و عبد الرحمن التحديث عنه: و ضعفه هشام بن زياد: هو ابن انعم الافريقي' ترك يحيى و عبد الرحمن التحديث عنه: و ضعفه هشام بن عروة و احمد و ابن معين و ابو حاتم و ابو زرعة وغيرهم-وقال ابن عدي: عامة حديثه لا يتابع عليه' و وثقه احمد بن صالح - ينظر: تهذيب التهذيب (۶/ ۱۷۳-۱۷۶)-

۲۰۳۹- اخرجه احمد في مسنده (۱/ ۱۴) عن عبد الرحمن بن مهدي عن سفيان عن ابي اسحق عن حارثة بن مضرب- قال ابن كثير في (مسند الفاروق) (۱/ ۲۴۸): (فهذا اسناده جيد قوي)- اه-واخرجه عبد الرزاق في الزكاة (۴/ ۳۵) باب: الخيل (۶۸۸۷) عن معمر عن ابي اسحاق قال: اتى اهل الشام عمر...... فذكره' بنحوه' و لم يذكر في اسناده: حارثة بن مضرب-وقد اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۱۱۸) من طريق ابن مهدي' به كما ساقه الامام احمد رحمه الله-

مَا فَعَلَهُ صَاحِبَایَ فَافْعَلُهُ ۔ قَالَ اِسْحَاقُ مَا فَعَلَهُ مَنْ کَانَ قَبْلِی فَافْعَلُهُ ۔فَاسْتَشَارَ النَّاسَ فَکَانَ فِیمَنِ اسْتَشَارَ عَلَ
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ حَسَنٌ اِنْ لَمْ یَکُنْ جِزْیَةً یُؤْخَذُ بِهَا مِنْ بَعْدِكَ ۔قَالَ اِسْحَاقُ اِنْ لَمْ یَکُنْ مُرَتَّبَةً لِمَنْ بَعْدَكَ
فَوَضَعَ عَلٰی کُلِّ فَرَسٍ دِیْنَارًا ۔

☆☆ حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: شام سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدم
میں حاضر ہوئے انہوں نے بتایا: ہمیں کچھ اموال' گھوڑے اور غلام حاصل ہوئے ہیں' ہم یہ چاہتے ہیں' ان میں سے زکو
کریں تاکہ یہ پاک ہو جائیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے دونوں آقاؤں نے جو کیا ہے میں ویسا ہی کروں گا۔

اسحاق نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں' مجھ سے پہلے نے جو کیا ہے' میں بھی ویسا ہی کروں گا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے اس بارے میں مشورہ کیا' جن لوگوں سے مشورہ کیا ان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی شا
تھے' انہوں نے فرمایا: یہ ٹھیک ہے اگر اسے ایسا جزیہ نہ بنایا جائے جو آپ کے بعد بھی وصول کیا جائے۔

اسحاق نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اگر اسے اس ترتیب کے ساتھ نہ رکھا جائے کہ آپ کے بعد والا بھی ا
وصول کرے (تو یہ ٹھیک ہے)۔

(راوی کہتے ہیں:) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک گھوڑے کی طرف سے ایک دینار کی ادائیگی لازمی قرار دی۔

•••——•••——•••

جزیہ کے احکام

جزیہ کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

ہمارے اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے: عرب میں بسنے والے مشرکین سے صرف اسلام یا تلوار (یعنی جنگ) قبول
جائیں گے۔ عرب میں بسنے والے اہلِ کتاب اور عجم میں بسنے والے تمام کفار سے جزیہ قبول کیا جائے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب اس بارے میں یہ ہے جیسا کہ شیخ ابن القاسم نے اس کو ذکر کیا ہے' ان سب لوگوں سے
وصول کیا جائے گا۔

سفیان ثوری کہتے ہیں: عربوں کو قیدی نہیں بنایا جا سکتا' ہوازن قبیلے کے لوگوں کو قیدی بنایا گیا تھا لیکن پھر نبی اکرم
نے انہیں چھوڑ دیا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جزیہ صرف اہل کتاب سے وصول کیا جائے گا' خواہ وہ عرب ہوں یا عجمی ہوں۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: ابن شہاب نے عروہ کے حوالے سے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کے حوالے
حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے اور وہ بنو عامر بن
کے حلیف بھی تھے' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا' وہ وہاں سے جزیہ
آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بحرین کے ساتھ صلح کر لی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علاء بن حضرمی کو ان لوگوں کا امیر مقرر کیا

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بحرین سے مال لے کر آئے' جب انصار نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی آمد کے بارے میں سنا تو فجر کی نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں وہ لوگ بکثرت شریک ہوئے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دیکھ کر مسکرا دیئے اور ارشاد فرمایا: میرا خیال ہے' تم نے یہ بات سن لی ہے' ابوعبیدہ بحرین سے کچھ لے کر آیا ہے۔ ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کے لیے خوشخبری ہے! اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں غربت کا اندیشہ نہیں ہے بلکہ مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ ہے' دنیا کو تمہارے لیے کشادہ کر دیا جائے گا' جس طرح یہ تم سے پہلے لوگوں کے لیے کشادہ کر دی گئی تھی اور تم اس کی طرف راغب ہو جاؤ گے۔ جس طرح وہ لوگ راغب ہو گئے تھے اور یہ تمہیں ہلاکت کا شکار کر دے گی جس طرح اس نے ان لوگوں کو ہلاکت کا شکار کر دیا تھا۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ سب لوگ مجوسی تھے (یعنی بحرین کے رہنے والے لوگ مجوسی تھے) اس کی دلیل یہ ہے: قیس بن مسلم نے حسن بن محمد کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کے رہنے والے مجوسیوں کو خط لکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ ان میں سے جن لوگوں نے اسلام قبول کر لیا تھا' ان کی اس بات کو قبول کیا گیا تھا جنہوں نے اس کو تسلیم نہیں کیا' ان پر جزیہ عائد کر دیا گیا' ان (مجوسیوں) کے ذبیحے کو نہیں کھایا جا سکتا اور ان کی خاتون کے ساتھ نکاح نہیں کیا جا سکتا۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے: عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے (اپنے گورنر) عدی بن ارطات کو خط لکھا: امابعد! تم حسن بصری سے اس بارے میں دریافت کرو کہ ہم سے پہلے کے ائمہ نے ان مجوسیوں کے بارے میں کیا فتویٰ دیا ہے جو اس طرح کی عورتوں کو نکاح میں جمع کر لیتے ہیں جو مجوسیوں کے علاوہ اور کوئی نہیں کرتا' تو انہوں نے اس بارے میں حسن سے دریافت کیا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کے رہنے والے مجوسیوں سے جزیہ قبول کیا تھا اور انہیں اپنی مجوسیت پر برقرار رہنے دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت علاء بن حضرمی کو ان کا امیر مقرر کیا تھا۔ ان کے بعد حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: اللہ کی قسم! مجھے یہ معلوم نہیں ہے' میں مجوسیوں کے ساتھ کیا طرز عمل اختیار کروں؟ تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اٹھے اور بولے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے ساتھ اہل کتاب کا سا رویہ اختیار کرو۔

زہری نے سعید بن مسیب کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "ہجر" کے رہنے والے مجوسیوں سے جزیہ وصول کیا تھا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے سوڈان کے رہنے والے مجوسیوں سے اسے وصول کیا تھا جبکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بربر

قبیلے سے تعلق رکھنے والے مجوسی لوگوں سے اسے وصول کیا تھا۔

جہاں تک سفیان ثوری کے اس قول کا تعلق ہے' عربوں کو قیدی نہیں بنایا جاسکتا (تو یہ بات غلط ہے) کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے بنو مصطلق کو قیدی بنایا تھا اور انہیں غلام بنالیا تھا' ان میں سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ اور شبیب بن فزارہ بھی یہ ایک سریہ میں ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اس کا امیر مقرر کیا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' عربوں سے جزیہ وصول نہیں کیا جائے (امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام ابو یوسف کے حوالے سے یہ بات صرف امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے۔

جزیہ کی مقدار

ہمارے اصحاب اور حضرت حسن بن حیی نے یہ بات بیان کی ہے (اس کی مقدار) بارہ (دینار یا درہم) چوبیس یا اڑتالیس (درہم یا دینار) ہوگی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جن لوگوں کے ہاں سونے کا سکہ چلتا ہو' ان سے چار دینار لیے جائیں گے جن کے چاندی کا سکہ چلتا ہو' ان سے چالیس درہم لیے جائیں گے۔ اس بارے میں خوشحال شخص اور غریب برابر ہیں۔ کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوگی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: خوشحال شخص اور غریب شخص پر ایک دینار کی ادائیگی لازم ہوگی۔

امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: وہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے مجھے یمن بھیجا تو آپ ﷺ نے مجھے یہ ہدایت کی' میں ہر بالغ شخص سے ایک دینار وصول کروں یا اس کے کستوری وصول کرلوں۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات مذکور ہے' انہوں نے عثمان بن حنیف کو بھیجا تو انہوں نے سواد کے رہنے والے لوگوں پر جزیہ مقرر کیا' جو (خوشحال شخص پر) اڑتالیس درہم (درمیانے درجے کے پر) چوبیس درہم اور (غریب لوگوں پر) بارہ درہم تھا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات نقل کی ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جن لوگوں کا سونے کے سکوں کا لین دین ان پر چار دینار کی ادائیگی اور جو لوگ چاندی کا لین دین کرتے ہوں ان پر چالیس درہم کی ادائیگی مقرر کی تھی' اس کے ساتھ مسلمانوں کو خوراک فراہم کرنی تھی اور تین دن تک ان کی مہمان نوازی بھی کرنی تھی۔

یہاں یہ احتمال ہوسکتا ہے' یہ مہمان نوازی اور خوراک کی فراہمی اڑتالیس درہم پورے کرنے کے لیے ہو۔

امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یحییٰ بن آدم نے یہ بات بیان کی ہے' جزیہ میں کوئی متعین مقدار نہیں ہے لیکن یہ رائے اجماع کے خلاف ہے۔ کون لوگ جزیہ کے پابند ہیں؟!

[1] مختصر اختلاف العلماء' از امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی

اس حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

اہلِ ذمہ پر جزیہ کی ادائیگی لازم قرار دینے کے لیے کچھ شرائط ہیں:

۱) عقل اور بلوغت کے اعتبار سے اہل ہونا' لہٰذا یہ بچوں اور پاگل لوگوں پر واجب نہیں ہوگا کیونکہ وہ لوگ قتال کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

۲) مذکر ہونا' تو یہ خواتین پر لازم نہیں ہوگا کیونکہ خواتین بھی قتال کی اہل نہیں ہوتی ہیں' اللہ تعالیٰ نے جزیہ ان لوگوں پر واجب قرار دیا ہے جو جنگ میں حصہ لیتے ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تم ان لوگوں کے ساتھ جنگ کرو جو اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت کے دن پر (ایمان نہیں رکھتے)''۔

تو جنگ میں حصہ لینا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ قتال کو یعنی جنگ دونوں طرف سے پائی جا رہی ہو۔

۳) صحت اور مال پر قدرت رکھنا' لہٰذا یہ ایسے بیمار شخص پر لازم نہیں ہوگا جو ایک سال سے بیمار ہو یا سال کے اکثر حصے میں بیمار رہا ہو اس کی وجہ یہ ہے: اکثر پر کل کا حکم عائد کیا جاتا ہے۔

اسی طرح یہ ایسے کسی غریب شخص پر بھی لازم نہیں ہوگا' جو کوئی کام کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا اور ان راہبوں پر بھی لازم نہیں ہوگا جو لوگوں کے ساتھ میل جول نہیں رکھتے۔

۴) ان تمام چیزوں سے محفوظ ہونا جو آدمی کو بیکار کر دیتی ہیں جیسے کوئی ایسی بیمار جو بےکار کر دے' نابینا ہونا' عمر رسیدہ ہونا وغیرہ۔

۵) آزاد ہونا' لہٰذا غلام پر جزیے کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی کیونکہ وہ مال کا مالک نہیں ہوتا ہے۔

مختصر یہ کہ تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے' جزیے کی ادائیگی کے لیے بالغ ہونا' آزاد ہونا اور مذکر ہونا شرط ہے' لہٰذا کسی خاتون' بچے' مجنون' لنجے' نابینے' مقروض اور عمر رسیدہ شخص پر یہ لازم نہیں ہوگا کیونکہ یہ دشمن کی طرف سے جنگ میں حصہ لینے کے بدلے کے طور پر واجب ہوا ہے اور یہ سب لوگ اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے جنگ میں حصہ نہیں لے سکتے۔

اسی طرح ایسے غریب شخص پر بھی جزیہ لازم نہیں ہوگا جو کوئی کام نہ کر سکتا ہو یعنی کچھ کما نہ سکتا ہو' کیونکہ یہ بات اس کی طاقت سے باہر ہے۔ اسی طرح یہ ان راہبوں پر بھی لازم نہیں ہوگا جو لوگوں کے ساتھ میل جول نہیں رکھتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے: یہ لوگ جنگ میں حصہ نہیں لیتے ہیں۔

جزیہ میں اصل یہ ہے: قتل کو ساقط کیا جائے۔ غرباء کی تمام اقسام پر جزیے کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

شوافع اور حنابلہ نے تیسری اور چوتھی شرط کے بارے میں مختلف رائے دی ہے' ان کے نزدیک عذر کی وجہ سے جزیہ کی ادائیگی ساقط ہو جائے گی۔[1]

2040 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ قَدِمَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ بِخَيْلٍ وَّرَقِيقٍ

[1] الفقہ الاسلامی وادلتہ از ڈاکٹر وہبہ زحیلی

فَقَالُوْا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ خُذْ صَدَقَتَهَا .فَقَالَ مَا اَعْلَمُ اَحَدًا فَعَلَهُ قَبْلِي حَتّٰى اَسْاَلَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .

☆☆ عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں: شام سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ گھوڑے اور غلام لے کر آئے' انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ان کی زکوٰۃ وصول کرلیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے علم کے مطابق مجھ سے پہلے کسی نے ایسا نہیں کیا' میں اس بارے میں دریافت کروں گا (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

2041- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ- يَرْفَعُ الْحَدِيثَ- قَالَ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِىْ كِتَابِهٖ فَهُوَ حَلَالٌ وَّمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَّمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَافِيَةٌ فَاقْبَلُوْا مِنَ اللّٰهِ عَافِيَتَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُنْ نَسِيًّا . ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا)

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کی ہے' (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:) اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں جس چیز کو حلال قرار دیا ہے' وہ حلال ہے اور جس چیز کو حرام قرار دیا ہے' وہ حرام ہے اور جس چیز کے بارے میں کوئی حکم ذکر نہیں کیا وہ عافیت ہے' تو تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی ہوئی اس کی عافیت کو قبول کرو' اللہ تعالیٰ کوئی بات بھولا نہیں ہے (یا بھولتا نہیں ہے)۔

پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''اور تمہارا پروردگار بھولنے والا نہیں ہے''۔

۲۰۴۱- اخرجه الحاكم في التفسير من المستدرك (۲/۳۷۵) من حديث احمد بن حازم الغفاري؛ ثنا ابو نعيم باسناده- ومن طريقه اخرجه البيهقي في سننه (۱۰/۱۲)-وانظر: تفسير ابن كثير (۵/۲۴۵) و الدر المنثور للسيوطي (۴/۲۷۹)-

كِتَابُ زَكٰوةِ الْفِطْرِ

صدقۂ فطر کے احکام

1-باب

باب 1: بلاعنوان

2042- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَتِيْقٍ الْعَبْسِيُّ بِدِمَشْقَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَزِيْدَ الْخَوْلَانِيُّ حَدَّثَنِيْ سَيَّارُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّدَفِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةُ الْفِطْرِ طُهْرَةٌ لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةٌ لِلْمَسَاكِيْنِ مَنْ اَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَهِيَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ وَّمَنْ اَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَهِيَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ . لَيْسَ فِيْهِمْ مَجْرُوْحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: صدقۂ فطر روزہ دار کے لیے لغو اور رفث سے پاکیزگی کا باعث ہوتا ہے اور غریب آدمی کو کھانے کے طور پر مل جاتا ہے' جو شخص اسے نماز سے پہلے ادا کردے گا' تو یہ مقبول صدقہ ہوگا اور جو شخص اسے نماز کے بعد ادا کرے گا' تو یہ عام صدقہ ہے۔

اس روایت کے راویوں میں کوئی بھی مجروح نہیں ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ فی (ط): عتیق عنسی، وھو ابراھیم بن عثمان ابوشیبۃ مولی بنی عبس من اھل کوفۃ، ولی قضاء واسط، کان علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۶/۱۱۱) وانساب (۴/۱۴۰)۔

○ سیار بن عبدالرحمٰن صدفی، مصری، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۲۷۳۱)۔

•••——•••——•••

2042- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/۱۱۱) باب: زكاة الفطر (۱۶۰۹)، و ابن ماجه في الزكاة (۱/۵۸۵) باب: صدقة الفطر (۱۸۲۷)، و الحاكم في الزكاة (۱/۴۰۹)، و البيهقي في الكبرى (۴/۱۶۳)، و في (المعرفة) في الزكاة (۶/۱۸۸- ۱۸۹) باب: من يلزمه زكاة الفطر (۸۴۳۸ - ۸۴۳۹) من حديث مروان بن محمد الدمشقي...... به-وقال الحاكم: على شرط البخاري و لم يخرجاه- و قال الشيخ في (الامام): لم يخرجه اصحاب الكتب لابي يزيد و لا لسيار شيئًا- ينظر: نصب الراية (۲/۴۱۱)-

صدقہ فطر کے احکام

صدقہ فطر کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے شیخ عبدالرحمٰن جزیری تحریر کرتے ہیں:

ہر صاحبِ استطاعت آزاد مسلمان پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم ہے' نبی اکرم ﷺ نے اس کا حکم اس سال دیا تھا جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تھے اور یہ زکوٰۃ کے لازم ہونے سے پہلے کی بات ہے' اس وقت جب نبی اکرم ﷺ عیدالفطر سے پہلے خطبہ دے رہے تھے تو آپ ﷺ نے اس کی ادائیگی کی ہدایت کی تھی۔

امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبد بن ثعلبہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے عیدالفطر سے ایک یا دو دن پہلے خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا:

''گندم کا ایک صاع' کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع' ہر آزاد اور غلام' چھوٹے اور بڑے کی طرف سے ادا کرو''۔

اس کے مسائل اور اس کی مقدار کی تفصیل مختلف مسالک کے حوالے سے حاشیے میں درج ہے۔

احناف یہ کہتے ہیں: صدقۂ فطر واجب ہے' فرض نہیں ہے' اس کے واجب ہونے کے لیے تین چیزیں شرط ہیں: مسلمان ہونا' آزاد ہونا اور بنیادی ضروریات کے بعد نصاب کی مقدار کے مطابق اضافی مال کا مالک ہونا۔

صدقۂ فطر کے لیے نصاب کی افزائش یا مخصوص عرصے تک اسکا باقی رہنا شرط نہیں ہے۔

اس لیے کہ کوئی شخص جو صدقۂ فطر واجب ہونے کے بعد نصاب کا مالک رہتا ہے' لیکن اس کے ادا کرنے سے پہلے ہی اس کا وہ مال اس کے پاس باقی نہیں رہتا تو اب اسکے ذمے صدقۂ فطر ساقط نہیں ہوگا' اسکے برخلاف زکوٰۃ کا حکم مختلف ہے کیونکہ اس کے لیے مخصوص عرصے تک باقی رہنا شرط ہے' جیسا کہ یہ بات پہلے بیان کی جا چکی ہے۔

اسی طرح اس میں عاقل اور بالغ ہونا شرط نہیں ہوتا' اس لیے نابالغ بچے اور فاتر العقل شخص کے مال میں سے بھی صدقۂ فطر کی ادائیگی واجب ہوگی۔ یہاں تک کہ اگر ان کے ولی نے اس صدقے کو ادا نہ کیا تو وہ گناہگار ہوگا اور ان کے بالغ ہو جانے' جنون سے افاقہ پا جانے کے بعد فقیروں کو صدقۂ فطر دینا واجب ہوگا۔

صدقۂ فطر عیدالفطر کی فجر کے طلوع ہونے کے وقت واجب ہوتا ہے اور اس کا ادا کرنا اس سے پہلے یا اس کے بعد درست ہے کیونکہ اسے پوری عمر میں ادا کیا جا سکتا ہے' لہٰذا صدقۂ فطر کو کسی وقت بھی ادا کیا جائے تو وہ ادا ہو جائے گا' اسے قضا نہیں کیا جائے گا۔

یہی حکم تمام ایسے واجبات کا ہے جن میں وقت کی گنجائش رکھی گئی ہے' تاہم مستحب یہ ہے: عیدگاہ جانے سے پہلے صدقۂ فطر ادا کر دیا جائے' جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اس دن (یعنی عید کے دن) انہیں (یعنی غریب لوگوں کو) مانگنے سے بے نیاز کر دو''۔

صدقۂ فطر اپنی طرف سے' اپنے چھوٹے زیر کفالت بچوں کی طرف سے' اپنے خادم کی طرف سے' اپنے ایسے بڑے بیٹے کی طرف سے جو مجنون ہو' واجب ہے۔

اگر لڑکا عاقل ہو تو اس کی طرف سے ادائیگی باپ پر لازم نہیں ہوگی خواہ وہ لڑکا محتاج ہی کیوں نہ ہو' البتہ باپ نفل کے طور پر یہ ادائیگی کر سکتا ہے۔ اسی طرح شوہر پر یہ بات لازم نہیں ہے' وہ اپنی بیوی کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرے' البتہ اگر وہ ثواب کے حصول کی نیت سے ایسا کر لیتا ہے تو یہ جائز ہوگا' خواہ وہ بیوی کی اجازت کے بغیر ایسا کرے۔

صدقۂ فطر میں چار چیزیں ادا کی جا سکتی ہیں: گندم' جو' کھجور اور منقی[1]

2043- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنِى الْحَسَنُ بْنُ الْقَاسِمِ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُعَلّٰى حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا اَبِىْ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ بَعْضَ الْبَادِيَةِ جَاءُ وْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالُوْا هَلْ عَلَيْنَا زَكَاةُ الْفِطْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هِىَ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ اَوْ اَقِطٍ .

☆☆ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت امام حسین علیہ السلام) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کچھ دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے دریافت کیا: کیا ہم پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ہر چھوٹے' بڑے' آزاد' غلام مسلمان پر لازم ہے' جو کھجور کا' جو کا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔

2044- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِزَكَاةِ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ وَعَبْدٍ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان کو' خواہ وہ آزاد ہو یا غلام' نابالغ ہو یا بالغ' کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2045- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الدَّبَرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَ حَدِيْثِ ابْنِ زَنْجَوَيْهِ سَوَاءً . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَالَ فِيْهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ . وَكَذَا رَوَاهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّالضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ وَعُمَرُ بْنُ نَافِعٍ وَّالْمُعَلَّى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِىُّ وَكَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ وَّيُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَرُوِىَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ كَذٰلِكَ.

---

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری

۲۰۴۳- اورده الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۴۱۱) عن الدارقطني و حده' و قال: (قال الشيخ في الامام: و في اسناده بعض من يحتاج الى معرفة حاله- انتهى- و هذه الالفاظ تمنع تاويل الفرض المذكور في الصحيح بالفرض التقديري' و الله اعلم)- اه-

۲۰۴۴- اخرجه عبد الرزاق في العيدين (۳/۳۱۴) باب: زكاة الفطر (۵۷۶۳) دن الثوري' به-

۲۰۴۵- اخرجه عبد الرزاق في العيدين (۳/۳۱۴) باب: زكاة الفطر (۵۷۶۳) دن الثوري عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر' و عن ابن ابي ليلى عن نافع عن ابن عمر' به-وله طرق عن نافع ياتي تخريجها عقب هذه الرواية ان شاء الله تعالى-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں لفظ ''مسلمانوں'' کا اضافہ ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ شیخ عالم مسند علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ابویعقوب، اسحاق بن ابراہیم بن عباد صنعانی دبری، راویۃ عبد رزاق، یہ 195ھ میں پیدا ہوئے۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ما رایت فیہ خلافاً۔ ان کا انتقال 285ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: سیر اعلام النبلاء (۱۳/۴۱۶)۔

2046- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ رَجُلٍ اَوِ امْرَاَةٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان شخص پر خواہ وہ غلام ہو یا آزاد مرد ہو یا عورت ہو نابالغ ہو یا بالغ ہو کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع رمضان کے بعد صدقۂ فطر کے طور پر ادا کرنا لازم قرار دیا ہے۔

2047- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ عَنِ الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَ بِهَا اَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَى الصَّلَاةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع دینا لازم قرار دیا ہے جو صدقۂ فطر کے طور پر ہر غلام یا آزاد مذکر اور مؤنث ہر نابالغ اور بالغ مسلمان کی طرف سے ادا کیا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں یہ حکم دیا ہے لوگوں کے نمازِ عید پڑھنے جانے سے پہلے اسے ادا کر دیا جائے۔

2048- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْمَحَامِلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ

۲۰۴۶- اخرجه احمد (۲/ ۱۵۷)' و مسلم في الزكاة (۲/ ۶۷۷) باب: الامر باخراج زكاة الفطر قبل الصلاة (۹۸۴) و ابن خزيمة في صحيحه (۲۴۲۱)' و البيهقي في الكبرى (۴/ ۱۶۲)' من حديث ابن ابي فديك ...... به- و اخرجه البخاري في الزكاة (۱۵۰۹) باب: الصدقة قبل العيد' و مسلم في المصدر السابق' و ابو داود في الزكاة (۲/ ۲۶۴' ۲۶۵) باب كم يودى في صدقة الفطر؟ (۱۶۱۱)' و النسائي في الزكاة (۵/ ۴۸) باب الوقت الذي يستحب ان تودى فيه صدقة الفطر' و الترمذي في الزكاة (۲/ ۶۱ ' باب: ما جاء في تقديمها قبل الصلاة (۶۷۷)' من حديث الضحاك بن عثمان ...... به-

۲۰۴۷ اخرجه البخاري في الزكاة (۱۵۰۳) باب: فرض صدقة الفطر' و ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۱۴- ۱۱۵) باب: كم يودى في صدقة الفطر (۱۶۱۲ ' و النسائي في الزكاة (۵/ ۴۸)' من حديث يحيى بن السكن ...... به-

۲۰۴۸ اخرجه ابن حبان في الزكاة (۸/ ۹۶' ۹۷) باب: صدقة الفطر (۲۲۰۴) من حديث شريح بن يزيد

حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا اَرْطَاةُ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ اِسْمَاعِيلَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ عَنْ كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيرٍ اَوْ كَبِيرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر میں کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ہر مسلمان خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا' آزاد ہو یا غلام کی طرف سے ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2049- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُلَاثَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ رِشْدِينَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ زَكَاةُ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ وَعَبْدٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر آزاد اور غلام مسلمان پر فرض ہے جو کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع ہوگا۔

2050-وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ . وَذَكَرَ الْحَدِيثَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا ایک صاع بطور صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم قرار دی ہے۔

اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی۔

2051- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آزاد یا غلام مذکر یا مؤنث مسلمان پر کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع بطور صدقۂ فطر لازمی قرار دیا ہے۔

2052- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْاَشْعَرِيُّ حَدَّثَنَا

۲۰۴۹- اخرجه الحاكم و صححه' لكنه سقط من المستدرك' وهو في تلخيصه للذهبي (۴۱۰/۱)-

۲۰۵۰- اخرجه احمد في مسنده (۲/ ۵'۵۵'۶۳'۶۶ '۱۰۲) من طرق عن عبيد الله بن عمر عن نافع' به-

۲۰۵۱- اشار ابو داود الى رواية عبد الله بن عمر عن نافع هذه في الزكاة (۲/ ۱۱۵) باب: كم يودى في صدقة الفطر! عقب رقم (۱۶۱۲)- و اخرجه الحاكم في الزكاة (۱/ ۴۱۰) من حديث سعيد بن عبد الرحمن الجمحي عن عبد الله ابن عمر عن نافع به-

۲۰۵۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۱۶۱) من هذا الوجه' قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ۴۱۳)؛ (وهو مرسل: فان جد علي بن موسى: هو جعفر الصادق بن محمد بن علي ابن الحسين بن علي بن ابي طالب رضي الله عنهم- و جعفر لم يدرك الصحابة و قد اخرجه له الشيخان- و قال ابن حبان في الثقات: يحتج بحديثه- مالم يكن من رواية اولاده عنه' فان في حديث ولده مناكير كثيرة)- اه-

اِسْمَاعِيْلُ بْنُ هَمَّامٍ حَدَّثَنِىْ عَلِىُّ بْنُ مُوْسَى الرِّضَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اٰبَائِهٖ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى مِمَّنْ تَمُوْنُوْنَ .

☆☆ امام علی رضا رضی اللہ عنہ' امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ان کے والد (امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے دادا (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے آباء واجداد (یعنی امام زین العابدین' امام حسین اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے حوالے سے) یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چھوٹے اور بڑے اور مذکر ومؤنث پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازمی قرار دی ہے۔ جو آپ کے زیر کفالت ہوں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی ہاشمی، یلقب رضا، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 20ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۸۳۸ھ)۔

2053- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِىُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ عَمَّارٍ الْهَمْدَانِىُّ حَدَّثَنَا الْاَبْيَضُ بْنُ الْاَغَرِّ حَدَّثَنِى الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ مِمَّنْ تَمُوْنُوْنَ .رَفَعَهُ الْقَاسِمُ وَلَيْسَ بِقَوِىٍّ وَالصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چھوٹے اور بڑے' آزاد اور غلام کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ جو تمہارے زیر کفالت ہوں۔

قاسم نامی راوی نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' یہ راوی قوی نہیں ہے اور درست یہ ہے: یہ روایت موقوف ہے۔

2054- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ سَمِعْتُ عِدَّةً مِنْهُمُ الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُعْطِى صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَنْ جَمِيْعِ اَهْلِهٖ كَبِيْرِهِمْ وَصَغِيْرِهِمْ عَمَّنْ يَعُوْلُ وَعَنْ رَقِيْقِهٖ وَعَنْ رَقِيْقِ نِسَائِهٖ.

☆☆ نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ اپنے تمام اہل خانہ کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے' جن میں چھوٹے بڑے سب شامل تھے وہ سب لوگ جو ان کے زیر کفالت تھے' اپنے غلاموں' اپنی بیویوں کے غلاموں کی طرف سے بھی صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے۔

۲۰۵۳- هكذا اورده الدارقطني هنا بهذا اللفظ من حديث الضحاك' و صوب و قفه' و من طريق اخرجه البيهقي في السنن (۱/۱۶۱) ومضى من هذا الوجه قريبا بلفظ آخر' و ياتي عقبه موقوفا على ابن عمر بنحو ما هنا-

2055 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا جَدِّى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ مُنَادِيًا يُنَادِى فِى فِجَاجِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ زَكَاةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ عَلٰى كُلِّ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى حُرٍّ وَعَبْدٍ وَّصَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعٌ مِمَّا سِوَاهُ مِنَ الطَّعَامِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو اعلان کرنے کے لیے بھیجا جس نے مکہ کی گلیوں میں یہ اعلان کیا: یاد رکھنا ہر مسلمان پر ہر مذکر و مؤنث آزاد و غلام چھوٹے اور بڑے پر صدقہ فطر کی ادائیگی لازم ہے جو گندم کے دو مد ہوں گے اور اس کے علاوہ دیگر تمام قسم کے اناج کا ایک صاع ہوگا۔

2056 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَرْوَزِىُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَعَثَ صَارِخًا يَصْرُخُ فِى بَطْنِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيهِ حَاضِرٍ اَوْ بَادٍ.

☆☆ عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو بھیجا جس نے مکہ کے نشیب میں بلند آواز میں یہ اعلان کیا: یاد رکھنا صدقہ فطر (کی ادائیگی لازم ہے)۔

اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث بیان کی ہے تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: ہر شہری اور دیہاتی پر لازم ہے۔

2057 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ بَلَغَنِى اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَارِخًا يَصْرُخُ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ .ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ .

☆☆ عمرو بن شعیب یہ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ پتا چلا ہے نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا جس نے یہ اعلان کیا: ہر مسلمان پر (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

2058 - حَدَّثَنَا اَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ اَنْبَاَنِى عَلِىُّ بْنُ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَائِحًا صَاحَ اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيرٍ اَوْ كَبِيرٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى حُرٍّ اَوْ مَمْلُوكٍ حَاضِرٍ اَوْ بَادٍ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ اَوْ تَمْرٍ.

۲۰۵۵- اخرجه الترمذي في الزكاة (٦٠/٣) باب: ما جاء في صدقة الفطر (٦٧٤)، عن عقبة بن مكرم البصري: حدثنا سالم بن نوح به- و قال الترمذي: (حديث حسن غريب)- قال الزيلعي في (نصب الراية) (٤٢٠/٢): (واعله ابن الجوزي في التحقيق بسالم بن نوح، قال ابن معين: ليس بشيء، و تعقبه صاحب التنقيح، فقال: هو صدوق، روى له مسلم في صحيحه- وقال ابو زرعة: صدوق ثقة و وثقه ابن حبان- و قال النسائي: ليس بالقوي- وقال الدارقطني: فيه شيء- وقال ابن عدي: عنده غرائب، و افراد، و احاديثه مقاربة مختلفة)- اه-
۲۰۵۶- اخرجه عبد الرزاق في العيدين (٣٢١/٣) باب: وجوب زكاة الفطر (٥٨٠٠)، وهو معضل: كما قال الزيلعي في نصب الراية (٤٢١/٢)-
۲۰۵۷- اخرجه البيهقي في الكبرى (١٧٣/٤) من طريق عبد الوهاب بن عطاء، و لم يسق لفظه- و عبد الوهاب بن عطاء، قال البخاري: ليس بالقوي عندهم، و تكلم فيه غيره، و مشاه جماعة، و وثقه الدارقطني- ينظر: تهذيب التهذيب (٦/٤٥٠-٤٥٣)-

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو اعلان کرنے کا حکم دیا کہ صدقۂ فطر حق ہے اور ہر چھوٹے بڑے مذکر مؤنث آزاد غلام شہری دیہاتی مسلمان پر اسے ادا کرنا لازم ہے جو گندم کے دو مُد ہوں گے اور جَو یا کھجور کا ایک صاع ہوگا۔

2059- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَدَّادُ وَحَمْدَانُ بْنُ عَلِيٍّ قَالاَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبَّادٍ السَّعْدِيُّ- وَكَانَ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ- حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ صَارِخًا بِبَطْنِ مَكَّةَ مِثْلَهُ سَوَاءً وَزَادَ اَلاَ اِنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا: وہ وادیٔ مکہ کے ایک نشیب میں یہ اعلان کریں۔

تاہم اس روایت میں یہ الفاظ زائد درج ہیں: یاد رکھنا اولاد صاحبِ فراش کی ہوتی ہے اور زنا کرنے والے کو محرومی ملتی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن عباد سعدی، مجہول، یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ و قال ابوداود: لا اعرفه، و حدیثه منکر۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت ۷۶۲۷)، ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۱۹۳/۷) و لسان (۳۴۴/۶-۳۴۵)۔

2060- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيرٍ الْحُرُّ وَالْعَبْدُ فِيهِ سَوَاءٌ.

۲۰۵۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۷۲/٤)؛ قال الزيلعي في نصب الراية (۴۲۰/۲): (قال ابن الجوزي: و علي بن صالح ضعفوه)- قال صاحب التنقيح: هذا خطا منه، و لا نعلم احدًا ضعفه، لكنه غير مشهور الحال- قال ابن ابي حاتم: علي بن صالح روى عن ابن جريج، روى عنه معتمر بن سليمان، سالت ابي عنه؟ فقال: مجهول لا اعرفه- وذكر غير ابي حاتم انه مكي معروف، و هو احد العباد، و كنيته: ابو الحسن، وروى عن عمرو بن دينار و عبد الله بن عثيم و يحيى بن جرجة و الاوزاعي و عبيد الله بن عمر و جماعة- و روى عنه سعيد بن سالم القداح و معتمر بن سليمان و سفيان الثوري- وروى له الترمذي في جامعه، و ذكره ابن حبان في كتاب الثقات، وقال: يعرف- و توفي سنة احدى و خمسين و مائة- انتهى -واخرجه البيهقي كذلك عن المعتمر بن سليمان عن علي بن صالح، قال: و اخرجه سالم بن نوح عن ابن جريج عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده مرفوعًا، ثم قال: قال الترمذي: سالت محمد بن اسماعيل عن هذا الحديث؟ فقال: ابن جريج لم يسمع من عمرو بن شعيب- انتهى كلامه)-

۲۰۵۹- اخرجه الحاكم في الزكاة من المستدرك (۴۱۰/۱)، و عنه البيهقي في الكبرى (۱۷۲/٤) من طريق داود بن شبيب.... به- و قال الحاكم: (صحيح الاسناد، و لم يخرجاه بهذه الالفاظ)- اه -و تعقبه الذهبي بقوله: (قلت: بل خبر منكر جدًا- قال العقيلي: يحيى بن عباد عن ابن جريج حديثه يدل على الكذب- وقال الدارقطني ضعيف)- اه- وقال البيهقي: (تفرد به يحيى ابن عباد عن ابن جريج، و اخرجه غيره عن ابن جريج عن عطاء من قوله في المدين)- اه- قال ابن الجوزي في التحقيق -كما في نصب الراية ۴۱۹/۲-: (و قد تكلم العقيلي في يحيى هذا، و ضعفه، و كذلك ضعفه الدارقطني، قال الازدي: منكر الحديث جدًا عن ابن جريج - انتهى)-

۲۰۶۰- اشار البيهقي الى هذه الرواية في كلامه السابق على الرواية الماضية، وكانه مال الى ترجيح هذه الرواية- راجع: ما قبله-

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: گندم کے دو مُد ہوں گے اور کھجور یا جَو کا ایک صاع ہوگا' اس بارے میں آزاد اور غلام شخص کا حکم برابر ہے۔

2061- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ وَّيَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَطَّارَانِ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَثْمَةَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ اَبِیْ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَتَّبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الزَّكَاةَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ.

☆☆ کثیر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے صدقۂ فطر کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم قرار دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا کشمش کا ایک صاع ہوگا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا۔

2062- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ اَمَرَ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ عَلٰى كُلِّ حَاضِرٍ وَّبَادٍ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ وَّحُرٍّ وَّعَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ ﷺ نے ہر شہری اور دیہاتی' چھوٹے اور بڑے' آزاد اور غلام شخص کو کھجور کا ایک صاع' جَو کا ایک صاع یا گندم کے دو مُد بطور صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

2063- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الدِّيْبَاجِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الصُّغْدِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهٖ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الزِّبْرِقَانِ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ مُدَّانِ مِنْ حِنْطَةٍ عَنْ كُلِّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ وَّحُرٍّ وَّعَبْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: صدقہ فطر کھجور کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا گندم کے دو مُد ہوں گے اور یہ ہر چھوٹے بڑے' آزاد غلام کی طرف سے ادا کیا جائے گا۔

2064- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ

۲۰۶۱- عزاه الزيلعي (۲/۴۲۵) للدارقطني ثم قال: (وكثير هذا مجمع على تضعيفه' و لم يوافق الترمذي على تصحيح حديثه في موضع وتحسينه في آخر- قال احمد: ليس بشيء- و قال الشافعي -رحمه الله-: هو ركن من اركان الكذب- وقال ابن معين: ليس حديثه بشيء- وقال النسائي والدارقطني: متروك)-اه-

۲۰۶۲- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۲/۵۲) من طريق الدارقطني به- و الواقدي ضعيف سبقت ترجمته-

۲۰۶۳- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۲/۵۲) باسناده المصنف به- و داود بن الزبرقان: تركه ابو زرعة او غيره- و قال ابن معين: ليس بشيء و ضعفه جماعة- و بقية: سبق الكلام حوله-

فَضَالَةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ عَلَى الذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ صَدَقَةَ رَمَضَانَ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مذکر' مؤنث' آزاد و غلام پر رمضان کا صدقہ لازم قرار دیا ہے' جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا اناج کا ایک صاع ہوگا۔

2065 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ الْقُلُوْسِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَضَّ عَلٰى صَدَقَةِ رَمَضَانَ عَلٰى كُلِّ اِنْسَانٍ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ قَمْحٍ. بَكْرُ بْنُ الْاَسْوَدِ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر شخص کو رمضان کا صدقہ (یعنی صدقہ فطر) ادا کرنے کی ترغیب دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا گندم کا ایک صاع ہوگا۔

اس روایت کا ایک راوی بکر بن اسود قوی نہیں ہے۔

2066 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُمِرْنَا اَنْ نُعْطِيَ صَدَقَةَ رَمَضَانَ عَنِ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ مَنْ اَدّٰى بُرًّا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى شَعِيْرًا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى زَبِيْبًا قُبِلَ مِنْهُ وَمَنْ اَدّٰى سُلْتًا قُبِلَ مِنْهُ - قَالَ وَاَحْسَبُهُ قَالَ وَمَنْ اَدّٰى دَقِيْقًا قُبِلَ مِنْهُ - وَمَنْ اَدّٰى سَوِيْقًا قُبِلَ مِنْهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہمیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے' ہم ہر چھوٹے بڑے' آزاد و غلام کی طرف سے رمضان کا صدقہ (یعنی صدقہ فطر) اناج کا ایک صاع ادا کریں جو شخص گندم ادا کرے گا' تو وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی' جو شخص جَو ادا کرے تو وہ اس کی طرف سے قبول کیا جائے گا' جو شخص کشمش ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی' جو شخص گندم ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کی جائے گی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے' روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: جو شخص آٹا ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کیا جائے گا اور جو شخص ستو ادا کرے گا وہ اس کی طرف سے قبول کیے جائیں گے۔

2067 - حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يُوْسُفَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

۲۰۶۴- اعلّه ابن الجوزي في التحقيق بمبارك بن فضالة' و نقل تضعيفه عن احمد و ابن معين و النسائي' و تعقبه صاحب التنقيح بان واحد من الائمة حسن امره' و ذكر ما يويد ذلك عن عفان بن مسلم و القطان و ابي زرعة الرازي- راجع (نصب الراية) (۲/۴۲۴)-

۲۰۶۵- اخرجه الحاكم في الزكاة من المستدرك (۱/۴۱۰) من حديث بكر بن الاسود' به- و صححه الحاكم-

۲۰۶۶- اخرجه النسائي في الزكاة (۵/۵۱) باب: مكيلة زكاة الفطر' عن علي بن ميمون عن مخلد عن هشام ...... به- و ذكره ابن ابي حاتم في علله (۱/۲۱۶) (۶۲۷) من حديث نصر بن علي عن عبد الاعلى عن هشام' به- و سال اباه عنه' فقال ابوه: (حديث منكر)- الا ان الزيلعي (۲/۴۲۵) عن صاحب التنقيح قوله: (رجاله ثقات غير ان فيه انقطاعًا قال احمد و ابن المديني و ابن معين و البيهقي: محمد بن سيرين لم يسمع من ابن عباس شيئا)- اه-

الْحُنَيْنِيُّ عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى عَبْدٍ وَّحُرٍّ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ.

☆☆ کثیر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہر چھوٹے بڑے مذکر مؤنث غلام و آزاد پر صدقہ فطر کی ادائیگی لازم قرار دی ہے جو کھجور کا ایک صاع ہوگا یا اناج کا ایک صاع ہوگا کشمش کا ایک صاع ہوگا یا جَو کا ایک صاع ہوگا یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔

2068- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْخَثْعَمِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى بْنِ صَبِيحٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ بُرٍّ. كَذَا قَالَ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى مِنَ الْمُسْلِمِينَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کھجور کا ایک صاع، گندم کا ایک صاع، صدقہ فطر کے طور پر ادا کرنا مقرر کیا ہے۔

راوی نے یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں: یہ ہر آزاد و غلام، مذکر و مؤنث مسلمان پر لازم ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ سعید بن عبدالرحمٰن جمحی، من ولد عامر بن حذیم ابوعبد اللہ مدنی، قاضی بغداد، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 176ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (ت۲۳۶۳)۔

2069- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ عَبْدَانَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى عَنْ نَافِعٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ فِي زَكَاةِ الْفِطْرِ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ.

۲۰۶۷- سبق لهذا الحديث قريباً و سبق بيان ضعف كثير بن عبد الله- و اسحاق الحنيني ايضاً تكلم فيه البخاري و النسائي و الازدي و ابن معين: كما ذكر الزيلعي (۲/۴۲۶)-

۲۰۶۸- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۴۱۰) و البيهقي في الكبرى (۴/۱۶۶) من حديث الجمحي به- و صححه الحاكم- و قال البيهقي: (هكذا قال سعيد بن عبد الرحمن الجمحي- و ذكر البر فيه ليس بمحفوظ)-قال الحاكم: (و اشهر منه حديث ابي معشر عن نافع الذي علونا فيه لكني تركته: لانه ليس من شرط هذا الكتاب- انتهى)- و هذا الذي اشار اليه الحاكم اخرجه في (علوم الحديث)- كما في نصب الراية (۲/۴۲۵)- من حديث ابي معشر عن نافع ...... به- و ابو معشر: نجيح السندي كان يحيى لا يحدث عنه و يضعفه و كان ابن مهدي يحدث عنه- وقال احمد: حديثه مضطرب لا يقيم الاسناد و لكن اكتب حديثه: اعتبر به- و ضعفه ابن معين و ابو داود وغيرهما- وقال البخاري: منكر الحديث- ينظر: تهذيب التهذيب (۱۰/۴۱۹-۴۲۲)-

۲۰۶۹- محمد بن شرحبيل الصنعاني: ضعفه الدارقطني و ذكره ابن حبان في (الثقات) وقال: مستقيم الحديث- (لسان الميزان (۵/۱۹۹)-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کے بارے میں حضرت عمرو بن حزم کو حکم دیا تھا' وہ گندم کا نصف صاع یا کھجور کا ایک صاع وصول کریں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مکی بن عبدان بن محمد بن بکر بن مسلم بن راشد ابو حاتم تمیمی لنیسابوری، سمع احمد بن حفص بن عبید اللہ، وعبداللہ بن ہاشم طوسی وغیرہما، وروی عنہ کافۃ اھل بلدہ، وقدم بغداد وحدث بھا، وثقہ خطیب فی تاریخہ، ولد سنۃ اثنتین واربعین ومائتین، وتوفی سنۃ خمس وعشرین وثلاثمائۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۱۹/۱۳، ۱۲۰)۔

2070- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِى رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّاسُ يُخْرِجُونَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ فِى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَاعَ شَعِيرٍ اَوْ تَمْرٍ اَوْ سُلْتٍ اَوْ زَبِيبٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ وَكَثُرَتِ الْحِنْطَةُ جَعَلَ نِصْفَ صَاعِ حِنْطَةٍ مَكَانًا مِّنْ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں لوگ جَو کا ایک صاع یا کھجور کا ایک صاع یا گیہوں کا ایک صاع یا کشمش کا ایک صاع صدقۂ فطر کے طور پر ادا کرتے تھے۔

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو گندم زیادہ ہوگئی' تو انہوں نے گندم کا نصف صاع ان تمام چیزوں کی جگہ مقرر کردیا۔

2071- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِىُّ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى سَرْحٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ سَعِيدٍ- وَذَكَرُوا عِنْدَهُ صَدَقَةَ رَمَضَانَ فَقَالَ- لَا اُخْرِجُ اِلَّا مَا كُنْتُ اُخْرِجُ فِى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ .فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَوْ مُدَّيْنِ مِنْ قَمْحٍ قَالَ لَا تِلْكَ قِيمَةُ مُعَاوِيَةَ لَا اَقْبَلُهَا وَلَا اَعْمَلُ بِهَا .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: لوگوں نے ان کے سامنے صدقہ فطر کا ذکر کیا' تو انہوں نے فرمایا: میں تو وہی صدقہ فطر ادا کروں گا جو میں زمانۂ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں ادا کیا کرتا تھا' وہ کھجور کا ایک صاع' گندم کا ایک صاع یا جَو کا ایک صاع یا پنیر کا ایک صاع ہوگا۔ ان کی قوم سے تعلق رکھنے والے شخص نے ان سے کہا: یا گندم

۲۰۷۰- اخرجه ابو داود في الزكاة (۲/ ۱۱۵) باب: كم يؤدى في صدقة الفطر؟ (۱۶۱۴) عن الهيثم بن خالد الجهني عن حسين بن علي الجعفي عن زائدة ...... به- و اخرجه النسائي في الزكاة (۵/ ۵۴) باب: السلت' عن موسى بن عبد الرحمن عن حسين عن زائدة ...... به- اعله ابن الجوزي في التحقيق بابن ابي رواد' و قد سبقت ترجمته-

مجالد نامی راوی کے مقابلے میں دیگر راوی زیادہ مستند ہیں۔

2338- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّكَنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَصَّابُ كَيْسَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِذَا صُمْتُمْ فَاسْتَاكُوا بِالْغَدَاةِ وَلَا تَسْتَاكُوا بِالْعَشِيِّ فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ صَائِمٍ تَيْبَسُ شَفَتَاهُ بِالْعَشِيِّ اِلَّا كَانَتَا نُوْرًا بَيْنَ عَيْنَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب تم روزہ رکھو تو صبح کے وقت مسواک کرو' شام کے وقت مسواک نہ کرو' اس کی وجہ یہ ہے: جس روزہ دار شخص کے ہونٹ شام کے وقت خشک ہوں گے تو یہ چیز قیامت کے دن اس کے سامنے نور کے طور پر ہوگی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ کیسان قصار، ابوعمر فزاری (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۷۱۳)۔

2339- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا كَيْسَانُ اَبُوْ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ خَبَّابٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ . كَيْسَانُ اَبُوْ عُمَرَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَمَنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عَلِيٍّ غَيْرُ مَعْرُوْفٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

ابوعمر کیسان نامی راوی مستند نہیں ہے اور اس کے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان راوی معروف نہیں ہیں۔

۲۳۳۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۲۷۴) كتاب الصيام: باب منكره السواك بالعشي اذا كان صائماً...... و في المعرفة (۳/ ۴۱۷) رقم (۲۵۵۸) من طريق الدارقطني' به-

۲۳۳۹- اخرجه البيهقي في (المعرفة) في الصيام (۶/ ۳۳۲) باب: السواك للصائم (۸۹۰۲- ۸۹۰۳) من طريق الدارقطني' به- و نقل كلام الدارقطني عقبه- و اخرجه الطبراني في (معجمه)- كما في نصب الراية (۲/ ۴۶۰)- من حديث كيسان' ابي عمر...... به-

8-باب الْإِفْطَارِ فِي رَمَضَانَ لِكِبَرٍ أَوْ رَضَاعٍ أَوْ عُذْرٍ أَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ.

باب 8: عمر رسیدہ ہو جانے' (بچے کو) دودھ پلانے' کسی عذر وغیرہ کی وجہ سے رمضان کے روزے نہ رکھنا

2340- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ الشِّيْعِيُّ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا عَجَزَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ عَنِ الصِّيَامِ اَطْعَمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مُدًّا مُدًّا. اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ ارشاد فرماتے ہیں: جب بوڑھا شخص روزہ رکھنے کے قابل نہ رہے' تو وہ ہر ایک روزے کے عوض میں ایک مُد کھانا کھلائے گا۔

اس کی سند مستند ہے۔

9-باب طُلُوْعِ الشَّمْسِ بَعْدَ الْإِفْطَارِ.

باب 9: افطاری کر لینے کے بعد سورج نکل آنا

(یعنی بادل وغیرہ کی وجہ سے وقت سے پہلے افطاری کر لینے کا حکم)

2341- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ قَالَتْ اَفْطَرْنَا فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي رَمَضَانَ فِي يَوْمِ غَيْمٍ وَّطَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقِيْلَ لِهِشَامٍ اُمِرُوا بِالْقَضَاءِ قَالَ وَبُدٌّ مِنْ ذٰلِكَ . هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ ثَابِتٌ.

☆☆ سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم نے رمضان کے مہینے میں ایک دن جب بادل چھائے ہوئے تھے' افطاری کر لی لیکن بعد میں سورج نکل آیا (تو پتہ چلا کہ افطاری کا وقت نہیں ہوا تھا)۔

ہشام نامی راوی سے دریافت کیا گیا: کیا ان لوگوں کو اس کی قضاء کرنے کا حکم دیا گیا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا: ایسا کرنا ضروری تھا۔

اس کی سند صحیح ہے اور ثابت ہے۔

۲۳۴۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/ ٢٧١) من طريق الدارقطني' به- و له طرق و الفاظ عن ابن عباس عند البخاري في التفسير (٨/ ١٧٩) تفسير قوله تعالى: (اياما معدودت) من سورة البقرة (٤٥٠٥)' و ابي داود في الصوم (٢/ ٣٠٦) باب: من قال هي مثبتة للشيخ و الحبلى (٢٣١٨)' و عبد الرزاق في الصوم (٤/ ٢٢٠-٢٢١) باب: الشيخ الكبير' و البيهقي في (المعرفة) (٦/ ٢٢٩' ٢٣١) باب: من لا يطيق الصوم لكبر سن-

۲۳۴۱- اخرجه البخاري في الصوم (٤/ ٢٣٥) باب: اذا افطر في رمضان ثم طلعت الشمس (١٩٥٩)' و ابو داود في الصوم (٢/ ٣١٦-٣١٧) باب: الفطر قبل غروب الشمس (٢٣٥٩)' و ابن ماجه في الصوم (١/ ٥٣٥) باب: ما جاء فيمن افطر ناسياً (١٦٧٤)' و ابن خزيمة رقم (١٩٩١) من طرق عن ابي اسامة' به- و اخرجه عبد بن حميد (١٥٧٤) عن عبد الرزاق' اخبرنا معمر عن هشام بن عروة' به-

2342- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ بِهَذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2343- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ وَاحِدٍ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) قَالَ زَادَ مِسْكِينًا آخَرَ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ قَالَ وَلَيْسَتْ بِمَنْسُوخَةٍ إِلاَّ أَنَّهُ رُخِّصَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيرِ الَّذِي لاَ يَسْتَطِيعُ الصِّيَامَ وَأُمِرَ أَنْ يُطْعِمَ الَّذِي يَعْلَمُ أَنَّهُ لاَ يُطِيقُهُ. إِسْنَادٌ صَحِيحٌ ثَابِتٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں یہ بات بیان کی ہے:

''اور وہ لوگ جو اس کی طاقت نہیں رکھتے' ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

اس سے مراد ایک مسکین ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''تو جو شخص بھلائی نفلی طور پر کرے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یعنی جو ایک اور مسکین کو بھی کھانا کھلا دے تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ وہ یہ فرماتے ہیں: یہ حکم منسوخ نہیں ہے البتہ یہ رخصت اس بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھتا اور کھانا کھلانے کا حکم اس شخص کے لیے ہے جو یہ جانتا ہے اب (وہ بھی) روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھے گا۔

اس کی سند صحیح ہے اور ثابت ہے۔

2344- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) قَالَ يُطِيقُونَهُ يُكَلَّفُونَهُ (فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) وَاحِدٍ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) فَزَادَ مِسْكِينًا آخَرَ لَيْسَتْ بِمَنْسُوخَةٍ (فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ) لاَ يُرَخَّصُ فِي هَذَا إِلاَّ لِلْكَبِيرِ الَّذِي لاَ يُطِيقُ الصِّيَامَ أَوْ مَرِيضٍ لاَ يُشْفَى. وَهَذَا صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے وہ اس بات کے پابند ہیں وہ ایک مسکین

۲۳۴۳- اخرجه البخاري في تفسير سورة البقرة [illegible] باب ۲۵ [illegible] باب من لا يطيق الصيام الكبير [illegible]

۲۳۴۴- سبق في الذي قبله من وجه آخر عن عمرو [illegible]

کھانا کھلائیں اور جو شخص نفلی طور پر بھلائی کرنا چاہے تو وہ مزید ایک مسکین کو کھانا کھلا دے۔ یہ حکم منسوخ نہیں ہے' بلکہ یہ ان کے لیے ہے جو بوڑھے ہوں اور اگر تم لوگ روزہ رکھ لو تو یہ زیادہ بہتر ہے تو اس معاملے میں رخصت صرف بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتا اور اس مریض کو دی گئی ہے جو یہ جانتا ہے وہ اب کبھی بھی شفایاب نہیں ہو گا۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2345- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَكِيلُ اَبِي صَخْرَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شِبْلٌ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ وَعَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) وَاحِدٍ (فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا) زَادَ طَعَامَ مِسْكِينٍ آخَرَ (فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَاَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ) وَلَا يُرَخَّصُ اِلَّا لِلْكَبِيرِ الَّذِي لَا يُطِيقُ الصَّوْمَ اَوْ مَرِيضٍ يَعْلَمُ اَنَّهُ لَا يُشْفَى. وَهٰذَا صَحِيحُ الْاِسْنَادِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے"۔

یعنی ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"جو شخص نفلی طور پر بھلائی کرنا چاہے"۔

اس کا مطلب ہے وہ مزید ایک مسکین کو کھانا کھلا دے۔ (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"تو یہ اس کے لیے زیادہ بہتر ہو گا"۔

اور اگر تم لوگ روزہ رکھ لو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) یہ رخصت صرف اس بوڑھے آدمی کو دی گئی ہے جو روزہ رکھنے کی طاقت ہی نہ رکھتا ہو یا اس بیمار کو دی گئی ہے جو یہ جانتا ہے اب وہ کبھی شفایاب نہیں ہو گا۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2346- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ هَارُونَ اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رُخِّصَ لِلشَّيْخِ الْكَبِيرِ اَنْ يُفْطِرَ وَيُطْعِمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا وَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ. وَهٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ رخصت اس بوڑھے آدمی کے لیے ہے وہ روزہ رکھنا چھوڑ دے اور ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے اور اس پر قضا لازم نہیں ہو گی۔

اس کی سند صحیح ہے۔

۲۳۴۵- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۱/۴) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷۴) من رواية منصور عن مجاهد عن ابن عباس و (۷۵۷۵) من رواية عطاء عن ابن عباس- و اخرجه البيهقي في سننه (۲۷۱/۴) كتاب الصيام باب الشيخ الكبير لا يطيق الصوم من طريق منصور عن مجاهد-

۲۳۴۶- اخرجه البيهقي في سننه (۲۷۱/۴) من طريق ابي حاتم الرازي: ثنا محمد بن عبد الله الرقاشي به-

2347- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَكِيلُ اَبِي صَخْرَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَؤُهَا (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَيْسَتْ مَنْسُوخَةً هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْمَرْاَةُ الْكَبِيرَةُ لَا يَسْتَطِيعَانِ اَنْ يَصُومَا فَيُطْعِمَانِ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا . وَهٰذَا صَحِيحٌ .

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ تلاوت کرتے ہوئے سنا:

''اور وہ لوگ جو اس کی طاقت نہیں رکھتے تو اُن کا فدیہ مسکین کو کھانا کھلانا ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ حکم منسوخ نہیں ہے اس سے مراد وہ بوڑھا آدمی یا وہ عورت ہے جو اب بھی روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھیں گے تو وہ ہر ایک دن کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلا دیں۔

یہ روایت صحیح ہے۔

2348- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لِاُمِّ وَلَدٍ لَهُ حُبْلَى اَوْ مُرْضِعٍ اَنْتِ مِنَ الَّذِينَ لَا يُطِيقُوْنَ الصِّيَامَ عَلَيْكِ الْجَزَاءُ وَلَيْسَ عَلَيْكِ الْقَضَاءُ . اِسْنَادٌ صَحِيحٌ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی اُم ولد سے جو حاملہ تھی اور بچے کو دودھ پلاتی تھی (یہ کہا تھا:) تم ان لوگوں میں شامل ہو جو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے، تم پر جزاء لازم ہے قضاء لازم نہیں ہو گی۔

اس کی سند صحیح ہے۔

2349- حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ اَبِي زَائِدَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَاحِبُ السُّلِّ الَّذِي قَدْ يَئِسَ اَنْ يَبْرَاَ فَلَا يَسْتَطِيعُ الصَّوْمَ يُفْطِرُ وَيُطْعِمُ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا . حَجَّاجٌ ضَعِيفٌ .

☆☆ سعید بن جبیر، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات بیان کرتے ہیں: انہوں نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: سل کا ایسا مریض جو اس بات سے مایوس ہو چکا ہو کہ وہ ٹھیک ہو گا اور وہ کبھی روزہ نہ رکھ سکتا ہو ایسا شخص روزہ نہیں رکھے گا اور ہر ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دے گا۔

اس روایت کا راوی حجاج ضعیف ہے۔

۲۳۴۷- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۱/۴-۲۲۲) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷۵) عن ابن جريج قال: قلت لعطاء...... و اخرجه الطبري في التفسير (۷۸/۲) من طريق ابن المبارك عن ابن جريج مختصرا-واخرجه عبد الرزاق (۷۵۷۷) عن ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن عطاء...... نحوه-

۲۳۴۸- اخرجه ابو داود في الصوم (۳۰۶/۲) باب: من قال: هي مثبتة للشيخ و الحبلى (۲۳۱۸) عن ابن المثنى' ثنا ابن ابي عدي عن سعيد عن قتادة...... به-ومن طريق ابي داود اخرجه البيهقي في سننه (۲۳۰/۴) كتاب الصيام' باب الحامل المرضع-

۲۳۴۹- في اسناده الحجاج بن ارطاة' و هو كثير التدليس-

2350- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَتْ لَهُ اَمَةٌ تُرْضِعُ فَاُجْهِدَتْ فَاَمَرَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنْ تُفْطِرَ وَتُطْعِمَ وَلَاتَقْضِیَ . هٰذَا صَحِيْحٌ.

☆☆ سعید بن جبیر نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: ان کی ایک کنیز تھی جو بچے کو دودھ پلاتی تھی' وہ بیمار ہوگئی' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو یہ ہدایت کی کہ تم روزے نہ رکھو' اور (فدیہ کے طور پر) کھانا کھلا دو اور قضا نہ رکھنا۔

یہ روایت مستند ہے۔

2351- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَوِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الْحَامِلُ وَالْمُرْضِعُ تُفْطِرُ وَلَاتَقْضِی .وَهٰذَا صَحِيْحٌ وَّمَا بَعْدَهُ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یا شاید حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے: حاملہ یا دودھ پلانے والی عورت روزہ نہیں رکھے گی' وہ بعد میں اس کی قضاء بھی نہیں کرے گی (بلکہ مسکین کو کھانا کھلا دے گی)۔

یہ روایت اور اس کے بعد والی روایت مستند ہے۔

2352- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا الثَّوْرِیُّ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَرَاَ (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطَوَّقُوْنَهُ) ثُمَّ يَقُوْلُ هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ الَّذِیْ لَا يَسْتَطِيْعُ الصِّيَامَ فَيُفْطِرُ وَيُطْعِمُ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ.

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت تلاوت کی:

''جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان پر اس کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا فدیے کے طور پر واجب ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد وہ بوڑھا آدمی ہے جو اب روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھے گا' وہ روزہ چھوڑ دے گا اور ہر دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا' جو گندم کا نصف صاع ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ اسحاق بن ضیف- وقیل: ابن ابراہیم بن ضیف باہلی، ابویعقوب عسکری، بصری نزل مصر، علم حدیث کے ماہرین نے

۲۳۵۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۲۱۸/٤) رقم (۷۵٦٤) من طريق ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس قال: (تفطر الحامل المرضع في رمضان' و تقضيان صياماً ولا تطعمان) فقد خالف عطاء: فنقل ذلك عن ابن عباس- وقد تقدم من رواية سعيد بن جبير عن ابن عباس خلاف ذلك- و اما اثر ابن عمر: فقد اخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم (۷۵٦۱) من طريق ايوب عن نافع عن ابن عمر-

۲۳۵۲- اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۲۲۱/٤) باب: الشيخ الكبير (۷۵۷٤) عن الثوري' به- واخرجه البيهقي في السنن (۲۷۱/٤) من طريق سفيان' به- و اخرجه اسماعيل بن اسحاق القاضي عن ابن المديني عن جرير عن منصور' به: كما في (المحلى) لابن حزم (۲٦۵/٦)-

انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ غلطی کر جاتے ہیں۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو "التقریب" از الحافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۶۵)

2353- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطَوَّقُونَهُ) وَيَقُولُ لَمْ يُنْسَخْ.

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے:

''اور جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے ان پر لازم ہے''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: یہ آیت منسوخ نہیں ہوئی۔

2354- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْهُ وَهِيَ حُبْلَى فَقَالَ أَفْطِرِي وَأَطْعِمِي عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا وَلاَ تَقْضِي.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ منقول ہے: ان کی اہلیہ نے ان سے سوال کیا، وہ خاتون حاملہ تھیں تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم روزے نہ رکھو چھوڑ دو اور ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کرو، بعد میں اس کی قضاء بھی نہیں کرنا۔

2355- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَتْ بِنْتٌ لاِبْنِ عُمَرَ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ وَكَانَتْ حَامِلاً فَأَصَابَهَا عَطَشٌ فِي رَمَضَانَ فَأَمَرَهَا ابْنُ عُمَرَ أَنْ تُفْطِرَ وَتُطْعِمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينًا.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک صاحبزادی وہ ایک قریشی کی اہلیہ تھیں وہ خاتون حاملہ ہوئیں تو انہیں شدید پیاس محسوس ہوئی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ روزہ رکھنا چھوڑ دیں اور ایک دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں۔

2356- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَكِيلُ أَبِي صَخْرَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ ضَعُفَ عَنِ الصَّوْمِ عَامًا فَصَنَعَ جَفْنَةً مِنْ ثَرِيدٍ وَدَعَا ثَلاَثِينَ مِسْكِينًا فَأَشْبَعَهُمْ.

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں: ایک سال حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کمزوری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ سکے، انہوں نے ثرید کی ہنڈیا تیار کروائی اور تیس مسکینوں کو بلا کر انہیں سیر ہو کر کھانا کھلا دیا۔

۲۳۵۳- اخرجه عبدالرزاق في الصوم (۲۲۱/۴) باب: النسخ الكبير (۷۵۷۴) [illegible]

۲۳۵۴- في اسناده الحجاج: هو ابن ارطاة مدلس- وانظر ما قبله [illegible]

۲۳۵۵- اسناده صحيح [illegible]

۲۳۵۶- اخرجه عبدالرزاق في الصوم (۲۲۰/۴) باب الشيخ الكبير (۷۵۷۰) [illegible] (۸۷/۱) (۱۸۲) [illegible] شعبة- و علقه الامام مالك عن انس بلا اسناد كما في الموطا (۳۰۷/۱) في الصيام باب: فدية من افطر في رمضان من علة [illegible] البيهقي في (المعرفة) (۳۳۰/۶) (۸۸۹۱) (هذا منقطع و قد روينا عن قتادة موصولاً عن انس ......) فساقه بمعناه-

مجہول۔ واما م ابوحاتم فرماتے ہیں: شیخ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۶/۷۴)، ومغنی (۲/...
میزان (۴/۴۳۱)، واللسان (۴/۱۰۴)۔

2360- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ الْبَحْرَانِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا دَهْثَمُ بْنُ قُرَّانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَقُضِيَ عَنْهُ فَقَدْ أَجْزَأَ عَنْهُ . وَقَالَ فِي الْحَجِّ وَالصِّيَامِ مِثْلَ ذٰلِكَ . دَهْثَمٌ ضَعِيفٌ وَعَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ مَجْهُولٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جس شخص کے ذمے قرض ہو اس کی طرف سے ادا کر دیا جائے تو یہ اس کی طرف سے ادائیگی ہو جاتی ہے''۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور روزے کے متعلق اسی کی مانند بات ارشاد فرمائی ہے۔
اس روایت کا راوی دہثم ضعیف ہے جبکہ دوسرا راوی عمرو بن عثمان مجہول ہے۔

2361- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ وَعُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَا حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكْتُ . قَالَ وَمَا أَهْلَكَكَ . قَالَ أَتَيْتُ أَهْلِي فِي شَهْرِ رَمَضَانَ . قَالَ هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً . قَالَ لَا . قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ . قَالَ لَا أُطِيقُ الصِّيَامَ . قَالَ فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا لِكُلِّ مِسْكِينٍ مُدًّا . قَالَ مَا أَجِدُهُ . فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِخَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا . قَالَ أَطْعِمْهُ سِتِّينَ مِسْكِينًا . قَالَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بِالْمَدِينَةِ أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجَ مِنَّا . قَالَ انْطَلِقْ فَكُلْهُ أَنْتَ وَعِيَالُكَ فَقَدْ كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْكَ.

☆☆ محمد بن حسن اپنے والد (حسن) کے حوالے سے ان کے والد (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے ان کے دادا (امام حسین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلاکت کا شکار ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کس چیز نے تمہیں ہلاکت کا شکار کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کوئی غلام یا کنیز ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل دو ماہ روزے رکھو اس نے عرض کی: میں روزے رکھنے کی طاقت نہیں رکھتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ' ہر ایک مسکین کو ایک مُد دو اس نے عرض کی: میں اس

۲۳۶۰- اسنادہ ضعیف: دہثم بن قران ضعفہ المصنف ہنا- وقال الحافظ في التقریب (۱/۲۳۷): متروك' و عمرو بن عثمان قال الدارقطني ہنا: (مجہول)- و لم اجد له ترجمة فیما بین یدي من کتب الرجال-
۲۳۶۱- المنذر بن محمد بن المنذر عن ابیه' وعنه ابن عقدة- قال الدارقطني: لیس بالقوي وقال في (غرائب مالك): (ضعیف) ینظر المیزان (۶/۹۰)-

گنجائش نہیں رکھتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے یہ ہدایت کی کہ اسے پندرہ صاع دیئے جائیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو' اس نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے! پورے شہر میں ہمارے گھر والوں سے زیادہ محتاج اور کوئی نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ اسے تم بھی کھاؤ اور تمہارے گھر والے بھی کھائیں' اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف سے کفارہ ادا کر دیا ہے۔

2362- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى اُوَيْسٍ حَدَّثَنِى اَبِى عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ وَعَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِىِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اَفْطَرْتُ يَوْمًا مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَعْتِقْ رَقَبَةً اَوْ صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اَوْ اَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا .

☆☆ عامر بن سعد اپنے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: میں نے رمضان کے مہینے میں ایک دن جان بوجھ کر روزہ نہیں رکھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو یا دو ماہ کے روزے رکھو یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔

2363- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا[1] ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِى مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلاً اَفْطَرَ فِى رَمَضَانَ فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ يُكَفِّرَ بِعِتْقِ رَقَبَةٍ اَوْ صِيَامِ شَهْرَيْنِ اَوْ اِطْعَامِ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ فَقَالَ لاَ اَجِدُ فَاُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِعَرَقِ تَمْرٍ فَقَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ .فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّى لاَ اَجِدُ اَحَدًا اَحْوَجَ اِلَيْهِ مِنِّى فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهُ ثُمَّ قَالَ كُلْهُ .تَابَعَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِىُّ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى بَكْرٍ وَّاَبُوْ اُوَيْسٍ وَّفُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعُمَرُ بْنُ عُثْمَانَ الْمَخْزُوْمِىُّ وَيَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ وَّشِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ وَّاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ مِّنْ رِوَايَةِ اَشْهَبَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْهُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ مِنْ رِوَايَةِ نُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْهُ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ مِّنْ رِوَايَةِ عَمَّارِ بْنِ مَطَرٍ عَنْهُ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى زِيَادٍ اِلَّا اَنَّهُ اَرْسَلَهُ عَنِ الزُّهْرِىِّ كُلُّ هٰؤُلاَءِ رَوَوْهُ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلاً اَفْطَرَ فِى رَمَضَانَ وَجَعَلُوْا كَفَّارَتَهُ عَلَى التَّخْيِيرِ .وَخَالَفَهُمْ اَكْثَرُ مِنْهُمْ عَدَدًا فَرَوَوْهُ عَنِ الزُّهْرِىِّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَنَّ اِفْطَارَ ذٰلِكَ الرَّجُلِ كَانَ بِجِمَاعٍ وَّاَنَّ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَهُ اَنْ يُكَفِّرَ بِعِتْقِ رَقَبَةٍ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا مِّنْهُمْ عِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ وَّعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِى عَتِيقٍ وَّمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَمَعْمَرٌ وَّيُوْنُسُ وَعُقَيْلٌ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ وَّالْاَوْزَاعِىُّ وَشُعَيْبُ بْنُ

[1] في بعض رواياته الواقدي و هو متروك لكنه متابع في الرواية الاخرى- و ابو بكر ابن اسماعيل له ذكر في ترجمة ابيه اسماعيل بن محمد من (التهذيب)-

أَبِي حَمْزَةَ وَمَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِيسَى وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَالنُّعْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ وَحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ وَصَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ وَإِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى الْعَوْصِيُّ وَعَمَّارُ بْنُ عُقَيْلٍ وَثَابِتُ بْنُ ثَوْبَانَ وَقُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَزَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ وَبَحْرٌ السَّقَّاءُ وَالْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَشُعَيْبُ بْنُ خَالِدٍ وَنُوحُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ وَغَيْرُهُمْ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رمضان کے مہینے میں روزہ توڑ لیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ کفارے کے طور پر ایک غلام آزاد کرے یا دو ماہ کے روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے عرض کی: میرے پاس اس کی گنجائش نہیں ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کی ایک بوری لائی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کر دو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے اپنے سے زیادہ اس کا کوئی اور ضرورت مند نہیں معلوم ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیے یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دانت بھی ظاہر ہوئے پھر آپ نے فرمایا: اسے تم کھا لو۔

بعض راویوں نے اس روایت میں یہ بات نقل کی ہے: اس شخص نے رمضان (کا روزہ) توڑ دیا تھا اور کفارہ دینے کے بارے میں اُسے اختیار دیا گیا تھا (کہ وہ مذکورہ بالا تین صورتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کر لے)۔

لیکن اکثر راویوں نے یہ بات نقل کی ہے: اس شخص نے صحبت کر کے روزہ توڑا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے غلام آزاد کرنے کے ذریعے کفارہ ادا کرنے کا حکم دیا، جب اس کے پاس اس کی گنجائش نہیں تھی، تو اُسے دو ماہ روزے رکھنے کی ہدایت کی، جب اس میں اس کی بھی استطاعت نہیں تھی، تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم دیا۔

2364 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ حَدَّثَنَا أَبُو ثَوْرٍ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَهُ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ هَلَكْتُ وَأَهْلَكْتُ. قَالَ مَا أَهْلَكَكَ. قَالَ وَقَعْتُ عَلَى أَهْلِي فِي رَمَضَانَ. قَالَ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا. قَالَ لَا. قَالَ صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ. قَالَ لَا أَسْتَطِيعُ. قَالَ فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا. قَالَ لَا أَقْدِرُ عَلَيْهِ. فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ فَقَالَ تَصَدَّقْ بِهَذَا. فَقَالَ عَلَى أَحْوَجَ مِنَّا. قَالَ فَأَطْعِمْهُ عِيَالَكَ. تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو ثَوْرٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُورٍ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ بِقَوْلِهِ وَأَهْلَكْتُ وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں ہلاکت کا شکار ہو گیا (یا شاید یہ الفاظ ہیں:) میں نے (خود کو) ہلاکت کا شکار کر لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کیا ہے؟ وہ بولا: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے پاس کوئی غلام ہے جسے تم آزاد کر دو۔ اس نے عرض کی: نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل

طاقت رکھتا ہوں۔ اس نے عرض کی: میں یہ نہیں کر سکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کی: میں اس کی بھی قدرت نہیں رکھتا۔

راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھجوروں کی بوری لائی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے صدقہ کر دو۔ اس نے عرض کی: کیا اپنے سے زیادہ ضرورت مند لوگوں کو (یعنی مجھے سب سے زیادہ ان کی ضرورت ہے) تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

2365 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ أَخْبَرَهُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَمَرَ رَجُلًا أَفْطَرَ فِي رَمَضَانَ. الْحَدِيثَ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيهِ «كُلْهُ وَصُمْ يَوْمًا». تَابَعَهُ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رمضان میں روزہ توڑنے والے شخص کو نبی اکرم ﷺ نے یہ ہدایت کی تھی: (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے) تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: ”تم اسے کھالو اور ایک دن روزہ رکھ لینا“۔

2366 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ وَحَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَقَعْتُ بِامْرَأَتِي فِي رَمَضَانَ. قَالَ: «أَعْتِقْ رَقَبَةً». قَالَ لَا أَجِدُ. قَالَ: «فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ». قَالَ لَا أَسْتَطِيعُ. قَالَ: «أَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا». قَالَ لَا أَجِدُ. قَالَ فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمِكْتَلٍ فِيهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ. قَالَ: «خُذْ هَذَا فَأَطْعِمْهُ عَنْكَ». قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَحْوَجُ إِلَيْهِ مِنَّا. قَالَ: «فَخُذْهُ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ». لَفْظُ بَكَّارٍ. تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو۔ اس نے عرض کی: وہ میرے پاس نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دو ماہ مسلسل روزے رکھو۔ اس نے عرض کی: میں اس کی استطاعت نہیں رکھتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کی: میں ایسا بھی نہیں کر سکتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے پاس پندرہ صاع کھجوروں کا ٹوکرا لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اسے لو اور اپنی طرف سے کھلا دو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! پورے شہر میں اس کی سب سے زیادہ ضرورت مند میں ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

یہ الفاظ بکار نامی راوی کے ہیں اور محمد بن ابوحفصہ نامی راوی نے اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے۔

2367- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّاَبُوْ اُمَيَّةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ حَفْصَةَ وَقَالَ فِيْهِ بِزَبِيْلٍ وَّهُوَ الْمِكْتَلُ فِيْهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا اَحْسَبُهُ تَمْرًا. وَكَذٰلِكَ قَالَ هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ وَّالْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ. وَتَابَعَهُمْ حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ وَهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

ایک زبیل لائی گئی اور پیمانہ تھا جس میں پندرہ صاع تھے' یہ بھی ہے' کھجوروں کے پندرہ صاع تھے۔

اسی طرح دیگر راویوں نے بھی نقل کیا ہے اور دیگر راویوں نے اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے۔

2368- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَّالْحَسَنُ بْنُ اَبِى الرَّبِيْعِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَحَدَّثَهُ اَنَّهُ وَقَعَ بِاَهْلِهِ فِىْ رَمَضَانَ فَقَالَ لَهُ اَعْتِقْ رَقَبَةً. قَالَ لَا اَجِدُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ. قَالَ مَا اَسْتَطِيْعُ. قَالَ فَاَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا. قَالَ مَا اَجِدُ ذٰلِكَ. قَالَ فَاُتِىَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِمِكْتَلٍ فِيْهِ تَمْرٌ قَدْرَ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا. فَقَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ. فَقَالَ عَلٰى اَحْوَجَ مِنِّىْ وَاَهْلِ بَيْتِىْ فَمَا اَجِدُ اَحْوَجَ مِنِّىْ وَاَهْلِ بَيْتِىْ. قَالَ كُلْهُ اَنْتَ وَاَهْلُ بَيْتِكَ وَصُمْ يَوْمًا وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے آپ کو بتایا گیا کہ اس نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس وہ نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل دو ماہ روزے رکھو' اس نے کہا: میں اس کی استطاعت نہیں رکھتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ' اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک برتن لایا گیا جس میں پندرہ صاع کھجوریں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کر دو' اس نے عرض کی: کیا اپنے اور گھر والوں سے زیادہ ضرورت مند کو کروں' مجھے اپنے اور اپنے گھر والوں سے زیادہ کوئی ضرورت مند نہیں' آپ نے فرمایا: اسے تم کھالو اور تمہارے گھر والے کھالیں اور تم ایک دن روزہ رکھ لو اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو۔

2369- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا مَنْدَلٌ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَعَلَيْهِ صَوْمُ شَهْرٍ. هٰذَا اِسْنَادٌ غَيْرُ ثَابِتٍ. مَنْدَلٌ ضَعِيْفٌ وَّمَنْ دُوْنَ اَنَسٍ ضَعِيْفٌ اَيْضًا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''جو شخص عذر کے رمضان کا ایک روزہ نہ رکھے' اس پر ایک ماہ کے روزے رکھنا لازم ہوگا''۔

اس کی سند ثابت نہیں ہے اس کا راوی مندل ضعیف ہے اور جس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے
ضعیف ہے۔

2370-حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ ...بِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الْمُطَوِّسِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ ...رَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ وَّلَا رُخْصَةٍ لَمْ يُجْزِهِ صِيَامُ الدَّهْرِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص کسی بیماری اور رخصت کے بغیر رمضان کا ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو ہمیشہ روزے رکھنا بھی اس کا بدلہ نہیں ہوسکتا''۔

...یانِ حدیث کا تعارف:

○ ابومطوس ھو یزید، وقیل: عبداللہ بن مطوس، یہ لین الحدیث ہیں یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔
...قریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۸۴۴۰)۔

○ مطوس، (اور ایک قول کے مطابق): ابومطوس، عن ابی ہریرۃ، مجہول یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔
...قریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۷۶۰)۔

2371-حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْيَقْطِينِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَوْهَبُ بْنُ ...يْدَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ رَجَاءِ بْنِ جَمِيلٍ قَالَ كَانَ رَبِيعَةُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُولُ مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ ...مَ اثْنَيْ عَشَرَ يَوْمًا لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ رَضِيَ مِنْ عِبَادِهِ شَهْرًا مِّنَ اثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا.

☆☆ ربیعہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: جو شخص رمضان کے ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو وہ بارہ دن روزے رکھے گا اس کی ...یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے بارہ مہینوں کے مقابلے میں ایک مہینہ روزہ رکھنے کو پسند کیا ہے۔

...یانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن حسن بن علی بن محمد بن عیسیٰ بن یقطین، ابوجعفر بزاز یقطینی، سمع ابا یعلی احمد بن علی موصلی وابا قاسم بغوی، ومن فی ...ھما، حدث عنہ ابونعیم اصبھانی، وعلی بن محمد بن عبداللہ حذاء وغیرھا، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ وقال ...انی: کان فھما ذکیا، لہ رحلۃ فی طلب حدیث۔ ان کے مزید حالات کیلئے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲/۲۱۱)، وانساب (۵/۷۰۳)۔

23..- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيدٍ الرُّهَاوِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا ...سٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ...لَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ وَّلَا رُخْصَةٍ لَمْ يَقْضِهِ عَنْهُ صِيَامٌ وَّاِنْ صَامَ ...هْرَ كُلَّهُ.

اخرجه عبد الرزاق في الصوم (۴/۱۹۸) باب: من يبطل الصيام ومن يأكل في رمضان متعمدا (۷۴۷۳) من وجه آخر عن ربيعة بنحو

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
جو شخص رخصت یا بیماری کے بغیر رمضان کے ایک دن کا روزہ نہ رکھے تو ہمیشہ روزے رکھنا بھی اس کی قضاء نہیں ہو سکتا۔

2373- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ أَنَّهُ سَمِعَ مَسْعُودَ بْنَ الْحَكَمِ الزُّرَقِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَى رَاحِلَتِهِ أَيَّامَ مِنًى أُنَادِي أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ وَبِعَالٍ . الْوَاقِدِيُّ ضَعِيفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ کے دنوں میں مجھے اپنی اونٹنی پر بھیجا تاکہ میں اعلان کروں: اے لوگو! یہ کھانے پینے کے اور صحبت کرنے کے دن ہیں۔

اس روایت کا راوی واقدی ضعیف ہے۔

2374- حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يَتْبَعُ رِحَالَ النَّاسِ بِمِنًى أَيَّامَ التَّشْرِيقِ عَلَى جَمَلٍ لَهُ وَهُوَ يَقُولُ أَلَا لَا تَصُومُوا هَذِهِ الْأَيَّامَ فَإِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ وَرَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ. قَالَ قَتَادَةُ بَلَغَنَا أَنَّ الْمُنَادِيَ كَانَ بِلَالًا. قَتَادَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ.

☆☆ حضرت حمزہ اسلمی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ایک شخص کو دیکھا جو منیٰ میں ایام تشریق میں لوگوں کی قیام گاہوں کے پاس جا رہا تھا، وہ اونٹ پر سوار تھا اور یہ کہہ رہا تھا: خبردار! ان دنوں میں روزہ نہ رکھو کیونکہ یہ کھانے پینے کے دن ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے درمیان موجود ہیں۔

قتادہ نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: یہ اعلان کرنے والے شخص حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے۔

قتادہ نامی راوی نے سلیمان بن یسار سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

2375- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خُرَّزَاذَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَهَى عَنْ صَوْمِ أَيَّامٍ فِي السَّنَةِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ وَثَلَاثَةِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ. قَالَ عُثْمَانُ مَا كَتَبْنَاهُ إِلَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ.

☆☆ قتادہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سال کے پانچ دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے: عید الفطر کے دن، عید الاضحیٰ کے دن اور ایام تشریق کے تین دن۔

عثمان نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے محمد بن خالد کے حوالے سے یہی روایت نقل کی ہے۔

۲۳۷۵- [illegible] محمد بن خالد [illegible] قال ابن معين [illegible]
كذاب. وقال ابو زرعة: رجل سوء. وقال وهب القاضي: سمعت محمد بن خالد الواسطي يقول: لم اسمع من ابي الا حديثا [illegible]
[illegible]
تهذيب التهذيب [illegible]

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن خالد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن طحان واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۵۸۸۳)۔

2376- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ عَبْدَانَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نَافِعٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ فِيْ زَكَاةِ الْفِطْرِ نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ حِنْطَةٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو صدقۂ فطر کے بارے میں یہ ہدایت کی تھی کہ وہ گندم کا نصف صاع ہوگا یا کھجور کا ایک صاع ہوگا۔

2377- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا تَشْتَرُوا اللَّبَنَ فِيْ ضُرُوْعِهَا وَلَا الصُّوْفَ عَلٰى ظُهُوْرِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: جب دودھ تھن میں موجود ہو اس کا سودا نہ کرو اور جب اُون (جانور کی پشت پر) موجود نہ ہو اس وقت اس کا سودا نہ کرو۔

2378- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ الْحَكَمِ الزُّرَقِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حُذَافَةَ فَنَادٰى فِيْ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ اَلَا اِنَّ هٰذِهِ الْاَيَّامَ عِيْدٌ وَّاَكْلٌ وَّشُرْبٌ وَّذِكْرٌ فَلَا تَصُوْمُوْهُنَّ اِلَّا مُحْصَرٌ اَوْ مُتَمَتِّعٌ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا وَلَمْ يَصُمْ فِيْ اَيَّامِ الْحَجِّ الْمُتَتَابِعَةِ فَلْيَصُمْهُنَّ.

☆☆ مسعود بن حکم زرقی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے ایام تشریق میں یہ اعلان کیا تھا: خبردار! یہ عید کے دن ہیں' یہ کھانے پینے اور ذکر کرنے کے دن ہیں تو ان دنوں میں روزہ صرف وہ شخص رکھے جو محصر ہو یا حج تمتع کرنے والا ایسا فرد ہو' جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو' یا جس نے حج کے دنوں میں مسلسل روزے نہ رکھے ہوں' وہ ان دنوں میں روزے رکھ لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ مسعود بن الحکم بن ربیع بن عامر انصاری زرقی، ابوہارون مدنی۔ لہ رویۃ، ولہ روایۃ عن بعض صحابۃ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۶۶۵۳)۔

۲۳۷۶- اخرجه البيهقي في الكبرى (٤/ ١٦٨)، و نقله الزيلعي في (نصب الراية) (٢/ ٤٢١)- وقال: (قال البيهقي: هذا لا يصح، و كيف يصح! و رواية الجماعة عن نافع عن ابن عمران تعديل الصاع بمدين من حنطة انما كان بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم - و اعله ابن الجوزي بسليمان ابن موسى، قال: قال ابن المديني: مطعون عليه، و قال البخاري: عنده مناكير)- اه- قلت: و سبق في (الزكاة) تخريج هذا الحديث من وجوه عن نافع عن ابن عمر بغير هذا اللفظ- و راجع: نصب الراية (٣/ ٤١٤-٤١٦)-

۲۳۷۸- تخريبه الدارقطني، و عنه نقله الزيلعي في نصب الراية (٢/ ٤٨٤) وقال عقبة: (الواقدي: ضعيف)-

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو ششم

5-6

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم حدیث کی ترویج واشاعت اور درس وتدریس کرنے والوں کے لیے

دعاءِ نبوی

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش وخرم رکھے جو مجھ سے کوئی بات سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

اخرجہ الترمذی، بہذا اللفظ فی "جامعہ" کتاب العلم، باب: ماجاء فی الحث علی تبلیغ السماع، رقم الحدیث 2657 (وفی معناہ) ابوداؤد 3660، ترمذی 2656، 2658، ابن ماجہ 230، 231، 232، مسند احمد 4157، 16784 دارمی 229، 230، معجم اوسط 5179، 5392، 7004، 9444، شعب الایمان 1736، مجمع الزوائد 582، 583، 584، 588، 589، 591، کنز العمال 29165، 29166، 29200، 29375

اس روایت کے طرق کی وضاحت کے بارے میں ایک مستقل رسالہ بھی ہے جس کا نام "جزء فیہ قول النبی ﷺ نضر اللہ امرأ" ہے اس کے مولف شیخ ابوعمرو احمد بن محمد اصبہانی مدینی ہیں۔ یہ رسالہ "دار ابن حزم" بیروت لبنان سے 1994ء میں شیخ بدر بن عبداللہ البدر کی تحقیق کے ہمراہ شائع ہوا تھا۔

كِتَابُ الْحَجِّ

حج کا بیان

1- باب

بلاعنوان

2379- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ طَالِبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زِيَادٍ النَّصِيْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ اَوْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا) قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السَّبِيْلُ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور لوگوں پر لازم ہے وہ اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کریں اس شخص پر لازم ہے جو اس تک جانے کی طاقت رکھتا ہو''۔

تو ایک شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہاں ''سبیل'' سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِ سفر اور سواری۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالملک بن زیاد نصیبی، ازدی کہتے ہیں یہ منکر الحدیث اور غیر ثقہ ہے۔ امام ابن حبان فرماتے ہیں: مستقیم حدیث یغرب عن مالک۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: الضعفاء والمتروکین (۲/۱۴۹)، و میزان (۴/۳۹۸)۔ ولسان (۴/۷۶)۔

•••———•••———•••

حج کے حکم کی وضاحت

حج کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ''مختصر القدوری'' کے شارح امام ابوبکر بن علی بن الحداد تحریر کرتے ہیں:

۲۳۷۹- قال الزیلعي في (نصب الراية) (۳/۱۰): (محمد بن عبد الله بن عبيد الليثي تركوه، واجمعوا على ضعفه)- اهـ- و ذكره الغساني في (تخريج الاحاديث الضعاف من سنن الدارقطني) ص (۲۵۶) وقال: (محمد بن عبد الله بن عبيد ضعيف)-

حج کا لغوی معنی کسی چیز کا ارادہ کرنا ہے۔

شریعت میں اس سے مراد تعظیم کی نیت سے بیت اللہ کی زیارت کا ارادہ کرنا ہے تا کہ اسلام کے عظیم رکن کی ادائیگی کی جا سکے۔

(امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ کہا ہے: حج واجب ہے) اس سے مراد یہ ہے: یہ محکم فرض ہے۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ وجوب کے ذریعے اس کو ذکر کیا ہے کیونکہ واجب کا مفہوم عمومی ہوتا ہے' ہر فرض چیز واجب ہوتی ہے لیکن ہر واجب چیز فرض نہیں ہوتی ہے۔

اس کے بعد آگے چل کر امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: حج محکم فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کرنا لوگوں پر لازم ہے''۔

سوال یہ ہے: یہ فوری طور پر ادا کرنا واجب ہوتا ہے یا اس میں مؤخر کرنے کی گنجائش ہوتی ہے؟

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: اسے فوری طور پر ادا کرنا لازم ہے کیونکہ یہ ایک مخصوص وقت کے ساتھ مخصوص ہے اور سال میں کسی بھی وقت انسان کو موت آ سکتی ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس میں مؤخر کرنے کی گنجائش ہے کیونکہ یہ ساری عمر کے اندر ایک مرتبہ ادا کیا جانے والا فرض ہے۔

ان حضرات کے درمیان اختلاف اس صورتِ حال میں ہوتا ہے کہ جب غالب گمان اس بات کا ہو کہ انسان بعد میں بھی سلامت رہے گا' لیکن اگر غالب گمان انتقال کرنے کا ہو' یعنی آدمی بیمار ہو یا بوڑھا ہو چکا ہو' تو اب اس بات پر اتفاق ہے' اب اس کو فوری طور پر ادا کرنا لازم ہوگا۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک امکان کی صورت میں بھی حج میں تاخیر کرنا جائز نہیں ہے' اگر کوئی شخص حج میں تاخیر کر لیتا ہے تو وہ گناہ گار ہوگا' انہوں نے دلیل کے طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان پیش کیا ہے:

''جو شخص زادِ راہ اور سواری کا مالک ہو' جو اسے بیت اللہ تک پہنچا سکتے ہوں اور پھر وہ حج نہ کرے تو اب اس پر کچھ نہیں ہوگا کہ وہ یہودی مر جائے یا عیسائی مر جائے''۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے چھٹی سن ہجری میں حج فرض قرار دیا تھا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دسویں سن ہجری میں حج ادا کیا تھا' اگر اس کو فوراً ادا کرنا لازم ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے مؤخر نہ کرتے۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے اس کا یہ جواب دیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعے اس بات کا علم ہو گیا تھا' آپ اس وقت تک حیات رہیں گے' جب تک اسے ادا نہیں کر لیں گے' اس لیے آپ اس بات سے بے خوف ہو گئے کہ آپ اسے ادا نہیں کر سکیں گے۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: حج لازم ہے آزاد بالغ، عقل مند تندرست لوگوں پر جب وہ زادِ راہ اور سواری پر قدرت حاصل کرلیں، جوان کی جائز سکونت سے اضافی ہو اور جو انتہائی ضروری نہ ہو اور ان کے واپس آنے تک وہ اپنے اہل عیال کے خرچ سے بھی بے نیاز ہوں اور راستہ بھی امن والا ہو۔

اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: لفظ بالغ استعمال کر کے انہوں نے بچوں سے احتراز کیا ہے کیونکہ وہ عبادات کے پابند نہیں ہیں کیونکہ وہ اس کے مکلف نہیں ہیں۔

لفظ عقل مند استعمال کر کے انہوں نے مجنون لوگوں سے احتراز کیا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تین طرح کے لوگوں سے قلم اٹھا لیا گیا ہے بچہ جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے، مجنون شخص جب تک وہ ٹھیک نہ ہو جائے اور سویا ہوا شخص جب تک وہ بیدار نہ ہو جائے''۔

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ تندرست جو استعمال کیا ہے اس سے مراد یہ ہے: اس کا جسم اور اعضاء ٹھیک ہونے چاہئیں یہاں تک کہ بیمار شخص کے اوپر حج کرنا لازم نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے: جب انسان عبادت کی ادائیگی سے عاجز ہو جائے تو یہ چیز عبادت ساقط ہونے میں اثر انداز ہوتی ہے جب تک وہ عجز باقی ہوتا ہے۔

نابینا شخص کے بارے میں اہل علم نے اختلاف کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے شخص پر حج کرنا لازم نہیں ہے اگرچہ اسے کوئی ساتھ لے جانے والا بھی مل جاتا ہے تاہم اس کے مال میں سے حج واجب ہوگا (یعنی اس پر لازم ہوگا وہ کسی دوسرے کو حج کروا دے)۔

امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک نابینا شخص کو اگر کوئی ساتھ لے جانے والا مل جاتا ہے اس کے پاس زادِ راہ بھی ہوتا ہے اور سواری بھی ہوتی ہے تو اب اس پر حج کرنا لازم ہوگا تاہم یہ ضروری ہے اس کے ساتھ سفر میں اس کی خدمت کرنے کے لیے کوئی شخص موجود ہونا چاہیے۔ یہ بات جائز نہیں ہوگی کی اس کی جگہ پر کوئی دوسرا شخص حج کرے جہاں تک بیماری کی وجہ سے عاجز ہونے کا تعلق ہے تو اگر بیماری ایسی ہو کہ اس کے بارے میں یہ اُمید کی جاسکتی ہو کہ وہ ختم ہو جائے گی اس بیماری کے ختم ہونے کے بعد اس شخص پر حج کرنا لازم ہوگا اور اب کسی دوسرے شخص کا اس کی طرف حج کرنا کافی نہیں ہوگا تندرست ہونے کے بعد وہ شخص خود حج کرنے کے لیے جائے گا اور اس فرض کو ادا کرے گا۔[1]

2380- حَدَّثَنِي عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي نَافِعٍ حَدَّثَنَا عَفِيفٌ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ السَّبِيلُ إِلَى الْبَيْتِ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

---

[1] الجوہرہ النیرہ از ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الزبیدی مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ص 360/1

۲۳۸۰- هكذا اخرجه الدارقطني عن ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب به- و سيورده بعده من وجهين عن محمد بن عبيد الله- و هو العرزمي - عن عمرو بن شعيب به-قال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/ ۱۰): (و ابن لهيعة و العرزمي: ضعيفان- قال الشيخ في (الامام): و قد خرج الدارقطني هذا الحديث عن جابر و انس و عبد الله بن عمرو بن العاص و عبد الله بن مسعود و عائشة و ليس فيها اسناد يحتج به- انتهى)-

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے، اپنے دادا کے حوالے سے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیت اللہ تک جانے کے راستے سے مراد زادِ سفر اور سواری ہے''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد بن ابی نافع ابوسلمۃ موصلی، قال ابویعلی: وقد راہ ولم یروعنہ۔ قال: لم یکن اھلاً للحدیث وذکر لہ ابن عدی فی کامل احادیث منکرۃ، وامام ابن حبان فرماتے ہیں: یعتبر حدیثہ من غیر روایۃ ابنہ عنہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح و تعدیل (۲/۷۹)، ومیزان (۱/۱۰۷)، واللسان (۱/۲۲۳)۔

○ عفیف بن سالم موصلی بجلی (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، ابوعمرو، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۴۶۶۱)۔

•••———•••———•••

زادِ راہ اور سواری کے بارے میں اہل علم کی وضاحت

زادِ راہ اور سواری کے بارے میں اہل علم کے اختلاف کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہ شیخ ابن رشد تحریر کرتے ہیں' استطاعت کے حوالے سے اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے' امن کے ساتھ مال کی موجودگی اور جسم کی استطاعت بھی اس میں شامل ہوگی۔

جسم اور مال کے اعتبار سے استطاعت کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی' امام ابوحنیفہ اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں اور یہ بات حضرت عبداللہ بن عباس اور عمر بن خطاب سے بھی منقول ہے:

اس کے لیے زادِ راہ اور سواری کی موجودگی شرط ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: جو شخص پیدل چل کر جا سکتا ہو' اس کے حق میں حج کے واجب ہونے کے لیے سواری کی موجودگی شرط نہیں ہوگی بلکہ اس پر پیدل چل کے جا کر حج کرنا لازم ہوگا۔

اسی طرح امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک زادِ راہ کی موجودگی بھی شرط نہیں ہے' اگر وہ راستے میں زادِ راہ حاصل کرنے کے قابل ہو' خواہ اسے مانگ کر ایسا کرنا پڑے۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: استطاعت کی وضاحت کیسے کی جائے گی' اس بارے میں منقول حدیث کا اس لفظ کے عموم سے تعارض ہے۔

حدیث میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: استطاعت سے مراد کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''زادِراہ اور سواری''۔

امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ہر مفلس شخص پر محمول کیا ہے جبکہ امام مالک نے اسے اس شخص پر محمول کیا ہے جو پیدل نہ چل سکتا ہو اور وہ اس قابل نہ ہو کہ راستے میں مزدوری کر کے محنت کر کے روزی کما سکے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مؤقف کو اس لیے اختیار کیا ہے کیونکہ وہ اس بات کے قائل ہیں: جب اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حکم مجمل ہو اور سنت کے ذریعے اس کی وضاحت ہو رہی ہو، تو اب سنت کی اس وضاحت سے انحراف کرنا درست نہیں ہوگا۔[1]

2381- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رُسْتُمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا يُوجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے، اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا چیز حج کو لازم کر دیتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِراہ اور سواری (کا میسر ہونا)۔

2382- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا السَّبِيلُ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ! سبیل سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زادِ سفر اور سواری۔

2383- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَرَّاحِ الضَّرَّابُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي قَوْلِهِ تَعَالَى (وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا السَّبِيلُ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: (اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:)

---

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی، کتاب الحج

۲۳۸۲- راجع ما قبله- و يحيى بن عبد الحميد: ان كان هو الحماني، فقد تقدم بيان ضعفه-

۲۳۸۳- في اسناده بهلول بن عبيد. قال الزيلعي (۳/ ۱۰): (قال ابو حاتم: ذاهب الحديث)- اه- و قال الغساني: (بهلول متروك)-وذكره برهان الدين الحلبي في (الكشف الحثيث عمن رمي بوضع الحديث) ص (۱۱۵) وقال: ذكره شيخنا العراقي في شرح الالفية له في المقلوب فيما قرانه)- اه -قلت: و بهلول بن عبيد، قال ابو زرعة: ليس بشيء- وقال ابن حبان: يسرق الحديث- وقال ابن عدي: يعمرو ليس بذاك، ثم ساق له ستة احاديث- وقال ابن يونس: منكر الحديث- وقال الحاكم: روى احاديث موضوعة- وقال ابو سعيد النقاش: روى موضوعات- وقال محمود بن غيلان: اسقطه احمد و ابن معين و ابو خيثمة، وقال البزار: بهلول ليس بالقوي- ينظر: لسان الميزان لابن حجر (۲/ ۶۷)- و الحديث ضعفه الشيخ في الامام، كما سبق في الذي قبله-

''لوگوں پر یہ بات لازم ہے کہ وہ بیت اللہ کا حج کریں جو شخص اس تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہو''۔
حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! سبیل سے مراد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زادِ سفر اور سواری۔

2384- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ الرَّازِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ سُهَيْلٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

2385- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَتَادَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن ہشام حرانی، ابوامیہ، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۱۶۴)۔

2386-وَرَوَاهُ عَتَّابُ بْنُ اَعْيَنَ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِذٰلِكَ . حَدَّثَنِي بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ

۲۳۸۴- اخرجه الحاكم (۱/ ۴۴۲) من رواية علي بن سعيد بن مسروق...... به- وقال الحاكم: (صحيح على شرط الشيخين، و لم يخرجاه، وقد تابع حماد بن سلمة سعيدًا على روايته عن قتادة)- اه- ثم اخرجه من طريق حماد بن سلمة عن قتادة به- وقال: (صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه)- اه- و علقه البيهقي في الكبرى (۴/ ۳۳۰) من رواية ابن ابي عروبة عن قتادة التي معنا، ثم قال: (ولا اراه الا وهما)- اه- و ساقه البيهقي من رواية سعيد عن قتادة عن الحسن مرسلاً، و قال: (هذا هو المحفوظ عن قتادة عن الحسن عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً، اخرجه يونس بن عبيد عن الحسن)- اه- قلت: ورواية يونس عن الحسن مرسلاً رواها ابن ابي شيبة (۴/ ۹۰)، و البيهقي (۴/ ۳۲۷)، و كذلك رواها الطبري في التفسير (۷۴۸۴)، و ابو داود في (المراسيل) ص (۱۴۳- ۱۴۴) و من طريقه البيهقي في (المعرفة) (۶/ ۱۹) (۹۱۶۵)، من رواية يونس، به- وراجع الحديث بعد الآتي عن عائشة-

۲۳۸۵- اخرجه الحاكم في المناسك (۱/ ۴۴۲) من رواية صالح بن محمد بن حبيب الحافظ: ثنا ابو امية: عمرو بن هشام به- قال ابن حجر في (تلخيص الحبير) (۲/ ۳۳۵): (الراوي عن حماد هو ابو قتادة عبد الله بن واقد الحراني، وقد قال ابو حاتم: هو منكر الحديث)- اه-

۲۳۸۶- كذا اخرجه الدارقطني هنا من رواية يونس عن الحسن موصولاً، و اخرجه العقيلي في الضعفاء (۳/ ۳۳۲)، و البيهقي (۴/ ۳۳۰) من رواية عتاب بن عين...... به- وقال العقيلي: (عتاب في حديثه وهم) ثم ساقه من طريق الثوري عن ابراهيم الخوزي عن محمد بن عباد بن جعفر عن ابن عمر، به، وقال: (هذا اولى- على ضعف- ايضاً)- اه- وقال البيهقي في (المعرفة) (۶/ ۱۹) باب: الحال التي يجب فيها الحج بنفسه (۹۱۶۶): (وروي عن الثوري عن يونس عن الحسن عن امه عن عائشة، موصولاً، و ليس بمحفوظ)- اه- و الصواب عن سفيان عن يونس عن الحسن مرسلاً كما سبق بيانه في الكلام على حديث انس السابق-

الْحَنْظَلِيُّ قَالَ قَرَاْتُ فِيْ كِتَابِ عَتَّابِ بْنِ اَعْيَنَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

2387- رَوَاهُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَزِيْدَ الْخُوزِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) . وَهُوَ مَشْهُوْرٌ عَنْهُ . وَقَدْ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ فَرَوَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَذٰلِكَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن یزید خوزی، ابواسماعیل مکی، مولی بنی امیہ، متروک الحدیث، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۷۴)۔

2388- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالَ السَّبِيلُ اِلَى الْحَجِّ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ . فَقِيْلَ لَهُ وَمَا الْحَاجُّ قَالَ الشَّعِثُ وَالتَّفِلُ . وَسُئِلَ اَيُّ الْحَجِّ اَفْضَلُ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا گیا:

"اور اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کرنا لوگوں پر لازم ہے جو اس تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہو"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج کی سبیل سے مراد زادِ راہ اور سواری ہے۔ عرض کی گئی: حاجی کون ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں اور تیل نہ لگانے کی وجہ سے بُودار ہوں۔ دریافت کیا گیا: کون سا حج زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس میں بلند آواز میں تلبیہ پڑھا گیا ہو اور قربانی کے جانور کا خون بہایا گیا ہو۔

۲۳۸۷- اخرجه الترمذي في الحج (۳/۱۷۷) باب: ما جاء في ايجاب الحج بالزاد و الراحلة (۸۱۳)، و ابن ماجه في المناسك (۲/۹۶۷) باب: ما يوجب الحج (۲۸۹۶)، و كذلك الطبري في (التفسير) (۲/۳٦٤)، و الشافعي في (المسند) (۱/۲۸٤)، و ابن عدي في (الكامل) (۱/...)، و البيهقي في الكبرى (٤/۳۳۰)، و في (الشعب) (۳/٤۲۸) (۳۹۷٤)، و العقيلي في (الضعفاء)، كما سبق في الذي قبله، جميعاً من طريق ابراهيم بن يزيد الخوزي ...... به- وقال الترمذي: (حديث حسن، و ابراهيم بن يزيد هو الخوزي المكي، قد تكلم فيه بعض اهل العلم من قبل حفظه)- و اعله البيهقي، و الزيلعي في (نصب الراية) (۳/۸)، و ابن حجر في (تلخيص الحبير) (۲/۲۲۱)- بالخوزي، و هو متروك الحديث: كما قال ابن حجر في (التقريب) (۳۰۲) (۱/٤٦)-وقد تابعه محمد بن عبد الله بن عبيد بن عمير الليثي، كما ذكر الدارقطني عقب الحديث- وقد ذكر البيهقي (٤/۳۳۰) هذه المتابعة

۲۳۸۹- اخرجه البيهقي و اعله بمحمد بن عبد الله بن عبيد بن عمير-

2389-وَقَدْ قِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِذٰلِكَ .حَدَّثَنِى بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُجَهِّزُ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ تَمْتَامٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنِ السَّبِيلِ اِلَى الْحَجِّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ موجود ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حج تک کی سبیل کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اس سے مراد) زادِ سفر اور سواری ہے۔

2390- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دَنُوقَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمُصَفِّرُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَحَدَّثَنَا اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السَّبِيلُ اِلَى الْحَجِّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ .

☆☆ محمد بن عباد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہمارے پاس تشریف لائے اور انہوں نے ہمیں بتایا: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! حج کی سبیل سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِ سفر اور سواری (میسر ہونا)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن عبدرحیم بن عمر، ویعرف بابن دنوقا۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ان کا انتقال 279ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۱۳۵/۶)۔

○ محمد بن حجاج مصفر بغدادی، روی عن کوات بن صالح وجریر بن حازم، وشعبۃ و مالک۔ قال احمد: قد ترکت حدیثہ۔ و قال ابن مدینی: ذھب حدیثہ۔ وقال یحییٰ وابوداود: لیس ب علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ وقال نسائی و مسلم بن حجاج ودارقطنی: متروک۔ وقال ابوزرعۃ: یروی اباطیل عن شعبۃ۔ وقال ابن حبا: لاتحل روایۃ عنہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: الضعفاء والمتروکین (۴۹/۳)، ومیزان (۱۰۲/۶)، واللسان (۱۲۴/۵)۔ وفی (ط). منفر، بالضاد معجمۃ۔

۲۳۹۰- قال الزيلعي (۹/۲): (محمد بن الحجاج المصفر ضعيف)- اه -قلت: وقال ابن معين: ليس بثقة- وقال احمد: تركنا حديثه- وقال البخاري: سكتوا عنه- وقال النسائي و الازدي و العجلي: متروك' وقال ابن سعد: كان ضعيفاً عندهم في الحديث' وقال ابن عدي: و المصفر على حديثه بين- وقال الخطابي في (العزلة): ليس بالقوي عند اهل الحديث- انظر: لسان الميزان لابن حجر (۱۱۷/۵-۱۱۸)-قلت: واخرجه سعيد بن سلام العطار عن عبد الله بن عمر العمري عن نافع عن ابن عمر مرفوعاً به- ذكره ابن ابي حاتم في (العلل) (۲۹۷/۱) (۸۹۱) ونقل عن علي بن الحسين بن الجنيد انه قال: (هذا حديث باطل)- اه- و العطار: كذبه احمد و ابن نمير- وقال البخاري: يذكر بوضع الحديث- وقال ابو حاتم: منكر الحديث جداً- و ضعفه غير هم- ينظر: (لسان الميزان) لابن حجر (۳۱/۳-۳۲)-

2391- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مِهْرَانَ السَّوَّاقُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مَرْوَانَ الْخَ
حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.
وَيُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) .
وَالْعَرْزَمِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ
(وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا السَّبِيلُ قَالَ زَادٌ وَّرَاحِلَةٌ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' جبکہ ایک سند کے ہمراہ عمرو بن شعیب کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے ان کے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے (کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''اور اللہ تعالیٰ کے لیے لوگوں پر لازم ہے' وہ بیت اللہ کا حج کریں' جو شخص اس تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہو''۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! سبیل سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زادِ سفر اور سواری (کا میسر ہونا)۔

2392- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا حَصِ
بْنُ مُخَارِقٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْحَ
كُلَّ عَامٍ قَالَ لاَ بَلْ حَجَّةٌ . قِيلَ فَمَا السَّبِيلُ اِلَيْهِ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا ہر سال حج کرنا (فرض ہے؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! بلکہ ایک حج (فرض ہے)' عرض کی گئی: اس تک کی سبیل سے کیا مراد ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِ سفر اور سواری (میسر ہونا)۔

2393-قَالَ وَحَدَّثَنَا حَصِينٌ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
السَّبِيلُ اِلَيْهِ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس تک پہنچنے کی سبیل سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زادِ سفر اور سواری (میسر ہونا)۔

2394- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَ

۲۳۹۱- حديث الحسن و عبد الله بن عمرو بن العاص: تقدم تخريجهما- و اما حديث ابن عباس: فاخرجه الدارقطني هنا عن داود بن الزبرقان باسناده' و اعاده بعده من رواية حصين بن المخارق' باسناده- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۹/۲): (وداود' وحصين' كلاهما ضعيفان) - اه -

۲۳۹٤- اخرجه ابن ماجه في المناسك (۹٦۷/۲) باب: ما يوجب الحج (۲۸۹۷): ثنا سويد بن سعيد' ثنا هشام بن سليمان القرشي عن ابن جريج' قال: و اخبرنيه ايضاً عن ابن عطاء' عن عكرمة عن ابن عباس...... به- قال الزيلعي (۹/۲): (قال في (الامام): و هشام بن سليمان بن عكرمة بن خالد بن العاص' قال ابو حاتم: مضطرب الحديث' و محله الصدق' ما ارى به باساً انتهى -و ابن عطاء: هو عمر ضعيف؛ كما قال ابن حجر في (التقريب) (٦۱/۲)-

مَجِيدِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَ قَوْلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ السَّبِيلُ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے قول کی مانند نقل کیا ہے' سبیل سے مراد زادِ سفر اور سواری میسر ہونا ہے۔

2395- وَرَوَاهُ حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ يَعْنِي (مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالَ اَنْ تَجِدَ ظَهْرَ بَعِيرٍ . حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سِيمَا حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ الْفَدَكِيُّ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالَ سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنْ تَجِدَ ظَهْرَ بَعِيرٍ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا گیا: (یعنی ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''جو اس تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہو''۔

اس سے مراد کیا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تمہیں اونٹ کی پشت میسر ہو (یعنی سواری تمہارے پاس ہو)۔

ایک سند کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اور اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کرنا لازم ہے جو شخص اس تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہو''۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اس سے مراد یہ ہے:) تم اونٹ کی پشت (یعنی سواری کو پاؤ)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن صدقہ فدکی۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں: لیس بالمشہور، ولکن لیس بہ باس۔ وامام ابن حبان فرماتے ہیں: یعتبر حدیثہ اذا بین سماع فی روایتہ، فانہ کان یسمع من قوم ضعفاء عن مالک ثم یدلس۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۱۹۱/۴)، ولسان (۲۱۰/۵)۔

2396- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ

في اسناده: الحسين بن عبد الله بن ضميرة' و قد كذبه مالك و ابو حاتم الرازي و ابن جارود' و تركه علي و احمد و ابو حاتم و الدارقطني- وقال ابن ابي اويس: كان يتهم بالزندقة' وقال البخاري: منكر الحديث ضعيف' و قال ابو زرعة و ابو داود: ليس بشيء' زاد احمد: يضرب على حديثه' و تكلم فيه غير واحد من النقاد- راجع: (لسان الميزان) لابن حجر (۲۸۹/۲ ۲۹۰)-

عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) مَرَّ بِضُبَاعَةَ وَهِیَ شَاکِیَةٌ فَقَالَ اَتُرِیْدِیْنَ الْحَجَّ . قَالَتْ نَعَمْ . قَالَ فَحُجِّی وَاشْتَرِطِی وَقُوْلِی اللّٰهُمَّ مَحِلِّی حَیْثُ حَبَسْتَنِی .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' سیّدہ ضباعہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرے' جو بیمار تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم حج کا ارادہ رکھتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم حج کا ارادہ کرلو اور ساتھ شرط بھی رکھو اور یہ کہو: اے اللہ! جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی' وہیں احرام کھول دوں گی۔

•••——•••——•••

حج کا احرام باندھنے کی شرائط

حج کا احرام باندھتے ہوئے کوئی ایسی شرط مقرر کرنا کہ اگر یہ ہوگیا تو میں احرام کھول دوں گا' اس کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے صحیح مسلم کے مشہور شارح امام یحیٰی بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں' امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: حج کرنے والا یا عمرہ کرنے والا شخص احرام باندھتے ہوئے نیت میں یہ شرط عائد کرسکتا ہے' اگر وہ حج یا عمرے کے لیے جاتے ہوئے راستے میں کسی جگہ بیمار ہوگیا تو جہاں وہ بیمار ہوگا وہیں احرام کھول دے گا۔

امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: احرام کی نیت میں کوئی شرط عائد کرنا درست نہیں ہے۔

شوافع نے اپنے مؤقف کی تائید میں سیّدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول اس روایت کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے (جسے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہاں نقل کیا ہے)۔

شوافع نے اس صحیح اور صریح حدیث سے استدلال کیا ہے' لیکن احناف اس کے جواب میں یہ کہتے ہیں: یہ حکم سیّدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کے ساتھ مخصوص ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عام مسلمانوں کے لیے فائدے کے طور پر اسے بیان نہیں کیا اور نہ ہی اس روایت میں کوئی عمومی صیغہ پایا جاتا ہے۔

فقہائے مالکیہ میں سے قاضی نے یہ بات بیان کی ہے' یہ روایت ضعیف ہے' اور اس بارے میں کوئی مستند روایت منقول نہیں ہے۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے معمر کے حوالے سے نقل کیا ہے اور اسکے علاوہ کسی اور سند کے ساتھ یہ روایت مستند طور پر منقول نہیں ہے۔

(نووی کہتے ہیں:) اس روایت کو ضعیف قرار دینا درست نہیں ہے کیونکہ یہ حدیث صحیح بخاری' صحیح مسلم' سنن ابوداؤد' ترمذی' سنن نسائی اور دوسری معتبر کتابوں میں موجود ہے اور کئی اسانید کے ساتھ منقول ہے۔[1]

---

[1] حاشیۃ النووی علی الصحیح لمسلم

۲۳۹۶- اخرجہ البخاری فی النکاح (۵۰۸۹) باب: الاکفاء فی الدین' و مسلم فی الحج (۲/۸۶۷-۸۶۸) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوہ (۱۲۰۷)' والنسائی فی المناسک (۵/۱۶۸) باب: کیف یقول اذا اشترط' و الطبرانی فی (الکبیر) (۲۴/رقم ۸۲۴' ۸۲۵) من طریق هشام بن عروۃ' بہ۔

239- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ ... عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) دَخَلَ عَلٰى ضُبَاعَةَ ... الزُّبَيْرِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُرِيْدُ الْحَجَّ .فَقَالَ لَهَا اشْتَرِطِى عِنْدَ اِحْرَامِكِ مَحِلِّى حَيْثُ حَبَسْتَنِىْ فَاِنَّ ... ـكِ .وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَيُّوْبُ وَخَالِدٌ وَّثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ وَاَبُو الزُّبَيْرِ وَهِلَالُ بْنُ خَبَّابٍ وَّعَبْدُ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيُّ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کے ... یف لے گئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حج کا ارادہ رکھتی ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم ... ندھتے وقت شرط عائد کر لینا کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہیں احرام کھول دوں گی تو تمہیں اس کا اختیار

...ض دیگر راویوں نے اسے اسی طرح نقل کی ہے۔

239- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ ... عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لِضُبَاعَةَ حُجِّى وَاشْتَرِطِى اَنَّ مَحِلِّى ... حَبَسْتَنِىْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ ضباعہ رضی اللہ عنہا سے یہ فرمایا تھا: تم ... نے کا ارادہ کرلو اور یہ شرط رکھو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہیں احرام کھول دوں گی۔

2399- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى الطَّيِّبِ قَالَ ... عَلٰى اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ وَّاَنَا اَنْظُرُ فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ فَاَقَرَّ بِهِ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ... غْتَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ثُمَّ لَبِسَ ثِيَابَهُ فَلَمَّا اَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَعَدَ عَلٰى ... فَلَمَّا اسْتَوٰى بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ اَحْرَمَ بِالْحَجِّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا پھر آپ نے اپنے کپڑے ... پے پھر جب آپ ذوالحلیفہ تشریف لائے تو وہاں آپ نے دو رکعت ادا کیں پھر آپ اپنے اونٹ پر بیٹھے جب آپ کی ... کھڑی ہوئی تو وہاں سے آپ نے حج کا احرام باندھا (یعنی اس کی نیت کی)۔

2400- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرٍ عَنِ ... عُمَرَ قَالَ اِنَّ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ يَّغْتَسِلَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُّحْرِمَ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْخُلَ مَكَّةَ.

اخرجه مسلم في الحج (٢/٨٦٨–٨٦٩) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوه (١٢٠٨)، و النسائي في الحج ( ) باب: الاشتراط في الحج، و ابن ماجه في المناسك (٢٩٣٨) باب: الشرط في الحج، و البيهقي في الكبرى (٥/٢٢١)، من رواية عكرمة ... عباس به۔

اخرجه الحاكم في المناسك (١/٤٤٧) عن ابي العباس محمد بن يعقوب، ثنا محمد بن اسحاق الصغاني ... به- وقال الحاكم: (صحيح ... ان يعقوب بن عطاء بن ابي رباح: ممن جمع ائمة الاسلام حديثه، و لم يخرجاه)- اھ-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ بیان کرتے ہیں: یہ بات سنت ہے آدمی جب احرام باندھنے لگے تو غسل کرے جب مکہ میں داخل ہونے لگے (اس وقت بھی غسل کرے)۔

2401- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَالِدٍ اَبُو سُلَيْمَانَ الْمَخْزُومِىُّ حَدَّثَنِي ابْنُ غَزِيَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اغْتَسَلَ لِاِحْرَامِهِ . قَالَ ابْنُ صَاعِدٍ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ مَا سَمِعْنَاهُ اِلَّا مِنْهُ .

☆☆ خارجہ بن زید اپنے والد (زید بن ثابت رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھنے سے پہلے غسل کیا تھا۔

ابن صاعد بیان کرتے ہیں: یہ حدیث ضعیف ہے ہم نے اسے صرف (اپنے استاد یحییٰ بن خالد) سے سنا ہے۔

•••———•••———•••

احرام باندھنے سے پہلے غسل کرنے کے حکم کی وضاحت

احرام باندھنے سے پہلے غسل کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے مشہور مالکی فقیہہ شیخ ابن رُشد تحریر کرتے ہیں:

جمہور علماء اس بات پر متفق ہیں احرام باندھنے سے پہلے غسل کرنا سنت ہے اور اس کا تعلق حالتِ احرام والے شخص کے افعال سے ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک احرام باندھنے کے وقت غسل کرنے کی تاکید جمع کے وقت غسل کرنے سے زیادہ ہے۔

اصحاب ظواہر نے اسے واجب قرار دیا ہے۔

امام ابوحنیفہ اور امام سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: ایسے وقت میں صرف وضو کر لینا کافی ہے۔ اہل ظاہر کی دلیل وہ روایت ہے جسے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے مرسل حدیث کے طور پر نقل کیا ہے:

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب انہوں نے "بیداء" کے مقام پر محمد بن ابوبکر کو جنم دیا اور حضرت ابوبکر نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس سے کہو کہ وہ غسل کر کے پھر تلبیہ پڑھے (یعنی احرام باندھے)۔

اہل ظاہر کے نزدیک یہ حکم وجوب پر دلالت کرتا ہے۔

۲۴۰۰- اخرجه ابن ابي شيبة في (مصنفه) - كما في نصب الراية (۲/۱۸)- حدثنا سهل ابن يوسف عن حميد ...... به- و اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/۴۴۷) من طريق محمد بن المثنى، ثنا سهل بن يوسف، به- وقال الحاكم: (صحيح على شرط الشيخين)- اه- وعزاه الزيلعي (۲/۱۸) -- ايضاً- للبزار في (مسنده)-

۲۴۰۱- اخرجه الترمذي في الحج (۲/۱۹۲-۱۹۳) باب: ما جاء في الاغتسال عند الاحرام (۸۳۰) من رواية عبد الله بن يعقوب المدني عن ابن ابي الزناد به- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب، وقد استحب قوم من اهل العلم الاغتسال عند الاحرام، و به يقول الشافعي)- اه- وقال الزيلعي في (نصب الراية) (۲/۱۷): (واخرجه العقيلي بسند الدارقطني، و اعله بابي غزية، قال: عنده مناكير، لا يتابع عليه الا من طريق فيها ضعف- انتهى- قال ابن القطان في (كتابه): و انما حسنه الترمذي، و لم يصححه للاختلاف في عبد الرحمن بن ابي الزناد- انتهى ا- وراجع ترجمة عبد الله بن يعقوب المدني من (تهذيب التهذيب) لابن حجر (۶/۸۵-۸۶)-

جمہور کی دلیل یہ ہے: اصل کے اعتبار سے کوئی چیز لازم نہیں ہوتی جب تک کسی چیز کے وجوب کا کوئی حکم ثابت نہ ہو جائے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ احرام باندھنے سے پہلے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے اور عرفہ کے دن شام کے وقت وقوف کرنے سے پہلے غسل کیا کرتے تھے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں کو حالت احرام والے شخص کے افعال میں شمار کیا ہے۔[1]

2402- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْيَمَانِ وَابُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَابْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ غَزِيَّةَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2403- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اغْتَسَلَ بِفَخٍّ قَبْلَ دُخُولِهِ مَكَّةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے ''فخ'' کے مقام پر غسل کیا تھا۔

2404- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ حُذَيْفَةَ قَالَ رَجُلٌ كُنْتُ اَسْاَلُ النَّاسَ عَنْ حَدِيثِ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَّهُوَ اِلَى جَنْبِي لَا اَسْاَلُهُ فَاَتَيْتُهُ فَقَالَ بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَكَرِهْتُهُ ثُمَّ قُلْتُ لَوْ اَتَيْتُهُ فَسَمِعْتُ مِنْهُ فَاَتَيْتُهُ فَقَالَ لِي يَا عَدِيُّ بْنَ حَاتِمٍ اَسْلِمْ تَسْلَمْ . فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَقَالَ لِي فَاِنَّ الظَّعِينَةَ سَتَرْحَلُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتّٰى تَطُوْفَ بِالْبَيْتِ بِغَيْرِ جِوَارٍ . مُخْتَصَرٌ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ .

☆☆ ابوعبیدہ بن حذیفہ بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نے یہ بات بیان کی ہے: میں لوگوں سے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بارے میں دریافت کرتا رہا' وہ میرے پہلو میں موجود تھے' لیکن میں نے ان سے دریافت نہیں کیا: پھر میں ان کے پاس آیا تو انہوں نے بتایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا' میں آپ کو پسند نہیں کرتا تھا' پھر میں نے سوچا کہ مجھے ان کی خدمت میں جا کر ان کی بات سننی چاہیے' میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھ سے فرمایا:

---

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی

2403- اخرجه الترمذي في الحج (۲۰۸/۳) باب: ما جاء في الاغتسال لدخول مكة (۸۵۲) عن يحيى بن موسى حدثنا هارون بن صالح وقال الترمذي: (هذا حديث غير محفوظ- و الصحيح ما روى نافع عن ابن عمر: انه كان يغتسل لدخول مكة- و به يقول الشافعي: يستحب الاغتسال لدخول مكة-وعبد الرحمن بن زيد بن اسلم ضعيف في الحديث: ضعفه احمد بن حنبل و علي بن المديني و غيرهما- ولا نعرف هذا الحديث مرفوعاً الا من حديثه)- اه-

2404- اخرجه البيهقي في (دلائل النبوة) من حديث احمد بن عبيد الصفار' حدثنا اسماعيل بن اسحاق القاضي به-

عدی بن حاتم! تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے۔

اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا: عنقریب کوئی عورت ''حیرة'' (نامی جگہ) سے روانہ ہوگی یہاں تک کہ وہ کسی کی پناہ میں آئے بغیر بیت اللہ کا طواف کرے گی۔

یہ روایت متصل ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

2405- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ اَنَّ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ وَّفَدَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يُوْشِكُ اَنْ تَخْرُجَ الْمَرْاَةُ مِنَ الْحِيرَةِ بِغَيْرِ جِوَارِ اَحَدٍ حَتّٰى تَحُجَّ الْبَيْتَ وَيُوْشِكُ اَنْ يَّفِيضَ الْمَالُ حَتّٰى يَغْتَمَّ الرَّجُلُ مَنْ يَّقْبَلُ مِنْهُ صَدَقَتَهُ . قَالَ فَرَاَيْتُ الْمَرْاَةَ تَخْرُجُ بِغَيْرِ جِوَارِ اَحَدٍ حَتّٰى تَحُجَّ الْبَيْتَ .مُخْتَصَرٌ.

☆☆ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر ٹھہرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

''عنقریب وہ وقت آئے گا جب ایک عورت کسی شخص کی پناہ میں آئے بغیر ''حیرة'' (نامی جگہ) سے روانہ ہوگی یہاں تک کہ وہ بیت اللہ کا حج کرلے گی اور عنقریب وہ وقت آئے گا جب مال اتنا زیادہ ہو جائے گا کہ آدمی یہ آرزو کرے گا کہ اس سے صدقہ لینے والا کوئی شخص مل جائے۔

حضرت عدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ کسی کی پناہ میں آئے بغیر روانہ ہوئی یہاں تک کہ اس نے بیت اللہ کا حج کیا۔ یہ روایت مختصر ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالعزیز بن محمد بن عبید دراوردی، ابومحمد جہنی، (یہ ان کے آزاد کردہ غلام ہیں)، مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ کان یحدث من کتب غیرہ روایت کے الفاظ نقل کرتے ہوئے یہ خطا کر جاتے ہیں۔ ۔ قال حدیثہ عن عبیداللہ عمری منکر۔ یہ راویوں کے آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱۳۷

2406- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُّحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ حُذَيْفَةَ- شَكَّ ابْنُ عَوْنٍ اسْمُهُ مُحَمَّدُ بْنُ حُذَيْفَةَ- قُلْتُ تَتَحَدَّثُ بِحَدِيثِ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَّكَانَ فِي نَاحِيَةِ الْكُوفَةِ قَالَ قُلْتُ لَوْ اَتَيْتُهُ فَكُنْتُ اَنَا الَّذِي اَسْمَعُهُ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ حَدِيثٌ بَلَغَنِي عَنْكَ اَرَدْتُ اَنْ اَكُونَ اَنَا اَسْمَعُهُ مِنْكَ .قَالَ فَقَالَ لَمَّا بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى

۲۴۰۵- اخرجه البيهقي في (دلائل النبوة) (۳۴۳/۵) من وجه آخر عن ابن سيرين به-

...یہ وَسَلَّمَ) فَرِرْتُ حَتّٰی کُنْتُ بِاَقْصٰی اَرْضِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ ثُمَّ قُلْتُ لَاٰتِیَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ فَاِنْ کَانَ صَادِقًا لَاَسْمَعَنَّ ...نْهُ فَلَمَّا جِئْتُ اسْتَشْرَفَ لِیَ النَّاسُ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ ثُمَّ قَالَ لِی اَتَیْتَ الْحِیرَةَ . قُلْتُ لَا وَقَدْ عَلِمْتُ مَکَانَهَا ...الَ فَتُوشِكُ الظَّعِینَةُ اَنْ تَخْرُجَ مِنْهَا بِغَیْرِ جِوَارٍ حَتّٰی تَطُوْفَ بِالْکَعْبَةِ . قَالَ فَرَاَیْتُ الظَّعِینَةَ تَخْرُجُ مِنَ الْحِیرَةِ ...تّٰی تَطُوْفَ بِالْکَعْبَةِ . مُخْتَصَرٌ.

★★ محمد بن حذیفہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث ایک دوسرے کو سنایا کرتے تھے وہ کوفہ کی ایک کنارے والی آبادی میں رہا کرتے تھے میں نے یہ سوچا کہ اگر میں ان کے پاس جاؤں اور اگر میں خود ان سے یہ حدیث سن لوں تو یہ مناسب ہوگا' تو میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے کہا: آپ کے حوالے سے ایک حدیث مجھ تک پہنچی ہے' میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ آپ سے سن لوں ۔تو راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عدی نے فرمایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا' تو میں فرار ہو کر اسلامی سلطنت کے دور دراز کے حصے میں چلا گیا' پھر میں نے یہ سوچا کہ مجھے ان صاحب کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیے' اگر وہ سچے ہوں گے تو میں اُن کی بات مان لوں گا' جب میں (آپ کی خدمت میں) آیا تو لوگ میرے لیے کھڑے ہوئے۔

راوی بیان کرتے ہیں (اس کے بعد انہوں نے مجھے پوری حدیث سنائی' جس میں یہ بیان ہے:)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم حیرہ گئے ہو؟ میں نے عرض کی: نہیں! لیکن مجھے اس کی جگہ کا پتہ ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب وہ وقت آئے گا جب کوئی عورت وہاں سے کسی کی پناہ میں آئے بغیر نکلے گی' یہاں تک (مکہ پہنچ کر) خانہ کعبہ کا طواف کرے گی۔

حضرت عدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں نے ایک عورت کو دیکھا جو حیرہ سے روانہ ہوئی اور اس نے (مکہ پہنچ کر) خانہ کعبہ کا طواف کیا۔

یہ روایت مختصر ہے۔

2407- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ' وَ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ ابْنُ اِسْحَاقَ' حَدَّثَنَا ...لَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ' حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ' عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ: قَالَ اَبُوْعُبَیْدَةَ بْنُ حُذَیْفَةَ: قَالَ رَجُلٌ: ...نْتُ اَسْاَلُ النَّاسَ عَنْ حَدِیْثِ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ وَهُوَ اِلٰی جَنْبِی لَا اَسْاَلُهُ فَاَتَیْتُهُ' فَقَالَ: بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ ...لَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَرِهْتُهُ' ثُمَّ قُلْتُ: لَوْ اَتَیْتُهُ فَسَمِعْتُهُ مِنْهُ' فَاَتَیْتُهُ' فَقَالَ لِی: "یَا عَدِیَّ بْنَ حَاتِمٍ' اَسْلِمْ تَسْلَمْ ......" ...کَرَ الْحَدِیْثَ' وَقَالَ لِی: "فَاِنَّ الظَّعِینَةَ سَتَرْحَلُ مِنَ الْحِیرَةِ حَتّٰی تَطُوْفَ بِالْبَیْتِ بِغَیْرِ جِوَارٍ" . مختصر .

★★ ابوعبیدہ بن حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نے یہ بات بیان کی ہے: میں لوگوں سے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بارے میں دریافت کر رہا تھا اور وہ میرے پہلو میں موجود تھے' لیکن میں نے ان سے

۲۴۰۷- اخرجه البیهقی فی (دلائل النبوة) (۳۴۲/۵) من روایة احمد بن عبید الصفار: حدثنا اسماعیل بن اسحاق به۔

اس بارے میں دریافت نہیں کیا' پھر میں ان کے پاس آیا تو انہوں نے بتایا: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اے حاتم! تم اسلام بول کرلو' تم سلامت رہو گے۔ اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی' جس میں یہ الفاظ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: ایک عورت عنقریب حیرہ سے سفر پر روانہ ہوگی' یہاں تک کہ کسی کی پناہ (مکہ پہنچ کر) بیت اللہ کا طواف کرے گی۔

یہ روایت مختصر ہے۔

2408- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الرِّجَالِ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَجَّاجًا يَقُوْلُ قَالَ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَوْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ الْمَدِيْنَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَيْنَ نَزَلْتَ . قَالَ عَلٰى فُلَانَةٍ . قَالَ اَغْلَقَتْ عَلَيْكَ بَابَهَا لَا تَ امْرَاَةٌ اِلَّا وَمَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص مدینہ منورہ آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے در کیا: تم نے کہاں پڑاؤ کیا ہے؟ اس نے بتایا: فلاں خاتون کے ہاں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے تمہاری والا دروازہ بند کرلیا ہے' کوئی بھی عورت صرف اس وقت حج کرلے جب اس کے ساتھ کوئی محرم عزیز موجود ہو۔

•••——•••——•••

کیا کوئی عورت کسی محرم کے بغیر یا شوہر کے بغیر حج کرنے کے لیے جاسکتی ہے؟

کیا کوئی عورت کسی محرم کے بغیر یا شوہر کے بغیر حج کرنے کے لیے جاسکتی ہے؟ اس بارے میں اہل علم کے اختلاف وضاحت کرتے ہوئے شیخ ابن رشد کہتے ہیں:

اس بارے میں ایک اختلافی مسئلہ یہ بھی ہے' کیا عورت پر حج واجب ہونے کے لیے یہ بات شرط ہے' اس کے ساتھ کے لیے اس کا شوہر یا کوئی محرم عزیز موجود ہو' جو حج کے سفر میں اس کے ساتھ جاسکے۔

امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ اس بات کے قائل ہیں: عورت پر حج کے وجوب کے لیے یہ بات شرط نہیں ہے' اگر محفوظ رفاقت میسر آجاتی ہے تو عورت دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی حج کے لیے جاسکتی ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور فقہاء کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے' سفر کے دوران کسی محرم شوہر) کی موجودگی حج کے لازم ہونے کے لیے شرط ہے۔

اس اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے: حج کے حکم اور عام سفر کے حکم کے درمیان تعارض ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے: خواتین حکم دیا گیا ہے' وہ محرم کے بغیر تین دن سے زیادہ کا سفر نہیں کرسکتیں۔

۲۴۰۸- اخرجه البزار في (مسنده) كما في نصب الراية (۳/ ۱۰): حدثنا عمرو بن علي' ثنا ابو عاصم عن ابن جريج' اخبرني عمرو دينار: انه سمع معبدا مولى ابن عباس يحدث عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (لا تحج امراة الا ومعها محرم) ا-اه-

یہ بات حضرت ابوسعید خدری‘ حضرت ابوہریرہ‘ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے حوالے سے منقول روایت سے ثابت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

”اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی کسی بھی عورت کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے‘ وہ سفر پر جائے‘ سوائے اس کے کہ اس کا محرم ساتھ ہو (یعنی وہ محرم کے بغیر سفر کرے‘ یہ جائز نہیں ہے)“۔

جن فقہاء نے اس حکم کے عموم کو سامنے رکھا ہے‘ انہوں نے یہ کہا ہے: عورت حج کا سفر کر سکتی ہے اگرچہ اس کے ساتھ محرم نہ ہو اور جن فقہاء نے آیت کے عموم کے ساتھ اس حدیث کو بھی ساتھ شامل کیا ہے‘ انہوں نے یہ بات بیان کی ہے‘ محرم کے بغیر عورت حج کا سفر نہیں کر سکتی ہے۔[1]

اسی حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

عورت کے بارے میں یہ بات معتبر ہے‘ اس کا کوئی محرم ساتھ ہونا چاہیے یا شوہر ہونا چاہیے جس کے ساتھ وہ حج کے لیے جائے‘ ان دونوں کے بغیر حج کے لیے جانا عورت کے لیے جائز نہیں ہے جبکہ عورت اور مکہ کے درمیان تین دن (اور تین رات) کی مسافت کا سفر ہو۔[2]

اس حکم کی وضاحت کرتے ہوئے قدوری کے شارح امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

اس بارے میں حکم برابر ہے خواہ عورت بوڑھی ہو یا جوان ہو (اس کے محرم کی موجودگی شرط ہے) جس کے ساتھ نکاح کرنا اس کے لیے اَبدی طور پر ناجائز ہو‘ خواہ وہ حرمت نسبی رشتے کی وجہ سے ہو یا سسرالی رشتے کی وجہ سے ہو یا رضاعت کے حوالے سے ہو‘ خواہ وہ رشتے دار آزاد ہو یا غلام ہو یا ذمی ہو‘ البتہ مجوسی محرم شمار نہیں ہوگا۔ اسی طرح بچہ اور پاگل شخص بھی محرم کے حکم میں شامل نہیں ہوں گے۔ جو بچہ قریب البلوغ ہو وہ بالغ شخص کے حکم میں ہوگا‘ عورت کا غلام اس کا محرم شمار نہیں ہوگا کیونکہ غلام کے ساتھ نکاح کرنا عورت کے لیے اَبدی طور پر حرام نہیں ہے‘ اگر وہ عورت اس غلام کو آزاد کر دیتی ہے تو اس کے ساتھ نکاح کرنا اس کے لیے جائز ہو جائے گا۔

جو بچی قریب البلوغ ہو اس کا حکم بھی بالغ عورت کی طرح ہوگا۔

کنیز‘ مدبر کنیز‘ اُم ولد اور مکاتب کنیز کے لیے محرم کے بغیر سفر کرنا جائز ہے۔

محرم ہونے کی شرط اس وقت ہوگی جب عورت اور مکہ کے درمیان تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر ہو‘ لیکن اگر اس سے کم مسافت ہے تو اب عورت کے لیے لازم ہے‘ وہ محرم کے بغیر ہی حج کے لیے چلی جائے۔

یہاں یہ بات شرط ہے‘ عورت عدت نہ گزار رہی ہو۔ اگر وہ عدت گزار رہی ہو‘ تو عدت پوری ہونے سے پہلے حج کے لیے نہیں جا سکتی۔

---

[1] بدایۃ المجتہد از شیخ ابوالولید محمد بن احمد بن رشد القرطبی الاندلسی‘

[2] مختصر القدوری‘ از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری‘ مطبوعہ موسسۃ الریان‘ بیروت‘ لبنان‘ ص 139

اگر کسی عورت کا کوئی محرم نہ ہو اور اس کا شوہر بھی موجود نہ ہو' تو اس پر لازم نہیں ہے' وہ کسی ایسے شخص سے شادی کرے اسے اپنے ساتھ حج پر لے جا سکے' یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے اس پر یہ بھی لازم نہیں ہے' وہ سواری کے لیے کوئی چیز کمائے۔

اگر عورت کا کوئی محرم یا عزیز موجود ہو' تو وہ فرض حج کی ادائیگی کے لیے روانہ ہو جائے گی۔ خواہ اس کے شوہر نے اس کی اجازت نہ دی ہو' کیونکہ فرائض کے بارے میں شوہر کا حق لازم نہیں ہوتا' تاہم نفلی یا نذر والے حج میں عورت کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں ہے' مرد اس کو روک سکتا ہے۔

محرم عزیز کا خرچ عورت پر لازم ہوگا' صحیح قول یہی ہے' کیونکہ وہ عورت اس شخص کے بغیر حج تک نہیں پہنچ سکتی۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے سواری خریدنا بھی عورت پر لازم ہوگا کیونکہ وہ اس سواری کے بغیر حج کے لیے نہیں جا سکتی۔

عورت پر یہ لازم نہیں ہے۔ ان دونوں اقوال کے درمیان موافقت اس طرح کی جا سکتی ہے' جب عورت کا محرم یہ کہے میں اس وقت تک ساتھ نہیں جاؤں گا جب تک تم خرچ نہیں دو گی تو عورت پر اس کا خرچ دینا لازم ہوگا۔ لیکن اگر محرم' عزیز اپنے خرچ پر جانے کے لیے تیار ہوتا ہے تو عورت پر اس کا خرچ دینا لازم نہیں ہوگا۔[1]

2409- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقِرْمِيسِينِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الصَّائِغُ قَالَ قَالَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِىْ امْرَاَةٍ لَهَا زَوْجٌ وَّلَهَا مَالٌ وَلَايَاْذَنُ لَهَا فِى الْحَجِّ لَيْسَ لَهَا اَنْ تَنْطَلِقَ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی خاتون کو حج کی اجازت نہیں دی تھی' جس کا شوہر موجود تھا' حالانکہ اس کے پاس مال موجود تھا' ایسی عورت کو اس بات کا اختیار نہیں ہے' وہ (شوہر کی اجازت کے بغیر) حج کے لیے جائے۔

2410- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ لَا تُسَافِرِ امْرَاَةٌ سَفَرًا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اَوْ تَحُجَّ اِلَّا وَمَعَهَا زَوْجُهَا.

---

[1] الجوہرۃ النیرۃ' از ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الزبیدی' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت' ج1 ص362

۲۴۰۹- اعله ابن القطان بجهالة حال العباس بن محمد بن مجاشع' كما في (التعليق المغني) (۲/ ۲۲۳)- وقد اخرجه البيهقي في (۵/ ۲۲۳) (۱۰۸۲۹) من وجه آخر عن محمد بن ابي يعقوب به' وقال: (تفرد به حسان بن ابراهيم' و يحتمل ان يكون -ان صح- قبل على الاختيار لها)- اه- قلت: و اخرجه ابن حبان (۲۷۲۰) عن عمر بن محمد الهمداني' حدثنا محمد بن عبد الله بن بزيع' حدثنا بن ابراهيم...... به' لكن بلفظ: (لا يحل لامراة ان تسافر ثلاثة الا و معها ذو محرم تحرم عليه)- اه- و بنحو هذا اللفظ اخرجه البخاري في تقصير الصلاة (۱۰۸۷) باب: في كم يقصر الصلاة؟ و مسلم في الحج (۱۳۳۸) باب: سفر المراة مع محرم وغيره' و ابو داود في الحج (۱۷۲۷) باب: في المراة تحج بغير محرم' و ابن خزيمة (۲۵۲۱)' و ابن حبان (۲۷۲۲' ۲۷۲۹' ۲۷۲۰)' و البيهقي في الكبرى (۳/ ۱۳۸)' من طريق عن نافع عن ابن عمر مرفوعاً نحوه-

۲۴۱۰- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۳/ ۱۱): (واخرجه الطبراني في (معجمه): حدثنا عمر بن حفص السدوسي' ثنا ابو بلال' ثنا المفضل بن صدقة ابو حماد الحنفي عن ابان بن ابي عياش عن ابي معشر التميمي - مولى زياد- عن ابي امامة الباهلي' قال: رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (لا يحل لامراة مسلمة ان تحج الا مع زوج او ذي محرم)- اه- قلت: و ابان بن ابي عياش متروك الحديث؛ كما سبق- و جابر المذكور عند الدارقطني: ان كان الجعفي' فضعيف ايضاً-

★★ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''کوئی بھی عورت تین دن کا سفر نہ کرے یا حج کے لیے نہ جائے جب تک اس کے ساتھ اس کا شوہر موجود نہ ہو''۔

2411 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنِ السَّفَّاحِ بْنِ مَطَرٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَسِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَوْمُ عَرَفَةَ الْيَوْمُ الَّذِىْ يُعَرِّفُ النَّاسُ فِيْهِ .

★★ عبدالعزیز بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''عرفہ کا دن وہ دن ہے جس میں لوگ پہچانتے ہیں''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عوام بن حوشب بن یزید شیبانی، ابوعیسیٰ واسطی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ ثبت فاضل، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۲۴۶)۔

○ سفاح بن مطر شیبانی، مقبول یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۴۴۶)۔

2412 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ سَبْرَةَ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ عَرَفَةُ يَوْمَ يُعَرِّفُ النَّاسُ .

★★ یعقوب بن زید نے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:
''عرفہ وہ دن ہے جس میں لوگ پہچانتے ہیں''۔

2413 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَارُوْنَ وَعَلِىُّ بْنُ سَهْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عِيْسَى الطَّبَّاعُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِطْرُكُمْ يَوْمَ تُفْطِرُوْنَ وَاَضْحَاكُمْ يَوْمَ تُضَحُّوْنَ .

2411- اخرجه البيهقي في الكبرى (٥/١٧٥، ١٧٦)، و قال في (المعرفة) (٧/٣٧٦) (١٠٢٩٨): (وقد روينا عن عبد العزيز بن عبد الله بن خالد بن اسيد عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً: (يوم عرفة الذي يعرف فيه الناس)- اه- والسفاح بن مطر: ذكره ابن حبان في (الثقات)- ينظر: ثقات ابن حبان (٦/٤٣٥) تهذيب التهذيب (٤/١٠٦)- و عبد العزيز بن عبد الله بن خالد بن اسيد: و ثقه النسائي، و ذكره ابن حبان في (الثقات)، و قال الزبير بن بكار: استعمله عبد الملك بن مروان على مكة، و مات بالرصافة لهشام، و قال يحيى بن بكير: مات بالشام سنة (٩٨)، و هو امير مكة- و ذكره ابن شاهين في الصحابة من اجل حديث ارسله- ينظر: تهذيب التهذيب لابن حجر (٦/٣٤٢)-

2413- اخرجه ابو داود في الصوم (٢/٣٠٧) باب: اذا اخطا القوم الهلال (٢٣٢٤) عن محمد بن عبيد، ثنا حماد ... به- قال ابن حجر في (التلخيص) (٢/٢٧٥): (و ابن المنكدر لم يسمع من ابي هريرة) قال: (وقد نقل الترمذي عن البخاري انه سمع منها- يعني: عائشة- واذا امكن سماعه منها امكن سماعه من ابي هريرة: فانه مات بعدها)-

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
تمہارا عید الفطر کا دن وہ ہے جب تم عید الفطر کرتے ہو اور عید الاضحیٰ کا دن وہ ہے جب تم عید الاضحیٰ کرتے ہو۔

2414- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِطْرُكُمْ يَوْمَ تُفْطِرُوْنَ وَاَضْحَاكُمْ يَوْمَ تُضَحُّوْنَ . لَفْظُ ابْنِ صَاعِدٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''تمہارا عید الفطر کا دن وہ ہے جب تم عید الفطر کرتے ہو اور عید الاضحیٰ کا دن وہ ہے جب تم عید الاضحیٰ کرتے ہو''۔
یہ الفاظ ابن صاعد نامی راوی کے ہیں۔

2415- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَائِشَةَ- قَالَ اَبُوْ هِشَامٍ اَظُنُّهُ رَفَعَهُ- قَالَ الْفِطْرُ يَوْمَ يُفْطِرُ النَّاسُ وَالاَضْحٰى يَوْمَ يُضَحِّى النَّاسُ .

☆☆ محمد بن منکدر نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کیا ہے' ابوہشام نامی راوی یہ بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے یہ مرفوع حدیث ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:)
''عید الفطر اس دن ہوتی ہے جب لوگ عید الفطر کرتے ہیں اور عید الاضحیٰ اس دن ہوتی ہے جس دن لوگ عید الاضحیٰ کرتے ہیں''۔

2416- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْفَضْلِ اَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ مِنْ تَلْبِيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَبَّيْكَ اِلٰهَ الْحَقِّ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ میں یہ الفاظ شامل تھے:
''میں حاضر ہوں' اے حقیقی معبود!''

۲۴۱۴- راجع ما قبله' و سنن البيهقي الكبرى (۳/ ۳۱۷)' (۴/ ۲۵۲)' (۵/ ۱۷۵' ۱۷۶)' و تلخيص الحبير لابن حجر (۲/ ۲۷۵)- وقد اخرجه ابن ماجه في الصوم (۱/ ۵۳۱) باب: ما جاء في شهري العيد (۱۶۶۰) عن محمد بن عمر المقرئ' ثنا اسحاق بن عيسى' ثنا حماد بن زيد عن ايوب عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة مرفوعاً' به-

۲۴۱۵- اخرجه الترمذي في الصوم (۳/ ۱۶۵) باب: ما جاء في الفطر و الاضحى متى يكون (۸۰۲) عن يحيى بن موسى' حدثنا يحيى بن اليمان ...... به- و قال الترمذي: (سالت محمداً قلت له: محمد بن المنكدر سمع من عائشة؟ قال : نعم؛ يقول في حديثه: سمعت عائشة- قال ابو عيسى: هذا حديث حسن غريب صحيح من هذا الوجه)- اهـ-

۲۴۱۶- اخرجه النسائي في المناسك (۵/ ۱۶۱) باب: كيف التلبية' و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۷۴) باب: التلبية (۲۹۲۰)' و احمد في مسنده (۱/ ۳۴۱' ۴۷۶)' و ابن خزيمة (۲۶۲۳' ۲۶۲۴)' و ابن حبان (۳۸۰۰)' و الطحاوي في المعاني (۲/ ۱۲۵)' و الحاكم (۱/ ۴۴۹- ۴۵۰) و صححه' و البيهقي في الكبرى (۵/ ۴۵)' جميعاً عن عبد العزيز بن ابي سلمة ...... به- وقال النسائي: (لا اعلم احداً اسند هذا عن عبد الله بن الفضل الا عبد العزيز- اخرجه اسماعيل بن امية عنه مرسلاً)- اهـ-

2417- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الزَّيَّاتُ قَالاَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَلَقَّفْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ يَقُولُ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے الفاظ کو احتیاط سے) جلدی سے لیا' آپ یہ پڑھ رہے تھے:

''اے اللہ! میں حاضر ہوں! اے اللہ! میں حاضر ہوں! میں حاضر ہوں! تیرا کوئی شریک نہیں ہے' میں حاضر ہوں! بے شک ہر طرح کی حمد اور تعریف تیرے لیے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

•••——•••——•••

تلبیہ کے حکم کی وضاحت

تلبیہ کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

اس بات پر تمام اہلِ اسلام کا اتفاق ہے' تلبیہ پڑھنا مشروع ہے' البتہ اس کے حکم کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تلبیہ پڑھنا سنت ہے' حج کے صحیح ہونے کے لیے یہ شرط نہیں ہے یہ واجب بھی نہیں ہے' اگر کوئی شخص تلبیہ نہیں پڑھتا تو اس کا حج درست ہوگا اور اس پر قربانی کرنا لازم نہیں ہوگا۔ صرف یہ ہوگا کہ اس نے ایک فضیلت والے کام کو ترک کر دیا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بعض اصحاب نے تلبیہ پڑھنے کو حج کی شرط قرار دیا ہے' لیکن امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول درست ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: تلبیہ پڑھنا واجب نہیں ہے لیکن اگر کوئی شخص اسے ترک کر دیتا ہے تو اس پر دَم دینا لازم ہوگا اور اس کا حج درست ہوگا۔

امام مالک اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما دونوں نے یہ بات بیان کی ہے' حج صرف دل کے ارادے سے ہی منعقد ہو جاتا ہے۔ تلبیہ کے الفاظ کا کہنا ضروری نہیں ہے' یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے روزہ صرف نیت کرنے سے ہی منعقد ہو جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے' تلبیہ پڑھے بغیر اور قربانی کا جانور ساتھ لیے بغیر حج منعقد نہیں ہوتا۔

البتہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: تلبیہ میں کوئی مخصوص الفاظ پڑھنا شرط نہیں ہے بلکہ جو بھی کلمات تسبیح و تہلیل سے متعلق ہوں انہیں پڑھا جا سکتا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے ان کے نزدیک نماز میں تکبیرِ تحریمہ میں ''اللہ اکبر'' کہنا شرط

2417- اخرجه ابن ماجه في المناسك (٢/ ٩٧٤) باب: التلبية (٢٩١٨) عن علي بن محمد' ثنا ابو معاوية و ابو اسامة و عبد الله بن نمير عن عبيد الله بن عمر ۔۔۔ به-وزاد في آخره: وكان ابن عمر يزيد فيها: (لبيك لبيك' لبيك و سعديك' و الخير في يديك' و الرغباء اليك و العمل)- اه-

حاشیہ النووی علی الصحیح لمسلم

نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی کبریائی پر دلالت کرنے والے دوسرے کوئی بھی الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں' وہ الفاظ اللہ اکبر کے قائم مقام ہوں گے۔

2418- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَاِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يُوسُفُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَذَكَرَ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيهِ وَيُرَدِّدُهُنَّ .

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے' جس میں ان کے یہ الفاظ ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تلبیہ یہ تھا' اس کے بعد انہوں نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے' جس میں یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ کو دُہرا رہے تھے۔

2419- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى الْحَكَمِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَزَّازُ اَبُو جَعْفَرٍ الْخَتْلِيُّ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا اَرَادَ اَنْ يُحْرِمَ غَسَلَ رَاْسَهُ بِخِطْمِيٍّ وَاُشْنَانَ وَدَهَنَهُ بِزَيْتٍ غَيْرِ كَثِيرٍ .

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب احرام باندھنے کا ارادہ کرتے تھے تو آپ اپنے سرمبارک کو خطمی اور اشنان کے ذریعے دھوتے تھے اور اسے زیتون کا تیل لگایا کرتے تھے' ایسا کئی مرتبہ ہوا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن ابی حکم بن سعید، ابوجعفر بزاز حنبلی، حدث عن عبداللہ بن موسیٰ، ومنصور ابن ابی نویرۃ، ومحمد بن جنید، وغیرہم روی عنہ اسحاق بن سلمۃ کوفی، ومحمد بن مخلد، ذکرہ خطیب فی تاریخ ولم یذکر فیہ جرحاً ولا تعدیلاً۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تاریخ بغداد (۲/۲۹۵)۔ وفی (ط): ابوجعفر حبلی۔

۲۴۱۸- اخرجه الدارمي في المناسك (۲/ ۳٤) باب في التلبية' عن يزيد بن هارون عن يحيى بن سعيد' به- دون قوله: (ويرددهن)- اخرجه مالك في الحج (۱/ ۳۳۱) باب: العمل في الاهلال (۲۲) عن نافع' بنحوه- و من طريق مالك اخرجه البخاري في الحج (۲/ ٤۰۸) باب: التلبية (۱٥٤۹)' و مسلم في الحج (۲/ ۸٤۱) باب: التلبية و صفتها ووقتها (۱۱۸٤)' و ابو داود في الحج (۲/ ۱٦۲) باب: كيف التلبية (۱۸۱۲)' و النسائي في المناسك (٥/ ۱٦۰) باب: كيف التلبية' و البيهقي في (المعرفة) (۷/ ۱۲٤) في الحج' باب: كيف التلبية (۹٥۷۰)- و اخرجه سلم ابن عبد الله بن عمر عن ابيه' به- اخرجه البخاري في الحج (۲/ ٤۰۰) باب: الاهلال عند مسجد ذي الحليفة (۱٥٤۱)' و مسلم في الحج في الموضع السابق' و ابو داود في الحج (۲/ ۱٥۰) باب: في وقت الاحرام (۱۷۷۱)' و الترمذي في الحج (۲/ ۱۷۲) باب: ما جاء في اي موضع احرام النبي صلى الله عليه وسلم (۸۱۸)' و النسائي في المناسك (٥/ ۱٦۲) باب: العمل في الاهلال- و اخرجه عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر' به- اخرجه مسلم' و راجع ما قبله- و اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر' و عن الزهري عن سالم عن ابن عمر' به- اخرجه احمد (۲/ ۳٤، ۱۲۰)- و اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن ايوب عن نافع عن ابن عمر' و مالك عن نافع عن ابن عمر' به- اخرجه احمد (۲/ ۳٤)- و اخرجه زيد و ابو بكر ابنا محمد عن نافع عن ابنعمر' به- اخرجه احمد (۲/ ٤۳)- اخرجه حميد بن بكر عن ابن عمر' به- اخرجه احمد (۲/ ۷۹)-

2420- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ح وَاَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْحَسَّانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَشْهُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حج کے مہینے یہ ہیں: شوال ذی القعدہ اور ذوالحج کے ابتدائی دس دن۔

2421- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَشْهُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حج کے مہینے شوال ذی القعدہ اور ذوالحج کے دس دن ہیں۔

2422- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِیُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ اَبِیْ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ اَشْهُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حج کے مہینے شوال ذی القعدہ اور ذی الحج کے ابتدائی دس دن ہیں۔

2423- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا بَيْهَسُ بْنُ فَهْدَانَ عَنْ اَبِیْ شَيْخٍ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ اَشْهُرِ الْحَجِّ فَقَالَ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ.

☆☆ ابوشیخ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے حج کے مہینوں کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے جواب دیا: یہ شوال ذی القعدہ اور ذوالحج کے دس دن ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ بیہس بن فہدان اسدی ہنائی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۸۰۰)۔

۲۴۱۹- اخرجه الطبراني في (الاوسط) (۱۱۵۰) عن احمد' نا عمرو' نا عبيد الله بن عمرو...... به- و عمرو: هو ابن قسط- واحمد شيخ الطبراني: هو احمد بن اسحاق الخشاب' كما في (الاوسط) (۲/ ۳۷-ط/ الحرمين)- و ابن عقيل فيه كلام: كما سبق ذكره-

۲۴۲۰- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۳۴۲) عن شريك' به- و شريك ضعيف: كما تقدم مرارًا-

۲۴۲۱- السنن الكبرى للبيهقي (۴/ ۳۴۲)-

۲۴۲۲- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۳۴۲) من طريق الدارقطني' به-

۲۴۲۳- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/ ۳۴۲) و المعرفة (۷/ ۴۲) من غير وجه عن ابن عمر' به- وعلقه البخاري في الحج (۲/ ۴۹۰) باب قول الله تعالى: (الحج اشهر معلومت......) الآية-قال ابن حجر في (الفتح) (۳/ ۴۹۱): (وصله الطبري و الدارقطني من طريق ورقاء عن عبد الله ابن دينار عنه- يعني: عن ابن عمر-...... وروى البيهقي من طريق عبد الله بن نمير عن عبيد الله ابن عمر عن نافع عن ابن عمر' مثله- و الاسنادان صحيحان' و اما ما اخرجه مالك في (الموطا) عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر قال: (من اعتمر في اشهر الحج- شوال او ذي القعدة او ذي الحجة- قبل الحج' فقد استمتع): فلعله تجوز في اطلاق ذي الحجة: جمعاً بين الروايتين- و الله اعلم) - اه-

○ ابوشیخ ھنائی بصری اسمہ: حیوان- ابن خالد، وھو علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۸۲۲)۔

2424- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ وَرْقَاءَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ (اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ) قَالَ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''حج کے مہینے طے شدہ ہیں''۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ شوال' ذی القعدہ اور ذوالحج کے دس دن ہیں۔

2425- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِي حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيْسَى التَّمِيْمِيُّ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ مَاهَانَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے۔

2426- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُمَيْدٍ الْعَكِّيُّ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُصَيْرٍ حَمْزَةُ بْنُ نُصَيْرٍ عَنْ مُقَاتِلٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے۔

2427- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الصَّابُوْنِيِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عِصْمَةَ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ الصَّلْتِ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَطَبَ وَسْطَ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ يَعْنِيْ يَوْمَ النَّفْرِ الْاَوَّلِ.

☆☆ عبدالعزیز بن ربیع اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایام تشریق کے وسط میں خطبہ ارشاد فرمایا تھا: (راوی بیان کرتے ہیں:) اس سے مراد یہ ہے: پہلی مرتبہ روانگی کے دن۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابوعبیداللہ محمد بن احمد بن عصمۃ رملی قاضی اطروش۔ واطروش: ھذہ لفظۃ لمن باذنہ ادنی صمم وذکرہ مزی، فیمن روی عن

۲۴۲۴- اخرجه مالك في الموطا (۱/۳۴۴) باب: ما جاء في التمتع' و البيهقي في الكبرى (۵/۲۴)-

۲۴۲۵- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/۳۴۳) و المعرفة (۷/۴۴) (۹۲۴۰-۹۲۴۱) باب: وقت الحج و العمرة' من وجوه عن الحكم عن مقسم ...... به-وقال الهيثمي في (المجمع) (۳/۲۱۸): (اخرجه الطبراني في الكبير' و فيه الحجاج بن ارطاة' و فيه كلام' وقد وثق)- اه- قلت: اخرجه البيهقي عن شعبة بن الحجاج و حمزة الزيات- ايضا- عن الحكم...... به-و علقه البخاري في الحج (۳/۴۹۰) باب رقم (۳۳)- قال ابن حجر في (الفتح) (۳/۴۹۱): (وصله ابن خزيمة و الحاكم و الدارقطني من طريق الحكم عن مقسم عنه ...... واخرجه ابن جرير من وجه آخر عن ابن عباس' قال: لا يصلح ان يحرم احد بالحج الا في اشهر الحج)- اه-

۲۴۲۶- السنن الكبرى للبيهقي (۴/۳۴۳)-

۲۴۲۷- في اسناده عبد الله بن يزيد بن الصلت الشيباني؛ قال ابو زرعة منكر الحديث- و قال ابو حاتم: متروك الحديث' و ضعفه النسائي- و الازدي: روى حديثاً في اكل البطيخ بالرطب- قال النسائي: ليس بمحفوظ- ترجمته في (تهذيب التهذيب) (۶/۷۹-۸۰)-و عبد العزيز بن الربيع بن سبرة' ذكره ابن حبان في (الثقات)' وقال: يخطيء- ينظر: التهذيب (۶/۲۲۵-۲۲۶)-

سوار بن عمارۃ۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: انساب (۱/۱۸۴) تہذیب الکمال (۱۲/۲۴۱)۔

2428- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ وَرْقَاءَ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ) قَالَ اَهَلَّ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:) ''تو جو شخص ان میں حج کو فرض کر لے''۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے: وہ احرام کی نیت کر لے۔

2429- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ سَعِيْدٍ اَبِيْ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ فَرْضُ الْحَجِّ الْاِحْرَامُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حج کو فرض کرنے سے مراد احرام باندھنا ہے۔

•••———•••———•••

حج کے دوران فرائض' سنتیں اور واجب کون کون سے ہیں؟

حج میں کون سی چیزیں فرض ہیں' کون سی سنت ہیں اور کون سی واجب ہیں' ان سب کے بارے میں مذاہبِ اربعہ کی آراء کو شام کے مشہور محقق ڈاکٹر وہبہ زحیلی نے ایک چارٹ کی شکل میں تحریر کیا ہے' جس کا خلاصہ ہم یہاں اپنے الفاظ میں بیان کریں گے:

حج کی نیت کرنا احناف کے نزدیک شرط ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے فقہاء کے نزدیک رکن ہے۔

میقات سے احرام باندھنا چاروں مذاہب کے نزدیک واجب ہے۔

احرام باندھنے کے ساتھ تلبیہ پڑھنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔

احرام کے لیے غسل کرنا چاروں مذاہب کے نزدیک سنت ہے۔

احرام باندھنے کے وقت خوشبو لگانا چاروں مذاہب کے نزدیک سنت ہے۔

تلبیہ پڑھنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔

حج افراد اور حج قران کرنے والے شخص کے لیے طواف کرنا احناف کے نزدیک سنت ہے جبکہ مالکیوں کے نزدیک صحیح قول کے مطابق واجب ہے۔شوافع اور حنابلہ بھی اسے سنت قرار دیتے ہیں۔

طواف کی نیت کرنا احناف کے نزدیک شرط ہے' مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔

۲۴۲۹- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/۳۴۲)-

حجرِ اسود سے طواف کا آغاز کرنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک شرط ہے۔
طواف کرتے ہوئے بیت اللہ کو آدمی کے بائیں طرف ہونا چاہیے۔ احناف کے نزدیک یہ بات واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک یہ شرط ہے۔
جو شخص چلنے پر قادر ہو اس کے لیے طواف کے دوران چلنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے' شوافع کے نزدیک سنت ہے اور حنابلہ کے نزدیک شرط ہے۔
طواف کے دوران حدث سے پاک ہونا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
جسم' لباس اور جگہ کا پاک ہونا احناف کے نزدیک سنت ہے جبکہ دیگر فقہاء کے نزدیک شرط ہے۔
حطیم سے پرے (یعنی باہر کی طرف) طواف کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
مسجدِ حرام کے اندر طواف کرنا چاروں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
طواف میں سات چکر لگانا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
طواف میں یکے بعد دیگرے چکر لگانا احناف کے نزدیک سنت ہے' مالکیوں کے نزدیک واجب ہے' حنابلہ کے نزدیک بھی واجب ہے جبکہ شوافع کے نزدیک سنت ہے۔
طواف کے دوران سترِ عورت احناف کے نزدیک واجب جبکہ باقی تینوں کے نزدیک شرط ہے۔
طواف کرنے کے بعد دو رکعات ادا کرنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے' جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ تینوں مذاہب کے نزدیک رکن ہے۔
طواف کرنے کے بعد سعی کرنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر دو مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
سعی کے لیے نیت کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
صفا سے سعی کا آغاز کرنا اور مروہ پر اسے ختم کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے' جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
جو شخص چلنے کی قدرت رکھتا ہو اس کے لیے چل کر سعی کرنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے' شوافع کے نزدیک سنت ہے' حنابلہ کے نزدیک شرط ہے۔
سعی میں سات چکر لگانا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں مذاہب کے نزدیک شرط ہے۔
سعی کے تمام چکر یکے بعد دیگرے لگانا احناف کے نزدیک سنت ہے' شوافع کے نزدیک بھی سنت ہے' جبکہ مالکیہ اور حنابلہ نے اسے شرط قرار دیا ہے۔
عرفہ کی رات منیٰ میں بسر کرنا چاروں مذاہب کے نزدیک سنت ہے' عرفہ میں وقوف کرنا چاروں مذاہب کے نزدیک ر

(یعنی فرض) ہے۔

عرفہ کے اندر وقوف کرنے کے وقت کے بارے میں تمام فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے' وہ عرفہ کے دن زوال سے لے کر قربانی کے دن صبح صادق تک ہے۔ جو شخص دن کے وقت عرفہ پہنچ جاتا ہے' مغرب کے بعد تک وہاں ٹھہرے رہنا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے۔ شوافع نے اسے سنت قرار دیا ہے اور حنابلہ کے نزدیک بھی یہ واجب ہے۔

حاکمِ وقت یا اسکے نائب کے ساتھ عرفہ سے روانہ ہونا احناف اور مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔

مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز' مغرب کے وقت میں ایک ساتھ ادا کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر تینوں فقہاء کے نزدیک سنت ہے۔

مزدلفہ میں وقوف کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے اگرچہ صبح صادق ہونے کے بعد ایک لمحے کے لیے کیا جائے۔

مالکیوں کے نزدیک بھی یہ واجب ہے اور اس کی مقدار اتنی ہونی چاہیے' جتنی دیر میں سواری تیار کی جائے' دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جائیں اور کچھ کھایا پیا جا سکے۔ جبکہ شوافع کے نزدیک بھی یہ واجب ہے اور اس کی مقدار اتنی ہوگی جتنا رات کا دوسرا نصف حصہ ہوتا ہے۔ جبکہ حنابلہ کے نزدیک نصف رات گزر جانے کے بعد بقیہ حصہ رات کا مزدلفہ میں بسر کرنا واجب ہے۔

صبح صادق سے لے کر سورج نکلنے تک مزدلفہ میں مشعر الحرام احناف کے نزدیک مستحب ہے' مالکیوں کے نزدیک اور دیگر فقہاء کے نزدیک سنت ہے۔

قربانی کے دن جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنا چاروں مذاہب کے نزدیک واجب ہے۔

حج میں سر منڈوانا یا بال چھوٹے کروانا احناف' مالکیوں اور حنابلہ کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع کے نزدیک یہ فرض ہے۔

پہلے رمی کرنا' پھر قربانی کرنا' پھر سر منڈوانا یہ ترتیب احناف کے نزدیک واجب ہے اور بقیہ تین فقہاء کے نزدیک سنت ہے۔

طوافِ افاضہ چاروں مذاہب کے نزدیک فرض ہے۔

قربانی کے دنوں میں طوافِ افاضہ کرنا احناف کے نزدیک واجب ہے' شوافع کے نزدیک سنت ہے' مالکیوں کے نزدیک ذوالحج کے مہینے میں یہ طواف کرنا واجب ہے اور حنابلہ کے نزدیک عید کے دن یہ طواف کرنا سنت ہے۔

طوافِ افاضہ کو جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنے کے بعد کرنا احناف کے نزدیک سنت ہے' مالکیوں کے نزدیک واجب ہے جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سنت ہے۔

ایامِ تشریق میں تینوں جمرات کو کنکریاں مارنا' چاروں مذاہب کے نزدیک واجب ہے' کنکریاں مارنے کے عمل کو رات تک مؤخر نہ کرنا احناف اور شوافع کے نزدیک سنت ہے جبکہ مالکیوں اور حنابلہ کے نزدیک واجب ہے۔

ایامِ تشریق کی راتیں منیٰ میں بسر کرنا احناف کے نزدیک سنت ہے جبکہ دیگر فقہاء کے نزدیک واجب ہے' البتہ اونٹوں کے چرواہوں اور (مکہ میں آبِ زم زم پلانے والے لوگوں کا حکم مختلف ہے)۔

طوافِ وداع کرنا احناف' شوافع اور حنابلہ کے نزدیک واجب ہے جبکہ مالکیوں کے نزدیک مستحب ہے۔

جمرات کو کنکریاں مارتے ہوئے ترتیب کا خیال رکھنا احناف کے نزدیک سنت ہے جبکہ دیگر تینوں فقہاء کے نزدیک واجب ہے۔[1]

2430- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ قَالَ عُثْمَانُ قَالَ لِى اَصْحَابُنَا عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَرْضُ الْحَجِّ الْاِحْرَامُ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: حج کو فرض کرنے سے مراد احرام باندھنا (یعنی اس کی نیت کرنا) ہے)۔

2431- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِىُّ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ الْكِنْدِىُّ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الْمُجَالِدِ عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ عَدِىِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ لِىْ وَلَتَخْرُجَنَّ الظَّعِيْنَةُ مِنَ الْحِيْرَةِ حَتّٰى تَطُوْفَ بِهٰذَا الْبَيْتِ مَا تَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ .

☆☆ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا:

''عنقریب کوئی عورت حیرہ سے روانہ ہوگی یہاں تک کہ وہ اس گھر کا طواف کرے گی اور اسے صرف اللہ تعالیٰ کا خوف ہوگا (اس کے علاوہ اور کسی کا خوف نہیں ہوگا)''۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمر بن علی بن ابی بکر کندی رازی، روی عن عبدعزیز دراوردی، وابی قاسم بن ابی زناد وابیہ علی بن ابی بکر وغیرھم۔ روی عنہ ابوحاتم محمد بن ادریس، و ابوزرعۃ۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: رازی علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۶/۱۲۵)۔

2432- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ - يَعْنِىْ ابْنَ الْحَكَمِ - حَدَّثَنَا

[1] الفقہ الاسلامی وادلتہ' از ڈاکٹر وہبہ زحیلی

۲۴۳۰- في اسناده شريك' وهو النخعي سيء الحفظ: كما سبق-

۲۴۳۱- تقدم- ومجالد: هو ابن سعيد' ضعيف الحديث-

۲۴۳۲- اخرجه البخاري في جزاء الصيد (۱۸۴۱) باب: لبس الخفين للمحرم اذا لم يجد النعلين' وباب: اذا لم يجد الازار' فليلبس السراويل (۱۸۴۳)' و مسلم في الحج (۲/۸۳۵) باب: ما يباح للمحرم بحج او عمرة' و ما لا يباح' و بيان تحريم الطيب عليه (۱۱۷۸)' والطبراني في الكبير (۱۲۸۱۴)' و الطحاوي في (معاني الآثار) (۲/۱۳۳)' والبيهقي في (الكبرى) (۵/۵۰)' من حديث شعبة' به-

...ز بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ صَخْرٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا ...عْبَةُ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ يُحَدِّثُ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ...لَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ يَقُوْلُ مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ اِزَارًا فَلْيَلْبَسْ ...رَاوِيْلَ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عرفات میں خطبہ دیتے ہوئے یہ ...ات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جس شخص کے پاس جوتے نہ ہوں وہ موزے پہن لے اور جس شخص کے پاس تہبند نہ ہو وہ شلوار پہن لے''۔

•••——•••——•••

...لت احرام والا شخص کیا پہنے؟

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: (حالت احرام والا شخص) قمیص شلوار عمامہ ٹوپی اور قباء نہیں پہنے گا اور موزے بھی نہیں ...نے گا۔ ہاں البتہ اس کے پاس جوتے نہ ہوں تو وہ موزوں کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے گا' حالت احرام والا شخص اپنے سر کو نہیں ...ھانپ سکتا اور چہرے کو بھی نہیں ڈھانپ سکتا' وہ خوشبو نہیں لگا سکتا' وہ اپنے سر کو نہیں منڈوا سکتا اپنے جسم کے بال صاف نہیں کر ...تا' اپنی ڈاڑھی چھوٹی نہیں کرا سکتا' ناخن نہیں تراش سکتا' ورس یا زعفران کے ساتھ عصفر کے ساتھ رنگا ہوا کپڑا نہیں پہن سکتا' ...تہ اگر اسے بعد میں دھو لیا گیا ہو تو حکم مختلف ہوگا۔[1]

اس عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے مختصر القدوری کے شارح امام حداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے: اس ...اس کو جس طرح عام عادت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے' البتہ اگر کوئی شخص قمیص کو تہبند کے طور پر باندھ لیتا ہے یا شلوار کو چادر ...کے طور پر لپیٹ لیتا ہے تو اب اس پر کچھ لازم نہیں ہوگا' جہاں تک خواتین کا تعلق ہے تو وہ جس طرح کا چاہیں سلا ہوا لباس پہن ...تی ہیں' موزے پہن سکتی ہیں' البتہ عورت اپنے چہرے کو نہیں ڈھانپے گی' اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''عورت کا احرام اس کے چہرے میں ہوتا ہے''۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' عورت کا جسم پردہ کی چیز ہے اور جو کپڑا سلا ہوا نہ ہو' اس کے ساتھ جسم کو ڈھانپنا مشکل ہوتا ہے ...اس لیے عورت کو سلا ہوا لباس پہننے کی اجازت دی گئی ہے۔[2]

---

[1] مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص ۱۴۲

[2] الجوہرۃ النیرۃ' از ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الزبیدی' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت' ج ۱ ص ۳۶۷

2433- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا عَارِمٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن فضل سدوسی، ابوفضل بصری، لقبہ عارم، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ثبت تغیر فی آخر عمرۃ، یہ نوویں طبقے کے کم سن راویوں میں سے ہیں۔۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۶۲۶۶)۔

2434- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْمُحْرِمِ اِذَا لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ اِزَارًا فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جب اس کے پاس جوتے نہ ہوں تو وہ موزے پہن لے اور جب اُس کے پاس تہبند نہ ہو تو وہ شلوار پہن لے"۔

2435- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ ح

وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ اِزَارًا فَلْيَلْبَسْ سَرَاوِيْلَ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جس شخص کے پاس جوتے نہ ہوں وہ موزے پہن لے اور اگر اس کو تہبند نہ ملے تو وہ شلوار پہن لے"۔

2436- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

۲۴۳۳- اخرجه مسلم في الحج (۲/۸۳۵) باب: ما يباح للمحرم بحج او عمرة، و ما لا يباح، و بيان تحريم الطيب عليه (۱۱۷۸)، و النسائي في المناسك (۵/۱۳۳) باب: الرخصة في لبس السراويل لمن لم يجد الازار، و ابن ابي شيبة في (المصنف) (۴/۱۰۰-۱۰۱)، من حديث ابن علية- اسماعيل- عن ايوب عن عمرو بن دينار، به-واخرجه عن يزيد بن زريع عن ايوب، به- اخرجه الترمذي في الحج (۸۳۴) باب: ما جاء في لبس السراويل و الخفين للمحرم اذا لم يجد الازار و النعلين، و النسائي في مناسك الحج (۵/۱۳۵) باب: الرخصة في لبس الخفين في الاحرام لمن لم يجد النعلين، و الطبراني في الكبير (۱۲۸۱۱)- و تابعه عبد الوهاب الثقفي عن ايوب، به عند احمد (۱/۶۵)- و اخرجه ابن عيينة، و الثوري، و هشيم، و ابن جريج، جميعاً عن عمرو بن دينار، به- ورواياتهم جميعاً عن مسلم في الموضع السابق- و اخرجه حماد بن زيد عن عمرو بن دينار، به عند مسلم و ابي داود (۱۸۲۹)، و النسائي (۵/۱۳۲-۱۳۳)-

۲۴۳۵- اخرجه مسلم في الحج (۲/۸۳۶) باب: ما يباح للمحرم بحج او عمرة و ما لا يباح...... (۱۱۷۹) عن احمد بن عبد الله بن يونس حدثنا زهير ...... به-و اخرجه احمد (۳/۳۲۳) ثنا يحيى بن آدم و ابو النضر، ثنا زهير...... به- و اعاده (۳/۳۹۵) عن موسى و يحيى بن آدم، قال: ثنا زهير ...... به-

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس شخص کو جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن لے اور جس شخص کو تہبند نہ ملے وہ شلوار پہن لے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ رزق اللہ بن موسیٰ ناجی بغدادی، اسکافی، یقال: اسمہ عبد اکرم، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔(روایت کے الفاظ نقل کرنے میں) یہ وہم کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ راویوں کے دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۱۹۴۴)۔

2437- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ . وَقَالَ عَبَّاسٌ الْمُحْرِمُ اِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ لَبِسَ الْخُفَّيْنِ وَيَقْطَعُهُمَا حَتّٰى يَكُوْنَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ .قَالَ وَقَالَ عَمْرٌو انْظُرُوا اَيُّهُمَا كَانَ قَبْلُ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ اَوْ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جس شخص کو جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن لے البتہ ان کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے''۔

عباس نامی راوی بیان کرتے ہیں: محرم کو اگر جوتے نہ ملیں تو وہ موزے پہن لے البتہ وہ ان دونوں کو اس طرح کاٹ لے کہ وہ دونوں ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں۔

عمرو نامی راوی بیان کرتے ہیں: تم اس بات کا جائزہ لو کہ کون سی روایت پہلے ہے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث یا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث۔

2438- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُوْلُ مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ اِزَارًا فَلْيَلْبَسْ سَرَاوِيْلَ .

۲۴۳۷- اخرجه البيهقي في الكبرى (۵۰/۵) من هذا الوجه- و اخرجه مالك في الحج (۳۲۵/۱) عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر' بنحوه- و من طريق مالك اخرجه ابن حبان (۳۷۸۷)- و اخرجه مالك في الحج (۳۲۴/۱) عن نافع عن ابن عمر' بنحوه- و من طريقه البخاري في الحج (۱۵۴۲) باب: ما لا يلبس المحرم من الثياب' و مسلم في الحج (۸۳۴/۲) باب: ما يباح للمحرم بحج او عمرة' و ما لا يباح (۱۱۷۷)' و ابو داود في المناسك (۱۸۲۴) باب: ما يلبس المحرم' و النسائي في مناسك الحج (۱۳۳/۵- ۱۳۴) باب: النهي عن لبس القميص في الاحرام' و ابن ماجه في المناسك (۲۹۲۹) باب: ما يلبس المحرم من الثياب' و باب: السراويل و الخفين للمحرم اذا لم يجد ازارا او نعلين (۲۹۳۲)' و البيهقي في الكبرى (۴۹/۵)- و اخرجه الزهري عن سالم بن عبد الله بن عمر عن ابيه' بنحوه- اخرجه البخاري في الصلاة (۳۶۶) باب: الصلاة في القميص' و في جزاء الصيد (۱۸۴۲) باب: لبس الخفين للمحرم اذا لم يجد النعلين' و مسلم و ابو داود و النسائي في المواضع السابقة-

۲۴۳۸- هكذا اخرجه سفيان عن عمرو عن ابي الشعثاء عن جابر بن زيد' و سبق قريبا من وجوه عديدة عن عمرو عن جابر بن زيد بلا واسطة' و هذا اصح و اشهر- و اخرجه الدارمي (۳۲/۲) عن ابن جريج عن عمرو عن ابي الشعثاء: اخبرني ابن عباس-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جس شخص کو جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن لے اور جس شخص کو تہبند نہ ملے وہ شلوار پہن لے''۔

2439- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِزَارٌ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ نَعْلَانِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ. سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيَّ يَقُوْلُ فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَلَيْثِ بْنِ سَعْدٍ وَجُوَيْرِيَةَ بْنِ اَسْمَاءٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَادَى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي الْمَسْجِدِ مَاذَا يَتْرُكُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ وَهٰذَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ قَبْلَ الْإِحْرَامِ بِالْمَدِيْنَةِ. وَحَدِيْثُ شُعْبَةَ وَسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ بِعَرَفَاتٍ هٰذَا بَعْدَ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جس شخص کے پاس تہبند نہ ہو وہ شلوار پہن لے اور جس شخص کے پاس جوتے نہ ہوں وہ موزے پہن لے''۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے مسجد میں بلند آواز میں دریافت کیا: حالت احرام والا شخص کون سے کپڑوں کو ترک کرے؟ (امام دارقطنی بیان کرتے ہیں:) یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ بات احرام باندھنے سے قبل مدینہ منورہ کی ہے۔

جبکہ دیگر راویوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے اس میں اس بات کا تذکرہ ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے وہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنی تھی لہٰذا یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ حدیث کے بعد کی ہوگی۔

2440- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کو جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن لے البتہ وہ انہیں ٹخنوں تک نیچے سے کاٹ لے''۔

2441- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ

۲۴۴۰- اخرجه النسائي في المناسك (۵/ ۱۳۲) باب: النهي عن لبس السراويل في الاحرام؛ اخبرنا عمرو بن علي' حدثنا يحيى' حدثنا عبيد الله ..... به- و يحيى من طريق مالك عن نافع' به-واخرجه ابن ابي ذئب عن نافع' به- اخرجه البخاري في العلم (۱۳۴) باب: من اجاب السائل باكثر مما ساله-

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَاضِيُ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَالَ رَجُلٌ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ فَقَالَ لا يَلْبَسِ الْقَمِيصَ وَلَاالْعِمَامَةَ وَلَاالسَّرَاوِيلَ وَلَاالْبُرْنُسَ وَلَاثَوْبًا مَسَّهُ الْوَرْسُ وَلَاالزَّعْفَرَانُ وَلَاالْخُفَّيْنِ اِلَّا لِمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ . وَقَالَ يُوسُفُ حَتّٰى يَكُونَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ .

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: حالت احرام والا شخص کون سے کپڑے پہنے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قمیص نہیں پہنے گا' عمامہ نہیں پہنے گا' شلوار نہیں پہنے گا' ٹوپی نہیں پہنے گا اور ایسا کپڑا نہیں پہنے گا جس پر ورس یا زعفران لگا ہوا ہے' وہ موزے نہیں پہنے گا' البتہ اسے اگر جوتے نہ ملیں تو حکم مختلف ہے' جس شخص کو جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن سکتا ہے' البتہ وہ ان دونوں کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے۔

یوسف نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''اتنا کاٹ لے کہ وہ ٹخنوں کے نیچے تک ہو جائیں''۔

2442- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ الْقَوْمَسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ لَيْتَنِيْ اَرٰى رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ يُنَزَّلُ عَلَيْهِ فَبَيْنَا نَحْنُ بِالْجِعْرَانَةِ وَالنَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيْ قُبَّةٍ فَاَتَاهُ الْوَحْيُ فَاَشَارَ اِلَيَّ عُمَرُ اَنْ تَعَالَ فَاَدْخَلْتُ رَاْسِيَ الْقُبَّةَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ قَدْ اَحْرَمَ فِيْ جُبَّتِهِ بِعُمْرَةٍ مُتَضَمِّخٌ بِطِيبٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِيْ رَجُلٍ اَحْرَمَ فِيْ جُبَّةٍ اِذْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فَجَعَلَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَغِطُّ كَذٰلِكَ فَسُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ اَيْنَ الرَّجُلُ الَّذِي سَاَلَنِي اٰنِفًا . فَاُتِيَ بِالرَّجُلِ فَقَالَ اَمَّا الْجُبَّةُ فَاخْلَعْهَا وَاَمَّا الطِّيبُ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اَحْدِثْ اِحْرَامًا . قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا اَعْلَمُ اَنَّ اَحَدًا قَالَ ثُمَّ اَحْدِثْ اِحْرَامًا . غَيْرَ نُوحِ بْنِ حَبِيبٍ وَلَا اَحْسَبُهُ مَحْفُوظًا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ صفوان بن یعلیٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میری یہ خواہش تھی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی حالت میں دیکھوں جب آپ پر وحی نازل ہو رہی ہو' ایک مرتبہ جب ہم ''جعرانہ'' میں موجود تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں موجود تھے' آپ ایک خیمے میں تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہونا شروع ہوئی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے

۲۴۴۲- اخرجه النسائي في المناسك (۱۳۰/۵) باب: الجبة في الاحرام: نانوح به- و اخرجه البخاري في العمرة (۱۷۸۹) باب: يفعل بالعمرة مايفعل بالحج' و في جزاء الصيد (۱۸۴۷) باب: اذا احرم جاهلاً و عليه قميص' و مسلم في الحج (۱۱۸۰) باب: ما يباح للمحرم بحج او عمرة:...... و ابو داود في المناسك (۱۸۲۱) باب: الرجل يحرم في ثيابه' و النسائي في المناسك (۵/ ۱۳۰- ۱۳۲) باب: الجبة في الاحرام' و الترمذي في الحج (۸۳۶) باب: ما جاء في الذي يحرم و عليه قميص او جبة' و البيهقي في الكبرى (۵۶/۵) من طرق عن عطاء' به دون الزيادة التي زادها نوح-

اشارہ کیا کہ تم آگے آ جاؤ' میں نے اپنا سر اس خیمے میں داخل کیا' ایک شخص آیا' جس نے جبہ پہن کر عمرے کا احرام باندھا ہوا تھا اور اس نے خوشبو بھی لگائی ہوئی تھی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ایسے شخص کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں جس نے جبے میں احرام کی نیت کر لی ہو' اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہونے لگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خراٹے لینا شروع کیا' اس کے بعد آپ کی یہ کیفیت ختم ہوئی' تو آپ نے دریافت کیا: وہ شخص کہاں ہے جس نے ابھی مجھ سے سوال کیا تھا؟ اس شخص کو لایا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک جبے کا تعلق ہے تو اسے اُتار دو اور جہاں تک خوشبو کا تعلق ہے تو اسے دھو لو اور پھر نئے سرے سے احرام باندھو۔

ابوعبدالرحمٰن (امام نسائی) نے یہ بات بیان کی ہے: میرے علم کے مطابق کسی بھی شخص نے یہ بات نقل نہیں کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو دوبارہ احرام باندھنے کی ہدایت کی' صرف نوح بن حبیب نامی راوی نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ الفاظ محفوظ نہیں ہیں' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

2443- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحِمْيَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ الْفَارَةَ وَالْعَقْرَبَ وَالْحِدَاَةَ وَالْكَلْبَ الْعَقُورَ وَالْغُرَابَ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''حالتِ احرام والا شخص چوہے' بچھو' چیل' پاگل کتے اور کوے کو مار سکتا ہے''۔

•••——•••——•••

ایذاء پہنچانے والے جانوروں کا حکم

ایذاء پہنچانے والے جانوروں کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سرخسی فرماتے ہیں:

۲۴۴۳ اخرجه مسلم في الحج (۲/ ۸۵۷) باب: ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل و الحرم (۱۱۹۸)' عن ابي بكر بن ابي شيبة و ابو كريب' قال: حدثنا ابن نمير به-واخرجه حماد بن زيد عن هشام بن عروة' به- اخرجه احمد (۶/ ۱۲۲' ۲۶۱)' و مسلم في الموضع السابق- واخرجه و كيع عن هشام بن عروة به- اخرجه النسائي في المناسك (۵/ ۲۰۸) باب: ما يقتل في الحرم من الدواب-واخرجه البخاري في بدء الخلق (۶/ ۴۰۸' ۴۰۹) باب اذا وقع الذباب في شراب احدكم (۳۳۱۴)' ومسلم' و الترمذي في الحج (۲/ ۴۸۷-تحفة) باب: ما جاء ما يقتل المحرم من الدواب (۸۳۹)' و الدارمي في الحج (۲/ ۳۶-۳۷) باب: ما يقتل المحرم في احرامه' و عبد الرزاق (۸۳۷۴) من طرق عن عروة بن الزبير به- واخرجه مسلم' والنسائي في المناسك (۵/ ۲۰۸) باب: قتل الحية' و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۱۰۳۱) باب: ما يقتل المحرم (۳۰۸۷)' و البيهقي في الكبرى (۵/ ۲۰۹) من طريق قتادة سمعت سعيد بن المسيب عن عائشة به- و اخرجه القاسم بن محمد عن عائشة' به بنحوه' لكن فيه (اربع فواسق) بدلاً من (خمس)-اخرجه مسلم في الحج (۲/ ۸۵۶) باب: ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل و الحرم (۶۶/ ۱۱۹۸)' و البيهقي في الكبرى (۵/ ۲۰۹)-وله شاهد من حديث حفصة مرفوعاً: (خمس من الدواب لا حرج على من قتلهن: الغراب' و الحداة' و الفارة' و العقرب' و الكلب العقور)- الخ- اخرجه البخاري في جزاء الصيد (۴/ ۴۲) باب: ما يقتل المحرم من الدواب (۱۸۲۸)' و مسلم في الحج (۲/ ۸۵۸) باب: ما يندب للمحرم و غيره قتله من الدواب في الحل و الحرم (۷۲/ ۱۲۰۰)' و النسائي في المناسك (۵/ ۲۱۰) باب: قتل الفارة في الحرم' جميعاً من طريق الزهري عن سالم عن ابيه عن حفصة-وله شاهد آخر عن ابن عمر مرفوعاً' بنحوه- اخرجه البخاري في بدء الخلق (۶/ ۴۰۹) باب: اذا وقع الذباب في شراب احدكم (۳۳۱۵)' و مسلم في الحج (۲/ ۸۵۹) باب: ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل و الحرم (۱۱۹۹)' و ابو داود في المناسك (۲/ ۴۲۴) باب: ما يقتل المحرم من الدواب (۱۸۴۶)' والنسائي في الحج (۵/ ۱۹۰) باب: قتل الغراب' و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۱۰۳۱) باب: ما يقتل المحرم (۳۰۸۸)-

حالت احرام والے شخص پر اگر کوئی درندہ حملہ کر دیتا ہے تو حالت احرام والا وہ شخص اس درندے کو قتل کر سکتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ ایذاء پہنچانے والے جانوروں کا استثناء بیان کیا ہے' آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

''پانچ جانور فاسق ہیں' جن کو حرم میں اور حرم کے علاوہ قتل کیا جا سکتا ہے''۔

دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''حالتِ احرام والا شخص سانپ' بچھو' چوہے' چیل' کوے اور باؤلے کتے کو قتل کر دے تو اس پر کوئی فدیہ لازم نہیں ہوگا''۔

اسی طرح اگر حالت احرام کے بغیر شخص ان جانوروں کو حرم کی حدود میں قتل کر دیتا ہے تو اس پر بھی کوئی فدیہ لازم نہیں ہوگا' کیونکہ ان جانوروں کو مار دینا مطلق طور پر مباح ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حالتِ احرام والے شخص کے لیے شکار کرنے کو منع کیا ہے' یہ حدیث اس حکم کے ساتھ اس کی وضاحت شمار ہوگی۔

ان پانچ مخصوص جانوروں کے علاوہ جو دوسرے درندے ہیں' جن کا گوشت بھی نہیں کھا جا سکتا' اگر حالتِ احرام والا شخص ابتداء میں ان میں سے کسی درندے کو قتل کر دیتا ہے تو ہمارے نزدیک اس شخص پر فدیہ کی ادائیگی لازم ہوگی جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس پر کوئی فدیہ لازم نہیں ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پانچ مخصوص جانوروں کا استثناء اس لیے کیا ہے کیونکہ ان کی فطرت میں ایذاء رسانی پائی جاتی ہے اور جس بھی جانور کی فطرت میں ایذاء رسانی پائی جاتی ہو' وہ ان پانچ جانوروں کے حکم میں ہوگا اور قرآن مجید کے اس عمومی حکم سے مستثنیٰ ہوگا' یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے' جس کا مفہوم یہ بنتا ہے' جو جاندار ایذاء پہنچاتے ہیں' ان کے علاوہ جو جانور ہیں' ان کا شکار نہ کرو تو جب قرآن کی آیت کا یہ مفہوم ہوگا' تو نص کے اعتبار سے صرف ان جانوروں کا شکار ممنوع ہوگا جن کا گوشت نہیں کھایا جاتا اور جو ایذاء پہنچانے والے نہیں ہیں۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبہ بن ابولہب کے لیے یہ دعائے ضرر کی تھی:

''اے اللہ! اس پر اپنے ایک کتے کو مسلط کر دے' تو ایک شیر نے اسے پھاڑ کھایا تھا۔

اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' باؤلے کتے کے حکم میں شیر بھی شامل ہوگا۔

ہماری دلیل یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب تم حالت احرام میں ہو' تو تم شکار کو قتل نہ کرو''۔

یہاں پر شکار کا لفظ تمام وحشی جانوروں کو بھی شامل ہوگا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحت کے ساتھ پانچ جانوروں کا استثناء کیا ہے' یہ بھی اس بات کی واضح دلیل ہے' ان پانچ مخصوص جانوروں کے علاوہ دیگر تمام جانوروں کا قرآن کی نص کے اعتبار سے قتل ممنوع ہوگا' اگر ایذاء رسانی کی علت کی بنیاد پر دیگر جانوروں کو قتل کرنا جائز ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پانچ مخصوص جانوروں کو استثناء کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوتا' پھر ان پانچ جانوروں کے مقابلے میں دیگر جانوروں میں ایذاء کی صفت کم پائی جاتی ہے کیونکہ

ان پانچ مخصوص جانوروں کی فطرت میں ایذاء رسانی کے ساتھ ساتھ ابتدائی طور پر ایذاء پہنچانے کی کیفیت بھی شامل ہے جبکہ باقی قسم کے جانور ایذاء رسانی میں پہل نہیں کرتے ہیں جب تک خود ان کو ایذاء نہ پہنچائی جائے۔[1]

2444- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی الرَّبِیعِ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلاَلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِیَادٍ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ عَنْ وَبَرَةَ وَنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ یَقْتُلُ الْمُحْرِمُ الذِّئْبَ وَالْغُرَابَ وَالْحِدَاةَ وَالْفَارَةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

حالتِ احرام والا شخص بھیڑیئے کوے چیل اور چوہے کو مار سکتا ہے۔

2445- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَکِیلُ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْوَلِیدِ اَبُوْ بَدْرٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ حَدَّثَنَا وَبَرَةُ وَنَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ وبرۃ بن عبدالرحمٰن مسلی، ابوخزیمۃ، ابوعباس کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "ثقہ" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۷۴۴۷)۔

2446- حَدَّثَنَا یُوسُفُ بْنُ یَعْقُوبَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ الرَّبِیعِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَی رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) عَنْ لُبْسِ الْقَمِیصِ وَالاَقْبِیَةِ وَالسَّرَاوِیلاَتِ وَالْخُفَّیْنِ اِلَّا اَنْ لَّا یَجِدَ نَعْلَیْنِ وَلَایَلْبَسْ ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ اَوْ وَرْسٌ یَعْنِی الْمُحْرِمَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (احرام کی حالت میں) قمیض پہننے قبا پہننے اور موزے پہننے سے منع کیا ہے البتہ جس کو جوتے نہ ملیں (اس کا حکم مختلف ہے)۔ حالتِ احرام والا شخص ایسا کپڑا نہیں پہنے گا جس پر زعفران یا ورس لگا ہوا ہو۔ (راوی بیان کرتے ہیں:) اس سے مراد یہ ہے: حالتِ احرام والا شخص یہ کام نہیں کر سکتا۔

2447- حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِی بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِینَ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَیْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الْغُمْرِ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ

[1] المبسوط از شیخ ابوبکر سہیل بن احمد سرخسی مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۲۴۴۶- اخرجه مسلم في الحج (۲/ ۸۵۹) باب: ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل و الحرم و النسائي في المناسك (۵/ ۱۹۰) باب: قتل العقرب و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۱۰۳۱) باب: ما يقتل المحرم (۳۰۸۸) و احمد في (المسند) (۲/ ۵۴) و ابن حبان في صحيحه (۳۹۶۱) و الطحاوي في (شرح المعاني) (۲/ ۱۶۵) جميعاً عن عبيد الله ...... به-

۲۴۴۷- كذا اخرجه الدارقطني بهذا الاسناد و اللفظ - وقد تقدم باسناد و لفظ آخرين - فراجع: (فتح الباري) (۳/ ۴۶۷)-

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الْغُمْرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِالْغَالِيَةِ الْجَيِّدَةِ عِنْدَ اِحْرَامِهِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ یہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھتے وقت بہترین خوشبو لگائی تھی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن ابی غمر مصری ابوزید، روی عن معاویۃ بن یحییٰ اطرابلسی، وعبدالرحمٰن ابن قاسم۔ روی عنہ ابوطاھر احمد ابن عمرو بن سرح وغیرہ۔ وذکرہ ابن ابی حاتم فلم یذکر فیہ جرحاً ولا تعدیلاً۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۵/۲۷۴-۲۷۵)۔

2448- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْمُحْرِمُ يَشُمُّ الرَّيْحَانَ وَيَدْخُلُ الْحَمَّامَ وَيَنْزِعُ ضِرْسَهُ وَيَفْقَأُ الْقُرْحَةَ وَاِذَا انْكَسَرَ ظُفُرُهُ اَمَاطَ عَنْهُ الْاَذٰى .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حالتِ احرام والا شخص ریحان (نامی خوشبودار) پھول کو سونگھ سکتا ہے' وہ حمام میں داخل ہوسکتا ہے' دانت نکلوا سکتا ہے' پھوڑے کو چیر سکتا ہے' جب اس کا ناخن ٹوٹ جائے تو اپنے آپ سے تکلیف دہ چیز کو دور کرسکتا ہے۔

2449- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنْ عَطَاءٍ وَرُبَّمَا ذَكَرَهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا بَاْسَ بِالْهِمْيَانِ وَالْخَاتَمِ لِلْمُحْرِمِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حالتِ احرام والے شخص کے لیے پٹکہ (کمر کا بیلٹ) اور انگوٹھی استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

2450- حَدَّثَنَاهُ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ عُبَيْدٍ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ بْنُ بَرْدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءٍ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رُخِّصَ لِلْمُحْرِمِ فِی الْخَاتَمِ وَالْهِمْيَانِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: حالتِ احرام والے شخص کو انگوٹھی پہننے اور پٹکہ

2448- اخرجه البيهقي في (المعرفة) (۷/۱٦۲) في الحج' باب: شم الريحان (۹٦٦۳) من طريق الدارقطني' به- و علقه البخاري عن ابن عباس في الحج (۳/٤٦۳) باب: الطيب عند الاحرام' باب رقم (۱۸)-

2449- اخرجه البيهقي في سننه (٦۹/٥) كتاب الحج' باب المحرم يلبس المنطقة و الهميان للنفقة و الخاتم' من طريق الدارقطني' به- وذكره ابن حجر في (الفتح) (۳/٤٦٤)' قال: (واخرجه ايضاً- يعني: الدارقطني- من طريق شريك عن ابي اسحاق عن عطاء- و ربما ذكره عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال...... والاول اصح- و اخرجه الطبراني و ابن عدي في (الكامل) من وجه آخر عن ابن عباس مرفوعاً' و اسناده ضعيف)-

(کمر کا بیلٹ) باندھنے کی اجازت دی گئی ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابو ولید بن برد: محمد بن احمد بن بردانطا کی، روی عن ھیثم بن جمیل وابیہ وغیرھما۔ قال ابن ابی حاتم: ادرکتہ ولم اسمع عنہ کتب ی بشیء یسیر من فوائدہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح وتعدیل (۷/۱۸۳-۱۸۴)۔

2451- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا بَاْسَ بِالْخَاتَمِ لِلْمُحْرِمِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں: حالتِ احرام والے شخص کے انگوٹھی پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

2452- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ الْعَدَنِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءٍ مِثْلَهُ لَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہونے کا تذکرہ نہیں ہے۔

2453- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُنَادِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا اِذَا سَافَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا وَاِذَا هَبَطْنَا سَبَّحْنَا.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کرتے تھے تو جب بلندی پر چلتے تو تکبیر کہتے اور جب پستی کی طرف اُترتے تو سبحان اللہ کہتے تھے۔

2454- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِي الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ مِنْ سُنَّةِ الْحَجِّ اَنْ لَّا يُحْرِمَ بِالْحَجِّ اِلَّا فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ .تَابَعَهُ شُعْبَةُ وَحَمْزَةُ الزَّيَّاتُ وَاَبُو الْقَاسِمِ هُوَ مِقْسَمٌ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ بات بیان کرتے ہیں: حج کی سنت میں یہ بات شامل ہے' آدمی حج کا احرام حج کے مہینے میں باندھے۔

بعض دیگر راویوں نے اس کی متابعت کی ہے' اس کے راوی ابوالقاسم کا نام مقسم ہے جو عبداللہ بن حارث کے آزاد

۲۴۵۳- اخرجہ احمد (۳/۳۳۳)' و النسائي في عمل اليوم و الليلة رقم (۵۴۱) من طريق اشعث عن الحسن بہ- و اخرجہ البخاري في صحيحہ (۶/۱۴۰) كتاب الجهاد و السير' باب التسبيح اذا هبط و اديا' الحديث (۲۹۹۳)' و في باب التكبير اذا علا شرفا' الحديث (۲۹۹۴) النسائي في عمل اليوم و الليلة رقم (۵۴۲)' و الدارمي رقم (۲۶۷۷ ط : هاشمي)' و ابن خزيمة رقم (۲۵۶۲)' و البيهقي (۵/۲۵۹) طريق حصين بن عبد الرحمن عن سالم بن ابي الجعد' بہ-

۲۴۵۴- اخرجہ البيهقي (۴/۳۴۳) كتاب الحج' باب لا يهل بالحج في غير اشهر الحج من طريق الدارقطني' بہ-

...ام ہیں۔

2455- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ وَآخَرُونَ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الرَّجُلِ يُحْرِمُ بِالْحَجِّ فِي غَيْرِ اَشْهُرِ الْحَجِّ قَالَ لَيْسَ ذَاكَ مِنَ السُّنَّةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے ایسے شخص کے بارے میں یہ فرمایا تھا: جس شخص نے حج کے مہینوں سے پہلے ہی حج کا احرام باندھ لیا' انہوں نے فرمایا تھا: یہ بات سنت نہیں ہے۔

2456- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قُلْتُ اُهِلُّ بِالْحَجِّ قَبْلَ اَشْهُرِ الْحَجِّ قَالَ لَا.

☆☆ ابوزبیر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے احرام باندھا جا سکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں!

2457- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ) لِئَلَّا يُفْرَضَ الْحَجُّ فِي غَيْرِهِنَّ.

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''حج کے مہینے طے شدہ ہیں''۔

اس کی وجہ یہ ہے: کوئی شخص اس سے پہلے حج کا احرام نہ باندھ لے۔

2458- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَآخَرُونَ قَالُوا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يُنْكِرُ الِاشْتِرَاطَ فِي الْحَجِّ وَيَقُولُ اَلَيْسَ حَسْبُكُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -.

☆☆ سالم' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں بیان کرتے ہیں: وہ حج میں شرط مقرر کرنے کا انکار کرتے تھے اور فرماتے تھے: کیا تمہارے لیے تمہارے نبی کی سنت کافی نہیں ہے۔

2459- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ بِهٰذَا وَقَالَ اَمَا حَسْبُكُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَشْتَرِطُ فَاِنْ حَبَسَ اَحَدَكُمْ حَابِسٌ فَاِذَا وَصَلَ اِلَى الْبَيْتِ طَافَ بِهِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَيَحْلِقُ اَوْ يُقَصِّرُ وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ.

۲۴۵۶- اخرجه البيهقي في سننه (٤/٣٤٣) من طريق ابن جريج به-

۲۴۵۷- اخرجه البيهقي في سننه (٤/٣٤٣) من طريق الدارقطني به-

۲۴۵۸- اخرجه البخاري في صحيحه (٤/٤٧٢) كتاب المحصر باب الاحصار في الحج الحديث (١٨١٠) من طريق عبد الله قال: اخبرنا معمر عن الزهري قال: حدثني سالم عن ابن عمر- واخرجه- ايضاً- في الموضع ذاته من طريق عبد الله عن يونس عن الزهري عن سالم عن ابن عمر نحوه- وسياتي من طريق عبد الرزاق عن معمر-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نقل کی گئی ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (انہوں نے فرمایا:) تمہارے تمہارے نبی کی سنت کافی ہے آپ نے کوئی شرط مقرر نہیں کی تھی اگر کوئی شخص کسی وجہ سے سفر جاری نہ رکھ سکے تو جب بھی وہ اللہ تک پہنچ جائے تو اس کا طواف کرے صفا و مروہ کا طواف کرے اور پھر سر منڈوا لے یا بال چھوٹے کروا لے اور اس پر سال حج کرنا لازم ہوگا۔

2460- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلٰى ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيدُ الْحَجَّ وَاَنَا شَاكِيَةٌ فَقَالَ حُجِّي وَاشْتَرِطِي اَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي .

قَالَ مَعْمَرٌ وَاَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں حج کا ارادہ رکھتی ہوں لیکن میں بیمار ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ارادہ کرلو اور یہ شرط رکھو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہیں احرام کھول دوں گی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

2461- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ طَاوُسًا وَعِكْرِمَةَ اَخْبَرَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ ضُبَاعَةُ بِنْتُ الزُّبَيْرِ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَتْ اِنِّي امْرَاَةٌ ثَقِيلَةٌ وَاِنِّي اُرِيدُ الْحَجَّ فَكَيْفَ تَاْمُرُنِي اَنْ اُهِلَّ قَالَ اَهِلِّي وَاشْتَرِطِي اَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي . قَالَ فَاَدْرَكَتْ.

۲۴۶۱- اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن الزهري عن عروة عن عائشة، و من طريق عبد الرزاق اخرجه مسلم في الحج (۱۲۰۷) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوه، و النسائي في المناسك (۶۸/۵) باب: الاشتراط في الحج، و احمد في المسند (۶/...) و البيهقي في الكبرى (۲۲۱/۵)، و الطبراني في (الكبير) (۲۴/رقم ۸۳۳)، و ابن الجارود في (المنتقى) (۴۲۰)، و ابن حبان (...) طريق عبد الرزاق، به- ورواه هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة- اخرجه البخاري في النكاح (۵۰۸۹)، باب: الاكفاء في الدين، و ... في الموضع السابق، و كذلك النسائي (۱۶۸/۵)، و احمد ۶۰/۲۰۲)، و الطبراني (۲۴/رقم ۸۳۴- ۸۳۵)- واخرجه مسلم في الحج (...) باب: اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض و نحوه، و النسائي في الحج (۱۶۸/۵) باب: الاشتراط في الحج، و ابن ماجه في الحج (...) باب: الشرط في الحج، و احمد (۳۳۷/۱)، و البيهقي (۲۲۱/۵) من طريق ابن جريج باسناده الذي هنا عند الدارقطني- ورواه عبد ... الجزري عن طاوس و عكرمة، به- اخرجه الطبراني (۱۲۰۴۳)- ورواه هلال بن خباب عن عكرمة عن ابن عباس ... به- اخرجه ابو داود ... الحج (۱۵۶/۲) باب: الاشتراط في الحج (۱۷۷۶)، و الترمذي في الحج (۲۷۸/۲) باب: ما جاء في الاشتراط في الحج (۹۴۱)، كلاهما عن ... بن العوام عن هلال بن خباب ... به- ورواه حبيب بن يزيد عن عمرو بن هرم عن سعيد بن جبير وعكرمة عن ابن عباس ... به- ... مسلم في الحج (۸۶۸/۲- ۸۶۹) باب: جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر المرض، و نحوه (۱۲۰۸)- و اخرجه عطاء عن ابن عباس، اخرجه مسلم في الموضع السابق- قال الترمذي: (و العمل على هذا عند بعض اهل العلم- يرون الاشتراط في الحج- و يقولون ان اشترط، فعرض له مرض او عذر، فله ان يحل ويخرج من احرامه- و هو قول الشافعي و احمد و اسحاق- و لم ير بعض اهل العلم الا... في الحج- وقالوا: ان اشترط، فليس له ان يخرج من احرامه، و يرونه كمن لم يشترط)- اه-

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سیّدہ ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔
انہوں نے کہا: میں بھاری بھرکم عورت ہوں اور میں حج کرنا چاہتی ہوں تو آپ مجھے احرام کے بارے میں کیا ہدایت کرتے ہیں؟
نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم احرام باندھ لو اور یہ شرط عائد کرو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہاں احرام کھول دوں گی۔
راوی کہتے ہیں: انہوں نے وہ حج کرلیا تھا۔

2462- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ طَاوُسًا وَعِكْرِمَةَ اَخْبَرَاهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِثْلَهُ.
یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

2463- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُنَخِّلٍ قَالَا حَدَّثَنَا مَكِّيٌّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ.
یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

2464- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُوْ عُمَرَ وَالْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ الْقُلُوْسِيُّ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ هَمَّامٍ الْخَارِكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَمَرَ ضُبَاعَةَ اَنْ تَشْتَرِطَ .
سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ضباعہ کو یہ ہدایت کی تھی (کہ وہ احرام باندھتے ہوئے) شرط عائد کریں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صلت بن محمد بن عبدالرحمٰن بصری، ابوہمام، خارکی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا۔ یہ راوی دسویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: "التقریب" از حافظ ابن حجر (۲۹۹۴)۔وفی (ط): خازکی، بالزای معجمۃ۔

2-باب الْمَوَاقِيتِ.

باب 2: مواقیت کا بیان

2465- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ .وَاَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

لِأَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ .
حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

•••———•••———•••

میقات کے احکام

میقات کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سرخسی تحریر کرتے ہیں:
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ حدیث ہم تک پہنچی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے رہنے والوں کے لیے ذوالحلیفہ کو میقات مقرر کیا ہے' اہلِ شام کے لیے جحفہ کو' اہلِ نجد کے لیے قرن کو' یمن کے رہنے والوں کے لیے یلملم کو اور عراق کے رہنے والوں کے لیے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا ہے۔

یہ روایت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول روایت میں چار مواقیت کا ذکر ہے' اس میں اہلِ عراق کے لیے ذاتِ عرق کے میقات ہونے کا تذکرہ نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے جو روایت اس بارے میں منقول ہے' اس میں تین مواقیت کا ذکر ہے۔ اس روایت میں ذاتِ عرق اور یلملم کا تذکرہ نہیں ہے۔

ان روایات میں اس بات کی دلیل موجود ہے' جو شخص مکہ جانے کے ارادے کے تحت ان مواقیت تک پہنچ جاتا ہے' اس مقام پر احرام باندھنا اس کے لیے لازم ہو جاتا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی فائدے کے بغیر اس جگہ کو میقات مقرر نہیں کیا ہوگا لہٰذا اس مقام پر پہنچنے کے بعد احرام باندھے بغیر یہاں سے گزرنا ممنوع ہوگا۔ ان مواقیت سے پہلے احرام باندھنے یا نہ باندھنے کے بارے میں گنجائش پائی جاتی ہے۔

احادیث کے ظاہری مفہوم کے حوالے سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: میقات پر احرام باندھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے تاہم ہمارے علمائے احناف اس بات کے قائل ہیں: میقات تک پہنچنے تک احرام باندھنے میں تاخیر کرنا (یعنی وہاں سے احرام باندھے بغیر گزر جانا) جائز نہیں ہے۔ اور یہ بات زیادہ فضیلت رکھتی ہے' میقات سے پہلے ہی احرام باندھ لیا جائے کیونکہ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نقل کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص مسجدِ اقصیٰ سے احرام باندھ کر حرام تک جائے' اس کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ سے بھی زیادہ ہوں اور ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے (قرآن کے یہ الفاظ) ''تم اللہ کے لیے حج اور عمرے کو مکمل کرو'' کی تفسیر میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: حج اور عمرے کو مکمل کرنے میں یہ بات بھی شامل ہے' انسان اپنے گھر سے احرام باندھ لے۔

(علامہ سرخسی نے تحریر کیا ہے:) ہم تک یہ روایت بھی پہنچی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہم نے میقات مقرر کیا ہے یہ اس شخص کے لیے ہے جو وہاں رہتا ہو اور اس شخص کے لیے بھی ہے جو اس کے دوسری جانب سے (مکہ

رف آ رہا ہو) اگرچہ وہ وہاں کا رہنے والا نہ ہو۔ جبکہ اس نے حج یا عمرے کا ارادہ کیا ہو۔

اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے' جو شخص مکہ جانے کے ارادے سے اس میقات سے گزرے گا' اس پر احرام ندھنا لازم ہوگا۔ خواہ وہ میقات والی جگہ کا رہائشی ہو یا نہ ہو۔ کیا آپ نے غور نہیں کیا کہ باہر کا رہنے والا جو شخص حرم کی حدود میں رہا ہو' جب وہ حج کا ارادہ کرے گا' تو اس کے احرام باندھنے کے لیے میقات وہ جگہ ہوگی جو اہلِ مکہ کا میقات ہے۔

امام شافعی عِشاللہ نے اس روایت کے ظاہری الفاظ کے حوالے سے یہ بات بیان کی ہے' جو شخص حج یا عمرے کے ارادے کے ساتھ مکہ جا رہا ہو وہ احرام کے بغیر میقات سے نہیں گزر سکتا' جو شخص جنگ کے ارادے سے مکہ کی طرف جا رہا ہو اس پر احرام ندھنا شرط نہیں ہوگا کیونکہ نبی اکرم ﷺ فتح مکہ کے دن احرام باندھے بغیر مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ جو شخص تجارت کے لیے یا قرض وصول کرنے کے لیے یا اسی نوعیت کے کسی اور کام کے لیے مکہ جانا چاہتا ہے' اس کے بارے میں امام شافعی عِشاللہ کے دو وال ہیں: ایک قول کے مطابق ایسے شخص پر احرام باندھنا لازم نہیں ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں: احرام باندھنا بذاتِ خود عبادت نہیں ہے بلکہ حج کے افعال کی ادائیگی کے لیے احرام باندھا جاتا ہے' اسی لیے جو شخص حج یا عمرے کا ارادہ نہیں رکھتا' اس کے حق میں حرم ا سرزمین بھی دیگر مقامات کی طرح ہوگی' لہٰذا ایسے شخص پر احرام باندھنا لازم نہیں ہوگا۔

ہمارا (یعنی احناف کا) مؤقف یہ ہے: جو بھی شخص مکہ میں جانا چاہتا ہو' اس کے لیے احرام باندھے بغیر میقات سے گزرنا ائز نہیں ہے خواہ وہ حج کے ارادے سے مکہ جانا چاہتا ہو یا جنگ کرنے کے لیے جا رہا ہو یا تجارت کرنا مقصد ہو' اس کی دلیل حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے: نبی اکرم ﷺ کے فتح مکہ کے دن خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی تھی:

''اللہ تعالیٰ نے مکہ کو اس وقت حرم مقرر کیا تھا جب اس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا تھا۔ مجھ سے پہلے اور میرے بعد کسی بھی شخص کے لیے یہاں جنگ کرنا جائز نہیں ہے اور میرے لیے بھی صرف ایک مخصوص وقت کے لیے مکہ میں جنگ کرنا جائز ہوا تھا' اب اس کے بعد قیامت تک کے لیے مکہ میں جنگ کرنا حرام قرار دے دیا گیا ہے''۔

اس روایت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' نبی اکرم ﷺ کو مکہ میں جنگ کرنے کی اجازت حاصل ہوئی تھی اور یہ وقت کے ایک مخصوص حصے تک کے لیے تھی جیسا کہ آپ نے خود یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میرے لیے ایک مخصوص وقت کے لیے یہاں قتال کرنا حلال ہوا ہے۔

اب نبی اکرم ﷺ کے بعد کسی کے لیے بھی یہ بات حلال نہیں ہے اور اس حدیث سے یہ بات پتہ چل جاتی ہے' جنگ کرنے کے لیے احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہونا نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت تھی اور یہ خصوصیت اسی وقت ظاہر ہوسکتی ہے' جب دوسرے کے لیے یہ حکم ہو کہ وہ احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہو ہی نہیں سکتا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: میں احرام کے بغیر میقات میں داخل ہو گیا ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم میقات تک واپس جاؤ اور وہاں سے احرام باندھو' ورنہ تمہارا حج ٹھیک نہیں ہوگا' کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' کوئی بھی شخص احرام باندھے بغیر

میقات سے نہ گزرے۔

اس کی وجہ یہ ہے: جو بھی شخص حج یا عمرے کے ارادے کے تحت مکہ میں داخل ہونا چاہتا ہے اس پر لازم ہے وہ اس سرز
کے عزت اور شرف کے اظہار کے لیے احرام باندھ لے۔ اس حوالے سے حج کے افعال ادا کرنا یا نہ کرنا برابر کی حیثیت رکھ
ہوں گے اس لیے جو شخص مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ کرتا ہے اس پر یہ بات لازم ہے وہ میقات سے ہی احرام باندھ لے ال
جو شخص میقات کے اندر کے علاقے میں (یعنی جو مکہ کی سمت میں ہو) رہائش پذیر ہو وہ اپنے کسی ذاتی کام کے تحت احرا
باندھے بغیر مکہ شہر میں داخل ہو سکتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک قول کے مطابق یہ بھی جائز نہیں ہے۔

ہماری دلیل وہ روایت ہے جس میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لکڑیاں چننے والوں
اس بات کی اجازت دی تھی کہ وہ احرام باندھے بغیر مکہ میں داخل ہو سکتے ہیں۔

اور ظاہری طور پر بھی یہ بات ہے یہ لوگ میقات کے باہر سے اندر نہیں آتے ہیں اس سے یہ لازم ہوگا کہ جو لوگ میقا
کے اندر رہتے ہیں وہ احرام کے بغیر مکہ جا سکتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے اور مدینہ منورہ جانے کے لیے نکلے جب آپ بیداء
مقام پر پہنچے تو آپ کو اطلاع ملی کہ مدینہ منورہ کے حالات ٹھیک نہیں ہیں تو آپ احرام باندھے بغیر واپس مکہ چلے گئے تھے۔

اس کی وجہ یہی ہے جو شخص میقات کے اندر رہتا ہے وہ اہل مکہ کی مانند ہوگا کیونکہ اسے مکہ میں آنے جانے کی ضرور
پیش آتی رہے گی اس کی ضروریات مکہ کے رہنے والوں سے متعلق ہوں گی تو جس طرح مکہ کے رہنے والوں کے لیے یہ با
جائز ہے وہ اپنی ضروریات کے پیش نظر مکہ سے باہر جا سکتے ہیں اور پھر احرام باندھے بغیر مکہ میں آ سکتے ہیں تو اسی طرح اہ
میقات کے لیے بھی یہ بات جائز ہوگی۔

اگر ہم یہ کہیں کہ ہر وقت ان پر احرام باندھنا لازم ہے تو یہ واضح طور پر ضرر ہوگا۔[1]

2466- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ مِثْلَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

---

[1] المبسوط از شیخ ابوبکر سہیل بن احمد سرخسی، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت

۲٤٦٥- اخرجه ابو يعلى (٤/١٥٦-١٥٧) (٢٢٢٢)، و الطحاوي في (المعاني) (٢/١١٩)، و البيهقي في الكبرى (٥/٢٨)، من طريق حجاج ارطاة...... به- وقال الهيثمي في (المجمع) (٢/٢١٩): (اخرجه احمد، و فيه الحجاج بن ارطاة، و فيه كلام و قد وثق)- اه- و رواه ابن جر اخبرني ابو الزبير انه سمع جابر بن عبد الله...... به مرفوعاً- اخرجه مسلم في الحج (٢/٨٤٠-٨٤١) باب: مواقيت الحج و العمرة (١١٨٢) و الطحاوي في (شرح المعاني) في الحج (٢/١١٨، ١١٩) باب: المواقيت، و ابن خزيمة (٤/١٥٩-١٦٠)، و احمد (٢/٢٣٢)، و الشافعي (١/٢٩٠) الباب الثاني: في مواقيت الحج و العمرة الزمانية و المكانية (٧٥٦) به مطولاً- و رواه ابراهيم بن يزيد الخوزي عن ابي الزبير...... وزاد فيه: (ثم اقبل بوجهه للافق، ثم قال: (اللهم اقبل قلوبهم)- اه- و الخوزي ضعيف: كما سبق- و من ثم قال الهيثمي (الزوائد) (٢/١١-١٢): (هذا اسناد ضعيف......)، و اعله بالخوزي- و رواه ابن لهيعة عن ابي الزبير عن جابر، به- اخرجه احمد (٢/٣٣٦) البيهقي (٥/٢٧)- و ابن لهيعة ضعيف-

۲٤٦٦- قال الزيلعي في (نصب الراية) (٣/١٤): (و الحجاج غير محتج به)- اه-

2467-اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهُ وَقَّتَ لاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ .

عمرو بن شعیب اپنے والد اور دادا کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ذاتِ عرق کو اہلِ عراق کے لئے میقات مقرر کیا تھا۔

2468- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ وَّاَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ.

وَعَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالاَ وَقَّتَ رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - .وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَقَالَ لاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ .

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

جس میں یہ الفاظ ہیں: نبی اکرم ﷺ نے (اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے اور یہ کہا ہے:) اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

2469- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُو هَاشِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَقَّتَ لاَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَلاَهْلِ الشَّامِ وَمِصْرَ الْجُحْفَةَ وَلاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ .

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم نے اہلِ مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو' اہلِ یمن کے لئے یلملم کو' اہلِ شام اور اہلِ مصر کے لئے جحفہ کو اور اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو میقات مقرر کیا تھا۔

2470- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا اَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ السَّهْمِيُّ حَدَّثَنِي زُرَارَةُ بْنُ كُرَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو السَّهْمِيُّ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ بِمِنًى .وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ وَوَقَّتَ لاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ اَنْ يُهِلُّوا مِنْهَا وَذَاتَ عِرْقٍ لاَهْلِ الْعِرَاقِ .

حضرت حارث بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اُس وقت منیٰ میں موجود تھے۔ (اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے جس میں یہ بیان کیا ہے:) آپ نے اہلِ یمن کے لئے یلملم کو میقات

۲۴۶۹- اخرجه ابو داود في الحج (۲/ ۲۵٤-۲۵۵) باب: في المواقيت (۱۷۳۹)' و النسائي في المناسك (۵/ ۱۳۵) باب: ميقات اهل العراق' و الطحاوي في المعاني (۲/ ۱۱۸) باب: المواقيت' و البيهقي في الكبرى (۵/ ۲۸) باب: ميقات اهل العراق' و ابن عدي في الكامل (۱/ ٤۱۷)' من طريق افلح بن حميد' به-قال ابن عدي: [illegible] لنا ابن صاعد: كان احمد بن حنبل ينكر هذا الحديث- مع غيره- على افلح بن حميد)- قال ابن عدي: (وانكار احمد على افلح في هذا الحديث قوله: (ولاهل العراق ذات عرق)' و لم ينكر الباقي من اسناده و متنه)- اه-

۲۴۷۰- اخرجه ابو داود في الحج (۲/ ۲۵٦- ۲۵۷) باب: في المواقيت (۱۷٤۲)' و البيهقي في الحج (۵/ ۲۸) باب: ميقات اهل العراق' من طريق زرارة بن كريم ...... به-

مقرر کیا کہ وہ لوگ وہاں سے احرام باندھیں گے اور اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو (میقات مقرر کیا۔)

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ زرارۃ بن کریم بن حارث سہمی باھلی، لہ رویۃ، وذکرہ ابن حبان فی ثقات تابعین۔ ان کے مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۲۰۲۱)۔

2471- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ وَّاَبُوْ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُسْاَلُ عَنِ الْمُهَلِّ فَقَالَ سَمِعْتُ ثُمَّ انْتَهٰى اُرَاهُ يُرِيْدُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَقُوْلُ مُهَلُّ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِى الْحُلَيْفَةِ وَالطَّرِيْقُ الْاُخْرٰى مِنَ الْجُحْفَةِ وَمُهَلُّ اَهْلِ الْعِرَاقِ مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ وَّمُهَلُّ اَهْلِ نَجْدٍ مِّنْ قَرْنٍ وَّمُهَلُّ اَهْلِ الْيَمَنِ مِنْ يَّلَمْلَمَ.

ابوزبیر بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو سنا' ان سے احرام باندھنے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات بیان کی: اہلِ مدینہ کے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے' جبکہ دوسرے راستے سے جحفہ ہے۔ اہلِ عراق کی مخصوص جگہ ذاتِ عرق ہے۔ اہلِ نجد کی مخصوص جگہ قرن ہے۔ اور اہلِ یمن کے احرام باندھنے کی جگہ یلملم ہے۔

2472- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ رَفَعَاهُ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَنَّهٗ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا- قَالَ ابْنُ طَاوُسٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ- وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ- اَوْ قَالَ اَلَمْلَمَ- قَالَ فَهِيَ لَهُمْ وَلِمَنْ اَتٰى عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْرِهِمْ مِمَّنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ- وَقَالَ عَمْرٌو مِنْ اَهْلِهٖ وَقَالَ ابْنُ طَاوُسٍ مِّنْ حَيْثُ اَنْشَاَ- كَذٰلِكَ فَكَذٰلِكَ حَتّٰى اَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا .تَابَعَهٗ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَّغَيْرُ وَاحِدٍ وَّخَالَفَهُمْ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ فَاَسْنَدَهٗ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو اہلِ شام کے لئے جحفہ کو' اہلِ نجد کے لئے قرن کو (ایک روایت میں لفظ قرن المنازل منقول ہے۔) اہلِ یمن کے لئے یلملم کو (ایک روایت میں لفظ الملم منقول ہے۔) میقات مقرر کیا ہے۔ یہ ان علاقوں اور ان کے دوسری طرف سے آنے والوں کے لئے ہے۔ جو شخص حج یا عمرہ کا ارادہ رکھتا ہو' لیکن جو ان جگہوں کے (مکہ کی طرف والے حصے) میں رہتا ہو (ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:) وہ اپنے گھر سے احرام باندھے گا (اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:)

۲۴۷۲- اخرجہ البخاری فی الحج (۴/۲۸۷- ۳۰۸) باب: مہل اہل الشام (۱۵۲۶) و مسلم فی الحج (۲/۸۳۸) باب: مواقیت الحج و العمرۃ (۱۱۸۱) و ابو داود فی الحج (۱۷۳۸) و النسائی فی المناسک (۵/۱۲۲- ۱۲۴) و ابن خزیمۃ فی الحج (۴/۱۵۸- ۱۵۹) و البیہقی فی الکبریٰ (۵/۲۹) من طرق عن طاوس بہ۔

ں سے چاہے احرام باندھ لے۔ یہاں تک کہ اہلِ مکہ بھی مکہ ہی میں احرام باندھ لیں گے۔

2473- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ مَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2474- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ دَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ رٍ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اَتَانِىْ جِبْرِيْلُ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اٰمُرَ حَابِىْ اَنْ يَّرْفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ بِالْاِهْلَالِ . لَفْظُهُمَا سَوَاءٌ.

خلاد بن سائب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: جبریل میرے پاس آئے اور ں نے مجھ سے کہا: میں اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کروں کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھیں۔

2475- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَكَرِيَّا التَّمَّارُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِيُّ قَالَ سَمِعْتُ صَالِحَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ بِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَاَلَ اللّٰهَ تَعَالٰى مَغْفِرَتَهُ وَرِضْوَانَهُ وَاسْتَعَاذَ بِرَحْمَتِهِ مِنَ ارِ .قَالَ صَالِحٌ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يَقُوْلُ كَانَ يُسْتَحَبُّ لِلرَّجُلِ اِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ اَنْ يُّصَلِّىَ عَلٰى بِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-

عمارہ بن خزیمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ تلبیہ پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے اللہ تعالیٰ ے مغفرت اور رضامندی کے حصول کی دعا مانگی اور جہنم سے اس کی رحمت کی پناہ مانگی۔

قاسم بن محمد کہتے ہیں: آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ تلبیہ پڑھ کر فارغ ہونے کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ صالح بن محمد بن زائدۃ مدنی ابوواقد لیثی صغیر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۹۰۱)۔

۲۴۷۴- اخرجه مالك في الحج (۱/۳۳٤) باب: رفع الصوت بالاهلال (۳٤)' و ابو داود في الحج (۲/٤۰۵) باب: كيف التلبية؟ (۱۸۱٤)' و نسائي في المناسك (۵/۱٦۲) باب: رفع الصوت بالاهلال' و الترمذي في الحج (۲/۱۹۱) باب: ما جاء في رفع الصوت بالتلبية (۸۲۹)' و ابن ماجه في المناسك (۲/۹۷۵) باب: رفع الصوت بالتلبية (۲۹۲۲)' و الحاكم (۱/٤۵۰)' و ابن خزيمة (۲٦۲۵' ۲٦۲۷)' و ابن حبان (۳۸۰۲)' من طريق عبد الله بن ابي بكر...... به' و صححه الترمذي و ابن خزيمة و ابن حبان و الحاكم -وله شاهد من حديث ابي هريرة: اخرجه الحاكم (۱/٤۵۰)' وابن خزيمة (۲٦۳۰)' و البيهقي (۵/٤۲)' و احمد (۲/۳۲۵)-

۲۴۷۵- اخرجه الشافعي في (الام) (۲/۱۵٦)' و البيهقي في الكبرى (۵/٤٦)' و المعرفة (۷/۱۲۷) باب: ما يستحب من القول في اثر التلبية (۹۵۸۰' ۹۵۸۱) عن صالح...... به- و صالح ضعيف-

○ عمارة بن خزیمہ بن ثابت انصاری اوسی، ابوعبداللہ، او ابومحمد، مدنی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۸۷۸)۔

2476- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَيْلَانَ وَالْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا إِسْمَاعِيلَ قَالُوْا حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أَفْرَدَ الْحَجَّ.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ أَبِي عَلْقَمَةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حج افراد کیا تھا۔

2477-حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا صَلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَهْلَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِالْحَجِّ مُفْرَدًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج افراد کا احرام باندھا تھا۔

2478-وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اسْتَعْمَلَ عَتَّابَ بْنَ أَسِيدٍ عَلَى الْحَجِّ فَأَفْرَدَ ثُمَّ اسْتَعْمَلَ أَبَا بَكْرٍ سَنَةَ تِسْعٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) سَنَةَ عَشْرٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَاسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ فَبَعَثَ عُمَرَ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ أَبُوْ بَكْرٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ وَتُوُفِّيَ أَبُوْ بَكْرٍ وَاسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَبَعَثَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حَجَّ عُمَرُ سِنِيهِ كُلَّهَا فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ تُوُفِّيَ عُمَرُ وَاسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ ثُمَّ حُصِرَ عُثْمَانُ فَأَقَامَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ لِلنَّاسِ فَأَفْرَدَ الْحَجَّ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے پہلے حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ کو امیرالحج مقرر کیا تو انہوں نے حج افراد کیا۔ پھر 9 ہجری میں آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیرالحج مقرر کیا تو انہوں نے بھی حج افراد کیا۔

۲۴۷۶- اخرجه البخاري في الحج (۳/ ۴۲۱) باب: التمتع والقران والافراد بالحج (۱۵۶)، و مسلم في الحج (۲/ ۸۷۳) باب: بيان وجوه الاحرام (۱۲۱۱)، و ابو داود في الحج (۲/ ۳۸۱) باب: في افراد الحج (۱۷۷۹)، و النسائي في المناسك (۵/ ۱۴۵) باب: افراد الحج، و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۹۸) باب: العمرة من التنعيم (۳۰۰۰)، منطرق عن عروة، به- و اخرجه القاسم عن عائشة، به- اخرجه مسلم في (۲/ ۸۷۵) باب: بيان وجوه الاحرام (۱۲۱۱)، و ابو داود في الحج (۲/ ۳۷۹) باب: في افراد الحج (۱۷۷۷)، و الترمذي في الحج (۳/ ۱۸۳) باب: ما جاء في افراد الحج (۸۲۰)، و النسائي في المناسك (۵/ ۱۴۵) باب: افراد الحج، و ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۸۸) باب: الافراد في الحج-

۲۴۷۷- اخرجه احمد في مسنده (۲/ ۹۷) عن اسماعيل بن محمد، ثنا عباد بن عباد ... به-واخرجه مسلم في الحج (۲/ ۹۰۴-۹۰۵) باب: الافراد و القران بالحج و العمرة (۱۲۳۱) عن يحيى بن ايوب، حدثنا عباد بن عباد، به- و اخرجه مسلم عن عبد الله بن عون الهلالي، عباد بن عباد باسناده بلفظ: (ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل بالحج مفردا)- اه-

۲۴۷۸- اخرجه الترمذي في الحج (۳/ ۱۸۳) باب: ما جاء في افراد الحج (۸۲۰) عن قتيبة عن عبد الله بن نافع الصائغ، بنحوه مختصرا- عنده (عبد الله بن عمر عن نافع) بدلا من (عبيد الله عن نافع) مصغرا- و راجع: تحفة الاشراف للمزي (۶/ ۱۰۸) (۷۷۳۲)- الترمذي: (وقال الثوري: ان افردت الحج فحسن، و ان قرنت فحسن، و ان تمتعت فحسن- وقال الشافعي مثله- وقال: احب الينا الافراد ثم التمتع ثم القران)- اه-

10 ہجری میں نبی اکرم ﷺ نے خود حج کیا تو آپ نے بھی حجِ افراد کیا۔
آپ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو (امیرالحج بنا کر) بھیجا تو انہوں نے بھی حجِ افراد کیا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خود حج کیا تو انہوں نے بھی حجِ افراد کیا۔
پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا تو ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے' انہوں نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو (امیرالحج بنا کر) بھیجا تو انہوں نے بھی حجِ افراد کیا۔ پھر اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کئی مرتبہ حج کیا اور ہمیشہ حجِ افراد کیا۔
پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے بھی حجِ افراد کیا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو محصور کردیا گیا تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حج میں لوگوں کی قیادت کا فریضہ سرانجام دیا۔ انہوں نے بھی حجِ افراد کیا۔

•••——•••——•••

حجِ قران کا حکم

حجِ قران کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:
ہمارے نزدیک حجِ تمتع اور حجِ افراد کے مقابلے میں حجِ قران زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ حجِ قران کا طریقہ یہ ہے: آدمی حج اور عمرے دونوں کا احرام ایک ساتھ میقات سے باندھے اور نماز پڑھنے کے بعد یہ کہے کہ اے اللہ! میں جو حج اور عمرہ (ایک ساتھ کرنے) کا ارادہ کرتا ہوں تو ان دونوں کو میرے لیے آسان کردے اور ان دونوں کو میری طرف سے قبول کرلے!
جب آدمی مکہ میں داخل ہو تو سب سے پہلے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کرلے' جن میں سے پہلے تین چکروں میں رمل کرے' اسکے بعد صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے' یہ افعال عمرے کے افعال شمار ہوں گے' پھر سعی کر لینے کے بعد طواف کرے اور پھر صفا و مروہ کی سعی کرے جیسا کہ ہم نے حجِ مفرد میں یہ بات بیان کی ہے' پھر جب قربانی کے دن وہ جمرات کو کنکریاں مارے تو ایک بکری یا گائے یا اونٹ یا اس کا ساتواں حصہ قربان کرے تو یہ حجِ قران کا خون ہوگا۔
اگر اس کے پاس ایسا جانور نہ ہو جس کو وہ ذبح کرسکتا ہو' تو وہ حج کے دنوں میں تین دن روزہ رکھے گا' جن میں سے آخری دن عرفہ کا ہوگا' اگر وہ یہ روزے نہیں رکھ پاتا یہاں تک کہ قربانی کا دن آجاتا ہے تو اب اس کے لیے دم دینا لازم ہوگا' اس کے بعد جب وہ اپنے گھر چلا جائے گا' تو وہاں سات دن روزے رکھے گا' اگر وہ حج سے فارغ ہونے کے بعد مکہ میں ہی روزے رکھ لیتا ہے تو یہ بھی جائز ہے۔
اگر حجِ قران کرنے والا شخص مکہ میں داخل نہیں ہوتا بلکہ سیدھا عرفات چلا جاتا ہے تو اب وقوفِ عرفات کی وجہ سے گویا اس نے اپنے عمرے کو ترک کردیا تو ایسے شخص سے حجِ قران کا دم باطل ہوجائے گا اور عمرے کو ترک کرنے کا دم اس پر لازم ہوگا اور اس عمرے کی قضاء بھی اس پر لازم ہوگی۔

مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص 150

اسی مسئلے کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

تمتع اور افراد کے مقابلے میں قران زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں. افراد زیادہ فضیلت رکھتا ہے' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قران کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے' کیونکہ اس کا ذکر قرآن میں ہے۔ قرآن میں حج قران کا ذکر نہیں ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''حج قران'' ایک اجازت ہے''۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے' حج افراد کرنے میں زیادہ مرتبہ تلبیہ پڑھنا پڑتا ہے' زیادہ سفر کیا جاتا ہے اور زیادہ مرتبہ سر منڈوایا جاتا ہے۔

ہماری دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''اے محمد کے گھر والو! تم لوگ حج اور عمرہ ایک ساتھ کرنے کا احرام باندھو''۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے' یہاں اس صورت میں دو عبادتیں ایک ساتھ جمع ہو جاتی ہیں اور یہ بالکل اسی طرح ہو گا جیسے آدمی اعتکاف کرنے کے ساتھ روزہ بھی رکھ لے یا جس طرح آدمی اللہ کی راہ میں پہرہ دینے کے ساتھ نوافل بھی ادا کر لے۔[1]

حج تمتع کی وضاحت کرتے ہوئے امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

ہمارے نزدیک حج افراد کرنے کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

حج تمتع کی دو قسمیں ہیں' ایک یہ کہ حج تمتع کرنے والا شخص قربانی کا جانور ساتھ لے کر جائے' ایک یہ کہ حج تمتع کرنے والے کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو۔

حج تمتع کا طریقہ یہ ہے: آدمی میقات سے آغاز کرے گا اور عمرے کا احرام باندھے گا' پھر وہ مکہ میں داخل ہو کر وہاں طواف کرے گا سعی کرے گا' سر منڈوالے گا یا بال چھوٹے کروالے گا اور عمرے کا احرام کھول دے گا۔ جب وہ طواف کے ذریعے آغاز کرے گا' تو تلبیہ پڑھنا ترک کر دے گا اور مکہ میں قیام کے دوران حالت احرام کے بغیر رہے گا۔ پھر جب ترویہ کا دن آئے گا' تو وہ مسجد سے حج کا احرام باندھ لے گا اور وہ تمام افعال سرانجام دے گا' جو حج افراد کرنے والے لوگ سرانجام دیتے ہیں اس پر حج تمتع کی وجہ سے دَم دینا لازم ہو گا' اگر اسے دَم دینے کے لیے جانور نہیں ملتا تو وہ حج کے ایام میں تین دن روزے رکھے گا اور واپس (گھر پہنچ کر) سات روزے رکھے گا۔[2]

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کی وضاحت کرتے ہوئے مختصر القدوری کے شارح امام ابوبکر بن علی بن الحداد رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں:

صحیح روایت یہ ہے: (احناف کے نزدیک) حج افراد کے مقابلے میں حج تمتع زیادہ فضیلت رکھتا ہے' تاہم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] الهدایہ شرح بدایۃ المبتدی از امام ابوالحسن علی بن ابوبکر الفرغانی' ج 1 ص 153

[2] مختصر القدوری' از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ موسسۃ الریان' بیروت' لبنان' ص 152

ہے ایک روایت یہ بھی منقول ہے' حج افراد زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے: حج تمتع کرنے والے شخص کا سفر عمرے کے لیے ہے' اس کی دلیل یہ ہے: جب وہ عمرہ کر کے فارغ ہو جاتا ہے تو میقات کے حوالے سے وہ شخص ''مکی'' شمار ہوتا ہے کیونکہ وہ حالت احرام کے بغیر مکہ میں قیام پذیر ہے' پھر اس کے بعد وہ مسجد حرام سے حج کے لیے احرام باندھتا ہے جبکہ حج افراد کرنے والے شخص کا سفر حج کے لیے ہوتا ہے اور حج کرنا فرض ہے جبکہ عمرہ کرنا سنت ہے تو وہ سفر جو کسی فرض کی ادائیگی کے لیے ہو وہ اس سفر سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے' جو کسی سنت کام کی ادائیگی کے لیے ہو۔

پہلے قول کی وجہ یہ ہے: حج تمتع کے اندر دو عبادات کو جمع کرنے کی صورت پائی جاتی ہے۔ اس حوالے سے یہ حج قران کے مشابہہ ہے پھر اس میں ایک قربانی زیادہ پائی جاتی ہے' پھر یہ کہ آدمی کا سفر حج کے لیے ہی ہے' صرف عمرے کی وجہ سے درمیان میں خلل آتا ہے (یعنی درمیان میں وقفہ آتا ہے) کیونکہ یہ عمرہ حج کے تابع ہوتا ہے تو اس کی مثال اسی طرح ہوگی جیسے آدمی جمعے کے فرض سے پہلے سنتیں ادا کر لیتا ہے۔

2479 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَصِينٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ حَجَجْتُ مَعَ اَبِىْ بَكْرٍ فَجَرَّدَ وَمَعَ عُمَرَ فَجَرَّدَ وَمَعَ عُثْمَانَ فَجَرَّدَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا ہے' انہوں نے حج افراد کیا تھا۔

2480 - حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ مُحْرِمٌ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَهُوَ صَائِمٌ مُحْرِمٌ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالتِ احرام میں پچھنے لگوائے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ اور مدینہ کے درمیان (یعنی سفر کے دوران) پچھنے لگوائے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت روزے کی حالت میں بھی تھے اور احرام کی حالت میں بھی تھے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبداللہ بن عثمان بن خثیم قاری مکی ابوعثمان' علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے

الجوہرۃ النیرۃ' از ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الزبیدی' مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ' بیروت' ج 1 ص 395

۲۶۷- اخرجه البیهقي في السنن (۵/۵) من طریق الدارقطني به-

پانچویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۱/۴۳۲) وفی (ط): خیثم۔

2481 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ إِسْحَاقَ قَالَ فَحَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ فِي الْمَوْقِفِ مِنْ جَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ جِئْتُكَ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ أَكْلَلْتُ مَطِيَّتِي وَأَتْعَبْتُ نَفْسِي وَاللَّهِ إِنْ تَرَكْتُ مِنْ حَبْلٍ إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ صَلَّى مَعَنَا صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِجَمْعٍ وَقَدْ أَتَى عَرَفَاتٍ قَبْلَ ذَلِكَ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ قَضَى تَفَثَهُ وَتَمَّ حَجُّهُ

☆☆ حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس وقت آپ مزدلفہ میں پڑاؤ کیا ہوا تھا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں طے کے دو پہاڑوں سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں' میں نے اپنی سواری کو بھی تھکا دیا ہے اور اپنے آپ کو بھی تھکا دیا ہے' اللہ کی قسم! میں نے ہر پہاڑ کے پاس پڑاؤ کیا ہے تو کیا میرا حج ہو جائے گا' اے اللہ کے رسول! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہمارے ساتھ مزدلفہ میں صبح کی نماز ادا کی اور جو اس سے پہلے رات کے وقت یا دن کے وقت عرفات تک پہنچ گیا' تو اس نے اپنی نذر کو پورا کر لیا اور اس کا حج مکمل ہو گیا۔

•••——•••——•••

عرفات میں وقوف کا حکم

عرفات میں وقوف کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے مصر کے مشہور محقق شیخ عبدالرحمٰن الجزیری تحریر کرتے ہیں:

حج کا چوتھا رکن عرفات میں وقوف کرنا ہے' خواہ وہ بیداری کی حالت میں ہو یا نیند کی حالت میں ہو' بیٹھ کر ہو یا کھڑے ہو' آدمی وہاں ٹھہر جائے یا وہاں سے گزر جائے' اس بات پر سب کا اتفاق پایا جاتا ہے' تاہم اس کے صحیح ہونے کی شرائط یا بارے میں مسنون اُمور کے بارے میں فقہاء کا اختلاف پایا جاتا ہے۔

(اس کے بعد شیخ عبدالرحمٰن الجزیری نے مذاہب اربعہ کے حوالے اس اختلاف کی وضاحت کی ہے' اس میں احناف کا موقف یہ ہے:)

احناف کے نزدیک عرفات میں وقوف کرنے کے لیے ایک چیز شرط ہے' اس میں کچھ چیزیں واجب ہیں اور کچھ سنت ہیں۔

وقوف عرفات کے لیے شرط یہ ہے: شریعت کی طرف سے مخصوص شدہ مقرر وقت کے اندر ہونا چاہیے اور وہ وقت نو ذوالحجہ

۲۴۸۱- اخرجه الطبراني في الاوسط (۳۰۲۴) من رواية عبد الله بن بزيع عن صدقة بن ابي عمران عن اسماعيل بن ابي خالد به- قال (لم يروه عن صدقة بن ابي عمران الا عبد الله ابن بزيع)- اه- واخرجه ابو داود في المناسك (۲/۱۹۶) باب: من لم يدرك عرفة (۱۹۵۰) و الترمذي في الصحيح (۳/۲۲۹، ۸۹۱) باب: ما جاء فيمن ادرك الامام بجمع فقد ادرك الحج (۸۹۱) و النسائي في المناسك (۵/۲۶۴) باب: فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بمزدلفة و ابن ماجه في المناسك (۲/۱۰۰۴) باب: من اتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع (۳۰۱۶) و احمد (۴/۲۶۱) و الطيالسي و من طريقه البيهقي في (المعرفة) (۷/۲۷۵) باب: ادراك الحج بادراك عرفة (۱۰۲۹۲) و البيهقي في الكبرى (۵/۱۷۳) من طريق عامر الشعبي به-

کے دن سورج کے ڈھل جانے کے بعد سے لے کر قربانی کے دن صبح صادق تک کا وقت ہے اس بارے میں نیت شرط نہیں ہے عقل کا ٹھیک ہونا شرط نہیں ہے جو شخص ان اوقات کے درمیان عرفات تک پہنچ جاتا ہے اس کا حج ہو جاتا ہے خواہ اس نے حج کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو خواہ وہ یہ جانتا ہو کہ وہ اس وقت عرفات میں موجود ہے یا اس بات سے واقف نہ ہو خواہ وہ اس وقت جنون یا بے ہوشی کے عالم میں ہو خواہ وہ اس وقت سو رہا ہو یا بیدار ہو۔

واجب یہ ہے: اگر کوئی شخص دوپہر کے وقت پہنچ جاتا ہے تو وہ سورج کے غروب ہونے تک وہاں ٹھہرا رہے اگر وہ رات کے وقت وہاں پہنچتا ہے تو اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہوگا۔

اگر کوئی شخص دن کے وقت عرفات پہنچ کر وقوف کر لیتا ہے اور سورج کے غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نکل جاتا ہے تو اس پر دَم دینا لازم ہوگا۔

عرفات میں وقوف کرنے کی سنتیں یہ ہیں: (اس سے پہلے) غسل کرنا' امام کا دو خطبے دینا' نماز کے باب میں جو شرائط ہم نے ذکر کی ہیں' ان کا خیال رکھتے ہوئے ظہر اور عصر کی نماز کو ایک ساتھ ادا کرنا' اس کے بعد وہاں وقوف کرے' اس دن روزہ نہ رکھنا' باوضو رہنا' سواری پر موجود رہنا' حاکم وقت کے پیچھے بلکہ جہاں تک ممکن ہو اس کے قریب رہنا' ذہنی طور پر متوجہ ہونا اور یہ بات بھی سنت ہے' آدمی سیاہ پتھر کی چٹان کے قریب ٹھہرے' یہ وہ جگہ ہے جہاں نبی اکرم ﷺ نے وقوف کیا تھا' اگر وہاں پہ وقوف کرنا مشکل ہو تو یہ کوشش کرے کہ جہاں تک ممکن ہو اس جگہ کے قریب رہے' یہ بھی سنت ہے' آدمی اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتے ہوئے دعا کرے اور ٹھہرنے کی جگہ پر تلبیہ پڑھے' اپنے لیے' اپنے والدین کے لیے اور تمام مسلمانوں کی مغفرت کے لیے بکثرت دعا کرے' خشوع خضوع اور خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء پڑھتا رہے' نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتا رہے اور سورج کے غروب ہونے تک اپنی حاجات کے حوالے سے دعائیں کرتا رہے' دعا کے حوالے سے کوئی مخصوص الفاظ کی پابندی نہیں ہے[1]

2482- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِیُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِیَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ لِی مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلَاةَ ثُمَّ وَقَفَ مَعَنَا حَتّٰى نُفِيضَ وَقَدْ اَفَاضَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضٰى تَفَثَهُ . قَالَ الشَّعْبِیُّ مَنْ لَمْ يَقِفْ بِجَمْعٍ جَعَلَهَا عُمْرَةً.

☆☆ حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ ﷺ اس وقت مزدلفہ میں تھے' میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میرا حج ہو گیا؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہمارے ساتھ یہ نماز ادا

[1] الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمٰن الجزیری

٢٤٨٢- رواية سفيان لهذه عند النسائي في الموضع السابق في الذي قبله-

کر لے اور ہمارے ساتھ اس وقت تک ٹھہرا رہے جب تک ہم روانہ نہ ہو جائیں یا جو شخص رات کے وقت یا دن کے وقت ا
سے پہلے عرفات سے روانہ ہو جائے اس کا حج مکمل ہو جائے گا اور اس نے اپنی نذر کو پورا کر لیا۔
امام شافعی بیان کرتے ہیں: جو شخص مزدلفہ میں وقوف نہیں کر پاتا وہ اسے عمرہ بنالے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی، صحابی نزل کوفۃ، (اور ایک قول کے مطابق): ان کا انتقال خراسان میں ہوا۔ "التقریب" ا
حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۰۷۴)۔

2483 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَعْمَرَ الدِّيلِيُّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَهُوَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْحَجُّ قَالَ الْحَجُّ عَرَفَةُ الْحَجُّ عَرَفَةُ مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فِيْ يَوْمِ النَّحْرِ فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ اَيَّامُ مِنًى ثَلَاثَةٌ مَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ ۔

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ اس وقت عرفہ میں پڑاؤ کیا ہوا تھا آپ ﷺ کی خدمت میں نجد سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حاضر ہوئے انہوں نے عر کیا: یارسول اللہ! حج کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حج عرفہ (میں وقوف کا نام ہے) جو شخص قربانی کے دن صبح صادق ہونے سے پہلے عرفہ پہنچ جائے اس کا حج پورا ہو گیا منیٰ کے ایام تین ہیں لیکن جو شخص دو دن بعد جلدی چلا جائے تو اسے کوئی گ نہیں ہو گا اور جو شخص بعد میں (یعنی تیسرے دن بھی) ٹھہرا رہے اسے بھی کوئی گناہ نہیں ہو گا۔

2484 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا اِسْمَاعِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ الدِّيْلِيِّ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2485 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَوْنٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ

۲۴۸۳- اخرجه ابو داود في المناسك (۲/۴۸۵-۴۸۶) باب: من لم يدرك عرفة (۱۹۴۹) و الترمذي في الحج (۲/۲۳۷) باب: ما جاء فيم ادرك الامام بجمع فقد ادرك الحج (۸۹۰) والنسائي في المناسك (۵/۲۶۴-۲۶۵) باب فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الامام بالمزدلفة و ابن ماجه في المناسك (۲/۱۰۰۳) باب: من اتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع (۳۰۱۵) و ابن خزيمة (۲۸۲۲) و ابن حبان (۳۸۹۲) والطحاوي (شرح المعاني) (۲/۲۰۹-۲۱۰) و الحاكم (۱/۴۶۴) و البيهقي في الكبرى (۵/۱۵۲، ۱۷۳) و في (المعرفة) (۷/۳۷۴) باب: ادرك الحج بادراك عرفة (۱۰۳۹۰) من طرق عن سفيان الثوري به-

۲۴۸۴- اخرجه الدارمي (۲/۵۹) و احمد (۴/۳۰۹، ۳۱۰) و الطيالسي في (المسند) (۱۳۰۹، ۱۳۱۰) و الطحاوي في المعاني (۲/۲۱۰) والحاكم (۲/۲۷۸) والبيهقي في الكبرى (۵/۷۳) من طرق عن شعبة باسناده- و صححه الحاكم على شرط الشيخين-

۲۴۸۵- قال الزيلعي في (نصب الراية) (۳/۹۲): (وكذلك اخرجه ابن عدي في (الكامل) و اعله بمحمد بن عبد الرحمن بن ابي ليلى و ضعفه عن جماعة من غير توثيق)- اه-

جُبَیْرٍ حَدَّثَنَا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ اَبُوْ هَاشِمٍ الْفَرَّاءُ الْوَاسِطِیُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَطَاءٍ وَّنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ وَقَفَ بِعَرَفَاتٍ بِلَیْلٍ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ وَمَنْ فَاتَهُ عَرَفَاتٌ بِلَیْلٍ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْیُحِلَّ بِعُمْرَةٍ وَّعَلَیْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ . رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ ضَعِیْفٌ وَّلَمْ یَاْتِ بِهٖ غَیْرُهٗ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص رات کے وقت عرفات میں وقوف کرے اس نے حج کو پالیا اور جو شخص رات کے وقت عرفات میں وقوف نہیں کر سکا' اس کا حج قضاء ہو جائے گا' تو وہ عمرے کا احرام باندھ لے اب اس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا۔

رحمت بن مصعب نامی راوی ضعیف ہے' اس روایت کو اس کے علاوہ اور کسی نے بھی نقل نہیں کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ داود بن جبیر، وامہ نسیبۃ ام سعید بن مسیّب، اخو سعید بن مسیّب لامہ، روی عن سعید بن مسیّب، روی عنہ ابو عامر عقدی وحماد بن خالد۔ قال ابن ابی حاتم: سالت ابی عنہ فقال: (لا اعرفہ)۔ جرح والتعدیل (۳/۴۰۸)۔

○ رحمۃ بن مصعب واسطی عن عثمان بن سعد، قال ابن معین: لیس بشیء۔ وقال آجری: سالت ابا داود عنہ، فاثنی علیہ خیرا۔ وذکرہ ابن حبان فی ثقات۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''میزان اعتدال'' از حافظ شمس دین ذہبی (۳/۷۲)، ولسان المیزان (۲/۵۳۰)۔

2486- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْیَقْطِیْنِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَیْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّیُّ اَخْبَرَنَا یَحْیٰی بْنُ عِیْسٰی عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَاتٍ فَوَقَفَ بِهَا وَالْمُزْدَلِفَةَ فَقَدْ تَمَّ حَجُّهٗ وَمَنْ فَاتَهُ عَرَفَاتٌ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْیُحِلَّ بِعُمْرَةٍ وَّعَلَیْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص عرفات پہنچ کر وہاں وقوف کرے اور مزدلفہ بھی پہنچ جائے' اس کا حج مکمل ہو جائے گا اور جو شخص عرفات نہ پہنچ سکے' اس کا حج بھی نہیں ہو سکے گا اسے عمرے کا احرام باندھ لینا چاہیے' اب اس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ محمد بن عمرو بن حجاج غزی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے

۲۴۸۶- قال الزیلعی (۹۲/۲): ووجدته فی الحلیة لابی نعیم عن عمر بن ذر عن عطاء' به- وقال: غریب من حدیث عمر بن ذر' تفرد به عبید بن عقیل' ذکره فی (ترجمة عمر بن ذر)-اه- ثم ساق الزیلعی حدیث ابن ابی شیبة فی (مصنفه) عن حفص بن غیاث عن ابن ابی لیلی وابن جریج عن عطاء ان النبی صلی الله علیه وسلم قال...... فذکر الحدیث- قال الزیلعی (۹۳/۲): (وهذا مرسل ضعیف: فان محمد بن عبد الرحمن بن ابی لیلی -وهو ضعیف- لم یثبته ابن عدی)- اه- قلت: وهو فی الاوسط للطبرانی (۵۲۲۹) من روایة عبید بن عقیل عن عمر بن ذر عن عطاء عن ابن عباس مرفوعاً- قال الطبرانی: (لم یرو هذا الحدیث عن عمر بن ذر الا عبید ابن عقیل)- اه- و اخرجه الطبرانی فی الاوسط ایضاً (۶۴۰۲) عن محمد بن علی' ثنا القعنبی' نا عمر بن قیس عن عطاء عن ابن عباس مرفوعاً- و قال الطبرانی: (لم یروه عن عطاء الا عمر بن قیس)- اه-

سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 280ھ میں ہوا۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۶۲۲۱)۔

2487- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اِمْلاءً حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ مَوْلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ هُدْبَةَ بْنِ الْمِنْهَالِ عَنْ اَبِىْ حَصِينٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ وَاللّٰهِ كَانَتِ الْمُتْعَةُ اِلَّا لَنَا خَاصَّةً وَّلِلْمُحْصَرِ.

☆☆ ابراہیم تیمی اپنے والد کے حوالے سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اللہ کی قسم! حج تمتع کا حکم صرف ہمارے لیے مخصوص تھا یا اس شخص کے لیے ہے' جسے محصور کر دیا گیا ہو۔

2488- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسْخُ الْحَجِّ لَنَا اَوْ لِمَنْ بَعْدَنَا فَقَالَ بَلْ لَنَا.

☆☆ حارث بن بلال اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! حج کو فسخ کرنے کا حکم صرف ہمارے لیے ہے' یا ہمارے بعد والوں کے لیے بھی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! صرف ہمارے لیے ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روحِ مبارک کو ایسی حالت میں قبض کیا کہ وہ لائقِ تعریف تھی' اللہ تعالیٰ ہمارے تمام چھوٹوں اور بڑوں کی طرف سے آپ کو بہترین جزاء عطاء کرے اور آپ پر سب سے افضل درود نازل کرے اور سب سے پاکیزہ اور مکمل سلام نازل کرے جو مستقل جاری رہے۔ اے اللہ! تو ہمارے نبی کو قیامت کے دن تمام انبیاء کے مقابلے میں سب سے زیادہ قریبی مرتبہ عطاء کرنا' ہمیں ان کے (حوضِ کوثر کے) جام سے سیراب کرنا' ہمیں ان کی شفاعت نصیب کرنا' قیامت کے دن ہمیں ان کے ساتھیوں کے ساتھ رکھنا' اے اللہ! روضۂ مبارک پر یہ ہماری آخری حاضری نہ ہو' اے ذوالجلال والاکرام! تو ہمیں یہاں دوبارہ حاضری بھی نصیب کرنا''۔

(یہ دعا مانگتے ہوئے) آدمی اپنی آواز نہ زیادہ اونچی رکھے اور نہ ہی بالکل دھیمی رکھے۔ اس کے بعد ان تمام دوستوں کو سلام پہنچائے جنہوں نے سلام عرض کرنے کی گزارش کی تھی۔ اس کے لیے اسے یوں کہنا چاہیے:

''اے اللہ کے رسول! فلاں بن فلاں کی طرف سے آپ کی خدمت میں سلام عرض ہے۔ وہ آپ کے پروردگار کی بارگاہ میں آپ کی شفاعت کا طلبگار ہے تو آپ اس کی اور تمام اہلِ ایمان کی شفاعت کیجئے''۔

اس کے بعد جس طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک ہے' اس طرف کھڑا ہو' اس طرح کہ اس کی پشت قبلے کی طرف ہو' جو بھی اس کا جی چاہے وہ والا درود پڑھ لے۔

اس کے بعد شیخ عبدالرحمن الجزیری نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی قبر مبارک کے سامنے کھڑے ہو کر ان کے لیے دعا کرنے اور ان پر سلام بھیجنے کے الفاظ نقل کیے ہیں۔ اس کے بعد مدینہ منورہ کے دیگر مقامات' وہاں کے شہداء' صحابہ' صالحین کے مزارات کی زیارات کے حوالے سے مختلف اُمور کا تذکرہ کیا ہے۔[1]

2657 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ وَّالْقَاضِىْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحَامِلِيَّانِ وَابْنُ مَخْلَدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْبُسْرِىُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ وَّاَبُوْ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِىِّ وَالْاَسْوَدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ هَارُوْنَ اَبِىْ قَزَعَةَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اٰلِ حَاطِبٍ عَنْ حَاطِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ زَارَنِىْ بَعْدَ مَوْتِىْ فَكَاَنَّمَا زَارَنِىْ فِىْ حَيَاتِىْ وَمَنْ مَّاتَ بِاَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بُعِثَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حضرت حاطب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص میرے انتقال کر جانے کے بعد میری زیارت کے لیے آئے تو گویا وہ میری زندگی میں میری زیارت کے لیے آیا اور جو شخص مکہ یا مدینہ میں سے کسی ایک میں فوت ہو وہ قیامت کے دن ایمان لانے والوں کے ساتھ زندہ کیا جائے گا۔

2658 - حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هِلَالٍ الْعَبْدِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ زَارَ قَبْرِىْ وَجَبَتْ

1 الفقہ علی المذاہب الاربعہ از: شیخ عبدالرحمن الجزیری

۲۶۵۷- قال ابن حجر في (التلخيص) (۲/۲۸٦): (و في اسناده رجل مجهول) - اهـ -

قاعي.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص میری قبر کی زیارت کرے گا' اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ موسیٰ بن ھلال عبدی ابوعمران بصری۔ قال ابوحاتم: مجھول۔ وقال عقیلی: لا یتابع علی حدیثہ۔ وقال ابن عدی: ارجو انہ لاباس بہ۔ وقال ذھبی: صالح حدیث۔ وامام دارقطنی فرماتے ہیں: مجھول۔ وقال ابن قطان: لم تثبت عدالتہ۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: میزان (۶/۵۶۶-۵۶۸)، ولسان (۶/۱۷۳-۱۷۴)۔

2659- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَاوُدَ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ وَّالْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ عُبَيْدٍ عُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرٍ اللَّبَّانُ وَغَيْرُهُمْ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوْفِيُّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَجَّ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) ثَلَاثَ حِجَجٍ حَجَّتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّهَاجِرَ وَحَجَّةً قَرَنَ مَعَهَا عُمْرَةً.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین حج کیے تھے' دو حج ہجرت کرنے سے پہلے کیے تھے اور ایک وہ حج تھا جس کے ساتھ آپ نے عمرہ بھی کیا تھا (یعنی حجۃ الوداع)۔

2660- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَيَّاشٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ ح وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ حَفْصَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سِنَانٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَلْحَجُّ كُلَّ عَامٍ قَالَ لَا بَلْ حَجَّةٌ وَّاحِدَةٌ فَمَنْ حَجَّ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ تَطَوُّعٌ وَّلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ لَمْ تَسْمَعُوْا وَلَمْ تُطِيْعُوْا.

قال ابن حجر في (التلخيص) (۲/۲۸۶): (وموسى قال ابو حاتم: مجهول' اي: العدالة' و اخرجه ابن خزيمة في صحيحه من طريقه' ان صح الخبر: فان في القلب من اسناده' ثم رجح انه من رواية عبد الله بن عمر العمري المكبر الضعيف' لا المصغر الثقة' و صرح بان الثقة لا يروي هذا الخبر المنكر- وقال العقيلي: لا يصح حديث موسى' ولايتابع عليه' و لا يصح في هذا الباب شيء' و في قوله: لا يتابع عليه) نظر' فقد اخرجه الطبراني من طريق مسلمة بن سالم الجهني عن عبد الله بن عمر بلفظ: (من جاء ني زائرا لا تعمله الا زيارتي كان حقا علي ان اكون له شفيعاً يوم القيامة) و جزم الضياء في (الاحكام) و قبله البيهقي بان عبد الله بن عمر المذكور في هذا الاسناد هو المكبر- و اخرجه الخطيب في (الرواة عن مالك) في ترجمة النعمان بن شبل' وقال: انه تفرد به عن مالك عن نافع عن ابن عمر بلفظ: (من حج ولم يزرني' فقد جفاني)- وذكره ابن عدي (۸/۲۴۸) و ابن حبان في ترجمة النعمان- والنعمان ضعيف- و قال الدارقطني: الطعن في هذا الحديث على ابنه لا على النعمان- و اخرجه البزار من حديث زيد بن اسلم عن ابن عمر' و في اسناده عبد الله بن ابراهيم الغفاري وهو ضعيف -واخرجه البيهقي من حديث ابي داود الطيالسي عن سوار بن ميمون عن رجل من آل عمر عن عمر- قال البيهقي: اسناده مجهول -وفي الباب عن انس اخرجه ابن ابي الدنيا في كتاب (القبور) قال: نا سعيد بن عثمان الجرجاني' نا ابن ابي فديك' اخبرني ابو المثنى سليمان بن يزيد الكعبي عن انس بن مالك مرفوعاً: (من زارني بالمدينة محتسباً' كنت له شفيعاً و شهيداً يوم القيامة)- و سليمان ضعفه ابن حبان والدارقطني)- اهـ- وراجع بقية كلام ابن حجر في (التلخيص) (۲/۲۸۷)-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا ہر سال حج کرنا واجب ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! بلکہ ایک ہی مرتبہ حج کرنا فرض ہے جو شخص اس کے بعد بھی حج کرے گا' تو یہ اس کے لیے نفل ہوگا' اگر میں یہ کہہ دیتا "جی ہاں" تو یہ واجب ہو جاتا اور اگر یہ واجب ہو جاتا تو تم اس حکم پر عمل نہیں کر سکتے۔

2661- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سِنَانٍ الدُّؤَلِیِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ يَا قَوْمِ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ . فَقَالَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ اَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَصَمَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عِنْدَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ لَا بَلْ هِیَ حَجَّةٌ وَّاحِدَةٌ ثُمَّ مَنْ حَجَّ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ تَطَوُّعٌ وَّلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ لَكُمْ وَاِذًا لَا تَسْمَعُوْنَ وَلَا تُطِيْعُوْنَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! تم پر حج کرنا فرض کیا گیا ہے تو اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہر سال (حج کرنا فرض ہے)؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: نہیں! بلکہ ایک ہی مرتبہ حج کرنا فرض ہے' اس کے بعد جو حج کرے گا' تو یہ اس کے لیے نفل ہوگا' اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ تم پر لازم ہو جاتا اور اس صورت میں تم اس حکم پر عمل پیرا نہ ہو سکتے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن خالد بن مسافر فھمی، امیر مصر، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۸۷۳)۔

2662- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سِنَانٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ سَاَلَ النَّبِیَّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْحَجُّ كُلَّ عَامٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) الْحَجُّ مَرَّةً فَمَنْ زَادَ فَتَطَوُّعٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہر سال حج کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج کرنا ایک مرتبہ فرض ہے جو اس کے بعد بھی کرے گا' تو یہ نفل ہوگا۔

2663- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سِنَانٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2664- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ الْقَاضِیْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُوْسٰی بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْجَلِيْلِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَحْصُبِیُّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سِنَانٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبد الجلیل بن حمید، یحصبی، ابو مالک مصری، لا باس بہ، یہ راویوں کے ساتویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۷۷۰)۔

2665- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الدِّيْنَوَرِيُّ الْمُكْتِبُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ صَدَقَةَ بْنِ صُبَيْحٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ اَبِىْ يُوْسُفَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا اَذَّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) بِالْحَجِّ قَالَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ اَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ اِنَّمَا هِيَ حَجَّةٌ وَّاحِدَةٌ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۔قَوْلُهُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَهَمٌ وَّالصَّوَابُ عَنْ اَبِىْ سِنَانٍ ۔وَيَحْيٰى بْنُ اَبِىْ اُنَيْسَةَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کرنے کا حکم دیا تو اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے؟ یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ لازم ہو جاتا' یہ ایک ہی مرتبہ کرنا فرض ہے' البتہ جو شخص نفلی عبادت کرنا چاہے تو اللہ تعالیٰ اسے قبول کرنے والا اور اس کا علم رکھنے والا ہے۔

2666- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى ح وَحَدَّثَنَا يَزْدَادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكَاتِبُ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالُوْا حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى التَّغْلَبِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً) قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفِىْ كُلِّ عَامٍ فَسَكَتَ فَقَالُوْا اَفِىْ كُلِّ عَامٍ قَالَ لَا وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ . فَاَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَاءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ وَقَالَ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِمَامُ مَسْجِدِ الْكُوْفَةِ وَقَالَ الزَّعْفَرَانِيُّ فَسَكَتَ ثُمَّ قَالُوْا اَفِىْ كُلِّ عَامٍ فَسَكَتَ ثُمَّ قَالُوْا اَفِىْ كُلِّ عَامٍ فَقَالَ لَا . وَالْبَاقِىْ مِثْلُهُ .

۲۶۶۶- اخرجه احمد (۱/ ۱۱۳) ثنا منصور بن وردان الاسدي ... به- واخرجه الترمذي في الحج (۳/ ۱۷۸) باب: ما جاء : كم فرض الحج ؟ (۸۱۴) و في التفسير (۵/ ۲۳۹) باب: و من سورة المائدة (۳۰۵۵) عن ابي سعيد الاشج' حدثنا منصور ... به- وقال: (حسن غريب)- واخرجه ابن ماجه في المناسك (۲/ ۹۶۳) باب: فرض الحج (۲۸۸۴) عن محمد بن عبد الله بن نمير و علي بن محمد' قال: ثنا منصور ... به- و اخرجه الحاكم (۲/ ۲۹۳-۲۹۴) من طريق مخول بن ابراهيم النهدي' ثنا منصور ... به- قال الذهبي في (التلخيص): (مخول رافضي' و عبد الاعلى: هو ابن عامر' ضعفه احمد)- اه -وقال البخاري: (ابو البختري لم يدرك عليا)- اه- و كذلك اخرجه البزار في مسنده- وقال: (ابو البختري لم يسمع من علي) راجع نصب الراية للزيلعي (۳/ ۲)-

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور لوگوں پر واجب ہے وہ اللہ کے لیے بیت اللہ کا حج کریں' جو شخص وہاں تک پہنچنے کی سبیل رکھتا ہے''۔

لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاموشی اختیار کی' لوگوں نے کہا: کیا ہر سال فرض ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: نہیں! اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ لازم ہو جاتا۔

پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''اے ایمان والو! تم ایسی چیزیں دریافت نہ کرو جو اگر تم پر ظاہر کی جائیں تو تمہیں برا لگے''۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: لوگوں نے عرض کی: کیا ہر سال؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' پھر لوگوں نے عرض کی: کیا ہر سال؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ علی بن عبدالاعلیٰ ثعلبی کوفی احول، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ربما وہم، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۷۹۷)۔

2667- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا بِالْكُوفَةِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ اَبِى ثَوْرٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَادَى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ الْحَجُّ كُلَّ عَامٍ فَسَكَتَ عَنْهُ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ لَا بَلْ حَجَّةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّلَوْ قُلْتُ كُلَّ عَامٍ لَكَانَتْ كُلَّ عَامٍ . فَقَامَ اٰخَرُ فَقَالَ اَحُجُّ مَكَانَ اَبِىْ فَاِنَّهٗ شَيْخٌ كَبِيْرٌ فَقَالَ حُجَّ مَكَانَ اَبِيْكَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے بلند آواز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: کیا ہر سال حج کرنا لازم ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! بلکہ مسلمان پر ایک مرتبہ حج کرنا فرض ہے' اگر میں ہر سال کہہ دیتا تو یہ ہر سال فرض ہو جاتا' تو ایک اور شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کی: کیا میں اپنے والد کی طرف سے حج کر سکتا ہوں کیونکہ وہ بزرگ آدمی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے والد کی طرف سے حج کر لو۔

2668- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ زِيَادٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَخْطُبُ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ . فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ اَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ فَجَعَلَ يُعْرِضُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ مَا قُمْتُمْ بِهَا- ثُمَّ قَالَ- ذَرُوْنِىْ مَا تَرَكْتُكُمْ فَاِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِسُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ فَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِاَمْرٍ فَاْتُوْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاِذَا

۲۶۶۸- اخرجه ابن حبان في الصحيح (۹/۱۹) باب: فرض الحج (۳۷۰۵) من طريق اسحاق بن ابراهيم' اخبرنا النضر بن شميل ...... به- و اخرجه احمد (۲/۵۰۸) ' و مسلم في الصحيح (۲/۹۷۵) باب: فرض الحج مرة في العمر (۱۳۳۷) ' و النسائي في المناسك (۵/۱۱۰-۱۱۱) باب: وجوب الحج و البيهقي في الكبرى (۴/۳۲۶) من طرقه عن الربيع بن مسلم ...... به-

كُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوهُ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض قرار دیا ہے' تو ایک شخص کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے؟ اس نے تین مرتبہ یہ سوال کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی جواب نہیں دیا' پھر ارشاد فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ لازم ہو جاتا' اور اگر یہ لازم ہو جاتا تو تم اسے ادا نہیں کر سکتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چیز میں تمہارے سامنے بیان نہ کروں' اسے ویسے ہی رہنے دیا کرو' تم سے پہلے کے لوگ سوال کرنے کی وجہ سے اور اپنے انبیاء سے اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے تھے' جب میں تمہیں کسی چیز کا حکم دوں تو جہاں تک تم سے ہو سکے اسے بجا لاؤ اور جب کسی چیز سے منع کر دوں تو اس سے باز آ جاؤ۔

2669- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَوْمًا فَخَطَبَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ . ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر حج کرنا فرض قرار دیا ہے۔

2670- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْهَجَرِيُّ عَنْ أَبِي عِيَاضٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ . فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ فِي كُلِّ عَامٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ عَادَ فَقَالَ فِي كُلِّ عَامٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ مَنِ الْقَائِلُ . قَالُوا فُلاَنٌ . قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ مَا أَطَقْتُمُوهَا وَلَوْ لَمْ تُطِيقُوهَا لَكَفَرْتُمْ . فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاَ تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ)

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: لوگو! تم پر حج کرنا فرض قرار دے دیا ہے' تو ایک شخص کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہر سال؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کوئی جواب نہیں دیا' اس نے سوال دُہرایا' اس نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! کیا ہر سال؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہنے والا شخص کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: فلاں شخص ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ لازم ہو جاتا اور اگر یہ لازم ہو جاتا تو تم اسے کر نہ پاتے اور جب تم اسے کر نہ پاتے تو تم کفر کے مرتکب ہوتے۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

2669- راجع ما قبله' و قد اخرجه الطبري في التفسير (١٢٨٠٥) (١٢٨٠٦) من حديث الحسين بن واقد عن محمد بن زياد به-

2670- اخرجه الطبراني في التفسير (١٢٨٠٤) من طريق عبد الرحيم بن سليمان عن ابراهيم ابن مسلم الهجري ...... به- و الهجري ضعيف

''اے ایمان والو! ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت نہ کرو کہ اگر وہ تمہارے سامنے ظاہر کی جائیں تو تمہیں بُرا لگے''۔

2671 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو عَلِيٍّ الصَّفَّارُ وَأَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ أَبِي حَامِدٍ صَاحِبُ بَيْتِ الْمَالِ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُنَادِي حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّ أَقْوَامًا يَزْعُمُونَ أَنْ لَيْسَ قَدَرٌ .قَالَ هَلْ عِنْدَنَا مِنْهُمْ أَحَدٌ قُلْنَا لَا .قَالَ فَأَبْلِغْهُمْ عَنِّي إِذَا لَقِيتَهُمْ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ بَرِءٌ إِلَى اللَّهِ مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ مِنْهُ بُرَاءٌ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِي أُنَاسٍ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ لَيْسَ عَلَيْهِ سَحْنَاءُ سَفَرٍ وَلَيْسَ مِنْ أَهْلِ الْبَلَدِ يَتَخَطَّى حَتَّى وَرَكَ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَمَا يَجْلِسُ أَحَدُنَا فِي الصَّلَاةِ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى رُكْبَتَيْ رَسُولِ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا الْإِسْلَامُ قَالَ الْإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ وَأَنْ تُقِيمَ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ وَتَحُجَّ وَتَعْتَمِرَ وَتَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ وَتُتِمَّ الْوُضُوءَ وَتَصُومَ رَمَضَانَ قَالَ فَإِنْ فَعَلْتُ هٰذَا فَأَنَا مُسْلِمٌ قَالَ نَعَمْ .قَالَ صَدَقْتَ .وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيثِ وَقَالَ فِي آخِرِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَيَّ بِالرَّجُلِ .فَطَلَبْنَاهُ فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هَلْ تَدْرُونَ مَنْ هٰذَا هٰذَا جِبْرِيلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِينَكُمْ فَخُذُوا عَنْهُ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا شُبِّهَ عَلَيَّ مُنْذُ أَتَانِي قَبْلَ مَرَّتِي هٰذِهِ وَمَا عَرَفْتُهُ حَتَّى وَلَّى .إِسْنَادٌ ثَابِتٌ صَحِيحٌ أَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ .

☆☆ یحییٰ بن یعمر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کچھ لوگ یہ کہتے ہیں: تقدیر کی کوئی حقیقت نہیں ہے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا: کیا ان میں سے کوئی شخص ہمارے پاس بھی موجود ہے' میں نے جواب دیا: جی نہیں! تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر تمہاری ان سے ملاقات ہو' تو میرا یہ پیغام پہنچا دینا کہ عبداللہ بن عمر' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تم سے لاتعلق ہونے کی گزارش کرتا ہے اور تمہارا اس سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔

(پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے) یہ حدیث بیان کی: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ فرماتے ہیں: ایک دن ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ لوگوں کی موجودگی میں بیٹھے ہوئے تھے' اس دوران ایک شخص وہاں آیا' اس پر سفر کی کوئی علامت نہیں تھی اور وہ شہر کا رہنے والا بھی نہیں تھا' وہ لوگوں کے بیچ میں سے گزرتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر بیٹھ گیا' بالکل اسی طرح جیسے ہم میں سے کوئی شخص نماز کے دوران بیٹھتا ہے' پھر اس نے اپنا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زانوؤں پر رکھا اور عرض کی: اے حضرت محمد! اسلام کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ ہے: تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور تم نماز قائم کرو اور تم زکوٰۃ ادا کرو اور تم حج کرو اور تم عمرہ کرو اور تم غسلِ جنابت کرو اور تم وضو مکمل کرو اور تم رمضان کے روزے رکھو' اس نے دریافت کیا: اگر میں ایسا کر

٢٦٧١- تقدم بدون زيادة: (وتعتمر)- قال صاحب (التنقيح): (الحديث مخرج في الصحيحين ليس فيه: (وتعتمر) ولهذه الزيادة فيها شذوذ)- اهـ- نقلاً عن (التعليق المغني) (٢/٢٨٢- ٢٨٣)-

لیتا ہوں تو کیا میں مسلمان ہو جاؤں گا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! وہ بولا: آپ ﷺ نے ٹھیک فرمایا ہے۔
اس کے بعد انہوں نے باقی حدیث بیان کی' اس حدیث کے آخر میں یہ ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ (راوی کہتے ہیں:) ہم اس کی تلاش میں نکلے' لیکن ہم اسے نہیں پا سکے' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ کون شخص تھا یہ جبرائیل تھے جو تمہارے پاس آئے تھے تا کہ تمہیں تمہارے دین کی تعلیم دیں تو تم اسے حاصل کر لو اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے! یہ جب سے میرے پاس آ رہے ہیں' آج پہلی مرتبہ مجھے انہیں پہچاننے میں وقت ہوئی اور میں نے انہیں اس وقت پہچانا جب یہ چلے گئے۔
اس حدیث کی سند ثابت اور صحیح ہے' امام مسلم نے اسے اسی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

2672 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ الْاَنْمَاطِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عُمْرَتُنَا هٰذِهٖ لِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلاَبَدِ فَقَالَ لَا بَلْ لِلاَبَدِ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِى الْحَجِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ . كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا عمرے کا حکم ہمارے اس سال کے لیے مخصوص ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہیں! ہمیشہ کے لیے ہے' عمرہ قیامت تک کے لیے حج میں داخل ہو گیا ہے (یعنی ان دونوں کو ایک ساتھ کیا جا سکتا ہے)۔
اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

2673 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ .قَالَ وَحَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ اَبِى رَزِيْنٍ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِىَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ اِنَّ اَبِى شَيْخٌ كَبِيْرٌ اَدْرَكَ الْاِسْلَامَ لَا يَسْتَطِيْعُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ .قَالَ حُجَّ عَنْ اَبِيْكَ وَاعْتَمِرْ . كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

☆☆ حضرت ابورزین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے یہ سوال کیا' انہوں نے عرض کی: میرے والد بوڑھے ہو چکے ہیں' وہ مسلمان ہو گئے ہیں' لیکن اب وہ حج' عمرہ اور سفر نہیں کر سکتے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے والد کی جانب سے حج بھی کر لو اور عمرہ بھی کر لو۔
اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمرو بن اوس بن ابی اوس' ثقفی طائفی' تابعی کبیر' یہ راویوں کے دوسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔۔ وھم من ذکرہ فی صحابۃ۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر عسقلانی (٦٦/٢)۔

2674 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ الْاَخْنَسِيِّ عَنْ جَدَّتِهِ حُكَيْمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ وَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: جو شخص مسجد اقصیٰ سے مسجد حرام تک جانے کے لیے حج اور عمرے کا احرام باندھے گا' اس شخص کے گزشتہ اور آئندہ تمام گناہوں کو بخش دیا جائے گا اور اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ یحییٰ بن ابی سفیان بن اخنس اخنسی مدنی مستور، یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وقد ارسل عن ابی ہریرۃ وغیرہ۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۳۴۸/۲)۔

○ حکیمۃ بنت امیۃ بن اخنس ام حکیم مقبولۃ، یہ راویوں کے چوتھے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی (۵۹۵/۲)۔

2675- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يُحَنَّسَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ الْاَخْنَسِيِّ عَنْ اُمِّهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَحْرَمَ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ كَانَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص بیت المقدس سے حج یا عمرے کا احرام باندھے گا' تو وہ اپنے گناہوں سے اس طرح ہو جائے گا' جس طرح وہ اس دن تھا جب اس کی والدہ نے اسے جنم دیا تھا۔

2676- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُحَيْمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ اُمِّهٖ اُمِّ حَكِيْمٍ بِنْتِ اُمَيَّةَ اَنَّهَا سَمِعَتْ اُمَّ سَلَمَةَ

٢٦٧٤- اخرجه البخاري في (تاريخه) (١/ ١٦٠-١٦١) عن ابي عيلى محمد بن الصلت' و اخرجه ابو داود في الحج (٢/ ١٤٨) باب: المواقيت (١٧٤١) عن احمد بن صالح' كلاهما عن ابن ابي فديك...... به- وقال البخاري عقبه: (لا يتابع عليه)- اه- وقال ابو داود عقبه: (يرحم الله وكيعاً احرم من بيت المقدس' يعني: الى مكة)- اه- واخرجه ايضاً ابو يعلى في (مسنده) ' و الطبراني في الكبير (٢٣/ رقم ٨٤٩) ' و البيهقي في الكبرى (٥/ ٣٠) من طريق عبد الله بن عبد الرحمن بن يحنس...... به- و ابن يحنس: ذكره ابن حبان في الثقات' وله عند مسلم حديث واحد-

٢٦٧٥- اخرجه ابن ماجه في المناسك (٢/ ٩٩٩) باب: من اهل بعمرة من بيت المقدس (٣٠٠٢) من طريق احمد بن خالد عن ابن اسحاق عن يحيى بن ابي سفيان عن امه عن ام سلمة...... به-

٢٦٧٦- اخرجه احمد (٦/ ٢٩٩) ' و ابن حبان (٣٧٠١) ' و الطبراني (٢٣/ رقم ١٠٠٦) من طريق ابن اسحاق...... به- و اخرجه ابن ماجه في المناسك (٢/ ٩٩٩) باب: من اهل بعمرة من بيت المقدس (٣٠٠١) من طريق عبد الاعلى بن عبد الاعلى عن ابن اسحاق بن سليمان بن سحيم عن ام حكيم عن ام سلمة...... به- ليس فيه (يحيى بن ابي سفيان)- و ابن اسحاق مدلس' و قد عنعن' و لم يصرح بالتحديث في طرق الحديث المختلفة' وقد اختلف عليه في اسناده كما ترى-

زَوْجَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مَنْ اَهَلَّ بِحَجَّةٍ اَوْ عُمْرَةٍ مِّنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ.

☆☆ سیّدہ اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص بیت المقدس سے حج یا عمرے کا احرام باندھے گا' اس کے گزشتہ گناہوں کو معاف کر دیا جائے گا۔

2677 - حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَكِيْمِ اَبُوْ سُفْيَانَ الْخُزَاعِيُّ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ مَنْ حَجَّ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص حج کرے یا عمرہ کرے اور اس دوران کوئی رفث اور فسق نہ کرے تو جب وہ واپس آئے گا' تو اس طرح ہو گا جیسے اس دن تھا' جس دن اس کی والدہ نے اسے جنم دیا تھا۔

2678 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُكْرَمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَلَى النِّسَاءِ جِهَادٌ قَالَ نَعَمِ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: خواتین پر جہاد کرنا لازم ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں! (وہ جہاد) حج اور عمرہ (کی شکل میں ہے)۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عمران بن حطان سدوسی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں "صدوق" قرار دیا ہے۔ الا انہ کان علی مذہب خوارج، (اور ایک قول کے مطابق): رجع عن ذلک۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ "التقریب" از حافظ ابن حجر

۲۶۷۷- اخرجه البخاري في الحج (۴۴۶/۲) باب: فضل الحج المبرور (۱۵۲۱)، عن شعبة، و مسلم في الحج (۹۸۴/۲) باب: فضل الحج و العمرة و يوم عرفة (۱۳۵۰)، عن هشيم، كلاهما عن سيار عن ابي حازم ..... به- و اخرجه البخاري في كتاب المحصر (۱۸۲۰) باب: قول الله تعالى: (فلا رفث)، و مسلم في الحج (۱۳۵۰) باب: فضل الحج و العمرة ..... والترمذي في الحج (۸۱۱) باب: ما جاء في ثواب الحج و العمرة، و النسائي في المناسك (۱۱۴/۵) باب: فضل الحج، و ابن ماجه في المناسك (۲۸۸۹) باب: فضل الحج و العمرة، و احمد (۴۹۴/۲)، و الدارمي (۳۱/۲)، و الطيالسي (۲۵۱۹)، والبيهقي (۲۶۱/۵) من طريق عن منصور عن ابي حازم ..... به-

۲۶۷۸- اخرجه البخاري في الحج (۴۴۶/۲) باب: فضل الحج المبرور (۱۵۲۰)، و في الجهاد و السير (۶/۶) باب: فضل الجهاد السير (۲۷۸۴) عن خالد: و هو ابن عبد الله واسطي، و في جزاء الصيد (۸۶/۴) باب: حج النساء (۱۸۶۱) من عبد الواحد- و هو ابن زياد- وفي الجهاد والسير (۸۹/۶) باب: جهاد النساء (۲۸۷۶) عن سفيان- و هو الثوري- و النسائي في المناسك (۱۱۵/۵) باب: فضل الحج، عن جرير، كلهم عن حبيب بن ابي عمرة بهذا الاسناد، بذكر الحج فقط، لم يقل فيه: (والعمرة)- و اخرجه البخاري في الجهاد والسير (۸۹/۶) باب: جهاد النساء (۲۸۷۵) عن معاوية بن اسحاق عن عائشة بنت طلحة، به بذكر الحج فقط بمتابعة حبيب بن ابي عمرة- و خالفهما- يعني: حبيب و معاوية- محمد بن فضيل، فزاد فيه: (العمرة) فاخرجه ابن ماجه في الحج (۹۶۸/۲) باب: الحج جهاد النساء (۲۹۰۱) عن ابي بكر بن ابي شيبة، ثنا محمد بن فضيل عن حبيب بن ابي عمرة عن عائشة ..... به، فقال فيه: (الحج و العمرة)- والصواب ما اخرجه الجماعة عن حبيب، و تابعه عليه معاوية بذكر الحج فقط- و فيه خلاف آخر على حبيب في اسناده- راجعه في تحفة الاشراف للحافظ المزي (۴۰۲/۱۲) (۱۷۸۷۱)-

عسقلانی (۵۱۸۷)۔

2679- حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِیُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الضَّبِّیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَیْلٍ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ عَلَی النِّسَاءِ جِهَادٌ قَالَ عَلَیْهِنَّ جِهَادٌ لَا قِتَالَ فِیْهِ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! کیا خواتین کو جہاد کرنا لازم ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان پر جہاد کرنا لازم ہے البتہ اس میں لڑائی نہیں ہوتی' (ان کا جہاد) حج اور عمرہ ہے۔

2680- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَرَّاحِ الضَّرَّابُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ غَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ فَرِیْضَتَانِ عَلَی النَّاسِ كُلِّهِمْ اِلَّا اَهْلَ مَكَّةَ فَاِنَّ عُمْرَتَهُمْ طَوَافُهُمْ فَاِنْ اَبَوْا فَلْیَخْرُجُوا اِلَی التَّنْعِیْمِ ثُمَّ یَدْخُلُوْنَهَا مُحْرِمِیْنَ وَاللّٰهِ مَا دَخَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اِلَّا حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حج اور عمرہ تمام لوگوں پر فرض ہے' صرف اہل مکہ کا حکم مختلف ہے' چونکہ ان کا عمرہ ان کا طواف کرنا ہوگا' اگر وہ اصرار کریں تو تنعیم چلے جائیں' پھر وہاں سے حالت احرام میں داخل ہو جائیں' اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں جب بھی داخل ہوئے تو یا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا ہوتا تھا یا عمرے کا احرام باندھا ہوتا تھا۔

2681- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رُسْتُمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیْدٍ اَبُوْ یَحْیَی الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ الْكُوْفِیُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ یَعْنِی ابْنَ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) اِنَّ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَرِیْضَتَانِ لَا یَضُرُّكَ بِاَیِّهِمَا بَدَاْتَ.

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: حج اور عمرہ دونوں فرض ہیں' تم ان دونوں میں سے جسے پہلے کرلو گے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

2682- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِیْعٍ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ اَنَّ زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ سُئِلَ عَنِ الْعُمْرَةِ قَبْلَ الْحَجِّ قَالَ صَلَاتَانِ لَا یَضُرُّكَ بِاَیِّهِمَا بَدَاْتَ.

۲۶۸۰- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/ ۴۷۱) من طريق عثمان بن سعيد الدارمي' حدثنا محمد بن كثير' ثنا اسماعيل بن مسلم' به- وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم-قال الزيلعي في نصب الراية (۳/ ۱۴۹) عقب هذا الحديث: (قال البيهقي: قال الشافعي في مناظرة من انكر عليه القول في وجوب العمرة: الوجوب اشبه بظاهر القرآن؛ لانه قرنها بالحج' فقيل له: قد امر النبي -عليه السلام- الخثعمية ان تقضي الحج عن ابيها ولم يامرها بقضاء العمرة؟ فقال: قد يكون الشيء في الحديث' فيحفظ بعض الحديث دون بعض' وقد يحفظ كله فيؤدى بعضه دون بعض؛ و ذلك بحسب السوال)- اه-

۲۶۸۱- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/ ۴۸۱) من طريق محمد بن سعيد' به- قال ابن حجر في (التلخيص) (۲/ ۲۲۵): (في اسناده اسماعيل بن مسلم المكي و هو ضعيف' ثم هو عن ابن سيرين عن زيد و هو منقطع' و اخرجه البيهقي موقوفا عن زيد من طريق ابن سيرين ايضا)-واخرجه ابن لهيعة عن عطاء عن جابر بنحوه مرفوعا- اخرجه ابن عدي (۵/ ۲۴۷) و البيهقي (۴/ ۳۵۰)- قال ابن عدي: (هذه الاحاديث عن ابن لهيعة عن عطاء غير محفوظة)-اه -وقال البيهقي: ابن لهيعة غير محتج به)-اه-

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ان سے حج سے پہلے عمرہ کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا کہ یہ دو نمازیں ہیں' تم ان میں سے کسی کو بھی پہلے ادا کرلو گے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

2683- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِیُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِیْ رَوَّادٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ مَوْلٰی ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ لَيْسَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَحَدٌ اِلَّا عَلَيْهِ حَجَّةٌ وَّعُمْرَةٌ وَّاجِبَتَانِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلٰی ذٰلِكَ سَبِيلاً فَمَنْ زَادَ بَعْدَهُمَا شَيْئًا فَهُوَ خَيْرٌ وَّتَطَوُّعٌ .قَالَ وَلَمْ اَسْمَعْهُ يَقُوْلُ فِیْ اَهْلِ مَكَّةَ شَيْئًا.

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّاُخْبِرْتُ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ الْعُمْرَةُ وَاجِبَةٌ كَوُجُوْبِ الْحَجِّ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلاً.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق پر حج اور عمرہ کرنا لازم ہے' یعنی ان لوگوں پر جو وہاں تک جانے کی سبیل رکھتے ہوں جو شخص اس کے بعد مزید کرے گا تو یہ بھلائی ہے اور نفلی عبادت ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اُنہیں اہل مکہ کے بارے میں کچھ کہتے ہوئے سنا۔

ابن جریر نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے عکرمہ کے حوالے سے یہ بات بتائی گئی ہے' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات فرمائی ہے' جو شخص مکہ تک جانے کی سبیل رکھتا ہو حج کی طرح اس پر عمرہ کرنا بھی واجب ہے۔

2684- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِیْ يَحْيٰی عَنْ دَاوُدَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْعُمْرَةُ وَاجِبَةٌ كَوُجُوْبِ الْحَجِّ وَهِیَ الْحَجُّ الْاَصْغَرُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حج کی طرح عمرہ کرنا بھی واجب ہے اور یہ چھوٹا حج ہے۔

2685- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدٍ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْحَجُّ الْاَكْبَرُ يَوْمُ النَّحْرِ وَالْحَجُّ الْاَصْغَرُ الْعُمْرَةُ.

٢٦٨٢- اخرجه الحاكم في المستدرك (١/٤٧١): حدثنا ابو الوليد' ثنا محمد بن نعيم' ثنا يحيى بن ايوب' به- و من طريقه البيهقي في السنن (٤/٣٥١) كتاب الحج' باب من قال بوجوب العمرة: استدلالاً بقول الله تعالى: (و اتموا الحج ......)-

٢٦٨٣- اخرجه البيهقي في سننه (٤/٣٥١) من طريق الدارقطني' به-واخرجه ايضاً الحاكم في المستدرك: كما في نصب الراية (٣/١٤٩) من طريق ابراهيم بن موسى و عبد المجيد بن عبد العزيز عن ابن جريج' به- و فيه قال ابن جريج: (واخبرت عن ابن عباس) دون ذكر عكرمة-و من طريق الحاكم اخرجه البيهقي في سننه ايضاً (٤/٣٥١)- و قال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين- وقد علقه البخاري في صحيحه (٤/٤٣٦) كتاب العمرة' باب وجوب العمرة وفضلها- وقال: (وقال ابن عمر-رضي الله عنهما -: ليس احد الا وعليه حجة وعمرة)- اه-

٢٦٨٤- اخرجه البيهقي (٤/٣٥١) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده ابراهيم بن ابي يحيى' و هو ضعيف لم يوثقه غير الشافعي' و قد تقدم الكلام عليه مراراً-

٢٦٨٥- اخرجه البيهقي (٤/٣٥٢) كتاب الحج' باب وجوب العمرة من طريق الدارقطني به- و في اسناده ابي اسحاق: وهو عمرو بن عبد الله السبيعي مدلس' وقد عنعن-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بڑا حج قربانی کے دن ہوتا ہے اور چھوٹا حج عمرہ ہے۔

2686- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ كِتَابًا وَبَعَثَ بِهٖ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فِيْهِ وَاَنَّ الْعُمْرَةَ الْحَجُّ الْاَصْغَرُ وَلَايَمَسُّ الْقُرْآنَ اِلَّا طَاهِرٌ.

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو خط لکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ حضرت عمرو بن حزم کو بھیجا اس میں یہ تحریر تھا:

''عمرہ چھوٹا حج ہے اور قرآن کو صرف باوضو شخص ہاتھ لگا سکتا ہے''۔

2687- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) عَنِ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالْحَجِّ اَوَاجِبٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ . فَسَاَلَهُ عَنِ الْعُمْرَةِ اَوَاجِبَةٌ هِيَ قَالَ لَا وَاَنْ تَعْتَمِرَ خَيْرٌ لَكَ . وَرَوَاهُ يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ حَجَّاجٍ وَّابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ مَوْقُوْفًا مِّنْ قَوْلِ جَابِرٍ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز، زکوٰۃ اور حج کے بارے میں دریافت کیا: کیا یہ فرض ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! اس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرے کے بارے میں دریافت کیا: کیا یہ بھی فرض ہے؟' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! البتہ اگر تم عمرہ کر لو گے تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے موقوف روایت کے طور پر منقول ہے۔

2688- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ جَمِيْعًا عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْعُمْرَةُ وَاجِبَةٌ قَالَ لَا وَاَنْ تَعْتَمِرَ خَيْرٌ لَكَ.

۲۶۸۶- جزء من حديث طويل اخرجه ابن حبان (۶۵۵۹) و الحاكم (۱/۳۹۵-۳۹۷) و البيهقي (۴/۸۹ ۹۰) من طرق عن الحكم بن موسى ...... به- وهو حديث ضعيف جداً و هم الحكم في اسناده فقال: (سليمان بن داود)- و الصواب: انه (سليمان بن ارقم) المتروك' حرر ذلك جماعة من العلماء منهم: ابو داود و النسائي و ابو حاتم والذهبي وغيرهم- راجع (المراسيل) لابي داود (۲۱۳)' و علل الحديث لابن ابي حاتم (۱/۲۲۲)' و سنن النسائي (۸/۵۹)-

۲۶۸۷- اخرجه الترمذي في الحج (۳/۲۷۰) باب: ما جاء في العمرة: اواجبة هي ام لا (۹۳۱) من طريق عمرو بن علي عن الحجاج بن ارطاة ...... به- وذكره قال الترمذي: (حديث حسن صحيح)- واخرجه احمد في مسنده (۳/۳۱۶): ثنا ابو معاوية' ثنا الحجاج بن ارطاة ...... به- وذكره البيهقي في المعرفة (۷/۵۸-۵۹) باب: العمرة هل تجب وجوب الحج (۹۲۹۲) من طريق ابن المنكدر موقوفاً على جابر' ثم قال (۹۲۹۳): (الحجاج بن ارطاة' عن ابن المنكدر مرفوعاً' و رفعه ضعيف)- اه- وهو ايضاً في الكبرى للبيهقي (۲/۳۵۰-۳۵۱)' وقال البيهقي: (عن جابر موقوف' كذا اخرجه ابن جريج وغيره)- اه- وقال النووي: (ينبغي الا يغتر بكلام الترمذي في تصحيحه' فقد اتفق الحفاظ على تضعيفه)- وراجع: نصب الراية (۳/۱۵۰)' و تلخيص الحبير (۲/۲۲۶)-

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا عمرہ کرنا واجب ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں! لیکن اگر تم عمرہ کر لیتے ہو' تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

2689- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ حَجَّاجٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

2690- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِيُّ وَيَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ قَالُوْا حَدَّثَنَا ابْنُ عُفَيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْعُمْرَةُ وَاجِبَةٌ فَرِيْضَتُهَا كَفَرِيْضَةِ الْحَجِّ قَالَ لَا وَاَنْ تَعْتَمِرَ خَيْرٌ لَّكَ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا عمرہ کرنا واجب ہے اور یہ حج کی طرح فرض ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں! لیکن اگر تم عمرہ کر لیتے ہو' تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

2691- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ يَعْقُوْبَ اَبُو الْفَضْلِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا مِهْرَانُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَهَا فِىْ عُمْرَتِهَا اِنَّمَا اَجْرُكِ فِىْ عُمْرَتِكِ عَلٰى قَدْرِ نَفَقَتِكِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ان سے ان کے عمرے کے بارے میں' یعنی جو عمرہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا تھا' یہ فرمایا تھا: تمہارے عمرے کا اجر اس حساب سے ہوگا جو تم نے خرچ کیا ہے۔

2692- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَتَّابٍ اَبُوْ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَالَ لَهَا فِىْ عُمْرَتِهَا اِنَّ لَكِ مِنَ الْاَجْرِ عَلٰى قَدْرِ نَصَبِكِ وَنَفَقَتِكِ.

۲۶۹۰- اخرجه الطبراني في الاوسط (۶۵۷۲): حدثنا محمد بن عبد الرحيم بن نمير المصري' نا سعيد بن عفير به- وقال الطبراني: (عبيد الله الذي روى عنه يحيى بن ايوب لهذا الحديث هو: عبيد الله بن ابي جعفر- لم يرو هذا الحديث عن ابي الزبير الا عبيد الله بن ابي جعفر' تفرد به: يحيى بن ايوب- و المشهور من حديث الحجاج بن ارطاة عن محمد بن المنكدر عن جابر)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۳/ ۱۵۰): (ويحيى بن ايوب ضعيف' قال الذهبي في (الميزان): وقد تفرد به سعيد عنه عن جابر)- اه- و اخرجه ابن عدي في (الكامل) (۸/ ۲۹۶-۲۹۷) في ترجمة ابي عصمة نوح بن ابي مريم' من طريقه عن محمد بن المنكدر عن جابر به مرفوعا- قال ابن عدي: (وهذا يعرف بحجاج بن ارطاة عن محمد بن المنكدر' و ابو عصمة قد اخرجه ايضاً عن ابن المنكدر' و لعله سرقه منه)- اه- وقال ابن حجر في (التلخيص) (۲/ ۲۲۶): (و ابو عصمة كذبوه)- اه- وراجع بقية كلام ابن حجر على الحديث في (التلخيص)- و الحديث اخرجه ايضاً- البيهقي في الكبرى' و ابو نعيم في الحلية (۸/ ۱۸۰)' و الخطيب في تاريخ بغداد (۸/ ۲۲)-

۲۶۹۱- اخرجه الحاكم في المستدرك (۱/ ۴۷۱-۴۷۲) من طريق علي بن سلم الاصبهاني عن جعفر بن مكرم به' و صححه- و اخرجه الطبراني في الاوسط (۸۳۶) من طريق الحسين ابن ادريس الحلواني ..... به- وقال: (لم يرو هذا الحديث عن سفيان الا مهران)- اه- و اخرجه ابو نعيم في اخبار اصبهان (۱/ ۳۲۸)-

۲۶۹۲- اخرجه الحاكم (۴۷۱) من طريق صالح بن محمد بن حبيب الحافظ' ثنا سعيد ابن سليمان' ثنا هشام عن ابن عون به- وقال: (صحيح على شرط الشيخين' و لم يخرجاه)- اه-

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے عمرے کے بارے میں ان سے یہ فرمایا تھا: تمہارے عمرے کا اجر اس حساب سے ہوگا جتنی مشقت تم نے برداشت کی ہے اور جو خرچ کیا ہے۔

2693- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لاَ يُمْسِكُ الْمُعْتَمِرُ عَنِ التَّلْبِيَةِ حَتَّى يَفْتَتِحَ الطَّوَافَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: عمرہ کرنے والا شخص اس وقت تک تلبیہ پڑھتا رہے گا جب تک طواف کا آغاز نہیں کر لیتا۔

2694- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) فِيمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ قَالَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَيَسْعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاِذَا كَانَ يَوْمَ النَّحْرِ طَافَ بِالْبَيْتِ وَحْدَهُ وَلاَ يَسْعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اس شخص کے بارے میں نقل کرتے ہیں: جو شخص عمرے کو حج کے ساتھ ملا کر حج تمتع کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو شخص بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کرے گا' صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے گا جب قربانی کا دن ہوگا' تو وہ صرف بیت اللہ کا طواف کرے گا' اس وقت وہ صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرے گا۔

2695- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ حَجَّ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا كَانَا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ نَهَى عُثْمَانُ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَقِيلَ لِعَلِيٍّ اِنَّهُ قَدْ نَهَى عَنِ التَّمَتُّعِ .فَقَالَ اِذَا رَاَيْتُمُوهُ قَدِ ارْتَحَلَ فَارْتَحِلُوا . فَلَبَّى عَلِيٌّ وَاَصْحَابُهُ بِالْعُمْرَةِ وَلَمْ يَنْهَهُمْ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلِيٌّ اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّكَ تَنْهَى عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ قَالَ بَلَى .فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ اَلَمْ تَسْمَعْ رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمَتَّعَ قَالَ بَلَى۔

☆☆ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما دونوں حج کے لیے آئے' راستے میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تمتع کے طور پر عمرے کو حج کے ساتھ شامل کرنے سے منع کر دیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی گئی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حج تمتع سے منع کر دیا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم انہیں دیکھو کہ وہ روانہ ہو چکے ہیں تو تم بھی روانہ ہو جاؤ' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے عمرے کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا' لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان حضرات کو منع نہیں کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے پتا چلا ہے' آپ نے عمرے کو تمتع کے طور پر ساتھ ملانے سے منع کر دیا ہے' تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: کیا آپ نے یہ بات نہیں سنی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا ہے؟

۲۶۹۳ اوردہ البیہقی فی سننہ (۵/ ۱۰۴) و اسنادہ حسن-

انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

2696 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ حَجَّ عُثْمَانُ حَتَّى إِذَا كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ أُخْبِرَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ عُثْمَانَ نَهَى أَصْحَابَهُ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَقَالَ عَلِيٌّ لأَصْحَابِهِ إِذَا ارْتَحَلَ عُثْمَانُ فَارْتَحِلُوا . قَالَ فَأَهَلَّ وَأَصْحَابُهُ بِعُمْرَةٍ فَلَمْ يُكَلِّمْهُمْ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلِيٌّ أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ نَهَيْتَ أَصْحَابَكَ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ أَلَمْ تَسْمَعْ رَسُولَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) تَمَتَّعَ قَالَ بَلٰى . قَالَ سَعِيدٌ فَلَا أَدْرِي مَا أَجَابَهُ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا .

★★ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حج کے لیے گئے' راستے میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی گئی کہ حضرت عثمان نے اپنے ساتھیوں کو عمرے کو حج کے ساتھ ملانے سے' یعنی حج تمتع کرنے سے منع کر دیا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ روانہ ہوں گے تو تم بھی روانہ ہو جانا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے عمرے کا احرام باندھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان حضرات کو کچھ نہیں کہا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: مجھے آپ کے بارے میں یہ بات بتائی گئی ہے' آپ نے اپنے ساتھیوں کو عمرے کو حج کے ساتھ ملانے سے' یعنی حج تمتع سے منع کر دیا ہے' کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نہیں سنی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج تمتع کیا ہے؟ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں!

سعید بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انہیں کیا جواب دیا۔

وَطَالِبٌ وَلَمْ يَرِثْهُ جَعْفَرٌ وَلَا عَلِيٌّ شَيْئًا لِاَنَّهُمَا كَانَا مُسْلِمَيْنِ وَكَانَ عَقِيلٌ وَطَالِبٌ كَافِرَيْنِ . قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَكَانُوْا يَتَاَوَّلُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا) اِلٰى قَوْلِهٖ (مِنْ وَّلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ)

★★ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مکہ میں اپنے گھر میں قیام کریں گے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر یا جگہ چھوڑی ہے؟ (راوی بیان کرتے ہیں:) جناب عقیل' جناب ابوطالب کے وارث ہوئے تھے' وہ اور طالب دونوں (ابوطالب کے وارث ہوئے تھے)' جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ اُن کے وارث نہیں ہوئے تھے کیونکہ یہ دونوں حضرات مسلمان تھے اور عقیل اور طالب کافر تھے۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اہلِ علم اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد لیتے ہیں۔

''وہ لوگ جو ایمان لائے' انہوں نے ہجرت کی' جہاد کیا''۔

یہ آیت یہاں تک ہے: ''اُن کی ولایت میں سے کچھ نہیں ہے''۔

2998- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ نَحْوَهُ وَزَادَ ثُمَّ قَالَ نَحْنُ نَازِلُوْنَ بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ .

★★ یہی روایت زہری سے منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: ہم ''خیف بنی کنانہ'' میں پڑاؤ کریں گے' جہاں قریش نے کفر پر ثابت قدم رہنے کی قسم اُٹھائی تھی۔

2999- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَمَاهِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ وَعُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَيْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَرَّا بِاَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ وَهُوَ عَلَى الْعِرَاقِ مُقْبِلَيْنِ مِنْ اَرْضِ فَارِسَ فَقَالَ مَرْحَبًا بِابْنَيْ اَخِيْ لَوْ كَانَ عِنْدِيْ شَيْءٌ اَوْ كُنْتُ اَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَبَلٰى هٰذَا الْمَالُ قَدِ اجْتَمَعَ عِنْدِيْ فَخُذَاهُ فَاشْتَرِيَا بِهٖ مَتَاعًا فَاِذَا قَدِمْتُمَا عَلٰى عُمَرَ فَبِيْعَاهُ وَلَكُمَا الرِّبْحُ وَادْفَعَا اِلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ رَاْسَ الْمَالِ وَاضْمَنَاهُ . قَالَ فَلَمَّا قَدِمَا عَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ لَهُمَا اَكُلَّ اَوْلَادِ الْمُهَاجِرِيْنَ صَنَعَ بِهِمْ مِثْلَ هٰذَا فَقَالَا لَا . فَقَالَ اِنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَاْبٰى اَنْ يُجِيْزَ ذٰلِكَ . وَجَعَلَهُ قِرَاضًا.

۲۹۹۷- اخرجه البخاري في الحج (۱۵۸۸) باب: توريث دور مكة و بيعها و شرائها' و مسلم في الحج (۲/ ۹۸٤) باب: النزول بمكة للحاج' و توريث دورها (۱۳۵۱)' و ابن ماجه في الفرائض (۲۷۳۰) باب: ميراث اهل الاسلام من اهل الشرك' و ابن حبان (۵۱٤۹)' و الطحاوي في المعاني (٤/ ٤٩' ۵۰) و المشكل (۳/ ۱۹۸)' و الحاكم (۲/ ٦۰۲)' والبيهقي في الكبرى (٦/ ۳٤)' (۹/ ۱۲۲) من طرق عن ابن وهب' به-و اخرجه عبد الرزاق (۹۸۵۱)' و عنه احمد (۵/ ۲۰۲)' و البخاري في الجهاد و السير (۳۰۵۸) باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم لليهود: اسلموا تسلموا' و مسلم في الحج (۱۳۵۱) باب: النزول بمكة للحاج' و ابو داود في الفرائض (۲۹۱۰) باب: هل يرث المسلم الكافر' و النسائي في الحج: كما في التحفة (۱/ ۵۸)' و ابن ماجه في المناسك (۲۹٤۲) باب: دخول مكة' و البيهقي (۵/ ۱٦۰)' (٦/ ۲۱۸) من طرق عن الزهري' بنحوه-

۲۹۹۸- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۹۸۵۱)' و عنه احمد (۵/ ۲۰۲)' و البخاري و مسلم وغيرهما- راجع تخريج ما قبله-

۲۹۹۹- اخرجه مالك في القراض (۲/ ٦۸۷-٦۸۸) باب: ما جاء في القراض' عن زيد بن اسلم' بنحوه- و من طريق مالك اخرجه الشافعي في المسند (۲/ ۱٦۹)' و من طريق الشافعي اخرجه البيهقي في السنن (٦/ ۱۱۰) اول كتاب القراض' و في المعرفة (۸/ ۳۲۲) باب: القراض (۱۲۰٦۵)-

★★ عبداللہ بن زید اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دو صاحبزادے عبداللہ اور عبیداللہ کا گزر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا' جو عراق میں (گورنر کے فرائض سرانجام دے رہے) تھے' یہ دونوں حضرات ایران کی سرزمین سے آ رہے تھے' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے دونوں بھتیجوں کو خوش آمدید! کاش میرے پاس کوئی چیز ہوتی (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) کاش میں کسی چیز پر قدرت رکھتا (جو میں تمہیں دے سکتا)' ہاں! البتہ میرے پاس یہ مال اکٹھا ہوا ہے' تم اسے لو اس کے ذریعہ سامان خریدو' جب تم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ تو اسے فروخت کر دینا' منافع تمہارا ہوگا اور اصل مال تم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ادا کر دینا۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب یہ دونوں حضرات امیر المؤمنین کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے ان دونوں سے دریافت کیا: کیا ابوموسیٰ نے تمام مہاجرین کی اولاد کے ساتھ یہی سلوک کیا تھا؟ اُن دونوں نے جواب دیا: جی نہیں! تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امیر المؤمنین اسے درست قرار نہیں دیں گے' اُنہوں نے اسے ''قراض'' کے طور پر دیا۔

3000- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِی حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا حَیْوَةُ وَابْنُ لَهِیعَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ وَعَنْ غَیْرِهٖ اَنَّ حَكِیْمَ بْنَ حِزَامٍ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- كَانَ یَشْتَرِطُ عَلَى الرَّجُلِ اِذَا اَعْطَاهُ مَالًا مُقَارَضَةً فَضَرَبَ لَهٗ بِهٖ اَلَّا تَجْعَلَ مَالِیْ فِیْ كَبِدٍ رَطْبَةٍ وَلَا تَحْمِلَهٗ فِیْ بَحْرٍ وَلَا تَنْزِلَ بِهٖ فِیْ بَطْنِ مَسِیْلٍ فَاِنْ فَعَلْتَ شَیْئًا مِّنْ ذٰلِكَ فَقَدْ ضَمِنْتَ مَالِیْ۔

★★ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ جب کسی شخص کو ''مقارضہ'' کے طور پر کوئی چیز دیتے تھے تو اُس پر یہ شرط عائد کرتے تھے کہ تم میرے مال کو کسی جاندار کو نہیں دو گے' کسی سمندری سفر پر نہیں لے جاؤ گے' اُسے لے کر کسی آبی گزرگاہ میں پڑاؤ نہیں کرو گے' اگر تم نے اس میں سے کچھ بھی کیا (اور میرا مال ضائع ہوا) تو اس کا تاوان ادا کرو گے۔

3001- حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِیَاسٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- فِیْ سَرِیَّةٍ ثَلَاثِیْنَ رَاكِبًا- قَالَ- فَنَزَلْنَا عَلٰى قَوْمٍ مِّنَ الْعَرَبِ فَسَاَلْنَاهُمْ اَنْ یُّضَیِّفُوْنَا فَاَبَوْا- قَالَ- فَلُدِغَ سَیِّدُ الْحَیِّ فَاَتَوْنَا فَقَالُوْا اَفِیْكُمْ اَحَدٌ یَرْقِیْ مِنَ الْعَقْرَبِ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ اَنَا وَلٰكِنْ لَّا اَفْعَلُ حَتّٰى تُعْطُوْنَا .فَقَالُوْا فَاِنَّا نُعْطِیْكُمْ

۳۰۰۰- اخرجه البيهقي في سننه (۱۱۱/٦) كتاب القراض: اخبرنا ابو بكر و ابو زكريا قالا: ثنا ابو العباس' انبا محمد' انبا ابن وهب' اخبرني ابن لهيعة وحيوة بن شريح عن محمد بن عبد الرحمن الاسدي عن عروة بن الزبير عن حكيم بن حزام: انه كان يدفع المال مقارضة الى الرجل' و يشترط عليه الا يمر به بطن واد' ولا يبتاع به حيوانا' و لا يحمله في بحر- فان فعل شيئا من ذلك فقد ضمن ذلك المال- قال البيهقي فيه: حديث مسند ضعيف-

۳۰۰۱- اخرجه احمد في المسند (۱۰/۳)' و الترمذي في الطب (۳۴۸/٤) باب: ما جاء في اخذ الاجرة على التعويذ' و النسائي في الكبرى كما في التحفة (٤٥۲/۳)' و ابن ماجه في التجارات (۷۲۹/۲) باب: اجر الراقي (۲۱٥٦)' و ابن السني في عمل اليوم و الليلة (٦٤۱) من طرق عن ابي معاوية: محمد بن خازم الضرير' به- وقال الترمذي: (حديث حسن' و ابو نضرة اسمه: المنذر بن مالك بن قطعة- و رخص الشافعي للمعلم ان ياخذ على تعليم القرآن اجرا' ويرى له ان يشترط على ذلك' و احتج بهذا الحديث- و جعفر بن اياس: هو جعفر بن ابي وحشية' و هو ابو بشر- وروى شعبة و ابو عوانة و هشام و غير واحد عن ابي بشر هذا الحديث عن ابي المتوكل عن ابي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم' اه-

ثَلَاثِیْنَ شَاةً قَالَ فَقَرَاْتُ عَلَیْهِ (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ) سَبْعَ مَرَّاتٍ فَبَرَاَ قَالَ فَلَمَّا قَبَضْنَاهَا عَرَضَ فِیْ اَنْفُسِنَا مِنْهَا شَیْءٌ. قَالَ فَکَفَفْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا النَّبِیَّ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- فَذَکَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ قَالَ فَقَالَ وَمَا عِلْمُكَ اَنَّهَا رُقْیَةٌ فَاقْسِمُوْهَا وَاضْرِبُوْا لِیْ مَعَکُمْ بِسَهْمٍ.

★★ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم تیس سواروں کو ایک مہم پر روانہ کیا' ہم نے ایک عرب قبیلے (کی بستی) کے پاس پڑاؤ کیا' ہم نے اُن سے مہمان نوازی کی درخواست کی تو اُنہوں نے انکار کر دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: قبیلے کے سردار کو (کسی زہریلے جانور نے) کاٹ لیا' وہ لوگ ہمارے پاس آئے اور دریافت کیا: کیا آپ میں سے کوئی شخص بچھو کے کاٹنے کا دَم کرسکتا ہے؟ راوی بیان کرتے ہیں' میں نے جواب دیا: جی ہاں! میں کرسکتا ہوں' لیکن میں ایسا اُس وقت تک نہیں کروں گا جب تک تم لوگ ہمیں (اس کا معاوضہ) ادا نہیں کرو گے' اُنہوں نے کہا: ہم آپ لوگوں کو (اس کے معاوضے میں) تیس بکریاں دیں گے' راوی کہتے ہیں: میں نے اُس شخص پر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر دَم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا' جب ہم نے وہ بکریاں وصول کیں تو ہمیں اس بارے میں کچھ اُلجھن محسوس ہوئی' ہم نے اُن بکریوں (کا گوشت) استعمال نہیں کیا' پھر جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیسے پتہ چلا کہ اس کا دَم بھی ہوتا ہے؟ (میں نے جواب دیا: آپ نے بتایا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم انہیں تقسیم کرلو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی رکھو۔

3002 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ وَیَعْلَی بْنُ عُبَیْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِیَاسٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ- نَحْوَهٗ. خَالَفَهٗ شُعْبَةُ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم شعبہ نامی راوی نے اس میں کچھ مختلف نقل کیا ہے۔

3003 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِیٍّ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِیْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ اَبِی الْمُتَوَکِّلِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ

۳۰۰۲- اخرجه النسائي في الكبرى: كما في التحفة (۳/۴۵۳) من طريق يعلى بن عبيد' به-وتقدم تخريجه من طريق ابي معاوية عن الاعمش' في الذي قبله-واخرجه محمد بن عبيد- اخويعلى - عن الاعمش' به- اخرجه النسائي في الكبرى: كما في التحفة (۳/۴۵۳)- واخرجه جرير عن الاعمش' به- اخرجه ابن حبان (۶۱۱۲)' و ابن السني (۶۴۱)-

۳۰۰۳- اخرجه احمد (۳/۴۴): ثنا محمد بن جعفر' به- واخرجه البخاري في الطب (۱۰/۲۰۸) باب: الرقى بفاتحة الكتاب (۵۷۳۶)' و ابن ماجه في التجارات (۲/۷۲۹) باب: اجر الراقي (۲۱۵۶)' كلاهما عن محمد بن بشار عن محمد بن جعفر' به- و اخرجه الترمذي في الطب (۴/۳۴۸-۳۴۹) باب: ما جاء في اخذ الاجر على التعويذ (۲۰۶۴)' من طريق عبد الصمد بن عبد الوارث' حدثنا شعبة' به- و قال الترمذي: هذا حديث صحيح' و هذا اصح من حديث الاعمش عن جعفر بن اياس' و هكذا روى غير واحد هذا الحديث عن ابي بشر: جعفر بن ابي وحشية' عن ابي المتوكل' عن ابي سعيد- و جعفر بن اياس: هو جعفر بن ابي و حشية)- اه-واخرجه ابو عوانة الوضاح' عن ابي بشر' به- اخرجه البخاري في الاجارة (۲۲۷۶) باب: ما يعطى في الرقية على احياء العرب بفاتحة الكتاب' وفي الطب (۵۷۴۹) باب: النفث في الرقية' وابو داود في الاجارة (۳۴۱۸) باب: كسب الاطباء' و في الطب (۳۹۰۰) باب: كيف الرقى! و البيهقي في الكبرى (۶/۱۲۴)- و تبعهما هشيم عن ابي بشر' به- اخرجه احمد (۳/۲)' و مسلم في السلام (۲۲۰۱) باب: جواز اخذ الاجرة على الرقية بالقرآن و الاذكار' و النسائي في اليوم و الليلة (۱۰۲۹)' و الطحاوي في المعاني (۴/۱۲۶-۱۲۷)-

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَتَوْا حَيًّا مِنَ الْعَرَبِ فَلَمْ يَقْرُوهُمْ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ لُدِغَ سَيِّدُ أُولَئِكَ فَقَالُوْا اَفِيكُمْ دَوَاءٌ اَوْ رَاقٍ فَقَالُوْا اِنَّكُمْ لَمْ تَقْرُوْنَا فَلَا نَفْعَلُ اَوْ تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلاً فَجَعَلُوْا لَهُمْ قَطِيعًا مِنْ شَاءٍ فَجَعَلَ يَقْرَأُ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَيَجْمَعُ بُزَاقَهُ وَيَتْفُلُ فَبَرَأَ الرَّجُلُ فَاَتَوْهُمْ بِالشَّاءِ فَقَالُوْا لَا نَاْخُذُهَا حَتّٰى نَسْاَلَ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَسَاَلُوا النَّبِيَّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ ذٰلِكَ فَضَحِكَ وَقَالَ مَا يُدْرِيكَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ خُذُوهَا وَاضْرِبُوْا لِي فِيهَا بِسَهْمٍ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب کسی عرب قبیلے کے پاس آئے تو اُن لوگوں نے ان حضرات کی مہمان نوازی نہیں کی' اسی دوران اُن لوگوں کے سردار کو کسی (زہریلے جانور نے) کاٹ لیا' اُن لوگوں نے دریافت کیا: کیا آپ کے پاس اس کی کوئی دوائی ہے یا کوئی دَم کرنے والا ہے؟ تو ان حضرات نے کہا: تم لوگوں نے ہماری مہمان نوازی نہیں کی' اس لیے ہم تو ایسا نہیں کریں گے' یا پھر یہ ہے کہ تم ہمیں اس کا کوئی معاوضہ ادا کرو۔ تو اُن لوگوں نے بکریوں کا ایک ریوڑ معاوضہ مقرر کیا' تو اُنہوں نے سورۂ فاتحہ پڑھنی شروع کی' وہ اپنا لعاب منہ میں اکٹھا کرتے اور (جانور کی کاٹی ہوئی جگہ پر) ڈال دیتے' تو وہ شخص ٹھیک ہوگیا۔ وہ لوگ بکریاں لے کر ان کے پاس آئے (تو ان میں سے بعض حضرات نے) یہ کہا: ہم انہیں اُس وقت تک (استعمال) نہیں کریں گے جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت نہ کرلیں۔ اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیسے پتہ چلا کہ اس کے ذریعہ دَم بھی ہوتا ہے؟ تم انہیں استعمال کرو اور ان میں میرا حصہ بھی رکھو۔

3004- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ قَتَّةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- بَعَثَ سَرِيَّةً عَلَيْهَا اَبُوْ سَعِيْدٍ فَمَرَّ بِقَرْيَةٍ فَاِذَا مَلِكُ الْقَرْيَةِ لَدِيغٌ فَسَاَلْنَاهُمْ طَعَامًا فَلَمْ يُطْعِمُوْنَا وَلَمْ يُنْزِلُوْنَا فَمَرَّ بِنَا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْقَرْيَةِ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ يُحْسِنُ اَنْ يَرْقِيَ اِنَّ الْمَلِكَ يَمُوتُ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ فَاَتَيْتُهُ فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَاَفَاقَ وَبَرَاَ فَبَعَثَ اِلَيْنَا بِالنُّزُلِ وَبَعَثَ اِلَيْنَا بِالشَّاءِ فَاَكَلْنَا الطَّعَامَ اَنَا وَاَصْحَابِي وَاَبَوْا اَنْ يَاْكُلُوْا مِنَ الْغَنَمِ حَتّٰى اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَاَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ فَقَالَ وَمَا يُدْرِيكَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ . قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَيْءٌ اُلْقِيَ فِي رُوعِي .قَالَ فَكُلُوْا وَاَطْعِمُوْنَا مِنَ الْغَنَمِ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی' جس کے امیر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تھے' اُن کا گزر ایک بستی کے پاس سے ہوا جس کے امیر کو (کسی زہریلے جانور نے) کاٹ لیا تھا' ہم نے اُن

۳۰۰۴- اخرجه احمد في مسنده (۳/ ۵۰)' قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن الزبير ابو احمد قال: حدثنا عبد الرحمن بن النعمان ابو النعمان الانصاري بالكوفة عن سليمان بن قتيبة' به-(تنبيه) كذا وقع في المطبوع من المسند: (قتيبة)- والصواب: (قتة)؛ كذا في تعجيل المنفعة (۲/ ۶۱۷) و نسوضيح المشتبه (۷/ ۱۸۳)-قال ابن حجر في التعجيل: و ثقه ابن معين- و قال ابن المديني قته امه- وذكره ابن حبان في الثقات: يكنى: ابا مدين-

لوگوں سے کھانے کیلئے مانگا تو اُنہوں نے ہمیں کھانے کیلئے نہیں دیا اور ہمیں پڑاؤ بھی نہیں کرنے دیا (ہم نے بستی سے باہر پڑاؤ کیا) اُس بستی کا ایک فرد ہمارے پاس سے گزرا تو بولا: اے اہلِ عرب! کیا تم میں سے کوئی شخص دَم کر سکتا ہے؟ ہمارا سردار مر رہا ہے' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اُس کے پاس آیا اور میں نے سورۂ فاتحہ پڑھ کر اُس پر دَم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔ اُن لوگوں نے ہماری طرف کھانے کا سامان اور بکریاں بھیجیں' میں نے اور میرے ساتھیوں نے کھانا کھا لیا' لیکن میرے ساتھیوں نے اُن بکریوں (کو ذبح کر کے اُن کا گوشت کھانے سے) انکار کر دیا' یہاں تک کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیسے پتہ چلا کہ اس کا دَم بھی ہوتا ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ بات میرے ذہن میں آ گئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اُن بکریوں (کا گوشت) کھاؤ اور اُس میں سے ہمیں بھی کھلاؤ۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ عبدالرحمٰن بن نعمان بن معبد بن ھوذہ انصاری، ابونعمان کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۴۰۵۶)۔

○ قاسم بن عیسیٰ بن ابراہیم، طائی واسطی۔ قال ابوعبید الاجری، عن ابی داود: تغیر عقلہ، و ذکرہ ابن حبان فی کتاب ثقات۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تہذیب الکمال (۶/۷۷) ت (۵۳۹۵)۔

○ ہارون بن مسلم بن ہرمز، ابوحسین، صاحب حناء لین۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: جرح و تعدیل (۹/۹۴) ت (۳۹۲)۔

3005 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُسْلِمٍ اَبُو الْحُسَيْنِ الْعِجْلِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَكْبٌ فِيهِمْ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ -صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اِذْ عَرَضَ لَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ زَعِيمَ الْحَيِّ لَسَلِيمٌ- يَعْنِيْ لَدِيغًا- فَهَلْ فِيكُمْ مِنْ رَاقٍ فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَرَقَاهُ عَلٰى شَاءٍ ثُمَّ جَاءَ بِهَا اِلٰى اَصْحَابِهِ فَقَالُوْا بِمَ رَقَيْتَهُ قَالَ رَقَيْتُهُ بِاُمِّ الْكِتَابِ فَقَالُوْا اَخَذْتَ عَلٰى كِتَابِ اللهِ اَجْرًا فَلَمْ يَقْرَبُوْا شَيْئًا مِمَّا اَصَابَ فَلَمَّا قَدِمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ -صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ اَخَذَ عَلٰى كِتَابِ اللهِ اَجْرًا فَحَدَّثَهُ الرَّجُلُ بِمَا صَنَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ -صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- وَمَا يُدْرِيكَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ . يَعْنِيْ اُمَّ الْكِتَابِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا كِتَابُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ . اُخْرِجَ فِي الصَّحِيْحِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ کچھ صحابہ کرام کہیں جا رہے تھے' ایک شخص اُن کے

۳۰۰۵- لم اجده عند غير المصنف من هذه الطريق، لكن اسناده حسن- القاسم بن عيسى الطائي: قال الحافظ في التقريب (۵۵۱۱): صدوق تغير- وهارون بن مسلم العجلي صدوق، كما في التقريب (۷۲۸۹)- لكن تابع هارون عليه ابو معشر يوسف بن سعيد، كما سياتي في الذي بعد هذا-

سامنے آیا اور بولا. اس قبیلے کے سردار کو (کسی زہریلے جانور نے) کاٹ لیا ہے کیا تم میں سے کسی کو دَم کرنا آتا ہے؟ تو اُن حضرات میں سے ایک صاحب چلے گئے' اُنہوں نے اُس سردار پر دَم کیا' اس شرط پر (کہ معاوضے کے طور پر اُنہیں) بکریاں دی جائیں گی' پھر وہ اُن بکریوں کو ساتھ لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس آئے تو اُنہوں نے دریافت کیا: آپ نے کس چیز کے ذریعہ دَم کیا ہے؟ تو اُنہوں نے بتایا: میں نے سورۂ فاتحہ کے ذریعہ دَم کیا ہے' تو اُن ساتھیوں نے کہا: آپ نے اللہ کی کتاب کا معاوضہ وصول کیا ہے؟ اُن ساتھیوں نے اُس میں سے کچھ بھی نہیں لیا جو اُنہیں معاوضے کے طور پر ملا تھا۔ جب یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے نبی اکرم ﷺ کو بتایا: یارسول اللہ! اس نے اللہ کی کتاب کا معاوضہ وصول کیا ہے' تو اُن صاحب نے بھی نبی اکرم ﷺ کو بتایا جو اُنہوں نے کیا تھا (یعنی سورۂ فاتحہ کا دَم کیا تھا)' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیسے پتا چلا کہ اس کا دَم بھی ہوتا ہے؟ یعنی سورۂ فاتحہ کا' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم جس بھی چیز کا معاوضہ وصول کرتے ہو اُس میں سب سے زیادہ حق دار اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

یہ حدیث ''صحیح'' میں نقل کی گئی ہے۔

3006- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ الْاَحْوَلُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْقَوَارِيْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَزِيْدَ اَبُوْ مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مَرُّوْا بِحَيٍّ مِّنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ وَفِيْهِمْ لَدِيْغٌ اَوْ سَلِيْمٌ فَقَالُوْا هَلْ فِيْكُمْ مِنْ رَاقٍ فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ فَرَقَاهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلٰى شَاءٍ فَبَرَاَ فَجَآءَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ بِالشَّاءِ فَقَالُوْا اَخَذْتَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا فَلَمَّا قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا .فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا مَرَرْنَا بِحَيٍّ مِّنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ وَفِيْهِمْ رَجُلٌ لَدِيْغٌ اَوْ سَلِيْمٌ فَانْطَلَقْتُ فَرَقَيْتُهٗ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَلٰى شَاءٍ فَبَرَاَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ . هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ عَنْ سِيدَانَ بْنِ مُضَارِبٍ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ الْبَرَّاءِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے کچھ اصحاب کسی عرب قبیلے کے پاس سے گزرے' جن کے ایک فرد کو (کسی زہریلے جانور نے) کاٹ لیا تھا' اُن لوگوں نے دریافت کیا: کیا آپ میں سے کسی کو دَم کرنا آتا ہے؟ تو ان اصحاب میں سے ایک صاحب گئے' اُنہوں نے معاوضے کے طور پر بکریاں (وصول کرنے) کی شرط پر' سورۂ فاتحہ پڑھ کر اُس شخص پر دَم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا' پھر وہ صاحب وہ بکریاں لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس آئے تو اُن ساتھیوں نے کہا: تم نے اللہ کی کتاب کا معاوضہ وصول کیا ہے؟ جب یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے عرض کی:

۳۰۰۶- اخرجه البيهقي في الكبرى (٦/ ١٢٤)' و ابن حبان في الاجارة (٥١٤٦) من طريق عبيد الله القواريري' به- و اخرجه البخاري في الطب (٥٧٣٧) باب: الشروط في الرقية بفاتحة الكتاب' عن سيدان بن مضارب' ابي محمد الباهلي عن ابي معشر' بنحوه-

یارسول اللہ! اس نے اللہ کی کتاب کا معاوضہ وصول کیا ہے' تو اُن صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ایک عرب قبیلے کے پاس سے گزرے' جن کے ایک فرد کو (کسی زہریلے جانور نے) کاٹ لیا تھا' تو میں گیا اور میں نے معاوضے کے طور پر بکریاں (وصول کرنے) کی شرط پر' اللہ کی کتاب پڑھ کر اُس شخص پر دَم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم جس چیز کا معاوضہ وصول کرتے ہو' اُن میں سب سے زیادہ حق دار اللہ کی کتاب ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے' اسے امام بخاری نے سیدان بن مضارب کے حوالے سے ابومعشر سے نقل کیا ہے۔

3007- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِى الْحَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قُدِمَ عَلَى النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- بِسَبْيٍ فَاَمَرَنِى بِبَيْعِ اَخَوَيْنِ فَبِعْتُهُمَا وَفَرَّقْتُ بَيْنَهُمَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِىَّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَقَالَ اَدْرِكْهُمَا وَارْتَجِعْهُمَا وَبِعْهُمَا جَمِيعًا وَلَاتُفَرِّقْ بَيْنَهُمَا .

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ قیدی لائے گئے' آپ نے مجھے اُن میں سے دو بھائیوں کو فروخت کرنے کا حکم دیا' میں نے اُنہیں فروخت کرتے ہوئے اُنہیں جدا کر دیا (یعنی دو الگ' الگ آدمیوں کو فروخت کیا)' جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ کو ملی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم اُن کے پاس جاؤ اور اُن دونوں کو واپس لو' اُن دونوں کو ایک ساتھ فروخت کرو' اُن میں جدائی نہ ڈالو۔

3008- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِىُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِىْ شَبِيْبٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ وَهَبَ لِى رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- غُلَامَيْنِ اَخَوَيْنِ فَبِعْتُ اَحَدَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مَا فَعَلَ الْغُلَامَانِ . قُلْتُ بِعْتُ اَحَدَهُمَا فَقَالَ رُدَّهُ .

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے مجھے دو غلام ہبہ کیے جو دونوں بھائی تھے' میں نے اُن دونوں

۳۰۰۷- اخرجه الحاكم في البيوع (۲/ ۵٤) من طريق يحيى بن ابي طالب' ثنا عبد الوهاب ابن عطاء' به- وقال: (حديث غريب صحيح على شرط الشيخين' ولم يخرجاه- و قيل: عن الحكم عن ميمون بن ابي شبيب عن علي' و هو صحيح ايضاً)- اه- و ستاتي رواية الحكم عن ميمون هذه هنا' ان شاء الله تعالى -وقال ابن القطان- كما في نصب الراية (٤/ ٢٦)-: (ورواية شعبة لا عيب بها' و هي اولى ما اعتمد في هذا الباب)- اه- و اخرجه سعيد بن ابي عروبة عن الحكم عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن علي' بنحوه- اخرجه احمد (١/ ٩٧-٩٨)- وعزاه الزيلعي (٤/ ٢٦) لاحمد و البزار' وقال: (قال صاحب التنقيح : هذا اسناده رجاله رجال الصحيحين' الا ان سعيد بن ابي عروبة لم يسمع من الحكم شيئًا: قاله احمد و النسائي و الدارقطني وغيرهم- انتهى - قلت: اخرجه اسحاق ابن راهويه في مسنده' و بينهما رجل مجهول' فقال: اخبرنا محمد بن سواء' ثنا ابن ابي عروبة عن صاحب له عن الحكم بن عتيبة عن عبد الرحمن' به)-اه-

۳۰۰۸- اخرجه الترمذي في البيوع (۳/ ۵۸۰-۵۸۱) باب: ما جاء في كراهية الفرق بين الاخوين' او بين الوالدة وولدها في البيع (١٢٨٤): حدثنا الحسن بن قزعة' اخبرنا عبد الرحمن ابن مهدي- و اخرجه ابن ماجه في التجارات (۲/ ۷۵۵-۷۵٦) باب: النهي عن التفريق بين السبي (۲۲٤۹): حدثنا محمد بن يحيى' ثنا عفان' كلاهما -ابن مهدي' و عفان عن حماد بن سلمة' به- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب' و قد كره بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم التفريق بين السبي في البيع' ورخص بعض اهل العلم في التفريق بين المولدات الذين ولدوا في ارض الاسلام- و القول الاول: اصح - وروي عن ابراهيم النخعي انه فرق بين والدة وولدها في البيع- فقيل له في ذلك؟ فقال: اني قد استاذنتها بذلك: فرضيت)- اه-

میں سے ایک کوفروخت کر دیا' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تمہارے غلاموں کا کیا حال ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اُن میں سے ایک کوفروخت کر دیا ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم اسے واپس لو!

3009- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبِى خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ اَبِى شَبِيبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ اَنَّهُ بَاعَ فَفَرَّقَ بَيْنَ امْرَاَةٍ وَّابْنِهَا فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَنْ يَّرُدَّهُ. وَقَالَ عُثْمَانُ اِنَّهُ فَرَّقَ بَيْنَ جَارِيَةٍ وَّوَلَدِهَا فَنَهَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ ذٰلِكَ فَرَدَّ الْبَيْعَ.

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے فروخت کرتے ہوئے ایک عورت اور اُس کے بیٹے کو الگ کر دیا تو نبی اکرم ﷺ نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ اُس سودے کو کالعدم کر دیں۔

عثمان نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: اُنہوں نے ایک کنیز اور اُس کے بیٹے کے درمیان علیحدگی کر دی تھی تو نبی اکرم ﷺ نے اُنہیں اس سے منع کیا' تو اُنہوں نے وہ سودا کالعدم کر دیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ میمون بن ابی شبیب ربعی، ابونصر کوفی، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ بکثرت مرسل روایات نقل کرتے ہیں۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 83ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۷۰۹۵)۔

•••———•••———•••

کنیز اور اس کی اولاد کو الگ' الگ فروخت کرنے کا حکم

امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف ''التجرید'' میں تحریر کرتے ہیں:

ہمارے اصحاب نے یہ بات بیان کی ہے کہ دو ایسے مملوک افراد کے درمیان تفریق کرنا جائز نہیں ہے جو ایک دوسرے کے ذی رحم محرم ہوں۔ جب تک (ان میں سے نابالغ) بالغ نہ ہو جائے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب اس کی عمر سات سال سے زیادہ ہو جائے تو اسے فروخت کرنا جائز ہوگا' یہ بات البیوع (یعنی خرید وفروخت سے متعلق باب میں ہے) جبکہ سیر الواقدی میں بھی یہ بات تحریر ہے۔

ہماری دلیل حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے

۳۰۰۹- اخرجه ابو داود في الجهاد (۲/ ۶۲) باب: في التفريق بين السبي (۲۶۹۶): حدثنا عثمان بن ابي شيبة به- و اخرجه الحاكم البيوع (۲/ ۵۵) من وجه آخر عن عبد السلام بن حرب به-وقال ابو داود: (ميمون لم يدرك عليا: قتل بالجماجم' و الجماجم سنة ثلاث و ثمانين- قال ابو داود: و الحرة سنة ثلاث و ستين' و قتل ابن الزبير سنة ثلاث و سبعين)- اه- و قال الحاكم: (هذا متن آخر باسناد صحيح)- اه-

منع کیا ہے کہ ماں اور اس کی اولاد کے درمیان علیحدگی کی جائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! یہ کب تک ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تک لڑکا بالغ نہیں ہو جاتا یا لڑکی کو حیض نہیں آ جاتا۔ اس روایت کو امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔

اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ بچہ بلوغت کی وجہ سے مکمل (فرد) بن جاتا ہے۔ اس لیے اس سے پہلے اسے فروخت کر کے اسے اس کی کنیز ماں سے الگ نہیں کیا جائے گا۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ اس کی کم سنی کی وجہ سے وہ شرعی احکام کا پابند نہیں ہوتا' اس لیے فروخت کر کے اس کے اور اس کی ماں کے درمیان علیحدگی نہیں کی جائے گی۔

اس کی دلیل یہ بھی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک کنیز کے ساتھ کتابت کا معاہدہ کیا تھا' جو ایک بچے کے عوض میں تھا لیکن وہ کنیز کا اپنا بچہ نہیں تھا۔

اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ جب بچے کی عمر سات سال سے زیادہ ہو جائے تو وہ چھوٹا بچہ نہیں رہتا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہر وہ بچہ جو بالغ نہ ہوا ہو' اس پر چھوٹے بچے کا اطلاق ہوتا ہے۔ پھر ہم نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے' جس میں بلوغت کا اعتبار کیا گیا ہے' وہ زیادہ واضح ہے۔ اس لیے کسی احتمال والی بات کے مقابلے میں سے ترجیح دی جائے گی۔

امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہما نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب کوئی شخص (فروخت کرتے ہوئے) ماں اور اس کی اولاد کے درمیان علیحدگی کر دیتا ہے تو یہ بات اسکے لیے ناجائز ہے' تاہم وہ سودا درست ہوگا۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ یہ کہتے ہیں: وہ بیع فاسد شمار ہوگی' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

ہماری دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

"جو شخص کسی غلام کو فروخت کرتا ہے اور اس غلام کو کوئی مال بھی موجود ہو تو وہ مال فروخت کنندہ کے پاس رہتا ہے ماسوائے اس صورت کے کہ خریدار اس کی شرط عائد کرے"۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ان دونوں افراد (یعنی ماں' بیٹا) کو ایک ہی عقد میں جمع کرنا جائز ہے' اس لیے ان دونوں کے درمیان تفریق بیع کے درست ہونے میں رکاوٹ نہیں ہوگی' جس طرح دو بھائیوں کو فروخت کر دیا جائے (تو یہی حکم ہوگا)۔

3010- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- يُؤْتَى بِالسَّبْيِ فَيُعْطِي أَهْلَ الْبَيْتِ كَمَا هُمْ لاَ يُفَرِّقُ بَيْنَهُمْ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جب قیدی لائے جاتے تو آپ پورا گھرانہ ہی (کسی کو) دے دیا کرتے تھے' جیسے وہ لوگ پہلے ہوتے تھے۔ آپ اُن کے درمیان علیحدگی نہیں کرواتے تھے۔

---

1 التجرید از امام ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری' مطبوعہ مکتبہ محمودیہ ارگ بازار قندھار' افغانستان' ج5 ص2649

۳۰۱۰- اخرجه ابن ماجه في التجارات (۲/ ۷۵۵) باب: النهي عن التفريق بين السبي (۲۲٤۸) من طريق وكيع' ثنا سفيان عن جابر' به- واخرجه البيهقي في السنن (۹/ ۱۲۸) من طرق عن جابر' به- وفي الزوائد: (في اسناده جابر الجعفي)- اه-

3011- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُونُسَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ طَلِيقِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مَلْعُونٌ مَنْ فَرَّقَ . قَالَ أَبُو بَكْرٍ هٰذَا مُبْهَمٌ وَهُوَ عِنْدَنَا فِي السَّبْيِ وَالْوَلَدِ .

★★ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: علیحدگی کرنے والا شخص ملعون ہے۔

ابوبکر نامی راوی بیان کرتے ہیں: یہ الفاظ مبہم ہیں' ہمارے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ کسی قیدی اور اُس کی اولاد کے درمیان علیحدگی کروائی جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ طلیق بن محمد بن عمران بن حصین۔ علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''مقبول'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے چھٹے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۳۰۶۳)۔

3012- حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الزَّجَّاجُ الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ طَلِيقِ بْنِ عِمْرَانَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْأَخِ وَأَخِيهِ وَالْوَالِدِ وَوَلَدِهِ.

★★ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے (غلاموں یا کنیزوں کو فروخت کرتے ہوئے) بھائیوں یا ماں باپ اور اولاد کے درمیان تفریق ڈال دی جائے۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ ابراہیم بن اسماعیل بن مجمع، وقیل: ابراہیم بن اسماعیل بن یزید بن مجمع بن جاریہ انصاری، ابواسحاق مدنی قال عباس دوری عن یحییٰ بن معین: علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔ لیس بشیء۔ امام ابوحاتم فرماتے ہیں: یہ بکثرت وہم کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ قوی (مستند) نہیں ہیں۔ امام بخاری فرماتے ہیں: یہ بکثرت وہم کا شکار ہوتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تھذیب (۱/۱۰۰،۱۰۱) ت (۱۴۴)۔

۳۰۱۱- اخرجه الحاكم في البيوع (۲/ ۵۵) من طريق عبد الرحمن بن يونس السراج به- ومن طريقه اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۹/ ۱۲۸)' و قال الحاكم: (هذا اسناد صحيح' و لم يخرجاه)- اه- قلت: وقد اختلف فيه على طليق: فراجع ما بعده-

۳۰۱۲- اخرجه ابن ماجه في التجارات (۲/ ۷۵۶) باب: النهي عن التفريق بين السبي (۲۲۵۰) عن محمد بن عمر بن الهياج' ثنا عبيد الله بن موسى' به- و اخرجه البيهقي (۹/ ۱۲۸) من طريقين عن عبيد الله بن موسى' به-قال الزيلعي في نصب الراية (۴/ ۲۵): (وذكر الدارقطني فيه اختلافاً على طليق: فمنهم من يرويه عن طليق عن ابي بردة عن ابي موسى' و منهم من يرويه عن طليق عن عمران بن حصين' و منهم من يرويه عن طليق عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً و هكذا ذكره عبد الحق في احكامه من جهة الدارقطني' ثم قال: وقد اختلف فيه على طليق' فاخرجه ابراهيم بن اسماعيل بن مجمع عن طليق عن ابي بردة عن ابي موسى' واخرجه ابو بكر بن عياش عن التيمي عن طليق عن عمران ابن حصين' وغير ابن عياش يرويه عن سليمان التيمي- عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً' و هو المحفوظ عن التيمي' انتهى كلامه- قال ابن القطان: و بالجملة فالحديث لا يصح' لان طليقاً لا يعرف حاله' و هو خزاعي' انتهى كلامه)- اه-

3013- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ عَنْ طَلِيقِ بْنِ عِمْرَانَ عَنْ أَبِى بُرْدَةَ عَنْ أَبِى مُوسَى قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِهَا وَبَيْنَ الأَخِ وَأَخِيهِ.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص پر لعنت کی ہے جو (غلاموں اور کنیزوں کوفروخت کرتے ہوئے) ماں اور اُس کی اولاد یا بھائیوں کے درمیان تفریق ڈال دے۔

3014- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِى حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِى حُيَىُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْحُبُلِىِّ عَنْ أَبِى أَيُّوبَ الأَنْصَارِىِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللَّهُ تَعَالَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص (غلاموں اور کنیزوں کوفروخت کرتے ہوئے) ماں اور اُس کی اولاد کے درمیان علیحدگی ڈال دے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس شخص اور اُس کے دوستوں کے درمیان علیحدگی رکھے گا۔

3015- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِىِّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ أَبِى سَعِيدٍ الْبَلَوِىِّ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ سُلَيْمٍ الْعُذْرِىِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ -صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَمَّنْ فَرَّقَ بَيْنَ السَّبْىِ بَيْنَ الْوَالِدِ وَالْوَلَدِ قَالَ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَهُمْ فَرَّقَ اللَّهُ تَعَالَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الأَحِبَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حریث بن سلیم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو قیدیوں میں' والد اور اولاد کے درمیان تفریق کر دیتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ان کے درمیان تفریق ڈال دے گا' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس شخص اور اُس کے دوستوں کے درمیان تفریق رکھے گا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ حریث، رجل من بنی عذرہ یقال: ابن سلیمان، (اور ایک قول کے مطابق): ابن سلیمان، (اور ایک قول کے مطابق):

۳۰۱۳- اخرجه البيهقي في الكبرى (۹/۱۲۸) كتاب السير' باب: من قال: لا يفرق بين الاخوين في البيع من طريق ابي العباس محمد بن يعقوب: ثنا محمد بن علي' به- وراجع الذي قبله-

۳۰۱٤- اخرجه الحاكم في البيوع (۲/۵۵) من طريق سليمان بن عبد الرحمن' به- و اخرجه الترمذي في البيوع (۳/۵۸۰) باب: ما جاء في كراهية الفرق بين الاخوين' او بين الوالدة وولدها في البيع (۱۲۸۳) عن عمر بن حفص الشيباني' اخبرنا عبد الله بن وهب ... به-وقال الترمذي: (حديث حسن غريب)- اه-وصححه الحاكم على شرط مسلم' و تعقبه الزيلعي في نصب الراية' فقال (٤/۲۳- ۲٤): (وفيما قاله نظر: لان حيي بن عبد الله لم يخرج له في الصحيح شيء' بل تكلم فيه بعضهم' قال ابن القطان في كتابه: قال البخاري: فيه نظر- وقال احمد: احاديثه مناكير- وقال ابن معين: ليس به باس- و قال النسائي: ليس بالقوي' قال: ولاجل الاختلاف فيه لم يصححه الترمذي- انتهي- و اخرجه احمد في مسنده بقصة فيه......) اه- ثم ذكر الزيلعي لفظ الامام احمد- رحمه الله - و هو في المسند (٥/٤١٤)- و للحديث طرق اخرى ذكرها الزيلعي (٤/٢٤)؛ فراجعه-

۳۰۱٥- ذكره الزيلعي في نصب الراية (٤/٢٤) عن الدارقطني' ثم قال: (والواقدي فيه مقال)- اه-

ابن عمار، ان کے صحابی ہونے کے بارے میں اختلاف ہے۔ یہ راویوں کے تیسرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: تہذیب الکمال (۲/۸۸،۸۹) ت (۱۱۵۸)، ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۱۱۹۳)۔

3016- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَلِيٍّ الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ سَمِعْتُ مَكْحُولاً يَقُولُ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْاُمِّ وَوَلَدِهَا فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِلَى مَتَى قَالَ حَتَّى يَبْلُغَ الْغُلَامُ وَتَحِيضَ الْجَارِيَةُ . عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ الْوَاقِعِيُّ وَهُوَ ضَعِيفُ الْحَدِيثِ رَمَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ بِالْكَذِبِ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدٍ غَيْرُهُ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے (غلاموں اور کنیزوں کو فروخت کرتے ہوئے) ماں اور اُس کی اولاد کے درمیان علیحدگی ڈال دی جائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! یہ حکم کب تک ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک لڑکا بالغ نہیں ہو جاتا اور لڑکی کو حیض نہیں آ جاتا۔

عبداللہ نامی راوی ''واقعی'' ہیں اور یہ ضعیف ہیں۔ علی بن مدینی نے ان پر جھوٹا ہونے کا الزام عائد کیا ہے۔ سعید بن عبدالعزیز کے حوالے سے ان کے علاوہ کسی دوسرے نے روایات نقل نہیں کی ہیں۔

3017- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُوسَى حَدَّثَنَا اَبَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ- وَقَالَ اَبَانُ اَنَّ عَامِرًا الشَّعْبِيَّ- حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- قَالَ مَنْ وَجَدَ دَابَّةً قَدْ عَجَزَ عَنْهَا اَهْلُهَا اَنْ يَعْلِفُوهَا فَسَيَّبُوهَا فَاَخَذَهَا فَاَحْيَاهَا فَهِيَ لَهُ . قَالَ فِي حَدِيثِ اَبَانَ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ فَقُلْتُ عَمَّنْ هٰذَا قَالَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- .هٰذَا حَدِيثُ حَمَّادٍ . وَهُوَ اَبْيَنُ وَاَتَمُّ.

☆☆ ابان بیان کرتے ہیں: عامر شعبی نے اُنہیں یہ حدیث سنائی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کسی ایسے جانور کو پائے جس کے مالکان اُسے چارا نہ کھلا سکتے ہوں اور وہ اُس جانور کو چرنے کیلئے کھلا چھوڑ دیں' پھر وہ شخص اُس جانور کو لے اور اُسے زندگی دے (یعنی خوراک فراہم کرے)' تو وہ اُسی کی ملکیت ہوگا۔

۳۰۱۶- اخرجه الحاكم في البيوع (۲/۵۵) من طريق احمد بن الهيثم العسكري' به- و من طريقه البيهقي في السنن (۹/۱۲۸)- و قال الحاكم: (صحيح الاسناد' و لم يخرجاه)' و تعقبه الذهبي بقوله: (قلت: موضوع' و ابن حسان كذاب)- اھ-

۳۰۱۷- اخرجه ابو داود في البيوع (۲/۲۸۶) باب: فيمن احيا حسيرًا (۳۵۲٤)' و من طريقه البيهقي في السنن (۶/۱۹۸) كتاب: اللقطة' باب: ما جاء فيمن احيا حسيرًا -و قوله: (وقال في حديث ابان...... الخ) من كلام ابي داود عقب الحديث: كما في (السنن) له- و اخرجه ابو دود (۳۵۲۵) عن محمد بن عبيد عن حماد بن زيد عن خالد الحذاء عن عبيد الله بن حميد عن الشعبي' يرفع الحديث الى النبي صلى الله عليه وسلم ' بنحوه- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۶/۱۹۸)' ايضاً' قال البيهقي: (هذا حديث مختلف في رفعه' و هو عن النبي صلى الله عليه وسلم منقطع' و كل و احد احق بماله حتى يجعله لغيره- و الله اعلم)- اھ- و تعقبه ابن التركماني في (الجوهر النقي) بقوله: (قلت: قد قدمنا في (باب فضل المحدث) ان مثل هذا ليس بمنقطع بل هو موصول' و ان الصحابة كلهم عدل' وقد ذكرنا في ذلك الباب من كلام البيهقي ما يدل على ذلك)- اھ-

لبان کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: عبیداللہ فرماتے ہیں: میں نے دریافت کیا: اُنہوں نے کس کے حوالے سے یہ حدیث سنائی ہے؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: کئی صحابہ کرام کے حوالے سے (یہ حدیث سنائی ہے)۔

حماد کی نقل کردہ یہ روایت زیادہ واضح اور مکمل ہے۔

3018- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ بَيْعِ الْمَغَانِمِ حَتّٰى تُقْسَمَ وَعَنِ الْحَبَالٰى اَنْ يُوْطَاْنَ حَتّٰى يَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِهِنَّ وَقَالَ اَتَسْقِیْ زَرْعَ غَيْرِكَ . وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنْ لَحْمِ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا تھا کہ مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے اُسے فروخت کیا جائے' یا (قید ہونے والی) حاملہ عورتوں کے بچوں کو جنم دینے سے پہلے اُس کے ساتھ صحبت نہ کی جائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دوسرے کے کھیت کو سیراب کرو گے؟

(اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) پالتو گدھوں کا گوشت اور درندوں کا گوشت بھی کھانے سے منع کیا۔

راویانِ حدیث کا تعارف:

○ احمد حفص بن عبداللہ بن راشد سلمی، نیسابوری، ابوعلی، ابن ابی عمرو، علم حدیث کے ماہرین نے انہیں ''صدوق'' قرار دیا ہے۔ یہ راویوں کے گیارہویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا انتقال 258ھ میں ہوا۔ ان کے مزید حالات کے لیے ملاحظہ ہو: ''التقریب'' از حافظ ابن حجر عسقلانی ت (۲۷)۔

3019- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِی ابْنُ جُرَيْجٍ اَنَّ عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَمَرَهُ اَنْ يُّجَهِّزَ جَيْشًا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَلَيْسَ عِنْدَنَا ظَهْرٌ- قَالَ- فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَنْ يَّبْتَاعَ ظَهْرًا اِلٰى خُرُوْجِ الْمُصَدِّقِ فَابْتَاعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الْبَعِيْرَ بِالْبَعِيْرَيْنِ وَبِالْاَبْعِرَةِ اِلٰى خُرُوْجِ الْمُصَدِّقِ بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ لشکر کو سامان فراہم کریں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اُس وقت ہمارے پاس کوئی سواری نہیں تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ کوئی سواری خرید لیں' اس شرط پر کہ جب صدقہ وصول کرنے والا شخص (صدقات وصول

۳۰۱۸- اخرجه البيهقي (۱۲۵/۹) كتاب: السير' باب: بيع السبي وغيره في دار الحرب من طريق المغيرة بن عبد الرحمن عن ابيه عن عبد الله بن ابي نجيح' به-

۳۰۱۹- اخرجه البيهقي في البيوع (۲۸۷/۵-۲۸۸) باب: بيع الحيوان وغيره مما لا ربا فيه' من طريق الدارقطني - به-

کرکے) آئے گا (تو اُس سواری کی قیمت) ادا کر دی جائے گی۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دو اونٹوں اور چند بکریوں کے عوض میں ایک اونٹ خریدا' اس شرط پر کہ جب صدقہ وصول کرنے والا شخص (صدقات وصول کرکے) آئے گا (تو اُس سواری کی قیمت) ادا کر دی جائے گی' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت کیا۔

3020- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى الرِّجَالِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ الطَّرَسُوسِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرُّوذِيُّ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِى سُفْيَانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَرِيشِ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَقُلْتُ اِنَّا بِاَرْضٍ لَيْسَ بِهَا دِيْنَارٌ وَلَادِرْهَمٌ وَاِنَّمَا نَبَاعُ الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ اِلٰى اَجَلٍ فَمَا تَرٰى فِىْ ذٰلِكَ قَالَ عَلَى الْخَبِيْرِ سَقَطْتَ جَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اِبِلاً مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ حَتّٰى نَفِدَتْ وَبَقِىَ اُنَاسٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اشْتَرِ لَنَا اِبِلاً بِقَلَائِصَ مِنَ الصَّدَقَةِ اِذَا جَاءَتْ حَتّٰى نُؤَدِّيَهَا اِلَيْهِمْ . فَاشْتَرَيْتُ الْبَعِيرَ بِالِاثْنَيْنِ وَالثَّلَاثِ قَلَائِصَ حَتّٰى فَرَغْتُ فَاَدّٰى ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ .

☆☆ عمرو بن حریش بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: ہم ایسی جگہ رہتے ہیں جہاں دینار و درہم (کے ذریعہ خرید و فروخت) کا رواج نہیں ہے' ہم لوگ مقررہ مدت کے بعد ادائیگی کی شرط پر اونٹ اور بکریاں خرید لیتے ہیں' آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: تم نے ایسے شخص سے سوال کیا ہے جو اس بارے میں جانتا ہے' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ کیلئے صدقے کے اونٹوں میں سے اونٹ دیئے' یہاں تک کہ اونٹ ختم ہو گئے لیکن کچھ لوگ بچ گئے جن کے پاس (سواری کیلئے جانور) نہیں تھے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہمارے لیے کچھ اونٹ خرید لو! جو جوان اونٹنیوں کے عوض میں ہوں گے' جو صدقے کے طور پر وصول ہوں گی' جب صدقات آ جائیں گے تو ہم اُن لوگوں کو وہ ادائیگی کر دیں گے۔ (راوی کہتے ہیں:) تو میں نے دو یا تین جوان اونٹنیوں کے عوض میں ایک اونٹ خریدا' یہاں تک کہ میں فارغ ہو گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کے اونٹوں میں سے اُس کی ادائیگی کی۔

3021- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْحَوْضِىُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ حَرِيشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَمَرَهُ اَنْ يُجَهِّزَ جَيْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ- قَالَ- فَاَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَنْ اٰخُذَ فِىْ قَلَائِصِ الصَّدَقَةِ فَكُنْتُ اٰخُذُ الْبَعِيرَ بِالْبَعِيرَيْنِ

۳۰۲۰- اخرجه احمد في مسنده (۲/۱۷۱): حدثنا حسين - يعني: ابن محمد - ثنا جرير - يعني: ابن حازم الحديث' اخرجه (۲/۲۱٦): حدثنا يعقوب' حدثنا ابي عن محمد بن اسحاق ..... به- وسياتي الحديث من طرق عن ابن اسحاق-

۳۰۲۱- اخرجه الحاكم في البيوع (۲/٥٦-٥٧) من طريق عثمان بن سعيد الدارمي' ثنا ابو عمر الحوضي' به' و البيهقي في السنن (٥/۲۸۷) في البيوع' باب: بيع الحيوان و غيره مما لا ربا فيه' من طريق عبد الواحد بن غياث ثنا حماد بن سلمة' به- قال البيهقي: (اختلفوا على محمد بن اسحاق في اسناده' و حماد بن سلمة احسنهم سياقة له' و له شاهد صحيح)- اه- ثم خرج حديث عمرو بن شعيب عن ابيه المتقدم قبل حديث- و سياتي في الذي بعده من حديث حماد بن سلمة ايضاً-

اِلٰی اِبِلِ الصَّدَقَةِ.

☆☆ عمرو بن حریش، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک لشکر کا سازوسامان فراہم کرنے کی ہدایت کی تو اونٹ ختم ہو گئے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہدایت کی کہ میں صدقہ کی اونٹنیوں کے عوض میں کچھ اونٹ حاصل کرلوں، تو میں نے صدقہ کے اونٹوں میں سے دو اونٹوں کے عوض میں ایک اونٹ خریدا۔

3022- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ بِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّبِيَّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- اَمَرَهُ اَنْ يُجَهِّزَ جَيْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ فَاَمَرَنَا اَنْ نَاْخُذَ الْبَعِيرَ بِالْبَعِيرَيْنِ اِلٰی اِبِلِ الصَّدَقَةِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ لشکر کیلئے سامان فراہم کریں، اونٹ تھوڑے پڑ گئے تو آپ نے ہمیں یہ ہدایت کی کہ ہم صدقہ کے اونٹوں میں سے دو اونٹوں کے عوض میں، ایک اونٹ حاصل کرلیں۔

3023- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ سُفْيَانَ الْقَاضِي الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ اَبُوْ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- عَنْ بَيْعِ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ. تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ مَرْوَانَ عَنْ مَالِكٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُتَابَعْ عَلَيْهِ وَصَوَابُهُ فِي الْمُوَطَّاِ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا.

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کے عوض میں گوشت فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

امام مالک سے، اس سند کے ہمراہ اس روایت کو نقل کرنے میں یزید بن مروان منفرد ہیں، اس بارے میں اُن کی متابعت نہیں کی گئی۔ درست یہ ہے کہ یہ روایت ''موطأ امام مالک'' میں سعید بن میتب کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

3024- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- نَهَى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِاللَّحْمِ.

۳۰۲۲- اخرجه ابو داود، في سننه في البيوع (۲۴۸/۳) باب: في الرخصة في ذلك، يعني: بيع الحيوان نسيئة (۳۳۵۷)، و قد اختلف في هذا الحديث على ابن اسحاق، ذكر ابن القطان هذا الخلاف- كما في نصب الراية (۴۷/۴)- وقال: (حديث ضعيف، مضطرب الاسناد)، و قال: (و مع هذا الاضطراب فعمرو بن حريش مجهول الحال، و مسلم بن جبير لم اجد له ذكرًا، ولا اعلمه في غير هذا الاسناد، وكذلك مسلم مجهول الحال ايضاً اذا كان عن ابي سفيان، و ابو سفيان فيه نظر)- اه- وقال الزيلعي (۴۷/۴): (وقد يعترض على هذا الحديث بحديث النهي عن بيع الحيوان بالحيوان نسيئة، اخرجه ابن عباس و سمرة بن جندب و جابر بن عبد الله و جابر بن سمرة و ابن عمر)- اه-

۳۰۲۳- اعله الدارقطني بتفرد يزيد بن مروان به موصولاً عن مالك، به- و يزيد كذبه ابن معين- وقال ابن حبان: يروي الموضوعات عن الاثبات لا يحل الاحتجاج به بحال: ذكر ذلك عنهما ابن الجوزي في (التحقيق)- انظر: نصب الراية (۳۹/۴)- و الصواب مرسل سعيد الآتي بعد هذا-

قَالَ وَاَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ نُهِىَ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِاللَّحْمِ.

☆☆ سعید بن میسب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے گوشت کے عوض میں جانور فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

ابن میسب بیان کرتے ہیں: گوشت کے بدلے میں جانور فروخت کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

•••———•••———•••

گوشت کے عوض میں جانور فروخت کرنے کا حکم

گوشت کے عوض میں جانور کو فروخت کرنے کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہما نے یہ بات بیان کی ہے کہ ایسا جانور جس کا گوشت کھایا جاتا ہو اس گوشت کے عوض میں اس جانور کا سودا کرنا جائز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں آپ ایک ایسی چیز کو فروخت کر رہے ہیں جسکا وزن کیا جاتا ہے اور دوسری طرف ایک ایسی چیز ہے جس کا وزن نہیں کیا جاتا تو اب یہ جائز ہوگا خواہ کوئی بھی جانور ہو لیکن شرط یہ ہے کہ چیز متعین ہونی چاہیے (یعنی جانور کا تعین ہونا چاہیے اور اس کے بدلے میں گوشت کی مقدار کا تعین ہونا چاہیے) اس کی وجہ یہ ہے کہ جانور کوئی ایسا مال نہیں ہے جس میں ربو کا مفہوم پایا جاتا ہو۔

احناف کے علاوہ بقیہ تینوں ائمہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اس جانور کو اسی قسم کے گوشت کے عوض میں فروخت کرنا جائز نہیں ہے یعنی آپ کسی ذبح کی گئی بکری کو کسی (زندہ) بکری کے عوض میں فروخت نہیں کر سکتے اس کی دلیل کے طور پر انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں روایات پیش کی ہیں۔

